فرہنگ عامرہ

کے متعلق

چند قیمتی رائیں

نگار لکھنؤ

فرہنگ عامرہ چھوٹے سائز کا لغت ہے جس میں عربی فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیئے گئے ہیں، اور جنکا عام فہم ترجمہ اردو میں کیا گیا ہے۔ اس فرہنگ کی خصوصیات فاضل مؤلف نے ظاہر کی ہیں کہ :-

(۱) الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے اس طرح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں دقت نہیں ہوتی۔

(۲) صحت تلفظ کے لئے یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ ہر لفظ کے آگے اس کے ٹکڑے کر دیئے گئے ہیں اور ہر ٹکڑے پر اعراب دیدیئے گئے ہیں؛ یہ وہی طریقہ ہے جو انگریزی زبان کی لغات میں رائج ہے۔

(۳) فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستقل جمع اپنے صیغہ مفرد کے ذیل میں درج کردی گئی ہیں اور کثیر الاستعمال صیغہائے جمع کو مستقل لغت کی حیثیت سے اسکی ہر جگہ پر پھر دوبارہ دیدیا گیا ہے۔

(۴) کثیر الاستعمال فارسی مصادر کے مضارعات اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی دیئے گئے ہیں اسی کے ساتھ قلیل الاستعمال مصادر کی بڑی تعداد بھی شامل کردی گئی ہے۔

(۵) فارسی میں اکثر حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں، اس کی صراحت بھی ہر حرف کی تقطیع کی ابتداء میں کردی گئی ہے۔

(۶) دور حاضرہ کے بہت سے مفید معرّبات و مفرسّات اس میں شامل ہیں۔
(۷) اشیاء کی ماہیت و معانی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔
(۸) اسماء الرجال کے سلسلہ میں افسانوی افراد اور تاریخی شخصیتوں کے درمیان حد فاصل قائم کر دی گئی ہے۔

میں نے اس فرہنگ کو خوب دیکھا ہے اور میں نے یہ تمام خصوصیات اس میں پائی ہیں، ہماری زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے اور خصوصیت کے ساتھ وہ جامع بھی ہوں اور مختصر بھی، اس لئے ملک کو جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی کا ممنون ہونا چاہئیے کہ انھوں نے سالہا سال کی محنت کے بعد یہ قابل قدر فرہنگ مرتب کی اور اچھے کاغذ پر مجلد شائع کر کے طلبہ کی بڑی ضرورت کو پورا کیا۔

اُردوئے مُعلّٰی کان پور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے ساتھ اخبار نویسوں مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کر سکے۔

ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔ اس لغت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے سامنے قوسین میں ان کا صحیح تلفظ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ مثلاً:۔

قُوّت (قُوْ وَتْ) طاقت

ربیع الاوّل (رَبِی عُل۔ آ وْ وَل) تیسرا اسلامی قمری مہینہ

اس لغت کا نام فرہنگ عامرہ ہے، الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔ متروک الفاظ کی جگہ متبادل الفاظ کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ فارسی مصادر کے مضارع اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی درج کر دیے گئے ہیں۔ اسماء الرجال میں تاریخی اور

افسانوی ناموں میں امتیاز کیا گیا ہے۔ دیباچہ میں السابق الصدور (Prefixes) اور توابعات ترکیبی (Suffixes) کی فہرست ہے امثالیں بھی دیدی گئی ہیں جس سے نئے الفاظ کے اختراع میں مدد ملتی ہے، الغرض مرتب نے انتہائی عرقریزی اور کاوش سے کام لیا ہے۔

ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پرجوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

ہندستان لکھنؤ

فرہنگ عامرہ :۔ اردو میں لغت کی بہت بڑی کمی تھی۔ لیکن اب وہ کمی رفتہ رفتہ دور ہو رہی ہے کئی اچھی لغتیں نکل آئی ہیں۔ یہ لغت بھی انہیں اچھی لغتوں کے ساتھ رکھی جا سکتی ہے معنی کے ساتھ بہت اچھی طرح لفظ کا تلفظ بھی دیدیا ہے۔ اس میں اصطلاحیں فارسی اور عربی جمعیں، فارسی مصدروں کے ساتھ مضارع، کچھ ضروری تاریخی اور افسانوی نام بھی موجود ہیں۔ روزمرہ کے چھوٹے ادبی کاموں کے لئے اور طالب علموں کے لئے یہ بے مثل چیز ہے۔ ابھی تک ہماری نگاہ سے کوئی ایسی لغت نہیں گذری تھی جو یہ ضرورت پوری کرتی ہو۔ اسے تیار کر کے مصنف نے اردو کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔

فرہنگ عامرہ میں چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی ہیں۔ ساتھ ساتھ الفاظ کے ٹکڑے کر کے ان کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع دے دی گئی ہیں۔ ترجمہ آسان اور بامحاورہ زبان میں ہے۔ اس لغت نے اردو کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ اردو کے ہر قدردان کو اپنے کتبخانہ میں یہ کتاب رکھنا چاہیئے۔

مدینہ بجنور

فرہنگ عامرہ :۔ یہ فارسی و عربی کے ان الفاظ کا لغت ہے جو عام طور سے فارسی کتابوں میں مستعمل ہیں اور جن میں اکثر اردو زبان میں بھی رائج ہیں۔

اس فرہنگ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کا تلفظ، اس لفظ کے آگے جدید قاعدے کے مطابق دیا گیا ہے، مثلاً "زنجبیل" کے آگے بریکٹ میں تلفظ یوں لکھا ہے (زَنْ۔ جَبِیْل) پرانے لغات کی طرح تلفظ کو لفظوں میں اس طرح نہیں لکھا کہ "بفتح زائے معجمہ و سکون نون منقوطہ و فتحہ جیم ...." اور نہ لغات کشوری وغیرہ کی طرح اسی لفظ پر زیر زبر پیش لگائے گئے ہیں، بلکہ کوشش یہ کی گئی ہے کہ لفظ کے جتنے ٹکڑے (SYLLABLE) آواز کے اعتبار سے ہو سکیں ان کو الگ الگ لکھا جائے اور پھر ان پر زیر زبر لگائے جائیں مثلاً خوش اسلوبی کا تلفظ اس طرح لکھا گیا ہے (خُشْ۔ اُسْ۔ لُوْ۔ بِیْ)

علاوہ ازیں ہر جمع کا واحد اور واحد کی جمع لفظ کے ساتھ ہی بتلا دی گئی ہے کثیر الاستعمال فارسی مصدروں کے قیاسی و سماعی صیغے بھی لفظ کے ساتھ ساتھ لکھ دیئے گئے ہیں نئے الفاظ جو موجودہ صدی میں زبان میں داخل ہوئے ہیں ان کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس کے مقابلہ میں بہت سے غیر ضروری نادر الاستعمال الفاظ کو نکال دیا گیا ہے۔ مشہور و معروف آدمیوں کا تعارف نہایت مناسب اور صحیح انداز میں کیا گیا ہے۔ پرانے لغت نویسوں کی طرح یہ نہیں کیا گیا کہ حاتم و رستم کی توضیح میں خیالی افسانے لکھ دیئے جائیں۔

ان باتوں کی وجہ سے یہ لغت فارسی کے طالب علموں کے لئے بے انتہا مفید ہے۔ اردو زبان سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی میز پر بھی اس کا رہنا ضروری ہے۔ اس لئے کہ ہماری زبان میں عربی، فارسی کے بہت کافی الفاظ مستعمل ہیں، جن کے معنی اور تلفظ کو معلوم کرنے میں اکثر دقت پیش آتی ہے۔ اس مقصد کے لئے یہ فرہنگ بہترین رہبر کا کام دے سکتی ہے۔ پھر چونکہ یہ مختصر ہے اور چھوٹی تقطیع کی یک دست (Handy) ایڈیشن میں چھاپی گئی ہے، اس لئے بڑے لغات کے مقابلہ میں قابل ترجیح ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کتاب کی خوبیوں اور ضخامت کو دیکھتے ہوئے قیمت بہت ہی کم ہے۔

الامان دہلی

یوں تو ملک میں اردو لغت کی بہت سی کتابیں رائج الوقت ہیں مگر اردو جیسی عالمگیر اور عام فہم زبان کے لئے جس عام فہم اردو لغت کی ضرورت تھی، ملک کی یہ اہم ضرورت تشنۂ تکمیل تھی، چونکہ اردو زبان فارسی، عربی، ترکی وغیرہ لغات سے مرکب ہے اس لئے پڑھے لکھے صحاب کو لغت کے صحیح تلفظ میں، یا سخت تکلف سے کام لینا پڑتا تھا، یا پھر صحیح تلفظ میں دشواریاں پیش آتی تھیں مگر ع

للّٰہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

خدا کا شکر ہے کہ مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے ملک کی اس اہم ضرورت کا احساس فرما کر، فرہنگ عامرہ کے نام سے جدید اصول تالیف کو پیش نظر رکھتے ہوئے کافی جد و جہد، تحقیق و تدقیق کے بعد تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ و مصطلحات کا ایک بیش بہا ذخیرہ جمع فرما کر دنیائے علم و ادب پر احسان عظیم کیا ہے جو طلبائے مدارس کے علاوہ فضلاء و کملاء کے وسعت معلومات کیلئے نہایت قیمتی سرمایہ ہے۔

صحت تلفظ، دور حاضرہ کے معرب و مفرس لغات، علامات قرأت، حروف پر اعراب کا عمل وغیرہ وغیرہ، یہ وہ مخصوص صفات ہیں جو کسی دوسری لغت میں جستجو سے بھی دستیاب نہ ہو سکینگے۔

ان تمام خصوصیات کو پیش نظر رکھ کر یہ رائے حق بجانب ہوگی کہ متلاشیان الفاظ و معانی کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر کوئی لغت ملک میں تالیف نہیں ہوئی۔

انصاری دہلی

یہ لغت جدید اصول ترتیب پر چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ اور مصطلحات جدید کا بیش بہا ذخیرہ ہے، جسے فاضل مؤلف نے کافی جد و جہد، کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔ یہ لغت جدید طرز کی بہت سی خوبیوں کی حامل ہے۔ سب سے بڑی، اہم اور ضروری

خصوصیت اور خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اسکا صحیح تلفظ قوسین (بریکٹ) میں دیدیا گیا ہے۔ الفاظ کے معانی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ لغات کے حروف تہجی کی ترتیب جدید لائنوں پر نہایت صحت کے ساتھ قائم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فرہنگ ہذا کو عصر جدید کے قالب میں ڈھالنے کی جو کامیاب کوشش کی گئی ہے وہ قابل قدر، لائق تحسین اور کافی قدر افزائی کی مستحق ہے۔

ہم ایک نظر دیکھنے کے بعد بلاشبہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس فرہنگ کی ممتاز خصوصیات متلاشیانِ الفاظ و معنی کے لیے بڑی حد تک تسکین بخش ثابت ہوں گی۔ اس بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اپنے امتیازی محاسن کے اعتبار سے ملک میں پہلی کوشش ہے۔ ضرورت ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جائے۔ اس کی بہت سی افادی خصوصیات صرف مطالعہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس مختصر ریویو میں ان کا اظہار نہیں کیا جا سکتا۔

علم و تمدن کے ارتقا کے ساتھ زبان میں جن نئے نئے الفاظ و مصطلحات کا اضافہ ہوا ہے ان کے جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے اور اکثر کتب متداولہ سے زیادہ لغات کا ذخیرہ فرہنگ عامرہ کے دامن میں نظر آتا ہے۔

ریاست دہلی

"فرہنگ عامرہ" جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ایک لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دیے گئے ہیں۔ اس لغت میں سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اس کا تلفظ بریکٹ میں دیدیا گیا ہے۔ اور الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔

فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستقل جمع اپنے صیغہ مفرد کے ذیل میں درج کر دی گئی ہیں اور جمع کے کثیر الاستعمال صیغوں کو مستقل لغت کی حیثیت سے اس کے مقام پر ہر جگہ مکرر درج کر دیا ہے۔ فارسی میں جو حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں ان کی بھی

ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں صراحت کر دی گئی ہے۔ چیزوں کی ماہیت اور ان کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔

علاوہ ازیں فرہنگ عامرہ میں ہر مصدر کے ساتھ اس کا مضارع بھی درج ہے۔ مردہ اور بے رواج چیزوں کے نام علیحدہ کر کے ان کی جگہ ہزاروں مفید اور کار آمد معربات اور مفرسات داخل کیے گئے ہیں۔ دیباچے میں السلاک الصدور اور لوالعات ترکیبی کی فہرست مع تمثیلات دی گئی ہے، جس کے باعث نئے نئے خوبصورت الفاظ اختراع کرنے میں مدد ملتی ہے۔

غرض کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت دلکش ہے۔

ہند، کلکتہ

جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ نام سے ایک اردو لغت تیار کی ہے جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے وہ تمام الفاظ جمع کیے ہیں، جو کسی صورت سے ہماری زبان میں شامل ہو چکے ہیں۔ اس میں چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔

الفاظ کی ترتیب اور معنوں کے ساتھ آپ نے زبان پر یہ بہت بڑا احسان کیا ہے کہ ہر لفظ کا صحیح صحیح تلفظ بھی کر دیا ہے مثلاً لکھا ہے :-

امداد (اِم۔ دَاد) مدد کرنا   امراض (اِم۔ راض) بیمار کرنا (اَم۔ راض) مرض کی جمع

اس طرح ہر شخص صحیح تلفظ اور اس تلفظ کے معنی نہایت آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

اس کتاب کو اگر اسکولوں میں شامل کر دیا جائے۔ اور طالب علموں کو استفادہ کا موقع دیا جائے تو بہت ہی کار آمد چیز ثابت ہو گی۔ ہم خاص صورت سے اپنی طرف سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کو اردو کی اس خدمت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

ملاپ لاہور

فرہنگ عامرہ ایک مختصر و جامع لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیئے گئے ہیں اور ان کا عام فہم اردو ترجمہ نہایت دلنشیں انداز میں کیا گیا ہے۔ اس فرہنگ کی ایک چیدہ خصوصیت جو ہماری دوسری فرہنگوں میں سرے سے مفقود ہے یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اسکا تلفظ بریکیٹ میں دیدیا گیا ہے اور وہ اس طرح پر کہ لفظ کا صحیح تلفظ بآسانی ذہن نشین ہو جاتا ہے اس کے علاوہ انگریزی ڈکشنریوں کے اصول پر الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے اس طرح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں چنداں دقت نہیں ہوتی۔ خویشگی صاحب نے جس جانفشانی اور عرقریزی سے اس گراں پایہ ادبی خدمت کو انجام دیا ہے۔ اس کے لیئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اہلِ ذوق ان کی کاوش کی قدر کر کے حسن ذوق کا ثبوت دینگے۔

تیج ویکلی دہلی

فرہنگ عامرہ :۔ اس نام سے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے زبان اردو کے لیئے ایک بہترین لغت تصنیف کی ہے جس میں عربی، فارسی، ترکی اور وہ تمام الفاظ شامل ہیں جو زبان اردو میں داخل اور مستعمل ہو گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ دنیا میں ہر زبان کو ایک مستقل فرہنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ڈکشنری کو شائع کر کے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے وقت کی ایک بڑی ضرورت پوری کر دی ہے۔ فرہنگ عامرہ میں پوری تحقیق کے بعد تمام الفاظ کے تلفظ بھی لکھے گئے ہیں اور چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔ جن کے معنی بھی نہایت واضح اور جامع طریقہ پر دیئے گئے ہیں۔ اس ڈکشنری کی خوبی یہ ہے کہ جامع ہونے کے باوجود مختصر ہے اس لئے نہایت آسانی سے ہر شخص اس سے کام لے سکتا ہے اور ضرورت کے لئے

اپنی میز پر رکھ سکتا ہے۔ فرہنگ عامرہ اردو میں نئے طرز کی ایک مکمل لغت ہے جو مدرسوں، طالب علموں، مصنفوں، اخبارات اور رسائل کے ایڈیٹروں مترجموں، مضمون نگاروں اور ادیبوں کے لئے مفید ہے۔

ہماری رائے ہے کہ یہ کتاب ہر اس اسکول یا کالج کی لائبریری میں ہونی چاہیئے، جہاں زبان اردو ذریعۂ تعلیم ہے۔ اس ڈکشنری میں الفاظ کی ترتیب بھی بہت سہل رکھی گئی ہے تاکہ لفظ کو ڈھونڈنے میں آسانی ہو۔

مُنادی دہلی

فرہنگ عامرہ:۔ اردو کی خوش نصیبی ہے کہ اس میں ہر مہینہ نہایت مفید اور اعلیٰ کتابوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک فرہنگ مرتب کی ہے جو ہر لحاظ سے بے مثل ہے۔ اردو کے تقریباً سب الفاظ اس میں جمع کر دئے گئے ہیں اور ان کے معنی بہت سلیس اور مختصر الفاظ میں درج کئے گئے ہیں اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ الفاظ کا تلفظ بہت اچھی طرح سے سمجھایا ہے مثلاً:۔

ضیق النفس (ضِیْ۔ قُنْ۔ نَفْ۔ س) سانس کی بیماری

عبداللہ خاں کی اس کاوش کی قدر کرنی چاہیئے۔

پارس لاہور

ضرورت کو ایجاد کی ماں کہا جاتا ہے "فرہنگ عامرۃ" کی تدوین و تالیف نے اس ضرب المثل پر تصدیق کی مہر ثبت کر دی۔

"فرہنگ" اردو زبان میں جدید رنگ کی وہ پہلی کتاب ہے جس کے قابل قدر مولف نے عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا خزانہ اس خوبی کے ساتھ جمع کر کے ملک و قوم کے سامنے پیش کر دیا ہے کہ ایک انسان کو اپنی علمی ضروریات کی تلاش

ہیں مختلف لغتوں کی اوراق گردانی کی قطعاً ضرورت باقی نہیں رہ جاتی ۔

" فرہنگ عامرہ " نہ صرف تعلیمیافتہ طبقہ کے لئے مفید ہے بلکہ اس سرچشمۂ علم سے معمولی علمی استعداد رکھنے والے حضرات بھی یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ اٹھانا چاہیں ۔

ہمارے خیال میں " فرہنگ " شعراء، اُدباء، فصحا، مضامین نگاروں، واعظوں خطیبوں، طلبا، اور اساتذہ غرض ہر طبقہ، ہر جماعت، اور ہر مذاق کے لوگوں کے علمی خزانوں میں اضافہ کرنے کی پوری پوری استعداد رکھتی ہے۔ الفاظ کی ماہیتوں اور مشتقات کے معانی کے بیان کا طریقہ جدید اور جلدی سے سمجھ میں آجانے والا ہے۔ جہاں جہاں مصادر آگئے ہیں وہاں مضارع بھی درج کردیئے ہیں اور یہ ایک ایسی چیز ہے جس سے آپ کو دوسری لغتیں کلیتاً خالی نظر آئیں گی ۔

یہ فرہنگ اپنے ظاہری اور باطنی دونوں محاسن کے لحاظ سے مفید، کارآمد اور قابل قدر کتاب اور لغات اردو میں اپنی نوعیت کا جدید ترین اضافہ ہے ۔

ہم ادب اردو کی اس قابل قدر خدمت کے سلسلہ میں فرہنگ عامرہ کے فاضل مؤلف کی خدمت میں قلبی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ملک کا علم دوست طبقہ آپ کی خدمات جلیلہ سے وسیع پیمانہ پر فایدہ اندوز ہوگا۔

گردھٹال لاہور

فرہنگ عامرہ میں الفاظ کی ترتیب اور انکے ادائے تلفظ کی ترکیب ایسی آسان رکھی گئی ہے کہ معمولی لکھا پڑھا شخص بھی ہر لفظ کو بے تکلف ڈھونڈھ سکتا اور اس کے صحیح تلفظ کو سمجھنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی ۔

یہ کتاب اپنے طرز کی ایک نئی کتاب ہے جو موجودہ زمانہ کے صاحب ذوق حضرات کی علمی ضرورتوں کو اچھی طرح پورا کریگی ۔

اسکول ماسٹروں کیلئے بیحد ضروری کتاب ہے کیونکہ انہیں ہر روز لغوی اور علمی الجھنیں درپیش ہوتی رہتی ہیں۔
طلبار کے لئے ایک نادر تحفہ ہے کیونکہ اس میں ان کی ہر قسم کی سہولتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے اور وہ اس زبان کے مطالعہ سے کامل زباندان بن سکتے ہیں۔
علم دوست حضرات کو بھی کتب و رسائل اور اخبارات کے مطالعہ میں کافی سے زیادہ مدد مل سکتی ہے ہر لفظ کو اچھی طرح سمجھ اور بول سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو اردو بولتے ہیں مگر تلفظ صحیح نہیں ادا کر سکتے۔ ان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔ وہ اس کے مطالعہ سے زباندانوں کی مجلس میں بے خوفی سے زباندانوں کی طرح بول سکتے ہیں۔ اس کتاب کی خوبصورتی اور خوبیاں ہر شخص کو مجبور کرتی ہیں کہ یہ ان کی میز پر ضرور ہونی چاہیئے۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ مترجم حضرات کے لئے اس میں بہت سی علمی اصطلاحات اور لغات کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔
اخبار نویس و مضمون نگار حضرات کے لئے ہر قسم کی اقتصادی، تمدنی اور سیاسی الفاظ جنکی اخباری دنیا میں ہر روز ضرورت پیش آتی رہتی ہے موجود ہیں۔
مقرر حضرات کو جلسوں میں تقریر کرتے وقت صحیح تلفظ کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں یہ کتاب ان کے لئے ایک کامل رہنما ثابت ہوگی۔ کیونکہ اس میں مجلسی الفاظ کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

نیشنل کانگریس لاہور

فرہنگ عامرہ :- یہ با تلفظ لغت ہے اور اسے ترتیب دینے میں مؤلف نے کافی محنت اور عرقریزی سے کام لیا ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ اچھے سے اچھے پڑھے لکھے آدمیوں کا تلفظ بھی غلط ہوتا ہے اور یہ ایک ایسی کمزوری ہے، جس کی تلافی یونیورسٹی کی بڑی سے بڑی ڈگری بھی نہیں کر سکتی۔
اردو زبان میں ایسے لغت تقریباً ہیں ہی نہیں، جن میں تلفظ کا خیال رکھا گیا ہو اسلئے

امید کی جانی چاہیئے کہ اس لغت کا غیر معمولی گرمجوشی سے استقبال کیا جائیگا اور مؤلف کی محنت کی داد دی جائے گی۔

مؤلف نے یہ لغت ترتیب دے کر اردو زبان پر واقعی احسان کیا ہے۔

جناب پروفیسر حامد اللہ صاحب افسر (لکھنو کالج)

"فرہنگ عامرہ" ہر تعریف و توصیف سے بالا تر ہے، آپ کی محنت اور تحقیق و تدقیق کی داد نہ دینا ظلم ہے۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کا ایک مختصر سے حجم میں جمع کر دینا، معانی کی تفہیم میں اختصار و فصاحت کا خیال رکھنا، تلفظ کی توضیح جدید مغربی زبانوں کے طرز پر ہر لفظ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کرنا، اسقدر دشوار کام تھا کہ علماء کی ایک جماعت سے بھی اس کا بخیر و خوبی انجام کو پہونچنا مشکل تھا، اس کا صلہ آپ کو حکومت سے ملنا چاہیئے، حامیان اردو غریب ہیں، انکے پاس "دعا" کے سوا دینے کے لئے کچھ نہیں ہے، خدا آپ کو جزائے خیر دے۔

"کتاب نما" جامعہ ملیہ دہلی

اردو زبان میں نئے طرز کی یہ پہلی لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک اہم تصنیف ہے جسے فاضل مؤلف نے بڑی کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔

مصنف نے اس کتاب کو ترتیب دیکر اردو زبان کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے، ہر لفظ کے معنی کے ساتھ ساتھ صحیح تلفظ اور استعمال پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

تہذیب نسواں لاہور

یہ کتاب جو عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا مجموعہ ہے جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی نے بڑی محنت اور کاوش سے مرتب کی ہے اور عام اردو داں طبقے کے علاوہ معلمین

اور متعلمین کے لیے یکساں مفید ہے۔ الفاظ کے معنی کے علاوہ کتاب کے شروع میں ایسی ہدایات درج ہیں جن سے زبان سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔

امید ہے کہ اس لغات کی اشاعت کے بعد اردو اور فارسی الفاظ پر اس قسم کے اعتراضات کا سلسلہ بند ہو جائے گا کہ ان کی "مکتوبی صورت" اور "ملفوظی صورت" میں کوئی تطابق نہیں۔ یعنی ہم ان الفاظ کو اس طرح نہیں لکھتے جس طرح انھیں ادا کرتے ہیں۔

دیباچے میں مصنف نے صحیح تلفظ کی ضرورت پر بحث کی ہے۔

طلوع اسلام دہلی

اردو میں کوئی لغت ایسا نہیں ملتا تھا جو جدید اصول کے مطابق مرتب کیا گیا ہو، اس باب میں مولوی عبداللہ خاں خویشگی شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے برسوں کی محنت شاقہ کے بعد عربی، فارسی، ترکی کے قریب چالیس ہزار ایسے الفاظ کا لغت مرتب کیا ہے جو ہماری زبان میں مستعمل ہیں۔

یہ فرہنگ ہماری موجودہ ضروریات کو بڑی حد تک پورا کرے گا۔ قارئین طلوع اسلام میں سے وہ حضرات جو رسالہ کے انداز تحریر کی مشکل پسندی کی شکایت کیا کرتے ہیں۔ اس فرہنگ سے ضرور فائدہ حاصل کریں۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوشش بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ ان کے مطابق پرانے مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جاوے۔

ادبی دنیا لاہور

کسی زبان کی اہم ترین کتاب اس زبان کی لغت ہی ہوتی ہے۔ اردو زبان میں فرہنگ آصفیہ کے بعد سے کوئی خاص اچھی لغت شائع نہیں ہوئی تھی۔ البتہ لوگوں کی نظریں انجمن ترقی اردو کی لغات کی جانب تھیں۔ یہ ڈکشنریاں جہاں تک ان کے حسن وخوبی کا تعلق ہے خوب ہیں لیکن ان میں دو باتوں کی کمی ہے۔ پہلی یہ کہ ان کی قیمتیں ایک غریب طالب علم کے لئے بہت زیادہ ہیں۔ دوسرے یہ اپنی جامعیت کی وجہ سے بہت زیادہ لمبی چوڑی معلوم ہوتی ہیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسی لغت بھی شائع کی جائے جو الفاظ کی کثرت کے ساتھ ہلکی پھلکی روزمرہ کے استعمال کے قابل ہو۔ مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے حال ہی میں "فرہنگ عامرہ" کے نام سے ایک ڈکشنری مرتب کرکے شائع کی ہے۔

یہ لغت اردو زبان کے ہر طالب علم کے لئے ایک مفید کتاب ہو سکتی ہے۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی اس میں درج ہے۔ ہم کئی روز سے وقتاً فوقتاً اس لغت کا استعمال کر رہے ہیں اور ہم نے اسے اب تک ہر طرح سے صحیح پایا ہے۔
امید ہے کہ اردو زبان کے مشتاق اس لغت کی قدر کریں گے۔

سرگذشت علی گڑھ

فرہنگ عامرہ:- زبان اردو میں نئے طرز کی یہ پہلی فرہنگ ہے جس میں موجودہ زمانہ کے سرذوق کی تکمیل ضرورتیں پوری کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ یہ نہ صرف ماہرین زبان کے واسطے ایک مفید ذخیرہ ہے بلکہ معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے بھی حد درجہ مفید ہے۔ کیونکہ اس نے روزمرہ گفتگو میں ہر لفظ صحیح بولنا و لکھنا آسان کر دیا ہے۔ المختصر یہ کہ مدرسوں، دفاتر قانون پیشہ مضمون نگاروں اور شاعروں غرض ہر مذاق کے لوگوں کیواسطے مفید اور کارآمد ہے۔

یہ فرہنگ اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت ہی مفید و دلکش ہے۔ جس کے واسطے فاضل خاں صاحب ملک سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

صداقت کان پور

کسی زبان کی تکمیل کے لئے قواعد صرف و نحو کے علاوہ ایک مکمل لغت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ چنانچہ اس ضرورت کو ہر دور کے فضلاء پورا کرتے رہتے ہیں۔

اردو زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے، مگر ہم کو فرہنگ عامرہ دیکھ کر نہایت خوشی ہوئی ہے جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے اور بڑی قابلیت، محنت اور جانفشانی کے ساتھ مرتب کی گئی ہے، اور اس میں وہ خصوصیات ہیں جو یقینی طور پر کسی دوسرے اردو لغت میں نہیں پائی جاتی اور جن کی اشد ضرورت تھی۔

ہم فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ اردو زبان کی تقریباً تمام ضروریات کو اچھی طرح پورا کر سکتی ہے، جس کے لئے ملک کو مولانا محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کا ممنون ہونا چاہیئے۔ کہ ان کی بدولت اردو زبان میں ایک بڑی کمی پوری ہو گئی۔ غرضکہ کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت قابل تعریف اور مفید و کارآمد ہے۔

ہمارے خیال میں یہ لغت اردو اور فارسی زبان کے طلبا و معلمین، دونوں کے لئے نہایت مفید ہے اور کتب خانوں، درسگاہوں یا دیگر علم دوست حضرات کی الماریوں میں رہنے کے قابل ہے۔

ہمایوں لاہور

فرہنگ عامرہ: — یہ چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ کا ایک لغت ہے، جو محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بڑی کاوش سے مرتب کیا ہے۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی درج کیا گیا ہے۔ جہاں تک ہمیں علم ہے اب تک ہمارے ہاں کوئی ایسا

لغت موجود نہیں جس میں یک جا ان زبانوں کے الفاظ مل سکیں۔
خویشگی صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے۔ اہل علم کو اس کی پوری پوری قدر کرنی چاہیئے۔

انقلاب لاہور

فرہنگ عامرہ جو مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی کی کئی سال کی جانفشانی اور عرقریزی کا نتیجہ ہے۔ اس میں ایسی خوبیاں ہیں جن سے توقع ہے کہ فرہنگ عامرہ بہت مقبولیت حاصل کرے گی۔ یہ لغت ہمارے خیال میں نہ صرف طلبا اور معلمین بلکہ ادبا، شعرا، مصنفین، مؤلفین اور قانون پیشہ حضرات کے لئے بھی بہت مفید ہے۔
ہم مولوی عبداللہ خاں خویشگی خورجوی کو اس کامیابی پر مستحق مبارکباد سمجھتے ہیں۔

احسان لاہور

فرہنگ عامرہ:۔ مؤلف نے یہ گرانقدر ذخیرہ مرتب کرکے اردو زبان پر ایک غیرفانی احسان کیا ہے۔
علوم وفنون کی ترقی کے لازمی نتیجہ میں جو اصطلاحات پیدا ہوئی ہیں وہ عمدہ اسلوب اور ترتیب کے ساتھ جمع کردی گئی ہیں۔ الفاظ کی تلاش میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ جدید فارسی کے لغات بھی بکثرت شامل ہیں، اسلئے طلباء کے لئے یہ لغت خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔
جامعیت اور اختصار کے لحاظ سے فرہنگ عامرہ لغات میں ایک ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ امید ہے کہ حامیان اردو فاضل مؤلف کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

زمیندار لاہور

فرہنگ عامرہ :- یہ سا ب جو چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کا گرانقدر ذخیرہ ہے
جدید اردو لغات میں بلند پایہ اضافہ ہے ۔ اس لغت کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اعراب کے
ذریعہ صحیح تلفظ بتا دیا گیا ہے جو حد درجہ مفید ہے ۔
الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو ایک جا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے
جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک و تحسین ہیں ۔
اس گرانقدر ذخیرہ کتب کو دیکھتے ہوئے اس کی قیمت کچھ بھی زیادہ نہیں ۔

شہباز لاہور

یہ ایک جامع فرہنگ ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا
صحیح تلفظ اور معنی درج ہیں ۔
اردو زبان میں ایسی فرہنگ قریباً کمیاب ہے جس میں الفاظ کے صحیح تلفظ کو پورے
اعراب کے ساتھ اور لفظ کے ٹکڑے کرکے دکھایا گیا ہو ۔ عربی اور فارسی الفاظ کے اعراب
میں تغیر ہونے پر ان کے معنی بدل جاتے ہیں ۔ حتیٰ کہ بعض اوقات ایک ہی لفظ کی پہلی صورت
اور آخری صورت میں معنوی لحاظ سے کوئی علاقہ تک باقی نہیں رہتا ۔ ان زبانوں کے الفاظ
کے متعلق دوسری مشکل یہ ہے ۔ بعض الفاظ کے ساتھ کچھ ایسے زائد حروف شامل ہوتے ہیں
کہ ان کے املا اور تلفظ میں کامل ہم آہنگی نہیں ہوتی ۔
فرہنگ عامرہ میں ایسی تمام مشکلات حل کر دی گئی ہیں اور ہر لفظ کی ماہیت واضح کر دی
گئی ہے ۔
یہ کتاب بیحد مفید ہے اور اہل قلم کے پاس ضرور موجود ہونی چاہیئے ۔

ساقی دہلی

فرہنگ عامرہ :- محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے یہ نئی لغت ساری عمر کی کاوش و تحقیق کے بعد پیش کی ہے۔ یہ تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی وغیرہ الفاظ کی جامع فرہنگ ہے۔ الفاظ کے علاوہ مصطلحات کی بھی اس میں ایک بہت بڑی تعداد ہے۔

سب سے بڑی خوبی اس لغت کی یہ ہے کہ ہر لفظ کا صحیح تلفظ حروف کے جوڑ الگ الگ بناکر اور اعراب کے ذریعے بتایا ہے۔ یہ اس دشواری کا بہت اچھا حل ہے جو ہمیں اکثر عربی میں پیش آتی ہے کہ لفظ کو املا کے مطابق (جیسا کہ فارسی اور اردو کا قاعدہ ہے) نہیں پڑھا جاتا مثلاً "رب النوع" میں بلحاظ لفظ "ا" اور "ل" کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ صاحب فرہنگ عامرہ نے اس کا تلفظ اس طرح بتایا ہے۔ (رَبْ ۔ بُنْ ۔ نَوْع)

اسی طرح کی بے شمار تلفظی دشواریوں سے آئے دن سابقہ پڑتا رہتا ہے جن کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر اردو لغت ملنی ناممکن ہے۔

خیام لاہور

فرہنگ عامرہ :- یہ لغت جو عربی، فارسی، اور ترکی کے قریب چالیس ہزار الفاظ پر مشتمل ہے۔ اردو داں طبقہ کی ایک دیرینہ ضرورت کو پوری کرتا ہے۔ مرتب نے انتہائی محنت و کاوش سے کام لیا ہے۔ لغت میں بہت سی ایسی خصوصیات ہیں جو اردو کے کسی اور لغت میں موجود نہیں ہیں۔

یہ فرہنگ اخبار نویسوں، مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کے لئے علی الخصوص مفید رہے گی۔

ہم مصنف کو اس عظیم الشان کارنامہ پر مبارکباد دیتے ہیں۔

اولڈ بوائے علی گڑھ

فرہنگ عامرہ نامہ فرزی جلد کی ایک نہایت خوشنما لغات اس وقت ہمارے پیش نظر ہے جس کو محمد عبداللہ خاں خویشگی نے سالہا سال تک شبانہ روز کی عرق ریزی اور کاوش کے بعد مرتب کی ہے۔

یہ بہت سی اچھوتی اور مستغنی خوبیوں کی حامل ہے جو کسی دوسری متداول لغت میں نہیں پائی جاتی ہیں۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغت کو صوبجات سرحد، سندھ، بنگال اور مملکت آصفیہ میں علی الخصوص رواج دینے کی ضرورت ہے۔ جہاں آجکل اردو اشاعت پذیر ہے، تاکہ وہاں کے نوآموز لوگوں کو زبان کے سمجھنے، بولنے اور کتابیں و اخبارات کے پڑھنے میں فرہنگ عامرہ سے پوری مدد حاصل ہو۔

ہمیں امید ہے کہ مؤلف کی ہر طریقہ پر حوصلہ افزائی کی جاوے گی۔

زمانہ کانپور

فرہنگ عامرہ نامہ اس نام سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے عربی، فارسی، ترکی کی لغات کا ایک کارآمد فرہنگ تیار کیا ہے۔ جس میں کئی ہزار الفاظ و اصطلاحات کے معنی درج ہیں اور ہر لفظ کے سامنے بریکٹ میں اس کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ جس سے لفظ کا صحیح تلفظ معلوم ہو جاتا ہے۔

حریم لکھنؤ

زبان اردو کو ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت تھی جو موجودہ زمانہ کی ضرورتوں کو پورا کرے اور اس میں آجکل کے مروج اور جدید الفاظ ہوں۔ فرہنگ عامرہ نے اس کمی کو پورا کر دیا ہے

یہ اردو کی پہلی فرہنگ کہی جاسکتی ہے جو بلحاظ ترتیب، کتابت، طباعت اور قیمت، اردو لٹریچر میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اردو میں اب تک اسقدر جامع اور کارآمد لغت نہیں شائع ہوئی ہے۔ ہر اردو داں کو اپنے پاس اس کی ایک جلد رکھنا چاہیئے۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایسی مفید کتاب کو پیش کر کے صحیح معنوں میں ملک اور قوم کی خدمت کی ہے۔

پرتاب لاہور

عرصہ سے ایک ایسے لغت کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے ان الفاظ کا جو عام استعمال میں آتے ہیں انھیں اردو کا جامہ پہنایا جائے۔

مولوی عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ تالیف کر کے اس ضرورت کو پورا کر دیا ہے اور ایسا معجمہ عہد پوری کاوش اور محنت سے مرتب کیا ہے۔

اس لغت سے پہلے کئی لغت شائع ہوچکی ہیں مگر ان میں وہ ترتیب اور ضبط نہیں جو فرہنگ عامرہ میں ہے۔ یہ لغت بالکل انگریزی طرز پر تیار کی گئی ہے۔

انجام غازی آباد

اس وقت ۵۹۶ صفحات کی ایک ضخیم لغت "فرہنگ عامرہ" ہمارے سامنے ہے۔ جس کی ترتیب کا سہرا جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کے سر ہے۔

ہمیں اچھی طرح معلوم ہوا ہے کہ جناب خویشگی صاحب اس کتاب کی تالیف میں لگاتار چار پانچ سال تک شب و روز محنت کرتے رہے۔

کتاب کے مطالعہ سے اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے اب تک ہمارے یہاں کوئی ایسی عمدہ و بہترین لغت موجود نہیں تھی۔

خویشگی صاحب نے اردو زبان پر احسان عظیم کیا ہے اور ہمیں توقع ہے کہ اہل علم حضرات اس کی پوری قدر کریں گے۔

قومی گزٹ غازی آباد

فرہنگ عامرہ :- عبداللہ خاں صاحب خویشگی رئیس خورجہ نے درحقیقت ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بیحد مفید ہے۔ اب تک جس قدر لغت ترتیب دی گئی ہیں ان کو ایک ایسی لغت نہیں کہا جا سکتا جس سے معمولی استعداد کے طلبا اور اعلیٰ استعداد کے اساتذہ یکساں مستفید ہو سکیں۔ ان خوبیوں کی حامل اگر کوئی لغت ہو سکتی ہے تو وہ "فرہنگ عامرہ" ہی ہے۔

اتنی خوبیاں یک جا جمع کر دینا مؤلف کی محنت کی داد دینے پر مجبور کرتی ہیں اور ہم دعوے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ لغت فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر ہر صاحب ذوق سلیم خریدے بغیر نہیں رہ سکتا۔

وطن دہلی

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے "فرہنگ عامرہ" نامی ایک جامع لغات کی تدوین فرما کر درحقیقت اردو علم ادب کی شاندار خدمت انجام دی ہے جو سلسلہ ترقی اردو کی اہم کڑی ہے۔ لغات مذکور کی تدوین و ترتیب میں جدید اصول تالیف کو سختی کے ساتھ مدنظر رکھا گیا ہے

فرہنگ عامرہ واقعی عربی، فارسی اور ترکی لغات کا مخزن ہے۔

پیسہ اخبار لاہور

فرہنگ عامرہ :- جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے فرہنگ عامرہ

کا ایک نسخہ برائے ریویو ہمارے پاس بھیجا ہے - یہ کتاب خاں صاحب نے بچوں کے لیے تالیف کی ہے، جو موجودہ زمانہ کی علمی ضرورتوں کو کما حقہ پورا کرتی ہے - ادیب اور ادیب عالم وغیرہ کے امتحانوں کی تیاری کے لئے یہ لغات بڑی مفید ہے -
یہ فرہنگ اپنی ظاہری اور معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت مفید ہے -

اداکار لاہور

ہماری رائے میں یہ لغت ماہرین زبان اور معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے صد درجہ مفید ہے خصوصیت سے کالجوں اور اسکولوں کے طلبا کے لئے یہ لغت ایک نعمت غیر مترقبہ ہے -
غرضکہ یہ لغت اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے امتیاز سے بہت ہی مفید و دلکش ہے جس کے لئے اس کتاب کے قابل تالیف کنندہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی مبارکباد کے مستحق ہیں -

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی
صدر مدرس دارالعلوم دیوبند

یہ کتاب اپنے نئے اسلوب پر نہایت عرق ریزی سے تیار کی گئی ہے اور ہندوستان کے اردو خوان طلبہ کے لئے بہت زیادہ نافع اور مفید ہے - میرا خیال ہے کہ نہ صرف اسکول اور کالج کے طلبہ بلکہ اُن کے مدرسین بھی اس سے مستغنی نہیں ہو سکتے - ان کے لئے تعلیم و تعلم کے سلسلہ میں یہ کتاب آب حیات کا کام دے گی - نیز ارباب علم اور شائقین اردو فارسی کے لئے بھی نہایت کارآمد ہے -

میں علم دوست طبقہ سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس کتاب کی اشاعت میں بیش از بیش حصہ لیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مؤلف موصوف کو

اس علمی خدمت کی جزائے خیر عطا فرمائے اور عام وخاص اہل ہند کو اس سے نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے - آمین!

عصمت دہلی

ہر ترقی یافتہ زبان میں ایسی لغات موجود ہوتی ہیں جو لسانی ضروریات کو پورا کریں۔ اردو میں چند لغات ایسی تو ضرور ہیں جنھیں عمدہ کہا جا سکتا ہے، مگر ایسی کوئی نہیں تھی جس میں زبان کے تمام متعلقات موجود ہوں
شکر ہے عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے، سالہا سال کی محنت، عرقریزی کے بعد "فرہنگ عامرہ" کو ترتیب دے کر اس کمی کو بڑی حد تک پورا کر دیا۔
اس میں ایسی خصوصیات ہیں جو اُسے تمام دوسری لغات سے ممتاز کرتی ہیں۔

جناب پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی صدر شعبہ اردو مُسلم یونیورسٹی علیگڈھ

فرہنگ عامرہ میں ان تمام الفاظ کے معنی اور تلفظ نہایت واضح اور جامع طریقہ سے دیئے گئے ہیں جو اردو میں عام طور سے مروج ہیں۔
قابل مؤلف نے بڑی محنت اور تحقیق سے کام لیا ہے۔ اور یہ دیکھ کر اور تعجب ہوتا ہے کہ انھوں نے ایک خالص علمی اور تحقیقی کام کو ایسے مقام وماحول میں رہ کر انجام دیا جو ایسے کام کے لیے موزوں نہ تھے۔
فرہنگ عامرہ کی تالیف بڑی عرقریزی، قابلیت اور ذمہ داری کا کام ہے، اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ خانصاحب ممدوح اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے میں پورے طور پر کامیاب ہوئے ہیں۔
مجھے امید ہے کہ اس فرہنگ کی پذیرائی اردو داں طبقہ میں نہایت فراخ دلی سے ہو گی۔

سوراجیہ دہلی

اردو زبان میں اب تک کوئی مستند اور مکمل لغت نہ تھی جو جملہ ضروریات پر حاوی ہو سکتی۔ حالانکہ ویسے کئی لغت تھیں مگر وہ ناکافی خیال کی جاتی تھیں۔ اس کمی کو جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے "فرہنگ عامرہ" تصنیف کرکے پورا کر دیا۔

دوسرے الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ خانصاحب موصوف نے اپنے اس کارنامہ سے اردو زبان میں نئے سرے سے جان ڈالدی ہے۔

فرہنگ عامرہ ایک جامع اور مکمل لغات ہے جس کا مطالعہ خاصکر طلبا کے لئے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

میں جناب عبداللہ خاں صاحب کو خصوصاً ایک عظیم الشان کارنامے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ امید کامل ہے کہ اردو داں طبقہ اس جانفشانی کا اعتراف کرے گا۔

حضرت مولنا طیب صاحب قاسمی ناظم دارالعلوم دیوبند

ذخیرۂ لغت پر زبان کا، اور زبان پر تمدنی شائستگی کا بہت حد تک دارومدار ہے۔ اجتماعی زندگی میں تعارف و تعاون باہمی کے لئے پہلا سابقہ زبان ہی سے پڑتا ہے، عمل دوسرے درجہ کی چیز ہے، اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ "زبان و لغت" تمدن انسان کی پوری زندگی کا ½ حصہ ہے، جس پر اس کی عملی زندگی کی، جو زندگی کا نصف ثانی ہے، خوبی و خرابی موقوف ہے اور اس لئے پوری زندگی کو شائستہ بنانے کے لئے ناگزیر ہو گا کہ زبان اور تعبیر کو درست اور بامحاورہ کیا جائے اور ذخیرۂ لغت کی فراہمی اور اس کے صحیح تلفظ کی ترجمانی

میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے۔

میرے محترم دوست عبداللہ خانصاحب خویشگی خورجوی مبارک باد کے مستحق ہیں جنھوں نے اس مقصد کی تکمیل کے لئے "فرہنگ عامرہ" کے نام سے چالیس ہزار لغات کا ذخیرہ جمع فرما دیا اور ساتھ ہی ہر ہر لغت کے صحیح تلفظ اور ہجا کے لئے ایسی مقبول صورت اختیار کی کہ یہ مقصد بغیر کسی عبارت و عنوان کے محض اعراب اور نشست کلمات سے حاصل ہو جاتا ہے۔ کتاب بحیثیت مجموعی اردو ادب کی ایک بے نظیر خدمت ہے، خدا تعالیٰ قبول فرمائے اور اردو خواں طبقہ کے لئے اُسے مشعل راہ بنائے۔

امید ہے کہ اہل زبان اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے اور مصنف کو دعائے خیر سے فراموش نہ کریں گے۔

نگارستان دہلی

جہاں تک ہمیں تحقیق ہے اردو زبان میں یہ فرہنگ اپنی قسم کی واحد فرہنگ ہے جو انگریزی ڈکشنری کے اصول پر تالیف کی گئی ہے۔

خورجہ جیسی غیر ادبی سرزمین میں بیٹھ کر الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو یکجا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک و تحسین ہیں۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغات کو اردو کی ترویج کے لئے ہر جگہ رواج دینے کی ضرورت ہے، تاکہ نو آموز طالبان اردو زبان کے سمجھنے بولنے اور کتابیں و اخبارات کے پڑھنے میں اس فرہنگ سے استفادہ کر سکیں۔

امید ہے کہ حامیان ترقی اردو اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے۔

ہجولی دہلی

اردو زبان وادب کے شیدائیوں کو یہ معلوم کرکے خوشی ہوگی کہ فرہنگ عامرہ کے نام سے لغت کی ایک نہایت مفید کتاب شائع ہو گئی ہے، یہ لغت جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی کی محنت اور ادبی ذوق کا نتیجہ ہے۔
آپ نے اس فرہنگ میں ایسے چالیس ہزار الفاظ جمع کر دیئے ہیں جو اسکولوں اور کالجوں کے طلباء کی ضروریات کی بہت بڑی حد تک پورا کر سکتے ہیں۔
فرہنگ عامرہ یقیناً لغت کی ایک مفید کتاب ہے اور ہمارا مشورہ یہ ہے کہ جو لوگ لغت کی کتاب خریدنے والے ہوں وہ فرہنگ عامرہ کو کم سے کم دیکھ ضرور لیں۔ گمان غالب یہی ہے کہ وہ اسی کو خریدنا پسند کریں گے۔

حسان العصر حضرت احسن مارہروی سابق پروفیسر اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

اس وقت تک جتنی کتب لغت متداول ہیں، ان کی ضخامت، نیز ان کی عبارت طلباء کی برداشت اور قدرت فہم سے باہر ہے، اس صورت میں کسی جامع و مانع لغت کا شائع ہونا، پڑھنے، پڑھانے والوں کے لئے افادہ و استفادے کا بہترین ذریعہ ہے۔
مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی قابل مبارکباد ہیں کہ انھوں نے ایک ایسا مجموعۂ لغت اپنی پوری محنت اور گہری کاوش سے مرتب کیا ہے۔ جس میں چالیس ہزار الفاظ ضروری تشریح اور مناسب تصریح کے ساتھ فراہم ہو گئے ہیں۔ اس سے پہلے لغات کشوری وغیرہ کی طرح اور کتب لغت بھی شائع ہو چکی ہیں، لیکن ان میں وہ شرح وبسط اور قید و ضبط نہیں جس سے فرہنگ عامرہ

معمور ہے۔ مروجہ انگریزی لغات کی ترتیب کے مطابق اسکو مرتب کیا ہے۔ ہر لغت کے تحت میں ضروری اور مفید معنی و مفہوم کے اندراج سے کام لیا گیا ہے۔ فضولیات کو یک قلم ترک کر دیا ہے اور تمام وہ لغات جو مروجہ کتب نصاب میں پائے جاتے ہیں۔ فرہنگ عامرہ میں یکجا کر دئے گئے ہیں۔

ایک نمایاں اور مفید ترین خصوصیت، صحیح تلفظ کا اظہار و التزام ہے، جس کی وجہ سے طلبہ غلط تلفظ کی ابتلا سے بچے رہیں گے اور بغیر کسی کی مدد کے صحت الفاظ پر اعتماد حاصل کر سکیں گے۔

مؤلف موصوف نے یہ علمی فرض کفائی پوری کامیابی کے ساتھ پورا کیا ہے۔ طلبہ غلطی کریں گے۔ اگر ایسے کارآمد لغت سے کام نہ لیں گے۔ اس کا مطالعہ یقیناً ان کو دوسرے لغتوں سے مستغنی کر دے گا اور امتحان کے وقت بآسانی کامیابی کا اطمینان دلائے گا۔

جناب خواجہ غلام السیدین صاحب ڈائرکٹر سررشتہ تعلیمات ریاست کاشمیر

آپنے اس فرہنگ کو بہت محنت اور قابلیت سے مرتب کیا ہے اور اب سے پہلے جس مقصد کے لئے ضخیم ترکتابوں کی طرف رجوع کرنا ہوتا تھا وہ اب آپ کی اس فرہنگ سے حاصل ہو سکتا ہے۔

خدا کرے آپ کی یہ ادبی اور لسانی کوشش مشکور ہو۔

جناب قاضی سید محمد احمد صاحب کاظمی ایم۔ ایل۔ اے (سنٹرل) ایڈوکیٹ الہ آباد ہائی کورٹ

زمانہ کی تبدیلی کے ساتھ زبان کی تبدیلی ایک فطری امر ہے۔ لیکن اور زبانوں کے مقابلہ میں اردو زبان میں جو تبدیلیاں ہو رہی ہیں وہ بہت زیادہ ہیں۔ ایسے وقت میں عبداللہ خاں صاحب خویشگی نورجوی کی خدمت نہایت قابل قدر ہے۔

انھوں نے فرہنگ عامرہ ترتیب دے کر ایک بڑی ضرورت کو پورا کر دیا۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو یکجا کر کے اور ان کے صحیح تلفظ، معنی اور ماخذ تحقیق سے جمع کر کے انھوں نے پبلک کے سامنے ایک خزانہ پیش کر دیا ہے۔

ظاہر ہے کہ ایسی جامع کتاب کی تیاری کے لئے تبحر علمی کے ساتھ صد درجہ کی محنت و کاوش کی ضرورت ہے اور یہ کتاب برسوں کی سعی و کوشش کا نتیجہ ہے۔

میں مولوی عبداللہ خاں صاحب کو اس کی تکمیل پر مبارک باد دیتا ہوں، انھوں نے اردو زبان پر ایک بڑا احسان کیا ہے اور امید ہے کہ اس کی ہر طبقہ کے حضرات پوری قدر کریں گے۔

آتا ترک دہلی

اس لغت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ایک نوجوان جس کو اردو سے شوق ہو لیکن اردو کے تلفظ سے ناآشنا ہو، بغیر کسی دوسرے کی امداد کے اس کتاب کے مطالعہ سے اپنی خواہش پوری کر سکتا ہے۔

اس کتاب کی جس قدر بھی تعریف کی جائے کم ہے، ضرورت ہے کہ ملک کا اردو زبان سے دلچسپی رکھنے والا طبقہ کتاب کی قدر کرے۔ ہمارے خیال میں اس کتاب کو ملک کی تمام یونیورسٹیوں کے نصاب میں داخل کرنا چاہیئے۔

نگار خانہ دہلی

عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے جس محنت و جانفشانی سے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ وہ قابل صد ستائش و داد ہے۔ قدیم و جدید اردو کے الفاظ میں کوئی ایسا لفظ نہیں معلوم ہوتا جو آپ نے چھوڑ دیا ہو۔

سرپنچ لکھنؤ

سرپنچ کے کالموں میں آپ سرپنچی لغات تو عرصہ تک ملاحظہ فرما چکے ہیں، اب آج ایک ایسی لغت پر تبصرہ کیا جا رہا ہے جو صحیح معنوں میں اردو کی پہلی مکمل ڈکشنری کہلانے کی مستحق ہے۔

دراصل فرہنگ عامرہ کی تالیف مولانا محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کا ایک کارنامہ عظیم ہے۔

عالمگیر لاہور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے علاوہ اخبار نویسوں مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کرے۔ ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔

مرتب نے انتہائی عرق ریزی اور شبانہ روز کاوش سے کام لیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پر جوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

محشر خیال دہلی

جناب محمد عبداللہ صاحب خویشگی نے نہایت محنت اور کاوش کے بعد تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو کتابی شکل میں جمع کرکے لغت کی کتاب تیار کی ہے۔ اس کا نام فرہنگ عامرہ رکھا گیا ہے۔

مؤلفین اور مصنفین اور شائقین ادب اردو کے لئے فرہنگ عامرہ ایک ضروری کتاب ہے۔

جناب سید سجاد حیدر صاحب یلدرم سابق رجسٹرار مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

یہ فرہنگ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پر لکھی گئی ہے، جس سے الفاظ کے ڈھونڈنے میں بہت آسانی ہوتی ہے۔ الفاظ کے معانی مختصر مگر صحیح اور تشفی بخش دیے گئے ہیں۔

جناب پروفیسر الیاس صاحب برنی ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

ناظم دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن

مدت سے اردو میں ایسے مختصر اور جامع فرہنگ کی ضرورت تھی، اس کتاب نے بڑی حد تک یہ ضرورت پوری کر دی۔ الفاظ کی ترتیب، معنی کی مختصر تفہیم اور خاص کر تلفظ کی توضیح، اس فرہنگ کی یہ خصوصیات بہت مفید ہیں۔

مصنفین اُردو دہلی

اردو زبان کا بالکل جدید چالیس ہزار با تلفظ لغات کا خزانہ ہے، فرہنگ کو دور حاضرہ کے قالب میں ڈھالنے کی ہر امکانی کوشش کی گئی ہے۔ نہایت جامع اور پر از معلومات ہے۔

عزیز ہند جھانسی

فرہنگ عامرہ جس میں تقریباً چالیس ہزار فارسی، عربی اور ترکی کے الفاظ جمع کئے گئے ہیں۔ ایک نادر ڈکشنری ہے۔

کوئی کمی ایسی نہیں ہے جو اس میں پوری نہ کی گئی ہو۔

نیرنگ خیال لاہور

اس لغت میں چالیس ہزار الفاظ ہیں جن کے تلفظ کا طریقہ بتلاتے ہوئے اُن کے معانی بھی بتلائے گئے ہیں۔

یہ جدید طرز کا لغت مڈل اور ہائی کلاسوں کے لئے بیحد مفید ہو گا۔

مولوی محمد مظہر اللہ صاحب اسٹنٹ رجسٹرار عثمانیہ یونیورسٹی حیدر آباد دکن

یہ بڑی مفید کتاب ہے اور جدید طرز پر مرتب ہوئی ہے۔

نشور دہلی

"فرہنگ عامرہ" محمد عبداللہ خاں خویشگی کی تالیف ہے۔ اس میں ایسے چالیس ہزار مرکب اور مفرد الفاظ جمع کئے گئے ہیں جو اردو زبان میں معمولاً بولے اور لکھے جاتے ہیں۔ ہر لفظ کے معنی تحقیق کے ساتھ درج کئے گئے ہیں اور اعراب لگا کر اور الفاظ کا تجزیہ کر کے صحیح تلفظ بتائے گئے ہیں۔ الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق ہے اور بالکل دور حاضر کے دستور کے مطابق۔ اس لئے الفاظ کی تلاش میں بڑی سہولت ہوتی ہے۔

یہ فرہنگ طلباء کے لئے اور ان سب لوگوں کے لئے مفید ہے جو مطالعہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

نوائے وطن

فرہنگ عامرہ عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی دماغ سوزی کا کامیاب نتیجہ ہے۔ مؤلف نے تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیا ہے۔ انگریزی لغت کے مانند ہر لفظ کے ٹکڑے کر دئے گئے ہیں تاکہ تلفظ

ادا کرنے میں آسانی ہو۔

عبداللہ صاحب کی یہ کوشش زبان اردو پر بڑا بھاری احسان ہے۔ کتاب نہایت مفید ہے اور قیمت بہت کم۔

پیغام وطن دہلی

اردو زبان میں ہندی، عربی، فارسی اور ترکی زبان کے بے انتہا الفاظ داخل ہیں۔ مگر موجودہ زمانہ میں جو لغات پائی جاتی ہیں۔ اُن میں محض پُرانی اصطلاحات ملتی ہیں۔ جدید اصطلاحی الفاظ اور ان کے معانی کا نام ونشان بھی نہیں۔

عرصہ سے ایک ایسی لغت کی ضرورت تھی، جس میں دورِ حاضرہ کے اصطلاحی معنے درج کئے گئے ہوں۔ ہمیں خوشی ہے کہ مصنف ممدوح نے فرہنگ میں اس ضرورت کو پورا کر کے اردو پر احسان کیا ہے۔ اس میں قریب قریب چالیس ہزار الفاظ کے معنے دیئے گئے ہیں۔ جن کی زبان نہایت ہی آسان ہے۔

مصنف اردو کے حامیوں کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

نیشنل گزٹ دہلی

فرہنگ عامرہ ہی صرف ایک ایسی مستثنیٰ لغات ہے جو زمانہ جدیدہ کے مطابق ہے اور اردو زبان کو ملک میں رواج دینے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہے ادائے تلفظ کا طریقہ اس قدر مفید اور کارآمد ہے جس سے ہر شخص مستفید ہو سکتا ہے۔ اس لئے حامیان اردو کو یہ کتاب خریدنا اور اس کو ملک میں رواج دینا چاہئے۔

رائٹ آنریبل ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو

صدر آل انڈیا انجمن ترقی اردو

میں آپ کی عنایت کا بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے ایک جلد اپنی کتاب کی عطا فرمائی۔ اس عرصہ میں میں نے چند بار آپ کی کتاب کا مطالعہ کیا۔ میں بہت خوش ہوں کہ "ایسی فرہنگ" اس وقت شائع ہوئی۔ میری رائے ناقص میں یہ نہایت مفید ثابت ہوگی اور ہم سب کو جنکو کہ اردو سے تعلق ہے آپ کا احسان ماننا پڑے گا کہ آپ نے اس قدر محنت کے ساتھ اس کتاب کو طیار کیا۔

یہ لغت نہایت قابل قدر ہے۔

حق لکھنؤ

فرہنگ عامرہ۔ عربی، فارسی اور ترکی لغات کا باتلفظ مخزن مؤلفہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی اسوقت ہمارے روبرو ہے۔ اس میں چالیس ہزار باتلفظ لغات کا خزانہ محفوظ ہے جو ترقی اردو کے سلسلہ میں ایک قابل قدر اور غیر فانی چیز ہے۔

کہنے کو تو یہ لغت طالب علموں کے لئے لکھا گیا ہے۔ لیکن ہماری آزاد رائے یہ ہے کہ یہ لغت مبتدی اور منتہی دونوں کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔ مصنف نے اس کی ترتیب و تدوین میں انتہائی دقت نظر، محنت اور تلاش و تحقیق سے کام لیا ہے پورے لغت کو دیکھ جائیے، ایک جملہ، ایک لفظ یا ایک حرف بھی خلاف تہذیب نہ ملے گا۔ ورنہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ اعضا و اعصاب کا ترجمہ نہایت غلیظ الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔ فرہنگ عامرہ اس قسم کی تمام لغویات اور لسانی مکروہات سے پاک و صاف ہے۔

عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ مایۂ ناز پیشکش، اُن کی ادبی و فنی جد و جہد اور علمی زندگی کا ایک ایسا کارنامہ ہے جسکو محفوظ رکھنے اور اس کے فوائد کو عام و وسیع کرنا ہر فرد قوم کا اولیں فرض ہے۔

اردو طالب علموں اور اناڑی ادبا و شعرا کے لئے عموماً یہ ایسی مشعل راہ ہے جس کی روشنی میں ذہن و نگاہ کی مجبوریاں غبار کارواں بن سکتی ہیں۔ غرض جدت، ندرت اور بلاغت کی وہ تمام مثالیں جو کسی ذخیرۂ لغت کے لئے ضروری ہو سکتی ہیں فرہنگ عامرہ میں ایک ایک لفظ کے ساتھ موجود ہیں۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ خلوص بھری پیشکش قابل قبول اور لائق ستائش ہے۔ خدا کرے ملک کے طول و عرض میں اسکا طوطی بولے اور ملک کے ہر چھوٹے بڑے تعلیمی اداروں، انجمنوں، مجلسوں میں اسکو منناسب جگہ ملے۔

جناب آصف علی صاحب بیرسٹر دہلی۔ ایم۔ ایل۔ اے (سنٹرل)

آپ نے ایک بڑی مہم سر کی ہے اور جس محنت سے آپ نے یہ کام انجام دیا ہے وہ مبارکباد کی مستحق ہے۔ ہر ایک شخص صراح اور قاموس اور بڑی بڑی ضخیم لغت کی کتابیں ہر وقت پاس نہیں رکھ سکتا مگر مختصر ضرورت فرہنگ عامرہ سے قطعی پوری ہو جانی چاہیئے۔

عصر جدید کلکتہ

خورجہ ضلع بلند شہر کے جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک جدید لغات "فرہنگ عامرہ" کے نام سے تصنیف کی ہے جس کی ایک جلد ہمارے پاس تبصرہ کے لئے آئی ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کے معنی بیان کئے گئے ہیں۔

اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے ساتھ ساتھ ان کا تلفظ بھی دے دیا گیا ہے اور یہ جدت بیحد قابل تحسین ہے۔ ہم نے جا بجا سے اس کو دیکھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اردو

زبان کے طلبہ ہی کے لئے نہیں بلکہ اساتذہ کے لئے بھی یہ مجموعہ بیحد مفید ہے۔ ضرورت کے تمام الفاظ اس میں موجود ہیں۔ جہاں تک ہم نے اندازہ کیا ہے عربی کے جدید الفاظ بھی اس میں لے لئے گئے ہیں۔

ہم کو معلوم ہے کہ اسکول اور مدارس کے طلبہ اس قسم کی جامع لغات کی تلاش میں رہتے ہیں بنا بریں اسکولوں اور مدارس کے تمام طلبہ سے ہم سفارش کرتے ہیں کہ وہ ضرور یہ کتاب منگوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اتنی جامع لغت کی کتاب ایسی خوبصورت تقطیع پر شاید اب تک ہماری نظروں سے نہیں گذری ہے۔

مصنف صاحب یقیناً ملک کے اہل علم کی طرف سے ہمت افزائی کے مستحق ہیں۔

حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت العلماء ہند

یہ کتاب عربی، فارسی، ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا بیش بہا خزانہ ہے۔ فاضل مؤلف نے الفاظ کے صحیح تلفظ کو اعراب کے ذریعہ واضح کرنے کی سعی مشکور فرمائی ہے جو لغت کی تالیفات میں ایک مفید اضافہ ہے۔

میرا خیال ہے کہ اس قسم کی سہل الماخذ مفید اور کوئی کتاب موجود نہیں ہے، جو اہل علم تحریر و انشا سے دلچسپی رکھتے ہیں ان کیلئے یہ کتاب بیحد کارآمد ہے۔

حق تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر دے اور اس تالیف کو مقبولیت عامہ کے خلعت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوششیں بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں ہوگئی ہیں، ان کے مطابق پڑھ لے

مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جائے ۔

اسی سلسلہ میں مولوی محمد عبداللہ خاں خویشگی نے ایک ایسا مجموعہ لغت مرتب کیا ہے ۔ جسے ہر لحاظ سے جامع کہا جا سکتا ہے ۔ کتاب انگریزی ترتیب کے مطابق ہے اور اس کی تکمیل اس خوبی سے کی گئی ہے کہ اس میں موجودہ زمانہ کی ہر علمی ضرورت پیدا کرنے کی صلاحیت ہے ۔

کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے اس کا صحیح تلفظ درج ہے اور الفاظ کے معنی جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں ۔ ہر مصدر کے ساتھ اسکا مضارع بھی موجود ہے اور ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں ان حروف کو مثالوں کے ساتھ دیا گیا ہے جن سے اس کا بدل ہے ۔

دیباچے نے کتاب کی خوبیوں میں اور اضافہ کر دیا ہے ۔ نئے نئے الفاظ کے لئے اس میں جہاں انسلاک الصدور اور توابعات ترکیبی کی فہرست دی گئی ہے وہاں عام فارسی اسماء کی جمع بنانے کا قاعدہ بھی لکھ دیا گیا ہے ۔ معنوں میں روزمرہ کی شستگی ، مجلسی رواداری ، تہذیب اور سنجیدگی کا لحاظ رکھا گیا ہے اور بے رواج چیزوں کی جگہ ہزاروں نئے اقتصادی ، تمدنی اور سیاسی الفاظ داخل کر دئے گئے ہیں ۔

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب نے یہ قابل قدر فرہنگ مرتب کر کے زبان پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ ملک کے علمی و ادبی حلقوں میں اس کی بہت قدر ہوگی ۔

ویش سماچار دہلی

فرہنگ عامرہ ۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ ایک لغت ہے جسمیں عربی ، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دئے گئے ہیں ۔ عبداللہ خاں خویشگی نے درحقیقت یہ ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بے حد مفید ہے ۔

خویشگی صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے۔ اہل علم کو اسکی پوری قدر کرنی چاہیئے۔

دین دنیا دہلی

فرہنگ عامرہ عربی اور فارسی الفاظ کی (جن میں مستعملہ ترکی الفاظ بھی شامل ہیں) ایک مختصر اور جامع فرہنگ ہے۔ ترتیب و تالیف فرہنگ میں زیادہ تر انگریزی سکولوں اور کالجوں میں پڑھنے والے طالب علموں کی ضرورتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس لئے فرہنگ عامرہ مذکور طالب علموں کے لئے ایک جامع، مختصر، سستی اور مفید لغت ہے جس سے فائدہ اٹھانا بڑی لغتوں کے مقابلہ میں ان کے لئے زیادہ آسان ہے۔

امید ہے کہ قابل مؤلف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور اسکولوں اور کالجوں میں فرہنگ عامرہ بہت جلد کافی مقبولیت حاصل کرلے گی۔

نواب ابوالمعظم سراج الدین احمد خانصاحب سائل

جانشین اُستاد داغ

مؤلف موصوف نے جس خوبی و انتظام سے اتنا ضخیم لغت فراہم کیا قابل ستائش ہے الفاظ کے تلفظ کی صحت کی غرض سے جو اہتمام حروف مقطّعات کی صورت میں کیا ہے یہ ان کی اختراع ہے، جو کم پایہ استعداد کے لوگوں کو تصحیح تلفظ لغات میں مشعل راہ ہے۔ یہ مجموعہ خط خفی میں اس غرض سے مدوّن کیا گیا ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ کم استطاعت کے لوگوں کے ہاتھوں تک پہونچ جائے۔ جہانتک میں دیکھ سکا، اسکی خوبیوں کا مجھے اعتراف ہے۔ مؤلف کے متعلق میرے ہاتھ دعا کیلئے اٹھتے ہیں۔ خدا لئے توانا و تقدس اس کی عمر میں برکت دے۔ ذوق مطالعہ میں اضافہ فرمائے اور مبارکباد دیتا ہوں اس کو جسے میں اپنا قوت بازو جانتا ہوں اور فیروز بھائی کہکر خطاب کرتا ہوں۔

مجھے امید ہے کہ یونیورسٹیوں کے کتبخانے جتنے ہندوستان میں ہیں اور پرائیویٹ کالج

دمدارس وغیرہ کے کتب خانوں کے لیے اس فرہنگ عامرہ کو موجب زینت سمجھیں گے۔ اور یقینا یقین ادب اردو اسے نعمت غیر مترقبہ جانیں گے اور اس کے مطالعہ سے عام و خاص فوائد کثیر حاصل کریں گے۔

انوکھی دنیا لاہور

فرہنگ عامرہ میری نظر میں :۔

فاضل مؤلف نے چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو اس خوبی و قابلیت سے مرتب کیا ہے کہ ایک بڑے سے بڑے دارالعلوم کو فرہنگ عامرہ کی موجودگی میں کسی دوسری لغت کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ مؤلف نے طالب علموں اور عالموں پر یکساں احسان کیا ہے اس تالیف کے لیے وہ مستحق مبارکباد ہیں۔ میں ضرورتمند اصحاب سے اس کے خریدنے کی سفارش کرتا ہوں۔ (اڈیٹر)

کامیاب دہلی

زبان اردو کے شاداب چمن میں ایک اور پھول کھلا۔ اس نئے پھول کا نام فرہنگ عامرہ ہے مدت سے ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی جو اردو کی جملہ ضروریات پر حاوی کہی جاسکے۔ اب یہ دیکھ کر ہمیں بیحد مسرت ہوئی کہ خورجہ کے مولوی عبداللہ صاحب خویشگی نے نہایت ذمہ داری اور ہوشمندی کے ساتھ فرہنگ عامرہ مرتب کرکے ضرورتمندوں کے سامنے پیش کردی۔

فرہنگ عامرہ کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پہ مرتب ہوئی ہے اور الفاظ کا تلفظ سمجھانے کا بہت ہی آسان طریقہ استعمال کیا گیا ہے۔

ہمارا خیال ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اخبار نویسوں اور مترجموں اور طالب علموں کے لیے خصوصیت سے کارآمد ثابت ہوگی۔

خوشیگی صاحب اس شاندار خدمت زبان کے لیئے یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں۔
امید ہے کہ حامیان اردو خویشگی صاحب کی حوصلہ فزائی میں امکانی امداد دینگے۔
اور ان کے اس انتہائی مفید کارنامہ کی قدر کریں گے۔

کہکشاں دہلی

یو۔پی کے مشہور اہل قلم مولوی محمد عبداللہ خانصاحب خویشگی نے ہمیں فرہنگ عامرہ تبصرہ کے لیئے روانہ فرمائی ہے۔ یہ چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی کے ایسے الفاظ کا لغت ہے جو اردو میں مستعمل ہیں اور جو ہم تقریر و تحریر میں روزانہ استعمال کرتے ہیں۔
یہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ مبتدیوں کے علاوہ خاصے پڑھے لکھے لوگ بھی اعرابی غلطیاں کرتے ہیں۔ اس فرہنگ نے یہ مشکل خوبصورتی کے ساتھ ختم کر دی ہے۔
حقیقت میں فرہنگ عامرہ، مفید، دلکش اور آسان لغت ہے جس کی ایک ایک جلد اڈیٹر، واعظ، لیڈر اور اردو داں حضرات کے پاس ضرور رہنی چاہیئے۔

خضر راہ لاہور

مولوی عبداللہ خانصاحب نے اردو زبان کے چالیس ہزار الفاظ، ان کے صحیح تلفظ، معانی و ماخذ کو تحقیق سے جمع کر کے اردو زبان کی گرانقدر خدمت کی ہے۔
حقیقت میں کسی زبان کی ترقی کے لیئے اچھی لغات کی موجودگی نہایت ضروری امر ہے چنانچہ مولوی صاحب موصوف نے اس طرف توجہ کر کے ایک بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے۔
فرہنگ عامرہ ترتیب، حروف تہجی، صحت تلفظ اور معانی کے اعتبار سے عام لغات سے امتیاز رکھتی ہے۔

جدّت مُرادآباد

اردو ہندوستان کی "لنگوفرنکا" (مشترک زبان) ہے، جس کو دس کروڑ سے زائد باشندے

بولنے اور لکھتے ہیں اور جسکو تقریباً تمام ملک سمجھتا ہے۔ لیکن کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ دنیا کی اتنی بڑی زبان میں کوئی ایک بھی ایسی لغات کی کتاب نہیں ہے جو عصر حاضرہ کے معیار پر پوری اتر سکے۔ ہمیں مسرت ہے کہ مولوی محمد عبد اللہ خانصاحب خویشگی نے ایک فرہنگ "فرہنگ عامرہ" تالیف فرماکر اردو زبان کی نہایت ہی قابل قدر خدمت انجام دی ہے جس کے لئے وہ ابنائے ملک کے شکریے کے مستحق ہیں۔ یوں تو یہ کتاب ہر شخص کیلئے مفید وکار آمد ہے لیکن طلبا کے لئے بالخصوص سے یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

ہم سفارش کرتے ہیں کہ "فرہنگ عامرہ" کو ہر دار المطالعہ، کتب خانہ اور ادارۂ تعلیمی کی زینت بنایا جائے اور کسی اردو خواں شخص کا گھر اس کتاب سے خالی نہ رہے۔

ماہ نیم ماہ دہلی

فرہنگ عامرہ اردو زبان کی ایک لغت ہے جو فارسی، عربی اور مروجہ ترکی الفاظ پر مشتمل ہے۔ اس کے مرتب ہمارے محترم نواب محمد عبد اللہ خاں صاحب خویشگی ہیں۔

فرہنگ کم و بیش، چالیس ہزار الفاظ اور ان کے ضروری معانی و مطالب کا جامع ذخیرہ ہے۔ جس میں الفاظ کے ٹکڑے کرکے اور اعراب لگاکر ہر لفظ کے تلفظ کو اس طرح نمایاں کیا گیا ہے۔ کہ ایک مبتدی بھی آسانی کے ساتھ صحیح تلفظ معلوم کرسکتا ہے۔

ہم پر زور الفاظ میں درخواست کرینگے کہ وہ تمام حضرات جو اردو زبان سے دلچسپی رکھتے ہوں اس فرہنگ سے ضرور استفادہ حاصل کریں۔

ہندوستان ریویو پٹنہ عظیم آباد

فرہنگ عامرہ:۔ ایک اردو لغات

یہ کتاب ایک فرہنگ ہے جسمیں عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی اردو میں دئے گئے ہیں اور جو بلاشبہ مؤلف کی گہری کاوش اور تدقیق کا ثمرہ ہے۔ ایک سبک دست مگر جامع لغات کی ضرورت جو اردو کے طلبہ عرصہ سے محسوس کررہے تھے، یہ کتاب باحسن وجوہ پوری کردے گی۔ (ترجمہ)

جس زبان کی خود اپنی مستقل فرہنگ نہیں وہ نامکمل ہے، اور جو فرہنگ تلفظ سے معرّا ہے لایعنی ہے، اس لیئے کہ تلفظ ہی کے بطن سے معانی پیدا ہوتے ہیں پس جس طرح کہ لغات کے معنوں کو سمجھنا اور اُن کو یاد کرنا طالب علم کے لیے ایک ضروری امر ہے، بالکل اسی قدر بلکہ اس سے بھی زیادہ ضروری صحیح تلفظ کو جاننا اور بولنا ہے۔

کسی زبان کو شستہ لب و لہجہ میں ادا کرنے کی مہارت کا فقدان کمال زباندانی میں ایک نقص ہے، مگر اس سے بھی بڑھ کر معیوب یہ ہے کہ ہم غلط اور بے جوڑ الفاظ بولنے کے باعث اپنا صحیح مافی الضمیر بیان کرنے سے قاصر ہوں، کیونکہ عربی اور فارسی لغات میں ایک ہی املے کے متعدد تلفّظ ہوتے ہیں اور بسا حالات ہر تلفظ اپنی ایک جُداگانہ حیثیت اور معنے رکھتا ہے، چنانچہ اس فرہنگ کے مطالعہ سے یہ حقیقت واضح طور پر منکشف ہو جاویگی کہ ایک ہی لغت کے اعراب میں تغیّر ہونے پر کس طرح اُس کے معنے بدلتے ہوئے چلے جاتے ہیں، حتیٰ کہ بعض اوقات اُن میں کوئی باہمی علاقہ تک باقی نہیں رہتا، لہٰذا تلفّظ سے ناواقفیت کی بنا پر ایک ہم شکل مگر غیر معنے لفظ کا بے محل استعمال کور ذوقی اور جہالت لسانی کا مضحکہ انگیز نمونہ ہے اور ایک مدعی علم کی عبائے

فضیلت پر ایسا بدنما دھبّہ ہے کہ جس کی تلافی کسی یونیورسٹی کی اعلیٰ ترین سند بھی نہیں کرسکتی۔

عربی میں علی العموم مرکب الفاظ، فارسی اور ترکی میں بالخصوص مفرد لغات ایسے پائے جاتے ہیں کہ جن کے چہروں پر زائد حروف کے پردے پڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے اُن کے املے اور تلفّظ میں کامل ہم آہنگی نہیں، یعنی جس ہجّے کے بموجب لکھے جاتے ہیں اُس کے ماتحت پڑھے نہیں جاتے، اور یہ تفہیم تلفظ میں ایک ایسی سنگین دشواری ہے کہ جس کا ازالہ اعراب بھی نہیں کرسکتے، اس لیے جب تک ہر لغت کے پہلو بہ پہلو اُس کا براہ راست تلفظ مندرج نہ ہو اصلی شکل بے نقاب نہیں ہوسکتی۔

آج سے تقریباً ایک صدی ماقبل جب کہ فارسی ہندوستان کی سرکاری زبان تھی اور گھر گھر اُس کا چرچا تھا، جب کہ یہاں کا طبقۂ اعلےٰ اُردو کی نوشت وخواند سے بھی اِبا کرتا تھا اور فارسی انشاپردازی کا سِکّہ جما ہوا تھا، ممکن ہے کہ یہ کسی حد تک کتابی تلفظ سے بے نیاز ہو، اور کیا عجب ہے کہ اس زمانہ کی فرہنگوں میں ہر لغت کے ہمدوش مکمل تلفظ کا التزام نہ ہونے کی یہی عِلت غائی ہو، مگر آج جب کہ فارسی کے سر سے پادشاہت کا تاج اُتر چکا ہے اور خود اُسی کے متوسلین دیرینہ کی ایک جماعت موقع پاکر بیخ کنی پر تلی ہوئی بیٹھی ہے، آج جب کہ فارسی سمجھنے والوں کی تعداد بتدریج محدود اور بولنے والوں کی مفقود ہوتی چلی جاتی ہے، ناممکن ہے کہ تشنہ کامانِ

وب با تلفظ فرہنگوں کی امداد کے بغیر پورے طور پر سیراب ہو سکیں۔

اب تک ہماری زبان اُردو میں فارسی کی جتنی فرہنگیں لکھی جا چکی ہیں وہ تلفّظ سے بیگانہ ہیں اور اُن کا نصب العین طلباء کو صرف لغات کے معانی رٹا کر تحریری امتحانات میں کامیاب کرا دینا ہے، یہ ایک ایسا صریح نقص ہے جو ان کی قدر و قیمت کو بہت کم کر دیتا ہے، کیونکہ شُعَراء، خُطَباء اور صحیح الذوق جو یانِ علم و ادب جو ایک زبان کو بحیثیتِ زبان سیکھنا چاہتے ہیں ایسی ناتمام کتابوں سے کوئی معتد بہ فائدہ حاصل نہیں کر سکتے کہ جن میں لغات کا تلفظ محض قیاس اور وجدان پر یاد کرنا پڑتا ہے۔

فرہنگ ہذا میں حتی الوسع پوری تحقیق و تدقیق کے بعد تلفظ لکھے گئے ہیں مگر بڑی مصیبت یہ ہے کہ جہاں ہماری اجتماعی زندگی کا شیرازہ ہر معاملہ میں بکھرا ہوا ہے وہاں ہماری زبان بھی اس پراگندگی اور انتشار سے مستثنیٰ نہیں کیونکہ ہمارے یہاں کوئی ایسی فارسی فرہنگ موجود نہیں جو ایک مسلّم حاکمانہ سند متصور ہو، پس نکتہ چینوں کو ہر جدید فرہنگ کی تردید کے لیے کوئی نہ کوئی موافق مطلب کتاب ہاتھ لگ جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ ایک غریب مؤلّف سالہا سال خونِ جگر کھا کر لغات مرتب کرتا ہے مگر پنی مساعی شاقہ کا کوئی خوشگوار صلہ پانے کے بجائے اُس کو اُلٹا معترضین کا ہدفِ لامت بننا پڑتا ہے۔

ڈاکٹر سیموئل جانسن نے ۱۷۵۵ء میں جب اپنی ڈکشنری لندن کی

پبلک کے سامنے پیش کی تو مشہور مربی علوم ارل آف چیسٹر فیلڈ نے مح
"ورلڈ" کی دو مسلسل اشاعتوں میں نہایت فراخدلی سے دادِ تحسین دی، جس
تمام قوم نے ہمنوا ہو کر لبیک کہا اور اس کے ہجے، تلفظ اور معنوں کو قول فیصل
کیا۔ مگر ٹھیک اُسی زمانہ میں جب کہ علّامہ سراج الدین خاں آرزو نے اپنی فا
فرہنگ "دلی والوں" کی نذر کی تو وہ خود بین اور خود پسند طبائع کے غبار میں د
رہ گئی، حالانکہ جانسن کا جو پایہ انگریزی لٹریچر میں تسلیم کیا گیا ہے خان آرزو
کہ جن کی دایۂ قابلیت نے میر، سودا، درد اور مظہر جیسے فخر روزگار باکمال پر
چڑھائے، ہمارے علمِ ادب میں اس سے بھی بڑھ کر ارفع و اعلےٰ ہے۔

لغات کا تلفظ بیان کرنے کا پُرانا طریقہ اس قدر طولانی اور دیر عمل ہے کہ کتا
کی ضخامت میں بیجا طوالت اور قیمت میں ناواجب اضافہ کے ماسوائے
طالب علم کے قیمتی وقت کا ایک حصہ تلفظ ٹٹول کر نکالنے میں صرف ہوتا ہے
اس کے علی الرغم فرہنگ ہٰذا کے ادائے تلفظ کا طریقہ انگریزی کتب لغات
استخراج کیا گیا ہے اور اس کے اصول و ضوابط فارسی کتب قواعد سے ماخوذ
ہیں، جو اس قدر جامع اور حاوی ہیں کہ تمام کتاب میں ایک لغت بھی اُن کے
حدود سے باہر نہیں پایا جا سکتا۔ بحمداللہ اب تلفظ اتنا سلیس اور عام فہم بن گیا
ہے کہ ایک نوآموز بھی بیک نظر صحیح طور پر معلوم کر سکتا ہے۔

مُلک میں قدیم فارسی فرہنگوں کی کمی نہیں، مگر مرفعِ عالم کے جس

رنگین ورق پر یہ نقوش ثبت کیے گئے تھے باد حوادث کے تھپیڑوں نے اُس کو الٹ دیا وہ دور منقلب ہو گیا، البتہ یہ مجموعۂ اوراق تقاویم پارینہ بن کر یادگار باقی رہ گئے ہیں جن میں آج سے صدہا سال پہلے کی مجلسی زندگی اور تمدّن کا انعکاس جلوہ نما ہے اور جو بے شمار ایسے فرسودہ اسماء سے مملو ہیں کہ جن کے مسمّےٰ تک بھی زمانہ کی دستبرد سے معدوم ہو چکے ہیں۔ جب ہم ان لغات قدیمہ کی سیر کرتے ہیں تو عالمِ تصوّر میں وہ تمام جیتا جاگتا سماں پیش نظر ہو جاتا ہے کہ جس کو زمانہ اپنی ازلی بے پرواہی سے پیچھے چھوڑتا ہوا آج سیکڑوں برس آگے بڑھ آیا ہے۔

سچی بات یہ ہے کہ ارتقائے علوم و فنون کے دوش بدوش ہماری فرہنگوں کی تہذیب و تجدید نہیں کی گئی، اور اس کوتاہی کے بہت سے اسباب تھے جو اس وقت ہمارے موضوعِ بحث سے خارج ہیں، مگر جن پر بجائے خود ایک مستقل کتاب تصنیف کی جا سکتی ہے۔ ان ہی میں سے ایک سبب یہ بھی تھا کہ قدیم الایام سے پُرانی فارسی کتابیں نصاب تعلیم میں داخل تھیں، اور اُن کے اندر جو متروک لغات و دور از کار تلمیحات اور فرضی اسماء مرقوم تھے وہ سب بلا تحقیق و امتیاز طالبِ علموں کے فہم مطالب کی خاطر عام فرہنگوں میں بھی بھر دیئے جاتے تھے۔

متاخّرین نے جو فارسی فرہنگیں ہماری زبان میں تدوین کیں اُن میں اکثر بدقسمتی سے تجارتی اغراض پر مبنی تھیں جن میں کسی اصلاح کی جانب توجّہ

نہیں کی گئی جو یا تو فرہنگہائے قدیمہ کے تحت اللفظ تراجم تھے یا اُن کی محض کورانہ تقلید۔

فرہنگ ہذا کو عصرِ جدید کے قالب میں ڈھالنے کے لیئے حتے الامکان جانفشانی کی گئی ہے جس کے خاص خاص اصلاحی امور علی الترتیب مندرجۂ ذیل ہیں

(۱) لغات کے حروفِ تہجّی کی ترتیب جدید لائنوں پر نہایت صحت کے ساتھ قائم رکھی گئی ہے جس کے باعث کسی لفظ کی جُستجو میں اِصرافِ وقت اور پریشانیِ خاطر کا اب کوئی احتمال باقی نہیں رہا ہے۔

(۲) ادائے تلفُّظ کا التزام اعراب اور علائم ترکیبی سے مکمل طور پر کر دیا گیا ہے۔

(۳) فارسی کی خلافِ قیاس اور عربی کی مستعمل جمع اپنے صیغۂ مفرد کے ذیل میں بتمامہ درج کر دی گئی ہیں اور کثیر الاستعمال صیغہائے جمع کو مستقل لغت کی حیثیت میں اپنی مُناسب جگہ پر پھر دوبارہ دیدیا گیا ہے۔ جمع فراہم کرنے میں سب سے بڑی صعوبت یہ پیش آئی کہ پُرانی لُغاتوں میں جمع کے معنے صرف جمع میں دیدیئے گئے ہیں الّا اُن کا مُفرد بیان نہیں کیا۔ برعکس ازیں فرہنگ ہٰذا میں جمع کے معنے میں اُس کا صیغۂ مفرد دیتا دیا گیا ہے جس کے معنے آسانی سے تلاش کیے جاسکتے ہیں۔

(۴) کثیر الاستعمال فارسی مَصادر کے مضارعات نیز اُن کے سماعی اور قیاسی مشتقات خاص اہتمام سے درج کئے گئے ہیں اور افادۂ طلباء کی غرض سے ایک

بڑی تعداد قلیل الاستعمال مَصادِر کی بھی شامِل کردی گئی ہے۔

(۵) فارسی میں ایسے الفاظ بیشتر پائے جاتے ہیں کہ جو فی الواقع ایک ہی لغت کی دو مختلف صورتیں ہیں۔ بات یہ ہے کہ فارسی کے اکثر حروف میں باہمی بدل ہے جس سے معنے اور طریقۂ ادائے تلفظ میں گو کوئی فرق نہیں آنے پاتا مگر املا تبدیل ہو جاتا ہے اس ضروری امر کی وضاحت ہماری فرہنگوں میں نہیں پائی جاتی جس کے باعث بہت سے طلباء اُن لفظوں کو اپنی اپنی جگہ جداگانہ لغات سمجھتے رہتے ہیں کہ جو فی الاصل ایک ہی ماں کے جڑواں بچے ہیں۔ کونسے حرف کا کس کے ساتھ بدل ہے اس کی پوری تصریح فرہنگ ہذا کے اندر ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں معلوم کی جاسکتی ہے۔ معہٰذا یہ امر فراموش نہ ہونا چاہیے کہ اس تبادلہ کرنے کا ہر شخص مجاز نہیں، بلکہ جس لفظ میں جس طرح پر اگلے اساتذہ تصرُّف کر گئے ہیں اُن ہی کا تتبُّع ہم کو بھی کرنا پڑتا ہے، چنانچہ یہ پہلو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایسے ہمسلک لغات کے معنے صرف ایک جگہ پر لکھدیئے گئے ہیں اور ماںقی میں اُس کو دیکھنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔

(۶) عہدِ مظلمہ کی مُردہ اور بے رواج چیزوں کے نام احتیاط سے الگ کر کے اُن کی جگہ زمانہ حاضِرہ کے ہزارہا مفید اور زندہ معرّبات اور مُفرّسات درج کردیئے گئے ہیں۔

(۷) مخرّبِ اخلاق استعارات اور محرّکِ جذبات شوخ تشبیہات سے جو زوالِ

حکومت کے بعد ہمارے مجلسی عیش پرستانہ زندگی کا لازمہ اور اُس عہد کے لٹریچر کا مایۂ افتخار بن چکی تھیں تا بمقدور اجتناب کیا گیا ہے، البتہ اعضائے جسمانی کے نام، نیز طبّی اصطلاحات یا بعض دیگر لغات ضروریہ کا مفہوم متانت اور تہذیب کے ساتھ ادا کر دیا گیا ہے۔

(۸) اشیا کی ماہیت اور معانی میں جو قدیم تحقیقاتیں علوم جدیدہ اور تازہ انکشاف سے غلط ثابت ہو چکی ہیں اُن کے بجائے نئی تحقیقاتیں انگریزی کتب لغات کے توسّل سے داخل کر دی گئی ہیں۔

(۹) فرہنگہائے قدیمہ نے افسانوی افراد اور تاریخی شخصیتوں سے متعارف کرانے میں کذب و صدق کے مابین کوئی حدِ فاصل قائم نہیں کی، اُن کے اندر حاتم طائی اور رُستم دستاں پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں، حالانکہ ایک ان میں تاریخی حقیقت ہے اور دوسرا حکیم فردوسی کی قوّت متخیلہ کی شاعرانہ تخلیق۔ اس کوتاہی کی وجہ سے لسان و ادب کے طالب علم کا ذہن تاریخی حقائق کے ادراک سے عاری رہتا تھا۔ فرہنگ ہٰذا میں اسماء الرجال کی ترتیب اور تبویب سے یہ غلط فہمی بھی رَفع کر دی گئی ہے۔

(۱۰) لغات کے معانی بیان کرنے میں مجلسی رواداری کا احترام حتی الامکان ملحوظ رکھا گیا ہے۔

صرف مُندرجۂ بالا اصلاحات ہی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اور بہت سے ضمنی

اور جزوی معاملات میں بھی اِصلاح ودرستی کی گئی ہے جن کا اعادہ موجب طوالت ہوگا۔ غرض کتاب کو مُفید بنانے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا گیا، مگر بہر کیف یہ ایک محض منفردہ اور اپنی نوعیت کی اولین اصلاحی کوشش ہے، جس میں قدم قدم پر بے شمار مشکلات حائل تھیں اور کوئی مددگار مشورے، اور نمونہ رہنمائی کے لئے موجود نہ تھا، لہٰذا قارئین کرام کی خدمت میں اِلتماس ہے کہ اگر کوئی لغزش پائیں تو نگاہ عفو فرمائیں۔ آئندہ اشاعت میں مزید تصحیح کی سعی کی جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری زبان اُردو نے فارسی کی آغوش تربیت میں پرورش پائی ہے، سو یہ فرہنگ اُن الفاظ کے بھی ایک قیمتی خزانہ سے معمور ہے جو ہماری زبان کی زینت ہیں، لہذا اُردو اور فارسی طالب علموں کے لیے یکساں مفید ہے۔ ماسوٰے اس کے علوم وتمدّن کے ارتقاء کے ساتھ روزافزوں اخباری لٹریچر، مختلف العنوان تازہ تراجم، روزانہ جدید انکشافات واکتشافات اور نت نئی ایجادات نے بے شمار نئے الفاظ کی ضرورت ہماری زبان میں آئے دن پیدا کر رکھی ہے، جن کے لیے فرہنگ ہذا ہر طرح مُعین ثابت ہوگی جو اکثر کتب متداولہ سے زیادہ لغات کا ذخیرہ اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، اور اُن زندۂ جاوید الفاظ سے لبریز ہے کہ جو ایک علم پرور اور ثریّا رفعت تہذیب کے امانت دار ہیں اور جو ہزار سال سے ہندوستان، ایشیا، مشرقی یورپ اور شمالی ومشرقی افریقہ کے کروڑوں اشراف خاندانوں کا

نسلاً بعد نسلٍ روزمرّہ بنے ہوئے ہیں اور ایک ہمہ گیر بین الاقوامی وسعت اپنے اندر رکھتے ہیں فرہنگ اور وہ بھی ایک ایسی فرہنگ جس کے اندر اَن گنت اعراب و علائم ہوں لیتھو کی صحّت طباعت کے لیے کس قدر جانفشانی اور عرق ریز مساعی کی محتاج ہے، اس کا اندازہ کچھ وہی لوگ زیادہ اچھی طرح کر سکتے ہیں جنہوں نے کبھی اس دشت کی سیّاحی کی ہے۔

میں اپنے اُن تمام اعِزّا اور احبّاء کا بدل ممنون ہوں کہ جنہوں نے کسی نوع سے اس کام میں میرا ہاتھ بٹایا ہے۔ علی الخصوص میرے لائق دوست پروفیسر لکشمی نرائن ٹنڈن ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔ نے جن کو اُردو اور فارسی ادبیات سے ایک شغف ہے بعض قابل قدر کتابیں بہم پہنچائیں۔

بہرکیف پبلک کی خدمت میں یہ ایک اصلاحی نمونہ پیش کیا جا رہا ہے، ملک و قوم کا جو مفاد اس خدمت سے متصوّر ہے اُس کو تجربہ خود ثابت کر دیگا۔ اَلسَّعْیُ مِنّیِ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللہِ ❖

محمد عبد اللہ خان خویشگی

فیروز منزل۔ خورجہ

دوشنبہ ۱۵ فروری ۱۹۳۷ء

اَصنافِ کلمات

انسلاک الصُّدُور و توابعاتِ ترکیبیؔ

آسا ، مانند مثلاً شیر آسا ، مرد آسا۔
ار ، زینت کلام مثلاً گفتار ، دیدار۔
ار ، فاعلیت مثلاً خریدار ، فروختار۔
ار ، حاصل مصدر مثلاً گفتار ، رفتار۔
اک ، نسبت مثلاً فغاک ، مغاک۔
ان ، نسبت مثلاً مغان ، ایران۔
ان ، فاعلیت مثلاً خنداں ، گریاں۔
انہ ، نسبت مثلاً سالانہ ، ماہانہ۔
انہ ، لیاقت مثلاً شاہانہ ، مردانہ۔
اوند ، مشابہت مثلاً خویشاوند۔
ب ، زینت کلام مثلاً بجز ، بگو۔
بار ، کثرت مثلاً دریابار ، رودبار۔
بام ، رنگ مثلاً سبز بام ، سُرخ بام۔
بان ، محافظت مثلاً دربان ، فیلبان۔
بر ، زینتِ کلام مثلاً برجہید ، بربست
پیش ، مشابہت مثلاً شیر پیش۔
جرتہ ، جردہ ، رنگ مثلاً سیاہ جرتہ ، سیاہ جردہ
چہ ، تصغیر مثلاً باغچہ ، طاقچہ۔
دار ، محافظت مثلاً پردہ دار ، رازدار۔
دان ، ظرفیت مثلاً نمکدان ، چائدان۔
در ، زینت کلام مثلاً درخواست ، درساخت۔
وس ، مشابہت مثلاً حوروس۔
ویس ، مشابہت مثلاً حورویس۔
زار ، ظرفیت یا کثرت مثلاً گلزار ، صدف زار۔

سار ، مشابہت مثلاً خاکسار ، سنگسار۔
سار ، ظرفیت یا کثرت مثلاً شاخسار ، نمکسار۔
سان ، مشابہت مثلاً شیر سان ، تیر سان۔
ستان ، ظرفیت مثلاً گلستان ، نیستان۔
ش ، حاصل مصدر مثلاً آمرزش ، گردش۔
فام ، رنگ مثلاً گلفام ، سیاہ فام۔
فرا ، زینت کلام مثلاً فرارفت۔
فرو ، زینت کلام مثلاً فروگذاشت ، فروخواند۔
فش مشابہت مثلاً شاہ فش ، ماہ فش۔
ک ، تصغیر مثلاً مردک ، اسپک۔
کدہ ، ظرفیت مثلاً بتکدہ ، میکدہ۔
گار ، صاحب ، خداوند مثلاً پروردگار ، گنہگار۔
گان ، لیاقت مثلاً شایگان ، رایگان۔
گر ، فاعلیت مثلاً شیشہ گر ، فتنہ گر۔
گون ، رنگ مثلاً گلگون ، شفقگون۔
گونہ ، رنگ مثلاً زردگونہ ، گلگونہ۔
گین ، پیوستگی مثلاً اندوہگین ، سہمگین۔
لاخ ، کثرت مثلاً سنگلاخ ، رودلاخ۔
ما ، زینت کلام مثلاً ماورے ، ماسوے۔
مند ، صاحب ، خداوند مثلاً زورمند ، مستمند۔
ن ، نسبت مثلاً امین ، جوشن۔
ناک ، پیوستگی مثلاً غمناک ، نمناک۔
و ، تصغیر مثلاً پسرو ، بچہ سقو۔
وا ، زینت کلام مثلاً واگذاشت ، واشگاف۔

وار، مشابہت مثلاً بزرگوار، بندہ وار۔
وار، لیاقت مثلاً شاہوار، گوشوار۔
وام، رنگ مثلاً سبزوام، زردوام۔
وان، محافظت مثلاً پہلوان، بندیوان۔
وان، مشابہت مثلاً پلوان۔
ور، صاحب، خداوند مثلاً تاجور، ہنرور۔
وش، مشابہت مثلاً ماہوش، پریوش۔
ون، مشابہت مثلاً پیلون، استرون۔
وند، ظرفیت مثلاً آوند۔

وند، مشابہت مثلاً خداوند، پولادوند۔
ویہ، نسبت مثلاً راہویہ، سیبویہ۔
ہ، نسبت مثلاً یکسالہ، یکروزہ۔
ہم، شرکت مثلاً ہمدرد، ہمراز۔
ی، حاصل مصدر مثلاً شرمندگی، بخشندگی۔
ی، لیاقت مثلاً گفتنی، خوردنی۔
ی، نسبت مثلاً قریشی، برنی۔
ین، زینتِ کلام مثلاً کمترین، نخستین۔
ین، نسبت مثلاً سیمین، نگارین۔

تشریح التلفظ

علاماتِ قرأت

زیر، کسرہ، جر، یعنی علامت (ـِ)
زبر، فتحہ، نصب، " " (ـَ)
پیش، ضمہ، رفعہ، " " (ـُ)
جزم مطلق، " " (۲)
جزم مجہول، " " (۷)
تشدید، " " (ـّ)
علم، " " (ـؔ)
حرکت، یعنی زبر، زیر یا پیش (ـَ، ـِ، ـُ)
تنوین، یعنی دو زبر، زیر یا پیش (ـً، ـٍ، ـٌ)
وقف، یعنی کوئی علامت نہ ہونا

سکتہ، یعنی علامت (،)
بیتِ کامل، " " (ـ)
بیت ناقص، " " (۱)
قوسین، " " ( )

اعراب کا عمل حروف پر

مجرور، مکسور، جس کے نیچے زیر ہو مثلاً دل (دِل) کی دال۔
مفتوح، منصوب، جس کے اوپر زبر ہو مثلاً من (مَن) کی میم۔
مضموم، مرفوع، جس پر پیش ہو مثلاً گل (گُل) کا گاف۔
مجزوم، جس پر کوئی جزم ہو مثلاً بدگو (بدْ گوْ) کے دال اور واو۔
مشدد، جس پر تشدید ہو اور دو دفعہ پڑھا جائے مثلاً ملت (مِلّت) کا لام۔
ممدودہ، جس الف کے اوپر مد ہو۔
متحرک، جس پر کوئی حرکت ہو مثلاً غلامی (غُلَامِی) کا غین یا لام یا میم۔
منون، جس پر تنوین ہو اور جس کے آخر میں نون پڑھا جاوے مثلاً قولاً (قَوْلَنْ)۔

موقوف، جس کا ماقبل مجزوم ہو مگر خود اُس پر کوئی اعراب نہ ہو مثلاً اسپ (اَس، پ) کی پ۔

مدہ جس حرف علت کی حرکت ماقبل موافق ہو مثلاً نور، باغ، جین (نُور، باغ، جِین)

لین جس حرف علت کی حرکت ماقبل موافق نہ ہو مثلاً قول، بیت (قَول، بَیت)

اقسامِ حُروف باعتبار تلفظ

الف مقصورہ، جو اپنی اکیلی آواز دے مثلاً اگر (اَگر) کا الف۔

الف ممدودہ، جو دوسرے الف سے مل کر آواز دے مثلاً آ (اا)

نون مخلوط، جو درمیان کلمہ میں حرف ماقبل سے مل کر آواز دے مثلاً سنگ، رنگ (سَنگ، رَنگ)۔

نون غنہ، جو درمیان کلمہ میں الف کے ساتھ ناک میں بولا جاوے مثلاً خواند، ناند (خواں د، ناں د)

نون غنہ، جو آخر کلمہ میں حرف علت کے ساتھ ناک میں بولا جاتے مثلاً جہاں، بریں، چوں (جہاں، بریں، چوں)۔

واو معروف، جس کے ماقبل ضمہ خالص ہو مثلاً فضول، مشہور (فُضُول، مَش، ہُور)۔

واو مجہول، جس کے ماقبل ضمہ غیر خالص ہو مثلاً ہوش، شور (ہُوش، شُور)

واو معدولہ، جو پڑھنے میں نہ آئے مثلاً خوش، تو (خُش، تُ)

واو اشمام، جس کے پہلے خائے مفتوحہ اور مابعد الف ہو اور جس کے تلفظ میں خ کو ادا کرتے ہی ہونٹھوں کو بغیر ملائے ضمہ کی طرف اشارہ کیا جاوے مثلاً خواہ، خواں (خواہ، خواں)

یائے معروف، جس کے ماقبل کسرہ خالص ہو مثلاً امیر، فقیر (اَمِیر، فقِیر)

یائے مجہول، جس کے ماقبل کسرہ غیر خالص ہو مثلاً بیشی، شیر (بے، بیشی، شیر)۔

جس لغت کے معانی سلسلہ وار دیئے گئے ہیں منشا یہ ہے کہ وہ اپنے علیحدہ معنوں اور جدا مفہوم کے ساتھ ان اسنہ مختلفہ میں علی الترتیب مستعمل ہے جن سے ہماری زبان اردو نے تشکیل پائی ہے۔

مخففات

جع یعنی جمع
جع جع " جمع الجمع
مضع " مضارع

فارسی جمع

اکثر الفاظ کی جمع فارسی قاعدے کے بموجب ہماری زبان اُردو کے اندر بھی استعمال ہوتی ہیں۔ جن کے بنانے کے قاعدے بہت آسان مگر حاوی اُصولوں پر مبنی ہیں۔ لہٰذا بنظر اختصار ان کو عربی جمع کے ہمدوش اپنے مفردات کے ساتھ درج کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ تاہم قارئین اُردو کی سہولت کو ملحوظ رکھتے ہوئے چند عام فہم قاعدے بیان کیے جاتے ہیں۔

جاندار اسماء

(۱) اسم مفرد ذی روح کے آخر میں خواہ وہ مذکر ہو یا مؤنث حروف 'ان' بڑھا دینے سے اُس کی جمع بن جاتی ہے۔ مثلاً مرد سے 'مردان' 'زن' سے 'زنان' 'مرغ' سے 'مرغان'۔

(۲) جو اسم مفرد حروف 'او' میں سے کسی پر ختم ہوتا ہو اُس کی جمع بنانے میں حروف 'ان' علامتِ جمع سے پہلے حرف 'ی' اور زائد ملا لینا چاہیئے مثلاً دانا سے دانایان، خوبرو سے خوبرویان۔

(۳) جس اسم مفرد کے آخر میں حرف 'ہ' ہو اُس کی جمع بناتے وقت یہ حرف 'ہ' حرف 'گ' سے بدل دینا چاہیئے مثلاً بچہ سے بچگاں، خفتہ سے خفتگاں۔

بے جان اشیاء

(۱) اسم مفرد غیر ذی روح کے آخر میں خواہ وہ اُردو کے اندر مذکر بولا جاتا ہو یا مؤنث حروف 'ہا' یعنی کلمہ 'ہا' بڑھا دینے سے اُس کی جمع بن جاتی ہے مثلاً دل سے دلہا۔ سنگ سے سنگہا۔

(۲) اگر یہ اسم مفرد حرف 'ہ' پر ختم ہو تو یہ 'ہ' جمع کی 'ہ' سے مل کر ساقط ہو جاویگی مثلاً افسانہ سے افسانہا۔

بعض اسماء کی جمع بطریقہ عربی بھی فارسی میں بنائی جاتی ہے مثلاً بیگم سے بیگمات، دِہ سے دہات کارخانہ سے کارخانجات وغیرہ۔

کبھی کبھی متذکرہ بالا فارسی قواعد کے برعکس بھی جمع استعمال کی گئی ہیں اس قسم کی خلافِ قیاس جمع کو اپنے مفرد کے ماتحت حتی الامکان درج کردیا گیا ہے۔

(مطبوعہ محبوب برقی پریس بلیماران دہلی)

ا (اَلِفْ) قائم مقام عدد ۱، حرف قمری، حرف علت، فارسی میں چند حرفوں سے بدل ہے - ۱ - و کے ساتھ مثلاً بایں، بدیں - ۲ - گ کے ساتھ مثلاً اُستاخ، گستاخ - ۳ - ہ کے ساتھ مثلاً ایچ، ہیچ - ۴ - ی کے ساتھ مثلاً ایلاق، ییلاق -

آ (آ) حرف ندبہ، حرف تنبیہ، آؤ، نقل آواز،

آب (آبْ) پانی، رونق، چمک، خوبی، عزت، قدر، جوہر، خالص شراب -

آبا (آ با) اب کی جمع، پرکھے، باپ دادا (آ-با) نلکی نیستاں، بوستاں -

آب آتشیں (آبِ-آ-تَشِیْں) تیز شراب -

آباد (آ-بَادْ) ۱ سر سبز، بسا ہوا - ۲ - ابد کی جمع

آبادان (آ-با-دَانْ) آباد کا مزید علیہ، سر سبز

آبادانی (آ-با-دَا-نِیْ) سر سبزی، چہل پہل -

آبادی (آ-با-دِیْ) بستی، بساہت -

آبار (آ-بَارْ) ۱ - بیر کی جمع - ۲ - جلا ہوا سیسہ -

آبارانیدن (آ-با-رَا-نِیْ-دَنْ) تعریف کرنا -

آبارہ (آ-با-رَہْ) حساب -

آبال (آ-بَالْ) ابل کی جمع -

آبان (آ-بَانْ) فارسی کا آٹھواں شمسی مہینہ -

آب انار (آبِ اَنَارْ) سرخ شراب -

آب انگور (آبِ-اَنْگْ-گُوْرْ) انگور کی شراب -

آبائی (آ-با-اِیْ) منسوب بہ آبا، پشتینی -

آب باراں (آبِ-با-رَاں) مینہ کا پانی -

آبباز (آبْ-بَازْ) تیراک -

آب برندہ (آبِ-بُرَنْ-دَہْ) ہلکا اور ہاضم پانی -

آب بستہ (آبِ-بَسْ-تَہْ) شیشہ -

آب بقا (آبِ-بَقَا) آبحیات -

آبپاشی (آبْ-پَا-شِیْ) سینچائی، چھڑکاؤ -

آبتاب (آبْ-تَابْ) چمک دمک، رونق -

آبتاختن (آبْ-تَاخْ-تَنْ) پیشاب کرنا -

آب جاری (آبِ جَا-رِیْ) بہتا ہوا پانی -

آبجو (آبْ-جُوْ) ندی، نالہ -

آبجوش (آبْ-جُوْشْ) شوربا، یخنی، سوڈا واٹر -

آب چشم (آبِ-چَشْ م) آنسو -

آبچک (آبْ-چَکْ) پانی ٹپکنے کی جگہ -

آب حیات، آب حیوان (آبِ-حَیَاتْ، آبِ-حَیْ-وَانْ) امرت، وہ پانی جسکو پی کر کبھی موت نہیں آتی -

آب خاصہ (آبِ-خَاصَہْ) امیروں کے پینے کا پانی

آبخانہ (آب-خا-نہ) پائیخانہ، پانی رکھنے کا مکان-
آبخست (آب-خس-ت) پانی کے درمیان کی سوکھی زمین
آب خضر (آب-خض-ر) آب حیات-
آبخورد (آب-خر-د) مقسوم، نصیب-
آبخورہ (آب-خو-رہ) پانی پینے کا برتن-
آبخیز (آب-خیز) موج-
آبدار (آب-دار) چمکدار، ابھرا پانی-
آبدار خانہ (آب-دار-خانہ) پانی رکھنے کی جگہ
آبداری (آب-دا-ری) چمک، صفائی-
آب دانہ (آب-دا-نہ) دانہ پانی، رزق، روزی-
آبدست (آب-دس-ت) پانی کا استنجا، وضو-
آبدوز (آب-دوز) پانی کے اندر والا-
آبراہ (آب-راہ) موری، پانی کا راستہ، براہ
آب رفتن (آب-رف-تن) بے آبرو ہونا-
آبرو (آب-رو) عزت، نیکنامی، تازگی-
آب رواں (آب-رواں) بہتا ہوا پانی-
آبرہ (آب-رہ) دیکھو ابرہ-
آب ریختن (آب-ریخ-تن) بے آبرو کرنا-
آبریز (آب-ریز) پانی کا برتن، لوٹا وغیرہ-
آبر لیشم (آب-ریے-شم) دیکھو ابریشم-
آب زر (آب-زر) چاندی سونے کا پانی-
آب زلال (آب-زلال) میٹھا صاف پانی-
آبزن (آب-زن) نہانے کا حوض-
آبسال (آب-سال) باغ، انگور کا باغ-
آبست، آبستان، آبستن (آ-بس-ت، آ-بس-تان، آ-بس-تن) گابھن، حاملہ، پوشیدہ
آبستنی (آ-بس-تنی) حاملہ، گابھن، بر لطف-
آبستہ (آ-بس-تہ) حاملہ، گابھن، بچہ دانی، (آ-بس-تہ) کھیتی کے لئے نکالی ہوئی زمین-
آبشار (آب-شار) جھرنا
آبشتن (آ-بش-تن) پوشیدہ رکھنا-

آب شناس (آب-شناس) ملاح-
آب شور (آب-شور) کھاری پانی-
آب شورہ (آب-شو-رہ) شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی-
آبق (آ-بق) بھاگنے والا-
آبکار (آب-کار) شراب کا کام کرنے والا، بھشتی-
آبکاری (آب-کا-ری) شراب کا کاروبار، منشیات کا محصول-
آب کوثر (آب-کو-ثر) جنت کے حوض کوثر کا پانی-
آب گوشت (آب-گوش-ت) یخنی، شوربا-
آبگیر (آب-گیر) پوکھر، جوہڑ-
آبگینہ (آب-گی-نہ) شیشہ، کانچ-
آبلہ (آب-لہ) پھپھولہ، چھالا، چیچک-
آبنائی (آب-نائی) دو سمندروں کے ملنے کا تنگ راستہ-
آب نقرہ (آب-نق-رہ) پارہ، سیماب
آبنوس (آب-نوس) ایک قسم کی چمکدار کالی لکڑی
آبونہ (آ-بو-نہ) اخبار یا رسالے کا چندہ-
آبی (آ-بی) منسوب بہ آب، انکاری، مفرور-
آبیاری (آب-یا-ری) آبپاشی، سینچائی-
آبیانہ (آب-یا-نہ) پانی کا محصول-
آپا (آ-پا) بہن-
آت (آت) گھوڑا-
آتش (آ-تش) آگ، غصہ، جہنم-
آتش افگن (آ-تش-اف-گن) آگ پھینکنے والا-
آتش انگیز (آ-تش-انگ-گیز) آگ بھڑکانیوالا-
آتشبار (آ-تش-بار) آگ برسانے والا-
آتشباری (آ-تش-با-ری) آتشیں اسلحہ کا استعمال
آتشباز (آ-تش-باز) آتشبازی بنانے والا-
آتشبازی (آ-تش-با-زی) آتشیں کھلونا، آتشیں کھیل
آتشپا (آ-تش-پا) بیقرار-

آتشپارہ (آ-تش-پا-رہ) چنگاری، انگارہ-
آتشپرست (آ-تش-پرس-ت) مجوسی، پارسی، آگ کا پجاری-
آتشپرستی (آ-تش-پرس-تی) آگ کی پوجا-
آتشخانہ (آ-تش-خا-نہ) انگیٹھی-
آتشخوار (آ-تش-خوار) چکور، آگ کھانے والا-
آتشدان (آ-تش-دان) انگیٹھی-
آتشزبان (آ-تش-زبان) تیز زبان-
آتشزبانی (آ-تش-زبا-نی) تیز زبانی-
آتشزدگی (آ-تش-زد-گی) آگ لگ جانا-
آتشزدہ (آ-تش-زدہ) آگ لگا ہوا، جلا ہوا-
آتشزن (آ-تش-زن) آگ لگانے والا-
آتشزنی (آ-تش-زنی) آگ لگانا-
آتش زیرپا (آ-تش-زیر-پا) بے قرار-
آتشستان (آ-تش-ستان) آتش عظیم، میدان جنگ
آتشک (آ-تشک) ایک موذی بیماری، جگنو-
آتشکار (آ-تش-کار) بادرچی، آتشباز-
آتشکاری (آ-تش-کا-ری) تشکین، سیکنا-
آتشکدہ (آ-تش-کدہ) آتش خانہ-
آتشگیر (آ-تش-گیر) آگ پکڑنے والی چیز-
آتشمزاج (آ-تش-مزاج) غصیلا، غضبناک-
آتشمزاجی (آ-تش-مزا-جی) غصیلاپن، غضبناکی-
آتشی (آ-تشی) آتش سے منسوب، آگ کا-
آتشیزہ (آ-تشی-زہ) جگنو، پٹ بیجنا-
آتشیں (آ-تشیں) آتشی-
آتون (آ-توں) اتالیقہ، استانی-
آتی (آ-تی) آنے والا، پہونچنے والا-
آتیہ (آ-تیہ) آنے والی، پہونچنے والی-
آثار (آ-ثار) اثر کی جمع، دیوار کی چوڑائی-
آثار الصنادید (آ-ثا-رص-صنا-دید) سرداروں کے نشانات

آثار قدیمہ (آ۔ثار۔قدی۔مہ) پرانے نشانات۔
آثم (آ۔ثم) گنہگار، پاپی۔
آثی (آ۔ثی) سخن چیں، عیب گو۔
آجدن (آ۔جدن) جھری پڑنا، گودنا۔
آجدہ (آ۔جدہ) چھیدا ہوا، گھونپا ہوا، جھری پڑا ہوا۔
آجر (آ۔جر) پکی اینٹ (آ۔جر) اجرت دینے والا۔
آجل (آ۔جل) عقبیٰ، قیامت (آ۔جل) نوکار۔
آجیدن (آ۔جی۔دن) دیکھو آجدن۔
آجیدہ (آ۔جی۔دہ) دیکھو آجدہ۔
آچار (آ۔چار) کسی پھل کا مصالحہ دار ترش مرکب۔
آچاریدن (آ۔چا۔ری۔دن) ملنا، ملانا مضع آچارد۔
آخ (آخ) کلمۂ تحسین و آفرین۔
آختن (آخ۔تن) کھینچنا، سوتنا مضع آخذ، آختد۔
آختہ (آخ۔تہ) خصی جانور، کھینچا ہوا۔
آخذ (آ۔خذ) لینے والا، پکڑنے والا۔
آخذہ (آ۔خذہ) لینے والی، پکڑنے والی۔
آخر (آ۔خر) دوسرا (آ۔خر) پچھلا جمع اواخر۔ آخر (آ۔خر) گردن کے منکے کی ہڈی، نہار، چارہ، طویلہ
آخر الامر (آ۔خر۔ل۔ام۔ر) آخرکو، آخرکار۔
آخربیں (آ۔خر۔بیں) دور اندیش، آخر دیکھنے والا۔
آخربینی (آ۔خر۔بی۔نی) دور اندیشی، انجام سوچنا۔
آخرت (آ۔خرت) عقبیٰ۔
آخروشیدن (آخ۔رو۔شی۔دن) شور کرنا۔
آخری (آ۔خری) پچھلا، قطعی۔
آخرین (آ۔خرین) آخر کی جمع (آ۔خرین) سب سے پچھلا
آخشیج، آخشیگ (آخ۔شیج، آخ۔شیگ) ضدّا مخالف عنصر
آخور (آ۔خور) چراگاہ، اصطبل۔
آخوند (آ۔خن۔د) معلم، استاد۔
آداب (آ۔داب) ادب کی جمع۔۲۔پسندیدہ طریقہ شائستگی، مراسم، سلام، کورنش۔

آوت (آ۔ وَتْ) ہتھیار جمع آوات۔
آوَر (آ۔ وُرْ) دیکھو آذر (آ۔ ذِرْ) نشتر۔
آورخش (آ۔ وُرَخْ۔ شْ) بجلی، کڑک، جاڑا۔
آدم (آ۔ دَمْ) انسان۔
آدم خور (آ۔ دَمْ۔ خُوْرْ) جو آدمی کو کھا جائے۔
آدم زاد (آ۔ دَمْ۔ زَادْ) انسان، نسل انسان۔
آدمی (آ۔ دَمِیْ، آدْ۔ مِیْ) انسان۔
آدمیت (آدَمِی۔ یَتْ) انسانیت۔
آدینہ (آ۔ دِیْ۔ نَہْ) جمعہ۔
آذان (آ۔ ذَانْ) اُذن کی جمع۔
آذر (آذَرْ) فارسی کا نواں شمسی مہینہ، چنگاری
آذریون (آ۔ ذَرْ۔ یُوْنْ) سورج مکھی۔
آذن (آ۔ ذَنْ) لمبے کانوں والا، لمکنو۔
آر (آرْ) لاؤ، لے آؤ۔
آرا (آ۔ رَا) آراستہ کرنے والا (آ۔ رَاءْ) راے کی جمع۔
آراب (آ۔ رَابْ) ارب کی جمع۔
آراستگی (آ۔ رَاسْ۔ تَگِیْ) سجاوٹ۔
آراستن (آ۔ رَاسْ۔ تَنْ) سجانا مضع آرایَد۔
آراستہ (آ۔ رَاسْ۔ تَہْ) سجایا ہوا۔
آرام (آ۔ رَامْ) چین، سکھ، تخفیف مرض۔ ۲۔ ریم کی جمع
آرامجاں (آ۔ رَامْ۔ جَاں) جان کا آرام، محبوب
آرامش (آ۔ رَا۔ مِشْ) راحت، فراغت۔
آرامگاہ (آ۔ رَامْ۔ گَاہْ) چین کی جگہ۔
آرامندہ (آ۔ رَا۔ مِنْ۔ دَہْ) آرام کرنے والا
آرامیدن (آ۔ رَا۔ مِیْ۔ دَنْ) آرام کرنا، پانا مضع آرامَد۔
آرامیدہ (آ۔ رَا۔ مِیْ۔ دَہْ) آرام کیا ہوا۔
آرائی (آ۔ رَا۔ اِیْ) سجاوٹ۔
آرائیدن (آ۔ رَا۔ اِیْ۔ دَنْ) سجانا مضع آرایَد
آرائیدہ (آ۔ رَا۔ اِیْ۔ دَہْ) سجایا ہوا

آرای (آ۔ رَائیْ) سجانے والا۔
آرایش (آ۔ رَا۔ یِشْ) سجاوٹ۔
آرایندہ (آ۔ رَا۔ یَنْ۔ دَہْ) سجانے والا۔
آرد (آرْدْ) آٹا۔
آردن (آرْ۔ دَنْ) کفگیر، پرچھا۔
آرزم (آ۔ رَزْمْ) لڑائی، جنگ۔
آرزو (آرْ۔ زُوْ) امید، آس۔
آرزوگاہ (آرْ۔ زُوْ۔ گَاہْ) حصول آرزو کی جگہ۔
آرزومند (آرْ۔ زُوْ۔ مَنْدْ) امید وار۔
آرستن (آ۔ رَسْ۔ تَنْ) سکنا، طاقت رکھنا مضع آرَد۔
آرغیدن (آرْ۔ غِیْ۔ دَنْ) غصہ کرنا۔
آرمان (آرْ۔ مَانْ) دیکھو ارمان۔
آرمانیدن (آرْ۔ مَا۔ نِیْ۔ دَنْ) حسرت کرنا، آرزو کرنا
آرمیدن (آرْ۔ مِیْ۔ دَنْ) آرام پانا مضع آرَمَد
آرن، آرنج (آ۔ رَنْ، آ۔ رَنْجْ) کہنی، مرفق۔
آرندہ (آ۔ رَنْ۔ دَہْ) لانے والا۔
آرنہ (آرْ۔ نَہْ) نہیں تو، ورنہ۔
آروغ (آ۔ رُوْغْ) ڈکار۔
آروغندہ (آ۔ رُوْ۔ غَنْ۔ دَہْ) ڈکار لینے والا۔
آروغیدن (آ۔ رُوْ۔ غِیْ۔ دَنْ) ڈکار لینا مضع آروغَد
آروغیدہ (آ۔ رُوْ۔ غِیْ۔ دَہْ) ڈکار لیا ہوا۔
آروق (آ۔ رُوْقْ) دیکھو آروغ۔
آروین (آرْ۔ وِیْنْ) امتحان، آزمائش، تجربہ۔
آرے (آ۔ رےْ) ہاں، بلے، اچھا۔
آز (آزْ) حرص، ہوس، لالچ۔
آزاد، آزادہ (آ۔ زَادْ، آ۔ زَا۔ دَہْ) حر، بے قید
آزادی (آ۔ زَا۔ دِیْ) حریت، بے قیدی۔
آزار (آ۔ زَارْ) دکھ، بیماری، روگ۔
آزاردن (آ۔ زَارْ۔ دَنْ) دیکھو آزردن
آزاردہ (آ۔ زَارْ۔ دَہْ) ستایا ہوا۔

آزارندہ (آ-زا-رن-دہ) ستانے والا، موذی
آزاری (آ-زا-ری) بیمار، رنجیدگی۔
آزاریدن (آ-زا-ری-دن) ستانا مضع آزارد
آزدن (آ-زدن) سوئی چبھونا۔
آزردگی (آ-زر-دگی) ایذا، رنجیدگی، تکلیف
آزردن (آ-زر-دن) ستانا مضع آزارد
آزردہ (آ-زر-دہ) رنجیدہ، ملول، ستایا ہوا
آزرم (آ-زرم) شرم، حیا، صلح۔
آزما (آز-ما) آزمانے والا۔
آزمایش (آز-ما-یش) جانچ، امتحان۔
آزمایندہ (آز-ما-یِن-دہ) آزمانے والا۔
آزمند (آز-مند) لالچی، لوبھی
آزمودن (آز-مو-دن) آزمانا مضع آزماید
آزمودنی (آز-مو-دنی) آزمانے کے لایق۔
آزمودہ (آز-مو-دہ) آزمایا ہوا۔
آزمودہ کار (آز-مو-دہ-کار) تجربہ کار۔
آزمودہ کاری (آز-مو-دہ-کا-ری) تجربہ کاری
آزقہ، آزوقہ (آ-زقہ، آ-زو-قہ) پرند کا چوگا، تھوڑی سی غذا۔
آزور (آز-ور) لالچی، لوبھی۔
آژنگ (آ-ژنگ) آنکھ کا جیڑا۔
آژخ (آ-ژخ) مسّہ۔
آژدن (آژ-دن) دیکھو آزدن۔
آژمون (آژ-مون) امتحان، آزمایش۔
آژندن (آ-ژن-دن) دیکھو آژیدن
آژندیدن (آ-ژن-دی-دن) بیٹھا کی چنائی کرنا
آژنگ (آ-ژنگ) جھری، سرد ٹ۔
آژیدن (آ-ژی-دن) سرد ٹ پڑنا، جھری پڑنا
آژیر (آ-ژیر) زیادتی، غلبہ، فریاد، تالاب، آواز، مہیا۔
آژیریدن (آ-ژی-ری-دن) مہیا کرنا، آمادہ کرنا، خبردار کرنا، آواز کرنا۔

آژینہ (آ-ژی-نہ) چھینی۔
آس (آس) چکی، گنجفہ، تاش کا یکہ۔
آسا (آ-سا) مانند، مثل۔
آساس (آ-ساس) اسس کی جمع۔
آسان (آ-سان) سہل۔
آسانی (آ-سا-نی) سہولت۔
آسائیدن (آ-سا-ئی-دن) آرام پانا مضع آساید
آسائیدنی (آ-سا-ئی-دنی) آرام پانے کے لایق
آسائیدہ (آ-سا-ئی-دہ) آرام پایا ہوا۔
آسایش (آ-سا-یش) سکھ، چین
آسایندہ (آ-سا-یِن-دہ) آرام پانے والا۔
آستان، آستانہ (آس-تان، آس-تا-نہ) چوکھٹ
آستر (آس-تر) ضد ابرہ، پوشش کا الٹا پرت
آستون، آستین (آس-تن، آس-تین) ہاتھ کی پوشش
آسک (آ-سک) ہاتھ کی چکی۔
آسمان (آس-مان) چرخ، گردوں، عرش۔
آسمانہ (آس-ما-نہ) چھت، جنت۔
آسمانی (آس-ما-نی) سماوی، آسمان سے متعلق
آسودگی (آ-سو-دگی) خوشحالی، سیری۔
آسودن (آ-سو-دن) آرام پانا مضع آساید
آسودہ (آ-سو-دہ) آرام پایا ہوا، خوشحال، سیر۔
آسی (آ-سی) غمگین، طبیب، راہ نشین۔
آسیا (آ-سیا) چکی۔
آسیاب (آ-سیاب) پن چکی۔
آسیازنہ (آ-سیا-زنہ) چکی کھوٹنے کا آلہ۔
آسیانہ (آ-سیا-نہ) دھار تیز کرنے کا پتھر
آسیب (آ-سیب) خلل، خطرہ، تکلیف۔
آسیب باد (آ-سیب-باد) جھوکا۔
آسیمہ (آ-سی-مہ) پریشان، متحیر، مدہوش۔
آش (آش) شوربا، رقیق غذا، آہار۔
آشام، آشامندہ (آ-شام،

(آ-شا-مِن-دَہ) پینے والا۔
آشامیدن (آ-شا-مِی-دَن) پینا مصدر آشامد۔
آشامیدہ (آ-شا-مِی-دَہ) پیئے ہوئے، پیا ہوا۔
آشپز (آش-پَز) باورچی۔
آشپزخانہ (آش-پَز-خا-نَہ) باورچی خانہ۔
آشتاب (آش-تا) جلدی، شتاب۔
آشتی (آش-تی) دوستی، صلح۔
آشفتگی (آ-شُف-تَگی) بوکھلاہٹ، بدحواسی۔
آشفتن (آ-شُف-تَن) برہم ہونا، فریفتہ ہونا مضع آشوبد۔
آشفتہ (آ-شُف-تَہ) پریشان، سراسیمہ، پراگندہ، بدحواس
آشفتہ بیان (آ-شُف-تَہ-بَیا-ن) یاوہ گو۔
آشفتہ بیانی (آ-شُف-تَہ-بَیا-نی) یاوہ گوئی، بکواس
آشفتہ حال (آ-شُف-تَہ-حال) پریشان حال۔
آشفتہ سر (آ-شُف-تَہ-سَر) سر پھرا ہوا
آشفتہ مو (آ-شُف-تَہ-مُو) بال بکھرا ہوا۔
آشفتہ نوا (آ-شُف-تَہ-نَوا) پریشان، نالہ و فریاد کرنے والا
آشکار، آشکارا (آش-کار، آش-کا-را) ظاہر۔
آشلیق (آش-لِیق) غلہ، اناج۔
آشمالی (آش-ما-لی) خوشامد، بے جھجکی۔
آشنا (آش-نا) واقفکار، پیراک۔
آشناب (آش-ناب) تیراک، شناور۔
آشنائی (آش-نا-ئی) جان پہچان، واقفکاری
آشوب (آ-شوب) ہل چل، گھبراہٹ، فتنہ۔
آشوب آگہی (آ-شو-بِ-آ-گَہی) افکار و ذہنی۔
آشوب چشم (آ-شو-بِ-چَش-م) آنکھیں دُکھنا۔
آشوب زمانہ (آ-شو-بِ-زَما-نَہ) زمانے کی ہلچل، زمانے کا فتنہ۔
آشوبندہ (آ-شو-بَن-دَہ) فریفتہ ہونے والا، پریشان ہونے والا۔
آشوبیدن (آ-شو-بی-دَن) فریفتہ ہونا، پریشان ہونا مضع آشوبد۔
آشوبیدہ (آ-شو-بی-دَہ) پریشان، فریفتہ
آشوردن، آشوریدن (آ-شُور-دَن، آ-شُو-ری-دَن) ملانا، خمیر کرنا، سوندنا۔
آشوفتن (آ-شُوف-تَن) دیکھو آشفتن۔
آشیاں، آشیانہ (آ-شِیاں، آ-شِیا-نَہ) گھونسلا۔
آشیبہ (آ-شی-بَہ) دیکھو شیبہ۔
آصال (آ-صال) اصیل کی جمع۔
آصفیہ (آ-صَفی-یَہ) منسوب بہ آصف (اعلیحضرت آصف جاہ نظام حیدرآباد دکن)
آغا (آ-غا) بھائی، صاحب۔
آغاریدن (آ-غا-ری-دَن) دیکھو آغالیدن
آغاز (آ-غاز) شروع، ابتدا۔
آغازندہ (آ-غا-زَن-دَہ) شروع کرنے والا۔
آغازیدن (آ-غا-زی-دَن) شروع کرنا مضع آغازد۔
آغازیدہ (آ-غا-زی-دَہ) شروع کیا ہوا۔
آغاشتن (آ-غاش-تَن) اکٹھا کرنا، حاصل کرنا
آغال (آ-غال) جنگل میں چوپایوں کے رہنے کی جگہ۔
آغالیدن (آ-غا-لی-دَن) بھڑکانا، لڑائی جھگڑا کرانا، شور و غل مچانا۔
آغشتن (آ-غَش-تَن) آلودہ ہونا، لتھڑنا۔
آغشتہ (آ-غَش-تَہ) آلودہ، لتھڑا ہوا۔
آغل (آ-غَل) حظیرہ، باڑہ
آغندن (آ-غَن-دَن) دیکھو آگندن۔
آغوز (آ-غوز) پیوسی۔
آغوش (آ-غوش) گود، بر، کنار۔
آغوشیدن (آ-غو-شی-دَن) بغل میں لینا۔
آف (آف) سورج، خورشید۔
آفاق (آ-فاق) دنیا۔ ۲۔ افق کی جمع

آفاقی (آ-فا-قی) حرم سے باہر کا باشندہ، دنیا والا
آفت (آ-فت) مصیبت جمع آفات
آفتاب (آف-تاب) سورج -
آفتاب پرست (آف-تاب-پرس(ت)) آفتاب کا پجاری، سورج مکھی، گرگٹ -
آفتاب گیر (آف-تاب-گیر) چھجہ، سائبان، چھتری -
آفتابہ (آف-تا-بہ) پانی کا لوٹا -
آفتابی (آف-تا-بی) دھوپ دی ہوئی چیز، سورج مکھی، کڑھائی، لنگوٹ -
آفریدگار (آف-ری-دگار) پیدا کرنے والا، خدا
آفریدن (آف-ری-دن) پیدا کرنا مضع آفرید
آفریدہ (آف-ری-دہ) پیدا کیا ہوا، مخلوق جمع آفریدگاں
آفریں (آف-ریں) کلمۂ تحسین، شاباش، پیدا کرنے والا
آفرینش (آف-ری-نش) پیدائش، جنم
آفرینندہ (آف-ری-نن-دہ) پیدا کرنے والا، خدا
آفندن (آ-فن-دن) دیکھو آفندیدن -
آفندی (آ-فن-دی) ترکی زبان میں صاحب کا مرادف
آفندیدن (آ-فن-دی-دن) دشمنی اور لڑائی ٹھاننا -
آفیدن (آ-فی-دن) تعجب کرنا -
آقا (آ-قا) مالک، آغا -
آکا (آ-کا) بڑا بھائی -
آکال (آ-کال) اکل کی جمع -
آکل (آ-کل) کھانے والا، بادشاہ، کھانا کھایا ہوا، ردی -
آکو (آ-کو) الو -
آکوفت (آ-کوف(ت)) دیکھو کوفت -
آگاہ (آ-گاہ) خبردار، مطلع، واقف -
آگاہی (آ-گا-ہی) خبرداری -

آگاہیدن (آ-گا-ہی-دن) خبردار ہونا، جتانا مضع آگاہد -
آگندن (آ-گن-دن) بھرنا مضع آگند -
آگندہ (آ-گن-دہ) بھرا ہوا -
آگوش (آ-گوش) دیکھو آغوش -
آگوشیدن (آ-گو-شی-دن) دیکھو آغوشیدن -
آگہی (آ-گہی) دیکھو آگاہی -
آگیدن (آ-گی-دن) پاٹنا، ڈھیر کرنا -
آگیرہ (آ-گی-رہ) آگ لے اٹھنے والی چیز -
آگیں (آ-گیں) بھرا ہوا، پُر، لبالب -
آل (آل) کنبہ، اولاد، اہل خانہ جمع آوال
آلا (آ-لا) الّی کی جمع، الو کی جمع الجمع -
آلاف (آ-لاف) الف کی جمع -
آلام (آ-لام) الم کی جمع -
آلائیدن (آ-لا-ئی-دن) تھتھڑنا، لتھیڑنا مضع آلاید -
آلائیدہ (آ-لا-ئی-دہ) تھتھڑا ہوا، لتھیڑا ہوا -
آلایش (آ-لا-یش) آلودگی -
آلایندہ (آ-لا-یں-دہ) تھتھڑنے والا، لتھیڑنے والا
آلت (آ-لت) اوزار، ہتھیار جمع آلہ، آلات
آل تمغا (آل-تم-غا) فرمان شاہی، مہر بادشاہی، اساڑ نکا ایک محصول -
آلف (آ-لف) محبت کرنے والا -
آلفتہ (آ-لف-تہ) رند مشرب، بے باک -
آلو (آ-لو) آلو بخارا، چیری، آڑو -
آلود (آ-لود) تھتھڑنے والا، آلودہ ہونے والا
آلودگی (آ-لو-د-گی) ناپاکی، آلایش -
آلودن (آ-لو-دن) تھتھڑنا، لتھیڑنا، آلودہ ہونا مضع آلاید
آلودہ (آ-لو-دہ) لتھڑا ہوا، ملوث -
آلوس (آ-لوس) ناز، غصہ میں کنکھیوں سے دیکھنا
آلہ (آ-لہ) دیکھو آلت جمع آلات

آلۂ حرارت (آ-لَ اِ حَرَا-رَت) گرمی دیکھنے کا آلہ۔
آلۂ کار (آ-لَ اِ-کار) کام کا آلہ۔
آماج (آ-ماج) نشانہ، کل
آماجگاہ (آ-ماج-گاہ) نشانہ کی جگہ۔
آمادگی (آ-ما-دَگی) رضامندی، استعدی
آمادن (آ-ما-دَن) بھرنا، مستعد کرنا
مضع آمایَد۔
آمادہ (آ-ما-دَہ) رضامند، مستعد۔
آمارہ (آ-ما-رَہ) دیکھو آبارہ۔
آماس (آ-ماس) سوجن، ورم۔
آماسندہ (آ-ماسِن-دَہ) سوجنے والا، متورم۔
آماسیدن (آ-ماسی-دَن) سوجنا مضع آماسَد
آماسیدنی (آ-ماسی-دَنی) سوجنے کے لایق۔
آماسیدہ (آ-ما-سی-دَہ) سوجا ہوا۔
آمال (آ-مال) امل کی جمع۔
آمان (آ-مان) امن کی جمع۔
آماہ (آ-ماہ) دیکھو آماس۔
آمائیدن (آ-ما-اِی-دَن) بھرنا، سنوانا مضع آمایَد۔
آمد (آ-مَد) از خود خیال آنا، آمدنی، آنا۔
آمد آمد (آ-مَد-آ-مَد) آنے کا تنتنا۔
آمدن (آ-مَدَن) آنا مضع آیَد۔
آمدنی (آ-مَدَنی) پیداوار، آمد۔
آمد ورفت، آمد وشد (آ-مَدُو-رَفْت، آ-مَدُو-شُد) آنا جانا۔
آمدہ (آ-مَدَہ) آیا ہوا۔
آمر (آ-مِر) حکم کرنے والا، صاحب حکم، ڈکٹیٹر جمع آمرین۔
آمرزش (آ-مُر-زِش) بخشش
آمرزگار (آ-مُرز-گار) بخشنے والا۔
آمرزگاری (آ-مُرز-گا-ری) بخشش۔
آمرزندہ (آ-مُر-زَن-دَہ) بخشنے والا۔
آمرزیدن (آ-مُر-زی-دَن) بخشنا مضع آمرزد

آمرزیدہ (آ-مُر-زی-دَہ) بخشا ہوا۔
آمس (آ-مِس) وقت نزدیک۔
آمل (آ-مِل) امید دار جمع آمال۔
آملہ (آ-مْلَہ) ایک پھل۔
آمن (آ-مِن) بےخوف (آ-مَن) برا بےخوف۔
آموختن (آ-موخ-تَن) سیکھنا، سکھانا
مضع آموزد۔
آموختنی (آ-موخ-تَنی) سیکھنے سکھانے کے لایق۔
آموختہ (آ-موخ-تَہ) سیکھا یا سکھلایا ہوا، پڑھا ہوا سبق
آمودن (آ-مو-دَن) بھرنا، سنوارنا مضع آمایَد۔
آمودنی (آ-مو-دَنی) بھرنے کے لایق
آمودہ (آ-مو-دَہ) بھرا ہوا، پر۔
آموز (آ-موز) سکھانے والا، سیکھنے والا۔
آموزش (آ-مو-زِش) سکھاوٹ، سکھائی۔
آموزگار (آ-موز-گار) سکھانے والا، سیکھنے والا
آموزندہ (آ-مو-زَن-دَہ) سکھانے والا، سیکھنے والا
آموزیدن (آ-مو-زی-دَن) دیکھو آموختن۔
آمہ (آ-مَہ) دوات۔
آمیختن (آ-میخ-تَن) ملنا، ملانا مضع آمیزد۔
آمیختنی (آ-میخ-تَنی) ملنے کے لایق، ملانے
کے لایق۔
آمیختہ (آ-میخ-تَہ) ملایا ہوا، مغشوش۔
آمیز (آ-میز) ملنے والا، ملانے والا۔
آمیزش (آ-مے-زِش) ملاوٹ، ملونی۔
آمیزندہ (آ-مے-زَن-دَہ) ملنے والا، ملانے والا
آمیزیدن (آ-مے-زی-دَن) دیکھو آمیختن
آمیزیدہ (آ-مے-زی-دَہ) ملایا ہوا۔
آمیغ (آ-میغ) دیکھو آمیز
آمین (آ-مین) خدا یونہی کرے۔
آن (آن) وقت، لمحہ جمع آنا، آنات،
آدان ۲- شان، عجب، مال، ملکیت

(آں) وہ شخص جمع **آناں** ، حرف اشارہ بعید، وہ

آنار (آ-نار) دیکھو انار
آنا فاناً (آ-نن-فا-ننن) ایکا ایکی، یکلخت۔
آنام (آ-نام) دیکھو انام۔
آنچہ (آں-چہ) جو کچھ۔
آنرا (آں-را) اُس کے لئے، اُس کو۔
آنس (آ-نِس) محبت کرنے والا (آ-نَس) عادی۔
آنسہ (آ-نِسَہ) محبت کرنے والی، کنواری لڑکی۔
آنستہ (آ-نِس-تَہ) موتھا گھاس، سعد۔
آنف (آ-نِف) اوّل وقت، آہستہ، سابق۔
آنک (آ-نَک) جھالا، دور کی چیز کیلئے اشارہ (آنگ) سیسہ۔
آنکس، آنکس (آن-کس، آن-کُر) ہاتھی بان کا ہانکنے کا آلہ۔
آنہا (آں-ہا) وہ لوگ۔
آنیہ (آ-نِیَہ) انار کی جمع۔
آو (آو) دیکھو آب۔
آوا (آ-وا) آواز۔
آوارگی (آ-وا-رَگی) اوباشی، خاک چھاننا۔
آوارہ (آ-وا-رَہ) بے ٹھکانہ، اوباش، جدا۔
آوارہ گردی (آ-وا-رَہ-گَر-دی) خاک چھاننا پھرنا
آواز (آ-واز) نوا، صوت، بول۔
آوازہ (آ-وا-زَہ) شہرا، ناموری۔
آواک (آ-واک) ٹاپو، جزیرہ۔
آوال (آ-وال) آل کی جمع۔
آوان (آ-وان) آن کی جمع۔
آوائی (آ-وائی) دیکھو آواز۔
آورد (آ-وَرد) یقین، تحقیق، درست، گھادنا، صاحب، مالک، لانے والا
آورد (آ-وَرد) لایا ہوا، پیدا کیا ہوا خیال۔
آوردن (آ-وَر-دَن) لانا مضع آورد

آوردنی (آ-وَر-دَنی) لانے کے قابل۔
آوردہ (آ-وَر-دَہ) لایا ہوا، متوسل
آوردیدن (آ-وَر-دِی-دَن) حملہ کرنا مضع آورد
آورندہ (آ-وَرَن-دَہ) لانے والا، حملہ آور
آوند، آوند (آ-وَند، آ-وَنگ) برتن، کمر، الگنی
آویج (آ-ویج) دیکھو آویز۔
آویختن (آ-ویخ-تَن) لپٹنا، لٹکنا، لٹکانا مضع آویزد۔
آویختنی (آ-ویخ-تَنی) لٹکانے کے قابل۔
آویختہ (آ-ویخ-تَہ) لپٹا ہوا، لٹکا ہوا، لٹکایا ہوا۔
آویز (آ-ویز) لپٹنے والا، لٹکانے والا، لٹکنے والا۔
آویزش (آ-وے-زِش) چپقلش، لاگ ڈانٹ۔
آویزندہ (آ-وے-زَن-دَہ) لپٹنے والا، لٹکنے والا، لٹکانے والا
آویزہ (آ-وے-زَہ) بندا، مُرکی، لٹکن کا لمپ
آہ (آہ) کلمۂ افسوس و درد، ہائے۔
آہا (آہا) کلمۂ اظہار خوشنودی۔
آہار (آ-ہار) مانڈی، لیئی، کلف۔
آہختن (آ-ہَخ-تَن) دیکھو آہیختن۔
آہستگی (آ-ہِس-تَگی) دھیما پن۔
آہستہ (آ-ہِس-تَہ) دھیما، مندا۔
آہک (آ-ہَک) چونا۔
آہل (آ-ہَل) جہاں کسی کے بیوی بچے ہوں۔
آہن (آ-ہَن) لوہا۔
آہنج (آ-ہَنج) دیکھو آہنگ۔
آہنجیدن (آ-ہَن-جی-دَن) کھینچنا، قصد کرنا۔
آہن ربا (آ-ہَن-رُبا) چمک پتھر، مقناطیس۔
آہنگ (آ-ہَنگ) قصد، وقت، آواز، راگ۔
آہنگر (آ-ہَن-گَر) لوہار۔
آہنگیدن (آ-ہَن-گی-دَن) دیکھو آہنجیدن۔
آہنی، آہنیں (آ-ہَنی، آ-ہَنیں) لوہے کی چیز۔

آہو (آ-ہُو) ہرن، عیب
آہو برہ (آ-ہُو-بَرَہ) ہرن کا بچہ۔
آہو پرستی (آ-ہُو-پَرَس-تی) شکار کی وحشت۔
آہون (آ-ہُون) سرنگ، سوراخ۔
آہیختن (آ-ہِخ-تَن) کھینچنا، لٹکانا مصدر
آہیز آویز دو۔
آہیختنی (آ-ہِخ-تَنی) لٹکانے کے لائق۔
آہیختہ (آ-ہِخ-تَہ) لٹکایا ہوا، کھینچا ہوا۔
آہیزیدن (آ-ہے-زِی-دَن) دیکھو آہیختن۔
آئب (آ-اِب) پھرنے والا جمع آواب، اَیَاب، اوب
آئین (آ-اِین) قانون، قاعدہ، دستور، طریقہ، چلن
آئینہ (آ-اِی-نَہ) منہ دیکھنے کا شیشہ۔
آئینہ بندی (آ-اِی-نَہ-بَن-دی) خاص موقع پر شہر کی سجاوٹ
آئینہ دار (آ-اِی-نَہ-دار) نائی، آئینہ رکھنے والا
آئینہ داری (آ-اِی-نَہ-دا-ری) آئینہ رکھنا۔
آیا (آ-یا) حرفِ شک، حرفِ ندا۔
آیان (آ-یان) آنے والا
آیانی (آ-یا-نی) شائستگی، خوبی۔
آیت (آ-یَت) نشانی، آسمانی کتاب کا جملہ۔
جمع آیات۔
آیندہ (آ-یَن-دَہ) آنے والا۔
آیہ (آ-یَہ) دیکھو آیت جمع آیات
اب (اَب) باپ جمع آبا
ابا (اَبا) باز رہنا، نہ ماننا (اَبا) ساتھ، یا، شوربا، آش
علامت کنیت (اُبا) اکھن کرنا۔
ابابیل (اَبا-بِیل) ابول، ابیل کی جمع نام پرند۔
اباحت (اِبا-حَت) اجازت، مباح کرنا۔
اباریق (اَبا-رِیق) ابریق کی جمع۔
اباطل (اَبا-طِل) ابطل کی جمع۔
اباطیل (اَبا-طِیل) باطل کی جمع۔
اباعن جد (اَب-عَن-جَد) باپ دادا سے

اباق (اِبا-ق) بھگوڑا
ابتدا (اِب-تِدا) آغاز، شروع
ابتداءً (اِب-تِدا-اَن) شروع میں، پہلے
ابتذال (اِب-تِذال) فضول خرچی، ذلیل پن، اقتصاد سے بڑھنا
ابتر (اَب-تَر) بدحال، بدچلن، دُم کٹا ہوا۔
ابتری (اَب-تَری) خرابی، بدحالی۔
ابتسام (اِب-تِسام) مسکراہٹ، کھلنا۔
ابتعاد (اِب-تِعاد) دور ہونا۔
ابتغا (اِب-تِغا) چاہت کرنا، خواہش کرنا۔
ابتکار (اِب-تِکار) نیا کرنا۔
ابتلا (اِب-تِلا) آزمائش، بلا ٹوٹنا۔
ابتلاع (اِب-تِلاع) سٹکنا، نگلنا۔
ابتلال (اِب-تِلال) بھیگنا، تر ہونا۔
ابتہاج (اِب-تِہاج) خوشی، مسرور ہونا۔
ابتہال (اِب-تِہال) زاری، رونا۔
ابجد (اَب-جَد) الف بے یعنی حروفِ تہجی۔
ابحار، ابحر (اَب-حار، اَب-حُر) بحر کی جمع۔
ابخر (اَب-خَر) گندہ دہن۔
ابخرہ (اَب-خِرَہ) بخار، بخور کی جمع۔
ابخل (اَب-خَل) بہت کنجوس۔
ابد (اَبَد) ہمیشگی جمع آباد۔
ابدا (اِب-دا) ظاہر کرنا، پیدا کرنا۔
ابداً (اَبَدَن) ہرگز، زنہار، اصلاً، کبھی
ابداو (اَب-داو) بد کی جمع۔
ابداع (اِب-داع) ایجاد، نئی چیز پیدا کرنی
ابدال (اِب-دال) تبادلہ کرنا، بدلی کرنا (اَب-دال)
ابدالِ کامل۔ بدل، بدیل کی جمع۔
ابدان (اَب-دان) بدن کی جمع۔
ابدی (اَبَدی) دائمی، منسوب بہ ابد (اَب-دا) آشکار
ابذا (اِب-ذا) نامزا کہنا۔
ابذار (اَب-ذار) بذر کی جمع۔

ابر (اَبْر) بادل، گھٹا (اَبْرَۃ) دیکھو بَرَہ۔
ابراء (اِبْ۔ رَاء) بیزاری، بیماری سے اچھا ہونا۔
ابرار (اَبْ۔ رَار) بار، بَرّ کی جمع۔
ابراز (اِبْ۔ رَاز) ظاہر، فاش کرنا۔
ابراق (اِبْ۔ رَاق) بجلی مارنا، بجلی گرنا۔
ابرام (اِبْ۔ رَام) رنجیدگی، افسردہ، التماس، کبیدگی، استواری
ابر بہاراں (اَبْ۔ رِ۔ بَہَا۔ رَاں) موسم برسات کی گھٹا
ابرد (اَبْ۔ رَد) بہت ٹھنڈا۔
ابرش (اَبْ۔ رَش) ابلق
ابرص (اَبْ۔ رَص) سفید کوڑھ کا بیمار۔
ابرق، ابرک (اَبْ۔ رَق، اَبْ۔ رَک) شیشہ کی
مانند ایک پرتی۔
ابرل (اِبْ۔ رِل) اپریل۔
ابرو (اَبْ۔ رُو) بھوں۔
ابرہ (اَبْ۔ رَہ) ضد استر، پوشش کا بیرونی پرت،
مردہ بادل (اِبْ۔ رَہ) ڈنک، سوئی جمع اِبَر، اِبَار
ابری (اِبْ۔ رِی) بحری مسافر (اَبْ۔ رِی)
ابر دار کاغذ، منسوب طرف ابر۔
ابریج (اِبْ۔ رِیج) چھاچھ بلونے کی رئی، شہر زند۔
ابریسم، ابریشم (اِبْ۔ رِی۔ سَم، اَبْ۔ رِے۔ شَم) ریشم
ابریشمینہ (اَبْ۔ رِے۔ شَمِی۔ نَہ) ریشمین چیز۔
ابریق (اِبْ۔ رِیق) ٹونٹی دار لوٹا جمع اَبَارِیق
ابشار (اَبْ۔ شَار) بشر کی جمع۔
ابصار (اِبْ۔ صَار) دیکھنا (اَبْ۔ صَار) بصر کی جمع
ابط (اِبْط، اِبِط) بغل جمع آباط۔
ابطاء (اِبْ۔ طَاء) دیر کرنا۔
ابطال (اِبْ۔ طَال) باطل کرنا، نیست کرنا (اَبْ۔ طَال)
بطل کی جمع۔
ابطل (اَبْ۔ طَل) بہت ناحق جمع اَبَاطِل
ابعاد (اِبْ۔ عَاد) دور کرنا (اَبْ۔ عَاد) بُعد کی جمع۔
ابعاد ثلٰثہ (اَبْ۔ عَادِ ثَلا۔ ثَہ) لمبائی چوڑائی گہرائی

ابعار (اَبْ۔ عَار) بعرہ کی جمع۔
اباعر، اباعیر (اَبَا۔ عِر، اَبَا۔ عِیر) بعیر کی جمع۔
ابعد (اَبْ۔ عَد) بڑا دور، فائق۔ جمع اَبَاعِد
ابعرہ (اَبْ۔ عِرَہ) بعیر کی جمع۔
ابقاء (اِبْ۔ قَاء) باقی رکھنا، مرمت کرنا۔
ابقاق (اِبْ۔ قَاق) بہت کہنا، بہت بکنا۔
ابقر (اَبْ۔ قَر) شورہ۔
ابکار (اِبْ۔ کَار) تڑلانا
ابکار (اَبْ۔ کَار) بکر کی جمع (اِبْ۔ کَار) صبح۔
ابکم (اَبْ۔ کَم) گونگا جمع بُکم
ابحی (اَبْ۔ حَا) پرار دینے والا۔
ابل (اِبِل) بہت سے اونٹ جمع آبال۔
ابلا (اِبْ۔ لَا) آزمائش، ظاہر کرنا، بلا میں ڈالنا۔
ابلاس (اِبْ۔ لَاس) نا امیدی، غمگین ہونا۔
ابلاغ (اِبْ۔ لَاغ) نگلانا۔
ابلاغ (اِبْ۔ لَاغ) پہونچانا، بھیجنا۔
ابلج (اَبْ۔ لَج) روشن، ظاہر۔
ابلق (اَبْ۔ لَق) چتلا، کبرا۔
ابلوج (اَبْ۔ لُوج) شکر سفید۔
ابلہ (اَبْ۔ لَہ) مورکھ، نادان، بیوقوف جمع بُلہ
ابلہی (اَبْ۔ لَہی) حماقت، سادگی۔
ابلیس (اِبْ۔ لِیس) شیطان، نا امید۔
ابن (اِبْن) بیٹا جمع اَبْنَاء، بَنِی، بَنُون۔
ابناء (اَبْ۔ نَاء) بناؤ، لنا (اَبْ۔ نَا) ابن کی جمع۔
ابن الاخ (اِبْ۔ نُلْ۔ اَخ) بھتیجا۔
ابن الاخت (اِبْ۔ نُلْ۔ اُخْ۔ ت) بھانجا۔
ابن السبیل (اِبْ۔ نُسْ۔ سَبِیل) مسافر، راہگیر۔
ابن العرس (اِبْ۔ نُلْ۔ عِرْس) نیولا
ابن العنب (اِبْ۔ نُلْ۔ عِنَب) انگوری شراب
ابن الوقت (اِبْ۔ نُلْ۔ وَقْت) زمانہ ساز
ابنائے جنس (اَبْ۔ نَا۔ ءِ۔ جِنْس) ہم قوم، ہم وطن

ابنائے زمانہ (اَب۔نا۔اے۔زَما۔نَہ) زمانہ سازلوگ
ابنائے وطن (اَب۔نا۔اے۔وَطَن) ہم وطن والے
ابنہ (اِب۔نَہ) بیٹی (اُب۔نَہ) لکڑی کا کیڑا
ابنیات، ابنیہ (اَب۔نیات، آب۔نِیَہ) بنا کی جمع۔
ابو (اَبُو) باپ، صاحب، علامتِ کنیت۔
ابواب (اَب۔وَاب) باب کی جمع، بدر نویسی۔
ابواز (اَب۔وَاز) باز کی جمع۔
ابوال (اَب۔وَال) بول کی جمع
ابوالشفا (اَبُش۔شِفا) مٹھاس، شکر۔
ابوالمنہا (اَبُل مِن۔ہا) شراب۔
ابوبہ (اَب۔وِبَہ) باب کی جمع۔
ابوت (اُبُوْ۔وَت) باپ ہونا۔
ابول (اَب۔بُول) گروہ جمع اَبابیل
ابوی (اَبَوِی) اب سے منسوب
ابہام (اِب۔ہام) انگوٹھا جمع اَبا ہِم، اَبا ہیم صاف بیان نہ کرنا۔
ابہت (اُب۔ہَت) بزرگی، رونق، شکوہ۔
ابہی (اَب۔ہا) بہت زیبا، سیاہ لب۔
ابی (اَبِی) متمرد، سرکش، میرے باپ
ابیے (اَبیے) دیکھو بے۔
ابیات (اَب۔یات) بیت کی جمع۔
ابیس (اَب۔یَس) بہت خشک۔
ابیض (اَب۔یَض) اجلا، سفید، چاندی، تلوار جمع بیض
ابیضان (اَب۔یَضان) دو سفید چیزیں، دودھ اور پانی
ابیل (اَبِیل) گروہ جمع اَبابیل
ابیون (اَب۔یُون) دیکھو افیون
ات (اَت) دلیل سے بھاری پڑنا۔
اتا (اَتا) باپ
اتابک (اَتا۔بَک) بزرگ باپ، شاہانہ خطاب۔
اتازولی (اَتا۔زِ۔ولی) ممالک متحدہ امریکہ۔

اتاق (اُتاق) خیمہ، ڈیرہ، مکان، گھر۔
اتاقہ (اُتا۔قَہ) کلغی، طرہ
اتالیق (اَتا۔لیق) اُستاد، ادب سکھانے والا۔
اتالیقی (اَتا۔لی۔قی) ادب آموزی کا عہدہ
اتان (اَتان) گدھیا، گدھی جمع اُتُن، اُتُن، اُتْن
اتب (اِتْب) کرتی۔
اتباع (اِت۔تِباع) پیروی، تابع ہونا (اَت۔باع) تبع کی جمع۔
اتبال (اِت۔بال) دشمنی رکھنا، فانی کرنا۔
اتحاد (اِت۔تِحاد) یگانگت، ملاپ، دوستی۔
اتحاف (اِت۔حاف) سوغات، تحفہ دینا۔
اتخاذ (اِت۔تِخاذ) پکڑنا، لینا، مالدار ہونا۔
اتراب (اِت۔راب) مٹی میں ملانا (اَت۔راب) ترب کی جمع
اتراس (اَت۔راس) ترس کی جمع۔
اتراک (اَت۔راک) ترک کی جمع۔
اتران (اِت۔ران) سپید ہونا۔
اتریک (اِت۔ریک) الیکٹریسٹی، بجلی۔
اتساق (اِت۔تِساق) ترتیب دینا، فراہم ہونا، درست ہونا
اتسام (اِت۔تِسام) نقش، نشان کرنا۔
اتصاف (اِت۔تِصاف) صفت رکھنا، تعریف کیا جانا
اتصال (اِت۔تِصال) میل، لگاتار ملنا۔
اتضاح (اِت۔تِضاح) روشن ہونا۔
اتعاب (اِت۔عاب) دکھ میں ڈالنا، ماندہ کرنا رنج میں ڈالنا (اَت۔عاب) تعب کی جمع۔
اتعاد (اِت۔تِعاد) وعدہ کرنا
اتفاق (اِت۔تِفاق) اچانک بات، یکجہتی جمع اتفاقات، ساتھی ہونا۔
اتفاقاً (اِت۔تِفاقَن) اچانک سے، ناگاہ۔
اتفاقی، اتفاقیہ (اِت۔تِفا۔قی، اِت۔تِفا۔قِیَہ) منسوب بہ اتفاق۔

اتقا (اِت۔ تِقا) پرہیزگاری، گناہ سے بچنا
اتقان (اِت۔ تِقان) مضبوط کرنا۔
اتقیا (اَت۔ قِیا) تقی کی جمع۔
اتکا (اِت۔ تِکا) تکیہ، بھروسہ کرنا۔
اتکار (اِت۔ تِکار) گھونسلا بنانا۔
اتکال (اِت۔ تِکال) تکیہ، بھروسہ کرنا۔
اتکہ (اَت۔ کَہ) اتایا دائی کا شوہر۔
اتلاد (اِت۔ لاد) پرانے مال کا مالک ہونا۔
اتلاف (اِت۔ لاف) بربادی، ضائع ہونا۔
اتلال (اَت۔ لال) تل کی جمع۔
اتم (اَتَم) کامل، پورا، تمامتر۔
اتمام (اِت۔ مام) تمام کرنا۔
اتمک (اَت۔ مَک) نان، خمیری روٹی۔
اتون (اَتُون، اَت۔ تُون) انگیٹھی، تنور، بھٹی۔
اتہاب (اِت۔ تِہاب) بخشش منظور کرنا، ہبہ کرنا۔
اتہام (اِت۔ تِہام) بہتان، تہمت تراشنا۔
اتیان (اِت۔ یان) رسیدگی، قدم، دخول۔
اثابت (اِثا۔ بَت) پاداش، جزا، بدلہ دینا۔
اثاث (اَثاث) اثاثہ کی جمع۔
اثاث البیت (اَثا۔ ثُل۔ بَیت) گھر کا سامان
اثاثہ (اَثا۔ ثَہ) اسباب خانگی جمع اَثاث۔
اثارہ (اِثا۔ رَہ) دھول اڑانا، جوتنا۔
اثامی (اَثا۔ می) مجرم، گنہگار۔
اثبات (اِث۔ بات) ثبوت، اقرار، ثابت کرنا۔
(اَث۔ بات) ثبت کی جمع۔
اثخان (اِث۔ خان) زخموں سے نڈھال کر دینا
اثر (اَثَر) سنت نبوی، تاثیر، نشان، زخم کا داغ، کھنڈر، کھوج جمع آثار، اثرات
اثفیہ (اُث۔ فِیَہ) چولھے کا پایہ، دیگپایہ جمع اثافی
اثقال (اِث۔ قال) بھاری ہونا، لادنا، لادنا
(اَث۔ قال) ثقل کی جمع۔

اثقل (اَث۔ قَل) بہت بھاری جمع اَثاقل
اثل (اَثْل) جھاؤ کا درخت جمع اَثول، اَثلات۔
اثم (اِثْم) گناہ، شراب، جوا جمع آثام۔
اثمار (اِث۔ مار) پھل لانا، پھلدار ہونا (اَث۔ مار) ثمر کی جمع
اثمان (اِث۔ مان) آٹھ عدد ہونا (اَث۔ مان) ثمن کی جمع
اثمد (اِث۔ مِد) سرمہ کا پتھر۔
اثمن، اثمنہ (اَث۔ مُن، اَث۔ مِنَہ) ثمن کی جمع۔
اثنا (اِث۔ نا) تعریف کرنا (اَث۔ نا) ثنی کی جمع
اثنا عشر (اِث۔ نا۔ عَشَر) بارہ ۱۲۔
اثنا عشری (اِث۔ نا۔ عَشَری) شیعہ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو ۱۲ اماموں کو مانتا ہے، بیٹ کی ایک آنت۔
اثنان (اِث۔ نان) دو۔
اثنین (اِث۔ نَین) دوشنبہ، دو، اثنان۔
اثنیہ (اَث۔ نِیَہ) ثنا کی جمع (اِث۔ نِیَہ) شہر اتھنز (یونان)
اثواب (اَث۔ واب) ثوب کی جمع۔
اثوار (اَث۔ وار) ثور کی جمع۔
اثیر (اَثِیر) بلند آسمان، فضائے بسیط، اثیر خالص، برگزیدہ
اثیل (اَثِیل) دیکھو اصیل۔
اثیم (اَثِیم) گنہگار۔
اج (اَج) لمبا کدو، قرع، دبار۔
اجابت (اِجا۔ بَت) منظوری، پاخانہ، جواب دینا۔
اجاج (اُجاج) کڑوا، کھاری۔
اجارہ (اِجا۔ رَہ) ٹھیکہ۔
اجارہ دار (اِجا۔ رَہ۔ دار) ٹھیکہ دار
اجارہ داری (اِجا۔ رَہ۔ دا۔ رِی) ٹھیکہ داری
اجازت (اِجا۔ زَت) پروانگی۔
اجاص (اِج۔ جاص) آلو بخارہ۔
اجاق (اُجاق) چولھا۔
اجانب (اَجا۔ نِب) اجنبی کی جمع۔
اجانہ (اِج۔ جانَہ) کونڈا، لاوک، مرکن
اجبار (اِج۔ بار) زبردستی، جبر کرنا۔

اجبال (ا ج - بال ، ا ج - بل) اجبل کی جمع -
اجتبار (اِ ج - تِبار) پسند کرنا ، اچھا چننا -
اجترام (اِ ج - تِرام) جرم لگانا ، گنہگار ہونا -
اجتماع (اِ ج - تِماع) بھیڑ ، اکٹھا ہونا ، سمٹنا -
اجتماع ضدین (اِ ج - تِماع - ضِدّ - دَین) دو برخلاف چیزوں کی یکجائی -
اجتماعی (اِ ج - تِما - عی) منسوب بہ اجتماع -
اجتنا (اِ ج - تِنا) پھل چننا ، میوہ چننا -
اجتناب (اِ ج - تِناب) پرہیز ، بچاؤ ، گوشہ پکڑنا -
اجتہاد (اِ ج - تِہاد) کوشش کرنا ، ٹھیک راہ ڈھونڈنا
اجداب (اِ ج - داب) کال پڑنا -
اجداد (اِ ج - داد) راہ راست چلنا (ا ج - داد) جد کی جمع
اجدع (ا ج - دَع) لوچا ، ہاتھ کٹا ہوا ، ہونٹھ کٹا -
اجدل (ا ج - دَل) شکاری جانور جمع اَجادِل -
اجذم (ا ج - ذَم) ہاتھ کٹا ہوا -
اجر (اَ ج ر) انعام ، اجرت ، ثواب جمع اُجُور -
اجرا (اِ ج - را) جاری کرنا -
اجرام (اِ ج - رام) جرم کرنا (ا ج - رام) جرم کی جمع
اجرام فلکی (ا ج - رام - فَلَکی) سورج چاند ستارے
اجرت (ا ج - رَت) مزدوری -
اجرد (ا ج - رَد) صفاچٹ ، چکنا ، بے بال کا آدمی
اجر غیر ممنون (اَ ج رِ غَیر - مَم - نُون) ثواب بے نقصان
اجزا (اِ ج - زا) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ، لاپروا ہونا ، جزا دینا (ا ج - زا) جزو کی جمع -
اجزاخانہ (ا ج - زا - خا - نہ) عطاری کی دوکان
اجزاز (اِ ج - زاز) کھیت کٹائی آنا -
اجزائے ترکیبی (ا ج - زا - ئے - تَر - کی - بی) ٹکڑے جن سے مل کر چیز بنی ہو -
اجزم (ا ج - زَم) کانٹا ہوا -
اجساد (ا ج - ساد) جسد کی جمع -

اجساس (اِ ج - ساس) خبروں کی جستجو کرنا -
اجسام (ا ج - سام) جسم کی جمع -
اجسر (ا ج - سُر) جسر کی جمع -
اجفان ، اجفن (ا ج - فان ، ا ج - فُن) جفن کی جمع -
اجل (اَ جَل) موت ، تقدیر ، وقت مقررہ ، مہلت ادا ، جمع آجال (اَ جَل) نہایت بڑا (ا ج - ل) لئے ، واسطے
اجلاد (ا ج - لاد) جلد کی جمع -
اجلاس (اِ ج - لاس) نشست ، بٹھانا -
اجلاف (ا ج - لاف) جلف کی جمع ، کمینے -
اجلال (اِ ج - لال) بزرگی ، شکوہ ، منزلت (ا ج - لال) جل کی جمع
اجلع (ا ج - لَع) جس کے ہونٹھ برابر نہ ملتے ہوں
اجلہ (اَ جِلّہ) جلیل کی جمع (ا ج - لہ) تام چٹا
اجلی (ا ج - لا) بہت روشن -
اجم (اَ جَم) اجمہ ، ایک غذا سے اکتا جانا ، منڈا -
اجماع (اِ ج - ماع) اتفاق کرنا ، متفق ہونا -
اجمال (اِ ج - مال) اختصار ، طول کرنہ کہنا (ا ج - مال) جمل کی جمع -
اجمعون ، اجمعین (ا ج - مَعُون ، ا ج - مَعِین) تمام ، کل ، سب -
اجمل (ا ج - مَل) نہایت خوبصورت -
اجمہ (ا ج - مَہ) بیہڑ ، جنگل جمع آجام ، اِجام ، اُجُم -
اجناب (اِ ج - ناب) بےغسل ہونا ، جنوب کو جانا (ا ج - ناب) جنب کی جمع -
اجناد (ا ج - ناد) جند کی جمع -
اجناس (ا ج - ناس) جنس کی جمع -
اجنان (اِ ج - نان) دیوانہ کرنا -
اجنب (ا ج - نَب) انجان ، بیگانہ جمع اَجانِب
اجنبی (ا ج - نبی) انجان ، بیگانہ -
اجنبیت (ا ج - نَبی - یَت) بیگانگت -

اجنحہ (ا ج - نِحَہ) جناح کی جمع -
اجنہ (اَجِن - نَہ) جنین کی جمع -
اجواد (ا ج - واد) جواد کی جمع -
اجوار (ا ج - وار) جار کی جمع -
اجواف (ا ج - واف) جوف کی جمع -
اجوبہ (ا ج - وِبہ) جواب کی جمع -
اجور ، اجورہ (اُجُور ، اُجُو - رَہ) مزدوری ، محنتانہ ، کرایہ
اجوف (ا ج - وَف) کھوکھلا ، خالی پیٹ -
اجہر (ا ج - ہَر) جس کو دن میں نظر نہ آئے -
اجہرہ (ا ج - ہِرَہ) چرچٹا گھاس -
اجہل (ا ج - ہَل) بڑا جاہل جمع اَجاہِل ،
اجیاف (ا ج - یاف) جیفہ کی جمع
اجید (ا ج - یَد) بہت عمدہ ، اچھا -
اجیر (اَجِیر) مزدور ، محنتی -
اچار (اَچار) دیکھو آچار -
اچی (اِچّی) بڑا بھائی -
اح (اَح) کھانسنا -
احاد (اَحاد) احد کی جمع -
احادیث (اَحا - دِیث) احدوثہ ، حدیث کی جمع -
احاطہ (اِحا - طہ) گھیر ، حصار ، چار دیواری -
احب (اَحَبّ) بہت پیارا -
احبا (اَحِبّ - با) حبیب کی جمع -
احباب (اِح - باب) دانہ پڑنا (ا ح - باب) حب کی جمع
احبار (ا ح - بار) حبر کی جمع -
احباس (اِ ح - باس) چیز وقف کرنا -
احتبار (اِ ح - تِبار) مضبوط باندھنا -
احتباس (اِ ح - تِباس) رکاوٹ ، رک جانا -
احتبان (اِ ح - تِبان) جلندھر کا مرض ہونا -
احتجاج (اِ ح - تِجاج) حجت کرنا -
احتجار (اِ ح - تِجار) حجرہ بنانا ، کمرہ بنانا -
احتجام (اِ ح - تِجام) پچھنے لگانا -

اجتذاب (اِ ج ۔ تِذَاب) اپنی طرف کھینچنا۔
احتراب (اِ ح ۔ تِرَاب) آپس میں لڑائی لڑنا
احتراز (اِ ح ۔ تِرَاز) پرہیز، بچنا۔
احتراس (اِ ح ۔ تِرَاس) نگہبانی، نگرانی کرنا۔
احتراق (اِ ح ۔ تِرَاق) سوزش، جلا ہوا ہونا۔
احترام (اِ ح ۔ تِرَام) عزت، عزت کرنا۔
احتساب (اِ ح ۔ تِسَاب) نگرانی، ممنوع باتوں سے روکنا
احتشام (اِ ح ۔ تِشَام) ٹھاٹھ، صاحب مقدور ہونا
احتضار (اِ ح ۔ تِضَار) شہری ہونا، موت کا سامنے آنا، حاضر ہونا
احتضار علم (اِ ح ۔ تِضَارِ عِلْم) علم کا تازہ ہونا۔
احتظا (اِ ح ۔ تِظَا) بہرہ مند ہونا۔
احتظاظ (اِ ح ۔ تِظَاظ) لذت یابی، مزا اٹھانا۔
احتفال (اِ ح ۔ تِفَال) جلسہ، محفل۔
احتفان (اِ ح ۔ تِفَان) جڑ سے اکھاڑنا۔
احتقار (اِ ح ۔ تِقَار) ذلیل جاننا، حقارت کرنا۔
احتقان (اِ ح ۔ تِقَان) حقنہ کرنا، انیمہ کرنا۔
احتکار (اِ ح ۔ تِکَار) گراں فروشی کو غلہ بھرنا۔
احتلاب (اِ ح ۔ تِلَاب) دودھ کاڑھنا۔
احتما (اِ ح ۔ تِمَا) خود کو کسی چیز سے بچانا۔
احتمال (اِ ح ۔ تِمَال) گمان جمع احتمالات اٹھانا۔
احتوا (اِ ح ۔ تِوَا) اپنے پاس اکٹھا کرنا۔
احتیاج (اِ ح ۔ تِیَاج) خواہش، ضرورت، حاجت ہونا۔
احتیاز (اِ ح ۔ تِیَاز) جمع ہونا۔
احتیاط (اِ ح ۔ تِیَاط) ہوشیاری سے کام کرنا۔
احتیال (اِ ح ۔ تِیَال) حیلہ بازی، مکر کرنا۔
احجار (اِ ح ۔ جَار) حجر کی جمع۔
اجحاف (اِ ج ۔ حَاف) نقصان کرنا، نزدیک ہونا، چیز لیجانا
احجیہ (اُ ح ۔ جِیَہ) چیستاں، جمع احاجی۔
احد (اَ حَد) ایک جمع آحاد نام اللہ تعالیٰ
اتوار، یکشنبہ (اُحُد) مدینہ منورہ کے قریب
ایک پہاڑی جہاں دوسرا غزوہ واقع ہوا۔

احداث (اِ ح ۔ دَاث) نئی بات نکالنا، حدیث کرنا
(اَ ح ۔ دَاث) حَدَث کی جمع ۔
احداق (اِ ح ۔ دَاق) گھیر ڈالنا، اکٹھا ہونا (اَ ح ۔ دَاق) حدقہ کی جمع
احد عشر (اَحَدَ عَشَرَ) گیارہ
احدوثہ (اُ ح ۔ دُو ۔ ثَہ) افسانہ جمع اَحَادِیث ۔
احدی (اَ ح ۔ دِی) بجد کاہل، قسم سپاہی (اِ ح دَا) احد کا مونث
احدیت (اَ ح ۔ دِی ۔ یَت) یکتائی، ایک پن ۔
احذاد (اِ ح ۔ ذَا) جوتی پہنانا ۔
احرار (اَ ح ۔ رَار) حُر کی جمع ۔
احراز (اِ ح ۔ رَاز) مضبوط کرنا، جمع کرنا ۔
احراس (اِ ح ۔ رَاس) مقیم ہونا (اَ ح ۔ رَاس) حارس کی جمع
احراق (اِ ح ۔ رَاق) جلانا ۔
احرام (اِ ح ۔ رَام) حج کا لباس (اَ ح ۔ رَام) حرم کی جمع ۔
احرس (اَ ح ۔ رَس) زمانہ بھر سے نڈر ۔
احزاب (اَ ح ۔ زَاب) حزب کی جمع ۔
احزان (اِ ح ۔ زَان) حزن، غم میں ڈالنا ۔
(اَ ح ۔ زَان) حُزن کی جمع ۔
احساب (اَ ح ۔ سَاب) حسب کی جمع ۔
احساس (اِ ح ۔ سَاس) تاثر، حِس، چھونا ۔
احسان (اِ ح ۔ سَان) بھلائی، نیکی کرنا جمع احسانات ۔
احسان مند (اِ ح ۔ سَان مَن د) بھلائی ماننے والا ۔
احسان ناشناس (اِ ح ۔ سَان ۔ نَا ۔ شَ نَاس)
جو احسان نہ مانے ۔
احسب (اَ ح ۔ سَب) بڑا خاندانی، بڑا حسب والا ۔
احسن (اَ ح ۔ سَن) نہایت خوب جمع اَحَاسِن ۔
احسنت (اَ ح ۔ سَن ۔ تَ) کلمۂ آفرین، واہ وا ۔
احشا (اَ ح ۔ شَا) حشو، حشا کی جمع
احشام (اِ ح ۔ شَام) شرمندہ کرنا، غصہ دلانا
(اَ ح ۔ شَام) حشم کی جمع ۔
احصا (اِ ح ۔ صَا) مردم شماری، گنتی، گننا ۔
(اَ ح ۔ صَا) حصات کی جمع ۔

احصار (اِ ح ۔ صَار) گننا، احاطہ کرنا ۔
احصان (اِ ح ۔ صَان) عورت کا پوشیدہ ہونا، مرد کا
عورت کی خواہش کرنا، نگہداشت کرنا (اَ ح ۔ صَان)
حصن کی جمع (اَحص ۔ صَان) غلام، گدھا ۔
احضار (اِ ح ۔ ضَار) حاضر کرنا، گھوڑا دوڑانا ۔
احضان (اَ ح ۔ ضَان) حضن کی جمع ۔
احطاب (اَ ح ۔ طَاب) حطب کی جمع ۔
احفاد (اَ ح ۔ فَاد) حفد کی جمع ۔ دھیتوان ۔
احفق (اَحفق) بہت زیادہ سنزادار ۔
احقاب (اَ ح ۔ قَاب) حقب کی جمع ۔
احقاد (اَ ح ۔ قَاد) حقد کی جمع ۔
احقاف (اَ ح ۔ قَاف) حقف کی جمع ۔
احقاق (اِ ح ۔ قَاق) برحق رکھنا، تحقیق جاننا
(اَ ح ۔ قَاق) حقہ کی جمع ۔
احقان (اِ ح ۔ قَان) دو اپیٹنا (اَ ح ۔ قَان) حقنہ کی جمع
احقر (اَ ح ۔ قَر) نہایت حقیر، کلمہ کسر نفسی ۔
احکام (اَ ح ۔ کَام) حکم کی جمع ۔
احکم (اَ ح ۔ کَم) بہت مضبوط ۔
احلاف (اِ ح ۔ لَاف) قسم دلانا (اَ ح ۔ لَاف) حلف کی جمع
احلاق (اَ ح ۔ لَاق) حلق کی جمع ۔
احلام (اَ ح ۔ لَام) حلم کی جمع ۔
احلی (اَ ح ۔ لَا) بہت میٹھا ۔
احلیل (اِ ح ۔ لِیل) مرد کے پیشاب اور عورت کے
دودھ کی نالی جمع اَحَالِیل ۔
احمال (اِ ح ۔ مَال) لدوانا (اَ ح ۔ مَال) حمل کی جمع
احمر (اَ ح ۔ مَر) سرخ، لال جمع حُمر، اَحَامِر،
حمران
احمش (اَ ح ۔ مَش) جس کی پنڈلی پتلی ہو ۔
احمض (اَ ح ۔ مَض) کھٹا، ترش رو، حمضا
احمق (اَ ح ۔ مَق) بیوقوف جمع حمقار، حمقی
حماقی، حموق

احناف (اَحْ۔ ناف) حنفی کی جمع۔
احناک (اَحْ۔ ناک) حنک کی جمع۔
احواض (اَحْ۔ واض) حوض کی جمع۔
احوال (اَحْ۔ وال) حال کی جمع۔
احور (اَحْ۔ وَر) جسکی آنکھ میں گہری سفیدی و سیاہی ہو۔
احوص (اَحْ۔ وَص) کنجوس۔
احول (اَحْ۔ وَل) بھینگا جسکو ایک کے دو نظر آئیں
احیا (اِحْ۔ یا) زندہ کرنا (اَحْ۔ یا) حی کی جمع۔
احیان (اَحْ۔ یان) حین کی جمع۔
احیاناً (اَحْ۔ یا۔ نَن) اتفاقاً، شاید۔
اخ (اَخْ) بھائی جمع اِخوان، اِخوت
کلمہ تحسین، کلمہ ترحم و تاسف۔
اخار (اِخار) کسی کیساتھ بھیا چارہ کرنا (اَخْ خا) کلمہ تعجب
اخبار (اِخْ۔ بار) خبریں دینا (اَخْ۔ بار) خبر کی جمع
۲۔ موقت پرچہ جو خبریں دیتا ہے جمع اخبارات
اخبار نویس (اَخْ۔ بار۔ نویس) اخبار میں لکھنے والا۔
اخبار نویسی (اَخْ۔ بار۔ نوی سی) صحافت، اخبار میں لکھنا
اخباری (اَخْ۔ با۔ ری) اخبار سے منسوب، اخبار کا
اخبث (اَخْ۔ بَث) بڑا خبیث۔
اخبر (اَخْ۔ بَر) خبرائی، دانشمندی۔
اخت (اُخْ۔ ت) بہن جمع اخوات۔
اختان (اَخْ۔ تان) ختن کی جمع۔
اختبار (اِخْ۔ تبار) خبر پانا، آزمانا۔
اختباس (اِخْ۔ تباس) چھین لینا۔
اختتام (اِخْ۔ تتام) خاتمہ، پورا کرنا۔
اختتان (اِخْ۔ تتان) ختنہ کرنا۔
اختر (اَخْ۔ تَر) ستارہ، تارہ۔
اختراع (اِخْ۔ تراع) ایجاد، نئی چیز نکالنی۔
اختراق (اِخْ۔ تراق) پھٹنا، پھاڑنا۔
اختزام (اِخْ۔ تزام) کاٹنا، جڑ سے اکھیڑنا۔
اختر شماری (اَخْ۔ تَر۔ شما۔ ری) رات کو
جاگنا، تارے گننا۔
اختر شناس (اَخْ۔ تَر۔ شناس) نجومی، ستاروں کا
علم جاننے والا۔
اختصار (اِخْ۔ تصار) کمی، چھوٹا کرنا۔
اختصاص (اِخْ۔ تصاص) خصوصیت، خاص کرنا۔
اختصام (اِخْ۔ تصام) دشمنی کرنا۔
اختضاب (اِخْ۔ تضاب) خضاب لگانا۔
اختطاف (اِخْ۔ تطاف) اُچک لینا۔
اختفا (اِخْ۔ تفا) چھپانا۔
اختلاج (اِخْ۔ تلاج) عضو کا اچھلنا۔
اختلاس (اِخْ۔ تلاس) اچک لیجانا۔
اختلاط (اِخْ۔ تلاط) میل جول، ملنا، ملجانا۔
اختلاف (اِخْ۔ تلاف) ناموافقت، فرق
باہمی ہونا۔
اختلال (اِخْ۔ تلال) رخنہ، خلل پڑنا۔
اختمار (اِخْ۔ تمار) خمیر اٹھانا۔
اختناق (اِخْ۔ تناق) بند کرنا، گھونٹنا
اختہ (اَخْ۔ تہ) دیکھو آختہ۔
اختیار (اِخْ۔ تیار) پسندیدگی، کام کرنے کی قوت
جمع اختیارات۔ بوڑھا۔
اختیال (اِخْ۔ تیال) خیال کرنا، سوچنا۔
اختیان (اِخْ۔ تیان) خیانت کرنا۔
اخدار (اَخْ۔ دار) خدر کی جمع۔
اخدام (اِخْ۔ دام) خادم رکھنا (اَخْ۔ دام) خادم کی جمع
اخدان (اَخْ۔ دان) خدن کی جمع۔
اخدہ (اَخْ۔ دَہ) خد کی جمع۔
اخذ (اَخْ۔ ذ) پکڑنا، لینا، شروع کرنا (اَخَذ)
جسکی آنکھ میں درد ہو (اُخُذ) آنکھ کا درد۔
اخراب (اِخْ۔ راب) ویران کرنا
اخراج (اِخْ۔ راج) نکالنا، نکلنا (اَخْ۔ راج)
خرج کی جمع۔

اخراجات (اِخ۔را۔جات) اخراج کی جمع (اَخ۔را۔جات) خرج کی جمع الجمع۔
اخراس (اِخ۔راس) گونگا کرنا۔
اخرب (اَخ۔رَب) نہایت خراب جمع اَخارِب۔
اخرس (اَخ۔رَس) گونگا جمع خُرس، خُرسان۔
اخرم (اَخ۔رَم) نکٹا جمع اَخارِم۔
اخزم (اَخ۔زَم) نر سانپ۔
اخس (اَخَس) بڑا خسیس۔
اخساء (اَخِس۔سا) خسیس کی جمع۔
اخشم (اَخ۔شَم) سونگھنے کے ناقابل جمع اَخاشِم
اخشیج (اَخ۔شیج) دیکھو آخشیج۔
اخص (اَخَص) بہت خاص۔
اخصاف (اِخ۔صاف) حقیر جاننا۔
اخصم (اَخ۔صَم) لمبی ناک والا۔
اخضر (اَخ۔ضَر) ہرا، سبز۔
اخضری (اَخ۔ضَری) منسوب بہ اخضر۔
اخضریت (اَخ۔ضَری۔یَت) ہراپن، سبزیت
اخطار (اِخ۔طار) خود کو خطرہ میں ڈالنا (اَخ۔طار) خطرہ کی جمع، نوٹس، اطلاع نامہ۔
اخطب (اَخ۔طَب) بڑا خطیب، عمدہ خطبہ دینے والا
اخف (اَخَف) نہایت ہلکا۔
اخفا (اِخ۔فا) پوشیدہ، چھپانا، پوشیدہ کرنا۔
اخفاف (اِخ۔فاف) سبکباری، سبکی، ہلکا ہونا۔
اخفش (اَخ۔فَش) چندھا۔
اخگر (اَخ۔گَر) چنگاری، شرار
اخلا (اَخِل۔لا) خلیل کی جمع۔
اخلاص (اِخ۔لاص) سچی ہمدردی، خالص دوستی کرنا۔
اخلاص مند (اِخ۔لاص۔مَن۔د) خیر خواہ دوست
اخلاص مندی (اِخ۔لاص۔مَن۔دی) خیر خواہی کے ساتھ دوستی۔

اخلاط (اَخ۔لاط) خلط کی جمع۔
اخلاط اربعہ (اَخ۔لاطِ۔اَر۔بَعہ) صفرا، خون، بلغم، سودا۔
اخلاف (اَخ۔لاف) خلف کی جمع۔
اخلاق (اِخ۔لاق) پرانا ہونا، پرانا کرنا (اَخ۔لاق) خلق کی جمع۔
اخلاقِ حسنہ، اخلاقِ فاضلہ (اَخ۔لاقِ حَسَنَہ) (اَخ۔لاق۔فا۔ضِلَہ) عمدہ اخلاق۔
اخلکندود (اَخ۔لَکَن۔دُو) جھنجھنا۔
اخماد (اِخ۔ماد) آگ بجھانا۔
اخماس (اِخ۔ماس) پانچ ہونا۔
اخمرہ (اَخ۔مِرَہ) خمار کی جمع۔
اخمص (اَخ۔مَص) تلوا، کفِ پا۔
اخن (اَخَن) دیکھو اغن۔
اخوات (اَخَوات) اخت کی جمع۔
اخوال (اَخ۔وال) خال بمعنی ماموں کی جمع
اخوان (اِخ۔وان) اخ کی جمع سگے بھائی (اَخ۔وان) دو بھائی
اخوان الشیاطین (اِخ۔وا۔نُش۔شَیا۔طین) شیطان کے بھائی بند۔
اخوان الصفا (اِخ۔وا۔نُص۔صَفا) بھلے مانس، اچھے لوگ پاک دل لوگ
اخوت (اُخُوْ۔وَت) برادری، بھائی بندی (اِخ۔وَت) اخ کی جمع، سوتیلے بھائی۔
اخون، اخوند (اَخون، اَخون۔د) معلم، استاد
اخوی (اَخَوی) منسوب بہ اخ بمعنی بھائی۔
اخی (اَخی) میرا بھائی۔
اخیار (اَخ۔یار) خیر کی جمع۔
اخیاط (اَخ۔یاط) خیط کی جمع۔
اخیاف (اَخ۔یاف) خیف کی جمع۔
اخیال (اَخ۔یال) خیل کی جمع۔

اخیر (اَخِیر) پچھلا، آخری۔
اخیف (اَخْ۔یَف) طاقی، ایک کالی دوسری نیلی آنکھ والا
اخیلہ (اَخْ۔یِلَہ) خیال کی جمع۔
ادا (اَدَا) انداز، ناز، رمز، اشارہ،
آواز۔ ۲۔ بیان کرنا، پہنچانا۔
اداب (اِدْ۔آب) رنجیدہ کرنا۔
ادات (اَدَات) کوئی چیز حاصل کرنے کا آلہ
جمع اَدَوَات۔
ادارت (اِدَا۔رَت) ایڈیٹری۔
ادارہ (اِدَا۔رَہ) محکمہ، دفتر، انتظام۔
ادارۂ قلمی (اِدَا۔رَا۔قَلَمی) محکمۂ مال۔
ادارۂ نظامی (اِدَا۔رَا۔نِظَامی) محکمۂ فوج
اداکار (اَدَا۔کَار) ایکٹر، ایکٹرس
اداکاری (اَدَا۔کَا۔رِی) ایکٹنگ۔
ادالت، ادالہ (اِدَا۔لَت، اِدَا۔لَہ)
دولت دینا، نصرت دینا۔
ادام (اِدَام) شوربا، سالن۔
ادامت (اَدَا۔مَت) ہمیشگی۔
ادانہ (اِدَا۔نَہ) قرض دینا، جزا دینا
ادانی (اَدَا۔نِی) ادنیٰ کی جمع۔
اداوت (اِدَا۔وَت) پانی کو صاف کرنے والی چیز
ادب (اَدَب) تعظیم، قاعدہ، وقر، پسندیدہ
طریقہ جمع آداب علم زباندانی (اَدِیب)
ہو وہ آدمی (اُدْب) عجب۔
ادبا (اُدَبَا) ادیب کی جمع۔
ادبار (اِدْ۔بَار) نحوست، بداقبالی (اَدْ۔بَار) دبر کی جمع
ادب العالیہ (اَدَبُل۔عَا۔لِیَہ) اعلیٰ علم ادب۔
ادبانہ (اَدَ۔بَا۔نَہ) ادب سے منسوب۔
ادبی (اَدَبی) منسوب بہ ادب۔
ادبیت (اَدَبِیَّت) زباندانی، ادب پن
ادجان (اِدْ۔جَان) مینہ کی جھڑی لگنا۔

ادخال (اِدْ۔خَال) داخل کرنا، اندر لانا۔
(اِدْ۔دِخَال) اندر گھس جانا۔
ادخان (اِدْ۔خَان) الگ ہو جانا۔
ادخنہ (اَدْ۔خِنَہ) دخان کی جمع۔
ادراج (اِدْ۔رَاج) آپس میں لپٹنا۔
(اَدْ۔رَاج) درج کی جمع۔
ادرار (اِدْ۔رَار) روزینہ، وظیفہ، پیشاب۔
ادراک (اِدْ۔رَاک) ہوش، بوجھ، پوچھنا، پکنا۔
ادرد (اَدْ۔رَد) پوپلا، دندان ریختہ۔
ادرفن (اَدَرَ۔فَن) وادہ، قوبا۔
ادرنہ (اَدَرْ۔نَہ) شہر ایڈریانوپل (بلقان)
ادرہ (اُدْ۔رَہ) ایک خصیہ بڑھ جانا۔
ادّعا (اِدْ۔دِعَا) دعویٰ کرنا، آرزو کرنا
ادعام (اِدْ۔دِعَام) تکیہ لگانا، سہارا لینا، ٹیکنا۔
ادعج (اَدْ۔عَج) کالی پتلیوں والا۔
ادعیہ (اَدْ۔عِیَہ) دعا کی جمع۔
ادغام (اِدْ۔غَام) (اِدْ۔دِغَام) باہم پیوستہ
ہو جانا (اَدْ۔غَام) گھوڑا۔
ادق (اَدَق) نہایت مشکل، بہت کٹھن۔
ادقاق (اِدْ۔قَاق) باریک کرنا۔
ادکار (اِدْ۔دِکَار) یاد کرنا، نصیحت پکڑنا۔
ادلاج (اِدْ۔لَاج) رات کی سیر۔
ادلال (اِدْ۔لَال) ناز کرنا، غمزہ کرنا۔
ادلہ (اَدِلْ۔لَہ) دلیل کی جمع۔
ادم (اَدَم) گندم گوں آدمی جمع اُدمان۔
ادماد (اِدْ۔مَاد) لہولہان ہونا۔
ادمان (اِدْ۔مَان) لگاتار شراب پینا۔
(اُدْ۔مَان) ادم کی جمع۔
ادن (اَدَن) گٹھا آدمی۔
ادنا (اَدْ۔نَا) نالائق، کم رتبہ جمع اَدَانِی۔
(اِدْ۔نَا) نزدیک کرنا، لانا۔

ادناس (اَدْ۔ نَاسْ) دنس کی جمع۔
ادناف (اِدْ۔ نَافْ) سورج کا قریب غروب ہونا۔
ادنیٰ (اَدْ۔ نَا) دیکھو ادنا۔
ادوا (اَدْ۔ وَا) دوا کی جمع۔
ادوات (اَدْ۔ وَاتْ) دات کی جمع، آلات۔
ادوار (اَدْ۔ وَارْ) دور کی جمع۔
ادون (اَدْ۔ وَنْ) بہت کمینہ۔
ادویہ (اَدْ۔ وِیَہْ) دوا کی جمع۔
ادہام (اِدْ۔ ہَامْ) سیاہ ہونا۔
ادہان (اِدْ۔ ہَانْ) خیانت کرنا، نفاق کرنا (اَدْ۔ ہَانْ)
تیل چپڑنا (اَدْ۔ ہَانْ) دہن کی جمع۔
ادہم (اَدْ۔ ہَمْ) آہنی بیڑی، مشکی گھوڑا۔
ادہیہ (اَدْ۔ ہِیَہْ) داہیہ کی جمع۔
ادیار (اَدْ۔ یَارْ) دیر کی جمع۔
ادیان (اَدْ۔ یَانْ) دین کی جمع۔
ادیب (اَدِیْبْ) زباندان فصیح و بلیغ جمع اُدَبَار
ادیم (اَدِیْمْ) کچا بودار چمڑا، سطح زمین۔
ادینہ (اَدِیْ۔ نَہْ) دیکھو آدینہ۔
اذ (اِذْ) جب، جبکہ، جسوقت۔
اذا (اِذَا) دیکھو اذ (اَذَا) دیکھو اذی۔
اذابہ (اِذَا۔ بَہْ) پگھلانا۔
اذاقت، اذاقہ (اِذَا۔ قَتْ، اِذَا۔ قَہْ) مزہ چکھانا۔
اذالہ (اِذَا۔ لَہْ) خوار کرنا
اذان (اَذَانْ) بانگ، آواز، نماز کو بلانیکی پکار۔
اذبہ (اَذْبَ۔ بَہْ) ذباب کی جمع۔
اذرانی (اَذْ۔ رَا۔ نِیْ) کچلا جو ایک زہر ہے۔
اذرع (اَذْ۔ رُعْ) ذراع کی جمع۔
اذعان (اِذْ۔ عَانْ) طاعت، حکم ماننا۔
اذفر (اَذْ۔ فَرْ) تیز بو والی چیز
اذقان (اَذْ۔ قَانْ) ذقن کی جمع۔
اذکار (اِذْ۔ کَارْ) تذکرہ، ذکر کرنا (اَذْ۔ کَارْ) ذکر کی جمع

اذکی (اَذْ۔ کَا) بہت روشن۔
اذکیا (اَذْ۔ کِیَا) ذکی کی جمع۔
اذل (اَذَلْ) بہت ذلیل۔
اذلق (اَذْ۔ لَقْ) تیز زبان جمع ذُلُق۔
اذلہ (اَذِلْ۔ لَہْ) ذلیل کی جمع۔
اذمہ (اَذِمْ۔ مَہْ) ذمام کی جمع۔
اذن (اُذُنْ) کان، گوش جمع آذَانْ
(اِذْنْ) اجازت۔
اذناب (اِذْ۔ نَابْ) گناہ کرنا (اَذْ۔ نَابْ) ذنب کی جمع
اذہاب (اِذْ۔ ہَابْ) سونے کا جھول چڑھانا
(اَذْ۔ ہَابْ) ذہب کی جمع۔
اذہال (اِذْ۔ ہَالْ) غافل کرنا۔
اذہان (اَذْ۔ ہَانْ) ذہن کی جمع
اذی (اَذَا) دُکھ، ایذا۔
اذیال (اَذْ۔ یَالْ) ذیل کی جمع
اذیت (اَذِیْ۔ یَتْ) دُکھ، مصیبت۔
ار (اَرْ) گر، اگر۔
ارابت (اِرَا۔ بَتْ) شک کرنا۔
ارابچی (اَرَابَ۔ چِیْ) گاڑی بان۔
ارابہ (اَرَا۔ بَہْ) گاڑی (اِرَا۔ بَہْ) دیکھو ارابت
اراجل (اَرَا۔ جِلْ) رجل کی جمع
ارادت (اِرَا۔ دَتْ) عقیدت، گرویدگی، چاہنا۔
ارادہ (اِرَا۔ دَہْ) خواہش، قوت جس سے افعال صادر ہوں
ارادی (اِرَا۔ دِیْ) منسوب بہ ارادہ۔
اراذل (اَرَا۔ ذِلْ) ارذل کی جمع۔
اراضی (اَرَا۔ ضِیْ) ارض کی جمع زرعی زمینیں
جمع اَرَاضِیَاتْ۔
ارافت، ارافہ (اِرَا۔ فَتْ، اِرَا۔ فَہْ) طلب کرنا۔
اراقہ (اِرَا۔ قَہْ) پانی بکھیرنا۔
اراک (اَرَاکْ) پیلو کا پیڑ۔
ارامل (اَرَا۔ مِلْ) ارملہ کی جمع۔

ارائک (اَرَا۔اِکْ) اریکہ کی جمع۔
ارب (اَرْبْ) حاجت، ضرورت، جمع آراب، اور آرب (اَرِبْ) دیکھو اریب
ارباب (اَرْ۔بَابْ) رب کی جمع۔
ارباب قلم (اَرْ۔بَا۔بِ۔قَلَمْ) قلم والے لوگ۔
ارباب وفا (اَرْ۔بَا۔بِ۔وَفَا) باوفا لوگ۔
اربائع (اَرْ۔بَائِعْ) ربع کی جمع۔
اربع (اَرْ۔بَعْ) اربعہ کا مونث، چار، (اَرْ۔بُعْ) ربع کی جمع
اربعا (اَرْ۔بِعَا) بدھ، چہارشنبہ۔
اربعہ (اَرْ۔بَعَہْ) چار۔
اربعہ عشر (اَرْ۔بَعَہْ۔عَشَرْ) چودہ۔
اربعہ عناصر (اَرْ۔بَعَہْ۔عَنَا۔صِرْ) آگ، پانی، مٹی، ہوا۔
اربعون، اربعین (اَرْ۔بَعُوْنْ، اَرْ۔بَعِیْنْ) چالیس
اربہ (اُرْ۔بَہْ) گانٹھ، گرہ۔
اربی (اَرْ۔بَا) زیادہ تر۔
اربیان (اُرْ۔بِیَانْ) جھینگا مچھلی۔
اربیہ (اُرْ۔بِیْ۔یَہْ) جڑ، ران کی جڑ۔
ارتباح (اِرْ۔تِبَاحْ) تجارت میں نفع اٹھانا، سود لینا۔
ارتباط (اِرْ۔تِبَاطْ) ربط ضبط، میل جول، ملانا
ارتجا (اِرْ۔تِجَاءْ) امید رکھنا۔
ارتجال (اِرْ۔تِجَالْ) بے سوچے بولنا۔
ارتجالاً (اِرْ۔تِجَا۔لَنْ) بطور ارتجال۔
ارتحال (اِرْ۔تِحَالْ) رحلت، کوچ کرنا۔
ارتداد (اِرْ۔تِدَادْ) حیا در اوڑھنا۔
ارتداد (اِرْ۔تِدَادْ) ترک اسلام۔
ارتسام (اِرْ۔تِسَامْ) نقش و نگار، نقاشی، مصوری۔
ارتشا (اِرْ۔تِشَاءْ) رشوت خوری، رشوت لینا۔
ارتضا (اِرْ۔تِضَاءْ) آپس میں راضی ہونا۔
ارتضاع (اِرْ۔تِضَاعْ) دودھ پینا۔
ارتعاد، ارتعاس، ارتعاش (اِرْ۔تِعَادْ، اِرْ۔تِعَاسْ، اِرْ۔تِعَاشْ) لرزش، کپکپاہٹ

ارتفاع (اِرْ۔تِفَاعْ) بلندی، اونچا ہونا۔
ارتقا (اِرْ۔تِقَاءْ) ترقی، اوپر چڑھنا۔
ارتقاب (اِرْ۔تِقَابْ) امید رکھنا۔
ارتکاب (اِرْ۔تِکَابْ) کام میں ہاتھ ڈالنا، گناہ کرنا۔
ارتکاز (اِرْ۔تِکَازْ) گڑنا۔
ارتکاض (اِرْ۔تِکَاضْ) پیٹ میں پھرنا۔
ارتل (اَرْ۔تَلْ) ہکلا، گنگلا نج۔
ارتنگ (اَرْ۔تَنْگْ) دیکھو ارژنگ
ارتہان (اِرْ۔تِہَانْ) رہن قبول کرنا۔
ارتیاب (اِرْ۔تِیَابْ) شک کرنا۔
ارتیاح (اِرْ۔تِیَاحْ) خوش ہونا، راحت پانا۔
ارث (اِرْثْ) میراث۔
ارج (اَرْجْ) قیمت، قدر، مرتبہ، خوشبو، حد، اندازہ، گینڈا، نام ایک پرند۔
ارجا (اَرْ۔جَاءْ) رجا کی جمع۔
ارجاف (اِرْ۔جَافْ) جھوٹی خبر جمع اراجیف۔
ارجل (اَرْ۔جَلْ) بڑے پیر کا آدمی، ایک سفید پاؤں کا گھوڑا۔
ارجمند (اَرْ۔جُ۔مَنْدْ) معزز، عزت والا۔
ارجوجہ (اُرْ۔جُوْ۔جَہْ) ہنڈولا، پالنا، جھولا۔
ارچند (اَرْ۔چُنْدْ) دیکھو ہرچند۔
ارچہ (اَرْ۔چِہْ) دیکھو ہرچہ۔
ارحا (اَرْ۔حَاءْ) رحی کی جمع۔
ارحام (اَرْ۔حَامْ) رحم کی جمع۔
ارحم (اَرْ۔حَمْ) نہایت مہربان۔
ارحم الراحمین (اَرْ۔حَمُرْ۔رَا۔حِمِیْنْ) مہربانوں کا مہربان، اللہ تعالےٰ۔
ارخا (اِرْ۔خَاءْ) چھوڑ دینا، ڈھیلا کرنا۔
(اَرْ۔قَا) پیٹھ، پشت۔
اروک (اَرْ۔وَکْ) مرغابی
اردو (اُرْ۔دُوْ) ہندستانی زبان، چھاؤنی، لشکر، بازار۔

اردوے معلی (اُر۔ دُوْ۔ اِ ئے مُعَل۔ لَا) بادشاہی لشکر، دلی، اعلےٰ اُردو زبان۔
اردی، اردی بہشت (اُرْ۔ دِی، اُرْ۔ دی۔ بِہِشْ۔ ت) فارسی کا دوسرا شمسی مہینہ۔
ارذال (اِرْ۔ ذَال) فرومایہ کرنا (اَرْ۔ ذَال) رذل کی جمع۔
ارذل (اَرْ۔ ذَل) بڑا رذیل جمع اَرَاذِل۔
ارز (اَرْز) قیمت (اَرُزْ) چاول۔
ارزاق (اَرْ۔ زَاق) رزق کی جمع۔
ارزاں (اَرْ۔ زَاں) سستا، مندا۔
ارزانی (اَرْ۔ زَا۔ نِی) بخشش، سستاپن۔
ارزن (اَرْ۔ زَن) چینا۔
ارزندہ (اَر۔ زِنْ۔ دَہ) قیمت پانے والا۔
ارزیدن (اَرْ۔ زِی۔ دَن) قیمت پانا مفع اَرْزد
ارزیدنی (اَرْ۔ زِی۔ دَنِی) قیمت پانے کے لائق۔
ارزیدہ (اَرْ۔ زِی۔ دَہ) قیمت پایا ہوا۔
ارزیز (اَرْ۔ زِیز) ٹین، رانگ۔
ارژنگ (اَرْ۔ژَنگ) تصویروں کی کتاب۔
ارسا (اِرْ۔ سَا) لنگر ڈالنا۔
ارساغ (اَرْ۔ سَاغ) رسغ، رسغہ کی جمع۔
ارسال (اِرْ۔ سَال) روانگی، بھیجنا، چھوڑنا۔
ارسان (اَرْ۔ سَان) رسن کی جمع۔
ارسلان (اَرْ۔ سَلَان) شیر، غلام۔
ارشن (اَرْشَن) ہاتھ (اَرِشْن) عقلمند، انجمن۔
ارشاد (اِرْ۔ شَاد) حکم، ہمت، راہ راست دکھانا۔
ارشد (اَرْ۔ شَد) بہت درست جمع اَرَاشِد۔
ارصاد (اِرْ۔ صَاد) نگہبانی کرنا (اَرْ۔ صَاد) رصد کی جمع
ارض (اَرْض) زمین جمع اَرَاضِی جمع الجمع اَرَاضِیات۔
ارضاد (اِرْ۔ ضَاد) منانا۔
ارضاع (اِرْ۔ ضَاع) دودھ پلانا۔
ارضہ (اَرْ۔ ضَہ) دیمک

ارضی (اَرْ۔ ضِی) زمین کا، زمین کی، منسوب بہ زمین۔
ارضیہ (اَرْ۔ ضِی۔ یَہ) مال گودام کا کرایہ۔
ارطال (اَرْ۔ طَال) رطل کی جمع۔
ارعا (اِرْ۔ عَا) ٹھہرانا۔
ارغل (اَرْ۔ غَل) جس کی ختنہ نہ ہوئی ہو۔
ارغن، ارغنون (اَرْ۔ غَن، اَرْ۔ غَنُون) قسم باجہ ارگن
ارغوان (اَرْ۔ غُوَان) سرخ، نارنجی۔
ارغوانی (اَرْ۔ غُوَا۔ نِی) سرخ یا نارنجی رنگ والا۔
ارغون (اَرْ۔ غُون) ارغن۔
ارفاہ (اِرْ۔ فَاہ) تمام (دانہ تیل) ملنا۔
ارفع (اَرْ۔ فَع) بہت بلند۔
ارقام (اِرْ۔ قَام) لکھنا، معلوم کرنا (اَرْ۔ قَام) رقم کی جمع، ڈاک کا خطوط
ارقان (اَرْ۔ قَان) دیکھو یرقان۔
ارقم (اَرْ۔ قَم) کالا سانپ۔
ارک (اَرْک) شاہی محل، گڑھی۔
ارکاک (اِرْ۔ کَاک) پھوار۔
ارکان (اَرْ۔ کَان) رکن کی جمع۔
ارکان دولت (اَرْ۔ کَا۔ نِ۔ دَوْ۔ لَت) افراد حکومت
ارم (اِرَم) جنت شداد، نشان فرسنگ۔
ارماح (اَرْ۔ مَاح) رمح کی جمع۔
ارماغ (اِرْ۔ مَاغ) نگہ پھرنا۔
ارماق (اَرْ۔ مَاق) رمق کی جمع۔
ارمان (اَرْ۔ مَان) حسرت، آرزو۔
ارمد (اَرْ۔ مَد) جس کی آنکھ درد کرے جمع اَرَامِد۔
ارمغان (اَرْ۔ مُغَان، اَرْ۔ مَغَان) تحفہ، سوغات۔
ارمل (اَرْ۔ مَل) بے بیوی والا، مسکین، بے توشہ خشک سال جمع اَرَامِل۔
ارملہ (اَرْ۔ مَلَہ) بے شوہر والی جمع اَرَامِل۔
ارمن، ارمنستان (اَرْ۔ مَن، اَرْ۔ مَنِسْ۔ تَان) ایک ملک (مغربی ایشیا)
ارمنی (اَرْ۔ مَنِی) ملک ارمن کا باشندہ۔

ارناؤط (اَرْ۔نا۔ؤُط) البانوی ترک۔
ارنب (اَرْ۔نَبْ) خرگوش۔
ارنی (اَرِنی) دکھا۔
ارواح (اَرْ۔وَاحْ) روح کی جمع۔
اروام (اَرْ۔وَامْ) رومی کی جمع۔
اروپا (اُرُو۔پا) یورپ، فرنگستان۔
اروپائی (اُرُو۔پا۔ئی) یورپین، یورپ والا
اروک (اُرُوک) زخم کی سوجن اترنا۔
اروند (اَرْ۔وَنْد) دیکھو الوند۔
اروین (اَرْ۔وِینْ) امتحان، آزمائش، تجربہ۔
ارہاج (اِرْ۔ہاجْ) دھول اڑانا۔
ارہاط (اَرْ۔ہاطْ) رہط کی جمع۔
ارياح (اَرْ۔ياحْ) ريح کی جمع۔
اریب (اَرِیبْ) عقلمند، دانشمند جمع اراب، (اُرِبّا) آڑا۔
اریکہ (اَرِی۔کَہْ) تخت، مسہری جمع ارائک
از (اَزْ) سے۔
ازاج (اِزَاجْ) جوان لگائے۔
ازار (اِزَارْ) پاجامہ جمع اَزِرَہْ، اُزُرْ، اُزْر
(اِزْ۔آرْ) دبانا، ڈکارنا، ڈرو کنا۔
ازاربند (اِزَارْ۔بَنْد) کمر بند۔
ازاغت (اِزَا۔غَتْ) راہ راست سے بھٹکانا۔
ازالت، **ازالہ** (اِزَا۔لَتْ) اِزَا۔لَہْ
دور کرنا، دفع کرنا۔
ازاں (اَزَاں) اس سے۔
ازاں باز (اَزَاں۔بازْ) اس وقت سے۔
ازاں جملہ (اَزَاں۔جُمْ۔لَہْ) اس سب میں سے۔
ازبر (اَزْ۔بَرْ) حفظ، نوک زباں۔
ازبس (اَزْ۔بَسْ) بہت۔
ازبغال (اِزْ۔بِغَالْ) بھیگنا، تڑپنا۔
ازخود (اَزْ۔خُودْ) آپ سے آپ، خودبخود

ازدحام (اِزْ۔دِحَامْ) انبوہ، بھیڑ کرنا۔
ازدن (اَزْ۔دَنْ) سوئی چبھونا۔
ازدواج (اِزْ۔دِوَاجْ) نکاح کرنا۔
ازدیاد (اِزْ۔دِیَادْ) زیادہ ہونا۔
ازرق (اَزْ۔رَقْ) نیلا جمع زُرْق
ازرہ (اَزْ۔رُہْ) صورت سے، صورت کے مطابق۔
ازغیب (اَزْ۔غَیْبْ) غیب سے۔
ازغیبی (اَزْ۔غَیْ۔بِی) غیبی۔
ازقراریکہ (اَزْ۔قَرا۔رِےکہ) بموجب، مطابق۔
اذکارہ (اَذْ۔کَا۔رَہْ) افسانہ، سرگذشت، جریدۂ حساب
ازکیا (اَزْ۔کِیَا) زکی کی جمع۔
ازل (اَزَلْ) جس کا شروع نہ ہو، اناد۔
ازلاق (اِزْ۔لَاقْ) پھسلانا۔
ازلال (اِزْ۔لَالْ) ڈگانا۔
ازلی (اَزَلِی) انادی، ازل والا۔
ازم (اَزْم) دانت سے کاٹنا۔
ازمان، **ازمن** (اَزْ۔مَانْ، اَزْ۔مُنْ)
زمن کی جمع۔
ازمنہ (اَزْ۔مِنَہْ) زمانہ کی جمع۔
ازمہ (اَزِمَّہ) زمام کی جمع۔
ازمیر (اِزْ۔مِیرْ) شہر سمرنا (ایشیائے کوچک)
ازناد (اَزْ۔نَادْ) زند کی جمع۔
ازو (اَزُوْ) اس سے۔
ازواج (اَزْ۔وَاجْ) زوج کی جمع۔
ازہاد (اِزْ۔ہَادْ) رغبت نہ چاہنا، تھوڑے مال والا ہونا۔
ازہر (اَزْ۔ہَرْ) نہایت چمکیلا، نام یونیورسٹی (مصر)
ازہران (اَزْ۔ہَرَانْ) دو روشن چیزیں، چاند سورج
ازیا (اَزْ۔یَا) زی کی جمع۔
ازیاف (اَزْ۔یَافْ) زیف کی جمع۔
ازیں (اَزِیں) اس سے۔
ازیں مہر (اَزِیں۔مَہْر) اس سبب سے۔

اژدر، اژدرہا، اژدہا (اَژ۔ دَر، اَژ۔ دَر۔ ہا، اَژ۔ دَہا) بہت بڑا سانپ۔
اژیدیدن (اَژ۔ یِ۔ دِی۔ دَن) عقلمند ہونا، چتر ہونا۔
اس (اِس، اُس) بنیاد جمع اَساس۔
اساتذہ (اَسا۔ تذَہ) اُستاذ کی جمع۔
اساتین (اَسا۔ تین) استوانہ کی جمع۔
اساجع (اَسا۔ جع) سجع کی جمع۔
اسادہ (اِسا۔ دَہ) بالش، تکیہ۔
اسار (اِس۔ آر) جھوٹا کرنا۔
اساری (اُسا۔ رَا، اَسا۔ رَا) اسیر کی جمع
اساریر (اَسا۔ رِیر) سرار کی جمع الجمع، ماتھے کی لکیریں
اساس (اَساس) بنیاد، نیو۔ جمع اُسُس
اسامہ (اَسا۔ سَہ) کنکھیوں سے دیکھنا۔
اساسی (اَسا۔ سِی) بنیادی۔
اساطیر (اَسا۔ طِیر) اسطارہ، اُسطورہ کی جمع
اساطین (اَسا۔ طِین) اسطوانہ کی جمع۔
اساعہ (اِسا۔ عَہ) (چھوڑنا) ضائع کرنا۔
اسافل (اَسا۔ فِل) اَسفل کی جمع۔
اساقی (اَسا۔ قی) سقایہ کی جمع۔
اسالہ (اِسا۔ لَہ) پانی جاری کرنا
اسالیب (اَسا۔ لِیب) اسلوب کی جمع۔
اسامہ (اُسا۔ مَہ) شیر درندہ۔
اسامی (اَسا۔ مِی) جس سے روپیہ کا لین دین ہو۔ ۲۔ اسم کی جمع الجمع۔
اساورہ (اَسا۔ وِرَہ) سوار کی جمع۔
اساوق (اَسا۔ وِق) ساق کی جمع۔
اسب (اِسْب) مقعد کے بال۔
اسباب (اَس۔ باب) سبب کی جمع۔ ۲۔ سامان۔
اسباط (اَس۔ باط) سبط کی جمع۔
اسباق (اَس۔ باق) سبق کی جمع۔
اسبال (اِس۔ بال) آنسو ٹپک پڑنا۔

اسبانیہ (اِس۔ پا۔ نِیَہ) دیکھو ہسپانیہ۔
اسبق (اَس۔ بَق) سب سے اوّل جمع اَسابِق۔
اسبوبہ (اُس۔ بو۔ بَہ) خالی
اسبوع (اُس۔ بوع) ہفتہ، سات مرتبہ جمع اَسابیع۔
اسپ (اَسْپ) گھوڑا۔
اسپانیہ (اِس۔ پا۔ نِیَہ) دیکھو ہسپانیہ۔
اسپغول (اِس۔ پغول) پرند کی بیٹ، بیچا ل
اسپ دوانی (اَسپ۔ دَوا۔ نی) گھوڑ دوڑ۔
اسپر (اِس۔ پَر) دیکھو سپر۔
اسپردن (اِس۔ پُر۔ دَن) روندنا، انجام کو پہنچانا۔
اسپرزد (اُس۔ پُرز) طحال، تلی
اسپرم (اِس۔ پَرم) تڑپیڑا۔
اسپغوش، اسپغول (اِس۔ پغوش، اِس۔ پغول) نام دوا، بذر قطونا۔
اسپک (اَس۔ پَک) اسپ کی تصغیر، چھوٹا گھوڑا۔
اسپناخ (اِس۔ پَناخ) پالک، بتھوا۔
اسپنج (اِس۔ پَنج) دیکھو اسفنج۔
اسپند (اِس۔ پَند) دیکھو سپند۔
است (اَسْت) ہے۔ (اِسْت) پاخانہ کی جگہ، مقعد۔
استا (اَس۔ تا) نام کتاب، کوئین، ژند بیان۔ (اِس۔ تا) تعریف۔
استاج (اِس۔ تاج) اٹیرن، چنگلوک۔
استاخ (اُس۔ تاخ) دیکھو گستاخ۔
استاد (اُس۔ تاد) مدرس، ماہر علم وفن، ہوشیار۔
استادگی (اِس۔ تا۔ دَگی) کھڑے ہونے کی حالت۔
استادن (اِس۔ تادَن) کھڑا ہونا۔ جمع اِستَند
استادنی (اِس۔ تا۔ دَنی) کھڑے ہونے کے لائق۔
استادہ (اِس۔ تا۔ دَہ) کھڑا ہونا۔
استادی (اُس۔ تا۔ دی) اُستادپنا۔

استاذ (اُس۔ تاذ) مدرس، پڑھانیوالا۔ جمع اَساتِذَہ
استاذالانام (اُس۔ تا۔ ذل۔ اَنام) جگت گرو استاد روزگار
استاذی (اُس۔ تا۔ ذِی) میرا اُستاد، میرے استاد
استار (اِس۔ تار) وزن ساڑھے چار مثقال (اَس۔ تار) ستر کی جمع
استاکار (اُس۔ تا۔ کار) استاد
استباحت (اِس۔ تِبا۔ حَت۔ مباح کرنا۔
استبداد (اِس۔ تِب۔ داد) ہٹ، خودرائی، ضد کرنا۔
استبدادی (اِس۔ تِب۔ دا۔ دِی) ضدی، ہٹی۔
استبدادیت (اِس۔ تِب۔ دا۔ دِی یَت) ضدیت، خودرائی
استبرا (اِس۔ تِب۔ را) بری ہونیکی خواہش، پاکی چاہنا۔
استبشار (اِس۔ تِب۔ شار) خوشخبری دینا۔
استبصار (اِس۔ تِب۔ صار) دانائی، بینائی، سوجھتا ہونا۔
استبعاد (اِس۔ تِب۔ عاد) دوری، علیحدگی چاہنا۔
استتابت (اِس۔ تِتا۔ بَت) توبہ کرانا۔
استتار (اِس۔ تتار) چھپانا۔
استثکاک (اِس۔ تِث۔ کاک) ازاربند ڈالنا۔
استثقال (اِس۔ تِث۔ قال) گرانی، مصیبت، ادبار۔
استثنا (اِس۔ تِث۔ نا) نکالنا، الگ کرنا۔
استجابت (اِس۔ تِجا۔ بَت) قبولیت، جواب کہنا۔
استجلاب (اِس۔ تِج۔ لاب) اپنی طرف کھینچنا۔
استحاضہ (اِس۔ تِحا۔ ضَہ) حیض کثرت سے آنا۔
استحالہ (اِس۔ تِحا۔ لَہ) طلب محال، دشوارپسندی
استحباب (اِس۔ تِح۔ باب) دوست رکھنا، اچھا جاننا۔
استحسار (اِس۔ تِح۔ سار) ماندہ ہونا
استحسان (اِس۔ تِح۔ سان) پسندیدگی، اچھا جاننا، پسند کرنا۔
استحصار (اِس۔ تِح۔ صار) گننا، حساب کرنا۔
استحصال (اِس۔ تِح۔ صال) حاصل کرنا۔
استحضار (اِس۔ تِح۔ ضار) یادداشت، یاد رکھنا، حاضری چاہنا۔

استحفاظ (اِس۔ تِح۔ فاظ) نگہداشت، نگرانی رکھنا، یاد رکھنا چاہنا۔
استحقار (اِس۔ تِح۔ قار) ذلیل رکھنا، حقارت کرنا۔
استحقاق (اِس۔ تِح۔ قاق) حق، انصاف خواہی، حق مانگنا۔
استحکام (اِس۔ تِح۔ کام) مضبوطی، مضبوطی چاہنا۔
استحلاف (اِس۔ تِح۔ لاف) قسم لینا۔
استخارہ (اِس۔ تِخا۔ رَہ) آگاہی اور خیریت چاہنا۔
استخدام (اِس۔ تِخ۔ دام) خدمت چاہنا۔
استخراج (اِس۔ تِخ۔ راج) باہر نکالنا، نکالنا چاہنا۔
استخفاف (اِس۔ تِخ۔ فاف) خفت، سبکی، بے رتبہ جاننا۔
استخلاص (اِس۔ تِخ۔ لاص) آزاد کرنا۔
استخوان (اُس۔ تُخ۔ وان) ہڈی، گٹھلی۔
استدارت (اِس۔ تِدا۔ رَت) گردی ہونا۔
استدامت (اِس۔ تِدا۔ مَت) ہمیشگی چاہنا۔
استدراج (اِس۔ تِد۔ راج) کافر سے عجائبات کا ظہور۔
استدراک (اِس۔ تِد۔ راک) پوچھنا چاہنا۔
استدعا (اِس۔ تِد۔ عا) درخواست، خواہش کرنا
استدفاع (اِس۔ تِد۔ فاع) چھٹانا، الگ کرنا۔
استدلال (اِس۔ تِد۔ لال) دلیل، دلیل چاہنا، دلیل لانا۔
استر (اَس۔ تَر) ا۔ استر، خچر۔ ۲۔ دیکھو آستر۔
استراحت (اِس۔ تِرا۔ حَت) آرام چاہنا، راحت طلبی۔
استراخان (اَس۔ تَرا۔ خان) نام شہر (قفقاز)
استراق (اِس۔ تِراق) چھپکر باتیں سننا
استرجاع (اِس۔ تِر۔ جاع) اناللہ وانا الیہ راجعون پڑھنا، دی ہوئی چیز واپس لینا۔

استرخا (اِس - تِر - خار) ڈھیلا پن، کسی عضو کا چھوٹا پڑ جانا۔
استرخاص (اِس - تِر - خاص) رخصت چاہنا۔
استرداد (اِس - تِر - داد) واپس لینا، واپسی چاہنا۔
استردن (اُس - تُر - دَن) مونڈنا، صاف کرنا۔ مضارع اُستُرَد
استردنی (اُس - تُر - دَنی) مونڈنے کے لائق۔
استردہ (اُس - تُر - دَہ) مونڈا ہوا۔
استرضا (اِس - تِر - ضار) خوشنودی، رضامندی پوچھنا
استرندہ (اُس - تُر - نَدہ) مونڈنے والا۔
استروَن (اِس - تَر - وَن) عقیم، بانجھ عورت۔
استرہ (اُس - تُرہ) مونڈنے کا اوزار۔
استزلاق (اِس - تِز - لاق) پھسلانا۔
استسعاد (اِس - تِس - عاد) طلب سعادت، نیکی چاہنا۔
استسقا (اِس - تِس - قار) طلب مینہ۔
استسلام (اِس - تِس - لام) طلب سلامتی، سرِ تسلیم خم کرنا۔
استشارہ (اِس - تِشا - رہ) مشورہ چاہنا، صلاح پوچھنا
استشعار (اِس - تِش - عار) چپکے چپکے دل میں ڈرنا۔
استشفا (اِس - تِش - فار) شفا حاصل کرنا، شفا چاہنا۔
استشفاع (اِس - تِش - فاع) شفاعت چاہنا۔
استشمام (اِس - تِش - مام) سونگھنا چاہنا۔
استشہاد (اِس - تِش - ہاد) طلب شہادت، گواہی چاہنا
استشہاد نامہ (اِس - تِش - ہاد - نامہ) ڈپلومہ، سند۔
استصابہ (اِس - تِصا - بہ) ٹھیک جاننا۔
استصلاح (اِس - تِص - لاح) اصلاح پوچھنا۔
استصواب (اِس - تِص - واب) درست جاننا، دریافت رائے، مشورہ، منظوری۔
استطابت (اِس - تِطا - بَت) پاکی، خوشبوئی
استطاعت (اِس - تِطا - عَت) طاعت، مقدرت، طاقت
استطلاع (اِس - تِط - لاع) آگاہی چاہنا۔

استطلاق (اِس - تِط - لاق) قید سے چھڑانا۔
استظلال (اِس - تِظ - لال) چھاؤں لینا۔
استظہار (اِس - تِظ - ہار) امداد، مدد چاہنا، پشتی ڈھونڈنا۔
استعادت (اِس - تِعا - دَت) مہربان کہنا۔
استعاذت (اِس - تِعا - ذَت) پناہ لینا۔
استعارہ (اِس - تِعا - رہ) مانگنا، عاریت لینا۔
استعانت (اِس - تِعا - نَت) مدد، مدد چاہنا۔
استعباد (اِس - تِع - باد) غلام بنانا، غلامی میں لینا۔
استعجاب (اِس - تِع - جاب) تعجب کرنا۔
استعجال (اِس - تِع - جال) جلدی چاہنا، جلدی کا کرنا۔
استعداد (اِس - تِع - داد) دستگاہِ علمی، آمادگی، آمادہ ہونا۔
استعطاف (اِس - تِع - طاف) مہربانی، دل مٹھی میں لینا۔
استعفا (اِس - تِع - فار) برطرفی ملازمت کی درخواست، معافی چاہنا۔
استعلا (اِس - تِع - لار) طلب بلندی، برتری چاہنا
استعلاج (اِس - تِع - لاج) علاج چاہنا۔
استعلام (اِس - تِع - لام) دریافت حال، آگاہی چاہنا
استعلان (اِس - تِع - لان) آشکارا کرنا۔
استعمار (اِس - تِع - مار) نو آبادی، آبادی چاہنا
استغماض (اِس - تِغ - ماض) کم نظر کرنا۔
استعمال (اِس - تِع - مال) برتنا، کام کی طلب کرنا
استغاثہ (اِس - تِغا - ثہ) دادخواہی، فریاد چاہنا۔
استغراب (اِس - تِغ - راب) بے حد تعریف کرنا، حیرت، انوکھی بات کہنا۔
استغراق (اِس - تِغ - راق) محویت، کھو جانا، غرق ہو جانا۔

استغفار (اِس۔تِغ۔فار) بخشش چاہنا۔
استفلاظ (اِس۔تِغ۔لاظ) دلدار ہونا، موٹا ہونا
استغنا (اِس۔تِغ۔نا) بے نیازی، لاپروا ہونا
استفادہ (اِس۔تِفا۔دَہ) فائدہ حاصل کرنا۔
استفاضہ (اِس۔تِفا۔ضَہ) فیض چاہنا، پراگندہ ہونا
استفاف (اِس۔تِفاف) پھانکنا۔
استفتا (اِس۔تِف۔تا) شرعی حکم پوچھنا۔
استفراغ (اِس۔تِف۔راغ) قے، فراغت چاہنا۔
استفسار (اِس۔تِف۔سار) دریافت، پوچھ گچھ۔
استفلا (اِس۔تِف۔لا) جوئیں دیکھنا۔
استفہام (اِس۔تِف۔ہام) پوچھنا، سمجھنا چاہنا۔
استفہام انکاری (اِس۔تِف۔ہام۔اِن۔کا۔ری) وہ سوالیہ فقرہ جس کا...
استقا (اِس۔تِقا) قے کرنا۔
استقامت (اِس۔تِقا۔مَت) استقلال، راست کرداری، سیدھا پن، مستقیم ہونا۔
استقبال (اِس۔تِق۔بال) خیر مقدم، آگے جانا، پیشوائی کرنا۔
استقدام (اِس۔تِق۔دام) استقبال کرنا، درپیش ہونا۔
استقرا (اِس۔تِق۔را) پیچھے جانا، بہت ڈھونڈنا، خاص چیز سے عام نتیجہ نکالنا۔
استقرار (اِس۔تِق۔رار) ٹھہرنا، قرار پکڑنا، آرام حاصل کرنا، ثابت ہونا۔
استقراض (اِس۔تِق۔راض) قرض چاہنا۔
استقراضی دستی (اِس۔تِق۔راض۔دَس۔تی) سرکاری قرضہ
استقسام (اِس۔تِق۔سام) حصہ کروانا، قسم کھلوانا۔
استقصا (اِس۔تِق۔صا) بے حد کوشش، کنجوسی۔
استقصار (اِس۔تِق۔صار) کم کرنا۔
استقضا (اِس۔تِق۔ضا) تقاضی کرنا۔
استقلال (اِس۔تِق۔لال) مضبوطی، استحکام، کم جانا، کام پر کھڑا ہو جانا۔
استقواس (اِس۔تِق۔واس) کبڑا ہو جانا۔

استکانت (اِس۔تِکا۔نَت) فروتنی، حقارت، عجز۔
استکبار (اِس۔تِک۔بار) گھمنڈ کرنا، بڑا سمجھنا۔
استکتاب (اِس۔تِک۔تاب) لکھنا، پڑھنا چاہنا۔
استکثار (اِس۔تِک۔ثار) کثرت چاہنا۔
استکرار (اِس۔تِک۔رار) بار بار چاہنا۔
استکراہ (اِس۔تِک۔راہ) گھن کرنا، ناپسند کرنا۔
استکساب (اِس۔تِک۔ساب) کوئی چیز ذاتی کوشش سے حاصل کرنا۔
استکفا (اِس۔تِک۔فا) کفایت چاہنا، کافی ہونا چاہنا۔
استکفاف (اِس۔تِک۔فاف) ہاتھ پھیلانا۔
استکنام (اِس۔تِک۔نام) چھپا ہونا چاہنا۔
استلام (اِس۔تِلام) وصول پانا۔
استلذاذ (اِس۔تِل۔ذاذ) لذت لینا، مزا لینا۔
استلزام (اِس۔تِل۔زام) لازم پکڑنا۔
استلقا (اِس۔تِل۔قا) چت لیٹنا۔
استم (اِس۔تَم) دیکھو ستم۔
استماحت (اِس۔تِما۔حَت) شفاعت کرانا، عطا چاہنا۔
استماع (اِس۔تِماع) سننا۔
استمالت (اِس۔تِما۔لَت) مائل کرنا۔
استمامت (اِس۔تِما۔مَت) موت چاہنا، موت سے نڈر ہونا۔
استمتاع (اِس۔تِم۔تاع) نفع چاہنا، منفعت ڈھونڈھنا۔
استمداد (اِس۔تِم۔داد) مدد چاہنا۔
استمرار (اِس۔تِم۔رار) ہمیشگی، جاری ہونا، مضبوط ہونا۔
استمراری (اِس۔تِم۔را۔ری) منسوب بہ استمرار، ہمیشگی والا۔
استمزاج (اِس۔تِم۔زاج) مرضی پوچھنا، مزاج دانی کرنا۔
استمساک (اِس۔تِم۔ساک) رکاوٹ، بند کرنا۔
استن (اُس۔تُن) ستون، کھم۔
استنابت (اِس۔تِنا۔بَت) سپردگی، نیابت چاہنا۔
استناد (اِس۔تِناد) سہارا لگانا، سند چاہنا۔
استنارت (اِس۔تِنا۔رَت) روشن ہونا۔
استنان (اِس۔تِنان) کلیل، سینچا ہونا۔

استنباط (اِسْ۔تِمْ۔بَاطْ) کرید، بات میں سے بات نکالنا، اینٹھنا۔
استنبول (اِسْ۔تَمْ۔بُولْ) قسطنطنیہ۔
استنثار (اِسْ۔تِنْ۔ثَارْ) ناک صاف کرنا۔
استنجا (اِسْ۔تِنْ۔جَا) گندگی پاک کرنا۔
استنساخ (اِسْ۔تِنْ۔سَاخْ) نسخہ چاہنا، نسخہ لینا۔
استنشاد (اِسْ۔تِنْ۔شَادْ) شعر پڑھوانا چاہنا۔
استنشاق (اِسْ۔تِنْ۔شَاقْ) ہوا یا پانی وغیرہ ناک میں کھینچنا
استنصار (اِسْ۔تِنْ۔صَارْ) مدد چاہنا۔
استنطاق (اِسْ۔تِنْ۔طَاقْ) بات پوچھنا، بیان کرنا۔
استنظار (اِسْ۔تِنْ۔ظَارْ) رخصت مانگنا۔
استنظاف (اِسْ۔تِنْ۔ظَافْ) جامہ تلاشی، جھاڑ لینا
استنقاہ (اِسْ۔تِنْ۔قَاہْ) پوچھنا اور سمجھنا چاہنا۔
استنکار (اِسْ۔تِنْ۔کَارْ) ناخوش رکھنا، نا پہچاننا۔
استوا (اِسْ۔تِوَا) راست اور یکساں ہونا، ظاہر ہونا، قرار پکڑنا، برابری، ہمواری۔
استوار (اُسْ۔تُوَارْ) مضبوط۔
استواری (اُسْ۔تُوَا۔رِیْ) مضبوطی۔
استوان (اُسْ۔تُوَانْ) دیکھو استوار
استوانہ (اُسْ۔تُوَا۔نَہْ) کھمبا، ستون جمع اسطوانات
استوزار (اِسْ۔تِوْ۔زَارْ) وزارت چاہنا۔
استہ (اَسْ۔تَہْ) پھل کی گٹھلی۔
استہانت (اِسْ۔تِہَا۔نَتْ) توہین، اہانت، بُرا جاننا۔
استہزا (اِسْ۔تِہْ۔زَا) خشکی، مذاق، ٹھٹھول۔
استہلاک (اِسْ۔تِہْ۔لَاکْ) ہلاکت چاہنا، نیست کرنا
استہلال (اِسْ۔تِہْ۔لَالْ) نیا چاند دیکھنا، نیا چاند نکلنا، پیدائش کے وقت بچہ کا رونا۔
استہمال (اِسْ۔تِہْ۔مَالْ) مہلت چاہنا۔
استہوا (اِسْ۔تِہْ۔وَا) سرگشتہ کرنا
استیاک (اِسْ۔تِیَاکْ) مسواک کرنا
استیبال (اِسْ۔تِیْ۔بَالْ) ہوا خوش نہ آنا۔

استیجار (اِسْ۔تِیْ۔جَارْ) خیر اور درستی چاہنا۔
استیخام (اِسْ۔تِیْ۔خَامْ) ہوا ناموافق آنا۔
استیدا (اِسْ۔تِیْ۔دَا) مدد چاہنا۔
استیذان (اِسْ۔تِیْ۔ذَانْ) اجازت چاہنا۔
استیثاق (اِسْ۔تِیْ۔ثَاقْ) مضبوطی چاہنا، مضبوط کرنا۔
استیصا (اِسْ۔تِیْ۔صَا) نصیحت قبول کرنا۔
استیصال (اِسْ۔تِیْ۔صَالْ) بیخ کنی، جڑ سے اکھیڑنا۔
استیعاب (اِسْ۔تِیْ۔عَابْ) شروع سے آخر تک سب لے لینا، جڑ سے اکھیڑنا۔
استیفار (اِسْ۔تِیْ۔فَارْ) پورا کرنا، بھر لینا۔
استیقاظ (اِسْ۔تِیْ۔قَاظْ) جاگنا، بیدار ہونا۔
استیلا (اِسْ۔تِیْ۔لَا) غالب ہونا۔
استیلاد (اِسْ۔تِیْ۔لَادْ) ولادت چاہنا۔
استیلاف (اِسْ۔تِیْ۔لَافْ) طلب الفت، محبت چاہنا۔
استیلام (اِسْ۔تِیْ۔لَامْ) ہاتھ کے اشارے یا ہونٹوں سے پتھر چومنا۔
استیمان (اِسْ۔تِیْ۔مَانْ) امن چاہنا۔
استیناس (اِسْ۔تِیْ۔نَاسْ) طلب محبت، مانوس ہو جانا۔
استیناف (اِسْ۔تِیْ۔نَافْ) اپیل، از سر نو شروع کرنا
استیہیدن (اِسْ۔تِیْ۔ہِیْ۔دَنْ) دیکھو ستیہیدن۔
اسجاع (اِسْ۔جَاعْ) سجع کہنا، (اَسْ۔جَاعْ) سجع کی جمع۔
اسحار (اَسْ۔حَارْ) سحر، سحر کی جمع۔
اسحم (اَسْ۔حَمْ) بہت سیاہ۔
اسخیا (اَسْ۔خِیَا) سخی کی جمع۔
اسد (اَسَدْ) شیر جمع اَسَادْ، اُسُودْ، اُسْدْ، اُسُدْ، اُسْدَانْ نام برج آسمانی
اسدا (اِسْ۔دَا) نام تنا۔
اسداد (اَسْ۔دَادْ) سد کی جمع۔
اسدہ (اَسْدَہْ) شیرنی۔
اسر (اُسُرْ) نہایت خوش (اَسْر) قید، بند۔
اسرا (اِسْ۔رَا) رات کو چلنا (اُسَرَا) اسیر کی جمع۔

اسرار (اِس۔ رَارْ) بھید، کسی کو بات بہر سمجھانا، پوشیدہ کرنا (اَس۔ رَارْ) سیر کی جمع۔
اسراف (اِس۔ رَافْ) فضول خرچی، بے اندازہ خرچ کرنا
اسرافیل (اِس۔ رَا۔ فِیلْ) روزِ حشر میں صور پھونکنے والا فرشتہ۔
اسرائیل (اِس۔ رَا۔ ئِیلْ) بندۂ خدا، نام حضرت یعقوب۔
اسرائیلی (اِس۔ رَا۔ ئِی۔ لِیْ) فرقہ بنی اسرائیل سے، یہودی۔
اسرع (اَس۔ رَعْ) بہت جلد۔
اسرنج (اِس۔ رِن۔ ج) جلے ہوئے سیسہ کا سرخ رنگ۔
اسری (اَس۔ رَا) اسیر کی جمع۔
اسس (اُسُسْ) بنیاد جمع آساس۔
اسطارہ (اِس۔ طَا۔ رَہْ) دیکھو اسطورہ جمع اَساطیر۔
اسطر (اُس۔ طُرْ) ترازو۔
اسطرلاب (اُس۔ طُرْ۔ لَابْ) اجرام فلکی کی پیمائش کا آلہ۔
اسطقس (اُس۔ طُقُسْ) عنصر جمع اَسْطُقُسَّات۔
اسطوانہ (اُس۔ طُوَا۔ نَہْ) استوانہ جمع اَساطِین۔
اسطورہ (اُس۔ طُو۔ رَہْ) افسانہ، کہانی جمع اَساطیر۔
اسطول (اُس۔ طُولْ) جنگی جہاز۔
اسعاد (اِس۔ عَادْ) مدد دینا، نیک بخت کرنا۔
اسعار (اِس۔ عَارْ) بھاؤ چکانا (اَس۔ عَارْ) سعر کی جمع
اسعاط (اِس۔ عَاطْ) طعن، بھالا مارنا۔
اسعاف (اِس۔ عَافْ) حاجت روائی کرنا۔
اسعد (اَس۔ عَدْ) نہایت نیک، سعید تر۔
اسف (اَسَفْ) بڑا رنج (اَسِفْ) غصیلا، غضبناک۔
اسفار (اِس۔ فَارْ) روشن ہونا (اَس۔ فَارْ) سفر، سِفر کی جمع۔
اسفاف (اِس۔ فَافْ) نزدیک ہونا، گھورنا، ٹکٹکی لگانا۔
اسفاناج (اِس۔ فَا۔ نَاجْ) اسفنج۔
اسفاناخ (اِس۔ فَا۔ نَاخْ) دیکھو اسپاناخ۔
اسفل (اَس۔ فَلْ) نہایت نیچا۔ جمع اَسافِل
اسفل السافلین (اَس۔ فَلُسْ۔ سَا۔ فِلِینْ) ہاویہ، دوزخ کا ساتواں طبقہ۔

اسفنج / اسفنجہ (اِس۔ فَنْ۔ ج، اِس۔ فَنْ۔ جَہْ) اسپنج
اسفند، اسفندار (اِس۔ فَنْدْ، دِ، اِس۔ فَنْ۔ دَارْ) فارسی کا بارھواں شمسی مہینہ۔
اسفندیار (اِس۔ فَنْ۔ دِ۔ یَارْ) قدرتِ حق، لطفِ یزداں۔
اسقا (اِس۔ قَا) پلانا۔
اسقاط (اِس۔ قَاطْ) گرانا، ڈالنا (اَس۔ قَاطْ) سقط کی جمع
اسقام (اَس۔ قَامْ) سقم کی جمع۔
اسقف (اُس۔ قُفْ) پادری۔
اسقیل (اِس۔ قِیلْ) جنگلی پیاز۔
اسقیہ (اَس۔ قِیَہْ) سقا یہ کی جمع۔
اسکات (اِس۔ کَاتْ) خاموشی، چپکا کرنا۔
اسکاف (اِس۔ کَافْ) موچی، کاریگر۔
اسکان (اِس۔ کَانْ) آرام دینا، آرام کرنا۔
اسکدار (اُس۔ کُدَارْ) چوکی ڈاک، ایلچی
اسکفہ (اُس۔ کُف۔ فَہْ) چوکھٹ۔
اسکن (اَس۔ کَنْ) بڑا آرام پایا ہوا۔
اسکنہ (اِس۔ کَنَہْ) چھیدنے کا برما۔
اسلاخ (اِس۔ لَاخْ) کھال کھینچنا، کھال اُتارنا۔
اسلاف (اَس۔ لَافْ) سلف کی جمع۔
اسلاک (اَس۔ لَاکْ) سلک کی جمع۔
اسلال (اِس۔ لَالْ) رشوت دینا، چوری کرنا۔
اسلام (اِس۔ لَامْ) مسلمان ہونا، اطاعت میں گردن رکھ دینا (اَس۔ لَامْ) سلم کی جمع۔
اسلحہ (اَس۔ لِحَہْ) سلاح کی جمع۔
اسلحہ خانہ (اَس۔ لِحَہ۔ خَا۔ نَہْ) ہتھیار خانہ۔
اسلم (اَس۔ لَمْ) نہایت سالم، مارگزیدہ۔
اسلوب (اُس۔ لُوبْ) طریقہ، طرز، روش جمع اَسالِیب۔
اسم (اِسْم) نام جمع اَسما، جمع جمع اَسامی۔
اسمار (اَس۔ مَارْ) سمر کی جمع۔

اسماع (اِس۔ مَاع) سُنانا، گالی بکنا (اَس۔ مَاع) سمع کی جمع۔
اسماء الرجال (اَس۔ مَا۔ اُرّ رِجَال) لوگوں کے نام۔
اسمر (اَس۔ مَر) گندمی، جمع اَسَامِر۔
اسمرانی (اَس۔ مَرَانی) پھول۔
اسمی (اِس۔ مِی) منسوب بہ اسم۔
اسناد (اِس۔ نَاد) سند دینا (اَس۔ نَاد) سند کی جمع۔
اسنان (اَس۔ نَان) سن کی جمع۔
اسنیٰ (اَس۔ نَا) بڑا ابتدا، بڑا روشن۔
اسوار (اَس۔ وَار) سوار کی جمع۔
اسواط (اَس۔ وَاط) سوط کی جمع۔
اسواق (اَس۔ وَاق) سوق کی جمع۔
اسوج (اَسوَاتِج) ملک سویڈن۔
اسود (اَس۔ وَد) کالا جمع سُود، اَسَاوِد۔
اسولہ (اَس۔ وِلَہ) سوال کی جمع۔
اسوہ (اُس۔ وَہ) سردار قوم (اُس۔ وَہ) پیروی، پیشوا۔
اسہار (اِس۔ ہَار) بیدار کرنا، بیدار ہونا۔
اسہال (اِس۔ ہَال) دست، پیٹ چلنا۔
اسہل (اَس۔ ہَل) نہایت سہل
اسی (اَسِیّ) رنجیدہ، مغموم۔
اسیاف (اَس۔ یَاف) سیف کی جمع۔
اسیر (اَسِیر) قیدی، جمع اُسارٰی، اَسارٰی، اَسرا اور اَسرٰی۔
اسیرغہ (اَسِیر۔ غَہ) بالی۔
اسیری (اَسِیری) قید و بند۔
اسیلم (اَسِی۔ لَم) ہاتھ کی ایک رگ۔
اشاجیع (اَشَا۔ جِیع) اشجع کی جمع۔
اشادن (اِشَا۔ دَن) بلند آواز سے پڑھنا۔
اشارت، اشارہ (اِشَا۔ رَت، اِشَارَہ) ایما، سین مارنا۔
اشاش (اِشَاش) خوشی، خوشی کرنا۔

اشاعت (اِشَا۔ عَت) آشکارا کرنا، پھیلانا، پراگندہ کرنا
اشافی (اَشَا۔ فِی) شفار کی جمع۔
اشاق (اُشَاق) لڑکا، بچہ، (اُشَاق) غلام بچہ۔
اشاکت (اِشَا۔ کَت) گڑھ دینا۔
اشباح (اَش۔ بَاح) شبح کی جمع۔
اشبار (اَش۔ بَار) شبر کی جمع۔
اشباع (اِش۔ بَاع) حرف علت کی حرکت دراز کرنا (اَش۔ بَاع) تتابع
اشباک (اَش۔ بَاک) شبکہ کی جمع۔
اشبال (اِش۔ بَال) مہربانی کرنا، بیوہ کا بچوں کی خاطر نکاح نہ کرنا (اَش۔ بَال) شبل کی جمع۔
اشباہ (اِش۔ بَاہ) مشابہ ہونا (اَش۔ بَاہ) شبہ کی جمع۔
اشپشہ (اِش۔ پِشَہ) کیڑا۔
اشتات (اِش۔ تَات) پراگندہ کرنا (اَش۔ تَات) شتت کی جمع۔
اشتاد (اِش۔ تَاد) شمسی ماہ کا چھبیواں دن۔
اشتباک (اِش۔ تِبَاک) انبوہ، گھل مل جانا
اشتباہ (اِش۔ تِبَاہ) مشابہ ہونا، چیز پوشیدہ ہونا۔
اشتجار (اِش۔ تِجَار) ٹھوڑی ہاتھ پر ٹیکنا۔
اشتداد (اِش۔ تِدَاد) شدت، تنگی کرنا۔
اشتر (اُش۔ تُر) دیکھو شتر۔
اشترا (اِش۔ تِرَا) خرید و فروخت، مول لینا۔
اشتراط (اِش۔ تِرَاط) بازی بدنا۔
اشتراک (اِش۔ تِرَاک) ساجھا، اخبار یا رسالہ کی مستقل خریداری
اشتراکی (اِش۔ تِرَا۔ کِی) منسوب بہ اشتراک، جمہوریت پسند، شخصی سیاسی اقتدار کا مخالف۔
اشتراکیت (اِش۔ تِرَا۔ کِی۔ یَت) جمہوریت پسندی۔
اشتعال (اِش۔ تِعَال) لپٹ مارنا، بھڑکنا۔
اشتعالک (اِش۔ تِعَا۔ لَک) ہزار ایک بھڑک۔
اشتغال (اِش۔ تِغَال) مشغولیت، مشغول ہونا، منہ پھیرنا، بیزار ہونا (از کے ساتھ استعمال)
اشتقاق (اِش۔ تِقَاق) ایک لفظ سے دوسرا بنانا، پھٹنا، نکلنا

اشتکا (اِش۔ تِکَا) فریاد کرنا، گلہ کرنا۔
اشتلم (اُش۔ تُلُم) دیکھو شتلم۔
اشتمال (اِش۔ تِمَال) شامل کرنا یا ہونا، ملانا۔
اشتہا (اِش۔ تِہَا) بھوک، خواہش۔
اشتہار (اِش۔ تِہَار) شہرت دینا، شہرت پانا۔ جمع اِشتہارات۔
اشتیاف (اِش۔ تِیَاف) سربلند رکھنا، بجلی دیکھنا
اشتیاق (اِش۔ تِیَاق) شوق، آرزومندی۔
اشتیہ (اِش۔ تِیَہ) شتار کی جمع۔
اشجار (اَش۔ جَار) شجر کی جمع۔
اشجان (اَش۔ جَان) شجن کی جمع۔
اشجع (اَش۔ جَع) بڑا بہادر، جمع اَشَاجِع (اِش۔ جَع) انگلی کی جڑ، جمع اَشَاجِع۔
اشحا (اَشِحَّا) شحیح کی جمع۔
اشحام (اِش۔ حَام) چربی کھلانا۔
اشحہ (اَشِحَّہ) شحیح کی جمع۔
اشخاص (اِش۔ خَاص) بھیجنا، نکال دینا، غیبت کرنا (اَش۔ خَاص) شخص کی جمع۔
اشخام (اِش۔ خَام) کھانا وغیرہ سڑ جانا۔
اشخص (اَش۔ خُص) شخص کی جمع۔
اشد (اَشَد) نہایت شدید، بہت سخت۔
اشداد (اَشِدَّا) شدید کی جمع
اشدق (اَش۔ دَق) فراخ دہن۔
اشر (اَشَر) بڑا شریر (اَش۔ ر) ٹکڑا کاٹنا۔
اشرا (اَشِرَّا) شریر کی جمع۔
اشراب (اِش۔ رَاب) کام کا بیڑا اٹھانا۔
اشرار (اِش۔ رَار) بدی سے منسوب کرنا، شر اٹھانا (اَش۔ رَار) شریر کی جمع۔
اشراف (اِش۔ رَاف) نیچے جھانکنا، بلند ہونا۔ (اَش۔ رَاف) شریف کی جمع، بھلامانس، بلند جگہ۔
اشراق (اِش۔ رَاق) سورج نکلنے کا وقت، چمکنا۔

اشراقات (اِشْ-رَا-قَاتْ) کرنیں، چمکنے والی چیزیں۔
اشراقی (اِشْ-رَا-قِیْ) حکمائے قدیم کا ایک فرقہ۔
اشراک (اِشْ-رَاکْ) ساجھی ہونا (اَشْ-رَاکْ) شریک کی جمع
اشربہ (اَشْ-رِبَہْ) شراب کی جمع۔
اشرف (اَشْ-رَفْ) بڑا شریف، بڑا بزرگ۔
اشرف الاشراف (اَشْ-رَفُلْ-اَشْ-رَافْ) شریفوں کا شریف۔
اشرف المخلوقات (اَشْ-رَفُلْ-مَخْ-لُوْ-قَاتْ) مخلوقات میں نہایت اعلیٰ۔
اشرفی (اَشْ-رَ-فِیْ) ایک پرانا طلائی سکہ۔
اشرم (اَشْ-رَمْ) ناک پھٹا ہوا۔
اشعار (اِشْ-عَارْ) آگاہ کرنا، مشہور کرنا (اَشْ-عَارْ) شعر کی جمع۔
اشتعال (اِشْ-تِعَالْ) آگ بھڑکانا۔
اشعل (اَشْ-عَلْ) جس کی دُم میں سفیدی کا ہو۔
اشعریہ (اَشْ-عَرِیْ-یَہْ) حکمائے اسلام کا ایک طبقہ۔
اشعہ (اَشِعَّہْ) عکس، شعاع کی جمع۔
اشغال (اَشْ-غَالْ) شغل کی جمع۔
اشغل (اَشْ-غَلْ) بہت مشغول۔
اشفاق (اِشْ-فَاقْ) مہربانی کرنا، ڈرنا (اَشْ-فَاقْ) شفقت، شفق کی جمع
اشفی (اَشْ-فَا) ستالی۔
اشفیہ (اَشْ-فِیَہْ) شفا کی جمع۔
اشق (اَشَقّ) نہایت مشکل۔
اشقی (اَشْ-قَا) بڑا شقی۔
اشقیا (اَشْ-قِیَا) شقی کی جمع۔
اشک (اِشْک) گدھا (اَشْک) آنسو۔
اشکال (اِشْ-کَالْ) مشکل ہونا (اَشْ-کَالْ) شکل کی جمع
اشکبار (اَشْک-بَارْ) آنسو برسانے والا۔
اشکباری (اَشْک-بَا-رِیْ) آنسو برسانا۔
اشکرہ (اَشْ-کَ-رَہْ) دیکھو شکرہ۔
اشکل (اَشْ-کَلْ) بڑا مشکل، بڑا شکیل۔

اشکم (اِش۔کَم) دیکھو شکم۔
اشکنبہ (اِش۔کَنَہ) بکری کا پیٹ۔
اشکوخ (اِش۔کُوخ) ٹھوکر، پھسلن، لغزش۔
اشکوخیدن (اِش۔کُو۔خی۔دَن) پھسلنا، رپٹنا ٹھوکر کھانا۔
اشکوفہ (اَش۔کُو۔فَہ) قے، قلس، شگوفہ۔
اشگرف (اِش۔گَر۔ف) دیکھو شنگرف (اَش۔گَر۔ف) دیکھو شنگرف۔
اشل (اَشَل) لنجا، ہاتھ سوکھا۔
اشلاق (اِش۔لَق) تہمت، بہتان۔
اشم (اَشَم) کھڑی ناک والا، شرم والا۔
اشمام (اِش۔مَام) سنگھانا، سونگھنا۔
اشمل (اَش۔مَل) بڑا شامل۔
اشن (اَشَن) کچا خربوزہ۔
اشنان (اُش۔نَان) کپڑے دھونے کی گھاس۔
اشنوشہ (اِش۔نُو۔شَہ) چھینک، عطسہ۔
اشغلہ (اُش۔غَلَہ) بلا گیر، چھپکلی۔
اشواق (اَش۔وَاق) شوق کی جمع۔
اشواک (اِش۔وَاک) کانٹوں دار ہونا (اَش۔وَاک) شوکہ کی جمع۔
اشوق (اَش۔وَق) نہایت شائق جمع شُوق
اشہاد (اِش۔هَاد) گواہ کرنا، حاضر کرنا (اَش۔هَاد) شاہد کی جمع۔
اشہب (اَش۔هَب) بھورا رنگ (اُش۔هُب) شہاب کی جمع
اشہر (اَش۔هَر) بہت مشہور (اَش۔هُر) شہر کی جمع۔
اشہل (اَش۔هَل) زردی مائل سیاہ چیز بھیڑ کی سی آنکھوں والا۔
اشیا (اَش۔یَا) شے کی جمع۔
اشیاع (اَش۔یَاع) شیعہ کی جمع۔
اشیب (اَش۔یَب) بوڑھا جمع شِیب یا شُیُب۔
اصابت (اِصَا۔بَت) رسائی، پہونچنا، صواب پانا۔
اصابہ (اِصَا۔بَہ) مصیبت کا پہنچنا، مصیبت میں مبتلا ہونا۔

اصاحیب (اَصَا۔حِیب) اصحاب کی جمع اور صاحب کی جمع الجمع۔
اصاخت (اِصَا۔خَت) کان لگانا۔
اصادق (اَصَا۔دِق) اصدق، صدیق کی جمع
اصالت (اَصَا۔لَت) اصل ہونا، نکھراؤ، جڑ بنیادی
اصالتاً (اَصَا۔لَتَنْ) بلا وسیلہ، براہ راست۔
اصباح (اِص۔بَاح) سویرا، صبح کرنا۔ (اَص۔بَاح) صبح کی جمع۔
اصابع (اَص۔بَاغ) صبغ کی جمع۔
اصبغ (اَص۔بَغ) سرخ رنگ جمع اَصَابِغ۔
اصبع (اَص۔بَع، اِص۔بَع) انگلی جمع اَصَابِع
اصبح (اَص۔بَح) سفید دُم، سفید پیشانی
اصح (اَصَح) نہایت صحیح۔
اصحا (اَصِح۔حَا) صحیح کی جمع۔
اصحاب (اِص۔حَاب) دوست بنانا، رام ہونا (اَص۔حَاب) صاحب کی جمع الجمع۔
اصحاب منقل (اَص۔حَاب مُن۔قَل) دوست، اشنا
اصداد (اِص۔دَاد) زخم میں مواد پڑنا۔
اصدار (اِص۔دَار) نکالنا، اپنا صادر کرنا۔
اصداف (اَص۔دَاف) صدف کی جمع۔
اصداق (اِص۔دَاق) بات سچی قرار دینا، مہر مقرر کرنا (اَص۔دَاق) صدق کی جمع۔
اصدق (اَص۔دَق) بہت سچا جمع اَصَادِق
اصدقا (اَص۔دِقَا) صدیق کی جمع۔
اصر (اِصر) پیغام، پیام۔
اصراخ (اِص۔رَاخ) فریاد کو پہونچنا۔
اصرار (اِص۔رَار) ہٹ، تاکید، ضد کرنا۔
اصراف (اِص۔رَاف) خرچ کرنا۔
اصرام (اِص۔رَام) فقیر ہونا۔
اصرخ (اَص۔رَخ) بڑا فریادی۔
اصطباح (اِص۔طِبَاح) صبح کو شراب پینا۔

اصطبار (اِص-طِبار) صبر کرنا۔
اصطباغ (اِص-طِباغ) ڈوب دینا، رنگنا۔
اصطبل (اِص-طَب-ل) طویلہ، آخر۔
اصطراخ (اِص-طِراخ) فریاد و فغاں کرنا۔
اصطرلاب (اُص-طُر-لاب) دیکھو اسطرلاب۔
اصطفا (اِص-طِفاء) برگزیدگی۔
اصطفاف (اِص-طِفاف) صف بندی، قطار باندھنا
اصطفام (اِص-طِفام) برگزیدگی، چھانٹنا۔
اصطلاح (اِص-طِلاح) دوسرے معنی مقرر کرنا جمع اِصطِلاحات۔
اصطلاحی (اِص-طِلا-حی) منسوب بہ اصطلاح۔
اصطلاع (اِص-طِلاع) کام پر چڑھ جانا۔
اصطلام (اِص-طِلام) جڑ سے اکھیڑنا۔
اصطناع (اِص-طِناع) بھلائی کرنا۔
اصطیاد (اِص-طِیاد) شکار کرنا۔
اصغا (اِص-غا) سننے کو کان جھکانا۔
اصغر (اَص-غَر) نہایت چھوٹا جمع اَصاغِر۔
اصفاح (اِص-فاح) مائل کرنا، سوال رد کرنا
اصفاد (اَص-فاد) صفد کی جمع۔
اصفار (اِص-فار) مفلس ہونا (اَص-فار) صفر کی جمع
اصفر (اَص-فَر) پیلا، زرد۔
اصفی (اَص-فا) بہت صاف۔
اصفیا (اَص-فِیا) اصفی کی جمع۔
اصل (اَص-ل) جڑ، نسل، بنیاد جمع اُصول، اُصُل
اصلا (اَص-لا) ہرگز (اِص-لاء) جلانا۔
اصلاً (اَص-لَنْ) از روئے اصل۔
اصلاب (اَص-لاب) صلب کی جمع۔
اصلاح (اِص-لاح) درستی، سدھارنا۔
اصل السوس (اَص-لُس-سُوس) ملیٹھی۔
اصلح (اَص-لَح) بہت درست۔
اصلخ (اَص-لَخ) بہرہ بٹ۔

اصلع (اَص-لَع) تام چٹا۔
اصلم (اَص-لَم) بوچا۔
اصلی (اَص-لی) منسوب بہ اصل، بنیادی، بے بناوٹ۔
اصلیت (اَص-لِی-یَت) واقفیت، حقیقت۔
اصم (اَصَم) بہرا جمع صُمّ، صُمّان۔
اصمام (اِص-مام) بہرا ہونا۔
اصمع (اَص-مَع) چھوٹے کان والا، تیز خاطر، اہل دل۔
اصناف (اَص-ناف) صنف کی جمع۔
اصنام (اَص-نام) صنم کی جمع۔
اصنان (اِص-نان) گندہ بغل، گھمنڈ کرنا۔
اصوات (اَص-وات) صوت کی جمع۔
اصواع (اَص-واع) صاع کی جمع۔
اصوب (اَص-وَب) بہت ٹھیک۔
اصول (اُصُول) اصل کی جمع۔
اصولی (اُصُو-لی) منسوب بہ اُصول۔
اصہب (اَص-ہَب) سفیدی مائل سرخ
اصہاب (اِص-ہاب) دلمیں کینہ ڈالنا، خاموش ہونا۔
اصیاف (اَص-یاف) صیف کی جمع۔
اصیل (اَصِیل) شام، خالص نسل والا، مضبوط۔ جمع اَصائل، آصال۔
اضاض (اِضاض) پناہ کی جگہ۔
اضاعت (اِضا-عَت) ضائع کر دینا، کھو دینا۔
اضافت (اِضا-فَت) نسبت دینا، زیادہ کرنا۔
اضافہ (اِضا-فَہ) زیادتی، بڑھوتری۔
اضافی (اِضا-فی) نسبتی، زائد۔
اضائت (اِضا-ئَت) روشن کرنا یا ہونا۔
اضائف (اَضا-ئِف) ضیف کی جمع۔
اضجاع (اِض-جاع) کروٹ کے بل سلانا، لٹانا۔
اضحاک (اِض-حاک) چھلکنا، کھاس چڑھنا۔
اضحوکہ (اُض-حُو-کَہ) جس سے ہنسی آوے۔

اضحی (اَض - حا) قربانی، صبح کو کام کرنا۔
اضحیہ (اُض - حِیَہ) قربانی کی بکری جمع اَضاحِی۔
اضداد (اَض - داد) ضد کی جمع۔
اضراب (اِض - راب) منہ پھیر لینا، مقیم ہونا، سر نیچے ڈال لینا (اَض - راب) ضرب کی جمع۔
اضرار (اِض - رار) ضرر پہونچانا، دوڑنا (اَض - رار) ضرر کی جمع۔
اضراس (اَض - راس) ضرس کی جمع۔
اضرام (اِض - رام) آگ جلانا۔
اضطجاع (اِض - طِجاع) کروٹ سے سونا۔
اضطراب (اِض - طِراب) گھبراہٹ، ہڑبڑانا۔
اضطرار (اِض - طِرار) بے اختیاری، ناچاری، عاجزی
اضطراری (اِض - طِرا - ری) منسوب بہ اضطرار
اضطرام (اِض - طِرام) شعلہ مارنا۔
اضطلاع (اِض - طِلاع) پختہ کاری، کام کو مضبوط ہونا
اضعاف (اِض - عاف) دونا کرنا، ضعیف کرنا۔ (اَض - عاف) ضعف کی جمع۔
اضعف (اَض - عَف) بہت ضعیف۔
اضغاث (اَض - غاث) ضغث کی جمع۔
اضغاث احلام (اَض - غاث - اَح - لام) خواب پریشاں
اضل (اَضَل) بڑا گمراہ۔
اضلاع (اَض - لاع) ضلع کی جمع۔
اضلال (اِض - لال) راہ بھلانا، گمراہ کرنا۔
اضلع (اَض - لُع) ضلع کی جمع۔
اضم (اَضَم) غصہ کرنا۔
اضمار (اِض - مار) ضمیر لانا، دل میں رکھنا۔
اضمحلال (اِض - مِح - لال) مضمحل ہونا، نیست ہونا۔
اضیاف (اَض - یاف) ضیف کی جمع۔
اضیع (اَض - یَع) نہایت ضائع کرنے والا۔
اضیق (اَض - یَق) بہت تنگ۔
اطابت (اِطا - بَت) خوشبو کرنا، استنجا کرنا، خوش کرنا۔
اطاحت (اِطا - حَت) ہلاک کرنا، ڈالنا۔
اطارت (اِطا - رَت) اُڑانا۔
اطاعت (اِطا - عَت) تابعداری کرنا، حکم ماننا۔
اطاق (اُطاق) کمرہ
اطالت (اِطا - لَت) لمبا کرنا۔
اطالس (اَطا - لِس) اطلس کی جمع۔
اطالوی، اطالیائی (اَطا - لوی، اَطا - لیا - ئی) منسوب بہ اطالیہ۔
اطالیہ (اَطا - لِیَہ) ملک اٹلی۔
اطالہ (اِطا - لَہ) دیکھو اطالت۔
اطام (اُطام) پیشاب بند ہو جانا۔
اطبا (اَطِب - با) طبیب کی جمع۔
اطباخ (اِط - باخ) پکانا، بھوننا۔
اطباع (اَط - باع) طبع کی جمع (طَبع، طِبع)
اطباق (اِط - باق) دروازہ بھیڑنا (اَط - باق) طبق کی جمع۔
اطبال (اَط - بال) طبل کی جمع۔
اطبخ (اَط - بَخ) بہت پکانے والا۔
اطبقہ (اَط - بِقَہ) طبق کی جمع۔
اطرا (اِط - را) تعریف میں مبالغہ کرنا۔
اطراب (اِط - راب) خوش کرنا۔
اطراح (اِط - راح) ڈالنا، پھینکنا۔
اطراد (اِط - راد) ہانکنا، چلانا (اِط - طِراد) کام ٹھیک ہونا، آگے پیچھے جانا۔
اطرار (اِط - رار) ناز کرنا، بے موقع غصہ کرنا (اَط - رار) طرہ کی جمع۔
اطراز (اِط - راز، اِط - طِراز) نقش کرنا۔
اطراف (اَط - راف) طرف کی جمع، اعضائے جسمانی
اطرق، اطرقا (اَط - رُق، اَط - رِقا) طریق کی جمع
اطروبہ (اُط - رُو - بَہ) فرحت بخش، نغمہ، مزامیر
اطروش (اُط - رُوش) بہرا۔

اظرہ (اَظْ - رَہْ) ناخن کی جڑ۔
اظریش (اَظْ - رِیْش) اسٹریا (وسطی یورپ)
اطریفل (اِطْ - رِیْ - فَلْ) ایک یونانی مرکب دوا۔
اطریہ (اِطْ - رِیْ - یَہْ) سویاں۔
اطعام (اِطْ - عَامْ) کھانا کھلانا۔
اطعمہ (اَطْ - عِمَہْ) طعام کی جمع۔
اطغا (اِطْ - غَا) گمراہ کرنا۔
اطفا (اِطْ - فَا) آگ بجھانا، چراغ گل کرنا۔
اطفال (اِطْ - فَالْ) چھوٹا بچہ ہونا (اَطْ - فَالْ) طفل کی جمع
اطل (اِطْ - ل) کوکھ، پہلو جمع آطال
اطلاع (اِطْ - لَاعْ) بھید بتانا، خبر دینا جمع اطلاعات
اطلاق (اِطْ - لَاقْ) روان کرنا، چھوڑنا، بے قید کرنا۔
اطلال (اِطْ - لَالْ) خون باطل کرنا، مشرف ہونا (اَطْ - لَالْ) طلل کی جمع
اطلس (اَطْ - لَسْ) ریشمی کپڑا، صاف آسمان جمع اطالس
اطلنطیقی (اَطْ - لَنْ - طِیْ - قِیْ) بحر اٹلانٹک۔
اطم (اُطُمْ) پتھر کا قلعہ۔
اطماع (اِطْ - مَاعْ) لالچ میں ڈالنا۔
اطمینان (اِطْ - مِیْ - نَانْ) تسلی، دلاسا۔
اطناب (اِطْ - نَابْ) طول دینا (اَطْ - نَابْ) طنب کی جمع
اطوار (اَطْ - وَارْ) طور کی جمع۔
اطواق (اَطْ - وَاقْ) ۱۔ نایل کا پانی ۲۔ طوق کی جمع
اطوال (اِطْ - وَالْ) لمبا کرنا (اَطْ - وَالْ) طول کی جمع
اطہار (اِطْ - ہَارْ) پاک کرنا (اَطْ - ہَارْ) طاہر، طہر کی جمع
اطہر (اَطْ - ہَرْ) نہایت پاک۔
اطیاب (اَطْ - یَابْ) طیب کی جمع۔
اطیار (اَطْ - یَارْ) طائر کی جمع، پنچھی۔
اطیب (اَطْ - یَبْ) نہایت پاکیزہ۔
اطیط (اَطِیْطْ) پیٹ بولنا۔
اظافیر (اَظَا - فِیْرْ) ظفر کی جمع
اظانین (اَظَا - نِیْنْ) ظن کی جمع لنگ
اظفار (اِظْ - فَارْ) فتحمندی دینا، جیتنا (اَظْ - فَارْ)
ظفر، ظفر کی جمع۔
اظفر (اَظْ - فَرْ) بڑے ناخن والا۔
اظلال (اِظْ - لَالْ) سایہ ڈالنا (اَظْ - لَالْ) ظل کی جمع
اظلام (اِظْ - لَامْ) تاریک ہونا۔
اظلم (اَظْ - لَمْ) نہایت ظالم۔
اظہار (اِظْ - ہَارْ) کھولنا، ظاہر کرنا۔
اظہار نامہ (اِظْ - ہَارْ - نَا - مَہْ) سمن عدالت۔
اظہر (اَظْ - ہَرْ) نہایت ظاہر جمع اَظَاہِر۔
اظہر من الشمس (اَظْ - ہَرْ - مِنَشْ - شَمْ - س)
سورج سے زیادہ ظاہر۔
اعابد (اَعَا - بِدْ) اعبد کی جمع۔
اعاجم (اَعَا - جِمْ) اعجم کی جمع۔
اعاجیب (اَعَا - جِیْبْ) عجیب کی جمع۔
اعادت، اعادہ (اِعَا - دَتْ، اِعَا - دَہْ) پھیر کر لانا، لوٹانا
اعادی (اَعَا - دِیْ) عدو کی جمع۔
اعاذت (اِعَا - ذَتْ) پناہ میں لینا۔
اعارت (اِعَا - رَتْ) مانگنے دینا۔
اعاظم (اَعَا - ظِمْ) اعظم کی جمع۔
اعالت (اِعَا - لَتْ) عیالدار ہونا، حقیر ہونا۔
اعالی (اَعَا - لِیْ) اعلیٰ کی جمع۔
اعانت، اعانہ (اِعَا - نَتْ، اِعَا - نَہْ) مدد، چندہ
امداد کرنا۔
اعبد (اَعْ - بُدْ) عبد کی جمع۔
اعبیہ (اَعْ - بِیَہْ) عبار کی جمع۔
اعتا (اِعْ - تَا) دینا (اَعْ - تَا) عتو کی جمع۔
اعتاق (اِعْ - تَاقْ) غلام آزاد کرنا۔
اعتام (اِعْ - تَامْ) تنگ کرنا۔
اعتباد (اِعْ - تِبَادْ) غلام بنانا۔
اعتبار (اِعْ - تِبَارْ) عبرت پکڑنا۔ بھروسہ کرنا۔
اعتبار نامہ (اِعْ - تِبَارْ - نَا - مَہْ) سند، سرٹیفکٹ۔
اعتدا (اِعْ - تِدَا) ظلم کرنا۔

اعتداد (ا ع - تِداد) شمار کرنا، حاضر کرنا۔
اعتدال (ا ع - تِدال) برابر کرنا۔
اعتذار (ا ع - تِذار) عذر کرنا۔
اعتراض (ا ع - تِراض) مانع ہونا، عیب نکالنا۔
اعتراف (ا ع - تِراف) اقرار کرنا، ماننا۔
اعتراک (ا ع - تِراک) اکٹھا ہونا، جمع ہونا۔
اعتزا (ا ع - تِزا) خود کو نسبت دینا۔
اعتزال (ا ع - تِزال) الگ ہو بیٹھنا، یکسو ہونا۔
اعتزام (ا ع - تِزام) قصد کرنا، عزم کرنا۔
اعتساس (ا ع - تِساس) رات کو پہرہ دینا۔
اعتساف (ا ع - تِساف) جفاکاری، بیراہ روی کا
کام چاہنا۔
اعتشان (ا ع - تِشان) سوچ کر اپنی رائے سے بات کہنا۔
اعتصاب (ا ع - تِصاب) گروہ بندی، عمامہ باندھنا۔
اعتصار (ا ع - تِصار) نچوڑنا، قبضہ سے مال نکالنا۔
اعتصام (ا ع - تِصام) پرہیزگاری، سہارا،
چنگل مارنا، پکڑنا۔
اعتضاد (ا ع - تِضاد) قوت پانا، مدد چاہنا۔
اعتقاد (ا ع - تِقاد) یقین، عقیدہ، گرویدگی۔
اعتقال (ا ع - تِقال) باندھنا، بند کرنا۔
اعتکار (ا ع - تِکار) غٹ پٹ ہونا۔
اعتکاف (ا ع - تِکاف) گوشہ نشینی، باز رہنا۔
اعتلا (ا ع - تِلا) اونچا ہونا۔
اعتلاف (ا ع - تِلاف) گھاس کھانا۔
اعتلاق (ا ع - تِلاق) عاشق ہونا۔
اعتلال (ا ع - تِلال) بیمار پڑنا، بہانہ کرنا۔
اعتماد (ا ع - تِماد) بھروسہ کرنا، تکیہ کرنا۔
اعتماز (ا ع - تِماز) کام میں عیب نکالنا۔
اعتماس (ا ع - تِماس) ڈبکی مارنا۔
اعتماض (ا ع - تِماض) اونگھنا۔
اعتمال (ا ع - تِمال) کام کرنا۔

اعتنا (ا ع - تِنا) غمخواری، تکلیف اٹھانا۔
اعتناق (ا ع - تِناق) گلے ملنا۔
اعتیاد (ا ع - تِیاد) عادت ڈالنا۔
اعتیاض (ا ع - تِیاض) بدلہ دینا۔
اعجاب (ا ع - جاب) غرور کرنا، عجیب جاننا۔
اعجاز (ا ع - جاز) نبی سے خرق عادت ا
عاجز کرنا (اَ ع - جاز) عجز کی جمع۔
اعجاز عیسوی (ا ع - جا - زِ - عی - سوی)
حضرت عیسیٰ کا اعجاز۔
اعجال (ا ع - جال) دوڑانا (اَ ع - جال) عجل کی جمع
اعجام (ا ع - جام) حرفوں پہ نقطے لگانا۔
اعجب (اَ ع - جب) بہت زیادہ عجیب چیز، عجائب۔
اعجم (اَ ع - جم) گونگا (ج اعاجم)، عجمی۔
اعجمی (اَ ع - جمی) مورکھ، اناڑی۔
اعجوبہ (اُ ع - جو - بہ) عجیب، نرالی انوکھی چیز۔
اعدا (اَ ع - دا) عدو کی جمع (ا ع - دا)
دشمن ہونا، گھوڑا دوڑانا۔
اعداد (اَ ع - داد) عدد کی جمع (ا ع - داد)
آمادہ کرنا، تیار کرنا۔
اعدام (ا ع - دام) نیست کرنا، منع کرنا۔
اعدل (اَ ع - دل) نہایت عادل، ٹھیک گواہ۔
اعذار (ا ع - ذار) ختنہ کرنا، عذر کرنا (اَ ع - ذار)
عذر کی جمع۔
اعذبہ (اَ ع - ذِ بہ) عذاب کی جمع۔
اعراب (ا ع - راب) حرکات حروف (زیر زبر پیش) ظاہر
کرنا (اَ ع - راب) بادیہ نشین اہل عرب (اس کا مفرد اعرابی)
اعرابی (اَ ع - را - بی) عرب قوم کا کوئی آدمی۔
اعراس (ا ع - راس) داماد ہونا، خوشی کرنا۔
(اَ ع - راس) عرس کی جمع۔
اعراش (اَ ع - راش) عرش کی جمع۔
اعراض (ا ع - راض) منہ پھیرنا، بچنا (اَ ع - راض) عرض کی جمع

اعراف (اَ عْ - رَافْ) جنت اور دوزخ کے مابین ایک مقام، عُرف، عَرف کی جمع (اِ عْ - رَافْ) اپال بڑھ جانا۔
اعراق (اِ عْ - رَاقْ) پانی پلانا، عراق کو جانا (اَ عْ - رَاقْ) عرق کی جمع
اعرج (اَ عْ - رَجْ) لنگڑا۔
اعز (اَ عَزّ) بہت عزیز۔
اعزاز (اِ عْ - زَازْ) آبرو، عزت کرنا۔
اعزل (اَ عْ - زَلْ) نہتا آدمی، خالی بادل، جمع عُزْل
اعزہ (اَ عِزْ - زَہْ) عزیز کی جمع۔
اعسار (اِ عْ - سَارْ) فقیر ہونا۔
اعسال (اَ عْ - سَالْ) عسل کی جمع۔
اعسر (اَ عْ - سَرْ) بہت مشکل۔
اعشاب (اَ عْ - شَابْ) عشب کی جمع۔
اعشار (اَ عْ - شَارْ) عشر کی جمع۔
اعشی (اَ عْ - شَا) شب کور، رات کا اندھا۔
اعصا (اِ عْ - صَا) حکم عدولی کرنا (اَ عْ - صَا) عصا کی جمع
اعصاب (اَ عْ - صَابْ) عصب کی جمع۔
اعصار (اِ عْ - صَارْ) بگولہ، گھٹا بوند (اَ عْ - صَارْ) عصر کی جمع۔
اعصام (اِ عْ - صَامْ) جھپٹا مارنا۔
اعضا (اَ عْ - ضَا) عضو کی جمع۔
اعضائے رئیسہ (اَ عْ - ضَا ئے - رَ ئِی - سَہْ) دل، دماغ وغیرہ
اعطا (اِ عْ - طَا) دینا، بخشش کرنا۔
اعطاب (اِ عْ - طَابْ) ہلاک ہونا۔
اعطاش (اِ عْ - طَاشْ) پیاسا مارنا۔
اعطاف (اَ عْ - طَافْ) عطف کی جمع۔
اعطیہ (اَ عْ - طِیَہْ) عطار کی جمع۔
اعظام (اِ عْ - ظَامْ) بزرگ رکھنا، عظمت کرنا۔
اعظم (اَ عْ - ظَمْ) نہایت بڑا جمع اَعَاظِم
اعفا (اِ عْ - فَا) معافی یا آزادی دینا (اَ عْ - فَا) عفیف کی جمع۔

اعفاف (اِ عْ - فَافْ) پرہیزگار بنانا۔
اعقاب (اِ عْ - قَابْ) بدلہ دینا (اَ عْ - قَابْ) عقب کی جمع۔
اعقال (اِ عْ - قَالْ) عقلمند کرنا۔
اعکاس (اِ عْ - کَاسْ) الٹا کرنا، عکس ڈالنا۔
اعلا (اِ عْ - لَا) بلند کرنا (اَ عْ - لَا) دیکھو اعلیٰ۔
اعلاف (اَ عْ - لَافْ) علف کی جمع۔
اعلاق (اَ عْ - لَاقْ) علق کی جمع (اِ عْ - لَاقْ) جونک لگانا۔
اعلال (اِ عْ - لَالْ) بیمار کرنا، بیمار ڈالنا۔
اعلام (اِ عْ - لَامْ) علم کرانا (اَ عْ - لَامْ) علم کی جمع۔
اعلان (اِ عْ - لَانْ) نوٹس، ظاہر کرنا (اَ عْ - لَانْ) علن کی جمع۔
اعلم (اَ عْ - لَمْ) بڑا دانشکار، ہونٹھ پھٹا ہوا۔
اعلن (اَ عْ - لَنْ) بہت آشکارا
اعلیٰ (اَ عْ - لَا) بڑا بلند، جمع اَعَالِیْ۔
اعم (اَ عَمّ) کلمۂ استثنا، عام اس سے، بہت عام۔
اعمار (اِ عْ - مَارْ) معمور رکھنا (اَ عْ - مَارْ) عمر کی جمع۔
اعماق (اَ عْ - مَاقْ) عمق کی جمع۔
اعمال (اِ عْ - مَالْ) کام کرانا، عمل دینا (اَ عْ - مَالْ) عمل کی جمع۔
اعمام (اِ عْ - مَامْ) بہت سے چچا والا ہونا (اَ عْ - مَامْ) عم کی جمع۔
اعمدہ (اَ عْ - مِدَہْ) عمود کی جمع۔
اعمش (اَ عْ - مَشْ) جس کی آنکھ بہتی ہو۔
اعمہ (اَ عِمْ - مَہْ) عم کی جمع۔
اعمی (اَ عْ - مَا) اندھا، جمع عُمْی، عُمْیَا۔
اعناب (اَ عْ - نَابْ) عنب کی جمع۔
اعنات (اِ عْ - نَاتْ) ہلاک کرنا، ناممکن کرنا۔
اعناق (اَ عْ - نَاقْ) عنق کی جمع۔
اعنش (اَ عْ - نَشْ) چھنگا، چھ انگلیوں والا
اعنق (اَ عْ - نَقْ) گردن دراز، پٹہ والا کتا۔ (اَ عْ - نُقْ) عنان کی جمع۔

اعنہ (اَعِ - نَہ) عنان کی جمع -
اعنی (اَعْ - نِیْ) عنی کا صیغہ واحد متکلم، میں مراد رکھتا ہوں، قصد کرتا ہوں -
اعواد (اَعْ - وَادْ) عود کی جمع -
اعواز (اِعْ - وَازْ) فقیر ہونا، کام مشکل ہونا -
اعواص (اِعْ - وَاصْ) دشمن پر کام مشکل ڈالنا -
اعواض (اَعْ - وَاضْ) عوض کی جمع -
اعوام (اَعْ - وَامْ) عام کی جمع -
اعوان (اَعْ - وَانْ) عون کی جمع -
اعوج (اَعْ - وَجْ) ٹیڑھا جمع عُوْج -
اعوجاج (اِعْ - وِجَاجْ) ٹیڑھا ہونا -
اعور (اَعْ - وَرْ) سوتیلا بھائی، کانا، نا آشنا، حرمان نصیب، بے خبر جمع عُوران، عیران
اعونہ (اَعْ - وِنَہ) عوان کی جمع -
اعیا (اِعْ - یَا) چلتے چلتے تھک جانا -
اعیاد (اَعْ - یَادْ) عید کی جمع -
اعیان (اَعْ - یَانْ) عین کی جمع -
اعیانی (اَعْ - یَا - نِیْ) سگا -
اعنط (اَعْ - نَطْ) دراز گردن -
اعین (اَعْ - یَنْ) بڑی آنکھوں والا جمع عِین
(اَعْ - یُنْ) عین کی جمع -
اغاثت (اِ غَا - ثَتْ) فریاد رسی، داد دینا -
اغار (اَ غَارْ) نمناک زمین، مقصود -
اغارت (اِ غَا - رَتْ) دوڑنا، لوٹنا -
اغاردن (اَ غَا - رْدَنْ) حرکت کرنا، بہت گوندھنا -
اغالیدن (اَ غَا - لِیْ - دَنْ) تیز کرنا یا ہونا، شور کرنا، لتھڑنا -
اغالیط (اَ غَا - لِیْطْ) غلط، اغلوطہ کی جمع -
اغانم (اَ غَا - نِمْ) غنم کی جمع -
اغانی (اَ غَا - نِیْ) اغنیہ کی جمع -
اغبر (اَغْ - بَرْ) گرد آلود، خاکی رنگ

اغبیا (اَغْ - بِیَا) غبی کی جمع -
اغتراب (اِغْ - تِرَابْ) مسافر ہونا -
اغتراف (اِغْ - تِرَافْ) اوک سے پینا -
اغتزال (اِغْ - تِزَالْ) کاتنا -
اغتسال (اِغْ - تِسَالْ) غسل کرنا، دھونا -
اغتشاش (اِغْ - تِشَاشْ) الجھن -
اغتصاب (اِغْ - تِصَابْ) چھیننا، غصب کرنا -
اغتضاب (اِغْ - تِضَابْ) غصہ میں لانا -
اغتفار (اِغْ - تِفَارْ) مغفرت چاہنا -
اغتم (اَغْ - تَمْ) مرد غیر فصیح -
اغتماس (اِغْ - تِمَاسْ) ڈبکی کھانا -
اغتمام (اِغْ - تِمَامْ) غم کھانا -
اغتنام (اِغْ - تِنَامْ) غنیمت سمجھنا -
اغتیاب (اِغْ - تِیَابْ) پیٹھ پیچھے برا کہنا -
اغتیاظ (اِغْ - تِیَاظْ) غصہ کرنا -
اغتیال (اِغْ - تِیَالْ) بچہ کا فربہ ہونا -
اغذیہ (اَغْ - ذِیَہ) غذا کی جمع -
اغر (اَ غَرّ) شریف، مشہور، جمع غُرّ -
اغرا (اِغْ - رَا) ابھارنا، بھڑکانا -
اغراب (اِغْ - رَابْ) انوکھی چیز لانا، مسافر ہونا -
اغراض (اِغْ - رَاضْ) تنگدل کرنا (اَغْ - رَاضْ) غرض کا
اغراق (اِغْ - رَاقْ) شدید مبالغہ، غرق کرنا -
اغرام (اِغْ - رَامْ) ہلاک کرنا، لالچ کرنا، تاوان لینا -
اغرب (اَغْ - رَبْ) عجیب تر -
اغربہ (اَغْ - رِبَہ) غراب کی جمع -
اغزا (اِغْ - زَا) جہاد پر بھیجنا، قرض دار کو مہلت دینا -
اغزال (اِغْ - زَالْ) چرخہ کاتنا -
اغسا (اِغْ - سَا) رات اندھیری ہونا -
اغشا (اِغْ - شَا) پردہ ڈالنا، اندھا کرنا -

اغشیہ (اَغ۔شِیَہ) غشا کی جمع۔
اغصان (اَغ۔صَان) غصن، غصنہ کی جمع۔
اغضا (اِغ۔ضَار) چشم پوشی۔
اغضاب (اِغ۔ضَاب) غصہ میں لانا۔
اغطاش (اِغ۔طَاش) رات اندھیری ہونا۔
اغطش (اَغ۔طَش) کمزور بینائی والا۔
اغفا (اِغ۔فَار) سونا۔
اغفال (اِغ۔فَال) غفلت، بیخبری۔
اغفر (اَغ۔فَر) بڑا چھپانے والا۔
اغلاد (اِغ۔لَار) بھاؤ بڑھانا، مہنگا خریدنا۔
اغلاط (اِغ۔لَاط) غلط کرنا (اَغ۔لَاط) غلط کی جمع
اغلاظ (اِغ۔لَاظ) سخت کہنا (اَغ۔لَاظ) غلیظ کی جمع
اغلاظ ایمان (اَغ۔لَاظِ۔اِیْ۔مَان) سخت قسمیں۔
اغلاق (اِغ۔لَاق) مشکل کرنا، بند کرنا۔
اغلال (اِغ۔لَال) خیانت کرنا، کینہ رکھنا
(اَغ۔لَال) غل کی جمع۔
اغلام (اِغ۔لَام) لڑکوں کیساتھ خلاف وضع فطری۔
اغلب (اَغ۔لَب) گمان غالب۔
اغلط (اَغ۔لَط) بڑا غلط۔
اغلف (اَغ۔لَف) بلا ختنوں والا
اغلمہ (اَغ۔لِمَہ) غلام کی جمع۔
اغلوطہ (اُغ۔لُو۔طَہ) دھوکا، غلطی میں ڈالنے والی چیز۔
جمع اَغَا لِیط۔
اغم (اَغَم) تنگ پیشانی، تنگ گدھی
اغما (اِغ۔مَار) بے ہوش کرنا۔
اغمار (اَغ۔مَار) غمر کی جمع۔
اغماز (اِغ۔مَاز) عیب کرنا، کم حرمت کرنا۔
اغماض (اِغ۔مَاض) چشم پوشی، درگذر کرنا۔
اغمام (اِغ۔مَام) گھٹا چھا جانا۔
اغن (اَغَن) خنخنا، منمنا، جو ناک میں بولے۔
اغنا (اِغ۔نَار) مالدار کرنا، بے پروا بنانا۔

اغنام (اَغ۔نَام) غنم کی جمع۔
اغنان (اِغ۔نَان) بھنبھنانا۔
اغنیا (اَغ۔نِیَار) غنی کی جمع۔
اغنیہ (اُغ۔نِیَہ) ہاتھ کا باجہ جمع اَغَانِی۔
اغوا (اِغ۔وَار) بہکانا، ابھارنا۔
اغوار (اَغ۔وَار) غار کی جمع۔
اغیار (اَغ۔یَار) غیر کی جمع۔
اغیر (اَغِیر) منہ، فم، دہان۔
اف (اُف) کلمۂ افسوس (اُف) پھونک۔
افادہ (اِ فَا۔دَہ) فائدہ پہونچانا۔
افادی (اِ فَا۔دِی) منسوب بہ افادہ۔
افاضل (اَفَا۔ضِل) افضل کی جمع۔
افاضہ (اِفَا۔ضَہ) خبر پہونچانا، بہنا کرنا،
بات شروع کرنا۔
افاظہ (اِفَا۔ظَہ) ہلاک کرنا۔
افاعی (اَفَا۔عِی) افعی کی جمع۔
افاغنہ (اَفَا۔غِنَہ) افغان کی جمع۔
افاقت، افاقہ (اِفَا۔قَت، اِفَا۔قَہ) فرق آنا،
تخفیف مرض، صحت پانا۔
افاک (اَفْ۔فَاک) بڑا جھوٹا۔
افانین (اَفَا۔نِین) فنن کی جمع الجمع
افتاد (اِف۔تَار) فتوا دینا۔
افتاد (اُف۔تَاد) اتفاق، مصیبت، ڈھنگ۔
افتادگی (اُف۔تَا۔دَگی) عاجزی۔
افتادن (اُف۔تَا۔دَن) گر پڑنا، اتفاق
پڑنا صیغہ اُفتَد۔
افتادنی (اُف۔تَا۔دَنی) گرنے کے لائق،
اتفاق پڑنے کے لائق۔
افتادہ (اُف۔تَا۔دَہ) درماندہ، گرا پڑا ہوا،
افتار، افتال (اِف۔تَار۔ اِف۔تَال)
بکھرا ہوا، چھڑکا ہوا۔

افتار یدن، افتالیدن (اِفْ۔ تا۔ رِیْ۔ دَنْ، اِفْ۔ تا۔ لِیْ۔ دَنْ) جھڑکنا، بکھیرنا۔
افتتاح (اِفْ۔ تِتاحْ) کھولنا، شروع کرنا۔
افتتاحی (اِفْ۔ تِتا۔ حِی) افتتاح سے منسوب۔
افتتاحیہ (اِفْ۔ تِتا۔ حِیْ۔ یَہْ) افتتاح سے منسوب، اخبار کا وہ اپنا خاص پہلا مضمون کہ جسکو مدیر خود لکھے۔
افتتاش (اِفْ۔ تِتاشْ) ڈھونڈھنا۔
افتتان (اِفْ۔ تِتانْ) فتنہ اُٹھانا۔
افتخار (اِفْ۔ تِخارْ) فخر کرنا، گھمنڈ کرنا۔
افتدا (اِفْ۔ تِدا) جان کا بدلہ مال دینا۔
افترا (اِفْ۔ تِرا) بہتان، جھوٹ باندھنا۔
افتراح (اِفْ۔ تِراحْ) بے سوچے بات کہنا۔
افترار (اِفْ۔ تِرارْ) دانت نکالنا، دانت چمکانا۔
افتراش (اِفْ۔ تِراشْ) بدگوئی کرنا، کھوج لینا۔
افتراض (اِفْ۔ تِراضْ) فرض کرنا
افتراق (اِفْ۔ تِراقْ) پھوٹ ڈالنا۔
افتضاح (اِفْ۔ تِضاحْ) رسوا ہونا۔
افتعال (اِفْ۔ تِعالْ) بہتان، تہمت۔
افتقاد (اِفْ۔ تِقادْ) گم کرنا، نہ پانا۔
افتقار (اِفْ۔ تِقارْ) احتیاج، افلاس، فقیری
افتکاک (اِفْ۔ تِکاکْ) علیحدگی، جدا ہونا۔
افحاش (اِفْ۔ حاشْ) فحش بکنا، ناسزا کہنا۔
افحام (اِفْ۔ حامْ) دلیل سے خاموش کرنا۔
افخاذ (اَفْ۔ خاذْ) فخذ کی جمع۔
افخام (اِفْ۔ خامْ) بزرگ بنانا۔
افخم (اَفْ۔ خَمْ) بڑا بزرگ۔
افدر (اَفْ۔ دَرْ) چچا، عمو۔
افر (اَفْرْ) موٹا ہونا، خوشی منانا۔
افراج (اِفْ۔ راجْ) کھولنا، راہ دینا۔
افراح (اِفْ۔ راحْ) خوش کرنا (اَفْ۔ راحْ) فرح کی جمع۔

افراخ (اِفْ۔ راخْ) دور نکل جانا (اَفْ۔ راخْ) فرخ کی جمع۔
افراختن (اَفْ۔ راخْ۔ تَنْ) بلند کرنا، مضارع اَفْرازَدْ۔
افراختنی (اَفْ۔ راخْ۔ تَنی) بلند ہونے کے قابل۔
افراختہ (اَفْ۔ راخْ۔ تَہْ) بلند کیا ہوا۔
افراد (اِفْ۔ رادْ) تنہا کرنا، ایک جگہ دینا (اَفْ۔ رادْ) فرد کی جمع۔
افراز (اِفْ۔ رازْ) جدا کرنا (اَفْ۔ رازْ) بلندی، بلند کرنے والا، قوم مرحلہ۔
افرازندہ (اَفْ۔ را۔ زَنْ۔ دَہْ) بلند کرنے والا
افرازیدن (اَفْ۔ را۔ زِیْ۔ دَنْ) دیکھو افراختن۔
افرازیدہ (اَفْ۔ را۔ زِیْ۔ دَہْ) بلند کیا ہوا۔
افراس (اَفْ۔ راسْ) فرس کی جمع۔
افراش (اِفْ۔ راشْ) غیبت کرنا، پھیلانا (اَفْ۔ راشْ) فرش کی جمع۔
افراشتن (اَفْ۔ راشْ۔ تَنْ) بلند کرنا۔
افراشتہ (اَفْ۔ راشْ۔ تَہْ) بلند کیا ہوا۔
افراض (اِفْ۔ راضْ) واجب کرنا۔
افراط (اِفْ۔ راطْ) حد سے گذرنا یا گذرانا۔
افراغ (اِفْ۔ راغْ) پانی یا خون بہانا۔
افراق (اِفْ۔ راقْ) بیماری سے اچھا ہونا (اَفْ۔ راقْ) فرق کی جمع۔
افرض (اَفْ۔ رَضْ) نہایت فرض۔
افرقہ، افرقا (اَفْ۔ رِقَہْ، اَفْ۔ رِقا) فریق کی جمع۔
افرنج (اَفْ۔ رَنْجْ) یورپ، فرنگستان۔
افرنجی (اِفْ۔ رَنْ۔ جی) یوروپین، فرنگی۔
افرنجیت (اِفْ۔ رَنْ۔ جی۔ یَتْ) فرنگی پنا
افروختن (اَفْ۔ رُوخْ۔ تَنْ) روشن کرنا، روشن ہونا۔ مضارع اَفْروزَدْ۔
افروختنی (اَفْ۔ رُوخْ۔ تَنی) روشن کرنے یا ہونے کے لائق

افروختہ (اَفْ۔رُوْخ۔تَہ) روشن کیا ہوا، ابھرکایا ہوا۔
افروز (اَفْ۔رُوْز) روشن کرنے والا۔
افروزندہ (اَفْ۔رُوْ۔زَن۔دَہ) روشن کرنیوالا۔
افروزہ (اَفْ۔رُوْ۔زَہ) لیمپ یا چراغ کی بتی۔
افروزیدن (اَفْ۔رُوْ۔زِیْ۔دَن) دیکھو افروختن
افزا (اَفْ۔زَا) بڑھانے والا۔
افزار (اَفْ۔زَار) اوزار، کسی کام کا آلہ۔
افزاع (اِفْ۔زَاع) ڈرانا، فریاد کو پہونچنا
(اَفْ۔زَاع) فزع کی جمع۔
افزائیدن (اَفْ۔زَا۔ئِی۔دَن) دیکھو افزودن
افزائیدہ (اَفْ۔زَا۔ئِی۔دَہ) زیادہ کیا ہوا
افزائیش (اَفْ۔زَا۔ئِیش) بڑھوتری، بڑھوار۔
افزاینده (اَفْ۔زَا۔یَن۔دَہ) بڑھنیوالا، بڑھانیوالا
افزود (اَفْ۔زُوْد) زیادتی۔
افزودن (اَفْ۔زُوْ۔دَن) بڑھنا، زیادہ کرنا، بڑھانا مضارع افزاید
افزودنی (اَفْ۔زُوْ۔دَنی) بڑھنے یا بڑھانے کے لایق۔
افزودہ (اَفْ۔زُوْ۔دَہ) بڑھا ہوا، بڑھایا ہوا۔
افزولیدن (اَفْ۔زُوْ۔لِیْ۔دَن) تقاضا کرنا، بھڑکانا، کپڑے کی خاک جھاڑنا۔
افزون (اَفْ۔زُوْن) زیادہ، بیش، کثیر۔
افزونی (اَفْ۔زُوْ۔نِی) بیشی، زیادتی۔
افسا (اَفْ۔سَا) جادوگر۔
افساد (اِفْ۔سَاد) فساد کرنا (اَفْ۔سَاد) فساد کی جمع
افسار (اَفْ۔سَار) باگ ڈور۔
افسان (اَفْ۔سَان) دھار تیز کرنے کا پتھر، جادوگر، افسانہ، سرگذشت۔
افسانوی (اَفْ۔سَا۔نَوِی) افسانہ والا، منسوب بہ افسانہ۔
افسانہ (اَفْ۔سَا۔نَہ) داستان، کہانی، قصہ۔

افسانہ گو (اَفْ۔سَا۔نَہ۔گُو) افسانہ کہنے والا۔
افسانہ نگار، افسانہ نویس (اَفْ۔سَا۔نَہ۔نِگَار، اَفْ۔سَا۔نَہ۔نَوِیس) افسانہ لکھنے والا۔
افسانیدن (اَفْ۔سَا۔نِی۔دَن) افسوں پڑھنا۔
افسر (اَفْ۔سَر) تاج، ٹوپی، حاکم۔
افسردگی (اَفْ۔سُر۔دَگی) ٹھٹھرن، کمہلاہٹ۔
افسردن (اَفْ۔سُر۔دَن) کمہلانا، مرجھانا، ٹھٹھرنا مضارع افسرد۔
افسردہ (اَفْ۔سُر۔دَہ) ٹھٹھرا ہوا، بجھا ہوا۔
افسوس (اَفْ۔سُوس) حسرت، پچھتاوا۔
افسوں (اَفْ۔سُوں) منتر، جادو۔
افسون سامری (اَفْ۔سُوں۔سَا۔مِری) سامری کا جادو۔
افشا (اِفْ۔شَا) ظاہر کرنا۔
افشار (اَفْ۔شَار) نچوڑ، نچوڑنے والا۔
افشارندہ (اَفْ۔شَا۔رَن۔دَہ) نچوڑنے والا۔
افشان (اَفْ۔شَان) چھڑکن، بکھرادن، جھاڑنے والا، جھاڑتا ہوا۔
افشاندن (اَفْ۔شَان۔دَن) جھاڑنا، چھڑکنا مضارع افشاند
افشاندنی (اَفْ۔شَان۔دَنی) چھڑکنے کے لائق، جھاڑنے کے لائق۔
افشاندہ (اَفْ۔شَان۔دَہ) چھڑکا ہوا، جھاڑا ہوا۔
افشانندہ (اَفْ۔شَا۔نَن۔دَہ) جھاڑنیوالا، چھڑکنے والا۔
افشردن (اَفْ۔شُر۔دَن) بھینچنا، نچوڑنا۔ مضارع افشارد، افشرد۔
افشردنی (اَفْ۔شُر۔دَنی) نچوڑنے کے لائق۔
افشردہ (اَفْ۔شُر۔دَہ) افشردہ، نچوڑا ہوا۔
افصح (اَفْ۔صَح) نہایت فصیح۔
افضاح (اِفْ۔ضَاح) رسوا کرنا۔

افضال (اِف۔ضال) فضل کرنا، بڑھانا۔
(اَف۔ضال) فضل کی جمع۔
افضح (اَف۔ضح) بڑا بدنام، بھیڑیا، شیر درندہ۔
افضل (اَف۔ضل) بہت افزوں جمع اَفاضِل۔
افضلیت (اَف۔ضلی۔یت) افضل پن، افزونی۔
افطار (اِف۔طار) روزہ کھولنا۔
افطاری (اِف۔طا۔ری) جس سے روزہ کھولیں
افطس (اَف۔طس) حبشی ناک والا۔
افعال (اَف۔عال) فعل کی جمع۔
افعی (اَف۔عی) ایک سانپ جمع اَفاعی۔
افغان (اَف۔غان) پٹھان جمع اَفاغنہ (اَف۔غان) فریاد و زاری
افق (اُفُق، اُف۔ق) آسمان کا کنارہ جمع آفاق۔
افقار (اِف۔قار) بے کھانا دانا ہونا۔
افقر (اَف۔قر) نہایت فقیر۔
افقم (اَف۔قم) ٹیڑھے دانت والا، کج دہن۔
افقہ (اَف۔قہ) بہت بڑا فقیہ۔
افقی (اُ۔فقی) منسوب بہ افق۔
افک (اِف۔ک) جھوٹ، بہتان۔
افکار (اَف۔کار) فکر کی جمع۔
افکارِ عالیہ (اَف۔کا۔رِ عا۔لیہ) بلند خیالات۔
افکل (اَف۔کل) لرزہ، تھرتھری۔
افگار (اَف۔گار) زخمی، دکھی۔
افگانہ (اَف۔گانہ) ادھورا بچہ۔
افگن (اَف۔گن) گرانے والا، ڈالنے والا، پھینکنے والا۔
افگندن (اَف۔گن۔دَن) ڈالنا، پھینکنا، گرانا مضارع اَفگَنَد۔
افگندنی (اَف۔گن۔دَنی) گرانے کے قابل۔
افگندہ (اَف۔گن۔دَہ) گرا ہوا، پھینکا ہوا۔
افگندہ (اَف۔گن۔دَہ) ڈالنے والا پھینکنے والا۔

افلا (اِف۔لا) جنگل کی راہ لینا۔
افلاج (اِف۔لاج) فالج گرنا، عضو رہ جانا۔
افلاح (اِف۔لاح) بھلائی، نیکی کرنا۔
افلاس (اِف۔لاس) مفلسی، کنگال ہونا۔
افلاک (اَف۔لاک) فلک کی جمع۔
افلاق (اَف۔لاق) فلق کی جمع۔
افلج (اَف۔لج) ہونٹھ پھٹا ہوا۔
افلس (اَف۔لس) فلس کی جمع (اَف۔لس) چھوٹا سا سکہ
افنا (اِف۔نا) فنا کرنا۔
افنان (اَف۔نان) فنن کی جمع۔
افوات (اَف۔وات) فوت کی جمع۔
افواج (اَف۔واج) فوج کی جمع۔
افواہ (اَف۔واہ) ۱۔ فوہ کی جمع ۲۔ شہرت، چرچا
افول (اُ۔فول) ڈوبنا، غروب۔
افہام (اِف۔ہام) سمجھانا (اَف۔ہام) فہم کی جمع
افیاض (اَف۔یاض) فیض کی جمع۔
افیال (اَف۔یال) فیل کی جمع۔
افیل (اَ۔فیل) جوان اونٹ۔
افیون (اَف۔یون) تریاک، افیم۔
افیونچی، افیونی (اَف۔یون۔چی، اَف۔یو۔نی) تریاکی، افیمی۔
اقارب (اَقا۔رِب) اقرب کی جمع۔
اقاسیم (اَقا۔سیم) قسیم کی جمع۔
اقالت (اِقا۔لت) موقوف کرنا، فسخ کرنا۔
اقالہ (اِقا۔لہ) اقالت، کام سے علیحدگی۔
اقالیم (اَقا۔لیم) اقلیم کی جمع۔
اقامت (اِقا۔مت) تکبیرِ نماز، ٹھہرنا، قیام کرنا، کھڑا ہونا۔
اقانیم (اَقا۔نیم) اُقنوم کی جمع۔
اقانیم ثلاثہ (اَقا۔نی۔مِ ثَلا۔ثہ) عیسائی مذہب میں باپ، بیٹا اور روح القدس۔

اقباح (اِق۔باح) خراب کرنا، بھونڈا بنانا۔
اقبار (اِق۔بار) گور دلوانا، دفن کرنا
اقباس (اِق۔باس) علم سکھانا۔
اقبال (اِق۔بال) سرسبزی، دبدبہ، اقرار، بڑھنا، قبول کرنا
اقبال مند (اِق۔بال۔مَن۔د) خوش قسمت، دبدبہ والا۔
اقبالمندانہ (اِق۔بال۔مَن۔دا۔نَہ) اقبالمند سے منسوب۔
اقبالمندی (اِق۔بال۔مَن۔دی) سرسبزی، خوش قسمتی۔
اقبح (اَق۔بَح) بڑا خراب۔
اقبل (اَق۔بَل) بھینگا، بڑا قابل۔
اقتباس (اِق۔تِباس) چنیدہ جمع اقتباسات
اخذ کرنا، نور چھیننا۔
اقتبال (اِق۔تِبال) نیا کام کرنا، از سر نو کرنا۔
اقتتال (اِق۔تِتال) باہم کارزار کرنا۔
اقتدا (اِق۔تِدا) پیروی کرنا۔
اقتدار (اِق۔تِدار) قدرت، طاقتور ہونا۔
اقتراب (اِق۔تِراب) پاس آنا، نزدیک ہونا۔
اقتراح (اِق۔تِراح) فرمائش، تجویز، سوال کرنا۔
اقتراض (اِق۔تِراض) قرض لینا۔
اقتران (اِق۔تِران) نکاح، نزدیکی، نزدیک ہونا۔
اقتسار (اِق۔تِسار) جبر سے کام کرانا۔
اقتسام (اِق۔تِسام) آپس میں بانٹنا۔
اقتصاد (اِق۔تِصاد) میانہ روی، سیدھی راہ چلنا۔
اقتصادی (اِق۔تِصا۔دی) منسوب بہ اقتصاد۔
اقتصادیات (اِق۔تِصا۔دی۔یات) وہ علم جس میں ملک کی مادی پیداوار کے مفید صرف کی تعلیم ہے۔
اقتصار (اِق۔تِصار) چھوٹا کرنا
اقتصاص (اِق۔تِصاص) قصہ کرنا، خون کا عوض لینا
اقتضا (اِق۔تِضا) خواہش کرنا۔
اقتضاض (اِق۔تِضاض) اچھوتی عورت کیساتھ ہمبستری
اقتفا (اِق۔تِفا) پیروی، پیروی کرنا۔
اقتفال (اِق۔تِفال) قفل بند ہونا۔
اقتحام (اِق۔تِحام) سب جٹ کرنا۔
اقتنا (اِق۔تِنا) پونجی اکٹھی کرنا۔
اقتناص (اِق۔تِناص) شکار کرنا، کمانا۔
اقتناع (اِق۔تِناع) قناعت کرنا۔
اقتیاس (اِق۔تِیاس) پیروی کرنا، قیاس کرنا۔
اقتیال (اِق۔تِیال) کہنا، حکومت جتانا۔
اقچہ (اَق۔چَہ) سونے یا چاندی کا سکہ۔
اقداح (اِق۔داح) ہجو کرنا (اَق۔داح) قدح کی جمع
اقدار (اَق۔دار) قدر کی جمع۔
اقدام (اِق۔دام) پیش قدمی، بہادر ہونا۔
(اَق۔دام) قدم کی جمع —
اقدح (اَق۔دَح) بہت ناقص۔
اقدس (اَق۔دَس) بہت پاک۔
اقدم (اَق۔دَم) نہایت آگے۔
اقراب (اِق۔راب) پورے دن کا حمل ہونا۔
اقراد (اَق۔راد) قرد کی جمع۔
اقرار (اِق۔رار) ہامی، ہاں کرنا۔
اقرار صالح (اِق۔را۔رِ۔صا۔لِح) صحیح اقرار۔
اقرار نامہ (اِق۔رار۔نا۔مَہ) اقرار کی تحریر۔
اقراش (اِق۔راش) بدگوئی کرنا۔
اقراص (اَق۔راص) قرص کی جمع۔
اقراض (اِق۔راض) اُدھار دینا۔
اقراع (اِق۔راع) قرعہ ڈالنا۔
اقران (اِق۔ران) نزدیک آنا، دفع کرنا۔
(اَق۔ران) قرن، قرین کی جمع۔
اقرب (اَق۔رَب) بہت نزدیک جمع اقاربِیَہ۔
اقربا (اَق۔ر۔با) قریب کی جمع، رشتہ دار لوگ۔
اقرع (اَق۔رَع) تمام چٹا۔
اقرن (اَق۔رَن) جنبی بھوؤں والا۔
اقزل (اَق۔زَل) لنگڑا۔
اقسا (اِق۔سا) دل سخت کرنا۔

اقساط (اَقْ۔ سَاطْ) عدل کرنا (اَقْ۔ سَاطْ) قسط کی جمع

اقسام (اِقْ۔ سَامْ) حصہ کرنا، قسم کھانا (اَقْ۔ سَامْ) قسم اور قِسم کی جمع ۔

اقسط (اَقْ۔ سَطْ) بڑا عادل ۔

اقسمہ (اَقْ۔ سِمَہْ) قسم کی جمع ۔

اقیسہ (اَقْ۔ سِیَہْ) قیاس کی جمع

اقصا (اِقْ۔ صَا) دور کرنا، کسی سے پرہیز کرنا (اَقْ۔ صَا) اقصیٰ کی ۔ ۔ دیکھو اقصیٰ

اقصاب (اَقْ۔ صَابْ) کاٹنا (اَقْ۔ صَابْ) قصب کی جمع

اقصاص (اِقْ۔ صَاصْ) قصاص لینا، ادا کرنا

اقصر (اَقْ۔ صَرْ) کوتاہ جمع اقاصر ۔

اقصیٰ (اَقْ۔ صَا) بہت دور، جمع اقاصی ۔

اقضیٰ (اَقْ۔ ضَا) بے حد حکم کرنے والا ۔

اقط (اَقْ۔ طْ، اَقِ۔ طْ) پنیر، جمع اقطان ۔

اقطاب (اَقْ۔ طَابْ) قطب کی جمع ۔

اقطار (اَقْ۔ طَارْ) قطر کی جمع ۔

اقطاع (اَقْ۔ طَاعْ) قطع کی جمع

اقطع (اَقْ۔ طَعْ) ہاتھ کٹا ہوا، جمع قطعان ۔

اقعاس (اِقْ۔ عَاسْ) مالدار اور بے نیاز ہونا ۔

اقفال (اِقْ۔ فَالْ) قفل لگانا (اَقْ۔ فَالْ) قفل کی جمع ۔

اقل (اَقَلّ) بہت تھوڑا ۔

اقلا (اَقَلّ، لَن) بطور کمی (اَقَلّ، لَا) قلیل کی جمع

اقلاع (اِقْ۔ لَاعْ) اکھیڑنا ۔

اقلال (اِقْ۔ لَالْ) فقیری، تھوڑا کرنا ۔

اقلام (اَقْ۔ لَامْ) قلم کی جمع ۔

اقلف (اَقْ۔ لَفْ) دیکھو غلف ۔

اقل قلیل (اَقَلْ لِ۔ قَلِیلْ) تھوڑے سے بھی بہت تھوڑا ۔

اقلیت (اَقَلْ لِی۔ یَتْ) کمی پن ۔

اقلید (اِقْ۔ لِیدْ) کنجی، تالی، جمع اقالید ۔

اقلیدس (اُقْ۔ لِی۔ دِسْ، اِقْ۔ لِی۔ دِسْ) علم ہندسہ کی کنجی، اشکال ریاضی اور ہندسہ کا ما

اقلیم (اِقْ۔ لِیمْ) زمین کے سات حصوں کا ایک حصہ، جمع اقالیم ۔

اقلیمیا (اِقْ۔ لِی۔ مِیَا) چاندی سونے کا میل ۔

اقماح (اِقْ۔ مَاحْ) سر اٹھانا ۔

اقمار (اِقْ۔ مَارْ) چاندنی میں سیر کرنا، روشن ہونا (اَقْ۔ مَارْ) قمر کی جمع ۔

اقماش (اَقْ۔ مَاشْ) ردی مال ۔

اقمر (اَقْ۔ مَرْ) نہایت سفید چمکدار ۔

اقمشہ (اَقْ۔ مِشَہْ) قماش کی جمع ۔

اقمصہ (اَقْ۔ مِصَہْ) قمیص کی جمع ۔

اقنوم (اُقْ۔ نُومْ) اصل، عیسائی مذہب کی ایک اصطلاح، جمع اقانیم

اقوا (اِقْ۔ وَا) اعراب کی تبدیلی سے قافیہ بدلنا ۔

اقوات (اَقْ۔ وَاتْ) قوت کی جمع ۔

اقواح (اِقْ۔ وَاحْ) صاف کرنا ۔

اقواس (اَقْ۔ وَاسْ) قوس کی جمع ۔

اقوال (اَقْ۔ وَالْ) قول کی جمع ۔

اقوام (اَقْ۔ وَامْ) قوم کی جمع ۔

اقوم (اَقْ۔ وَمْ) نہایت درست ۔

اقویٰ (اَقْ۔ وَا) نہایت قوی ۔

اقویا (اَقْ۔ وِیَا) قوی کی جمع ۔

اقیاد (اَقْ۔ یَادْ) قید کی جمع ۔

اقیان (اَقْ۔ یَانْ) قین کی جمع ۔

اکابر (اَکَا۔ بِرْ) اکبر کی جمع ۔

اکاحل (اَکَا۔ حِلْ) اکحل کی جمع ۔

اکاذیب (اَکَا۔ ذِیبْ) کذب کی جمع کی جمع ۔

اکار (اَکْ۔ کَارْ) کاشتکار، کھیتی کرنے والا، کسان ۔

اکارم (اَکَا۔ رِمْ) اکرم کی جمع ۔

اکاسرہ (اَکَا۔ سِرَہْ) کسریٰ کی جمع ۔

اکاف (اِکَافْ) زین، پالان ۔

اکال (اَکْ۔ کَالْ) بلا نوش آدمی ۔

اکالب (اَکَا۔ لِبْ) کلب کی جمع ۔

اکالہ (اَکَ۔اکّالَہ) بلانوش عورت۔
اکباب (اِکْ۔بابْ) اوندھا گرنا، اوندھا گرانا۔
اکباد (اَکْ۔بادْ) کبد کی جمع۔
اکبر (اَکْ۔بَرْ) بہت بڑا، جمع اَکابِر۔
اکتتاب (اِکْ۔تِتابْ) چندہ کی فہرست کو لینا، لکھنا، لکھنا سیکھنا۔
اکتتام (اِکْ۔تِتامْ) چھپانا، خضاب لگانا۔
اکتحال (اِکْ۔تِحالْ) سرمہ لگانا۔
اکتسا (اِکْ۔تِسا) کپڑے پہننا۔
اکتساب (اِکْ۔تِسابْ) ذاتی محنت سے حاصل کرنا، پیدا کرنا۔
اکتشاف (اِکْ۔تِشافْ) ظاہر ہونا، کھلنا، جمع اکتشافات۔
اکتفا (اِکْ۔تِفا) کفایت کرنا، بس کرنا۔
اکتم (اَکْ۔تَمْ) نہایت پوشیدہ، بڑے پیٹ والا۔
اکتمان (اِکْ۔تِمانْ) چھپنا، گھات میں بیٹھنا۔
اکتناف (اِکْ۔تِنافْ) حمایت میں آنا، پناہ میں آنا۔
اکتناہ (اِکْ۔تِناہْ) بات کی تہ کو پہونچنا، بات پانا۔
اکتوا (اِکْ۔تِوا) داغنا، داغ دینا۔
اکثار (اِکْ۔ثارْ) بہت باتیں بنانا، بہت کام کرنا۔
اکثر (اَکْ۔ثَرْ) بہت زیادہ۔
اکثریت (اَکْ۔ثَرِیْ۔یَتْ) زیادتی، بڑا، زیادہ ہونا۔
اکحل (اَکْ۔حَلْ) جس کی آنکھ سرمہ والی ہو، نام رگ، جمع اَکاحِل۔
اکدر (اَکْ۔دَرْ) نہایت مکدر۔
اکدش (اِکْ۔دِشْ) دیکھو یکدش۔
اکذاب (اِکْ۔ذابْ) جھوٹ کہنا (اَکْ۔ذابْ) اکذب کی جمع
اکذب (اَکْ۔ذَبْ) بڑا جھوٹا، جمع اَکاذِب۔
اکراد (اَکْ۔رادْ) کرد کی جمع۔
اکرام (اِکْ۔رامْ) بخشش، عزت، بزرگ کرنا (اَکْ۔رامْ) کریم کی جمع۔
اکراہ (اِکْ۔راہْ) گھن، نفرت، زبردستی کام کرنا

اکرم (اَکْ۔رَمْ) بڑا بزرگ، بہت بخشنے والا جمع اَکارِم۔
اکسار (اَکْ۔سارْ) کسر کی جمع۔
اکسیر (اِکْ۔سِیْر) رسائن، کیمیا۔
اکسیر گر (اِکْ۔سِیْر۔گَرْ) کیمیاگر۔
اکسیری (اِکْ۔سِیْ۔رِیْ) دیکھو اکسیرگر۔
اکیسہ (اَکْ۔یِسَہْ) کیسہ کی جمع۔
اکشف (اَکْ۔شَفْ) نہتھا۔
اکفاد (اِکْ۔فادْ) ایک عیب (قافیہ) (اَکْ۔فادْ) کفو کی جمع
اکفار (اِکْ۔فارْ) کافر بنانا، کافر کہنا۔
اکفال (اِکْ۔فالْ) ضامن کرنا۔
اکفان (اَکْ۔فانْ) کفن کی جمع۔
اکفر (اَکْ۔فَرْ) نہایت کافر، سخت کافر۔
اکل (اَکْ۔لْ) کھانا (اُکُلْ) روزی، پھل جمع آکال۔
اکلاح (اِکْ۔لاحْ) ترشروئی کرنا۔
اکلال (اِکْ۔لالْ) ماندہ کرنا۔
اکل و شرب (اَکْ۔لُو۔شُرْب) کھانا پینا۔
اکلہ (اُکْ۔لَہْ) نوالہ۔
اکلیل (اِکْ۔لِیْلْ) تاج، مرصع عصابہ جمع اَکالِیل۔
اکمال (اِکْ۔مالْ) کامل کرنا، تمام کرنا۔
اکمام (اَکْ۔مامْ) کم کی جمع۔
اکمل (اَکْ۔مَلْ) نہایت کامل۔
اکمہ (اَکْ۔مَہْ) پیدائشی اندھا۔
اکناف (اِکْ۔نافْ) مدد دینا (اَکْ۔نافْ) کنف کی جمع
اکنان (اَکْ۔نانْ) کن کی جمع۔
اکنون (اَکْ۔نُوْن) اب، ابھی۔
اکواب (اَکْ۔وابْ) کوب کی جمع۔
اکواز (اَکْ۔وازْ) کوز، کوزہ کی جمع۔
اکوان (اَکْ۔وانْ) کون کی جمع

اکول (اَکُ۔ وَلْ) بڑا پیٹو، بلا نوش۔
اکیاس (اَکْ۔ یَاسْ) کِیس، کیسہ کی جمع۔
اکیال (اَکْ۔ یَالْ) کیل کی جمع۔
اکید (اَکْ۔ یَدْ) مضبوط، استوار۔
اکیس (اَکْ۔ یَسْ) بڑا عقلمند۔
اکیل (اَکِیلْ) ہم پیالہ، ہم نوالہ۔
اکیلہ (اَکِیْ۔ لَہْ) کھانے کی چیز۔
اگر (اَگَرْ) ۱۔ کلمۂ شرط، جو۔ ۲۔ مجہو جو ایک دھوپ ہے۔
اگرچہ (اَگَرْ۔ چِہْ) گرچہ، ارچہ۔
ال (اِلْ) پیمان، امان، سوگند۔
الا (اَلَا) کلمۂ تنبیہ، خبردار (اِلْ۔ لَا) نہیں تو، حرف رفع شرط، حرف استثنا (اَلْ۔ لَا) حرف تخفیف (اِلَا) دیکھو الی۔
الاچق (اَلَا۔ چُقْ) جھونپڑا۔
الاچہ (اَلَا۔ چَہْ) دو رنگ دھاریدار کپڑا۔
الاربعون، الاربعین (اَلْ۔ اَرْ۔ بَعُونْ، اَلْ۔ اَرْ۔ بَعِینْ) چالیسواں۔
الاغ، الاق (اُلَاغْ، اُلَاقْ) تھپولی کشتی، ڈاک کا گھوڑا۔
الاقی (اَلَا۔ قِیْ) القیہ کی جمع۔
الالف (اَلْ۔ اَلْفْ) ہزار والا۔
الامان (اَلْ۔ اَمَانْ) کلمۂ خوف، پناہ بخدا (اَلَا۔ مَانْ) جرمن۔
الامانی (اَلَا۔ مَا۔ نِیْ) جرمنی۔
الآن (اَلْ۔ آنْ) ابھی، اسیوقت۔
البا (اَلْبْ۔ بَا) لبیب کی جمع۔
الباب (اِلْ۔ بَابْ) مقیم ہونا (اَلْ۔ بَابْ) لب کی جمع
الباس (اِلْ۔ بَاسْ) کپڑے پہننا۔
البان (اِلْ۔ بَانْ) دودھ اترنا (اَلْ۔ بَانْ) لبن کی جمع
البتہ (اَلْ۔ بَتْ۔ تَہْ) بیشک، لاریب
البرز (اَلْ۔ بُرْزْ) نام پہاڑ۔

البسہ (اَلْ۔ بِسَہْ) لباس کی جمع۔
التباس (اِلْ۔ تِبَاسْ) مشابہت، شبہ پڑنا، پوشیدہ ہونا۔
التثام (اِلْ۔ تِثَامْ) چومنا، بوسہ لینا، منہ باندھنا۔
التجا (اِلْ۔ تِجَا) آرزو کرنا۔
التجاج (اِلْ۔ تِجَاجْ) لڑنا، جنگ کرنا۔
التحا (اِلْ۔ تِحَا) چھیلنا۔
التحاد (اِلْ۔ تِحَادْ) میل کرنا، مذہب سے پھرجانا
التحاف (اِلْ۔ تِحَافْ) سر سے کپڑا اوڑھنا۔
التحام (اِلْ۔ تِحَامْ) زخم بھرنا۔
التذاذ (اِلْ۔ تِذَاذْ) لذت اٹھانا، مزہ لینا۔
التزاق (اِلْ۔ تِزَاقْ) چمٹنا، چپکنا۔
التزام (اِلْ۔ تِزَامْ) لازم پکڑنا۔
التسعون (اَتْ۔ تِسْ۔ عُونْ) نوّے واں ۹۰
التساق، التصاق (اِلْ۔ تِسَاقْ، اِلْ۔ تِصَاقْ) دیکھو التزاق۔
التفات (اِلْ۔ تِفَاتْ) توجہ، مہربانی کرنا۔
التقا (اِلْ۔ تِقَا) اکٹھا ہونا، باہم ہونا۔
التقاط (اِلْ۔ تِقَاطْ) اکٹھا کرنا، چننا۔
التقام (اِلْ۔ تِقَامْ) نوالہ کرنا، نگلنا۔
التماس (اِلْ۔ تِمَاسْ) عرض کرنا، ڈھونڈھنا۔
التماع (اِلْ۔ تِمَاعْ) چمکنا۔
التمش (اَلْ۔ تَمَشْ) آگے کی فوج۔
التوا (اِلْ۔ تِوَا) لپٹنا، ملتوی کرنا۔
التہاب (اِلْ۔ تِہَابْ) بھڑکنا۔
التی (اَلْ۔ لَتِیْ) جو، جس۔
التیاط (اِلْ۔ تِیَاطْ) چپکانا، ملانا۔
التیام (اِلْ۔ تِیَامْ) زخم بھرنا، باہم ملنا۔
الثالوث (اَثْ۔ ثَا۔ لُوثْ) تثلیث۔
الثلاثون (اَثْ۔ ثَلَا۔ ثُونْ) تیسواں ۳۰

الثمانون (اَثْ ۔ ثَمَا ۔ نُوْنَ) اسّی (۸۰) واں ۸۰
الجام (اِلْ ۔ جَامْ) لگام دینا ۔
الجبر و مقابلہ (اَلْ ۔ جَبْ ۔ رُوْ ۔ مُقَا ۔ بَلَہْ) الجبرا ۔
الجذع الکبیر (اَلْ ۔ جَذْ ۔ عُلْ ۔ کَبِیْر) شہتیر ۔
الجزائر (اَلْ ۔ جَزَا ۔ اِرْ) ملک الجیریا (شمالی افریقہ)
الجمہ (اَلْ ۔ جِمَہْ) لجام کی جمع ۔
الجوع (اَلْ ۔ جُوْع) بھوک ۔
الحاج (اَلْ ۔ حَاجْ) حاجی ۔
الحاح (اِلْ ۔ حَاحْ) مبالغہ کرنا، گڑگڑانا ۔
الحاد (اِلْ ۔ حَادْ) دین حق سے پھر جانا
(اَلْ ۔ حَادْ) لحد کی جمع ۔
الحادی والعشرون (اَلْ ۔ حَا ۔ دِیْ ۔ وَلْ ۔ عِشْ ۔ رُوْنَ) اکیسواں ۔
الحاصل (اَلْ ۔ حَا ۔ صِلْ) آخر کلام، خلاصہ کلام ۔
الحاف (اِلْ ۔ حَافْ) دیکھو الحاح ۔
الحاق (اِلْ ۔ حَاقْ) ملانا، پیوستہ کرنا ۔
الحال (اَلْ ۔ حَالْ) ابھی، اسی وقت ۔
الحان (اِلْ ۔ حَانْ) گیت، شعر، گانا ۔
(اَلْ ۔ حَانْ) لحن کی جمع ۔
الحق (اَلْ ۔ حَقْ) سچ، فی الواقع ۔
الحم (اَلْ ۔ حُمْ) الحم کی جمع ۔
الحمرا (اَلْ ۔ حَمْ ۔ رَا) ایک عربی عمارت (اندلس)
الحالق (اَلْ ۔ حَا ۔ لِقْ) نام نوشش ۔
الخمسون (اَلْ ۔ خَمْ ۔ سُوْنَ) پچاسواں ۔
الخن (اَلْ ۔ خَنْ) گبڑا ۔
الد (اَلَدّ) بڑا جھگڑالو جمع لدّ
الذ (اَلَذّ) بہت مزیدار ۔
الذی (اَلْ ۔ لَذِیْ) جو، جس ۔
الراڈیو (اَرْ ۔ رَا ۔ ڈِیُوْ) ریڈیو ۔
الزاق (اِلْ ۔ زَاقْ) چپکنا، چپکانا ۔

الزام (اِلْ ۔ زَامْ) تہمت، ملامت جمع
الزامات لازم کرنا ۔
الزم (اَلْ ۔ زَمْ) لازم تر ۔
الساق (اِلْ ۔ سَاقْ) دیکھو الزاق ۔
السبعون (اَسْ ۔ سَبْ ۔ عُوْنَ) سترھواں ۷۰ ۔
الست (اَلَسْتُ) الله تعالیٰ و انسان کے پیمان کا اشارہ جس کا ذکر قرآن میں ہے
الستون (اَسْ ۔ سِتْ ۔ تُوْنَ) ساٹھواں ۔
السلام (اَسْ ۔ سَلَامْ) سلام ۔
السن، السنہ (اَلْ ۔ سُنْ، اَلْ ۔ سِنَہْ) لسان کی جمع
الش (اَلَشّ) دیکھو الوش ۔
الشعر المنقلب (اَشْ ۔ شَعْ ۔ رُلْ ۔ مُنْ ۔ قَلِبْ) پربال، آنکھ کا بال
الصاق (اِلْ ۔ صَاقْ) دیکھو الزاق ۔
الطاف (اَلْ ۔ طَافْ) لطف کی جمع ۔
الطف (اَلْ ۔ طَفْ) بہت پاکیزہ ۔
الظاظ (اِلْ ۔ ظَاظْ) لازم رکھنا، ملازم ہونا ۔
العاب (اِلْ ۔ عَابْ) کھیل کودنا ۔
العشرون (اَلْ ۔ عِشْ ۔ رُوْنَ) بیسواں ۔
العطش (اَلْ ۔ عَطَشْ) کلمۂ اظہار پیاس ۔
الغ (اُلُغْ) نہایت بزرگ ۔
الغار (اَلْ ۔ غَارْ) دیکھو یلغار ۔
الغاز (اِلْ ۔ غَازْ) پہیلیاں کہنا (اَلْ ۔ غَازْ)
لغز کی جمع ۔
الغاظ (اِلْ ۔ غَاظْ) سٹکنا، گلے میں اتارنا ۔
الغرض (اَلْ ۔ غَرَضْ) القصہ، حاصل مطلب ۔
الغوزہ (اَلْ ۔ غُوْ ۔ زَہْ) سیٹی، بانسری (اُلْ ۔ غُوْ ۔
زَہْ) چیستان، پہیلی ۔
الغیاث (اَلْ ۔ غِیَاثْ) فریاد، دہائی ۔
الف (اَلْ ۔ فْ) ہزار جمع اُلُوْف، آلاف
(اِلْ ۔ فْ) دوستی، یار دوست، عادی ہونا
(اَلَفْ) عادت پکڑنا، دوست بنانا (اَلِفَ)
گھوڑا دو پاؤں پر کھڑا ہو جانا ۔

الی الآن (اِلَل۔ آن) اب تک۔
الی این (اِلَا۔ اَیْ۔ن) کدھر۔
الیس (اَلِ۔ یَس) بہادر، دلیر۔
الیف (اَلِیف) یار، دوست جمع آلاف۔
الیم (اَلِیم) دردناک۔
الیوم (اَل۔ یَوم) آج۔
الیہ (اِلَیہ) اُسکی طرف (اَل۔ یَد) جوتوڑ کا بہاڑی
آ م (امرؑ) امّا (اَمْ۔ما) مگر اتّہا ... ۔
اماامّا (اَمّا) لیکن مقدّم (امّا) حرف تردید (اِمّا) اُمت کی جمع
امابعد (اَمّا۔بَعد) لیکن بعد۔
اماتت (اِما۔تَت) قتل کرنا، مار ڈالنا۔
اماثل (اَما۔ثِل) امثل کی جمع۔
اماجد (اَما۔جِد) امجد کی جمع۔
امارت (اِمارَت) امیری، حکومت (اَمارَت) نشان، علامت۔
امارد (اَما۔رِد) امرد کی جمع۔
امارہ (اَمّا۔رَہ) بدی کی طرف رغبت دلانیوالا
اماس (آماس) دیکھو آماس
اماکن (اَما۔کِن) مکان کی جمع الجمع۔
ام الجیش (اُمُّل۔جَیش) لشکر کا جھنڈا۔
ام الخبائث (اُمُّل۔خَبا۔ئِث) شراب۔
ام الشیاطین، ام الصبیان (اُمُّش۔شَیا۔طِین، اُمُّص۔صِب۔یان) مسان، جھجکا۔
ام العلوم (اُمُّل۔عُلوم) علم صرف۔
ام القری (اُمُّل۔قُرا) مکہ معظمہ۔
ام الکتاب (اُمُّل۔کِتاب) سورۂ فاتحہ، قرآن پاک، لوح محفوظ۔
ام الولد (اُمُّل۔وَلَد) وہ کنیز جس کے اپنی آقا سے اولاد ہو۔
امالہ (اِمالَہ) میل دینا، زبر کو زیر بنانا مثلاً کتاب کا امالہ کتیب (کتےب)

امام (اِمام) پیشوا، ہادی، نماز پڑھانے والا، بادشاہ جمع ائمہ (اَمام) آگے، پیش، قبل۔
امامت (اِما۔مَت) پیشوائی، منصب نماز۔
امام مبین (اِمام مُبِین) لوح محفوظ۔
امامیہ (اِما۔مِیَہ) امام سے نسبت رکھنے والا، شیعہ مسلمان۔
امان (اَمان) پناہ، بے خوفی۔
امانت (اَمانَت) حفاظت میں لی ہوئی چیز، پارسل، منی آرڈر جمع امانات چیز حفاظت میں لینا۔
امانی (اَما۔نِی) امنیت کی جمع۔
امپراطور (اَم۔پَرا۔طُور) شہنشاہ۔
امپراطریس (اَم۔پَرط۔رِیس) ملکہ۔
امت (اُم۔مَت) پیروان نبی، گروہ، جماعت، گروہ جمع اُمَم (اَمَت) لونڈی، باندی جمع آماء (اَم۔ت) ٹیڑا، ٹیلہ، اونچا نیچا۔
امتاع (اِم۔تاع) نفع پہونچانا۔
امتثال (اِم۔تِثال) حکم ماننا، تعمیل کرنا۔
امتثال امر (اِم۔تِثالِ۔اَمر) تعمیل حکم۔
امتخاط (اِم۔تِخاط) ناک صاف کرنا۔
امتحان (اِم۔تِحان) آزمائش جمع امتحانات آزمانا۔
امتخاخ (اِم۔تِخاخ) ہڈی سے گودا نکالنا۔
امتداد (اِم۔تِداد) درازی، لمبا ہونا
امتراش (اِم۔تِراش) اُچک لینا، چھیننا۔
امتزاج (اِم۔تِزاج) ملاوٹ کرنا۔
امتشاط (اِم۔تِشاط) کنگھی کرنا۔
امتصاص (اِم۔تِصاص) چوسنا۔
امتعہ (اَم۔تِعَہ) متاع کی جمع۔
امتقاع (اِم۔تِقاع) رنگ فق ہوجانا۔

امتلا (اِم۔تِلا) مستی، اُبکائی، بھرا ہونا، چھلک جانا۔
امتلاع (اِم۔تِلاعْ) چھیڑنا، چھیننا، اکھاڑنا۔
امت مرحومہ (اُم۔مَتِ۔مَر۔حُو۔مَہ) رحمت کی ہوئی امت، مسلمان۔
امتناع (اِم۔تِناعْ) روک، باز ہونا، منع کرنا۔
امتنان (اِم۔تِنانْ) احسان رکھنا، نعمت دینا۔
امتہان (اِم۔تِہانْ) ذلیل و خوار رکھنا۔
امتیاز (اِم۔تِیازْ) لائسنس، حق، فرق کرنا، تمیز کرنا۔
امتیاز نامہ (اِم۔تِیاز۔نا۔مَہ) لائسنس۔
امثال (اِم۔ثالْ) ناک کان کاٹنا (اَم۔ثالْ) مثل کی جمع۔
امثل (اَم۔ثَلْ) بزرگ، برگزیدہ جمع اَماثِلْ۔
امثلہ (اَم۔ثِلَہ) مثال کی جمع۔
امجد (اَم۔جَدْ) نہایت بزرگ جمع اَماجِدْ۔
امحاش (اِم۔حاشْ) آگ جلانا۔
امحال (اِم۔حالْ) قحط سالی ہونا، قحط میں پڑنا۔
امخاش (اِم۔خاشْ) جھلسا ہوا ہونا۔
امخاض (اِم۔خاضْ) خالص دودھ پینا۔
امداد (اِم۔دادْ) مدد کرنا۔
امر (اَمْ۔رْ) حکم جمع اَوامِرْ کام، بات، جمع اُمُورْ۔
امرا (اُمَ۔را) امیر کی جمع (اِم۔را) کھانا ہضم ہونا۔
امراۃ (اِم۔رَاۃ) عورت جمع نِسا، نِسْوَتْ، نِسْوانْ۔
امرار (اِم۔رارْ) گزارنا، عہد مضبوط کرنا۔
امراض (اِم۔راضْ) بیمار کرنا (اَم۔راضْ) مرض کی جمع
امراع (اِم۔راعْ) منہ کی رال گرانا، رال فول بکنا۔
امر بالمعروف (اَمْ۔رُ۔بِلْ۔مَعْ۔رُوفْ) اچھے کام کرنے کا حکم۔

امرت (اِم۔رَتْ) امیری۔
امرد (اَم۔رَدْ) نوجوان لڑکا جس کے خط نہ نکلا ہو جمع مُرْد، اَمارِدْ۔
امرط (اَم۔رَطْ) کھوسا، بکّی داڑھی والا
امروت (اَم۔رُوتْ) سفری، امرود۔
امروز (اِم۔روزْ) آج۔
امرجہ (اَم۔زِجَہ) مزاج کی جمع۔
امس (اَمْ۔سْ) کل گزشتہ، گزشتہ دن۔
امسا (اِم۔سا) رات کا وقت کر دینا۔
امساس (اِم۔ساسْ) چھونا، مسلنا۔
امساک (اِم۔ساکْ) کنجوسی، رکاوٹ، قبض۔
امشب (اِم۔شَبْ) آج کی رات۔
امصار (اَم۔صارْ) مصر کی جمع۔
امضا (اِم۔ضا) سرکاری مہر، دستخط، نشان، حکم جاری کرنا۔
امطار (اِم۔طارْ) مینہ برسنا (اَم۔طارْ) مطر کی جمع۔
امعا (اَم۔عا) معا کی جمع۔
امعار (اِم۔عارْ) دردیش ہونا۔
امعان (اِم۔عانْ) گہری نظر ڈالنا، گہرا سوچنا۔
امعط (اَم۔عَطْ) کھوسا، بکّی داڑھی والا
ام غیلان (اُمْ۔مِ۔غَیْ۔لانْ) ببول، کیکر۔
امکان (اِم۔کانْ) ہو سکنا۔
امکنہ (اَم۔کِنَہ) مکان کی جمع۔
امل (اَ۔مَلْ) امید، آس جمع آمالْ۔
املا (اِم۔لا) رسم الخط، لکھنت، یاد سے لکھنا، پُر کرنا، لکھوانا (اَم۔لا) ملا کی جمع۔
املاح (اِم۔لاحْ) نمکین کرنا (اَم۔لاحْ) ملیح کی جمع
املاص (اِم۔لاصْ) پیٹ گرانا۔
املاق (اِم۔لاقْ) کنگالی، فقیری۔
املاک (اِم۔لاکْ) مالک کر دینا (اَم۔لاکْ) مِلک کی جمع۔

املال (اِم۔لَال) رنجیدہ کرنا۔
املج (آم۔لَج) آملہ۔
املس (اَم۔لَس) سادہ، ہموار، صاف، نرم، چکنا۔
امم (اُمَم) امت کی جمع۔
امن (اَمَن) چین، چان جم آمان
امنا (اُمَنَا) امین کی جمع۔
امنیت (اُم۔نی۔یَت) آرزو، امید جم اَمانی (اَم۔نی۔یَت) چین چان جم آمانی
امنیہ (اُم۔نی۔یَہ) دیکھو امنیت۔
اموات (اَم۔وَات) موت، میت کی جمع۔
امواج (اَم۔وَاج) موج کی جمع۔
اموال (اَم۔وَال) مال کی جمع۔
امواہ (اَم۔وَاہ) مار کی جمع۔
امور (اُمُور) امر کی جمع۔
امومیت (اُمُو۔مِی۔یَت) ماںتا۔
اموی (اُمَوِی) بنی امیہ کی طرف منسوب
امہات (اُم۔مَہَات) امہ کی جمع۔
امہال (اِم۔ہَال) نرمی، آہستگی، مہلت دینا۔
امہق (اَم۔ہَق) بے حد سفید۔
امی (اُم۔مِی) بلا پڑھا لکھا، میری ماں۔
امیال (اَم۔یَال) میل کی جمع۔
امید (اُم۔مِید، اُمِید) آس، آرزو۔
امیدوار (اُمِید۔وَار) آرزومند۔
امیدوارانہ (اُمِید۔وَا۔رَا۔نَہ) آرزومندانہ۔
امیدواری (اُمِید۔وَا۔رِی) آرزومندی۔
امیر (اَمِیر) سردار، حاکم، بادشاہ جم اُمَرا۔
امیرالبحر (اَمِی۔رُل۔بَح۔ر) بحری بیڑے کا افسر اعلیٰ۔
امیرلشکر (اَمِی۔رِ۔لَش۔کَر) فوج کا سردار۔
امیری (اَمِی۔رِی) خواجگی، سرداری، مالداری

امین (اَمِین) امانت دار جم اُمَنا۔
ان (اِن) اگر، جو (اَن۔ن) تحقیق، ہونا۔
انا (اِنَا) ظرف، پانی کا برتن جم آنیہ جم جم اَوَانی (اِنَا) تنت، وقت (اَنَا) میں۔
انابت (اِنَا۔بَت) الٹا پھرنا، برے کاموں سے پھرنا۔
انابیب (اَنَا۔بِیب) انبوبہ کی جمع، واٹر ورکس، پانی کے نلکے۔
اناث (اَنَاث) دیر، آہستگی۔
اناث (اِنَاث) اُنثیٰ کی جمع۔
اناج (اَنَاج) غلہ۔
اناجیل (اَنَا۔جِیل) انجیل کی جمع۔
انارت (اِنَا۔رَت) روشن کرنا۔
اناس (اُنَاس) بہت سے لوگ (اسم جمع)
اناسی (اَنَا۔سِی) انسی کی جمع۔
انالبحر (اَنَل۔بَح۔ر) میں سمندر ہوں۔
انالبرق (اَنَل۔بَر۔ق) میں بجلی ہوں
انالحق (اَنَل۔حَق) میں خدا ہوں۔
انام (اَنَام) مخلوقات (اسم جمع)
انامل (اَنَا۔مِل) انملہ کی جمع۔
انان (اُنَان) دیکھو انین (اَن۔نَان) بجید نالہ کرنیوالا
انانیت (اَنَا۔نی۔یَت) خودستائی، خودبینی، خودی۔
انب (اَنَب) بینگن، بادنجان۔
انبا (اِم۔بَا) خبر دینا (اَم۔بَا) نبا کی جمع۔
انباح (اِم۔بَاح) بھونکانا۔
انبار (اَم۔بَار) نبر کی جمع، ڈھیر۔
انباردن (اَم۔بَار۔دَن) پاٹنا، ڈھیر کرنا مضع انبارد۔
انباردنی (اَم۔بَار۔دَنی) ڈھیر کرنے کے قابل۔
انباردہ (اَم۔بَار۔دَہ) ڈھیر کیا ہوا، پاٹا ہوا۔
انبارش (اَم۔بَا۔رِش) حشو، بھرتی، جسکو کسی چیز میں بھریں

انبارنده (اَم۔بَا۔رِنْ۔دَہْ) ڈھیر کرنیوا، بانٹنے والا۔
انباز (اَم۔بَازْ) شریک، ساجھی۔
انبازی (اَم۔بَا۔زِی) شرکت، سنگت۔
انباغ (اَم۔بَاغْ) سوت، سوکن۔
انبال (اَم۔بَالْ) تِل کی جِم
انبان (اَم۔بَانْ) کمایا ہوا چمڑا۔
انبان باد (اَم۔بَا۔نِ۔بَادْ) دُھونکنی۔
انباشہ (اَم۔بَا۔شَہْ) چمڑی تھیلا۔
انباہ (اِم۔بَاہْ) بیدار کرنا۔
انبج (اَم۔بَجْ) انبہ، آم۔
انبساط (اِم۔بِسَاطْ) خوشی، کھلنا، پھیلنا۔
انبعاث (اِم۔بِعَاثْ) اُٹھنا، برانگیختہ ہونا۔
انبوبہ (اَم۔بُو۔بَہْ) ٹونٹی، نلکی۔ جمع انابیب) اَنَابِیْب۔
انبودن (اَم۔بُو۔دَنْ) چُننا۔
انبودنی (اَم۔بُو۔دَنِی) چننے کے لایق۔
انبودہ (اَم۔بُو۔دَہْ) چُنا ہوا۔
انبوسیدن (اَم۔بُو۔سِی۔دَنْ) ظاہر ہونا، موجود ہونا۔
انبوہ (اَم۔بُوہْ) ہجوم، بھیڑ۔ مجمع۔
انبوییدن (اَم۔بُو۔اِی۔دَنْ) بو کرنا، سونگھنا۔

انبہ (اَم۔بَہْ) آم، انبج۔
انبیا (اَم۔بِیَا) نبی کی جمع۔
انباشتن (اَم۔بَاشْ۔تَنْ) دیکھو انباردن۔
انباشتنی (اَم۔بَاشْ۔تَنِی) دیکھو انبارنی۔
انباشتہ (اَم۔بَاشْ۔تَہْ) دیکھو انباردہ۔
انت (اَنْ۔تَ) تو ایک مرد (اَنْ۔تِ) تو ایک عورت۔
انتباش (اِنْ۔تِبَاشْ) کفن چرانا، ننگا کرنا۔
انتباہ (اِنْ۔تِبَاہْ) آگاہی، خبردار ہونا، خبردار کرنا۔

انتجاب (اِنْ۔تِجَابْ) چننا۔
انتحال (اِنْ۔تِحَالْ) سخن چوری، مضمون چرانا
انتخاب (اِنْ۔تِخَابْ) چننا، پسند کرنا۔
انتداب (اِنْ۔تِدَابْ) کام کیلئے بلانا۔
انتزاع (اِنْ۔تِزَاعْ) اکھڑنا، اکھاڑنا۔
انتساب (اِنْ۔تِسَابْ) لگاؤ، نسبت دینا۔
انتساخ (اِنْ۔تِسَاخْ) نقل مطابق اصل لکھنا، نسخہ حاصل کرنا۔
انتساق (اِنْ۔تِسَاقْ) طریقہ، انتظام، ترتیب دینا۔
انتسال (اِنْ۔تِسَالْ) نسل چلنا۔
انتسام (اِنْ۔تِسَامْ) خوشبو سونگھنا۔
انتشار (اِنْ۔تِشَارْ) پراگندگی، تتر بتر ہونا۔
انتصاب (اِنْ۔تِصَابْ) اُٹھ کھڑا ہونا، دشمن رکھنا۔
انتصاح (اِنْ۔تِصَاحْ) نصیحت ماننا۔
انتصاف (اِنْ۔تِصَافْ) انصاف پانا، آدھا ہونا۔
انتطاح (اِنْ۔تِطَاحْ) سینگ مارنا۔
انتظار (اِنْ۔تِظَارْ) راہ دیکھنا۔
انتظام (اِنْ۔تِظَامْ) بندوبست، کام ٹھیک ہونا۔
انتعاش (اِنْ۔تِعَاشْ) عیش ونشاط، اچھا حال ہونا، بلند ہونا، اٹھنا۔
انتفا (اِنْ۔تِفَا) ناپید ہو جانا، کھویا جانا۔
انتفاخ (اِنْ۔تِفَاخْ) سوجنا، پھول لنا۔
انتفاض (اِنْ۔تِفَاضْ) جھڑا ہوا ہونا۔
انتفاع (اِنْ۔تِفَاعْ) فائدہ، نفع پانا۔
انتقا (اِنْ۔تِقَا) چننا، قبول کرنا۔
انتقاد (اِنْ۔تِقَادْ) نقد لینا، پرکھنا۔
انتقاش (اِنْ۔تِقَاشْ) بال اکھیڑنا۔
انتقاص (اِنْ۔تِقَاصْ) گھٹنا، نقص ہونا

انتقاض (اِنْ۔ تِقَاضْ) پیمان توڑنا۔
انتقاع (اِنْ۔ تِقَاعْ) ذرا ایک منھ پھیر لینا۔
انتقال (اِنْ۔ تِقَالْ) موت، مقام تبدیل کرنا۔
انتقالِ ذہنی (اِنْ۔ تِقَا۔ لِ۔ ذِہْ۔ نی) ایک بات سے دوسری کو ذہن جانا۔
انتقام (اِنْ۔ تِقَامْ) بُرا بدلہ، کینہ نکالنا۔
انتقاماً (اِنْ۔ تِقَا۔ مَا۔ نَنْ) انتقام کے طور پر۔
انتکاث (اِنْ۔ تِکَاثْ) عہد توڑنا۔
انتکاس (اِنْ۔ تِکَاسْ) اوندھا ہونا۔
انتکاف (اِنْ۔ تِکَافْ) لاج رکھنا۔
انتم (اَنْ۔ تُمْ) تم بہت سے مرد۔
انتما (اِنْ۔ تِمَا) بڑھنا، پھولنا (اَنْ۔ تُمَا) تم دو۔
انتن (اَنْ۔ تُنْ۔ نَ) تم بہت سی عورتیں۔
انتہا (اِنْ۔ تِہَا) اخیر حد، حدود، سرا، سرے تک۔
انتہاب (اِنْ۔ تِہَابْ) لٹ جانا۔
انتہاپسند (اِنْ۔ تِہَا۔ پَسَنْ۔ د) کسی چیز کی انتہا پسند کرنے والا۔
انتہاپسندی (اِنْ۔ تِہَا۔ پَسَنْ۔ دِی) انتہا پسند کرنا۔
انتہار (اِنْ۔ تِہَارْ) ہانپنا۔
انتہاز (اِنْ۔ تِہَازْ) فرصت پانا، قابو پانا، وقت تاکنا۔
انتہاض (اِنْ۔ تِہَاضْ) کوچ کرنا، اُٹھنا۔
انتیاع (اِنْ۔ تِیَاعْ) حل ہونا، رواں ہونا۔
انثیٰ (اُنْ۔ ثَا) عورت، مادہ جمع اناث، اُنث، اناثیٰ۔
انثیال (اِنْ۔ ثِیَالْ) ٹوٹ پڑنا۔
انجا (اِنْ۔ جَا) دوڑنا، بھاگنا، چھڑانا۔
انجاح (اِنْ۔ جَاحْ) حاجت روا ہونا یا کرنا۔
انجاز (اِنْ۔ جَازْ) وعدہ وفا کرنا، حاجت روا کرنا

انجاس (اِنْ۔ جَاسْ) گندا کرنا (اَنْ۔ جَاسْ) نجس کی جمع۔
انجام (اَنْ۔ جَامْ) آخر، انتہا۔ ۲۔ نجم کی جمع۔
انجامندہ (اَنْ۔ جَا۔ مِنْ۔ دَہْ) آخر ہونے والا۔
انجامیدن (اَنْ۔ جَا۔ مِی۔ دَنْ) آخر ہونا، تمام ہونا۔ مضع آنجامد۔
انجامیدہ (اَنْ۔ جَا۔ مِی۔ دَہْ) تمام شدہ، آخر شدہ
انجب (اَنْ۔ جَبْ) بڑا شریف، باندی بچہ۔
انجخیدن (اَنْ۔ جُخِی۔ دَنْ) دیکھو انجوخیدن۔
انجدان (اَنْ۔ جُدَانْ) ہینگ کا پیڑ۔
انجذاب (اِنْ۔ جِذَابْ) جذب ہونا، کشیدہ ہونا تیز چلنا۔
انجر (اَنْ۔ جَرْ) لنگر، لنجر۔
انجس (اَنْ۔ جَسْ) نہایت ناپاک۔
انجغیدن (اَنْ۔ جُغِی۔ دَنْ) دیکھو انجوغیدن۔
انجل (اَنْ۔ جَلْ) فراخ چشم۔
انجلا (اِنْ۔ جِلَا) روشن ہونا، وطن سے جانا۔
انجلاب (اِنْ۔ جِلَابْ) جلب ہونا، کشیدہ ہونا۔
انجم (اَنْ۔ جُمْ) نجم کی جمع۔
انجماد (اِنْ۔ جِمَادْ) جمنا، بستہ ہونا۔
انجمن (اَنْ۔ جُمَنْ) مجلس، محفل۔
انجوخیدن، انجوغیدن (اَنْ۔ جُو۔ خِی۔ دَنْ، اَنْ۔ جُو۔ غِی۔ دَنْ) جھری پڑنا، سر وٹ پڑنا
انجیدن (اَنْ۔ جِی۔ دَنْ) چو رنگ کرنا، ریزہ ریزہ کرنا۔
انجیدہ (اَنْ۔ جِی۔ دَہْ) زخمی، چورنگ۔
انجیل (اِنْ۔ جِیلْ) مژدہ، خوش خبری، عیسائیوں کی آسمانی کتاب جمع اناجیل۔
انحا (اِنْ۔ حَا) جاری کرنا، پھرانا (اَنْ۔ حَا) نحو کی جمع۔
انحتات (اِنْ۔ حِتَاتْ) پت جھڑ۔

انجذاب (اِن ۔ جِذاب) کھنچا ہونا۔
انحراف (اِن ۔ حِراف) پھر جانا، ٹیڑھا ہونا۔
انحسار (اِن ۔ حِسار) بال جھڑنا۔
انحصار (اِن ۔ حِصار) احاطہ، گھیر لینا۔
انحطاط (اِن ۔ حِطاط) کم ہونا، گھٹنا۔
انحطام (اِن ۔ حِطام) شکستہ ہونا۔
انحنا (اِن ۔ حِنا) ٹیڑھا ہونا، کبڑا ہونا، جھکنا۔
انخداع (اِن ۔ خِداع) دغا کھانا، فریب کھانا۔
انخراط (اِن ۔ خِراط) پتلا ہونا، پھیلا جانا۔
انخراق (اِن ۔ خِراق) ترٹنا، پھٹ جانا۔
انخرام (اِن ۔ خِرام) چھپ جانا۔
انخفاف (اِن ۔ خِفاف) سُبکی، خفت۔
انخلا (اِن ۔ خِلا) خالی ہونا۔
انخلاع (اِن ۔ خِلاع) اُکھڑنا۔
انخلال (اِن ۔ خِلال) تباہی۔
اند (اَنْد) تھوڑا، چند۔
انداختن (اَن ۔ داخ ۔ تَن) ڈالنا، پھینکنا مضع اَنْداز۔
انداختنی (اَن ۔ داخ ۔ تَنی) ڈالنے کے لائق۔
انداختہ (اَن ۔ داخ ۔ تَہ) پھینکا ہوا، ڈالا ہوا۔
اندار (اَن ۔ دار) سرگذشت، کہانی (اِن ۔ دار) ڈالنا۔
انداز (اَن ۔ داز) قیاس، قدرت، ڈھنگ، ڈیل، وضع، چھب، مرتبہ، مقدار، ڈالنے والا، پھینکنے والا۔
اندازندہ (اَن ۔ دا ۔ زِن ۔ دَہ) ڈالنے والا، پھینکنے والا۔
اندازہ (اَن ۔ دا ۔ زَہ) تخمینہ، نمونہ، جرأت، طاقت، مانند، نشان۔
اندازیدن (اَن ۔ دا ۔ زی ۔ دَن) دیکھو انداختن۔
اندام (اَن ۔ دام) جسم، بدن (اِن ۔ دام) میل محبت رکھنا۔

اندامی (اَن ۔ دا ۔ می) محبت اور خوشنما لباس۔
اندائیدن (اَن ۔ دا ۔ ئی ۔ دَن) دیکھو اندودن
اندائش (اَن ۔ دا ۔ ئش) لیپ، لیپن، لھیس، کہگل۔
اندایندہ (اَن ۔ دا ۔ یِن ۔ دَہ) اندودہ۔
اندایہ (اَن ۔ دا ۔ یَہ) راج کی کرنی، گل مالہ
اندباغ (اِن ۔ دِباغ) چمڑا پکانا۔
اندخسیدن (اَن ۔ دَخ ۔ سی ۔ دَن) حمایت لینا، پشتی کرنا۔
اندر (اَن ۔ دَر) کھلیان جمع انادر۔ بیچ، درمیان۔
اندراج (اِن ۔ دِراج) داخل ہونا، درج ہونا۔
اندراس (اِن ۔ دِراس) کہنگی، پرانا ہونا
اندراع (اِن ۔ دِراع) درپیش ہونا۔
اندرز (اَن ۔ دَرز) نصیحت، حکایت، وصیت، کتاب۔
اندرزا (اَن ۔ دَر ۔ زا) سرنگوں، حیران، آرزو، حاجتمندی۔
اندرون (اَن ۔ دَرُون) اندر، بیچ۔
اندساس (اِن ۔ دِساس) پنہاں ہونا۔
اندفاع (اِن ۔ دِفاع) دور ہونا۔
اندک (اَن ۔ دَک) تھوڑا۔
اندلاص (اِن ۔ دِلاص) گر پڑنا۔
اندلاع (اِن ۔ دِلاع) زبان نکل آنا، توند نکل آنا
اندلاق (اِن ۔ دِلاق) اگل پڑنا۔
اندلس (اُن ۔ دُ ۔ لُس، اَن ۔ دَلُس) اسپین، اسپانیہ (جنوب و مغربی یورپ)
اندبال (اِن ۔ دِبال) زخم بھرنا۔
اندوختن (اَن ۔ دُوخ ۔ تَن) اکٹھا کرنا مضع اندوز
اندوختنی (اَن ۔ دُوخ ۔ تَنی) اکٹھا کرنے کے لائق۔
اندوختہ (اَن ۔ دُوخ ۔ تَہ) جڑا، جمع، جوڑا ہوا۔
اندود (اَن ۔ دُود) لیپا ہوا، جھول چڑھا ہوا۔

اندودن (اَنْ۔ دُو۔ دَنْ) لیپنا، ملمع کرنا، مضع آندا ایُد۔
اندودنی (اَنْ۔ دُو۔ دَنی) ملمع کرنے کے لایق، لیپنے کے لایق۔
اندودہ (اَنْ۔ دُو۔ دَہ) جھول کیا ہوا، لپا ہوا۔
اندوز (اَنْ۔ دُوز) جمع کرنے والا۔
اندوزندہ (اَنْ۔ دُو۔ زَن۔ دَہ) جوڑنے والا۔
اندوزیدن (اَنْ۔ دُو۔ زِی۔ دَنْ) دیکھو اندوختن۔
اندوہ (اَنْ۔ دُوہ) رنج جمع اَنْدُہ یا اَنْدُہان
اندوہگیں (اَنْ۔ دُوہ۔ گِیں) رنجیدہ، مغموم۔
اندہ (اَنْ۔ دُہ) دیکھو اندوہ۔
اندیدن (اَنْ۔ دِی۔ دَنْ) تعجب کرنا، اچنبھے سے بات کہنا۔
اندیدنی (اَنْ۔ دِی۔ دَنی) اچنبھے کے لایق۔
اندیدہ (اَنْ۔ دِی۔ دَہ) متحیر۔
اندیش (اَنْ۔ دِیش) سوچنے والا۔
اندیشندہ (اَنْ۔ دِے۔ شَن۔ دَہ) سوچنے والا۔
اندیشہ (اَنْ۔ دِے۔ شَہ) فکر، سوچ، کھٹکا۔
اندیشیدن (اَنْ۔ دِے۔ شِی۔ دَنْ) سوچنا مضع اَنْدیشَد
اندیشیدنی (اَنْ۔ دِے۔ شِی۔ دَنی) سوچنے کے لایق
اندیشیدہ (اَنْ۔ دِے۔ شِی۔ دَہ) سوچا ہوا۔
انذار (اِنْ۔ ذار) ڈرنا، ڈرانا۔
انزال (اِنْ۔ زال) اترنا، اتارنا (اَنْ۔ زال) نزل کی جمع
انزوا (اِنْ۔ زِوا) گوشہ نشینی، کونہ میں بیٹھنا۔
انزہاق (اِنْ۔ زِہاق) ہلاک ہونا، نیست ہونا۔
انزیاغ (اِنْ۔ زِیاغ) حق سے باطل پر جھکنا۔
انس (اِنْس) دیکھو اُناس، (اُنْس) محبت۔
انسا (اِنْ۔ سا) بھلا دینا (اُنَسا) انیس کی جمع۔
انساب (اَنْ۔ ساب) نسب کی جمع۔
انسان (اِنْ۔ سان) آدمی، مردم۔

انسانی (اِنْ۔ سا۔ نی) منسوب بہ انسان، آدمی کا
انسانیت (اِن۔ سا۔ نی۔ یَت) آدمیت۔
انسب (اَن۔ سَب) نہایت مناسب۔
انسباک (اِن۔ سِباک) چاندی سونا گلانا۔
انسحاب (اِنْ۔ سِحاب) کشیدہ ہونا۔
انسداد (اِنْ۔ سِداد) بند کردینا۔
انسکاب (اِنْ۔ سِکاب) رونا، دھونا، پانی بکھیرنا
انسلاب (اِن۔ سِلاب) گم جانا، نیست ہونا۔
انسلاخ (اِنْ۔ سِلاخ) کوئی چیز باہر نکل آنا۔
انسلاع (اِنْ۔ سِلاع) پھٹا ہوا ہونا۔
انسلاک (اِنْ۔ سِلاک) ایک کا دوسری چیز میں آنا۔
انسلال (اِنْ۔ سِلال) چھپ کر نکلنا۔
انسی (اِنْ۔ سی، اُنْسی) آدمی جمع اَناسی۔
انسیت (اُنْ۔ سی۔ یَت) محبت، پریم۔
انشا (اِنْ۔ شا) عبارت لکھنا، بات پیدا کرنا۔
انشا پرداز (اِنْ۔ شا۔ پَرْ۔ داز) مضمون نگار، ادیب۔
انشا پردازی (اِنْ۔ شا۔ پَر۔ دا۔ زی) عبارت نویسی، مضمون نگاری۔
انشاد (اِنْ۔ شاد) شعر خوانی، شعر پڑھنا۔
انشار (اِنْ۔ شار) زندہ کرنا۔
انشائیہ (اِنْ۔ شا۔ ای۔ یَہ) منسوب بہ انشا۔
انشراح (اِنْ۔ شِراح) کشادہ دلی، دل کا کھلنا۔
انشرام (اِنْ۔ شِرام) پھٹا ہوا ہونا۔
انشقاق (اِنْ۔ شِقاق) شق ہونا، تڑخنا۔
انصاب (اَنْ۔ صاب) نصب کی جمع۔
انصار (اَنْ۔ صار) مدینے کے وہ باشندے جنہوں نے سردار دوجہاں کی مدد کی تھی، نصر کی جمع
انصاری (اَنْ۔ صا۔ ری) جماعت انصار کا فرد
انصاف (اِنْ۔ صاف) نیاو، دودھ کرنا، فیصلہ کرنا (اَنْ۔ صاف) نصف کی جمع۔

انصباب (اِنْ۔صِبَابْ) رقیق چیز بہنا۔
انصباغ (اِنْ۔صِبَاغْ) رنگین ہونا۔
انصراف (اِنْ۔صِرَافْ) پھرنا، لوٹ آنا۔
انصرام (اِنْ۔صِرَامْ) پورا ہونا، آخر ہونا، کاٹا ہوا ہونا۔
انصرامی (اِنْ۔صِرَا۔مِیْ) منسوب بہ انصرام۔
انصف (اَنْ۔صَفْ) بڑا انصاف کرنے والا۔
انصلاح (اِنْ۔صِلَاحْ) دیکھو انسلاح۔
انضلاج (اِنْ۔ضِلَاجْ) خلط پکانا، پھل پکانا۔
انضمام (اِنْ۔ضِمَامْ) جڑنا، اکٹھا ہونا۔
انطاکیہ (اَنْ۔طَا۔کِیَہْ) ایک عہدہ کے پادری۔
انطباع (اِنْ۔طِبَاعْ) چھپنا، طبع ہونا۔
انطباعی (اِنْ۔طِبَا۔عِیْ) چھپنے والی چیز۔
انطباق (اِنْ۔طِبَاقْ) جڑنا، باہم ملنا۔
انطفا (اِنْ۔طِفَا) بجھنا، بجھنا، گل ہونا۔
انطواء (اِنْ۔طِوَاء) لپٹا ہوا ہونا۔
انظار (اِنْ۔ظَارْ) مہلت دینا (اَنْ۔ظَارْ) نظر کی جمع
انتظام (اِنْ۔تِظَامْ) آراستہ کرنا، مرتب کرنا۔
انعام (اِنْ۔عَامْ) نعمت دینا، زیادہ ہونا۔ (اَنْ۔عَامْ) نعم کی جمع۔
انعدام (اِنْ۔عِدَامْ) نیست ہونا، ناپید ہونا۔
انعطاف (اِنْ۔عِطَافْ) لوٹنا، پھرنا، جھکنا۔
انعقاد (اِنْ۔عِقَادْ) جمع ہونا، بستہ ہونا۔
انعکاس (اِنْ۔عِکَاسْ) پرچھائیں، عکس جھلکنا۔
انغراس (اِنْ۔غِرَاسْ) درخت اگنا۔
انغماس (اِنْ۔غِمَاسْ) غوطہ مارنا۔
انغمام (اِنْ۔غِمَامْ) غمگین کرنا۔
انف (اَنْفْ) بینی، ناک جمع انوف۔
انفاذ (اِنْ۔فَاذْ) روان کرنا، روان ہونا بھیجنا۔
انفار (اَنْ۔فَارْ) نفر کی جمع۔

انفاس (اِنْ۔فَاسْ) عمدہ اور نفیس ہونا (اَنْ۔فَاسْ) نفس کی جمع۔
انفاغ (اَنْ۔فَاغْ) شوخ، دہقانی۔
انفاق (اِنْ۔فَاقْ) خرچ کرنا۔
انفال (اِنْ۔فَالْ) مال غنیمت باندھنا (اَنْ۔فَالْ) نفل کی جمع۔
انفت (اَنْ۔فَتْ) شرم و حیا۔
انفتاح (اِنْ۔فِتَاحْ) کشادہ ہونا، کھلنا۔
انفجار (اِنْ۔فِجَارْ) رسنا، پھوٹنا۔
انفراد (اِنْ۔فِرَادْ) تنہا ہونا، اکیلا ہونا۔
انفرادی (اِنْ۔فِرَا۔دِیْ) منسوب بہ انفراد۔
انفراق (اِنْ۔فِرَاقْ) شگافتہ ہونا، پھٹا ہونا۔
انفس (اَنْ۔فُسْ) نفس کی جمع (اَنْ۔فَسْ) بہت نفیس۔
انفصال (اِنْ۔فِصَالْ) فیصلہ ہونا، جدا ہونا، چکنا۔
انفصام (اِنْ۔فِصَامْ) ٹوٹ جانا۔
انفضاض (اِنْ۔فِضَاضْ) پراگندہ ہونا، ٹوٹا ہوا ہونا۔
انفطار (اِنْ۔فِطَارْ) پھٹنا، شگافتہ ہونا۔
انفعال (اِنْ۔فِعَالْ) شرمندگی، شرمندہ ہونا
انفکاک (اِنْ۔فِکَاکْ) الگ الگ ہونا۔
انقا (اِن۔قَاء) چننا۔
انقاب (اَنْ۔قَابْ) نقب، نقاب کی جمع۔
انقاذ (اِنْ۔قَاذْ) چھڑانا۔
انقاش (اِنْ۔قَاشْ) لینا، پکڑنا۔
انقاص (اِنْ۔قَاصْ) ناقص کرنا، بگاڑنا (اَنْ۔قَاصْ) نقص کی جمع۔
انقباض (اِنْ۔قِبَاضْ) سکڑنا، بھینچنا، رکنا۔
انقراض (اِنْ۔قِرَاضْ) مدت پوری ہونا، کٹا ہونا۔
انقرہ (اَنْ۔قَرَہْ) دار الحکومت ترکی شہر انگورہ۔
انقسام (اِنْ۔قِسَامْ) بٹا ہونا

انقشاع (اِن۔ تِشاع) بادل کھلنا، غم دل سے دور ہونا

انقص (اَن۔ قص) بہت ناقص۔

انقصام (اِن۔ تِصام) ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا

انقضاء (اِن۔ تِضاء) مدت پوری ہونا۔

انقضاض (اِن۔ تِضاض) ادپر گر پڑنا۔

انقطاع (اِن۔ تِطاع) کاٹا ہوا ہونا۔

انقلاب (اِن۔ قِلاب) الٹ پلٹ، گردش، زمانہ کا چکر کھانا۔

انقلابی (اِن۔ قِلابی) انقلاب سے منسوب۔

انقلاع (اِن۔ قِلاع) اکھڑا ہوا ہونا۔

انقلیس (اَن۔ قلیس) گینڈ مچھلی، بام مچھلی، مار ماہی، جرّی، جریث۔

انقماع (اِن۔ قِماع) ذلیل و خوار ہونا۔

انقیاد (اِن۔ قِیاد) تابع ہونا، رام ہونا۔

انکار (اِن۔ کار) نہ ماننا، منظور نہ کرنا۔

انکاس (اِن۔ کاس) سرنگوں کرنا۔

انکباب (اِن۔ کِباب) دوا کی دھونی لینا۔

انکسار (اِن۔ کِسار) شکست، عاجزی۔

انکساف (اِن۔ کِساف) سورج گہنا۔

انکشاف (اِن۔ کِشاف) کھولنا، کھلنا۔

انگلترہ (اِن۔ گَل۔ تِرہ) انگلینڈ، انگلستان۔

انگار (اَنگ، گار) تصور کرنیوالا، تصور، پندار

انگاردن (اَنگ، گار۔ دَن) معلوم کرنا، تصور کرنا مضع انگارد۔

انگاردنی (اَنگ، گار۔ دَنی) تصور کرنے کے لائق۔

انگاردہ (اَنگ، گار۔ دَہ) تصور کیا ہوا۔

انگارش (اَنگ، گا۔ رِش) سرگذشت، افسانہ۔

انگارندہ (اَنگ، گارن۔ دَہ) تصور کرنیوالا۔

انگارہ (اَنگ، گا۔ رَہ) دفتر، حساب، تصویر کا خاکہ، ناتمام چیز، ڈھنگ، طریقہ، افسانہ۔

انگاشتن (اَنگ، گاش۔ تَن) دیکھو انگاردن۔

انگاشتنی (اَنگ، گاش۔ تَنی) دیکھو انگاردنی۔

انگاشتہ (اَنگ، گاش۔ تَہ) معلوم کیا ہوا۔

انگبین (اَنگ۔ بِین) شہد، امرت۔

انگریز (اَنگ۔ رِیز) انگلستان کا باشندہ

انگریزی (اَنگ۔ رے۔ زی) انگلستان کی زبان۔

انگژد (اَنگ، گژد) آنکس نبلبان۔

انگژہ (اَنگ، گژ۔ ہ) دیکھو انگوزہ۔

انگشت (اَنگ، گش۔ ت) انگلی (اَنگ، گش۔ ت) کوئلا۔

انگشتانہ (اَنگ، گش۔ تا۔ نہ) انگلی کے پورے کا دھات کا خول۔

انگشت پیچ (اَنگ، گش۔ ت۔ پیچ) عہد و پیمان، دست آویز۔

انگشتری یا انگشترین (اَنگ، گش۔ تَری، اَنگ، گش۔ تَرین) انگوٹھی

انگشت نما (اَنگ، گش۔ ت۔ نما) مشہور، بدنام جس کی طرف انگلی اٹھائی جائے۔

انگشت نمائی (اَنگ، گش۔ ت۔ نما۔ ئی) شہرت، بدنامی

انگشتو (اَنگ۔ گش۔ تو) علیدہ

انگلستان (اَنگ۔ لِس۔ تان) انگلینڈ۔

انگلہ (اَنگ، گلہ) گھنڈی تکمہ۔

انگلیز (اَنگ۔ لیز) دیکھو انگریز۔

انگلیسی (اَنگ۔ لی۔ سی) انگریزی۔

انگلیون (اَنگ، گل۔ یون) انجیل، مانی نقاش کی کتاب۔

انگور (اَنگ، گور) میوہ، کھرنڈ۔

انگورک (اَنگ۔ گو۔ رَک) پتلی۔

انگوزہ (اَنگ۔ گو۔ زَہ) ہینگ، حلتیت۔

انگیختن (اَنگ، گیخ۔ تَن) اٹھنا، اٹھانا۔ مضع انگیزد۔

انگیختنی (اَنگ، گیخ۔ تَنی) اٹھنے کے قابل، اٹھانے کے لائق۔

انگیختہ (اَنگ - گیخ - تَہ) اُٹھایا ہوا۔
انگیز (اَنگ - گیز) برداشت، اُٹھانے والا۔
انگیزندہ (اَنگ - گے - زِن - دَہ) اُٹھانے والا۔
انگیزہ (اَنگ - گے - زَہ) سبب، باعث۔
انگیزیدن (اَنگ - گے - زِی - دَن) دیکھو انگیختن۔
انمار (اَن - مار) نمر کی جمع۔
انماس (اِن - ماس) شکاری کا شکار کیلئے چھپنا۔
انملہ (اَن - مِلَہ) اُنگلی کا پورا، جمع اَنامِل۔
انموذج (اُن - مُو - ذَج) نمونہ۔
انمیاث (اِن - مِیا - ث) گھلنا۔
انوار (اَن - وار) نور کی جمع۔
انواع (اَن - واع) نوع کی جمع۔
انوان (اِن - وان) نون بمعنی مچھلی کی جمع۔
انوشہ (اَنو - شَہ) دولھا، خوشحال۔
انوف (اُنُوف) انف کی جمع، (اَنُوف) جسکی ناک خوبصورت ہو
انوئیدن (اَنو - اِی - دَن) نوحہ کرنا۔
انہاد (اِن - ہاد) خبر پہونچانا۔
انہاب (اِن - ہاب) لٹانا۔
انہار (اَن - ہار) نہر کی جمع، (اِن - ہار) پانی جاری کرنا
انہاک (اِن - ہاک) تکلیف دینا، دبلا اور کمزور کرنا۔
انہدام (اِن - ہِدام) ڈھینا، ڈھانا۔
انہزام (اِن - ہِزام) تتر بتر ہونا، بھاگ کھڑا ہونا۔
انہصاف (اِن - ہِصاف) شکستہ ہونا۔
انہضام (اِن - ہِضام) ہضم ہونا، پچنا۔
انہلال (اِن - ہِلال) مینہ کی جھڑی پڑنا۔
انہماک (اِن - ہِماک) حد سے بڑھکر کوشش کرنا۔
انہمام (اِن - ہِمام) پگھلنا، گلنا
انی (اِن - نی) منسوب بہ اِنّ، منطق کی اصطلاح میں ایک دلیل کا نام۔
انیاب (اَن - یاب) ناب کی جمع۔
انیث (اَنیث) نرم لوہا۔

انیران (اَنی - ران) نکاح کا فرشتہ، شمسی مہینہ کی تیسویں تاریخ۔
انیس (اَنِیس) دوست، محبت کرنیوالا جمع آنِسار۔
انیق (اَنِیق) عجیب، خوب۔
انیقہ (اَنی - قَہ) دیکھو انیق۔
انیم (اَنِیم) دیکھو آنام۔
انین (اَنِین) بلبلاہٹ، نالہ و فریاد۔
او (اَو) وہ (اَو) یا، بلکہ۔
اواب (اَوّ - واب) تسبیح خواں۔
اوارجہ (اَوا - رِجَہ، اَوار - جَہ) بہی، رجسٹر۔
اوارہ (اَوا - رَہ) دیکھو اوارجہ (اُوا - رَہ) گرمی کا موسم، لُو۔
اواسط (اَوا - سِط) اوسط کی جمع۔
اوامر (اَوا - مِر) امر کی جمع۔
اوان (اَوان) وقت جمع آوِنَہ (اِوان) بڑا صفہ، ایوان۔
اوانی (اَوا - نی) انا کی جمع الجمع۔
اواہ (اَوّاہ) نرم دل، مومن، فقیہ، آہ کش۔
اوائل (اَوا - ئِل) اول کی جمع۔
اوباریدن (اَو - با - رِی - دَن) ڈالنا، نگلنا (اَو - با - رِی - دَن) رونا، دھونا۔
اوباش (اَو - باش) بوش کی جمع، لُچا، غنڈا۔
اوباشتن (اَو - باش - تَن) ڈالنا، بھرنا۔
اوتاد (اَو - تاد) وہ چار سرتاج اولیا جو ہر زمانہ میں موجود رہتے ہیں، وتد کی جمع۔
اوتار (اَو - تار) وتر کی جمع۔
اوتاغ، اوتاق (اَو - تاغ، اَو - تاق) مکان کا حجرہ۔
اوثان (اَو - ثان) وثن کی جمع۔
اوثق (اَو - ثَق) نہایت مضبوط۔
اوج (اَوج) اونچائی، بلندی، شان۔

اوجاع (اَوْ۔جَاعْ) وجع کی جمع۔
اوجاغ (اَوْ۔جَاغْ) چولھا، دیگدان۔
اوجال (اَوْ۔جَالْ) وجل کی جمع۔
اوجب (اَوْ۔جَبْ) واجب تر۔
اوجبن (اَوْ۔جَبْنْ) تھوڑی سی چیز (اَوْ۔جَبْنْ) روزگار، ہمیشہ، ہرگز۔
اوجاغ، اوجاق (اَوْجَاغْ، اَوْ۔جَاقْ) دیکھو اوجاغ۔
اوحد (اَوْ۔حَدْ) یگانہ۔
اودا (اَوْ۔دَا) ودید کی جمع۔
اوداج (اَوْ۔دَاجْ) وداج کی جمع۔
اودر (اَوْ۔دَرْ) چچا۔
اوردن (اُوْ۔فُرْ۔دَنْ) مرنا، دنیا سے کوچ کرنا۔
اوراد (اَوْ۔رَادْ) ورد کی جمع۔
اوراشتن (اَوْ۔رَاشْ۔تَنْ) اٹھانا، بلند کرنا۔
اوراق (اَوْ۔رَاقْ) ورق کی جمع۔
اورام (اَوْ۔رَامْ) ورم کی جمع۔
اوردہ (اَوْ۔رِدَہْ) ورید کی جمع۔
اوردیدن (اَوْرْ۔دِیْ۔دَنْ) حملہ کرنا، جنگ کرنا
اورک (اَوْ۔رَکْ) جھولا۔
اورمزد (اُوْرْ۔مُزْدْ) ستارۂ مشتری۔
اورند (اَوْ۔رَنْدْ) شاہی تخت، فریب، دنا، زیبائی، قسمت، سپاہی۔
اوربیدن (اَوْ۔رِبْ۔دِیْ۔دَنْ) جھانسا دینا، حیلہ کرنا۔
اورنگ (اَوْ۔رَنْگْ) شاہی تخت، عقلمندی، خوشی، فریب، دیپک۔
اوروخشن (اَوْرْ۔وَخْ۔شَنْ) دیکھو افروختن۔
اورہ (اَوْ۔رَہْ) دیکھو ابرہ بمعنی ضد استر۔
اوز (اَوْزْ، اُوْزْ) راج ہنس۔
اوزار (اَوْ۔زَارْ) وزر کی جمع۔
اوزان (اَوْ۔زَانْ) وزن کی جمع۔
اوزم (اَوْ۔زَمْ) انگور۔
اوزون (اَوْ۔زُوْنْ) دیکھو افسوں۔
اوژندیدن، اوژندن (اَوْ۔ژَنْ۔دِیْ۔دَنْ، اَوْ۔ژَنْ۔دَنْ) ڈالنا۔
اوژودن (اَوْ۔ژُوْ۔دَنْ) دیکھو افزودن۔
اوژولیدن (اَوْ۔ژُوْ۔لِیْ۔دَنْ) دیکھو افزولیدن
اوس (اَوْس) عوض، عطا، بھیڑیا۔
اوساخ (اَوْ۔سَاخْ) وسخ کی جمع۔
اوسان (اَوْ۔سَانْ) دیکھو افسان۔
اوستام (اُوْس۔تَامْ) قابلِ بھروسہ، معتمد۔
اوسط (اَوْ۔سَطْ) منجھلا، میانہ، جمع اَوَاسِطْ۔
اوسع (اَوْ۔سَعْ) نہایت فراخ۔
اوسون (اَوْ۔سُوْنْ) دیکھو افسوں۔
اوشاق (اُوْشَاقْ) بچہ، امرد۔
اوشال (اُوْ۔شَالْ) وہ لوگ۔
اوشیع (اَوْ۔شِیْعْ) سمور۔
اوشنگ (اَوْ۔شَنْگْ) انگنی، منلاق۔
اوصاف (اَوْ۔صَافْ) وصف کی جمع۔
اوصیا (اَوْ۔صِیَا) وصی کی جمع۔
اوضاع (اَوْ۔ضَاعْ) وضع کی جمع۔
اوضح (اَوْ۔ضَحْ) نہایت واضح۔
اوضہ (اَوْ۔ضَہْ) کرہ
اوطار (اَوْ۔طَارْ) وَطَر کی جمع۔
اوطان (اَوْ۔طَانْ) وطن کی جمع۔
اوعیہ (اَوْ۔عِیَہْ) وِعا کی جمع۔
اوغل (اُوْغْلْ) لڑکا، محبوب۔
اوفتادگی (اُوْفْ۔تَا۔دَگِیْ) دیکھو افتادگی۔
اوفتادن (اُوْفْ۔تَا۔دَنْ) گرنا، پڑنا، اتفاق پڑنا مضع اُوْفْتَادَہْ۔
اوفتادنی (اُوْفْ۔تَا۔دَنِیْ) گرنے یا پڑنے کے لائق۔

اوفتادہ (اُوْ-فْ-تَا-دَہْ) گرپڑا ہوا۔
اوقات (اَوْ-قَاتْ) وقت کی جمع۔
اوقاف (اَوْ-قَافْ) وقف کی جمع۔
اوقر (اَوْ-قَرْ) بہرا۔
اوقص (اَوْ-قَصْ) کوتہ گردن۔
اوقیہ (اُوْ-قِیْ-یَہْ) چالیس درم وزن جمع اَوَاقِی۔
اوقیانوس (اُوْ-قِیَا-نُوْس) بحر اطلانتک۔
اوکیع (اَوْ-کِیْعْ) کنجوس، احمق، تلوار۔
اول (اَوْ-وَلْ) پہلا جمع اَوَائِل۔
اولاً (اَوْ-وَ-لَنْ) سب سے پہلے۔
اولا (اَوْ-لَا) دیکھو اَوْلیٰ (اُوْ-لَا) دیکھو اُوْلیٰ۔
اولاد (اَوْ-لَادْ) ولد کی جمع۔
اولاغ (اُوْ-لَاغْ) گدھا۔
اولکہ (اُلْ-کَہْ) دیکھو اُلکہ
اولنگ (اُوْ-لَنْگْ) سبزہ زار
اولو (اُوْ-لُوْ) دیکھو اولی۔
اولوالالباب (اُوْلُلْ-اَلْ-بَابْ) صاحب عقل۔
اولوالامر (اُوْلُلْ-اَمْ-رْ) صاحب حکم، بادشاہ۔
اولوالعزم (اُوْلُلْ-عَزْ-مْ) صاحب ہمت۔
اولوالعزمی (اُوْلُلْ-عَزْ-مِیْ) بلند ہمتی، ارادے کی مضبوطی
اولئک (اُوْلَا-اِکَ) وہ سب۔
اولی (اُوْلِیْ) ذو کی جمع (اَوْ-لَا) بہتر جمع اَوَالِیْ
(اُوْ-لَا) پہلی مونث چیز جمع اُوَلْ۔
اولی تر (اَوْ-لَا-تَرْ) بہت بہتر۔
اولی ترین (اَوْ-لَا-تَرِیْنْ) بہت زیادہ بہتر۔
اولیا (اَوْ-لِیَا) ولی کی جمع۔
اولی اجنحہ (اُوْلِیْ-اَجْ-نِحَہْ) پروں والے
یعنی فرشتے۔
اولیائے دولت (اَوْلِیَا-اِ-دَوْ-لَتْ) امیر لوگ،
صاحبان دولت۔
اولیت (اَوْ-وَلِیْ-یَتْ) اول پن، بہتری، فوقیت۔

اولین (اَوْ-وَ-لِیْنْ) سب سے اول۔
اوہ (اَوْہْ) ہائے ہائے، ہچکی ہچکی۔
اوہام (اَوْ-ہَامْ) وہم کی جمع۔
اہاب (اِہَابْ) کچا چمڑا، نری جمع اُہُبْ، اَہَبَہْ
اہالی (اَہَا-لِیْ) اہل کی جمع۔
اہانت (اِہَا-نَتْ) توہین، ذلیل کرنا۔
اہبت (اُہْ-بَتْ) گھوڑے کا سامان۔
اہتدا (اِہْ-تِدَا) راہ راست پانا۔
اہتزاز (اِہْ-تِزَازْ) جھومنا، ہلنا۔
اہتضام (اِہْ-تِضَامْ) ستم کرنا، کسی کا حق گھٹانا۔
اہتکاک (اِہْ-تِکَاکْ) ہتک کرنا۔
اہتمام (اِہْ-تِمَامْ) کوشش کرنا، توجہ کرنا۔
اہتیال (اِہْ-تِیَالْ) ڈرنا۔
اہجار (اِہْ-جَارْ) فحش بکنا۔
اہدا (اِہْ-دَا) تحفہ یا سوغات بھیجنا۔
اہدار (اِہْ-دَارْ) خون مباح کرنا۔
اہدام (اِہْ-دَامْ) ہدم کی جمع۔
اہدب (اَہْ-دَبْ) جس کی پلکیں لمبی ہوں۔
اہذار (اِہْ-ذَارْ) بہت کہنا۔
اہذاق (اِہْ-ذَاقْ) بہت ہنسنا۔
اہرام (اِہْ-رَامْ) بہت بڈھا ہونا (اَہْ-رَامْ)
ہرم کی جمع۔
اہرم (اَہْ-رَمْ) شیطان، سانپ کا پھن۔
اہرمن (اَہْ-رَمَنْ) آتش پرستوں کا برائی کا خدا۔
اہضم (اَہْ-ضَمْ) جسکی کمر پتلی ہو۔
اہل (اَہْل) مالک، سزاوار، لائق، منکوحہ،
خاندان جمع اَہَالِی جمع الجمع اَہَالِی، اَہْلُوْن۔
اہلا (اَہْ-لَا) سزاوار۔
اہلاس (اِہْ-لَاسْ) سست ہونا۔
اہلاک (اِہْ-لَاکْ) ہلاک ہونا۔
اہلال (اِہْ-لَالْ) نیا چاند دیکھنا۔

اہل اللہ (اَہْ۔ لُل۔ لَاہْ) اللہ والے۔
اہلکار (اَہْ۔ لِ۔ کَارْ) افرادِ حکومت۔
اہل مجارہ (اَہْ۔ لِ۔ مُجَارْ) ملک ہنگری والے۔
اہلہ (اَہِلْ۔ لَہْ) ہلال کی جمع۔
اہلی (اَہْ۔ لِیْ) پالتو جانور، گھریلو جانور۔
اہلیت (اَہْ۔ لِیْ۔ یَتْ) لیاقت، استعداد۔
اہلیلج اسود (اِہْ۔ لِیْ۔ لَجِ۔ اَسْ۔ وَدْ) زنگی ہڑا ہلیلہ سیاہ۔
اہلیہ (اَہْ۔ لِیَہْ) گھر والی، بیوی۔
اہم (اَہَمّ) نہایت ضروری، بہت مشکل۔
اہمال (اِہْ۔ مَالْ) چوک، چوکنا، چھوڑ دینا۔
اہمام (اِہْ۔ مَامْ) غمگین کرنا، بے آرام کرنا۔
اہوا (اِہْ۔ وَا) قصد کرنا، اشارہ کرنا (اَہْ۔ وَا) ہوا کی جمع۔
اہوال (اَہْ۔ وَالْ) ہول کی جمع۔
اہوج (اَہْ۔ وَجْ) احمق، نادان۔
اہون (اَہْ۔ وَنْ) نہایت آسان، دوشنبہ، سوموار
اہویہ (اَہْ۔ وِیَہْ) ہوا کی جمع۔
ائمہ (اَاِمْ۔ مَہْ) امام کی جمع۔
ای (اَیْ) حرفِ ندا، کلمۂ مخاطبت، یعنی۔
ایا (اَیَا) حرفِ ندا، حرفِ شک، کلمۂ افسوس، کلمۂ استفہام۔
ایاب (اِیَابْ) بازگشت، واپسی
ایادی (اَیَا۔ دِیْ) ید کی جمع۔
ایارجہ (اِیَا۔ رَجَہْ) مسہل کی ایک معجون جمع ایارج جمع الجمع ایارجات۔
ایاس (اِیَاسْ) ناامید ہونا۔
ایاغ، ایاق (اَیَاغْ، اَیَاقْ) پیالہ۔
ایال (اَیَالْ) جانور کی گردن کے لمبے بال، گردن
ایالت (اِیَا۔ لَتْ) ولایت، سرداری، نگرانی رکھنا۔
ایام (اَیّ۔ یَامْ) یوم کی جمع۔
ایامی (اَیَا۔ مَا) ایم کی جمع۔
ایان (اِیْ۔ یَانْ) ہنگام، وقت، ہر چیز کا اول۔
ایبا (اِیْ۔ بَا) اشارہ، ایما۔
ایباس (اِیْ۔ بَاسْ) سکھانا۔
ایبس (اَیْ۔ بَسْ) سوکھا کھنکڑ، خشک تر۔
ایبک (اِے۔ بَکْ) غلام، قاصد، معشوق۔
ایت (اِیْت) ا۔ کتا۔ ۲۔ گوشت۔
ایتار (اِیْ۔ تَارْ) نمازِ وتر پڑھنا۔
ایتاع (اِیْ۔ تَاعْ) پھل کا پکنا۔
ایتام (اَیْ۔ تَامْ) یتیم کی جمع۔
ایتان (اِیْ۔ تَانْ) آنا۔
ایتلاف (اِیْ۔ تِلَافْ) میل جول، ملنا جلنا۔
ایتلاق (اِیْ۔ تِلَاقْ) چمکنا، روشن ہونا۔
ایتمان (اِیْ۔ تِمَانْ) امین بنانا۔
ایتناف (اِیْ۔ تِنَافْ) از سرِ نو کرنا۔
ایثار (اِیْ۔ ثَارْ) بزرگی، برگزیدہ ہونا، اپنے سے دوسرے کا فائدہ مقدم جاننا۔
ایثاق (اِیْ۔ ثَاقْ) کرانا، مضبوط کرنا۔
ایجاب (اِیْ۔ جَابْ) لازم کرنا، مقرر کرانا، واجب کرنا۔
ایجاد (اِیْ۔ جَادْ) وجود میں لانا، پیدا کرنا۔
ایجادِ بندہ (اِیْ۔ جَادِ۔ بَنْ۔ دَہْ) من گھڑت، خود ایجاد۔
ایجار (اِیْ۔ جَارْ) کرایہ پر دینا۔
ایجاز (اِیْ۔ جَازْ) مضمون چھوٹا کرنا۔
ایجاس (اِیْ۔ جَاسْ) دل میں لانا۔
ایجال (اِیْ۔ جَالْ) ڈرانا۔
ایچ (اِیچْ) دیکھو پیچ
ایخاش (اِیْ۔ خَاشْ) خراب ہونا۔
ایداع (اِیْ۔ دَاعْ) امانت رکھانا یا رکھنا۔
ایدر (اِیْ۔ دَرْ) اس جگہ، اب، ادھر۔

ایدون (اِ یٔ - دُون) اِس وقت، اس طرح، اس جگہ (اَیٔ - دُوْن) اب -
ایذا (اِ یٔ - ذاء) تکلیف، دُکھ دینا -
ایذان (اِ یٔ - ذَانْ) آگاہ کرنا -
ایر (اَیْر) مرد کا عضوِ تناسل (اِیْر) پتّی کی بیماری
ایراث (اِ یٔ - رَاثْ) ترکہ پہونچانا، باقی چیز دینا -
ایراد (اِ یٔ - رَادْ) آمدنی، وارد کرنا، لانا -
ایراس (اِ یٔ - رَاسْ) پیڑ کے پتے پیلے پڑجانا -
ایراق (اِ یٔ - رَاقْ) کونپلیں پھوٹنا، ہرِیانا -
ایران (اِ یٔ - رَانْ) ملکِ فارس، پرشیا -
ایرانی (اِ یٔ - رَا - نِیْ) ایران سے منسوب، ایران کا باشندہ -
ایرسا (اِیْر - سَا) دھنک، قوسِ قزح، سوسن کی جڑ
ایرمان (اِیْر - مَانْ) کسی کا طفیلی، حسرت، ندامت، عاریت -
ایزاد (اِ یٔ - زَادْ) زیادہ کرنا -
ایزادی (اِ یٔ - زَا - دِیْ) ایزاد سے منسوب -
ایزد (اِ ے - زَدْ) نام اللہ تعالے -
ایزدی (اِ ے - زَ - دِیْ) ایزد سے منسوب -
ایس (اَیْس) ناامیدی -
ایسار (اِ یٔ - سَارْ) اسیر ہونا -
ایستادگی (اِیْس - تَا - دَ - گِیْ) دیکھو استادگی -
ایستادن (اِیْس - تَا - دَنْ) دیکھو استادن صفحہ ایستدن -
ایستادنی (اِیْس - تَا - دَ - نِیْ) دیکھو استادنی -
ایستادہ (اِیْس - تَا - دَہْ) دیکھو استادہ -
ایستندہ (اِیْس - تَنْ - دَہْ) دیکھو استندہ -
ایسر (اَیْ - سَرْ) بائیں جانب، بہت آسان -
ایش (اَیْش) جاسوس -
ایشاع (اِ یٔ - شَاعْ) درخت کا پانا، پھیلنا -
ایشاں (اِ ے - شَاں) یہ لوگ -

ایصا (اِ یٔ - صَاء) وصیت کرنا، نصیحت کرنا -
ایصاد (اِ یٔ - صَادْ) پردہ ڈالنا -
ایصال (اِ یٔ - صَالْ) پہونچانا -
ایضاً (اَیْ - ضَنْ) پھر، وہی، بھی -
ایضاح (اِ یٔ - ضَاحْ) روشن کرنا، ظاہر کرنا -
ایضاف (اِ یٔ - ضَافْ) سخت کرنا -
ایطا (اِ یٔ - طَاء) روندنا، قافیہ کی تکرار کرنا -
ایطالیہ (اِ یٔ - طَا - لِیَہْ) دیکھو اطالیہ -
ایطان (اِ یٔ - طَانْ) وطن بنانا، وطن اختیار کرنا -
ایعاد (اِ یٔ - عَادْ) وعدہ کرنا، ڈرنا، ڈرانا -
ایعاز (اِ یٔ - عَازْ) اشارہ کرنا، حکم دینا -
ایغار (اِ یٔ - غَارْ) گرم کرنا، کھولانا، اُوٹانا -
ایفا (اِ یٔ - فَاء) پورا کرنا، وفا کرنا، بھر دینا -
ایفاع (اِ یٔ - فَاعْ) لڑکا بالغ ہونا -
ایفاغ (اِ یٔ - فَاغْ) چغلخور، ؟، نکھٹا ہوا، دہقانی، شوخ -
ایفال (اِ یٔ - فَالْ) بیماری سے اچھا ہونا، جلدی جانا -
ایقاد (اِ یٔ - قَادْ) چراغ جلانا -
ایقاص (اِ یٔ - قَاصْ) جڑ سے اکھڑا ہوا ہونا -
ایقاظ (اِ یٔ - قَاظْ) جگانا (اَیْ - قَاظْ) یقظ کی جمع -
ایقاع (اِ یٔ - قَاعْ) واقع کرنا، جنگ میں ڈالنا -
ایقاف (اِ یٔ - قَافْ) معطل کرنا -
ایقان (اِ یٔ - قَانْ) یقین ہونا -
ایکال (اِ یٔ - کَالْ) کھلانا، سخن چینی کرنا -
ایکہ (اَیْ - کَہْ) بن، جھاڑ، جھنڈ، جھاڑی -
ایل (اَیْل) سال، برس، جبرائیل، حق تعالے (اِیْ - یَلْ) بارہ سنگھا (اِیْل) قوم، جماعت -
ایلاج (اِ یٔ - لَاجْ) گھسانا، گھسیڑنا -

ایلاد (اِی۔ لَادْ) جننا۔
ایلاف (اِیْ۔ لَافْ) عادی ہونا، بیزار ہونا۔
ایلاق (اِیْ۔ لَاقْ) دیکھو ییلاق۔
ایلام (اِیْ۔ لَامْ) ہمدردی کرنا، دردمند کرنا۔
ایلچی (اِیْل۔ چِی) قاصد، تابعدار۔
ایلخ، ایلخہ، ایلخی (اِ لَخْ، اِلْ۔ خَہ۔ اِلْ۔ خِیْ) گھوڑوں کا گلہ۔
ایلغار (اِلْ۔ غَارْ) دیکھو یلغار۔
ایلیا (اِیْ۔ لِیَا) بے حد سچا۔
ایم (اَ یَّ ۔ یَمْ) بے بیوی والا، بے شوہر والی جمع اَیَامٰی۔ اَیَامِیُّ سفید سانپ (اَیْمْ) بے بیوی ہونا، بے شوہر ہونا۔
ایماء (اِیْ۔ مَاءْ) اشارہ، اشارہ کرنا۔
ایمان (اِیْ۔ مَانْ) یقین، دیانت، بے خوفی، امان دینا (اَ یْ۔ مَانْ) یمین کی جمع۔
ایمن (اَیْ۔ مَنْ) ۱۔ دائیں جانب، سوگند، ۲۔ بڑا مبارک جمع اَیَامِنْ (اِ ے۔ مِنْ) آمِنْ کا اِمالہ، نڈر (اے مَنْ) آمَنْ کا امالہ، بڑا نڈر۔
ایمنی (اِ ے۔ مِنِیْ) بے خوفی۔
این (اِیْن) یہ (اَیْن) کہاں۔
اینان (اِیْ۔ نَاں) یہ لوگ۔
اینت (اِیْ ۔ نْت) کلمۂ تحسین اور تعجب، واہ وا۔
اینرا (اِیْ۔ رَا) اِسکے لئے، اِس کے تئیں۔
اینست (اِیْ۔ نَسْ۔ ت) یہ ہے۔
اینک (اِیْ۔ نَکْ) یہ کہ، اب
ایواد (اِیْ۔ وَا) بسانا، آباد کرنا۔
ایوان (اَیْ۔ وَانْ) محل، دیوان
اینہاں (اِیْ۔ ہَاں) یہ لوگ۔
ایہام (اِیْ۔ ہَامْ) دو چیزوں میں دور کی چیز کی طرف اشارہ، غلطی میں ڈالنا۔

ب

ب (بَا، بے) قائم مقام عدد ۲، حرف تنزیہی، ساتھ، سے، بیچ اوپر، تک، موافق، سبب، قسم، واسطے، فارسی میں متعدد حروف کیساتھ بدل ہی علی الخصوص ۔۱۔ پ کے ساتھ مثلاً تب، تپ، ۲۔ ر کے ساتھ مثلاً بالان، دالان۔ ۳۔ ف کے ساتھ مثلاً زبان، زفان ۴۔ م کے ساتھ مثلاً غژب، غژم۔ ۵۔ و کے ساتھ مثلاً گرمابہ، گرماوہ۔ ۶۔ ہ کے ساتھ مثلاً کوہہ، کوبہ۔
با (بَا) ساتھ، باوجود، سامنے۔
باب (بَابْ) فصل کتاب، پھاٹک، دروازہ، مطلب، مد، سبب، بابت جمع اَبْوَابْ، اَبْوِبَۃْ، بِیْبَانْ۔
بابا (بَا۔ بَا) باپ، دادا، نانا، سردار، چٹی داڑھی والا، بچہ۔
باب السماء (بَا۔ بُسْ۔ سَمَاء) کہکشان۔
بابت (بَا۔ بَتْ) لئے، واسطے۔
بابزن (بَابْ۔ زَنْ) کباب سینکنے کی سیخ۔
بابک (بَا۔ بَکْ) مضبوط قاعدہ قانون۔
بابکانہ (بَا۔ بَکَا۔ نَہْ) دریچی۔ کھڑکی۔
بابل (بَا۔ بِلْ) ایک قدیم ویران شہر د عراق،
بابو (بَا۔ بُوْ) بھائی۔
بابونج (بَا۔ بُوْنَجْ) سلیپر۔
بابور (بَا۔ بُوْرْ) جہاز، اسٹیمر جمع بَوَابِیْر۔
بابور البر (بَا۔ بُوْ۔ رُلْ۔ بَرْ) ٹرین، ریل گاڑی۔
بابونج یا بابونہ (بَا۔ بُوْ۔ نَجْ، بَابُوْ نَہْ) ایک جنگلی بوٹی۔
بات (بَاتْ) دیکھو باد۔
باتس یا باتو (بَا۔ تَسْ، بَا۔ تُوْ) ترنج۔
باج (بَاجْ) خراج، محصول، لگان، باز۔
باجگزار (بَاجْ۔ گُزَارْ) محصول دہندہ۔

باجگیر (باج۔گیر) محصول لینے والا۔
باجی (با۔جی) آپا، بہن۔ ۲۔ باجگزار
باحث (با۔حِث) بحث کرنے والا، کھود بینے والا۔
باحور (با۔حُور) گرمیوں کے شباب کا ہفتہ۔
باخبر (با۔خَبَر) خبردار، جانکار۔
باخبری (با۔خَبَری) خبرداری۔
باختر (باخ۔تَر) پورب، سورج، علاقہ خراسان۔
باختن (باخ۔تَن) کھیلنا، ہارنا مضع بازو۔
باختنی (باخ۔تَنی) کھیلنے کے قابل۔
باختہ (باخ۔تہ) ہارا ہوا، کھیلا ہوا۔
باخرہ (با۔خَرہ) اسٹیمر، دخانی جہاز۔
باخل (با۔خِل) کنجوس جمع بخلا
باخہ (با۔خہ) کچھوا۔
باد (باد) جھولا، ہوجیو، ہوا۔
باد افراہ (باد۔اَف۔راہ) دیکھو باد فراہ۔
بادام (با۔دام) میوہ مشہور، تشبیہ آنکھ، تکمہ، حلقہ۔
بادامی (با۔دا۔می) منسوب بہ بادام۔
بادبان (باد۔بان) جہاز کی پال۔
بادبانی (باد۔با۔نی) بادبان سے نسبت رکھنی والا۔
بادبروت (باد۔بَروت) مغرور آدمی (باد۔بُرُوت) مروانہ گھمنڈ۔
بادبریں (باد۔بَریں) شمالی مشرقی ہوا، پروا ہوا۔
بادبیزن (باد۔بے۔زَن) پنکھا، فرشی پنکھا۔
بادپا (باد۔پا) تیز رفتار، تیز گھوڑا۔
بادپائی (باد۔پا۔ای) تیز رفتاری۔
بادپراں (باد۔پَر۔راں) ہوا باندھنے والا۔
بادپروا (باد۔پَر۔وا) ہوا دار کھڑکی یا موکھا۔
بادپیچ (باد۔پیچ) جھولا، جھول۔
بادپیما (باد۔پَی۔ما) تیز رفتار، سیاح، ہوا بند، فضول گو، جنگل کی ہوا کھانے والا۔

بادپیمائی (باد۔پَی۔ما۔ای) ہوا خوری، سیاحی، ہوا بندی، جنگل کی ہوا کھانا۔
بادپیمودن (باد۔پَی۔مُو۔دَن) بے فائدہ کام کرنا۔
بادخانیہ (باد۔خا۔نیہ) مرض خنق
بادخوان (باد۔خَوان) لاف زن، خوشامدی۔
باددبور (باد۔دَبُور) جنوبی و مغربی ہوا، پچھوا ہوا۔
بادِدست (باد۔دَس۔ت) فضول خرچ، کنگال۔
باددستی (باد۔دَس۔تی) فضول خرچی، مفلسی، چترائی۔
بادر (با۔دِر) دوڑنے والا، چالاک۔
بادرنجبویہ (باد۔رَن۔ج۔بُو۔یہ) بلی لوٹن، نام دوا
بادرنگ (باد۔رَنگ) ککڑی کی ایک قسم۔
بادریسہ (باد۔ری۔سہ) دمرکہ، فلکہ۔
بادریش (باد۔ریش) غرور، گھمنڈ۔
بادزن (باد۔زَن) پنکھا۔
بادژفام، بادژوام (با۔دِژ۔فام، با۔دِژ۔وام) دیکھو بادشکام، بادشغام، بادشنام۔
بادسار (باد۔سار) بے وقار، بے تمکین۔
بادسر (باد۔سَر) مغرور، صاحب نخوت۔
بادسرخ (باد۔سُرخ) سُرخ بادہ۔
بادسنج (باد۔سَن۔ج) لالچی، فضول کام کرنیوالا۔
بادسوار (باد۔سَوار) چھت کا پنکھا۔
بادشاہانہ (باد۔شا۔ہا۔نہ) بادشاہ ہونے کے لائق۔
بادشغام، بادشکام، بادشنام، بادشوام (با۔دِش۔غام، با۔دِش۔کام، با۔دِش۔نام، با۔دِش۔وام) بدن کی سیاہی مائل سرخی جو کوڑھ کا مقدمہ ہے۔
بادشرط (باد۔شُرط) موافق ہوا، باد مراد۔
بادصبا (باد۔صَبا) پروا ہوا، باد بریں۔
بادعیسی (باد۔عی۔سا) دیکھو باد مسیح۔

بادغر (بادْ۔غَر) فرشی پنکھا۔
بادفر (بادْ۔فَر) پھرکی، پھرکنی۔
بادفراہ (با۔دَفْ۔رَاہْ) گناہ کی سزا، بدی کا بدلہ۔
بادفرنگ (با۔دِ۔فِرَنگْ) ایک سخت مرض آتشک۔
بادفروش (بادْ۔فَرُوشْ) خوشامدی، بھاٹ۔
بادفروشی (بادْ۔فَرُو۔شِی) خوشامد، بھٹئی۔
بادکش (بادْ۔کَشْ) پنکھا، دھونکنی، سینگی۔
بادکوبہ (بادْ۔کُو۔بَہْ) دیکھو باکو۔
بادگرد (بادْ۔گَرْدْ) بگولا۔
بادگیر (بادْ۔گِیرْ) ہوادار کھڑکی۔
بادگیسو (بادْ۔گِی۔سُو) زنانہ گھمنڈ۔
بادپیچ (بادْ۔پِیچْ) توپ، مدفعہ۔
بادمخالف (بادِ۔مُخَا۔لِفْ) مخالف ہوا۔
بادمراد (با۔دِ۔مُرَادْ) موافق ہوا، بادِشرط۔
بادمسیح (با۔دِ۔مَسِیحْ) حضرت عیسیٰ کا سانس
جس سے مردے زندہ ہو جاتے تھے۔
بادمشرق (بادِ۔مَشْ۔رِقْ) پروا ہوا۔
بادمہرہ (بادْ۔مُہْ۔رَہْ) زہرمہرہ، سانپ کا مَن۔
بادنجان (با۔دَنْ۔جَانْ) بینگن۔
بادہ (با۔دَہْ) شراب، مدھ۔
بادہ پیما (با۔دَہْ۔پَیْ۔مَا) شرابخوار۔
بادہ پیمائی (با۔دَہْ۔پَیْ۔مَا۔اِی) شرابخواری۔
بادہ کش (با۔دَہْ۔کَشْ) شرابخوار، شرابی۔
بادہ کشی (با۔دَہْ۔کَشِی) شرابخواری۔
بادی (با۔دِی) ا۔ منسوب بطرف باد، ہوائی، شروع
کرنے والا، ظاہر جمع بادات۔
بادی النظر (با۔دِیَنْ۔نَظَرْ) نگاہ ظاہر، پہلی نظر۔
بادیان (بادْ۔یَانْ) سونف۔
بادیج (با۔دِیجْ) پچان، انگور کی ٹٹی۔
بادیہ (با۔دِیَہْ) جنگل، صحرا جمع بوادی
بڑا پیالہ

بادیہ پیما (با۔دِیَہْ۔پَیْ۔مَا) جنگل میں پھرنے والا۔
بادیہ پیمائی (با۔دِیَہْ۔پَیْ۔مَا۔اِی) جنگل میں پھرنا
بادیہ نشین (با۔دِیَہْ۔نَشِینْ) جنگلی، جنگل میں
رہنے والا۔
بادیہ نشینی (با۔دِیَہْ۔نَشِی۔نِی) جنگل میں رہنا۔
باذل (با۔ذِلْ) سخی، بخشنے والا جمع بذل۔
بار (بارْ) خدا کا نام، باری، دیر، بوجھ، وقت،
بزرگی، گرانی، انبار، حضوری، نصیب، رخصت
دخل، جڑ، پھل، حمل عورتوں کا، آمیزش، طولی،
کلمہ کثرت، برسنے والا، برسانے والا (باَر) نیکو
کار جمع بررہ، ابرار۔
بارالہا (با۔رِ۔اِلَا۔ہا) خدائے بزرگ۔
باراں (با۔رَاں) مینھ، برسات، برستا ہوا،
برساتا ہوا، برسنے والا۔
باران بار (با۔رَانْ۔بَارْ) بارش کا ملک۔
بارانداز (بارْ۔اَنْ۔دَازْ) پشتہ، فردکش
ہونے والا۔
باراں گریز (با۔رَاں۔گُرِیزْ) چھجہ، سائبان۔
بارانی (با۔رَا۔نِی) بارشی، برساتی، مینھ سے
محفوظ رکھنے والا لباس۔
بار بار (بارْ۔بَارْ) لگاتار، متواتر۔
باربردار (بارْ۔بَرْ۔دَارْ) بوجھ اٹھانے والا۔
باربرداری (بارْ۔بَرْ۔دَا۔رِی) بوجھ اٹھانا،
لادنے کا سروسامان۔
باربگ (بارْ۔بَگْ) سفیر شاہی، عرض بیگی۔
بارجہ (بارْ۔جَہْ) جنگی کشتی جمع بوارج۔
بارحہ (با۔رِحَہْ) گذری ہوئی رات۔
بارخاطر (بارِ۔خَا۔طِرْ) طبیعت کا بوجھ۔
بارخانہ (بارْ۔خَانَہْ) گودام، کرکھی خانہ۔
بارخدا (بارِ۔خُدَا) خدائے بزرگ، اللہ پاک۔
بارد (با۔رِدْ) ٹھنڈا، بے مزہ، جمع بوارد۔

باردان (بار-دان) برتن، خرجی، ظرف -
بارز (با-رز) آشکارا، ظاہر -
بارش (با-رش) مینہ، برسات -
باردار (بار-دار) حاملہ، لدا پھندا، پھلدار -
بارعام (بارِ-عام) دربارِ عام -
بارفروش (بار-فروش) تھوک فروش -
بارفروشی (بار-فرو-شی) تھوک فروشی
بارق (با-رق) چمکنے والا، روشن -
بارقہ (با-رقہ) بجلی، چمک، تلوار جو کو ارق
بارک (با-رک) دیکھو باریک -
بارکش (بار-کش) بوجھ لیجانے والا، لدّو -
بارکشی (بار-کشی) بوجھ لیجانا -
بارگاہ، بارگہ (بار-گاہ، بار-گہ) شاہی محل، کچہری -
بارگی (بار-گی) گھوڑا -
بارگیر (بار-گیر) گھوڑے پر سواری کا نوکر -
بارگیری (بار-گی-ری) گھوڑے پر سواری کی نوکری -
بارندہ (با-رن-دہ) برسنے والا، برسانیوالا -
بارو (با-رو) قلعہ کی دیوار -
باروت، بارود (با-روت، با-رود) ایک آتشی سفوف، شورہ
باوَر (بار-ور) پھلوں سے لدا پھندا -
بارہ (با-رہ) ۱- ایک بار، مضمون، بابت، حق، شان، قاعدہ، دست - ۲- دیکھو بارہ - (با-رہ) نقصان
بارہا (بار-ہا) اکثر، بہت سی بار -
باری (با-ری) ۱- پیدا کرنے والا، خدا - ۲- نوبت، ایکدفعہ -
بارے (با-رے) ایک دفعہ، ایک بار -
باریاب (بار-یاب) حضوری پانے والا -
باریابی (بار-یا-بی) بیٹھی، حضوری پانا -

باری تعالیٰ (با-ری-تعا-لا) خدائے برتر -
باریچہ (با-ری-چہ) ہینگ -
باریدن (با-ری-دن) برسنا، برسانا مصدر بارد -
باریدنی (با-ری-دنی) برسنے کے لائق -
باریدہ (با-ری-دہ) برسا ہوا، برسایا ہوا -
باریز (با-ریز) شہر پیرس (فرانس)
باریک (با-ریک) مہین، پتلا -
باریک بیں (با-ریک-بیں) باریکی سوچنے سمجھنے والا -
باریک بینی (با-ریک-بی-نی) باریک سوچنا، سمجھنا -
باریک رو (با-ریک-رو) کفایت شعار -
باریک روی (با-ریک-رو-ی) کفایت شعاری
باریکہ (با-ری-کہ) تنگ راستہ -
باریکی (با-ری-کی) مہین پن، پتلا پن -
باز (باز) ایک مادہ شکاری پرند جو آکو اڑا ہوا، شہزادے، دوہرانا، تکرار، پھر کھیلنے والا، ہارنے والا، کشادہ، جدا، گذرگاہ، باج، خراج، شراب -
بازپرس (باز-پرس) تحقیقات، پوچھ گچھ -
بازخواست (باز-خواست) طلب التماس، مواخذہ، پھر مانگنا -
بازخواہ (باز-خواہ) پھر طلب کرنے والا -
بازخواہی (باز-خوا-ہی) پھر طلب کرنا -
بازار (با-زار) کاروبار تجارت کی جگہ، ہفتہ میلہ، رونق، رواج، معاملہ -
بازار عام، بازار شہودی (با-زارِ-عام، با-زارِ-شہو-دی) میلہ، ہفتہ -
بازارگان (با-زار-گان) سوداگر، بیوپاری
بازارگانی (با-زار-گا-نی) بیوپار، سوداگری -

بازاری (با۔زا۔ری) عامیانہ، منسوب بہ بازار۔
بازدید (باز۔دید) جوابی ملاقات۔
بازرگاں (با۔زر۔گاں) دیکھو بازارگاں۔
بازرگانی (با۔زر۔گا۔نی) دیکھو بازارگانی۔
بازرنگ (باز۔رنگ) انگیا، شاماکچھ۔
بازرغ (با۔زرغ) روشن، چمکتا ہوا، طلوع کرنیوالا۔
بازکردن (باز۔کر۔دن) جدا کرنا، کھولنا۔
بازکردہ (باز۔کر۔دہ) جدا کیا ہوا، کھولا ہوا۔
بازگشت (باز۔گش۔ت) واپسی، لوٹنا۔
بازگو (باز۔گو) دوبارہ بیان کرنے والا۔
بازگوئی (باز۔گو۔ئی) دوبارہ بیان کرنا۔
بازگونہ (باز۔گو۔نہ) دیکھو واژگونہ۔
بازندگی (با۔زن۔دگی) حیلہ سازی۔
بازندہ (با۔زن۔دہ) کھیلنے والا، کھلاڑی۔
بازو (با۔زو) ہاتھ، پر، قوت، استعداد۔
بازوشکن (با۔زو۔شکن) زورآور۔
بازوشکنی (با۔زو۔شکنی) زور، طاقت۔
بازی (با۔زی) کھیل، فریب (با۔زی)؛ باز جمع ابوازہ۔
بازیاب (باز۔یاب) پھر پانے والا۔
بازیابی (باز۔یا۔بی) پھر پانا۔
بازیافت (باز۔یاف۔ت) خرید، واپسی۔
بازیافتن (باز۔یاف۔تن) پھر پانا۔
بازیافتنی (باز۔یاف۔تنی) پھر پائے جانے کے لائق۔
بازیچہ (با۔زی۔چہ) کھلونا۔
بازی خوردن (با۔زی۔خر۔دن) فریب کھانا۔
بازیدن (با۔زی۔دن) دیکھو باختن۔
بازیگاہ (با۔زی۔گاہ) کھیلنے کی جگہ۔
بازی گوش (با۔زی۔گوش) کھلاڑ، شریر۔
باژگونہ (باژ۔گو۔نہ) دیکھو واژگونہ۔
باس (باس) دکھ، رنج، خوف۔

باستان (باس۔تان) پرانا، گذشتہ، قدیم، تواریخ۔
باستانی (باس۔تا۔نی) قدیمی، منسوب بہ باستان۔
باسرم، باسرہ (با۔سرم، با۔سرہ) کھیتی کی زمین۔
باسط (با۔سط) فراخی دینے والا، بچھانے والا۔
باسق (با۔سق) لمبا، بھبھکنے والا۔
باسک (با۔سک) جماہی۔
باسگونہ (باس۔گو۔نہ) بخشش، واژگونہ۔
باسل (با۔سل) دلیر، بہادر۔
باسلیق (با۔سلیق) ہاتھ کی ایک رگ۔
باسم (با۔سم) مسکرانے والا۔
باسور (با۔سور) گوشت جو مقعد یا ناک میں بڑھ جاتا ہے جمع بواسیر۔
باش (باش) ۱۔ رہائش، سکونت، رہ، ٹھہر جا، شنو، رہنے والا، ہونیوالا۔ ۲۔ سردار، ہیڈ۔
باشا (با۔شا) دیکھو پاشا۔
باشام (با۔شام) پردہ، اوڑھنا۔
باشد (با۔شد) ہووے، ہے، شاید۔
باشق (با۔شق) باشہ۔
باشگونہ (باش۔گو۔نہ) دیکھو واژگونہ۔
باشندہ (با۔شن۔دہ) رہنے والا۔
باشہ (با۔شہ) ایک شکاری پرند۔
باشی (با۔شی) سردار، سر
باشیدن (با۔شی۔دن) رہنا، بسنا۔
باشیدہ (با۔شی۔دہ) رہا ہوا، بسا ہوا۔
باصر (با۔صر) دیکھنے والا۔
باصرہ (با۔صرہ) دیکھنے کی قوت۔
باصلہ (ب۔اص۔لہ) اپنی اصل کے ساتھ۔
باطش (با۔طش) سختی کرنیوالا، حملہ کرنیوالا۔
باطل (با۔طل) ناچیز، ناحق، شیطان جمع اباطیل۔

باطن (با-طِن) اندرون، دل جمع بَواطِن۔
باطنی (با-طِنی) اندرونی، دلی۔
باطنیہ (با-طِنی-یَہ) منسوب بہ باطن، ایک قدیم سیاسی فرقہ جس کا بانی حسن بن صباح تھا۔
باعث (با-عِث) وجہ، سبب جمع بَواعِث۔
باغ (باغ) پیڑوں کا جھرمٹ، چمن، گلشن جمع باغان، باغات۔
باغ باغ (باغ-باغ) نہایت خوش وخرم۔
باغبان (باغ-بان) مالی، باپ، مربی۔
باغبانی (باغ-با-نی) مالی کا کام۔
باغچہ (باغ-چَہ) بغیچہ، چھوٹا باغ۔
باغرہ (با-غَرَہ) اوبلا، گلٹی، گومڑا۔
باغستان (با-غِس-تان) باغوں کا جھرمٹ۔
باغ وحش (باغ-وَح-ش) چڑیا خانہ۔
باغندہ (با-غُن-دَہ) روئی کا گالہ۔
باغی (با-غی) نافرمان، حکومت سے پھرا ہوا۔ جمع بُغات۔
باف (باف) بننے والا۔
بافت (باف-ت) بنائی، بناوٹ۔
بافتن (باف-تَن) بننا مصدر بافندہ۔
بافتنی (باف-تَنی) بننے کے لائق۔
بافتہ (باف-تَہ) بنا ہوا۔
بافکار (باف-کار) جولاہا، بننے والا۔
بافکاری (باف-کا-ری) بننے کا کام۔
بافندگی (با-فَن-دَگی) بنائی کا کام، بنائی۔
بافندہ (با-فَن-دَہ) بننے والا۔
بافیدن (با-فی-دَن) دیکھو بافتن۔
باقر (با-قِر) بڑا عالم، بڑا مالدار، شیر درندہ۔
باقل (با-قِل) سبزی فروش، کنجڑا۔
باقیہ (با-قِیَہ) [illegible]
باقی (با-قی) بچا ہوا جمع بَواقی۔

باقی ماندہ (با-قی-ماں-دَہ) باقی بچا ہوا، باقی رہا ہوا۔
باقیات (با-قِیا-ت) باقی چیزیں۔
باک (باک) ڈر، خوف۔
باکرہ (با-کِرَہ) دوشیزہ، کنواری۔
باکو (با-کو) نام شہر (قفقاز)
باکورہ (با-کو-رَہ) نیا پھل جمع بکر۔
باکی (با-کی) رونے والا جمع بُکات۔
بال (بال) ۱۔ بازوئے انسان، بازوئے پرند۔ ۲۔ دل، جان، عیش، عظمت ۳۔ شہد۔
بالا (با-لا) اوپر، قد، اونچا، لمبا۔
بالابند (با-لا-بَن-د) لباس کا ایک حصہ۔
بالاپوش (با-لا-پوش) اوپر اوڑھنے کا کپڑا۔
بالاتفاق (بِل-اِت-تِفا-ق) اتفاق کے ساتھ
بالاچاق (با-لا-چا-ق) غالب، حاکم، بالا۔
بالاخانہ (با-لا-خا-نَہ) کوٹھا۔
بالادست (با-لا-دَس-ت) غالب، اعلیٰ۔
بالادستی (با-لا-دَس-تی) غلبہ۔
بالارادہ (بِل-اِرا-دَہ) ارادے کے ساتھ
بالازدن (با-لا-زَدَن) دے پٹکنا۔
بالاستقلال (بِل-اِس-تِق-لال) استقلال کیساتھ
بالالتزام (بِل-اِل-تِزام) التزام کے ساتھ
بالان (با-لان) دیکھو والان۔
بالانشین (با-لا-نَشین) بہتر، میر مجلس۔
بالانشینی (با-لا-نَشی-نی) بہتری، میر مجلسی۔
بالانیدن (با-لا-نی-دَن) حرکت دینا، ہلانا۔
بالاوپست (با-لا-او-پَس-ت) اونچا نیچا۔
بالائی (با-لا-ئی) اوپری، بلندی والا یا والی، دودھ کی ملائی۔
بال تذرو (بال-تَذَر-و) بادل کا ٹکڑا۔
بالجھلگی (بال-جھَل-گی) تھوک فروشی۔

بالجملہ (بِل-جُم-لَہ) حاصل کلام، مختصر یہ کہ۔
بالخصوص (بِل-خُصُوص) خاصکر، خصوص کیساتھ
بالست (بَا-لِس-ت) کنواری۔
بالش (بَا-لِش) تکیہ۔
بالشت (بَا-لِش-ت) کھلے ہاتھ کی چوڑائی، تکیہ۔
بالشتک (بَا-لِش-تَک) آلپین اڑسنے کا گدا۔
بالضرور (بِض-ضَرور) ناچار۔
بالضرورت (بِض-ضَرو-رَت) ضرورت کے باعث
بالعکس (بِل-عَکس) برخلاف، اُلٹا۔
بالعموم (بِل-عُمُوم) عام طور پر۔
بالغ (بَا-لِغ) پورا جوان ہونے والا، کامل، اچھا، خوب جمع بلغہ (بَا-لِغَہ) پیمانۂ شراب۔
بالغہ (بَا-لِغَہ) کامل، پوری جوان۔
بالفرض (بِل-فَرض) ساتھ فرض کر لینے کے۔
بالفعل (بِل-فِع-ل) اب، اس وقت۔
بالکل (بِل-کُل) تمام، قطعی، سب۔
بالکلیہ (بِل-کُل-لِی-یَہ) دیکھو بالکل۔
باللہ (بِل-لاہ) اللہ کی قسم۔
بالمرہ (بِل-مَر-رَہ) یکبارگی۔
بالمشافہہ (بِل-مُشا-فَہہ) آمنے سامنے، روبرو۔
بالمقطع (بِل-مُق-طَع) کاٹ چھانٹ کے ساتھ۔
بالمواجہہ (بِل-مُوا-جَہہ) روبرو، آمنے سامنے۔
بالندہ (بَا-لِن-دَہ) بڑھنے والا، بڑھانے والا۔
بالو (بَا-لُو) محفل رقص و سرود۔
بالودن (بَا-لُو-دَن) بڑھنا۔
بالوس (بَا-لُوس) ناقص کافور۔
بالوعہ (بَا-لُو-عَہ) کنڈسی، چہ بچہ۔
بالون (بَا-لُون) غبارہ۔
بالی (بَا-لِی) منسوب بہ بال۔ ۲۔ دیکھو بالیہ۔
بالیدگی (بَا-لِی-دَگی) بڑھوار، بڑھاؤ۔
بالیدن (بَا-لِی-دَن) بڑھنا، بڑھانا مضع بالد

بالیدنی (بَا-لِی-دَنی) بڑھنے کے لایق۔
بالیدہ (بَا-لِی-دَہ) بڑھا ہوا۔
بالین (بَا-لِین) سرہانہ، تکیہ۔
بالین پرست (بَا-لِین-پَرَس-ت) اپاہج، احدی۔
بالیہ (بَا-لِیَہ) قدیم، پرانا۔
بام (بَام) چھت، صبح، قسم مچھلی، تام، رنگ۔
بام چشم (بَام-چَش-م) آنکھ کا پپوٹا۔
بامداد، بامدادان (بَام-دَاد، بَام-دَا-دَان) صبح۔
بام زد (بَام-زَد) صبح کی نوبت۔
بامزہ (بَا-مَزَہ) مزیدار۔
بامگاہ (بَام-گَاہ) صبح۔
بامہ (بَا-مَہ) لمبی داڑھی والا۔
بامیا (بَا-مِیَا) بھنڈی۔
بان (بَان) کلمۂ نسبت، رکھنے والا، رنگ، چھت۔ ۲۔ بید مشک، سہجنا کا پیڑ (پ آن) ساتھ اس کے۔
بانگ (بَانگ) آواز۔
بانو (بَا-نُو) بی بی، خاتون، بیگم۔
بانوا (بَا-نَوا) بے نیاز، جس میں آواز ہو۔
بانوائی (بَا-نَوا-ئی) بے نیازی، آواز والا ہونا۔
بانوج (بَا-نُوج) جھول، جھولا، پالنا۔
بانہ (بَا-نَہ) پیڑو، ناف سے نیچے بالوں کی جگہ۔
بانی (بَا-نِی) بنانے والا، بنا کرنے والا۔ جمع بُناۃ۔
بانی کار (بَا-نِی-کَار) کام میں ماہر۔
باو (بَ-او) ساتھ اس کے۔
باوجود (بَا-وُجُود) تس پر بھی
باوجودیکہ (بَا-وُجُو-دے-کِہ) کہ تس پر بھی۔
باور (بَا-وَر) یقین، اعتبار۔

باورچی (بَا-وَرْ-چِی) کھانا پکانے والا۔
باوصف (بَا-وَصْ-ف) باوجود۔
باویں (بَا-وِیں) کاتنے کی روئی کا بوتیا۔
باہ (بَاہ) قوتِ شہوت۔
باہت (بَاہَت) ایک روایتی سفید پتھر جس کو دیکھنے سے ناساختہ ہنسی آتی ہے۔
باہر (بَا-ہَر) روشن، ظاہر، کھلا ہوا۔
باہم (بَا-ہَم) آپس میں۔
باہمہ (بَا-ہَمَہ) سب کے ساتھ۔
باہمی (بَا-ہَمِی) منسوب بہ باہم۔
باہیت (بَا-ہِیَت) باہمی، مشابہ۔
باہض (بَا-ہِض) انڈا دینے والی مرغی۔
بائی حال (بَا-آئی-یِ-حَال) بہرحال۔
باید (بَا-یَد) چاہیئے۔
بائیس (بَا-یِیس) محتاج، فقیر۔
بایست (بَا-یِیس-ت) چاہیئے۔
بایستگی (بَا-یِیس-تَگِی) لائقی، بہتری
بایستن (بَا-یِیس-تَن) ضروری ہونا مضمون باید۔
بایستنی (بَا-یِیس-تَنِی) ضروری ہونے کے لائق
بایستہ (بَا-یِیس-تَہ) لائق، بہتر۔
بایع (بَا-یِع) بیچنے والا جمع باعۃ۔
بایل (بَا-یِل) پیشاب کرنے والا۔
باین (بَ-اِیں) اس کے ساتھ۔
بایں ہمہ (بَ-اِیں-ہَمَہ) اس سب کے ساتھ۔
ببر (بَبَر) ایال والا شیر جمع ببور (بُ-ب) چوپایہ۔
ببص (بَ-بَص) تنگی، سختی۔
ببغا (بَبْ-غَا) طوطی، طوطا۔
بپسا و یدن (بِپِسَا-وِی-دَن) گھسنا، مسلنا، پیسنا۔
بپسو دان (بِپِسُو-دَان) چھونا، چھونے کی قوت۔
بت (بُت) مورت، (بَت) علامت ترکیب (۔۔۔) جو ٹھوسنا کاٹنا۔

بتان (بُتَان) بت کی جمع ذی روح کی چیاٹے
بتا پیدن (بِتَا-پِی-دَن) چھوڑنا۔
بت پرست (بُت-پَرَس-ت) مورت کا پجاری
بت پرستی (بُت-پَرَس-تِی) مورتی پوجا
بت تراش (بُت-تَرَا-ش) مورت گھڑنے والا
بت تراشی (بُت-تَرَا-شِی) مورت گھڑنا۔
بتر (بَتَر، بَت-تَر) بدتر، ابتر۔
بترا (بُت-رَا) لنڈورا۔
بت راہ (بَت-رَاہ) مانع راہ۔
بتری (بَت-تَرِی، بَتَرِی) بدتری، خرابی
بترین (بَت-تَرِین) بہت خراب۔
بتکدہ (بُت-کَدَہ) بت خانہ۔
بتکن (بُت-کُن) سوراخ، گھیرا، کھیت کا...
بتکندن (بُت-کَن-دَن) پیٹ بھرا ہونا کچھ نہ کھانا، چھلک جانا۔
بتمامہ (بِ-تَمَا-مَہ) بالکل، سب۔
بتول (بَتُول) علائق دنیا ترک کرنے والی
بتہ (بَت-تَہ) ایک مرتبہ کاٹنا۔ ۲۔ سل کا بچہ
بتیارہ (بَت-یَا-رَہ) دیو، جادو، اژدہا، بلا، مکروہ، ہیبت۔
بتیل (بَتِیل) دیکھو بتول۔
بث (بَث) ظاہر کرنا، فاش کرنا۔
بثر (بَثْر) گرمی دانہ۔
بثرہ (بَث-رَہ) گرمی دانہ، ننھا چھالا جو پھوڑا
بجا (بَجَا) ٹھیک، درست، جگہ پر۔
بجال (بُجَال) کوئلہ، زغال۔
بجان آمدہ (بَجَان-آمَدَہ) تنگ، ناخوش
بجان تو (بَجَانِ-تُو) تیری جان کی قسم
بجائی (بَجَائی) بدلے، بعوض۔
بجرہ (بَج-رَہ) کشتی۔

بجز (بَجُز) سوائے۔
بچس (بَچَسْ) ناک کی پھلک، نرمی، سستی۔
بجنسہ (بجنْ۔سِہی) ویسا ہی۔
بچول (بچُول) پاؤں کا گٹّہ، پالنہ۔
بجہت (بجہت) بسبب، وجہ سے۔
بجاق (بجاق) چاقو، چھری۔
بچش (بچش) دیکھو بچس۔
بچشک (بچش ک) دیکھو پزشک۔
بچہ (بَچْ۔چہ) جو جوان نہ ہوا ہو۔
بچہ دار (بچ۔چہ۔دار) جسکے بچہ ہو۔
بچہ نو (بچ۔چ۔ا۔نو) حادثہ، نتیجہ، کلی، کونپل۔
بچیز (بچیز) کمترین، حقیر، کمینہ۔
بحّاث (بح۔حاث) بڑا بحث کرنے والا۔
بحار (بحار) بحر کی جمع۔
بحال (بحال) خوش و خرم، حالت پر قائم۔
بحالی (بحا۔لی) رونق، خوشی، حالت پر قیام۔
بحالیکہ (بحا۔لے۔کہ) ساتھ اس حال کے۔
بحبوحہ (بح۔بو۔حہ) بیچوں بیچ۔
بحت (بحت) خالص، محض، صرف۔
بحث (بح ث) تلاش، کاوش، تحقیق، کھدائی
جمع بحوث۔
بحر (بح ر) سمندر، بڑا دریا جمع ابحار،
ابحر، بحار، وزن شعر جمع بحور۔
بحران (بح۔ران) مریض پر حالت بیماری اور
تندرستی کی کشمکش۔
بحر روال (بح ر۔رواں) کشتی، جہاز۔
بحر سیہ (بح ر۔سیہ) خطرناک گہرا دریا۔
بحری (بح۔ری) سمندری، دریائی۔
بحرین (بح۔رین) دو سمندر، دو بحر
بحکم (بحک م) مطابق۔
بحل (بحل) معاف۔

بحوحتہ (بحو۔حت) گلا پڑنا۔
بحور (بحور) بحر کی جمع۔
بحیرہ (بحی۔رہ) چھوٹا سمندر، بڑی جھیل، تالاب۔
بخ (بخ) کلمۂ خوشی۔
بخار (بخار) بھاپ، بھپک جمع ابخرہ،
ابخرات تپ۔
بخارا (بخا۔را) نام شہر (روسی ترکستان)۔
بخارسٹ (بخا۔رس ٹ) دارالحکومت رومانیہ (بلقان)
بخاریہ (بخا۔ری یہ) اسٹیم انجن۔
بخالت (بخا۔لت) کنجوسی۔
بخت (بخ ت) قسمت، تقدیر، حصہ۔
بختاور (بخ ت۔آ۔ور، بخ۔تا۔ور) خوش قسمت۔
بختاوری (بخ۔تا۔وری) خوش قسمتی۔
بخت سفید (بخ ت۔سفید) اچھا نصیب۔
بخت سیاہ (بخ ت۔سیاہ) برا نصیب۔
بختو (بخ۔تو) غرانے والی چیز، گھور گرج۔
بختور (بخ۔تور، بخ ت۔ور) خوش قسمت
بختوری (بخ ت۔وری) خوش قسمتی۔
بختہ (بخ۔تہ) فربہ دنبہ، بینڈھا۔
بختوہ (بخ۔توہ) دیکھو بختو۔
بختی (بخ۔تی) تیز رو خراسانی اونٹ۔
بختیار (بخ ت۔یار) خوش قسمت۔
بخر (بخر) منہ کی باس۔
بخرد (بخ۔رد) عقلمند، دانا۔
بخردی (بخ۔ردی) عقلمندی، دانائی۔
بخرہ (بخ۔رہ) حصہ۔
بخس (بخ س) ۱۔ سکۂ قلب ۲۔ بارانی زمین۔
بخسانیدن (بخ۔سا۔نی۔دن) رنج میں گھلنا
بخستن (بخس۔تن) سوتے میں خراٹے لینا۔
بخسیدن (بخ۔سی۔دن) دیکھو بخسانیدن۔
بخش (بخ ش) حصہ، نصیب، بخشنے والا

بخشائیدن (بَخْ - شَا - اِیْ - دَنْ) رحم کرنا ، بخشش کرنا مضم **بخشایَد**۔
بخشائیدنی (بَخْ - شَا - اِیْ - دَنِیْ) بخشنے کے لایق
بخشائیدہ (بَخْ - شَا - اِیْ - دَہْ) بخشش کیا ہوا۔
بخشایش (بَخْ - شَا - یِشْ) عطا ، بخشش ، مہربانی۔
بخشایندہ (بَخْ - شَا - یِنْ - دَہْ) بخشنے والا۔
بخشش (بَخْ - شِشْ) دیکھو بخشایش۔
بخشندہ (بَخْ - شِنْ - دَہْ) بخشنے والا۔
بخشودن (بَخْ - شُوْ - دَنْ) رحم کرنا ، بخشش کرنا مضم **بخشایَد**۔
بخشودہ (بَخْ - شُوْ - دَہْ) بخشا ہوا۔
بخشی (بَخْ - شِیْ) تنخواہ بانٹنے والا افسر۔
بخشیدن (بَخْ - شِیْ - دَنْ) بخشنا ، دینا مضم **بخشَد**۔
بخشیدہ (بَخْ - شِیْ - دَہْ) بخشا ہوا۔
بخل (بُخْ - ل) کنجوسی ، خسّت (بُخَلْ) باخل کی جمع۔
بخور (بَخُوْر) دھونی۔
بخیل (بَخِیْل) کنجوس جمع **بُخَلَاء**۔
بخیدن (بَخِیْ - دَنْ) تومنا ، دُھنکنا۔
بخیدہ (بَخِیْ - دَہْ) دُھنکی ہوئی روئی۔
بخیہ (بَخْ - یَہْ) باریک مضبوط سلائی۔
بد (بُدّ) بُت ، بود ، تھا (بُدّ) چارہ ، علاج جمع اَبْدَادْ ، بَدَدَہْ (بَدْ) مالک ، صاحب ، خراب ، بُرا (بَدْءُ) شروع کرنا۔
بدا (بَدَا) ظاہر ہونا ، رائے بدلنا - ۲ - بہت بد (بَدَار) شروع کرنا۔
بداخلاق (بَدْ - اَخْ - لَاقْ) بدعلن ، بدمزاج۔
بداسلوب (بَدْ - اُسْ - لُوْب) بے ڈھنگا۔
بداسلوبی (بَدْ - اُسْ - لُوْ - بِیْ) بے ڈھنگا پن۔
بداصل (بَدْ - اَصْ - ل) پنچ کمینہ۔
بداطوار (بَدْ - اَطْ - وَارْ) بُرے چلن والا۔
بداطواری (بَدْ - اَطْ - وَا - رِیْ) خراب چلن۔
بدابع (بَدَابِعْ) ٹہنی ، تلوار۔
بدال (بَدْ ، دَالْ) غلہ فروش۔
بدآموز (بَدْ - آ - مُوْز) جس کی تعلیم ناقص ہو۔
بدال (بَدَال) دیکھو بآل ، بدل کی فارسی جمع ذی۔
بدالتّا (بَدَال - تَا) برائے آنکہ۔
بداندیش (بَدْ - اَنْ - دِیْش) دشمن ، بُرا سوچنے والا۔
بدائت (بَدَا - اَتْ) ابتدا ، شروع ، آغاز۔
بدائع (بَدَا - اِعْ) بدیع کی جمع ، عجائبات۔
بدآئین (بَدْ - آ - اِیْن) بدعقیدہ ، بداطوار۔
بدآئینی (بَدْ - آ - اِیْ - نِیْ) بداطواری ، بدعقیدگی
بداہت (بَدَا - ہَتْ) بے سوچی ہوئی بات ، ایکا ایک بات کہنا۔
بدایع (بَدَا - یِعْ) دیکھو بدائع۔
بدباطن (بَدْ - بَا - طِنْ) جسکے اندرونی خیالات بد ہوں۔
بدباطنی (بَدْ - بَا - طِنِیْ) خیالات بد ہونا۔
بدبخت (بَدْ - بَخْ - ت) بدقسمت۔
بدبختی (بَدْ - بَخْ - تِیْ) بدقسمتی۔
بدبو (بَدْ - بُوْ) سڑاند ، جس کی باس بُری ہو۔
بدپرہیز (بَدْ - پَرْ - ہیز) جو پرہیز نہ کرے۔
بدپرہیزی (بَدْ - پَرْ - ہِیْ - زِیْ) پرہیز نہ کرنا۔
بدتبار (بَدْ - تَبَارْ) جس کا کُنبہ خراب ہو۔
بدتر (بَدْ - تَرْ) بہت خراب۔
بدتری (بَدْ - تَرِیْ) خرابی۔
بدترین (بَدْ - تَرِیْن) سب سے خراب۔
بدجلو (بَدْ - جِلَوْ) سرکش گھوڑا۔
بدچشم (بَدْ - چَشْ - م) جس کی نظر بد ہو۔
بدچشمی (بَدْ - چَشْ - مِیْ) نظر بد ہونا۔
بدحال (بَدْ - حَالْ) خراب حالی
بدحالی (بَدْ - حَا - لِیْ) خراب حال ہونا۔

بدحواس (بَد-حَوَاس) بے اوسان۔
بدحواسی (بَد-حَوَا-سِی) بے اوسانی۔
بدخشاں (بَدَخ-شَاں) نام شہر (افغانستان)۔
بدخشانی (بَدَخ-شَا-نِی) بدخشاں کی طرف منسوب۔
بدخط (بَد-خَط) خراب خط والا۔
بدخطی (بَد-خَطِی) خراب خط ہونا۔
بدخلق (بَد-خُل-ق) خراب مزاج والا۔
بدخلقی (بَد-خُل-قِی) خراب مزاج ہونا۔
بدخو (بَد-خُو) خراب عادت۔
بدخوئی (بَد-خُو-اِی) خراب عادت ہونا
بدخواہ (بَد-خُواہ) بُرا چاہنے والا۔
بدخواہی (بَد-خُوا-ہِی) بُرا چاہنا۔
بددعا (بَد-دُعَا) کوسنا۔
بددل (بَد-دِل) اُچاٹ دل۔
بددلی (بَد-دِ-لِی) دل اچاٹ ہونا۔
بددماغ (بَد-دِمَاغ) خفا، غیر مطمئن۔
بددماغی (بَد-دِمَا-غِی) خفگی، بدمزاجی۔
بدذات (بَد-ذَات) کمینہ، شریر۔
بدذاتی (بَد-ذَا-تِی) کمینہ پن، شرارت۔
بدذہن (بَد-ذِہ-ن) گھامڑ، ناسمجھ۔
بدذہنی (بَد-ذِہ-نِی) ناسمجھی، گھامڑ ہونا۔
بدر (بَد-ر) پورا چاند جمع بدور۔ اسلام کی پہلی
جنگ دفاعی کا مقام (بَدَر) باہر
بدرام (بَد-رَام) آراستہ، خوش، بہتر (بَد-رَام) سرکش گھوڑا۔
بدراہ (بَد-رَاہ) جو بُری راہ چلے۔
بدراہی (بَد-رَا-ہِی) بُری راہ چلنا۔
بدررو (بَدَر-رَو) پانی نکلنے کی نالی۔
بدرستی (بَدُرُس-تِی) بیشک، واقعی۔
بدرقہ (بَدرَقَہ) نگہبان، رہبر، دوا کی مدد کی چیز

بدرکاب (بَد-رِکَاب) سواری کا خراب گھوڑا۔
بدرکابی (بَد-رِکَا-بِی) سواری میں خراب ہونا۔
بدرگ (بَد-رَگ) کمینہ۔
بدرنگ (بَد-رَنگ) جس کا رنگ خراب ہو۔
بدرنگی (بَد-رَنگ-گِی) رنگ خراب ہونا۔
بدرو (بَد-رَو) بدصورت (بَد-رَو) خراب چلنے والا۔
بدرود (بَد-رُود) رخصت، وداع۔
بدروی (بَد-رَوِی) بُری راہ چلنا (بَد-رُو-اِی) بدصورتی۔
بدرویہ (بَد-رَ-وِی-یَہ) جس کا ڈھنگ خراب ہو۔
بدرہ (بَد-رَہ) ہزار روپیہ کا توڑا، ہمیانی۔
بدزبان (بَد-زَبَان) جس کی زبان بے لگام ہو۔
بدزبانی (بَد-زَبَا-نِی) زبان بے لگام ہونا۔
بدزہرہ (بَد-زَہ-رَہ) بددل، وہمی، ڈرپوک
بدزیب (بَد-زیب) جو اچھا نہ لگے۔
بدزیبی (بَد-زے-بِی) اچھا نہ لگنا۔
بدساعت (بَد-سَا-عَت) بُری گھڑی۔
بدست (بدَس-ت) بالشت، شبر، وجب، کرست
بدستور (بَدَس-تُور) قاعدہ کے مطابق۔
بدسرشت (بَد-سِرِش-ت) طبیعت کا بُرا۔
بدسرشتی (بَد-سِرِش-تِی) طبیعت کی بُرائی۔
بدسگال (بَد-سِگَال) دشمن، بداندیش۔
بدسگالی (بَد-سِگَا-لِی) دشمنی، بداندیشی۔
بدسلوک (بَد-سُلُوک) بُرا برتاؤ کرنے والا۔
بدسلوکی (بَد-سُلُو-کِی) بُرا برتاؤ۔
بدسیرت (بَد-سِی-رَت) بُری عادت والا۔
بدسیرتی (بَد-سِی-رَتِی) بُری عادت ہونا۔
بدشکل (بَد-شَک-ل) بھونڈی شکل والا۔
بدشکلی (بَد-شَک-لِی) بھونڈی شکل ہونا۔
بدشگون (بَد-شُگُون) بدفال۔
بدشگونی (بَد-شُگُو-نِی) بدفالی۔
بدشیر (بَد-شِیر) کمینی انّا کا دودھ پیا ہوا۔

بدصورت (بَد۔ صُو۔ رَت) بدشکل۔
بدصورتی (بَد۔ صُو۔ رَتی) بھونڈی صورت والا ہونا۔
بدطریق (بَد۔ طَری۔ ق) خراب چلن والا۔
بدطینت (بَد۔ طی۔ نَت) طبیعت کا بُرا۔
بدطینتی (بَد۔ طی۔ نَتی) طبیعت کی بُرائی۔
بدظن (بَد۔ ظَن) بدگمان۔
بدظنی (بَد۔ ظَنی) بدگمانی۔
بدعت (بِد۔ عَت) دین میں نئی بات جو بدرسم ہو۔ بِدعات
بدعتی (بِد۔ عَتی) بدعت کرنے والا۔
بدعہد (بَد۔ عَہ۔ د) قول کا جھوٹا۔
بدعہدی (بَد۔ عَہ۔ دی) جھوٹا قول، عہد توڑنا۔
بدفعل (بَد۔ فِع۔ ل) بُرا کام کرنے والا۔
بدفعلی (بَد۔ فِع۔ لی) بُرا کام کرنا۔
بدقدم (بَد۔ قَدَم) منحوس، بُری چال چلنے والا
بدقدمی (بَد۔ قَدَمی) نحوست، بُری چال چلنا۔
بدقوارگی (بَد۔ قوا۔ رَگی) بری حرکت ہونا۔
بدقوارہ (بَد۔ قوا۔ رَہ) بھونڈا، بُری حرکتوں والا
بدک (بِدَک) بھڑ بھڑ۔
بدکار (بَد۔ کار) بدچلن، بدفعل۔
بدکاری (بَد۔ کا۔ ری) بدچلنی، بدفعلی۔
بدکردار (بَد۔ کِر۔ دار) بدعمل، بدچلن۔
بدکرداری (بَد۔ کِر۔ دا۔ ری) بدعملی، بدچلنی
بدکیش (بَد۔ کیش) ادھرمی، بدمذہب۔
بدکیشی (بَد۔ کے۔ شی) بدمذہبی۔
بدشکل (بَد۔ شَکل) بدصورت۔
بدگمان (بَد۔ گُمان) بُرا شبہ کرنے والا۔
بدگمانی (بَد۔ گُما۔ نی) بُرا شبہ کرنا۔
بدگو (بَد۔ گو) بُرا کہنے والا۔
بدگوہر (بَد۔ گو۔ ہَر) بدذات۔
بدگوئی (بَد۔ گو۔ ئی) بُرا کہنا۔

بدگہر (بَد۔ گُہَر) بدذات۔
بدل (بَدَل) بدلا، توڑ، معنوی جمع اَبدال
(بِدل) عوض، شریف آدمی جمع اَبدال۔
بدلا (بَد۔ لا) عوض، پلٹا، توڑ۔
بدل اشتراک، بدل الاشتراک (بَدَل۔ اِش۔ تِراک، بَدَلُل۔ اِش۔ تِراک) اخبار یا رسالہ وغیرہ کی قیمت یا آبونہ۔
بدلحاظ (بَد۔ لِحاظ) جس میں لحاظ نہ ہو۔
بدلحاظی (بَد۔ لِحا۔ ظی) لحاظ نہ ہونا۔
بدلگام (بَد۔ لگام) منہ پھٹ، منہ زور۔
بدلگامی (بَد۔ لگا۔ می) منہ زوری، منہ پھٹ ہونا۔
بدل ما یتحلل (بَدَل۔ ما۔ یَتَحَلَّل) تحلیل ہوئی چیز کا بدلہ۔
بدمزگی (بَد۔ مَزَگی) بے لطفی، مزہ کرکرا ہونا۔
بدمزہ (بَد۔ مَزَہ) جس کا مزہ خراب ہو۔
بدمست (بَد۔ مَس۔ ت) متوالا۔
بدمستی (بَد۔ مَس۔ تی) متوالا پن۔
بدمظنہ (بَد۔ مَظَن۔ نَہ) شکی۔
بدمعاش (بَد۔ مَعاش) لُچا، بُری کمائی والا
بدمعاشانہ (بَد۔ مَعا۔ شانَہ) بدمعاش سے منسوب۔
بدمعاشی (بَد۔ مَعا۔ شی) بُری روزی کمانا۔
بدمعالگی (بَد۔ مُعا۔ مَلگی) معاملہ بُرا ہونا۔
بدمعاملہ (بَد۔ مُعا۔ مَلَہ) معاملہ کا بُرا۔
بدمہر (بَد۔ مِہ۔ ر) بیوفا، بے محبت
بدمہری (بَد۔ مِہ۔ ری) بیوفائی۔
بدن (بَدَن) جسم جمع اَبدان۔
بدنام (بَد۔ نام) رسوا۔
بدنامی (بَد۔ نامی) رسوائی۔
بدنہاد، بدنہاد (بَد۔ نِہاد، بَد۔ نِہاد) پیدائشی خراب۔
بدنسل (بَد۔ نَس۔ ل) جس کی نسل بُری ہو۔

بدنسلی (بَد۔ نَس۔ لی) نسل بُری ہونا۔
بدنصیب (بَد۔ نَصِیب) بُری قسمت والا۔
بدنصیبی (بَد۔ نَصی۔ بی) قسمت کی بُرائی۔
بدنظم (بَد۔ نَظم) بد انتظام۔
بدنظمی (بَد۔ نَظ۔ می) بدانتظامی۔
بدنما (بَد نُما) بھونڈا۔
بدنمائی (بَد۔ نُما۔ ای) بھونڈاپن۔
بدنمود (بَد۔ نَمُود) بدنما۔
بدنی (بَدَ نی) منسوب بہ بدن۔
بدو (بَدْو) ابتدا، آغاز، جنگل، بیابان (بَدُوّ)

دیکھو باد (بَدْ۔ و، بُدُوّ) ظاہر ہونا۔
بدوضع (بَد۔ وَض۔ ع) بُری وضع والا۔
بدوضعی (بَد۔ وَض۔ عی) بُری وضع ہونا۔
بدولت (بَدَ وْ۔ لَت) آسرا، آسرے سے۔
بدون (بِدُوْن) سوائے اس کے۔
بدوی (بَدَ وِی) منسوب بہ بدو بمعنی جنگل، عرب کا گنوار۔
بدہ (بَدَہ) غیر پھل دار درخت، بھات، خشکہ۔
بدہیات (بَدِ ہِی یا ت) دیکھو بدیہیات۔
بدہیئت (بَد۔ ہَی۔ ئَت) بگڑی ہوئی شکل والا۔
بدی (بَدی) بُرائی (بَدِیّ) اولین۔
بدید (بَدِ ید) ظاہر۔
بدیع (بَدِ یع) نادر، نئی چیز جمع بَدَائع۔
بدیل (بَدِ یل) چیز کا بدلہ جمع اَبْدَال۔
بدیں (بَدِیں) دیکھو بایں
بدیہ، بدیہہ (بَدِیْ ہَ، بَدِی۔ ہَہ) ظاہر، بے سوچی بات۔
بدیہی (بَدِی۔ ہی) جو محتاج دلیل نہ ہو۔
بدیہیات (بَدِی۔ ہی۔ یات) جانی بوجھی ہوئی پیش نظر چیزیں۔
بذ (بَذّ) غلبہ کرنا۔

بذا (بَذا ر) بیہودہ اور فحش بکنا۔
بذاتہ (بِذا۔ تِہی) اپنی ذات کے ساتھ۔
بذج (بَذَج) ہیمنا، بھیڑ کا بچہ۔
بذح (بَذْح) پھاڑنا۔
بذر (بَذْر) اناج کا بیج جمع اَبْذَار، بُذُور۔
بذرقطونا (بَذْر۔ قُطُو۔ نا) اسپغول۔
بذرقہ (بَذْ۔ رَقَہ) راہبر۔
بذرگر (بَذْر۔ گَر) کسان۔
بذع (بَذَع) ڈر، خوف۔
بذل (بَذْل) بخشش۔
بذلہ (بَذْ۔ لَہ) لطیفہ، چٹکلہ (بِذْ۔ لَہ) سوٹ، پوری پوشاک
بذلہ سنجی (بَذْ۔ لَہ۔ سَن۔ جی) لطیفہ گوئی۔
بذور (بُذُور) لترا، چھچھورا جمع بذر۔
بذی (بَذِیّ) بے شرم آدمی، اوباش۔
بر (بَر) اوپر، پھل، فائدہ، بار، جسم، عورت کا سینہ، جوان عورت، بغل، گود، مکان کا در، تمام، سب، طرف، جانب، حافظ، فراخی، کلمۂ الصاق مثلاً دوش بر دوش، لیجانے والا۔ (بَرّ) نیکوکار، مہربان جمع اَبْرَار، خشک زمین، بیابان جمع بَرَارِی، نام حق تعالیٰ (بِرّ) نیکی، بخشش، خوشنودی، رضامندی (بُرّ) ایک یعنی پہلا عدد (بُر) کاٹنے والا (بُرّ) گیہوں جمع اَبْرَار (بَرّ و) اچھا ہونا۔
برا (بَرا۔ آ) باہر نکلنے والا۔
برابر (بَرا۔ بَر) مقابل، ہموار، گنا۔
برات (بَرات) حصہ، بخرہ، خزانہ کی وصولیابی کا کاغذ۔
براجم (بَرا۔ جِم) بُرجم کی جمع۔
براد (بُراد) ٹھنڈا۔
برادر (بَرا۔ دَر) بھائی۔
برادرانہ (بَرا۔ دَرا۔ نَہ) بھائی کی مانند۔

برادر بطنی (بَرا - دَرِ - بَطْ - نی) ماجایا سوتیلا بھائی۔
برادر زادہ (بَرا - دَرْ - زَا - دَہْ) بھتیجا۔
برادر زادی (بَرا - دَرْ - زَا - دِی) بھتیجی۔
برادر نسبتی (بَرا - دَرِ - نِسْ - بَتی) سالا، بہنوئی۔
برادر مادر (بَرا - دَرْ - دَرْ) سوتیلا بھائی۔
برادری (بَرا - دَرِی) بھائی بندی۔
برادہ (بُرا - دَہْ) چورا۔
برار (بَرْ - آرْ) باہر لانے والا۔
براری (بَرا - رِی) بَرّ کی جمع۔ ۲۔ منسوب بہ برار۔
براز (بَرازْ) چٹیل میدان (بِرازْ) گوہ، پاخانہ۔
برازخ (بَرا - زِخْ) برزخ کی جمع۔
برازش (بَرا - زِشْ) گزارش۔
برازندہ (بَرا - زِنْ - دَہْ) سجیلا۔
برازیدن (بَرا - زِی - دَنْ) پھبنا، پھبنا مضم بَرازَدْ۔
براسہ (بِرا - سِہْ) فاصکر۔
براعت (بَرا - عَتْ) روشنی، فصاحت، فضیلت۔
براغالیدن (بَرا - غا - لِی - دَنْ) اُبھارنا، سکارنا۔
براق (بَرْ - رَاقْ) چمکیلی چیز (بُراقْ) شب معراج میں سردار دو عالم کی سواری کا جنتی چوپایہ۔
برآمد (بَرْ - آ - مَدْ) نکاسی۔
برآمدن (بَرْ - آ - مَدَنْ) باہر نکلنا مضم بَرْ آیَدْ۔
برآمدہ (بَرْ - آ - مَدَہ) باہر نکلا ہوا، آگے کا دالان، گھوگ۔
برآں (بَرْ - آں) کاٹنے والا (بَرْ - آں) اُس کے اوپر۔
برآں سر (بَرْ - آں - سَرْ) اُس ارادے پر۔
براو (بَرْ - اُوْ) اُس کے اوپر۔
براوردہ (بَرْ - آ - وَرْدَہ) آنک، جانچ، تخواہ کا کاغذ۔
برآوردن (بَرْ - آ - وَرْ - دَنْ) باہر لانا مضم بَرْ آوَرَدْ۔
برآوردہ (بَرْ - آ - وَرْ - دَہْ) باہر لایا ہوا

برآورندہ (بَرْ - آ - وَرَنْ - دَہْ) باہر لانے والا۔
برآویختن (بَرْ - آ - وِیخْ - تَنْ) لٹکانا مضم بَرْ آوِیزَدْ۔
براہمہ (بَرا - ہِمَہْ) برہمن کی جمع۔
براہین (بَرا - ہِیْنْ) بُرہان کی جمع۔
برات (بَرا - آتْ) فارغخطی، بیزاری، دوری، پاک ہونا۔
برائے (بَرا - اے) واسطے، لئے۔
برآیندہ (بَرْ - آ - یِنْ - دَہْ) باہر نکلنے والا۔
برایا (بَرا - یا) بریت کی جمع۔
بربر (بَرْ - بَرْ) نام علاقہ (افریقہ)
بربری (بَرْ - بَرِی) بربر کا باشندہ، وحشی۔
بربریت (بَرْ - بَرِی - یَتْ) وحشی پن۔
برلبست (بَرْ - بَسْ - ت) قاعدہ، قانون، روش جمع بَرْ لَبَسْتَگان
بربط (بَرْ - بَطْ) ایک باجہ۔
برتافتن (بَرْ - تافْ - تَنْ) مروڑنا، موڑنا مضم بَرْ تابَدْ۔
برتافتہ (بَرْ - تافْ - تَہْ) موڑا ہوا۔
برتر (بَرْ - تَرْ) بلند، افضل۔
برتری (بَرْ - تَرِی) بلندی، فوقیت۔
برتقال (بُرْ - تُقالْ) سنترہ۔
برتکال (بَرْ - تکال) کملی، گدڑی۔
برثن (بُرْ - ثُنْ) مسبحہ، سبابہ، انگوٹھے کے برابر کی انگلی شکاری جانور کا پنجہ جمع بَرا ثِنْ۔
برج (بُرْجْ) گنبد، گھڑی، فضائے آسمانی بارھواں حصہ جمع بُرُوجْ۔
برجا (بَرْ - جا) ٹھیک، جگہ پر۔
برجاس (بُرْ - جاسْ) نشانہ۔
برجستن (بَرْ - جَسْ - تَنْ) اُچھلنا مضم بَرْ جَہَدْ۔
برجستہ (بَرْ - جَسْ - تَہْ) ٹھیک، چست، تحفہ، اُچھلا ہوا۔

برجمہ (بُرْ-جُمَہ) اُنگلی کا پورا ج بَرَاجِم۔
برجیس (بِرْ-جِیس) ستارہ مشتری۔
برچیدن (بَرْ-چِی-دَن) چُگنا، چُننا مضم بَرْچِینَد۔
برچیدہ (بَرْ-چِی-دَہ) چُنا ہوا۔
برحق (بَرْ-حَق) سچ، درست۔
برخ (بَرْخ) ٹکڑا، حصہ۔
برخاست (بَرْ-خَاس-ت) علیحدگی، اُٹھنا۔
برخاستن (بَرْ-خَاس-تَن) اُٹھنا مضم بَرْخِیزَد۔
برخاستہ (بَرْ-خَاس-تَہ) اُٹھا ہوا۔
برخلاف (بَرْ-خِلَاف) برعکس، اُلٹا۔
برخوردن (بَرْ-خُرْ-دَن) لطف اُٹھانا، میوہ کھانا مضم بَرْخُورَد۔
برخوردار (بَرْ-خُرْ-دَار) خوش، پھولا پھلا، بیٹا۔
برخی (بَرْ-خِی) فدیہ، قربانی، صدقہ۔
برخے (بَرْخے) تھوڑا سا، کچھ۔
برد (بَرْد) سردی، جاڑا، ٹھنڈ (بُرْد) شطرنج کی بازی، دھاریدار کپڑا (بَرَد) اولا، ژالہ (بَرِد) ہر ٹھنڈی چیز۔
بردار، بردارندہ (بَرْ-دَار، بَرْ-دَا-رِن-دَہ) اُٹھانے والا۔
برداشت (بَرْ-دَاش-ت) سہار، اُٹھانا، سہنا۔
برداشتن (بَرْ-دَاش-تَن) اُٹھانا مضم بَرْدَارَد۔
برداشتنی (بَرْ-دَاش-تَنِی) اُٹھانے کے لایق
برداشتہ (بَرْ-دَاش-تَہ) اُٹھایا ہوا۔
بردبار (بُرْد-بَار) حلیم، سہنے والا۔
بردباری (بُرْد-بَا-رِی) حلم، تحمل۔
بردعجوز (بُرْد-عَجُوز) جاڑے کا آخری ہفتہ۔
بردک (بَرْ-دَک) پہیلی، چیستاں۔
بردن (بُرْ-دَن) لیجانا مضم بَرَد

بردنی (بُرْ-دَنِی) لیجانے کے لایق۔
بردہ (بُرْ-دَہ) لیجایا ہوا (بَرْ-دَہ) قیدی، غلام، لونڈی۔
بردہ فروش (بَرْ-دَہ-فَرُوش) غلاموں کی تجارت کرنے والا۔
بردہ فروشی (بَرْ-دَہ-فَرُو-شی) غلاموں کی تجارت۔
بردی (بَرْ-دِی) نرکل۔
بردیدن (بَرْ-دِی-دَن) بھٹک جانا۔
برذعہ (بَرْ-ذَعَہ) پالان۔
بررہ (بَرَرَہ) بار کی جمع۔
برز (بُرْز) قدر، اونچائی (بَرْز) زراعت، زیبائی، عقلمند۔
برزخ (بَرْ-زَخ) درمیانی چیز ج بَرَازِخ۔
برزگر (بَرْز-گَر) کسان۔
برزن (بَرْ-زَن) کوچہ، گلی۔
برزیں (بَرْ-زِیں) آگ، کوچہ، گلی۔
برسام (بِرْ-سَام) ذات الجنب، پلیورسی۔
برش (بُرِش) کاٹ، پھانک، قاش۔
برشتن (بِرِش-تَن) بھوننا مضم بِرِیزَد۔
برشتنی (بِرِش-تَنِی) بھوننے کے لایق۔
برشتہ (بِرِش-تَہ) بھونا ہوا۔
برشکال (بَرْش-کَال، بَرْشکال) برسات۔
برص (بَرَص) سفید کوڑھ، پھل بھری۔
برطرف (بَرْ-طَرَف) موقوف، علیحدہ۔
برطرفی (بَرْ-طَرَفِی) موقوفی، علیحدگی۔
برطلہ (بُرْ-طُلَہ) کلاہ، ٹوپی۔
برطیل (بِرْ-طِیل) جراحی، اجرامہ (بِرْ-طِیل) لمبا پتھر۔
برع (بَرْع) باندھ، سکر۔
برعکس (بَرْ-عَک-س) اُلٹا، برخلاف۔
برغست (بَرْ-غَس-ت) ندی، نالہ، قسم ساگ۔

برغلانیدن (بَرْ-غَلا-نِی-دَن) دیکھو ورغلانیدن۔
برغمان (بَرْ-غَمَان) اژدہا۔
برغود (بَرْ-غُود) قرنا، سنکھ۔
برغوث (بُرْ-غُوث) پسّو، مچھر جمع براغیث۔
برف (بَرْف) منجمد پانی۔
برف پرورد (بَرْف-پَرْ-وَرْد) برف میں ٹھنڈا کیا ہوا۔
برفور (بَرْ-فَوْر) بہت جلد۔
برق (بَرْق) بجلی، چمک جمع بُرُوق
برق ربا (بَرْق-رُبَا) بجلی کا کنڈکٹر، بجلی اُتارنے والا۔
برقرار (بَرْ-قَرَار) قائم۔
برقراری (بَرْ-قَرَا-رِی) قیام۔
برق زدگی (بَرْق-زَدَگِی) بجلی مارنا۔
برق زدہ (بَرْق-زَدَہ) بجلی مارا ہوا۔
برقع (بُرْ-قَع) گھونگھٹ، ایک پردہ دار لباس۔
برقہ (بُرْ-قَہ) اونچی پتھریلی زمین
برقی (بَرْ-قِی) منسوب بہ برق، بجلی کا۔
برقیہ (بَرْ-قِی-یَہ) خبر رسانی کا تار
برک (بُرَک) سہیل ستارہ، ایک اونی کپڑا (بَرَک) پتی، سامان، سرانجام۔
برکار (بَرْ-کَار) سینہ کھلا ہوا، بلند۔
برکان (بَرْ-کَان) آتش فشاں پہاڑ۔
برکت (بَرَکَت) نیک بختی، افزائش جمع بَرَکَات۔
برکردن (بَرْ-کَرْ-دَن) ظاہر کرنا، روشن کرنا مضم بَرْ کُنَد۔
برکشیدن (بَرْ-کَشِی-دَن) تولنا، مرتبہ بڑھانا مضم بَرْکَشَد۔
برکندن (بَرْ-کَنْ-دَن) اُکھیڑنا۔
برکندنی (بَرْ-کَنْ-دَنِی) اُکھیڑنے کے لایق۔

برکندہ (بَرْ-کَنْ-دَہ) اُکھیڑا ہوا
برکہ (بِرْ-کَہ) حوض (بُرْ-کَہ) آٹے کی لپسی۔
برگ (بَرْگ) سامان، التفات، پیڑ کا پتّہ، پروا۔
برگردیدن (بَرْ-گَرْ-دِی-دَن) پھر جانا، قائم نہ رہنا مضم بَرْگَرْدَد۔
برگ ریز، برگ ریزان (بَرْگ-رِیز، بَرْگ-رِی-زَان) موسم خزان۔
برگزیدگی (بَرْ-گُزِی-دَگِی) پسند، چھانٹ۔
برگزیدن (بَرْ-گُزِی-دَن) پسند کرنا، چھانٹنا، چننا۔
برگزیدہ (بَرْ-گُزِی-دَہ) پسندیدہ، چھانٹا ہوا۔
برگستان برگستوان (بَرْ-گُسْ-تَان، بَرْ-گُسْ-تُوَان) پاکھر، ایک لباس جنگ۔
برگشتگی (بَرْ-گَشْ-تَگِی) پھرا ہوا پن۔
برگشتن (بَرْ-گَشْ-تَن) پھرنا مضم بَرْ گَرْدَد۔
برگشتنی (بَرْ-گَشْ-تَنِی) پھرنے کے لایق۔
برگشتہ (بَرْ-گَشْ-تَہ) پھرا ہوا۔
برگ و نوا (بَرْگ-و-نَوَا) توشہ، کھانا۔
برلنگ زدن (بَرْ-لَنْگ-زَدَن) بھاگنا۔
برم (بَرَم) دیکھو برخ۔
برماس (بَرْ-مَاس) دست کشی، چھوت۔
برماسیدن برمچیدن (بَرْ-مَا-سِی-دَن، بَرْ-مَچِی-دَن) ایک عضو کو دوسرے پر رگڑنا، ہاتھ ملنا۔
برملا (بَرْ-مَلَا) بر سر مجلس، سب کے سامنے۔
برمہ (بَرْ-مَہ) چھیدنے کا برمہ جمع بَرَم، بُرَم (بُرْ-مَہ) ہانڈی۔
برمیل (بِرْ-مِیل) پیپا۔
برنا (بُرْ-نَا) جوان، ظریف۔
برناس (بِرْ-نَاس) نادان، غافل، نادانی، غفلت۔
برنائی (بُرْ-نَا-اِی) جوانی۔
برنج (بِرِنْج) پیتل (بِرِنْج) چاول۔
برنجاسف (بِرِنْ-جَاسِف) نام دوا، بوٹی مادران۔

برنجن (بَرَن-جَن) بازو بند۔
برنجی (بِرِن-جی) پیتلی، پیتل کی چیز۔
برندہ (بُرِن-دَہ) لیجانیوالا (بُرِن-دَہ) کاٹنے والا۔
برنس (بُر-نُس) عیسائیوں اور آتش پرستوں کا ایک مذہبی لباس۔
برنشاندن (بَر-نِشاں-دَن) بٹھلانا۔
برنشستنی (بَر-نِشَس-تَنی) سواری، بیٹھنے کے لایق
برنیطہ (بَر-نی-طَہ) انگریزی ٹوپی۔
برنغار (بَر-نَغار) جنگی فوج کا دایاں بازو۔
برواره (بَر-وارَہ) گرمیوں کا ٹھنڈا مکان، کھڑکی، بالاخانہ۔
بروار (بَر-وار) چوکھٹا۔
بروت (بُرُوت) مونچھ۔
بروج (بُرُوج) برج کی جمع۔
بروجرام (بُرُو-جِرام) پروگرام۔
بروجہے (بَر-وَج-ہے) ایک وجہ پر۔
برودت (بُرُو-دَت) سردی۔
بروز (بُرُوز) باہر نکلنا، ظاہر ہونا (بَرُو-دَز) دامن کی سنجاف۔
بروزی (بُرُو-زی) بروز سے منسوب، ظاہر ہونیوالا۔
بروسل (بُرُو-سَل) شہر برسلز (بلجیم)
برومند (بَرُو-مَند) کامیاب، پھلدار۔
برومندی (بَرُو-مَن-دی) کامیابی، پھلداری۔
برول (بُرُول) باہر، سوا، بیرون۔
برونی (بُرُو-نی) باہری۔
برہ (بَرَہ، بَرَہ) بکری یا ہرن وغیرہ کا بچہ، برج حمل۔
برہان (بُر-ہان) دلیل جمع بَراہِین۔
برہم (بَر-ہَم) اُلٹ پلٹ، خفا، ناراض۔
برہمن (بِر-ہَمَن، بِرَہ-مَن) ہندوؤں کی سب سے افضل قوم جمع بَراہِمَہ۔

برہمند (بِرَہ-مَند) دیکھو برہمن۔
برہمی (بَر-ہَمی) ناراضی۔
برہنگی (بَرَہ-نَگی) ننگ پن، ننگاپن۔
برہنہ (بَرَہ-نَہ، بَرَ-ہَنَہ) ننگا، ننگا۔
برہنہ گو (بَرَہ-نَہ-گو) کھری کہنے والا۔
برہنہ گوئی (بَرَہ-نَہ-گو-ئی) کھری کھری کہنا۔
برہون (بَر-ہُون) صابون، دائرہ، حلقہ، آرائش، زینت۔
بری (بَری) پاک، بےقصور، الگ، بیزار (بَرِّی) منسوب بہ بَرّ، خشکی کا۔
بری الذمہ (بَری-اُذ-ذِم-مَہ) ذمہ داری سے بری
بریان (بِر-یان) بھنا ہوا۔
بریانی (بِر-یا-نی) اعلیٰ قسم کا پلاؤ۔
بریت (بَری-یَت) خلق، بریہ جمع بَرایا، بےقصوری، علیحدگی
برید (بُرِید) کاٹ (بَرِید) قاصد، نامہ بر، ڈاک۔
برید فلک (بَرِی-دِ-فَلَک) چاند۔
بریدن (بُرِی-دَن) کاٹنا مضارع بُرَد۔
بریدنی (بُرِی-دَنی) کاٹنے کے لایق۔
بریدہ (بُرِی-دَہ) کاٹا ہوا۔
بریز بریز (بِریز-بِریز) کھلبلی، بدحواسی۔
بریشم (بَرے-شَم، بَرے-شُم) ابریشم۔
بریق (بَرِیق) روشن، درخشندہ
بریں (بَرِیں) بلند، برتر، اوپر (بُرِیں) کھانا، برش
بریندہ (بِرِیں-دَہ) بھوننے والا۔
بریہ (بَرِی-یَہ) خلق جمع بَرایا۔
بز (بُز) بکری، سخرا، برج حمل (بَزّ) کپڑا، پونجی، اسباب خانہ داری۔
براخلق (بَزاخ-تَن) پگھلنا۔

بزاخفش (بُز۔اَخْ۔فَش) بکری کا بچہ، احمق۔
بزاز (بَز۔زَاز) پنساری، دوافروش۔
بزاز (بَز۔زَاز) کپڑا بیچنے والا۔
بزازیدن (بَز۔زی۔دَن) دیکھو بزاخفتن۔
بزاغ (بَزْ۔زاغ) سالوتری، بیطار (بُزاغ) ظریف آدمی۔
بزاق (بُزاق) تھوک، منہ کا لعاب۔
بزال (بُزال) عورت کی شہوت۔
بزبازی (بُز۔با۔زی) بکرا اور بندر نچانا۔
بزجگر، بزدل (بُز۔جِگَر، بُز۔دِل) ڈرپوک۔
بزداغ (بِز۔داغ) نگی، دھار نکالنے کا آلہ۔
بزر (بَزْر) ترکاری کا بیج جمع اَبزار و اَبازیر، بُزور۔
بزرا (بَزْ۔رَا) جاسے کیلئے بونے کی چیز۔
بزراع (بِزْ۔رَاع) پورا جوان، کامل جوان۔
بزرک (بُزْ۔رَک) بڑا (بَزْ۔رَک) السی، اَلسان۔
بزرگر (بَزْ۔رْ۔گَر) کھیتی کرنے والا۔
بزرگری (بَزْ۔رْ۔گَری) کھیتی۔
بزرگوار (بُزُرْ۔گ۔وَار) بزرگ کی مانند۔
بزرگواری، بزرگی (بُزُرْگ۔وَا۔رِی، بُزُرْ۔گی) بڑائی۔
بزشک (بِزِشْک) دیکھو پزشک۔
بزغ (بَزْغ) پچھنے لگانا۔
بزغالہ (بُز۔غا۔لَہ) بکری کا بچہ۔
بزغمہ (بُز۔غَمہ) پھل دار ٹہنی کی ٹیکی۔
بزق (بَزْق) منہ پر تھوک دینا۔
بزقدم (بُز۔قَدَم) سست قدم۔
بزگر (بُز۔گَر) لڑائی کا پیٹھا تیار کرنے والا۔
بزگیری (بُز۔گی۔رِی) چوری، حیلہ بازی۔
بزل (بَزْل) سختی، شدت۔
بزم، بزمگاہ (بَزْم، بَزْم۔گاہ) جشن، محفل۔
بزن (بُزَن) مار (بَزَن) کھیتی کا پٹڑا، ہیرا، سہاگا۔
بزور (بُزُور) بزر کی جمع (بُزُور) بزر کی جمع۔
بزوغ (بُزُوغ) روشنی، طلوع۔
بزہ (بَزَہ) گناہ، خطا (بُزَہ) خوشبودار پھل۔
بزہ کار (بَزَہ۔کار) خطاکار۔
بزہ کاری (بَزَہ۔کا۔رِی) خطاکاری۔
بس (بَس) بہت، کافی، مانند، فقط (بُس) بوس کا مخفف، ایک آہنی سیخ۔
بسا (بَسا) بہت، تمام، اکثر۔
بساپورت (بَسا۔پو۔رَت) پاسپورٹ۔
بساتین (بَسا۔تِین) بستان کی جمع۔
بسارت (بِسا۔رَت) برسات۔
بساط (بِساط) فرش، شطرنجی، بچھونا، گھر کا اسباب، دسترس، دستگاہ جمع بسط (بَساط) چوڑا ہموار زمین۔
بساط خانہ (بِساط۔خا۔نَہ) ضروریات خانگی۔
بساطی (بِسا۔طی) بساط خانہ کا سوداگر۔
بسالت (بَسا۔لَت) بہادری، شجاعت۔
بسّام (بَس۔سام) ہنسوڑ، شگفتہ۔
بسان (بَسان) مانند، ویسا ہی۔
بسائط (بَسا۔اِط) بسیط کی جمع۔
بسباس (بَس۔باس) بے معنی، فضول۔
بسباسہ (بَس۔با۔سَہ) جاوتری۔
بسبب (بَسَبَب) وجہ کیساتھ، وجہ سے۔
بست (بَسْت) دیکھو بیست (بَسْت) بندش، بندھائی، ٹانکہ (بُسْت) بستان۔
بستارغ (بُس۔تا۔رغ) دیکھو بستاغ۔
بستام (بَس۔تام) مونگا، مرجان۔
بستان (بُس۔تان) پھول، باغ جمع بَساتین۔
بستان سرای (بُس۔تان۔سَرا۔ی) خانہ باغ۔

بستانی (بُس۔تا۔نی) بستان والا۔
بستر (بِس۔تَر) بچھونا، چٹائی۔
بستر آہنگ (بِس۔تَر۔آ۔ہَنگ) بچھونے کی چادر۔
بسترم (بُس۔تَرَم) پتی کی بیماری۔
بستگی (بَس۔تَگی) بندھا ہوا پن۔
بستم (بِس۔تَم) دیکھو بیستم۔
بستن (بَس۔تَن) باندھنا مضم بَنْدُ۔
بستنی (بَس۔تَنی) باندھنے کے لائق، بندھن۔
بستو، بستوقہ (بَس۔تُو، بَس۔تُو۔قَہ) مرتبان۔
بست وکشاد (بَس۔تُو۔کُ۔شا۔د) کھول باندھ۔
بستہ (بَس۔تَہ) بقچہ، بندھا ہوا، بنڈل، پارسل۔
بسد (بُسُّد۔ بُس۔سُد) مونگا۔
بسر (بُس۔ر) کچی کھجور۔
بسراق (بُس۔راق) بکھراج۔
بسط (بَس۔ط) پھیلاؤ، فراخی، بچھانا۔
بسطت (بَس۔طَت) فراخی، کشادگی، درستی۔
بسغدیدن (بَسَغ۔دِی۔دَن) موافقت کرنا، بنانا، آمادہ ہونا۔
بسق (بَس۔ق) دیکھو بزق۔
بسم (بَس۔م) مسکرانا۔
بسمل (بِس۔مِل) زخمی، گھائل۔
بسملہ (بَس۔مَلَہ) بسم اللہ کا مخفف۔
بسن (بَسَن) حسن کا تابع مہمل۔
بسند (بَسَن۔د) کافی، سزاوار، تمام، کفایت۔
بسندہ (بَسَن۔دَہ) کیا ہوا۔
بسوریدن، بسولیدن (بَسُو۔رِی۔دَن، بَسُو۔لِی۔دَن) کوسنا۔
بسے (بَسے) اکثر، بہت۔
بسیار (بِس۔یار) بہت
بسیاری (بِس۔یا۔ری) زیادتی، بہتات۔
بسیج (بَسِیج) قصد، ارادہ، تیاری۔
بسیخہ (بَسِی۔خَہ) نافہ، نافجہ۔
بسیط (بَسِیط) فراخ، غیر مرکب جمع بَسائِطُ۔
بسیم (بَسِیم) مسکرانے والا، متبسم ۲۔ خوش ذائقہ۔
بش (بَش) جوڑ، ٹانکا۔
بشار (بَشار) نچھاور۔
بشارت (بِشا۔رَت) خوشخبری۔
بشاش (بَش۔شاش) خوش، تازہ۔
بشاشت (بَشا۔شَت) کشادہ روئی، خوش طبعی۔
بشاعہ (بَشا۔عَہ) بدصورتی۔
بشام (بِش۔شام) بن بلایا مہمان، طفیلی، ضیفن۔
بشترم (بُش۔تَرَم) دیکھو بسترم۔
بشخائیدن، بشخودن (بِش۔خا۔یی۔دَن، بِش۔خُو۔دَن) ناخن سے چھیلنا۔
بشر (بَشَر) انسان، آدمی جمع اَبْشارُ۔
بشرطیکہ (بَشَرْ۔طے۔کِہ) اس شرط کے ساتھ
بشرہ (بَشَرَہ، بُش۔رَہ) چہرہ۔
بشری (بَشَری) منسوب بہ بشر (بُش۔را) خوش خبری، اچھی خبر۔
بشریت (بَشَری۔یَت) آدمیت۔
بشع (بَشِع) بدمزہ، گلوگیر۔
بشقاب (بُش۔قاب) بڑی رکابی، پلیٹ۔
بشک (بُش۔ک) زلف، جھبا، لٹ۔
بشکال (بَش۔کال) دیکھو برشکال۔
بشکلیدن (بِش۔کَلی۔دَن) کریدنا۔
بشکولیدن (بِش۔کُو۔لی۔دَن) جلدی کرنا، لالچی ہونا۔
بشکیل (بُش۔کیل) چھینٹ، پھولدار پیڑا
بشورانیدن (بِشو۔را۔نی۔دَن) گھولنا۔
بشولیدن (بِشو۔لی۔دَن) پریشان کرنا۔
بشیر (بَشیر) خوش خبری دینے والا، خوبصورت
بصارت (بَصا۔رَت) بینائی، نظر۔

بصاق (بُصَاق) دیکھو بزاق۔
بصر (بَصَر) بینائی، آنکھ جمع اَبْصَار۔
بصرہ (بَصْ۔ رَہ) نام شہر (عراق)
بصل (بَصَل) پیاز۔
بصیر (بَصِیْر) دانا، بینا جمع بُصَرَاء۔
بصیرت (بَصِی۔ رَت) یقین، دانائی قلب جمع بَصَائِر۔
بضاعت (بِضَاعَت) پونجی جمع بِضَاعَات۔
بضع (بِضْع) تین سے نو تک کا عدد (بُضْع) نکاح، عورت کی شرمگاہ (بَضْع) گوشت کاٹنا، سیراب ہونا۔
بضعہ (بَضْ۔ عَہ) گوشت کا ٹکڑا۔
بط (بَطّ) بطخ، ہنس۔
بطاء (بِطَاء) دیر، درنگ (بُطْء) دیری۔
بطاطہ (بَطَا۔ طَہ) آلو۔
بطال (بَطَّ۔ طَال) جھوٹا، بیکار۔ ۲۔ بڑا بہادر۔
بطالت (بَطَا۔ لَت) بیکاری (بِطَالَت) دلیری۔
بطانہ (بِطَا۔ نَہ) دلی دوست، لباس کا استر۔
بطحا (بَطْ۔ حَا) پتھریلی اور نشیبی فراخ زمین جمع بِطَاح و مکہ معظمہ کی ایک وادی۔
بطر (بَطَر) خود نما۔
بطریق (بِطْ۔ رِیْق) عیسائیوں کا ایک مذہبی پیشوا جمع بَطَارِقَہ (بَطْرِیْق) طریقے کے ساتھ۔
بطش (بَطْش) حملہ، حملہ کرنا
بطک (بَطَّک) شراب کا چھوٹا شیشہ۔
بطل (بَطَل) دلیر، شجاع جمع اَبْطَال۔
بطلان (بُطْ۔ لَان) ناچیز، ضائع ہونا۔
بطن (بَطْن) پیٹ جمع اَبْطَان، بُطُوْن (بَطِین) موٹا پیٹ، بات ابھان۔
بطناً بعد بطن (بَطْ۔ نَنْ۔ بَعْ۔ دَ۔ بَطْ۔ نِنْ) پشتوں سے۔

بطنہ (بِطْ۔ نَہْ) امتلا، پیٹ بھرا ہوا پن۔
بطوء (بُطُ۔ ء) دیر، آہستگی۔
بطور (بَطَوْر) طریقہ کے ساتھ۔
بطون (بُطُوْن) پوشیدگی، چھپاؤ، بطن کی جمع۔
بطہ (بَطْ۔ طَہْ) بطخ۔
بطی (بَطِی) دیر کرنے والا، آہستہ۔
بطی الاثر (بَطِی۔ یُلْ۔ اَثَرْ) دیر میں اثر کرنے والا
بطیخ (بِطْ۔ طِیْخ) خربوزہ۔
بطیخ اخضر (بِطْ۔ طِیْخ۔ اَخْ۔ ضَرْ) تربوز۔
بطین (بَطِیْن) توندیلا، شکم دار، بڑے پیٹ۔
بظر (بَظْ۔ ر) عورت کی شرمگاہ کا گوشت پارہ۔
بعاد (بِعَاد) دوری۔
بعال (بِعَال) عورتوں کے ساتھ کھیلنا۔
بعث (بَعْ۔ ث) نوٹ، قیامت، اٹھنا۔
بعثرت (بَعْ۔ ثَرَتْ) برانگیختگی، اٹھان، بیداری
بعث و نشر (بَعْ۔ ثُوْ۔ نَشْ۔ ر) قیامت کا دن۔
بعج (بَعْ۔ ج) پیٹ پھاڑنا، رنج و غم میں ڈالنا۔
بعد (بَعْ۔ د) پیچھے (بُعْ۔ د) دوری جمع اَبْعَاد۔
بعد ازاں (بَعْ۔ دَ۔ اَزْ۔ آں) اس کے بعد۔
بعد الممات (بَعْ۔ دَلْ۔ مَمَات) موت کے بعد۔
بعدہ (بَعْ۔ دَہُوْ) اس کے بعد۔
بعر (بَعْ۔ ر) مینگنی جمع اَبْعَار۔
بعض (بَعْ۔ ض) کوئی، کچھ، ایک، کسی چیز کا ٹکڑا۔
بعل (بَعْ۔ ل) کسی چیز کا مالک، شوہر جمع بُعُوْل، بِعَال، بُعُوْلَہ۔
بعوض (بَعُوْ۔ ض) بجائے، بدلے (بَعُوْض) مچھر، ڈانس۔
بعوضہ (بَعُوْ۔ ضَہ) مچھر، ڈانس۔
بعید (بَعِیْد) دور۔

بعیر (بَعِیْر) اونٹ، لدو جانور جمع اَبْعِرَہ، اَبَاعِر، اَبَاعِیْر، بُعْرَان۔
بعینہ (بِعَیْ۔ نِہٖ) وہی، اپنی حقیقت کے ساتھ
بغا: بغا (بِغَا) جیسا (بِغَار) ہیجڑا، مخنث، بدکاری، زناکرنا۔
بغاث (بُغَاث) گدھ
بغار (بُغَار) بہانہ، یا نہ (بُغَار) بخارہ۔
بغارہ (بُغَا۔ رَہ) سوراخ، گھاؤ۔
بغارز (بُغَا۔ ز) آبنائے باسفورس (ترکی)
بغانہ (بَغَا۔ نَہ) غول بیابانی۔
بغاوت (بَغَا۔ وَت) دنگا، پھر جانا۔
بغایا (بَغَا۔ یَا) بغیہ کی جمع۔
بغتۃً (بَغْ۔ تَتَنْ) اچانک، ناگاہ۔
بغچہ (بُغْ۔ چَہ) چھوٹی گٹھری۔
بغدا (بُغْ۔ دَا) چاقو، چھرا۔
بغداد (بَغْ۔ دَاد) دار الحکومت عراق (مشرقی عرب)۔
بغدی (بُغْ۔ دِی) اونٹ کی ایک اعلیٰ قسم۔
بغرا (بُغْ۔ رَا) کلنگ (بُغْ۔ رَا) نر سور۔
بغض (بُغْ۔ ض) کینہ، عداوت۔
بغضا (بَغْ۔ ضَا) سختی، عداوت، بیر۔
بغل (بَغْ۔ ل) خچر جمع بِغَال (بُغَل) کا لکھا مونڈھے کا نچلا حصہ۔
بغلک (بَغْ۔ لَک) کھکیاری، بغل کا پھوڑا۔
بغلگیر (بَغَلْ۔ گِیْر) باہیں ڈال کر ملنا۔
بغلی (بَغْ۔ لِی) منسوب بہ بغل۔
بغی (بَغِی) نافرمان مرد (بَغْ۔ ی) نافرمانی۔
بغیر (بِغَیْر) بنا، بلا۔
بغیہ (بُغْ۔ یَہ) حاجت، مراد (بَغِیْ۔ یَہ) نافرمان عورت، فاحشہ عورت جمع بَغَایَا۔
بفار (بُفَا) سر کی خشکی۔
بفت (بَفْ۔ ت) بنائی، بننا۔

بفتہ (بَفْ۔ تَہ) لٹھا جو کپڑے کی ایک قسم ہے۔
بق (بَق) کھٹمل، مچھر، بگواس۔
بقا (بَقَا) موجودگی، باقی رہنا۔
بقار (بَقْ۔ قَار) گوالا، گاؤبان۔
بقاق (بَقَاق) بکواس۔
بقال (بَقْ۔ قَال) خردہ فروش، بنیا، سبزی فروش
بقائے اصلح (بَقَا۔ اِے۔ اَصْ۔ لَح) بہتر چیز کا باقی رہنا۔
بقایا (بَقَا۔ یَا) بقیہ کی جمع۔
بق بعوضہ (بَق۔ بَعُوْ۔ ضَہ) مچھر۔
بقچہ (بُقْ۔ چَہ) دیکھو بغچہ۔
بقر، بقرہ (بَقَرْ، بَقَ۔ رَہ) گائے، بیل جمع اَبْقَار، بَقَرَات۔
بقعہ (بُقْ۔ عَہ) جگہ، احاطہ، مکان، (دعتیہ) جمع بِقَاع، بُقَع۔
بقل، بقلہ (بَقْ۔ ل، بَقْ۔ لَہ) سبزہ، ساگ، پات جمع بُقُوْل، بَقْلَات۔
بقلۃ الحمقا (بَقْ۔ لَتُلْ۔ حَمْقَا) خرفہ کا ساگ۔
بقم (بَقْ۔ قَم) مجیٹھ۔
بقہ (بَقْ۔ قَہ) ڈانس، پشہ۔
بقیہ (بَقِیْ۔ یَہ) بچت، بچا ہوا جمع بَقَایَا۔
بقیۃ السیف (بَقِیْ۔ یَتُسْ۔ سَیْف) تلوار سے باقی بچے ہوئے
بک (بَک) ایک ترکی خطاب۔
بکا (بُکَا) رونا۔
بکار آمد (بَکَار۔ آ۔ مَد) کام آنے والا، کام جاننے والا۔
بکارت (بَکَا۔ رَت) دوشیزگی، کنوارپن۔
بکام (بَکَام) موافق خواہش۔
بکاول (بَکَا۔ وَل، بَکَا۔ ڈَل) داروغہ باورچی خانہ۔
بکباشی (بِک۔ بَا۔ شِی) میجر۔
بکتر (بَکْ۔ تَر) آہنی جنگی زرہ۔

بکر (بکْ رِ) کنواری، ہر چیز کا اول، نازک،
لطیف جمع اَبکار (بِکرْ) صبح جمع اَبکار۔
بکران (بُکْ۔ رَانْ) گھڑ جن۔
بکرہ (بُکْ۔ رَہْ) صبح (بَکْ۔ رَہْ) چرخی، گری۔
بُکم (بُکمْ) گونگا پن (بُکْ م) ابکم کی جمع۔
بکنک (بَکْ۔ نَکْ، بِکْ نَکْ) لنگڑا۔
بکور (بُکُوْر) سحر خیزی، سویرے جانا۔
بکہ (بَکْ کَہْ) مکہ معظمہ کا پرانا نام۔
بکی (بَکِیْ) رونا مرد۔
بکین (بکین) شہر بیکن دار الحکومت چین)
بکیہ (بَکی یَہْ) رونی عورت۔
بگ (بَگْ) مینڈک (بِگْ) بیگ کا مخفف۔
بگلر (بِگْ۔ لَرْ) امیر کبیر۔
بگلر بیگ (بِگْ۔ لَرْ۔ بیگْ) امیر الامرا، خانخانان۔
بگیارق (بِگْ۔ یَا۔ رُقْ) ایک امیر کے غلام۔
بل (بَلْ) حرف اضراب، بلکہ (بَلّ) تر کرنا، بھگونا۔
بلا (بَلَا) مصیبت، دکھ، بپتا۔
بلابل (بَلَا۔ بِلْ) بلبل کی جمع۔
بلاتحاشا (بِلَا۔ تَحَا۔ شَا) دیکھو بے تحاشا۔
بلاد (بِلَادْ) بلد کی جمع۔
بلادت (بَلَا۔ دَتْ) کند ذہنی۔
بلادر، بلاذر (بَلَا۔ دُرْ، بَلَا۔ ذُرْ) بھلاواں۔
بلاغت (بُلَا۔ غَتْ) اُگال۔
بلاغ (بَلَاغْ) کمال، پہونچانا۔
بلاغت (بَلَا۔ غَتْ) باموقع گفتگو، تیز زبانی، بالغی،
چیرہ زبانی، جوان ہونا۔
بلاد (بَلَادْ) پتھر کا چوکہ
بلاق (بُلَاقْ) چشمہ پانی، ناک کی نتھ۔
بلاکردن (بَلَا۔ کَرْ۔ دَنْ) عجیب کام کر دکھانا۔
بلاکش (بَلَا۔ کَشْ) دکھیارا، دکھیاری۔
بلاکشی (بَلَا۔ کَشِیْ) دکھ اٹھانا۔

بلاگردان (بَلَا۔ گَرْ۔ دَانْ) تصدق کی ہوئی چیز۔
بلاگردانی (بَلَا۔ گَرْ۔ دَا۔ نِیْ) تصدق ہونا۔
بلان (بَلْ۔ لَانْ) حمام، گرمابہ۔
بلانصیب (بَلَا۔ نَصِیْبْ) جس کی قسمت میں دکھ ہو۔
بلاہت (بَلَا۔ ہَتْ) بھولاپن، نادانی۔
بلبان (بَلْ۔ بَانْ) سخت زنجیر۔
بلبان (بَلْ۔ بَانْ) ہندو کا ایک باجہ۔
بلبل (بُلْ۔ بُلْ) ایران کا ایک گانیوالا پرند جمع بلابل
بلبلہ (بُلْ۔ بُلَہْ) کوزہ، صراحی، انڈ یلنے کی آواز
(بَلْ۔ بَلَہْ) غم، وسوسہ۔
بلجیک، بلژیک (بِلْ۔ جِیکْ، بِلْ۔ ژِیکْ)
ملک بلجیم (مغربی یورپ)
بلد (بَلَدْ) شہر، بستی، رہبر جمع بلدان لفظ
نشان جمع اَبلاد۔
بلدہ (بَلْ۔ دَہْ) شہر، بستی، قطعہ زمین
(بلاد)۔
بلدیہ (بَلْ۔ دِیْ۔ یَہْ) میونسپلٹی۔
بلسان (بَلَسَانْ) ایک مصری روغن دار درخت
بلسک (بَلْ۔ سَکْ) چرچٹا گھاس۔
بلسن (بُلْ۔ سُنْ) مسور (بَلْ۔ سَنْ) خورد۔
بلشت (بِلِشْتْ) دیکھو بالشت۔
بلع (بَلْع) نیچے ڈالنا، نگلنا۔
بلعوم (بُلْ۔ عُوْمْ) نرخرا۔
بلغا (بُلَغَا) بلیغ کی جمع۔
بلغار، بلغاریہ (بَلْ۔ غَارْ، بُلْ۔ غَا۔)
ملک بلگیریا (مشرقی یورپ)
بلغر (بَلْ۔ غَرْ) نام شہر۔
بلغراد (بَلْ۔ غَرَادْ) شہر بلگریڈ (بلقان)
بلغم (بَلْ۔ غَمْ) منہ یا ناک کی راہ سے نکلا ہوا ایک خلط
بلغمی (بَلْ۔ غَمِیْ) منسوب بہ بلغم۔
بلغور (بُلْ۔ غُوْرْ) دلیہ، دلیدہ۔

بلغہ (بَلْ۔غَہْ) بلاغت (بُلْغَہْ) بالغ کی جمع (بُلْ۔غَہْ) جو معاش میں کفایت کرے۔
بلقان (بَلْ۔قَانْ) مشرقی یورپ کا ایک حصہ۔
بلقع (بَلْ۔قَعْ) خالی زمین جمع بَلَاقِعْ۔
بلکشہ (بَلْ۔کَشَہْ) گھونس، خرگوش۔
بلکہ (بَلْ۔کِہْ) حرف اضراب، شاید، ضرور۔
بلل (بَلَلْ) تری، نمی۔
بلمہ (بَلْ۔مَہْ) لمبی داڑھی والا۔
بلند (بَلَنْ۔د) اونچا۔
بلندی (بَلَنْ۔دِی) اونچائی۔
بلوا (بَلْ۔وَا) دیکھو بلوی
بلور (بِلْ۔وُرْ، بَلْ۔لُوْر) ایک شفاف پتھر، شیشہ جمع بَلَالِیْر، اَبْلُوْرَہْ۔
بلوری، بلوریں (بِلْ۔وُرِی، بَلْ۔لُوْ۔رِیں) بلور سے منسوب، شیشہ کا۔
بلوط (بَلْ۔لُوْط) سپیتا سپاری کا پیڑ۔
بلوغ (بُلُوْغْ) بالغ ہونا، جوبن نکلنا، پہونچنا۔
بلوغت (بُلُوْ۔غَتْ) بالغ پن، پوری جوانی۔
بلوک (بُلُوْک) گاؤں، قصبہ جمع بُلُوْکَات
بلوی (بَلْ۔وَا) سختی، محنت، آزمائش۔
بلہ (بُلْ۔ہ) ابلہ کی جمع (بَلَہْ) تھوڑی پونجی (بَلْ۔لَہْ) سیل، ترائی۔
بلی (بَلَا، بَلٰی) کلمۂ تصدیق، جی ہاں، اچھا۔
بلیت، بلیہ (بَلِی۔یَتْ، بَلِی۔یَہْ) رنج، آزار، سختی جمع بَلِیَّات۔
بلید (بَلِیْد) کند ذہن، مورکھ۔
بلیغ (بَلِیْغ) خوش بیان جمع بُلَغَاء۔
بلیلہ (بَلِے۔لَہْ) نام دوا۔
بم (بَمْ) راگ کا اونچا سُر، بھاری موٹی آواز۔
بمجرد (بِمُجَرْ۔رَدْ) صاف، فوراً، صرف۔
بمنزل (بِمَنْ۔زِلْ) بجائے، بدلے، العوض۔

بمنسہ (بِعَیْ۔نِہِیْ) ویسا ہی، وہی۔
بموجب (بِمُوْ۔جِبْ) مطابق۔
بن (بِنْ) بیٹا جمع بَنُوْن، بَنِیْن (بَنْ) جڑ، باغ، کھیتی۔ ۲۔ قہوہ جو پیسا نہ ہو۔
بنا (بِنَا) نیو، بھیت جمع اَبْنِیَہْ، اَبْنِیَات (بَنْ۔نَار) راج۔
بنابہ (بِنَا۔بَرْ) اس لئے، اس سبب سے۔
بنابراں (بِنَا۔بَرْ۔آں) اس واسطے، اس بنا پر۔
بنابریں (بِنَا۔بَرِیں) اس بنا پر، اس واسطے۔
بنات (بَنَاتْ) بنت کی جمع۔
بنات النعش (بَنَا۔تُنْ۔نَعْ۔ش) سات تاروں کا ایک جھمکا، عقد ثریا۔
بناد (بُنَادْ) بچھونا، دُل
بنادر (بَنَا۔دِرْ) بندر کی جمع۔
بنادیق (بَنَا۔دِیْق) بندوق کی جمع۔
بناگوش (بُنَا۔گُوْش) کان کی لو۔
بنامیزد (بِنَا۔مِے۔زَدْ) ساتھ نام اللہ کے۔
بنانہ (بَنَا۔نَہْ) پاؤں کی انگلی جمع بَنَانْ، بَنَانَاتْ۔
بنا بر علیہ (بِنَا۔اَنْ۔عَلَی۔ہ) اس واسطے۔
بنائی (بَنْ۔نَا۔ئِی) راج گیری، معماری۔
بنت (بِنْ۔ت) بیٹی، لڑکی جمع بَنَاتْ۔
بنت البحر (بِنْ۔تُلْ۔بَحْ۔ر) جل پری۔
بنت العنب (بِنْ۔تُلْ۔عِنَبْ) انگوری شراب۔
بنج (بَنْ۔ج) دیکھو بنگ، خراسانی اجوائن۔
بند (بَنْ۔د) کاغذ کا ریم، قید، فکر، تدبیر، فریب، حیلہ، بدن کا جوڑ، بندھن، کشتی کا داؤ، زنجیر، قفل، بند قبا، پانی کا باندھ، عہد، عزم، توقع، لالچ، باندھنے والا۔
بندر (بَنْ۔دَرْ) لنگرگاہ جہاز جمع بَنَادِر۔
بندش (بَنْ۔دِش) بندھائی۔
بندق (بُنْ۔دُقْ) گولی، غلہ، فندق۔

بندگی (بَن۔دَگی) تابعداری، غلامی، سلامی۔
بندن (بَن۔دَن) باندھنا۔
بندوبست (بَن۔دُو۔بَس۔ت) انتظام
بندوق (بَن۔دُوق، بَن۔دُوَق) تفنگ جمع بنادِیق
بندہ (بَن۔دَہ) غلام، داس۔
بندہ پرور (بَن۔دَہ۔پَر۔وَر) کلمۂ تعظیم، غلام پالنے والا، مہربان
بندہ پروری (بَن۔دَہ۔پَر۔وَری) غلام پالنا، مہربانی۔
بندہ زادہ (بَن۔دَہ۔زا۔دَہ) غلام بچہ۔
بندہ نواز (بَن۔دَہ۔نَوَا۔ز) غلام پہ مہربان، غلام کو نوازنے والا۔
بندہ نوازی (بَن۔دَہ۔نَوَا۔زِی) غلام پر مہربانی
بندی (بَن۔دِی) قیدی، گرفتار۔
بندی خانہ (بَن۔دی۔خا۔نَہ) جیلخانہ۔
بنس (بِن۔س) بینس، بینی۔
بنصر (بِن۔صَر) چھوٹی سے بعد کی انگلی جمع بَنَاصِر۔
بنطلون (بَن۔طَلُون) پتلون۔
بنفش (بَنَف۔ش) نیلگوں، اُودا۔
پیلہ (پی۔لَہ) ریشم کا کیڑا یا کویہ۔

پیلہ ور (پی۔لَہ۔وَر) طبیب، دوافروش
پیما (پی۔ما) ناپنے والا۔
پیمان (پَی۔مان) وعدہ، عہد، سوگند،
پیمان شکستن (پَی۔مان۔شِکَس۔تَن) عہد توڑنا
پیمانہ (پَی۔ما۔نَہ) ناپنے کا آلہ۔
پیمائی (پَی۔ما۔ئی) منسوب بہ پیما۔
پیمائش (پَی۔ما۔یش) ناپ۔
پیمایندہ (پَی۔ما۔یَن۔دَہ) ناپنے والا۔
پیمبر (پَیَم۔بَر) دیکھو پیغمبر۔
پیمبری (پَیَم۔بَری) دیکھو پیغمبری۔
پیمودن (پَی۔مو۔دَن) ناپنا مضم پیما پید۔
پیمودہ (پَی۔مو۔دَہ) ناپا ہوا۔
پیمونہ (پَی۔مو۔نَہ) دیکھو پیمانہ۔
پینک، پینگی (پی۔نک، پی۔نگی) اونگھ۔
پینو (پی۔نو) خشک کی ہوئی دہی۔
پینہ (پی۔نَہ) پیوند، گٹھلی، گھٹہ، کام کی کثرت سے ہاتھ پاؤں کا کھردرا پن۔
پیو (پیو) ناردکی بیماری، مٹی کا ڈھیلا۔
پیوست (پَی۔وَس۔ت) جذب، جوڑ، میلان۔
پیوستگی (پَی۔وَس۔تَگی) ملا ہواپن، جڑائی، ہمیشگی۔
پیوستن (پَی۔وَس۔تَن) ملنا، ملانا، جوڑنا مضم پیوند۔
پیوستنی (پَی۔وَس۔تَنی) ملنے کے لائق، جوڑنے کے لائق۔
پیوستہ (پَی۔وَس۔تَہ) ملا ہوا، لگاتار، ہمیشہ۔
پیوند (پَی۔وَن۔د) جوڑ، ٹکڑا۔
پیوی (پیوی) عروسی۔
پیہ (پیہ) چربی، گھنڈ (پہیہ) پہیا، تابع۔
پیہم (پَی۔ہَم) لگاتار۔

ت

ت (تا، تے، قائم مقام عدد ۴۰۰، حرف شمسی اتیرا، مجھکو، تیرے لئے، حرف زائد مثلاً فراموش، فرامشت، چند حرف سے بدل ہے۔ ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً تاراتاہ، تاراج۔ ۲۔ د کے ساتھ مثلاً بت، بد۔ ۳۔ ش کے ساتھ مثلاً بخت، بخش۔ ۴۔ ط کے ساتھ مثلاً تبرزد، طبرزد۔ ۵۔ غ کے ساتھ مثلاً جنوک، جغوک۔

تا (تا) ۱۔ تک، ہرگز، جب سے، جب تک، تاکہ۔ ۲۔ نرم خاک۔

تاب (تاب) برداشت، طاقت، گرمی، روشنی، چمک، پیچیدگی، پیچ، چمکنے والا۔

تاباں (تا۔باں) چمکدار، چمکنے والا۔

تابانی (تا۔با۔نی) چمکداری۔

تابخانہ (تاب۔خا۔نہ) حمام، تنور گھر۔

تابدار (تاب۔دار) چمکدار۔

تابداری (تاب۔دا۔ری) چمکداری۔

تابدان (تاب۔دان) روشن دان، روشنا۔

تابستان (تا۔بس۔تان) گرمی کا موسم۔

تابش (تا۔بش) گرمی، چمک، طاقت۔

تابط (ت۔اَب۔بُط) بغل میں داب لینا۔

تابع (تا۔بع) ماتحت، نوکر، تابعدار، پیرو جمع تبعہ، توابع، تبعات، تابعین

تابعی (تا۔بعی) وہ مسلمان جس نے اصحاب رسول اللہ کا زمانہ پایا۔ جمع تابعین

تابکے (تا۔بکے) کب تک

تابناک (تاب۔ناک) روشن، چمکدار۔

تابناکی (تاب۔نا۔کی) روشنی، چمک۔

تابندگی (تا۔بن۔دگی) چمک۔

تابندہ (تا۔بن۔دہ) چمکنے والا۔

تابوت (تا۔بوت) مردے کا صندوق جمع توابیت۔

تابہ (تا۔بہ) توا۔

تابید (تا۔بید) ہمیشہ ہمیشہ کرتے رہنا۔

تابیدن (تا۔بی۔دن) دیکھو تافتن۔

تابیدہ (تا۔بی۔دہ) چمکا ہوا۔

تابین (تا۔بین) پیرو، سپاہی، پیروی، مرثیہ کہنا، منہ پر عیب بتانا۔

تاپ (تاپ) دیکھو تاب۔

تاپاک (تا۔پاک) بےقراری، اضطرابی، تپک۔

تاپال (تا۔پال) کندہ، پینڈ۔

تاتار (تا۔تار) قدیم ترکستان (وسطی ایشیا)

تاتاری (تا۔تا۔ری) منسوب بہ تاتار۔

تاتق (ت۔اَت۔تُق) بدخوئی، آرزومندی۔

تاتورہ (تا۔تو۔رہ) دھتورہ۔

تاتول (تا۔تول) ٹوٹا ہوا مٹی کا برتن۔

تاثر (ت۔اَث۔ثُر) اثر قبول کرنا۔

تاثم (ت۔اَث۔ثُم) خود کو گنہگار جاننا۔

تاثیر (تا۔ثیر، تَأ۔ثیر) اثر، اثر ڈالنا۔

تاثیم (تا۔ثیم) گناہ سے نسبت کرنا

تاج (تاج) شاہی ٹوپی، طرہ جمع تیجان۔

تاجپوشی (تاج۔پو۔شی) تاج پہننا۔

تاجج (ت۔اَج۔جُج) آگ کا لپٹ مارنا۔

تاج خروس (تاج۔خ۔روس) مرغ کیس، نام پھلواری۔

تاجدار (تاج۔دار) بادشاہ۔

تاجدارانہ (تاج۔دا۔را۔نہ) تاجدار سے منسوب۔

تاجداری (تاج۔دا۔ری) بادشاہت۔

تاجر (تا۔جر) سوداگر جمع تجار، تجارت، تاجرین۔

تاج شمع (تاج۔شمع) چراغ کی لو۔

تاجک (تا۔جک) دیکھو تاجیک۔

تاجگذاری (تاج۔گذا۔ری) تاجپوشی۔

تاجور (تاج۔ور) بادشاہ۔

تاجوری (تا-جُو-رِی) پادشاہی، بادشاہت۔
تاجیک (تا-جِیک) عجم میں پرورش پایا ہوا عرب، سوداگر۔
تاجیل (تَ-اُ-جِیل) مہلت دینا۔
تاچند (تا-چَنْ-د) کب تک۔
تاحال (تا-حَال) اب تک۔
تاخ (تاخ) نام درخت، اندھیرا، اندھیری۔
تاخت (تاخْ-ت) دوڑ، حملہ، چھاپہ۔
تاختن (تاخْ-تَن) دوڑنا، حملہ کرنا مضم تازد۔
تاختنی (تاخْ-تَنِی) دوڑنے کے لائق۔
تاختہ (تاخْ-تَہ) دوڑا ہوا۔
تاخر (تَ-اَخْ-خُر) پیچھے ہونا، دیر کرنا۔
تاخیر (تا-خِیر) دیر، دیر لگانا، پیچھے چھوڑنا۔
تاخیرہ (تا-خِی-رَہ) نصیب، حصہ، لہنا۔
تادب (تَ-اَدْ-دُب) علم زبان سیکھنا، ادب سیکھنا۔
تادیب (تا-دِیب) ادب سکھانا۔
تادیہ (تا-دِیَہ) پہنچانا، ادا کرنا۔
تاذن (تَ-اَذْ-ذُن) آگاہ کرنا۔
تاذی (تَ-اَذْ-ذِی) آزردہ ہونا۔
تاذین (تا-ذِین) کان اینٹھنا، کام کی دستوری دینا، خبردار کرنا، اذان دینا۔
تار (تار) ڈورا، سوت، تانا، لوہے کا تار، اندھیرا، تنگ، نام ساز، رقیق چیز کی دھار۔
تارات، تاراج (تا-رَات، تا-رَاج) لوٹ، تالان، یغما، غنیمت۔
تاراجگاہ (تا-رَاج-گاہ) لوٹ مار کی جگہ۔
تارت (تا-رَت) ایک بار جمع تارات۔
تارک (تا-رِک) چھوڑنے والا۔ جمع تارکین۔ (تا-رَک) سر کی مانگ۔
تارکش (تار-کَش) تار کھینچنے والا۔

تارکشی (تار-کَشِی) تار کی کھنچائی۔
تارم (تا-رَم) دیکھو طارم۔
تارمار (تار-مار) پریشان، تتر بتر۔
تارپود (تار-پود) تانا اور بانا۔
تاری (تا-رِی) دیکھو تاریک۔
تاریخ (تا-رِیخ) ظاہر ہونیکا وقت، مہینے کا کوئی دن، واقعاتِ زمانہ کا بیان۔ جمع تواریخ۔
تاریق (تا-رِیق) جگانا، بیدار کرنا۔
تاریک (تا-رِیک) اندھیرا۔
تاریکی (تا-رِی-کِی) اندھیرا پن۔
تاز (تاز) حملہ، ہلہ، دوڑ، تازہ۔
تازانہ (تا-زا-نَہ) دیکھو تازیانہ۔
تازش (تا-زِش) دوڑ، حملہ۔
تازک (تا-زِک) دیکھو تاجیک۔
تازگی (تا-زَگی) تازہ پن۔
تازندہ (تا-زَن-دَہ) دوڑنے والا، دوڑانے والا، حملہ آور۔
تازہ (تا-زَہ) نیا، تر، صاف کرنے والا۔
تازہ خیال (تا-زَہ-خَیَال) نئی سوچنے والا۔
تازہ خیالی (تا-زَہ-خَیَا-لِی) نئی سوچنا۔
تازہ دم (تا-زَہ-دَم) خوش۔
تازہ دماغ (تا-زَہ-دِمَاغ) عقلمند، خوشحال۔
تازہ دماغی (تا-زَہ-دِمَا-غِی) خوشحالی، دانائی۔
تازہ کار (تا-زَہ-کار) تازہ کرنے والا
تازہ کاری (تا-زَہ-کَا-رِی) تازہ کرنا۔
تازی (تا-زِی) عربی۔
تازیانہ (تا-زِیَا-نَہ) کوڑا، چابک، ہنٹر۔
تازیدن (تا-زِی-دَن) دیکھو تاختن۔
تازیک (تا-زِیک) دیکھو تاجیک۔
تاس (تاس) دیکھو طاس۔
تاسع (تا-سِع) نواں، نو میں ایک

تاسع عشر (تا۔سِع۔عَشَر) انیسواں ۱۹
تاسف (تَ۔اَس۔سُف) افسوس، غم کھانا۔
تاسہ (تا۔سَہ) بیکلی، سانس کی آواز، خرخراہٹ۔
تاسی (تَ۔اَس۔سی) اطاعت، پیروی۔
تاسیس (تا۔سِیس) بنیاد، جڑ، مضبوطی۔
تاش (تاش) غذا، ندا، شریک، دوست، گنجفہ۔
تاشقند (تاش۔قَند) نام شہر در روسی ترکستان)
تاشکل (تاش۔کِل) مسہ، ازغ۔
تاصل (تَ۔اَص۔صُل) جڑ پکڑنا۔
تاغ (تاغ) تاغ کا پیڑ، پہاڑ۔
تاغہ (تا۔غَہ) خالو، خوشنما۔
تاغی (تا۔غی) روگرداں، نافرمان۔
تافتن (تاف۔تَن) چمکنا، بٹنا، پھیرنا منہ تابکر۔
تافتنی (تاف۔تَنی) چمکنے کے قابل۔
تافتہ (تاف۔تَہ) بٹا ہوا، چمکا ہوا۔
تافیف (تا۔فِیف) اُف کہنا۔
تاقی (تا۔قی) کلاہ، ٹوپی۔
تاک (تاک) انگور کی بیل۔
تاکجا (تا۔کجا) کہاں تک۔
تاکد (تَ۔اَک۔کُد) مضبوط ہونا۔
تاکستان (تا۔کِس۔تان) انگور کا باغ۔
تاکید (تا۔کِید) پختگی، مضبوطی، بار بار کہنا۔
تالاب (تا۔لاب) تال
تالار (تا۔لار) منڈوا، کھیت کی ٹانڈ۔
تالان (تا۔لان) لوٹ، تاراج۔
تالاو (تا۔لاو) دیکھو تالاب۔
تالد (تا۔لِد) پرانا مال۔
تالف (تَ۔اَل۔لُف) الفت، دوستی، سازگاری۔
تالق (تَ۔اَل۔لُق) چمکنا۔

تالم (تَ۔اَل۔لُم) درد پانا۔
تال مال (تال۔مال) دیکھو تار مار۔
تالہ (تَ۔اَل۔لُہ) حق پرستی۔
تالی (تَ۔اَل۔لی) قائم مقام، پیرو، قسم کھانا۔
تالیف (تا۔لِیف) مختلف ارباب قلم کا مجموعہ، جمع تالیفات، الفت ڈالنا، ربط دینا، ملانا۔
تام (تام) پورا، تمام، کامل جمع تامات
تامل (تَ۔اَم۔مُل) سوچ بچار، اندیشہ۔
تامول (تا۔مُول) دیکھو تنبول۔
تامہ (تا۔مَہ) تمام، کامل، پورا جمع تامات۔
تامیل (تَ۔مِیل) امید رکھنا۔
تامین (تا۔مِین) آمین کہنا۔
تان (تان) تنکو، تکلو، جولاہے کا تانا۔
تانبول (تام۔بول) دیکھو تنبول۔
تانس (تَ۔اَن۔نُس) عادت پڑنا، محبت کرنا۔
تانف (تَ۔اَن۔نُف) شرم کرنا، عار رکھنا۔
تانق (تَ۔اَن۔نُق) تعجب سے دیکھنا۔
تانی (تَ۔اَن۔نی) دیر، تاخیر۔
تانیث (تا۔نِیث) مادین، مادہ پن۔
تانیس (تا۔نِیس) عادت ڈالنا، محبت کرنا۔
تاو (تاو) دیکھو تاب۔
تاوان (تا۔وان) ڈنڈ، جرمانہ۔
تاوانی (تا۔وا۔نی) منسوب بہ تاوان۔
تاوہ (تَ۔اَو۔وُہ) آہ کھینچنا۔
تاویل (تا۔وِیل) تعبیر خواب، ظاہر سے پھیر کر دوسرے معنی پہنانا۔
تاہ (تاہ) تعض، تہ، لائی۔
تاہب (تَ۔اَہ۔ہُب) آمادگی، مستعدی۔
تاہل (تَ۔اَہ۔ہُل) بیوی کرنا، گھر بسانا۔
تاہم (تا۔ہَم) نیز، بھی، باوجود۔

تائب (تا-ئِب) توبہ کرنے والا جو توآب۔
تائق (تا-ئِق) شائق، شوقین۔
تائید (تا-ئید) مدد کرنا۔
تایم (تَ-اَی-یُم) رانڈ ہونا۔
تب (تَب) دیکھو تپ
تباب (تَبَا-ب) ہلاکت، زیاں کاری۔
تبادر (تَبَا-دُر) باہم دوڑنا، بازی لیجانا۔
تبادل (تَبَا-دُل) باہم ادلنا بدلنا۔
تبادلہ (تَبَا-دُلَہ) باہمی بدلی، آپس میں بدلنا۔
تبار (تَبَار) ۱- خاندان، اولاد- ۲- ہلاکی۔
تبارک (تَبَا-رُک) بلند ہونا، پاک ہونا، زیادہ ہونا (تَبَا-رَکَ) بلند ہوا۔
تباشیر (تَبَا-شیر) دیکھو طباشیر۔
تباع (تِبَاع) عمل میں پیروی کرنا۔
تباعد (تَبَا-عُد) ایک دوسری سے دور ہونا۔
تباغض (تَبَا-غُض) ایکدوسرے سے بیر رکھنا۔
تباکی (تَبَا-کی) باہم رونا۔
تبالہ (تَبَا-لُہ) خود کو پاگل دکھانا۔
تبان (تَبَ-بان) گھاس بھوسہ بیچنے والا (تُبَان) چھوٹی شلوار۔
تباہ (تَبَاہ) برباد، اجڑا۔
تباہی (تَبَا-ہی) بربادی، خرابی، اجاڑ۔
تبایع (تَبَا-یُع) سودا جو تبایع باہم بیع کرنا، باہم بیعت کرنا۔
تباین (تَبَا-یُن) تفاوت باہمی، باہم فرق ہونا۔
تبت (تِبَ-بَت) نام ملک (جنوبی چین)
تبتل (تَبَت-تُل) خدا سے لو لگانا، دنیا سے دل اٹھانا۔
تبتیک (تَبْ-تیک) کاٹنا۔
تبجح (تَبَ-جُح) خوش ہونا۔
تبجیل (تَب-جیل) عزت کرنا۔

تبحر (تَبَ-حُر) بہت علم والا ہونا، دریا سا ہونا۔
تبخالہ (تَبْ-خَا-لَہ) ننھے گرمی دانے جو بخار کے بعد ہونٹھوں پر نکل آتے ہیں۔
تبختر (تَبَ-خْتُر) اترا کر چلنا، اکڑنا، اینڈنا۔
تبخیر (تَبْ-خیر) نام بیماری، بھاپ بنانا، بھاپ بن کر اٹھنا۔
تبدل (تَبَدْ-دُل) بدلا کرنا۔
تبدیل (تَبْ-دیل) ایک چیز سے دوسری چیز بدلنا۔
تبدین (تَبْ-دین) کمزور اور بڈھا ہونا۔
تبذیر (تَبْ-ذیر) فضول خرچی کرنا، پراگندہ کرنا۔
تبر (تَبَر) ایک قسم کی کلہاڑی (تِبْ-ر) ۱- کندن ہونا- ۲- نام جانور۔
تبرا (تَبَر-را) بیزاری۔
تبرزد (تَبَر-زَد) دیکھو طبرزد۔
تبرزن (تَبَر-زَن) لکڑہارا۔
تبرزہ (تَبَر-زَہ) دیکھو تبرزد۔
تبرع (تَبَر-رُع) چیز بخشنا، وہ کام کرنا جو واجب نہ ہو
تبرک (تَبَر-رُک) پرشاد، برکت حاصل کرنے کی چیز، مبارک شمار کرنا۔
تبرقع (تَبَر-قُع) برقعہ پوشی، برقع پہننا۔
تبرم (تَبَر-رُم) ملول ہونا، عاجز ہونا۔
تبرہ (تُبْ-رَہ) دیکھو توبرہ۔
تبرید (تَبْ-رید) ٹھنڈائی، سرد کرنا۔
تبریز (تَبْ-ریز) نام شہر (ایران)
تبریزی (تَبْ-رے-زی) تبریز کی طرف منسوب، نام مٹھائی۔
تبریق (تَبْ-ریق) تیز دیکھنا۔
تبسط (تَبَس-سُط) کشادگی۔
تبسم (تَبَس-سُم) مسکرانا، کلی کھلنا۔
تبسیدن (تَبْ-سی-دَن) دیکھو تفسیدن۔

تبشیر (تَبْ۔شِیْر) خوشخبری دینا۔
تبصر (تَبَصْ۔صُرْ) نظر، دیکھنا۔
تبصرہ (تَبْ۔صِرَہْ) عینک، بینا کرنا، سمجھانا۔
تبصیر (تَبْ۔صِیْر) بینا کرانا، سمجھوانا، روشن کرنا۔
تبطن (تَبَطْ۔طُنْ) کسی کو اپنے نیچے لینا۔
تبطین (تَبْ۔طِیْن) ہمراز اور محرم بنانا۔
تبع (تَبَعْ) ایک پیرو، بہت سے پیرو جمع اتباع، تبائعہ
تبع تابعی (تَبَعْ۔تَا۔بِعِیْ) وہ مسلمان جس نے تابعین کا زمانہ پایا۔
تبعض (تَبَعْ۔عُضْ) حصہ حصہ ہونا۔
تبعل (تَبَعْ۔عُلْ) شوہری، شوہر بننا۔
تبعہ (تَبِعَہْ) برا کام، انجام بد جمع تبعات (تَبِعَاتْ) تابع کی جمع۔
تبعیت (تَبَعِیْ۔یَتْ) پیروی۔
تبعید (تَبْ۔عِیْد) دور کرنا۔
تبعیض (تَبْ۔عِیْض) حصہ حصہ کرنا۔
تبغ (تَبْ۔غ) سوکھا تمباکو۔
تبغض (تَبَغْ۔غُضْ) دشمن ہونا۔
تبغیض (تَبْ۔غِیْض) دشمن کرنا۔
تبقیل (تَبْ۔قِیْل) خط نکلنا، سبزہ برآمد ہونا۔
تبقیہ (تَبْ۔قِیَہْ) باقی رکھنا۔
تبلد (تَبَلْ۔لُدْ) کند ذہن، کند ذہنی۔
تبلغ (تَبَلْ۔لُغْ) تھوڑی سی چیز سے بسر کرنا، التفات کرنا
تبلہ (تَبَلْ۔لُہْ) بیوقوف اور نادان ہونا۔
تبلیج (تَبْ۔لِیْج) بالوں میں سپیدی آنا۔
تبلیغ (تَبْ۔لِیْغ) پہونچانا۔
تبن (تَبْ۔ن) گھاس، پھوس، بھس، بھوسہ۔
تبنک (تَبْ۔نَکْ) سانچہ
تبنی (تَبَنْ۔نِیْ) بیٹا بنانا، گود لینا۔
تبنیت (تَبْ۔نِیَتْ) بیٹا بنانا، لے پالکی۔
تبور (تَبُوْر) ہلاکی، کاہلی۔

تبوراک (تَبُوْ۔رَاکْ) کھیت کی رکھوال کا ڈھول یا کھٹکا، چھنی، خوان، کفگیر۔
تبوک (تَبُوْکْ) دائرہ جو ڈھول کی ایک قسم ہے۔
تبہ (تَبَہْ) دیکھو تباہ۔
تبہ کار (تَبَہْ۔کَار) اُجاڑ کرنے والا۔
تبیازہ (تَبْ۔یَا۔زَہْ) تپ و لرزہ۔
تبیان (تِبْ۔یَانْ) بہت زیادہ آشکارا اور واضح کرنا۔
تبیرہ (تَبِیْ۔رَہْ) ڈھول، نقارہ۔
تبیرہ زن (تَبِیْ۔رَہْ۔زَنْ) نقارچی۔
تبیع (تَبِیْع) پیرو، مددگار جمع تبائع، تباع۔
تبین (تَبَیْ۔یُنْ) آشکارا ہونا، آشکارا کرنا۔
تبییت (تَبْ۔یِیْت) شبخون مارنا، چھاپا مارنا۔
تبییض (تَبْ۔یِیْض) سفید کرنا۔
تبیین (تَبْ۔یِیْن) بیان کرنا، پیدا کرنا، پیدا ہونا۔
تپ (تَپْ) بخار، تابش، بیقراری۔
تپاک (تَپَاکْ) گرمجوشی، چالاکی۔
تپاں (تَپَاں) تڑپتا ہوا۔
تپانچہ (تَپَاں۔چَہْ) دیکھو طپانچہ۔
تپش (تَپِشْ) سوزش، گرمی۔
تپک (تَپَکْ) دیکھو توپک (تُپَکْ) بیقراری۔
تپ لرزہ (تَپْ۔لَرْ۔زَہْ) بخار جاڑا، جوڑی۔
تپنچہ (تَپَنْ۔چَہْ) دیکھو تپانچہ
تپندہ (تَپَنْ۔دَہْ) تڑپنے والا۔
تپیدن (تَپِیْ۔دَنْ) تڑپنا، گرم ہونا مضم تپید۔
تپیدہ (تَپِیْ۔دَہْ) تڑپا ہوا، گرم ہوا، جو گرم ہو گیا ہو۔
تتابع (تَتَا۔بُعْ) لگاتار ہونا۔
تتبع (تَتَبْ۔بُعْ) پیروی کرنا، ڈھونڈھنا۔
تتر (تَتَرْ) ملک تاتار (وسطی ایشیا)
تتراق (تَتْ۔رَاقْ) سر کی مانگ۔
تترس (تَتَرْ۔رُسْ) روکنا، سپر بننا۔

تتری (تَتَری) منسوب بہ تاتار (تَتْ۔رَا) آگے پیچھے، یکے بعد دیگرے۔
تتق (تُتُق) بڑی چادر، سراپردہ۔
تتمہ (تَتِم۔مَہ) آخر، بقیہ۔
تتمیم (تَتْ۔مِیم) تمام کرنا۔
تتن (تُتُن۔تُتْ۔ن) تمباکو۔
تتویج (تَتْ۔وِیج) تاجپوشی۔
تثاقل (تَثَا۔قُل) گرانیٔ خاطر، گرانبار ہونا۔
تثاوب (تَثَا۔ءُب) جمائی۔
تثریب (تَثْ۔رِیب) سرزنش کرنا، ملامت کرنا۔
تثقل (تَثَق۔قُل) گرانبار ہونا۔
تثقیب (تَثْ۔قِیب) بر مانا۔
تثقیل (تَثْ۔قِیل) گرانبار کرنا۔
تثلیث (تَثْ۔لِیث) تین حصہ کرنا، تین کرنا۔
تثمیر (تَثْ۔مِیر) میوہ چننا، نفع پانا۔
تثمین (تَثْ۔مِین) آٹھ پہلو کرنا، مثلث گوشہ کرنا۔
تثنی (تَثَن۔نِی) مڑجانا، بکھر جانا۔
تثنیہ (تَثْ۔نِیَہ) دوگنا، دو کرنا۔
تثویر (تَثْ۔وِیر) لڑائی بھڑکانا۔
تجار (تُجْ۔جَار) تاجر کی جمع (تُجْ۔جَار) بڑا سوداگر (تِجَار) بچھیرا جس پر سواری نہ ہوئی ہو۔
تجارب (تَجَا۔رِب) تجربہ کی جمع (تَجَا۔رُب) آپس میں آزمانا۔
تجارت (تِجَا۔رَت) بیوپار، بیوپار۔
تجاسر (تَجَا۔سُر) دلیری کرنا، جسارت کرنا۔
تجالس (تَجَا۔لُس) ہمنشین ہونا۔
تجان (تَجَان) بادلہ بننا، دیوانہ بننا۔
تجانس (تَجَا۔نُس) ہم جنس ہونا۔
تجانف (تَجَا۔نُف) آپس میں میل کرنا۔
تجافی (تَجَا۔فِی) یکسو ہونا، کسی چیز سے دور ہونا۔
تجاور (تَجَا۔وُر) ہمسائگی کرنا، پڑوسی ہونا۔
تجاوز (تَجَا۔وُز) حد سے بڑھنا، گذرنا۔
تجاہد (تَجَا۔ہُد) کوشش کرنا۔
تجاہل (تَجَا۔ہُل) دانستہ انجان بننا۔
تجبر (تَجَب۔بُر) سرکشی کرنا۔
تجدد (تَجَد۔دُد) نیا ہونا۔
تجدید (تَجْ۔دِید) از سر نو کرنا، نیا کرنا۔
تجدیف (تَجْ۔دِیف) کافر نعمتی کرنا۔
تجر (تَجْر) دیکھو تجارت۔
تجرب (تَجَر۔رُب) آزمانا۔
تجربہ (تَجْ۔رِبَہ) آزمایش جمع تجارب آزمانا۔
تجربہ کار (تَجْ۔رِبَہ۔کَار) جانچ کیا ہوا، آزمودہ۔
تجربہ کاری (تَجْ۔رِبَہ۔کَا۔رِی) جانچ ہونا، آزمودہ کاری۔
تجرد (تَجَر۔رُد) تنہائی، کوراپن، قطع علایق، ننگاپن، ننگا ہونا۔
تجرع (تَجَر۔رُع) گھونٹ گھونٹ پینا۔
تجرم (تَجَر۔رُم) جھوٹا جرم لگانا، سال تمام ہونا۔
تجریح (تَجْ۔رِیح) گھائل کرنا۔
تجرید (تَجْ۔رِید) تنہائی، مجرد کرنا، ننگا کرنا۔
تجزی (تَجَز۔زِی) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تجزیم (تَجْ۔زِیم) عاجز ہونا۔
تجزیہ (تَجْ۔زِیَہ) تقسیم کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تجسس (تَجَس۔سُس) ڈھونڈھنا، تلاش کرنا۔
تجسم (تَجَس۔سُم) موٹا ہونا، کسی چیز کا قصد کرنا، کسی کو بڑا بنانا۔
تجشم (تَجَش۔شُم) محنت مشقت کرنا۔
تجعجع (تَجَع۔جُع) پچھاڑیں کھانا۔
تجعد (تَجَع۔عُد) جھنڈولے بال ہونا۔
تجفاف (تِجْ۔فَاف) پاکھر، برگستواں، کیچم۔
تجفیف (تَجْ۔فِیف) خشک کرنا۔
تجلا (تَجَل۔لَا) دیکھو تجلی۔

تجلد (تَجَلُّد) جلدی کرنا، پھرتی دکھانا۔
تجلیہ (تَجْ۔ لِیَہ) چھوٹا جبڑھانا، اُجالنا، روشن اور آشکارا کرنا۔
تجلی (تَجَلّی، تَجَلّا) جھکڑا، روشنی، جلوہ کرنا۔
تجلیات (تَجَلّ۔ لِیات) تجلی کی جمع روشنیاں۔
تجلید (تَجْ۔ لِید) جلد باندھنا، کھال اُتارنا۔
تجمش (تَجَمُّش) بال مونڈنا، باریک آواز نکالنا۔
تجمع (تَجَمُّع) فراہم ہونا۔
تجمل (تَجَمُّل) آرایش کرنا، ٹھاٹھ دکھانا۔
تجملات (تَجَمُّلات) تزئین، سروسامان آرایش۔
تجنب (تَجَنُّب) دور ہونا، الگ تھلگ ہونا۔
تجنی (تَجَنّی) بہانہ ڈھونڈھنا، قصور وار ٹھہرانا۔
تجنید (تَجْ۔ نید) لشکر جمع کرنا۔
تجنیس (تَجْ۔ نیس) ہم جنس کرنا، یکساں کرنا۔
تجوید (تَجْ۔ وید) صحیح تلفظ ادا کرنا، اچھی بات کرنا۔
تجویز (تَجْ۔ ویز) رائے دینا، جائز کرنا، جائز رکھنا۔
تجویع (تَجْ۔ ویع) بالقصد بھوکا رکھنا۔
تجویف (تَجْ۔ ویف) کھوکھلا کرنا۔
تجہز (تَجَہُّز) کام پر آمادہ ہونا۔
تجہیز (تَجْ۔ ہیز) سروسامان، جہیز تیار کرنا، کفن دفن کا بندوبست کرنا۔
تحاب (تَحابّ) آپس میں محبت کرنا۔
تحادث (تَحا۔ دُث) آپس میں باتیں کرنا۔
تحارب (تَحا۔ رُب) باہم لڑنا۔
تحاسد (تَحا۔ سُد) آپس میں حسد کرنا
تحاسی (تَحا۔ سی) آپس میں پینا۔
تحاشی (تَحا۔ شی) الگ ہونا، یکسو ہونا
تحافی (تَحا۔ فی) نیک ہونا، جدا ہونا۔
تحاکم (تَحا۔ کُم) باہم حاکم کے نزدیک ہونا۔
تحالف (تَحا۔ لُف) آپس میں حلف اٹھانا۔

تحامی (تَحا۔ می) پرہیز کرنا، اپنے کو نگاہ رکھنا۔
تحاور (تَحا۔ وُر) آپس میں گفتگو کرنا۔
تحائف (تَحا۔ ئِف) تحفہ کی جمع۔
تحت (تَحْت) زیر، نیچے۔
تحت الثری (تَحْ۔ تُث۔ ثَرا) زیر زمین۔
تحت الشعاع (تَحْ۔ تُش۔ شُعاع) مہینہ کے وہ آخری تین دن جن میں چاند نہیں نکلتا۔
تحت الحنک (تَحْ۔ تُل۔ حَنَک) عمامہ کا پیچ ٹھوڑی کے نیچے۔
تحت القہوہ (تَحْ۔ تُل۔ قَہ۔ وَہ) قہوہ یا چائے کے ساتھ کھانے کی چیز۔
تحت اللفظ (تَحْ۔ تُل۔ لَف۔ ظ) لفظی، زبانی، لفظ بہ لفظ۔
تحتانی (تَحْ۔ تا۔ نی) منسوب بہ تحت، نیچے والی یا والا۔
تحتم (تَحَتُّم) واجب ہونا۔
تحجر (تَحَجُّر) پتھر بن جانا۔
تحجم (تَحَجُّم) کسی چیز کا اُبھرنا یا نکلنا، چوسنا، پچھنے لگانا، باز رکھنا۔
تحجیر (تَحْ۔ جیر) چاند کا ہالہ پڑنا۔
تحدث، تحدیث (تَحَدُّث، تَحْ۔ دیث) بات کہنا، خبر کرنا۔
تحدی (تَحَدّی) لڑائی کرنا، للکارنا۔
تحدیب (تَحْ۔ دیب) اُبھارنا، اونچا کرنا۔
تحدید (تَحْ۔ دید) تیز کرنا، حد لگانا، حد باندھنا۔
تحدیق (تَحْ۔ دیق) تیز دیکھنا۔
تحذیر (تَحْ۔ ذیر) ڈرانا۔
تحذلق (تَحَذْ۔ لُق) عقلمندی کا دعوی کرنا۔
تحرز (تَحَرُّز) پرہیز کرنا، خود پر قابو رکھنا۔
تحرق (تَحَرُّق) جلا ہوا ہونا۔
تحرک (تَحَرُّک) ہلنا۔
تحرم (تَحَرُّم) حرمت رکھنا۔

تحری (تَحَرْ ۔ رِی) دیتی ڈھونڈھنا، بہتری ڈھونڈھنا
تحرید (تَحْ ۔ رِیدْ) غصہ دلانا، عمارت بنانا۔
تحریر (تَحْ ۔ رِیرْ) لکھائی، نقش، جمع تحاریر، تحریرات لکھنا
تحریش (تَحْ ۔ رِیشْ) لوگوں میں ست رنڈ ڈالنا
تحریص (تَحْ ۔ رِیصْ) لالچ دلانا، شغف میں ڈالنا۔
تحریض (تَحْ ۔ رِیضْ) جنگ پر ابھارنا، درغلانا۔
تحریف (تَحْ ۔ رِیفْ) بات کا محل بدلنا۔
تحریق (تَحْ ۔ رِیقْ) بہت جلانا۔
تحریک (تَحْ ۔ رِیکْ) متفقہ کوشش جمع تحریکات ہلانا۔
تحریم (تَحْ ۔ رِیمْ) محترم کرنا، حرام کرنا۔
تحریمہ (تَحْ ۔ رِی ۔ مَہْ) تکبیر، نیت نماز۔
تحزن (تَحَزْ ۔ زُنْ) رنجیدہ ہونا۔
تحزیز (تَحْ ۔ زِیزْ) تیز کرنا۔
تحزین (تَحْ ۔ زِینْ) رنجیدہ کرنا، حزین آواز سے پڑھنا۔
تحسر (تَحَسْ ۔ سُرْ) حسرت کرنا، افسوس کرنا۔
تحسیر (تَحْ ۔ سِیرْ) حسرت میں ڈالنا، آزردہ کرنا۔
تحسین (تَحْ ۔ سِینْ) سراہنا، تعریف کرنا۔
تحشم (تَحَشْ ۔ شُمْ) غصہ دکھانا، نوکر چاکر والا ہونا
تحشیر (تَحْ ۔ شِیرْ) اہل و عیال کو نفقہ پورا نہ دینا۔
تحشیہ (تَحْ ۔ شِیَہْ) حاشیہ لکھنا۔
تحصن (تَحَصْ ۔ صُنْ) قلعہ بند ہونا۔
تحصی (تَحْ ۔ صَا) گھیر گیا، احاطہ کیا گیا۔
تحصیل (تَحْ ۔ صِیلْ) لینا، حاصل کرنا، جمع کرنا۔
تحصیلات (تَحْ ۔ صِی ۔ لَاتْ) تحصیل کی جمع،
رقمیں جو جمع کی گئی ہوں۔
تحصین (تَحْ ۔ صِینْ) شہر پناہ کھچوانا۔
تحضیض (تَحْ ۔ ضِیضْ) ورغلانا، برانگیختہ کرنا۔
تحفگی (تُحْ ۔ فَگِی) خوبی، تحفہ پن۔
تحفہ (تُحْ ۔ فَہْ) نادر، انوکھا، سوغات جمع تحائف
تحف، تحفجات۔
تحفی (تَحَفْ ۔ فِی) مہربانی دکھانا۔

تحفیظ (تَحْ ۔ فِیظْ) یاد کرانا۔
تحقق (تَحَقْ ۔ قُقْ) ثابت ہونا، درست ہونا۔
تحقیر (تَحْ ۔ قِیرْ) ذلیل کرنا، حقیر جاننا۔
تحقیق (تَحْ ۔ قِیقْ) کھوج جمع تحقیقات،
حقیقت جاننا۔
تحکم (تَحَکْ ۔ کُمْ) حکومت دکھلانا۔
تحکیم (تَحْ ۔ کِیمْ) پنچ بنانا، حاکم بنانا۔
تحلاق (تِحْ ۔ لَاقْ) مونڈھن۔
تحلب (تَحَلْ ۔ لُبْ) منہ میں پانی بھر آنا۔
تحلل (تَحَلْ ۔ لُلْ) تحلل کرنا ہو جانا۔
تحلم (تَحَلْ ۔ لُمْ) حلم ظاہر کرنا، موٹا ہونا۔
تحلی (تَحَلْ ۔ لِی) زیور پہنانا، آراستہ ہونا۔
تحلیف (تَحْ ۔ لِیفْ) قسم دینا، حلف اٹھوانا۔
تحلیق (تَحْ ۔ لِیقْ) گلے تک بھرنا، حلق تک بھرنا۔
تحلیل (تَحْ ۔ لِیلْ) حلال کرنا، گھلا ڈالنا۔
تحلیم (تَحْ ۔ لِیمْ) بردباری کرنا۔
تحلیہ (تَحْ ۔ لِیَہْ) میٹھا کرنا، تعریف کرنا، زیور پہنانا۔
تحمق (تَحَمْ ۔ مُقْ) احمق ہونا۔
تحمل (تَحَمْ ۔ مُلْ) برداشت، بردباری، اٹھانا۔
تحمید (تَحْ ۔ مِیدْ) حمد کرنا، سراہنا۔
تحمیر (تَحْ ۔ مِیرْ) بالوں کا جوڑا باندھنا۔
تحمیق (تَحْ ۔ مِیقْ) احمق بنانا۔
تحمیل (تَحْ ۔ مِیلْ) حوالہ کرنا۔
تحنط (تَحَنْ ۔ نُطْ) اپنے خوشبو ملنا، بوجھ لادنا۔
تحنف (تَحَنْ ۔ نُفْ) سیدھی راہ چلنا، بہترین
مذہب پر چلنا۔
تحنن (تَحَنْ ۔ نُنْ) مہربانی کرنا۔
تحنی (تَحَنْ ۔ نِی) ٹیڑھا ہونا، ہاتھ مروڑنا۔
تحنیط (تَحْ ۔ نِیطْ) مردے کے خوشبو دار دوائیں لگانا۔
تحور (تَحَوْ ۔ وُرْ) جلدی کرنا، غصہ کرنا۔
تحول (تَحَوْ ۔ وُلْ) ایک سے دوسری جگہ جانا، حوالہ ہونا۔

تحویط (تَح۔ وِیط) دیوار بنانا۔
تحویل (تَح۔ وِیل) ہنڈی یا منی آرڈر، سپردگی، حوالہ کرنا۔
تحویلدار (تَح۔ وِیل۔ دار) خزانچی۔
تحیت (تَحی۔ یَت) سلام، بادشاہی، جمع تحیات۔
تحیر (تَحَی۔ یُر) حیرانی، بھونچکا ہونا۔
تحین (تَحَی۔ یُن) وقت تاکنا۔
تحیہ (تَحی۔ یَہ) دیکھو تحیت۔
تحییر (تَح۔ یِیر) سرگشتہ کرنا۔
تخارج (تَخَا۔ رُج) تقسیم ہونا۔
تخاصم (تَخَا۔ صُم) آپس میں دشمنی کرنا۔
تخافت (تَخَا۔ فُت) پوشیدہ کہنا، راز بتانا۔
تخالج (تَخَا۔ لُج) دل میں شک آنا۔
تخالص (تَخَا۔ لُص) آزادی۔
تخالف (تَخَا۔ لُف) مخالفت، دگرگونی۔
تخاوف (تَخَا۔ وُف) آپس میں خوف کھانا۔
تخبط (تَخَب۔ بُط) بے راہ چلنا، جن کا پڑھ کر دیوانہ کر دینا۔
تخت (تَخ۔ ت) تخت شاہی، بیٹھنے کی چوکی۔
تخت گاہ (تَخ۔ ت۔ گَاہ) راجدھانی۔
تختم (تَخَت۔ تُم) انگوٹھی انگلی میں ڈالنا۔
تخت نشین (تَخ۔ ت۔ نَشِین) بادشاہ، تخت پر بیٹھنے والا۔
تخت نشینی (تَخ۔ ت نَشی۔ نِی) بادشاہ ہونا۔
تختہ (تَخ۔ تَہ) لکڑی کا کوئی تختہ، تابوت۔
تخت یا تختہ (تَخ۔ ت۔ یا۔ تَخ۔ تَہ) شاہی تخت یا تابوت۔
تختہ اول (تَخ۔ تَہ۔ اَوْ۔ وَل) لوحِ محفوظ۔
تختہ بند (تَخ۔ تَہ۔ بَن۔ د) ٹوٹی ہڈی پر باندھنے کی تختی۔
تختہ نرد (تَخ۔ تَہ۔ نَر۔ د) چوپڑ، شطرنجی۔
تختی (تَخ۔ تِی) لکھنے کی مشق کی تختی، چھوٹا تختہ۔

تخجیل (تَخ۔ جِیل) شرمندہ کرنا۔
تخدد (تَخَد۔ دُد) کھال ڈھیلی پڑ جانا، بدن دُبلا ہو جانا۔
تخدیر (تَخ۔ دِیر) عورت کو پردے بٹھلانا، عضو سن کر دینا۔
تخرج (تَخَر۔ رُج) علم سیکھ لینا، ادب پانا۔
تخرجہ (تَخ۔ رِجَہ) خارج کرنا، نکالنا۔
تخرق (تَخَر۔ رُق) پھٹا ہونا، جھوٹ بولنا۔
تخریب (تَخ۔ رِیب) بگاڑنا، خراب کرنا۔
تخریج (تَخ۔ رِیج) باہر لانا، ادب دینا۔
تخریق (تَخ۔ رِیق) چیرنا، پھاڑنا۔
تخسیر (تَخ۔ سِیر) کمی، ہلاک کرنا۔
تخش (تَخ۔ ش) اونچا، صدرِ مجلس، بالا۔
تخشع (تَخَش۔ شُع) عاجزی کرنا۔
تخشیدن (تَخ۔ شِی۔ دَن) ادبر بیٹھنا۔
تخصیص (تَخ۔ صِیص) خصوصیت، خاص کرنا۔
تخضع (تَخَض۔ ضُع) عاجزی کرنا۔
تخضیر (تَخ۔ ضِیر) ہرا کرنا، سبز کرنا۔
تخطف (تَخَط۔ طُف) اُچک لے جانا۔
تخطی (تَخَط۔ طِی) خطا سے منسوب کرنا، چھوڑنا۔
تخطیہ (تَخ۔ طِیَہ) خطا پکڑنا۔
تخفیر (تَخ۔ فِیر) شرمندہ کرنا۔
تخفیف (تَخ۔ فِیف) کمی، ہلکا کرنا۔
تخلخل (تَخَل۔ خُل) بکھر جانا۔
تخلص (تَخَل۔ لُص) شاعر کا وہ چھوٹا سا نام جو کسی مناسبت سے شعر میں اختیار کیا جاوے۔
تخلج (تَخَل۔ لُج) اکھڑا ہونا، پراگندہ ہونا، جدا ہونا۔
تخلف (تَخَل۔ لُف) وعدہ خلافی کرنا، پیچھے رہنا۔
تخلق (تَخَل۔ لُق) عادت ڈالنا، خوش خو ہونا۔
تخلل (تَخَل۔ لُل) خرابی، خلل پڑنا۔
تخلی (تَخَل۔ لِی) خالی ہونا۔

تخلید (تَخ۔ لِید) ہمیشگی کرنا، کان میں پہنانا۔
تخلیص (تَخ۔ لِیص) خلاص کرنا، چھڑانا۔
تخلیط (تَخ۔ لِیط) کلام میں باطل ملانا۔
تخلیع (تَخ۔ لِیع) اکھاڑ دینا، جدا کرنا۔
تخلیق (تَخ۔ لِیق) پیدا کرنا۔
تخلیل (تَخ۔ لِیل) خلال کرنا، سرکہ ڈالنا۔
تخلیہ (تَخ۔ لِیَہ) خالی کرنا۔ جمع تخلیات
تخم (تُخ۔ م) بیج، انڈا۔ جمع تخوم و تخام۔
تخماق (تُخ۔ ماق) کھونٹا وغیرہ گاڑنے کی موگری۔
تخمر (تَخَ۔ مُّر) چادر اوڑھنا۔
تخم ریزی (تُخ۔ م۔ رے۔ زی) بیج کی بوائی۔
تخمہ (تُخ۔ مَہ) بدہضمی، اصل میں تخمۃ، تثنی کے ساتھ بدہضمی جمع تخمات، تخم۔
تخمہ ور، تخمسہ (تُخ۔ مَہ۔ ور۔ تُخ۔ مَہ) نسلاً بعد نسلٍ۔
تخمی (تُخ۔ می) خیمہ لگانا۔ (تُخ۔ می) تخم سے منسوب، بیج کا۔
تخمیر (تَخ۔ مِیر) خمیر اٹھانا۔
تخمیس (تَخ۔ مِیس) پانچ کرنا۔
تخمین (تَخ۔ مِین) اندازہ کرنا۔
تخمیناً (تَخ۔ مِی۔ نَن) اٹکل سے۔
تخمینہ (تَخ۔ مِی۔ نَہ) اٹکل، اندازہ۔
تخوخہ (تَخَو۔ خُہ) خمیر کھٹا ہونا۔
تخوف (تَخَوُّ۔ وُف) ڈرنا۔
تخون (تَخَوُّ۔ وُن) کسی کا حق گھٹانا۔
تخویف (تَخ۔ وِیف) ڈرانا۔
تخوین (تَخ۔ وِین) خیانت سے منسوب کرنا۔
تخیل (تَخَیُّ۔ یُل) خیال میں لانا۔
تخییر (تَخ۔ یِیر) اختیار کرنا۔
تخییل (تَخ۔ یِیل) دھیان کرنا، خیال میں لانا۔
تداخل (تَدَا۔ خُل) ایک غذا ہضم ہوئے بغیر دوسری کھا لینا، باہم مل جانا۔
تدارک (تَدَا۔ رُک) بدلہ، چارہ کار، پوچھنا۔
تداعی (تَدَا۔ عِی) ایک دوسرے کو بلانا۔
تدافع (تَدَا۔ فُع) ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تداول (تَدَا۔ وُل) دست بدست پھرنا۔
تداوی (تَدَا۔ وِی) دوا دارو کرنا۔
تدبر (تَدَب۔ بُر) بات کا پیچھا سوچنا۔
تدبیر (تَد۔ بِیر) انجام کار پر غور، عقل۔ جمع تدابیر۔
تدثر (تَدَث۔ ثُر) چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
تدخین (تَد۔ خِین) دھواں کرنا۔
تدریج (تَد۔ رِیج) رفتہ رفتہ ہونا۔
تدریس (تَد۔ رِیس) پڑھانا۔
تدسیہ (تَد۔ سِیَہ) گمراہ کرنا، تباہ کرنا۔
تدفین (تَد۔ فِین) دفنانا، دابنا۔
تدقیق (تَد۔ قِیق) باریک کرنا، خوب کوٹنا۔
تدلک (تَدَل۔ لُک) خود کو ملنا۔
تدلل (تَدَل۔ لُل) باہم ناز کرنا۔
تدلی (تَدَل۔ لِی) بہت نزدیک ہونا، لٹکا ہونا، لٹکنا۔
تدلیس (تَد۔ لِیس) گاہک کی نظر بچانا۔
تدمیر (تَد۔ مِیر) ہلاکت میں ڈالنا۔
تدنس (تَدَن۔ نُس) میلا ہونا۔
تدنی (تَدَن۔ نِی) آہستہ آہستہ نزدیک ہونا۔
تدنیس (تَد۔ نِیس) میلا کرنا۔
تدنیق (تَد۔ نِیق) نظر کم سے دیکھنا، کام کی دیکھ بھال کرنا۔
تدویخ (تَد۔ وِیخ) شہروں شہروں پھرنا، رام کرنا۔
تدویر (تَد۔ وِیر) گرد پھرانا۔
تدوین (تَد۔ وِین) جمع کرنا، تالیف کرنا۔
تدہن، تدہین (تَدَہ۔ ہُن، تَد۔ ہِین) تیل چپڑنا۔
تدین (تَدَی۔ یُن) دیانت داری، دینداری۔
تذبذب (تَذَب۔ ذُب) ڈگمگانا، تردد کرنا۔

تذور (تَذَ-رَو) ایک نہایت خوبصورت جنگلی مرغ۔
تذریق (تَذْ-رِیْق) دودھ میں پانی ملانا۔
تذکار (تَذْ-کَارْ) یادگار، چرچا۔
تذکر (تَذَکْ-کُرْ) یاد کرنا، یاد آجانا۔
تذکرہ (تَذْ-کِرَہْ) ذکر، یادداشت، یادگار، پروانۂ راہداری، ٹکٹ، نشانی۔
تذکرتی (تَذْ-کِرَتِیْ) بطور تذکرہ۔
تذکیر (تَذْ-کِیْر) مذکر کرنا، یاد دلانا، نصیحت کرنا۔
تذکیہ (تَذْ-کِیَہْ) گلا کاٹنا، آگ بھڑکانا۔
تذلل (تَذَلْ-لُلْ) رام ہونا، عاجزی کرنا۔
تذلیق (تَذْ-لِیْق) تیز کرنا۔
تذلیل (تَذْ-لِیْل) بےعزت کرنا، ذلیل کرنا۔
تذنیب (تَذْ-نِیْب) دمدار بنانا۔
تذہب، تذہیب (تَذَہْ-ہُبْ، تَذْ-ہِیْب) سونے کا جھول چڑھانا۔
تذییل (تَذْ-یِیْل) ایک چیز کا دوسری چیز پر دامن لگانا۔
تر (تَرْ) تازہ، نیا، آبدار، صاف، پاکیزہ، بھیگا، لتھڑا، شرمندہ، کلمۂ تفضیل، زیادہ۔
ترا (تَرَا) تجھکو (تَرَا) مضبوط دیوار۔
تراب (تُرَابْ) مٹی، زمین، خاک
ترا بخدا (تُرَا-بَخُدَا) تجھے خدا کی قسم۔
ترابی (تُرَا-بِیْ) منسوب بہ تراب، مٹی کا۔
ترابیدن (تَرَا-بِیْ-دَنْ) دیکھو ترادیدن۔
ترابیزہ (تَرَا-بِیْ-زَہْ) سبز
تراج (تُرْ-رَاجْ) دیکھو دُرّاج۔
تراجع (تَرَا-جُعْ) واپس پھرنا، منقلب ہونا۔
تراجم (تَرَا-جِمْ) ترجمہ کی جمع۔
تراجی (تَرَا-جِیْ) باہم امید رکھنا۔
تراخی (تَرَا-خِیْ) کاہلی، تقصیر کرنا، دیر کرنا۔
ترادف (تَرَا-دُفْ) آگے پیچھے بیٹھنا، ہم معنی ہونا۔
تراز (تَرَازْ) دیکھو طراز۔

ترازو (تَرَا-زُوْ) تولنے کا آلہ، تل جانا۔
ترازیدن (تَرَا-زِیْ-دَنْ) دیکھو طرازیدن۔
ترازڈی (ٹرا-ژِڈِیْ) غمناک یا اضطراب انگیز ڈرامہ۔
تراسل (تَرَا-سُلْ) آپس میں نامہ و پیام بھیجنا۔
تراش (تَرَاشْ) آرائش، کاٹ، گھاؤ، انقطاع، نفع، چھیلنے والا۔
تراشندہ (تَرَا-شَنْ-دَہْ) چھیلنے والا، کاٹنے والا، کترنے والا۔
تراشہ (تَرَا-شَہْ) چھیلن، کٹن، کترن۔
تراشیدن (تَرَا-شِیْ-دَنْ) کترنا، کاٹنا، چھیلنا مضع تراشندہ۔
تراشیدنی (تَرَا-شِیْ-دَنِیْ) کاٹنے کے لائق۔
تراشیدہ (تَرَا-شِیْ-دَہْ) کاٹا ہوا، چھیلا ہوا، کترا ہوا۔
تراض، تراضی (تَرَاضْ، تَرَا-ضِیْ) آپس میں ایک دوسرے سے راضی ہونا۔
تراقی (تَرَا-قِیْ) ترقوہ کی جمع۔
تراکم (تَرَا-کُمْ) جمگھٹا، بھیڑ، انبوہ۔
تراکیب (تَرَا-کِیْب) ترکیب کی جمع۔
ترامی (تَرَا-مِیْ) آپس میں پتھر مارنا، کام میں تاخیر کرنا۔
ترانہ (تَرَا-نَہْ) راگ، گیت۔
تراوت (تَرَا-وَتْ) نمی، تراوٹ۔
تراوش (تَرَا-وِشْ) ٹپکا، ٹپکن۔
تراوندہ (تَرَا-وِنْ-دَہْ) ٹپکنے والا۔
تراویح (تَرَا-وِیْحْ) ترویح کی جمع۔
تراویدن (تَرَا-وِیْ-دَنْ) ٹپکنا، رسنا، مضع تراوندہ۔
تراویدنی (تَرَا-وِیْ-دَنِیْ) ٹپکنے کے لائق۔
تراویدہ (تَرَا-وِیْ-دَہْ) ٹپکا ہوا، رسا ہوا۔
تراہی (تَرَا-ہِیْ) نیا پھل، نیا پودا۔

ترائب (تَرَا۔ اِبْ) تریبہ کی جمع۔
ترائیدن (تَرَا۔ اِیْ۔ دَنْ) دیکھو ترادیدن۔
ترب (تِرْ۔ ب) ہمعمر، ہجولی جمع اتراب۔
(تَرْ۔ ب) مولی (تَرْ۔ ب) نفقیری، خاک آلودگی
جمع اَتْرِبَہ، تِرْبان۔
تربت (تُرْ۔ بَتْ) قبر، مٹی، زمین۔
ترید (تَرْ۔ بُدْ) ہوا بھیگی ہونا، ترشرو ہونا،
چہرہ متغیر ہونا (تُرْ۔ بُدْ) نام دست آور
دوا، نسوت۔
تربز (تَرْ۔ بُزْ) تربوز، ہندوانہ، جَمجَب۔
تربزہ (تُرْ۔ بُزَہْ) مولی (تَرْ۔ بُزَہْ) تربوز۔
تربص (تَرَ۔ بُصْ) ڈھیل، امید، راہ دیکھنا۔
تربیت (تَرْ۔ بِیَتْ) پرورش کرنا، پالنا۔
تربیع (تَرْ۔ بِیْعْ) چار حصوں میں تقسیم کرنا۔
ترتب (تَرَتْ۔ تُبْ) ٹھیک اور راست ہونا۔
ترت و مرت (تَرْ۔ تُوْ۔ مَرْ۔ تْ) زیر و زبر۔
ترتیب (تَرْ۔ تِیْبْ) موزوں جگہ پر رکھنا، حسب
درجہ ٹھیک کرنا۔
ترتیل (تَرْ۔ تِیْلْ) آہستہ اور صاف کھول کر پڑھنا۔
ترجل (تَرَ۔ جُلْ) پیدل چلنا۔
ترجم (تَرَ۔ جُمْ) دوسری زبان میں مطلب بدلنا۔
ترجمان (تَرْ۔ جُمَانْ) ایک کی بولی دوسری کو سمجھانے والا
ترجمانی (تَرْ۔ جُمَا۔ نِیْ) منسوب بطرف ترجمان۔
ترجمہ (تَرْ۔ جُمَہْ) دوسری زبان میں بدلنا،
بیان کرنا جمع تراجم۔
ترجی (تَرَ۔ جِیْ) امید رکھنا۔
ترجیب (تَرْ۔ جِیْبْ) بزرگ رکھنا، شان رکھنا۔
ترجیح (تَرْ۔ جِیْحْ) غالب ہونا، افزوں ہونا، جھلانا۔
ترجیع (تَرْ۔ جِیْعْ) انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھنا
واپس پھیرنا۔
ترجیل (تَرْ۔ جِیْلْ) چھوڑنا۔

ترجیہ (تَرْ۔ جِیَہْ) امیدوار کرنا، امیدوار رکھنا۔
ترح (تَرَحْ) رنج، غم۔
ترحال (تِرْ۔ حَالْ) کوچ کرنا۔
ترحب (تَرَ۔ حُبْ) مرحبا کہنا۔
ترحل (تَرَ۔ حُلْ) کوچ کرنا۔
ترحم (تَرَ۔ حُمْ) رحم کرنا، ترس کھانا۔
ترحی (تَرَ۔ حِیْ) اکٹھا ہونا۔
ترحیب (تَرْ۔ حِیْبْ) تعظیم، مرحبا کہنا۔
ترحیل (تَرْ۔ حِیْلْ) کوچ کرانا۔
ترخان (تَرْ۔ خَانْ) جسکی شخصیت قانون سے بالا ہو۔
ترخص (تَرَ۔ خُصْ) آسانی کرنا، رخصت پانا۔
ترخیص (تَرْ۔ خِیْصْ) اجازت دینا، رخصت دینا۔
ترخیم (تَرْ۔ خِیْمْ) نرم بنانا، کلمہ کا آخر حرف گرانا۔
تردامن (تَرْ۔ دَا۔ مَنْ) گنہگار۔
تردامنی (تَرْ۔ دَا۔ مَنِیْ) گنہگاری۔
تردد (تَرَدْ۔ دُدْ) فکر، تباہی، آمد و رفت۔
تردست (تَرْ۔ دَسْ۔ تْ) چست و چالاک، مشاق۔
تردستی (تَرْ۔ دَسْ۔ تِیْ) مشاقی۔
تردماغ (تَرْ۔ دِمَاغْ) عقلمند، سرمست۔
تردی (تَرَدْ۔ دِیْ) کندھے پر چادر ڈالنا۔
تردید (تَرْ۔ دِیْدْ) رد کرنا، کسی بات کا جواب دینا۔
تردیف (تَرْ۔ دِیْفْ) اپنے پیچھے سوار کرنا۔
ترزبان (تَرْ۔ زَبَانْ) خوش کلام۔
ترزبانی (تَرْ۔ زَبَا۔ نِیْ) خوش کلامی۔
ترس (تَرْ۔ س) ڈر، ڈرنے والا (تُرْ۔ س)
ڈھال جمع تُروس، تِراس، اَتراس۔
ترسا (تَرْ۔ سَا) آتش پرست، نصرانی۔۲۔ ڈرنے والا۔
ترساں (تَرْ۔ سَاں) ڈرتا ہوا، ڈرنے والا۔
ترسانیدن (تَرْ۔ سَا۔ نِیْ۔ دَنْ) ڈرانا۔
ترسل (تَرَسْ۔ سُلْ) مکتوب، خط، رسالہ لکھنا۔
ترسناک (تَرْس۔ نَاکْ) ڈرا ہوا۔

ترسندہ (تَر۔سِن۔دَہ) ڈرنے والا۔
ترسیدن (تَر۔سِی۔دَن) ڈرنا مضم ترسد۔
ترسیدہ (تَر۔سِی۔دَہ) ڈرا ہوا۔
ترسیل (تَر۔سِیل) روانہ کرنا، خط بھیجنا۔
ترش (تُرش) کھٹا، ناراض۔
ترشح (تَرَشْ۔شُح) مینہ کی پھوار، ٹپکنا۔
ترش رو (تُرش۔رُو) بدمزاج۔
ترش روئی (تُرش۔رُو۔اِی) بدمزاجی۔
ترشنہ (تُر۔شَنَہ) جھوکا، حماض، ایک کھٹی گھاس۔
ترشی (تُر۔شِی) کھٹائی، ناراضی۔
ترشیح (تَر۔شِیح) پانی دینا، نام صنعت شاعری۔
ترشیش (تَر۔شِیش) مینہ کا چھینٹا، پھوار۔
ترصد (تَرَصْ۔صُد) امید رکھنا، گھات لگانا۔
ترصیص (تَر۔صِیص) مضبوط بنانا۔
ترصیع (تَر۔صِیع) جواہر جڑنا، مقفی عبارت لکھنا۔
ترضی یا ترضیہ (تَر۔ضَا یا تَر۔ضِیَہ) راضی کرنا، خوشنود کرنا۔
ترطیب (تَر۔طِیب) تر کرنا، مزاج میں تری لانا۔
ترع (تَرَع) حوض یا بھرا ہوا برتن۔
ترعرع (تَرَعْ۔رُع) بچہ بڑھنا۔
ترعہ (تُر۔عَہ) نہر، سبزہ زار جمع ترع۔
ترغاق، ترغاک (تَر۔غَاق، تَر۔غَاک) پاسبانی، نگہبانی۔
ترغیب (تَر۔غِیب) رغبت دلانا، لالچ دینا۔
ترف (تَرَف) پنیر، سکھ چین کی تازگی۔
ترفان (تَر۔فَان) ترجمان۔
ترفع (تَرَفْ۔فُع) گھمنڈ، غرور، بلندی ڈھونڈھنا۔
ترفق (تَرَفْ۔فُق) نرمی دکھلانا، مہربانی کرنا
ترفہ (تَرَفْ۔فُہ) آسودگی، مالداری۔
ترفیہ (تَر۔فِی۔ہ) آسودگی، آسایش دینا۔
ترقب (تَرَقْ۔قُب) امید، انتظار۔
ترقوہ (تَر۔قُوَہ) ہنسلی کی ہڈی جمع تراقی۔

ترقی (تَرَقْ۔قِی) اوپر چڑھنا، اونچا ہونا۔
ترقیدن (تَر۔قِی۔دَن) دیکھو ترکیدن مضم ترقد۔
ترقیص (تَر۔قِیص) رقص کرانا، نچوانا۔
ترقیع (تَر۔قِیع) ٹکڑے ٹکڑے لگانا۔
ترقیق (تَر۔قِیق) پتلا کرنا، باریک کرنا۔
ترقیم (تَر۔قِیم) لکھنا، رقم کرنا۔
ترقین (تَر۔قِین) تحریر لکھنا، نقطے اور اعراب لگانا، کتاب کی آرایش کرنا، مہندی کا خضاب لگانا۔
ترک (تَرْک) ۱۔ چھوڑ دینا ۲۔ ٹوپی (تَرَک) گرج، رخنہ، کنواری لڑکی، قلعہ، کھائی۔
(تُرک) ایک قوم کا نام، غلام، محبوب جمع اتراک ملک ترکستان۔
ترکان (تُر۔کَان) ترکن بیبیوں کا لقب (تُر۔کَان) ترک کی فارسی جمع۔
ترکانہ (تُر۔کَا۔نَہ) ترک سے منسوب۔
ترکتاز (تُرک۔تَاز) دوڑ دھوپ، ہلہ، دھاوا۔
ترکش (تَر۔کَش) تیر رکھنے کا خانہ۔
ترکمان (تُرک۔مَان) ترکوں کی ایک قوم کا نام۔
ترکندہ (تَر۔کَن۔دَہ) شق ہونے والا۔
ترکہ (تَر۔کَہ) متوفی کا چھوڑا ہوا مال و متاع (تَر۔کَہ) میراث کا مال جو وارثوں کو ملے، خود۔
ترکی (تُر۔کِی) ترکوں کی زبان، نام ملک (مغربی ایشیا)
ترکیب (تَر۔کِیب) جڑائی، ملاوٹ، ملانا، جڑنا جمع تراکیب۔
ترکیبی (تَر۔کِی۔بِی) منسوب طرف ترکیب۔
ترکیدن (تَر۔کِی۔دَن) شق ہونا، پھٹنا مضم ترکد۔
ترکیدہ (تَر۔کِی۔دَہ) پھٹا ہوا۔
ترمس (تُر۔مُس) باقلا مصری جو ایک دوا ہے۔
ترمیل (تَر۔مِیل) خون آلودہ کرنا۔
ترمیم (تَر۔مِیم) مرمت کرنا۔

ترن (تَرَن) سیوتی کا پھول۔
ترنابند (تَرْ۔نَا۔بَنْدْ) روٹی سالن۔
ترنج (تُرَنْج) لیمو، میٹھا، سردٹ۔
ترنجبین (تَرَنْ۔جَبِیْن) ایک میٹھی چیز جو جھاڑیوں پر جمی ہوئی ممالک شام اور ترکستان میں پائی جاتی ہے۔
ترنجیدن (تُرَنْ۔جِی۔دَنْ) آزردہ ہونا، گتھی پڑنا۔
ترنجیدہ (تُرَنْ۔جِی۔دَہْ) آزردہ، گتھی پڑا ہوا۔
ترنخ (تَرَنْ۔نَخْ) جھومنا۔
ترنگ (تَرَنْگْ) کمان کی کڑک۔
ترنگبین (تَرَنْگْ۔بِیْن) دیکھو ترنجبین۔
ترنم (تَرَنْ۔نُمْ) راگ، گیت گانا۔
ترنوازی (تَرْ۔نَوَا۔زِیْ) خوش گلوئی۔
تروتازہ (تَرْو۔تَا۔زَہْ) نیا، تازہ، خوش۔
ترویج (تَرْ۔وِیْجْ) چلانا، رواج دینا۔
ترویح (تَرْ۔وِیْحْ) راحت دینا، مہکانا جمع تراویح۔
ترویع (تَرْ۔وِیْعْ) تخویف، ڈرانا۔
ترویق (تَرْ۔وِیْقْ) چھاننا، چھت گیری لگانا۔
ترویل (تَرْ۔وِیْلْ) رونی جھڑنا۔
ترہ (تَرْ۔رَہْ؛ تَرَہْ) پتہ، ساگ، بات (تِرَہْ) کینہ (تُرَہْ) باطل۔
ترہب (تَرَہْ۔ہُبْ) راہب ہونا۔
ترہت (تُرْ۔رَہَتْ) بے فائدہ جھوٹ، بیہودہ بات جمع تُرَّہَاتْ۔
ترہیب (تَرْ۔ہِیْبْ) ڈرانا۔
تری (تَرِیْ) صفائی، آبداری۔
تریاق (تِرْ۔یَاقْ) زہر مہرہ، زہر کی دوا۔
تریاک (تِرْ۔یَاکْ) افیون، تریاق۔
تریاکی (تِرْ۔یَا۔کِیْ) افیونی۔
تریان (تَرْ۔یَانْ) ٹوپیا، ڈالی، سبد، طبق۔
تریب (تَرِیْبْ) دہی۔
تریبہ (تَرِیْ۔بَہْ) سینہ، سینہ کی ہڈی جمع ترائب۔

تریدن (تَرِیْ۔دَنْ) بھاگنا مضم تُرْدْ (تَرِیْ۔دَنْ) کھینچنا مضم تَرْدْ۔
ترین (تَرِیْنْ) کلمۂ تفصیل، زیادہ، پٹھانوں کا ایک فرقہ۔
تزاحم (تَزَا۔حُمْ) مزاحمت، انبوہ، بھیڑ کرنا۔
تزاور (تَزَا۔وُرْ) انحراف کرنا، میل کرنا۔
تزاید (تَزَا۔یُدْ) افزوں ہونا، بڑھنا۔
تزجیر (تَزْ۔جِیْرْ) جھڑکی دینا۔
تزحر، تزحیر (تَزَحُّرْ، تَزْ۔حِیْرْ) پیچش کی بیماری ہو جانا۔
تزریق (تَزْ۔رِیْقْ) ریا، نفاق، دروغ۔
تزعزع (تَزَعْ۔زُعْ) جنبش کرنا، ہلنا۔
تزعیف (تَزْ۔عِیْفْ) ہلاک کرنا۔
تزک (تُزُکْ) ترتیب، انتظام، قانون، شان، بادشاہ کا خود نوشت واقعہ۔
تزکی، تزکیہ (تَزَکْ۔کِیْ، تَزْ۔کِیَہْ) پاک کرنا، زکوٰۃ دینا۔
تزلزل (تَزَلْ۔زُلْ) بھونچال آنا، ڈگمگانا۔
تزلل (تَزَلْ۔لُلْ) لغزش، لڑکھڑانا۔
تزمیر (تَزْ۔مِیْرْ) بانسری بجانا۔
تزمیل (تَزْ۔مِیْلْ) کپڑے میں لپیٹنا۔
تزوج (تَزَوْ۔وُجْ) بیاہ کرنا، شوہر کرنا۔
تزود (تَزَوْ۔وُدْ) توشہ بغل میں لینا۔
تزویج (تَزْ۔وِیْجْ) جوڑا ملانا، میاں بیوی بنانا۔
تزویر (تَزْ۔وِیْرْ) مکر و فریب کرنا۔
تزویق (تَزْ۔وِیْقْ) سجانا، کتاب درست کرنا۔
تزہد (تَزَہْ۔ہُدْ) عبادت کرنا۔
تزییف (تَزْ۔یِیْفْ) کھوٹا کرنا۔
تزین (تَزَیْ۔یُنْ) آراستہ ہونا، ٹھاٹھ دکھانا۔
تزیین (تَزْ۔یِیْنْ) زینت دینا، سنوارنا، آراستہ کرنا۔
تس (تُسْ) پھسکی، گوز بے صدا۔

تسابق (تَسا۔ بُق) ایک دوسرے کے آگے ہونا۔
تسافد (تَسا۔ فُد) جانوروں کا باہم جفتی کرنا۔
تساقط (تَسا۔ قُط) ایک دوسرے پر گر پڑنا۔
تساکر (تَسا۔ کُر) عبوش موش نشہ میں ہونا۔
تسالم (تَسا۔ لُم) آپس میں صلح کرنا۔
تسامح (تَسا۔ مُح) چشم پوشی، جوانمردی کرنا، آسان کرنا۔
تساوی (تَسا۔ وِی) برابری، برابر ہونا۔
تساہل (تَسا۔ ہُل) نرمی برتنا، غفلت کرنا، سہل سمجھنا۔
تساہم (تَسا۔ ہُم) باہم قرعہ ڈالنا۔
تسبب (تَسَب۔ بُب) سبب بنانا۔
تسبیح (تَس۔ بیح) سبحہ، سبحان اللہ کہنا، خدا کو پاکی سے یاد کرنا۔
تسبیع (تَس۔ بیع) سات حصے کرنا۔
تستر (تَسَت۔ تُر) پوشیدہ ہونا، چھپنا۔
تستیر (تَس۔ تیر) چھپانا، پردہ ڈالنا۔
تسجیع (تَس۔ جیع) سجع کہنا۔
تسجیل (تَس۔ جیل) رجسٹری، قاضی کا قبالہ یا تمسک لکھنا۔
تسجین (تَس۔ جین) جیل بھیجنا، قید کو بھیجنا۔
تسحر (تَسَح۔ حُر) بیگا ر، پھر ک
تسخی (تَسَخ۔ خِی) بخشش کرنا۔
تسخیر (تَس۔ خیر) قابو میں کرنا، رام کرنا۔
تسخین (تَس۔ خین) گرم کرنا (تِس۔ خِین) جوتی، کفش۔
تسدید (تَس۔ دید) درست کرنا، مضبوط کرنا۔
تسدیس (تَس۔ دیس) چھ حصوں میں بانٹنا۔
تسرع (تَسَر۔ رُع) جلدی کرنا۔
تسری (تَسَر۔ رِی) باندی کو بیوی بنانا
تسریح (تَس۔ ریح) بال سلجھانا۔

تسریق (تَس۔ ریق) چوری سے منسوب کرنا۔
تسطیح (تَس۔ طیح) چوڑا کرنا، سطح بنانا۔
تسطیر (تَس۔ طیر) سطربندی کرنا، لکھنا۔
تسع (تُس، ع، تُسُع) نواں حصہ (تِس، ع) تسعہ کا مونث، نو (۹)
تسعون (تِس۔ عُون) نوّے (۹۰)
تسعہ (تِس۔ عَہ) نو (۹)
تسعہ عشر (تِس۔ عَہ۔ عَشَر) اُنیس (۱۹)
تسعیر (تَس۔ عیر) نرخ، بھاؤ مقرر کرنا۔
تسعین (تِس۔ عین) دیکھو تسعون۔
تسفہ (تَسَف۔ فُہ) نادانی کرنا۔
تسفیہ (تَس۔ فِیَہ) نادان اور کمینہ بنانا۔
تسقیف (تَس۔ قیف) چھت پاٹنا۔
تسکین (تَس۔ کین) تسلی، آرام، ڈھارس۔
تسلح (تَسَل۔ لُح) ہتھیار سجنا۔
تسلس (تَسَل۔ لُس) مکاری، مکاری کرنا۔
تسلسل (تَسَل۔ سُل) سلسلہ بندی، لڑی بندھنا۔
تسلط (تَسَل۔ لُط) غالب آجانا، حاکم ہوجانا۔
تسلف (تَسَل۔ لُف) پیشگی قیمت لینا۔
تسلی (تَسَل۔ لِی) ڈھارس، دلجمعی۔
تسلیخ (تَس۔ لیخ) کھال کھینچنا۔
تسلیط (تَس۔ لیط) کسی کو کسی پر مقرر کرنا۔
تسلیم (تَس۔ لیم) سلام کرنا، حکم ماننا، سونپنا۔
تسلیمات (تَس۔ لی۔ مات) تسلیم کی جمع، کورنش، سلام۔
تسمہ (تَس۔ مَہ) چمڑے کی لمبی کترن۔
تسمیت (تَس۔ میت) دعا کرنا۔
تسمیط (تَس۔ میط) فتراک سے چیز باندھنا
تسمیع (تَس۔ میع) سنانا۔
تسمین (تَس۔ مین) فربہ کرنا، موٹا کرنا۔
تسمیہ (تَس۔ مِیَہ) نام رکھنا، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تسنید (تَس-نِید) تکیہ لگانا، بھروسہ کرنا۔
تس نفسی (تَس-نَفسِی) بیہودہ گوئی۔
تسنن (تَسَن-نُن) سنی ہونا، متغیر ہونا۔
تسنہ (تَسَن-نُہ) آبسنا، مزہ بگڑ جانا۔
تسنیم (تَس-نِیم) جنت کی ایک نہر۔
تسوق (تَسَو-وُق) بازار ڈھونڈھنا، خرید و فروخت کرنا۔
تسوید (تَس-وِید) لکھنا، کالا کرنا۔
تسویس (تَس-وِیس) وسواس کرنا۔
تسویغ (تَس-وِیغ) جاری کرنا، جاری دیکھنا۔
تسویف (تَس-وِیف) ڈھیل کرنا، وعدہ پورا نہ کرنا، فریب دینا۔
تسویک (تَس-وِیک) مسواک کرنا، داتون کرنا۔
تسویل (تَس-وِیل) افترا، سخن آرائی، آراستہ کرنا۔
تسویم (تَس-وِیم) غارت کرنا، کار مختار کرنا۔
تسویہ (تَس-وِیَہ) سیدھا کرنا، برابر کرنا۔
تسہد (تَسَہ-ہُد) بے خواب کرنا۔
تسہل (تَسَہ-ہُل) سہل ہونا، آسان ہونا۔
تسہیل (تَس-ہِیل) سہل کرنا، آسان کرنا۔
تسیر (تَسَی-یُر) سیر کرنا۔
تسییر (تَس-یِیر) سیر کرانا، شہر بدر کرنا، جاری کرنا۔
تش (تَش) تیشہ۔
تشابہ (تَشَا-بُہ) آپس میں مشابہ ہونا۔
تشابک (تَشَا-بُک) انبوہ، اژدحام، آپس میں گھل مل جانا، ایک چیز کو دوسری میں ملانا۔
تشاتم (تَشَا-تُم) آپس میں گالی بکنا۔
تشارک (تَشَا-رُک) شرکت کرنا، ساجھی ہونا۔
تشاعر (تَشَا-عُر) خود کو شاعر جتلانا۔
تشاغل (تَشَا-غُل) خود کو مشغول کرنا۔
تشاکل (تَشَا-کُل) آپس میں ہمشکل ہونا۔
تشاکی (تَشَا-کِی) آپس میں گلہ کرنا۔
تشاور (تَشَا-وُر) آپس میں مشورہ کرنا۔
تشاہد (تَشَا-ہُد) ملاقات، باہم حاضر ہونا، آپس میں گواہی دینا۔
تشبث (تَشَب-بُث) چنگل مارنا، جھپٹا مارنا۔
تشبک (تَشَب-بُک) انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔
تشبہ (تَشَب-بُہ) مشابہ ہونا۔
تشبیب (تَش-بِیب) قصیدے کی تمہید، ممدوح کی تعریف سے پہلے قصیدے کی ابتدا اٹھانا۔
تشییع (تَش-یِیع) مسافر کو پہنچانے جانا، جنازے کے پیچھے چلنا۔
تشبیک (تَش-بِیک) انگلیاں باہم ڈالنا۔
تشبیہ (تَش-بِیہ) مشابہ کرنا، مثال دینا۔
تشت (تَشت) دیکھو طشت۔
تشت از بام (تَشت-اَز-بَام) ظاہر، فاش۔
تشتت (تَشَت-تُت) پراگندگی، پریشانی۔
تشحط (تَشَح-حُط) جھگڑ کرنا۔
تشحیذ (تَش-حِیذ) دھار تیز کرنا۔
تشخص (تَشَخ-خُص) تعین پانا، متعین ہو جانا۔
تشخیص (تَش-خِیص) داکاری، مقرر کرنا، جانچنا۔
تشدد (تَشَد-دُد) سختی، سخت ہونا۔
تشدید (تَش-دِید) ایک حرف کو دو مرتبہ پڑھنے کی علامت (ّ)، استوار کرنا، سخت کرنا۔
تشرب (تَشَر-رُب) پینا۔
تشرع (تَشَر-رُع) شریعت پر عمل کرنا۔
تشرق (تَشَر-رُق) سورج کے آگے بیٹھنا۔
تشریح (تَش-رِیح) شرح کرنا، کھول کر بتلانا، بدن کی ساخت بیان کرنا جمع تشریحات۔
تشریف (تَش-رِیف) خلعت شاہی، بزرگی، عزت رکھنا، بزرگ کرنا۔
تشریفات (تَش-رِی-فَات) جلوس۔
تشریق (تَش-رِیق) مشرق کی طرف جانا، گوشت دھوپ میں سکھانا

تشریک (تَش-رِیک) کسی کو شریک کرنا۔
تشلیح (تَش-لِیح) بے حیائی کرنا، خلاف شریعت بکنا۔
تشعب (تَشَعُّ، عُب) شاخ در شاخ ہونا، گروہ در گروہ ہونا۔
تشفع (تَشَفُّ، فُع) شفاعت کرنا۔
تشفی (تَشَفُّ، فی) شفا پانا، کسی سے دل خوش ہونا۔
تشقق (تَشَقُّ، قُق) شق ہونا، پھٹنا۔
تشکک (تَشَکُّ، کُک) شک میں پڑنا۔
تشکل (تَشَکُّ، کُل) خوبصورت ہونا، شکل پکڑنا۔
تشکی (تَشَکُّ، کی) شکوہ کرنا، گلہ کرنا۔
تشکیک (تَش-کِیک) شک میں ڈالنا۔
تشکیل (تَش-کِیل) شکل بنانا۔
تشمر (تَشَمُّ، مُر) کام پر مہیا ہونا، کام میں چست ہونا۔
تشمم (تَشَمُّ، مُم) سونگھنا۔
تشمیر (تَش-مِیر) چستی، مستعدی، اٹھنا۔
تشمیم (تَش-مِیم) سونگھانا۔
تشنج (تَشَنُّ، نُج) اینٹھن، اکڑن، کھنچنا۔
تشنک (تَش-نَک) تالو، جانداند۔
تشنگی (تَش-نَگی) پیاس۔
تشنن (تَشَنُّ، نُن) پرانا ہونا۔
تشنہ (تَش-نَہ) پیاسا۔
تشنیج (تَش-نِیج) کھینچنا۔
تشنیع (تَش-نِیع) برا کہنا، لعنت ملامت کرنا۔
تشوش (تَشَوُّ، وُش) پریشان ہونا، گھبرانا۔
تشوق (تَشَوُّ، وُق) آرزو مند ہونا، شوق ہونا۔
تشویر (تَش-وِیر) شور کرنا، اشارہ کرنا۔
تشویش (تَش-وِیش) پریشانی، فکر میں ڈالنا۔
تشویغ (تَش-وِیغ) روا رکھنا۔
تشویق (تَش-وِیق) شوق دلانا۔
تشویک (تَش-وِیک) کانٹے دیوار پر جڑنا، مونڈے ہوئے بال نکلنا۔

تشویہ (تَش-وِیہ) خراب کرنا (تَش-وِیہ) بھونا۔
تشہ (تَش، شَہ) تیل کی پلی۔
تشہد (تَشَہُّ، ہُد) کلمۂ شہادت پڑھنا۔
تشہی (تَشَہُّ، ہی) آرزومندی چاہنا۔
تشہیر (تَش-ہِیر) برائی سے منسوب کرنا، شہرت دینا۔
تشیخ (تَشَیُّ، یُخ) ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا۔
تشیع (تَشَیُّ، یُع) شیعہ مذہب کا دعویٰ کرنا، خود کو شیعہ دکھانا۔
تشین، تشیین (تَشَیُّ، یُن، تَش-یِین) شاندار ہونا۔
تصابی (تَصَا-بِی) عاشق ہونا۔
تصادف (تَصَا-دُف) بلا ارادہ ملاقات۔
تصادق (تَصَا-دُق) باہم سچائی سے پیش آنا۔
تصادم (تَصَا-دُم) دھکا، بھیڑ، آپس میں ٹکرانا۔
تصاریف (تَصَا-رِیف) تصریف کی جمع۔
تصاعد (تَصَا-عُد) بلندی، برتری۔
تصافح (تَصَا-فُح) ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا۔
تصانیف (تَصَا-نِیف) تصنیف کی جمع۔
تصاویر (تَصَا-وِیر) تصویر کی جمع۔
تصافف (تَصَا-فُف) باہم صف کھینچنا، ٹکرانا۔
تصبیر (تَص-بِیر) صبر کرنا، صبر کرانا۔
تصبیرہ (تَص-بِی-رَہ) ناشتا۔
تصبیغ (تَص-بِیغ) رنگ کرنا، رنگنا۔
تصحیح (تَص-حِیح) صحیح کرنا، درست کرنا۔
تصحیف (تَص-حِیف) کتابت میں غلطی کرنا۔
تصدق (تَصَدُّ، دُق) وسیلہ، صدقہ کرنا۔
تصدی (تَصَدُّ، دی) درپیش ہونا، سامنے آنا۔
تصدیر (تَص-دِیر) دیباچہ لکھنا، مقدم کرنا، روانہ کرنا
تصدیع (تَص-دِیع) درد سر کرنا، تکلیف دینا۔
تصدیعہ (تَص-دی-عَہ) درد سری، تکلیف دہی۔
تصدیق (تَص-دِیق) سچا کرنا۔
تصرف (تَصَرُّ، رُف) دخل کرنا، کام میں ہاتھ ڈالنا۔
تصرم (تَصَرُّ، رُم) کٹا ہوا ہونا۔

تصریح (تَص - رِیح) ظاہر کرنا۔
تصریع (تَص - رِیع) ڈالنا، پہلے مصرعہ میں قافیہ لانا۔
تصریف (تَص - رِیف) گردان کرنا، پھرانا جمع تَصَارِیف۔
تصریم (تَص - رِیم) کاٹنا۔
تصعد (تَصَع - عُد) اوپر چڑھنا۔
تصعید (تَص - عِید) اوپر جگہ پر جانا، دوا کا جوہر اڑانا۔
تصغیر (تَص - غِیر) چھوٹا کرنا۔
تصفح (تَصَف - فُح) تلاش، چھان بین، صفحہ صفحہ دیکھنا۔
تصفید (تَص - فِید) بند کرنا، سخت باندھنا۔
تصفیف (تَص - فِیف) پرا باندھنا۔
تصفیق (تَص - فِیق) انڈیلنا، تالی بجانا۔
تصفیہ (تَص - فِیَہ) پاک کرنا، صاف کرنا۔
تصلب (تَصَل - لُب) سخت اور مضبوط ہونا۔
تصلف (تَصَل - لُف) ڈینگ مارنا، گپ اڑانا۔
تصلیب (تَص - لِیب) سولی دینا، سخت کرنا، صلیب بنانا۔
تصلیہ (تَص - لِیَہ) نماز ادا کرنا۔
تصمیت (تَص - مِیت) خاموش کرنا، خاموش ہونا۔
تصمید (تَص - مِید) قصد کرنا۔
تصمیم (تَص - مِیم) پختہ کرنا، خالص کرنا۔
تصنع (تَصَن - نُع) خوشامد، بناوٹ، کاریگری کرنا، بناؤ سنگھار کرنا۔
تصنیف (تَص - نِیف) خود نوشت کتاب جمع تَصَانِیف، کتاب بنانا، قسم وار بیان کرنا۔
تصور (تَصَو - وُر) دھیان جمع تَصَوُّرَات، دل میں نقشہ جمانا۔
تصوع (تَصَو - وُع) گھاس سکھانا، خبر پھیلنا۔

تصوف (تَصَو - وُف) دھیان گیان، اللہ تعالیٰ سے لو لگانے کا ایک علم، ایک طرف چلنا۔
تصویب (تَص - وِیب) ٹھیک رکھنا، سچا کہنا۔
تصویر (تَص - وِیر) صورت، مورتگری جمع تَصَاوِیر، شکل کھینچنا۔
تصویع (تَص - وِیع) گھاس سکھانا۔
تصیح (تَصَی - یُح) خشک ہونا۔
تصیید (تَص - یِید) شکار کرنا۔
تضاحک (تَضَا - حُک) ٹھٹھول کرنا، باہم ہنسنا۔
تضاد (تَضَا - دّ) باہم دشمنی کرنا، آپس میں ضد کرنا۔
تضاعف (تَضَا - عُف) دوگنا، دوچند ہونا۔
تضافر (تَضَا - فُر) ہم پشت ہونا، ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تضایف (تَضَا - یُف) باہم نسبت ہونا، ہم پہلو ہونا۔
تضایق (تَضَا - یُق) آپس میں تنگ ہونا، باہم ضیق آنا۔
تضجر (تَضَج - جُر) دلتنگی، غم سے بیکل ہونا۔
تضجیع (تَض - جِیع) کام میں تقصیر کرنا۔
تضحی (تَض - حِی) چاشت کا کھانا کھانا۔
تضحیک (تَض - حِیک) ٹھٹھول، ہنسنا، ہنسانا۔
تضحیہ (تَض - حِیَہ) قربانی کرنا۔
تضرر (تَضَر - رُر) رنجور ہونا، ضرر پانا۔
تضرع (تَضَر - رُع) منت وزاری، گڑگڑانا، رونا۔
تضرم (تَضَر - رُم) غصہ کرنا، آگ بھڑکنا۔
تضرہ (تَضَر - رُہ) ضرورت۔
تضریم (تَض - رِیم) بھڑکانا، برافروختہ ہونا۔
تضعیف (تَض - عِیف) کمزور کرنا، دونا کرنا۔
تضلیل (تَض - لِیل) گمراہی سے منسوب کرنا۔
تضمن (تَضَم - مُن) قبول کرنا، ضمن میں لینا۔
تضبیب (تَض - بِیب) لیپ کرنا۔
تضمین (تَض - مِین) کسی دوسرے کے مشہور شعر کو

اپنے کلام میں ملانا، قبول کرنا، ضامن کرنا، پناہ میں لینا۔
تضور (تَضَوْ۔وُر) بلبلانا۔
تضیف (تَضَیْ۔یُف) مہمان ہونا۔
تضیق (تَضَیْ۔یُق) تنگ ہونا، ضیق میں ہونا۔
تضییع (تَضْ۔یِیع) ضائع کرنا۔
تضییق (تَضْ۔یِیق) تنگ کرنا، ضیق میں کرنا۔
تطابق (تَطَا۔بُق) باہم مطابق ہونا۔
تطامن (تَطَا۔مُن) آرام کرنا۔
تطاول (تَطَا۔وُل) دست درازی کرنا۔
تطبق (تَطَبْ۔بُق) تہ بتہ ہونا، مطابق ہونا۔
تطبیق (تَطْ۔بِیق) مطابق کرنا۔
تطرق (تَطَرْ۔رُق) راہ کرنا، راہ پانا۔
تطعم (تَطَعْ۔عُم) چکھنا، دانہ بدلنا، چوگا بدلنا۔
تطعیم (تَطْ۔عِیم) چکھانا، ٹیکہ لگانا۔
تطفل (تَطَفْ۔فُل) طفیلی ہونا۔
تطفیف (تَطْ۔فِیف) کم تاپنا۔
تطفیل (تَطْ۔فِیل) طفیلی بنانا۔
تطفیہ (تَطْ۔فِیَہ) آگ بجھانا۔
تطلع (تَطَلْ۔لُع) نگاہ رکھنا۔
تطلیق (تَطْ۔لِیق) طلاق دینا۔
تطلیہ (تَطْ۔لِیَہ) بیمار پرسی کرنا۔
تطمیع (تَطْ۔مِیع) لالچ میں ڈالنا۔
تطوع (تَطَوْ۔وُع) حکم ماننا، ناواجب بات بجا لانا۔
تطوف (تَطَوْ۔وُف) طواف کرنا۔
تطوق (تَطَوْ۔وُق) ہار پہننا، ہنسلی پہننا۔
تطول (تَطَوْ۔وُل) انعام کرنا، احسان رکھنا۔
تطویع (تَطْ۔وِیع) سہل کرنا، کام پر مستعد کرنا۔
تطویق (تَطْ۔وِیق) طوق ڈالنا، مطیع کرنا۔
تطویل (تَطْ۔وِیل) لمبا کرنا۔

تطہر (تَطَہْ۔ہُر) پاک ہونا، غسل کرنا۔
تطہیر (تَطْ۔ہِیر) پاک کرنا۔
تطیب (تَطَیْ۔یُب) خوشبو دار ہونا۔
تطیر (تَطَیْ۔یُر) بری فال لینا۔
تطین (تَطَیْ۔یُن) مٹی سے لیپنا۔
تطییب (تَطْ۔یِیب) خوشبو دار کرنا۔
تطییر (تَطْ۔یِیر) پرندوں کو اڑانا۔
تظاہر (تَظَا۔ہُر) باہم پشتی کرنا، آپس میں امداد کرنا۔
تظرف (تَظَرْ۔رُف) زیرکی اور عقلمندی دکھانا۔
تظلم (تَظَلْ۔لُم) ظلم سے رونا، دہائی دینا۔
تظلیل (تَظْ۔لِیل) سایہ داری، سایہ ڈالنا۔
تعاہد (تَعَا۔ہُد) عہد کرنا، نگاہ رکھنا۔
تعادل (تَعَا۔دُل) آپس میں برابر ہونا۔
تعادی (تَعَا۔دِی) باہم دشمنی کرنا۔
تعار (تَعَار) چونکنا
تعارض (تَعَا۔رُض) جھگڑا کرنا، آمنے سامنے آنا۔
تعارف (تَعَا۔رُف) روزمرہ، جان پہچان، آپس میں پہچاننا۔
تعاشر (تَعَا۔شُر) باہم زندگی بسر کرنا۔
تعاطف (تَعَا۔طُف) باہم مہربانی کرنا۔
تعاطی (تَعَا۔طِی) لینا۔
تعاقب (تَعَا۔قُب) ایک دوسرے کے پیچھے آنا، پیچھا کرنا۔
تعاقد (تَعَا۔قُد) باہم عہد و پیمان کرنا، آپس میں گرہ باندھنا۔
تعاقل (تَعَا۔قُل) بیوقوف کا اپنے کو عقلمند دکھانا۔
تعال (تَعَال) آ کر۔
تعالی (تَعَا۔لا) بلند ہوا، اصطلاحاً بلند ہے (تَعَا۔لِی) بلند ہونا۔
تعامی (تَعَا۔مِی) خود کو اندھا ظاہر کرنا۔
تعامل (تَعَا۔مُل) آپس میں عمل کرنا

تعاند (تَعا۔نُد) آپس میں عناد رکھنا۔
تعانق (تَعا۔نُق) بغلگیر ہونا، معانقہ کرنا۔
تعاون (تَعا۔وُن) آپس میں مدد کرنا۔
تعاہد (تَعا۔ہُد) آپس میں عہد کرنا۔
تعب (تَعَب) رنج، ماندگی، تھکن جمع متاعب
(تَعِب) ماندہ۔
تعبد (تَعَب۔بُد) بندگی کرنا۔
تعبید (تَع۔بِید) غلام بنانا، ذلیل کرنا۔
تعبیر (تَع۔بِیر) بیان کرنا، خواب کے معنی بتانا۔
تعبیہ (تَع۔بِیَہ) آراستہ کرنا، چھپانا۔
تعتم (تَعَت۔تُم) دیر، تاخیر کرنا۔
تعجب (تَعَج۔جُب) اچنبھا، حیرانی۔
تعجل (تَعَج۔جُل) جلدی کرنا۔
تعجیب (تَع۔جِیب) تعجب میں ڈالنا۔
تعجیل (تَع۔جِیل) وقت سے پہلے جلدی کرنا۔
تعجیم (تَع۔جِیم) عربی کو عجمی کرنا، نقطے لگانا۔
تعدا (تَعَد۔دا) دیکھو تعدی۔
تعداد (تَع۔داد) گننا، شمار کرنا۔
تعدد (تَعَد۔دُد) گننا۔
تعدی (تَعَد۔دی) ظلم حد سے بڑھ جانا۔
تعدید (تَع۔دِید) شمار کرنا۔
تعدیل (تَع۔دِیل) برابر کرنا، ٹھیک کرنا۔
تعدیہ (تَع۔دِیَہ) گذارنا، فعل لازم کو متعدی بنانا۔
تعذر (تَعَذ۔ذُر) عذر کرنا، معذور ہونا۔
تعذیب (تَع۔ذِیب) عذاب کرنا، دکھ دینا۔
تعذیر (تَع۔ذِیر) عذر کرنا، معذور رکھنا۔
تعرض (تَعَر۔رُض) پیش آنا، چھیڑنا۔
تعرف (تَعَر۔رُف) شناسائی ڈھونڈھنا، پوچھنا۔
تعری (تَعَر۔ری) ننگا ہونا، برہنہ ہونا۔
تعریب (تَع۔رِیب) غیر لفظ کو عربی بنانا، کلام کو
غلطی سے پاک کرنا

تعریس (تَع۔رِیس) شب باشی۔
تعریض (تَع۔رِیض) دوسرے پر بات ڈھالنا۔
تعریف (تَع۔رِیف) معنی بیان کرنا، سراہنا، جتلانا۔
تعریفہ (تَع۔رِی۔فَہ) شرف نامہ۔
تعریک (تَع۔رِیک) ملنا، کان اینٹھنا۔
تعریہ (تَع۔رِیَہ) ننگا کرنا، برہنہ کرنا۔
تعزز (تَعَز۔زُز) عزیز ہونا۔
تعزی (تَعَز۔زی) صبر کرنا، نسبت کرنا۔
تعزیت (تَع۔زِیَت) پرسا، ماتم پرسی۔
تعزیت خانہ (تَع۔زِیَت۔خا۔نَہ) ماتم خانہ۔
تعزیر (تَع۔زِیر) سیاست کرنا، سزا دینا۔
تعزیز (تَع۔زِیز) عزیز بنانا، قوی کرنا۔
تعزیل (تَع۔زِیل) برطرف کرنا۔
تعزیہ (تَع۔زِیَہ) ۱۔ حضرت امام حسینؑ کے روضہ مبارک
کی نقل جسکو محرم میں بناتے ہیں۔ ۲۔ دیکھو تعزیت۔
تعزیہ خانہ (تَع۔زِیَہ۔خا۔نَہ) جہاں تعزیہ رکھا جاوے
تعزیہ داری (تَع۔زِیَہ۔دا۔ری) تعزیہ
بنانے کی رسم۔
تعزیم (تَع۔زِیم) تاوان زدہ کرنا، ڈنڈیانا۔
تعسر (تَعَس۔سُر) دشواری، مشکل ہونا۔
تعسف (تَعَس۔سُف) بیراہ چلنا، بھٹک جانا۔
تعسم (تَعَس۔سُم) لبھیانا۔
تعشق (تَعَش۔شُق) عاشق ہونا، فریفتہ ہونا۔
تعشی (تَعَش۔شی) شام کا کھانا کھانا۔
تعشیش (تَع۔شِیش) چڑیوں کا گھونسلہ بنانا۔
تعصب (تَعَص۔صُب) ہٹ دھرمی کرنا، طرفداری کرنا۔
تعصف (تَعَص۔صُف) بے راہ چلنا۔
تعضب (تَعَض۔ضُب) تیز زبانی کرنا۔
تعضی (تَعَض۔ضی) نیست ہونا، ویران ہونا۔
تعطر (تَعَط۔طُر) خوشبودار ہونا، مہکنا۔
تعطش (تَعَط۔طُش) تشنگی، پیاسا ہونا۔

تعطف (تَعَطُّ ۔ طُف) مہربانی کرنا۔
تعطل (تَعَطْ ۔ طُل) بیکار رہنا، خالی ہونا۔
تعطیر (تَعْ ۔ طِیر) خوشبو میں بسانا۔
تعطیس (تَعْ ۔ طِیس) چھینکانا۔
تعطیل (تَعْ ۔ طِیل) چھٹی، خالی کرنا، بیکار کرنا۔
تعظم (تَعَظْ ۔ ظُم) بزرگ ہونا۔
تعظیم (تَعْ ۔ ظِیم) بزرگی کرنا، عظمت کرنا۔
تعفف (تَعَفْ ۔ فُف) پرہیزگاری، پارسائی۔
تعفن (تَعَفْ ۔ فُن) سڑاند، بدبو ہونا، سڑ جانا۔
تعقب (تَعَقْ ۔ قُب) پیچھے جانا، پیچھا کرنا۔
تعقد (تَعَقْ ۔ قُد) باز رکھنا، بندھا ہونا۔
تعقل (تَعَقْ ۔ قُل) بات پر غور کرنا، سمجھنا۔
تعقید (تَعْ ۔ قِید) پردے میں بات کہنا، بہت سی گانٹھیں باندھنا۔
تعلق (تَعَلْ ۔ لُق) لگاؤ، علاقہ رکھنا، لپٹنا، لٹکنا۔
تعلقہ (تَعَلْ ۔ لُقَہ) علاقہ، لگاؤ، اراضیاتِ متعلقہ۔
تعلل (تَعَلْ ۔ لُل) بہانہ کرنا، بیمار بنانا، کام سے باز رکھنا۔
تعلم (تَعَلْ ۔ لُم) علم پڑھنا، کچھ سیکھنا۔
تعلی (تَعَلْ ۔ لِی) شیخی، بلند ہونا۔
تعلیق (تَعْ ۔ لِیق) نام رسم الخط، لٹکانا۔
تعلیقہ (تَعْ ۔ لِی ۔ قَہ) بڑے آدمیوں کی تحریر، خط، اسبابِ صنعتی کی تحریر، جمع تعلیقات۔
تعلیل (تَعْ ۔ لِیل) وجہ بتانا، دلیل لانا۔
تعلیم (تَعْ ۔ لِیم) پڑھانا، کچھ سکھانا
تعمد (تَعَمْ ۔ مُد) کام کا قصد کرنا۔
تعمق (تَعَمْ ۔ مُق) غور کرنا، تہ کو پہنچنا۔
تعمل (تَعَمْ ۔ مُل) عمل میں لانا، کام کرنا۔
تعمید (تَعْ ۔ مِید) بپتسمہ دینا، پانی چھڑک کر عیسائی بنانا۔
تعمیر (تَعْ ۔ مِیر) عمارت بنانا، آباد کرنا، دراز عمر کرنا۔
تعمیق (تَعْ ۔ مِیق) غور کرنا، انجام سوچنا۔

تعمیل (تَعْ ۔ مِیل) عمل میں لانا، عمل دینا۔
تعمیم (تَعْ ۔ مِیم) عمومیت، تمام کرنا، شامل کرنا۔
تعمیہ (تَعْ ۔ مِیَہ) چھپانا، اندھا کرنا، معما کہنا۔
تعنت (تَعَنْ ۔ نُت) بدگوئی، عیب ڈھونڈھنا۔
تعند (تَعَنْ ۔ نُد) دشمنی کرنا، لڑائی ٹھاننا۔
تعنی (تَعَنْ ۔ نِی) رنج کرنا۔
تعنیف (تَعْ ۔ نِیف) سختی کرنا، سرزنش کرنا۔
تعنین (تَعْ ۔ نِین) عنوان لکھنا، مرد کو جماع کے ناقابل کر دینا۔
تعود (تَعَوْ ۔ وُد) عادی ہونا، خوگر ہونا۔
تعوذ (تَعَوْ ۔ وُذ) پناہ لینا، اعوذ باللہ کہنا۔
تعور (تَعَوْ ۔ وُر) عاریت لینا، مانگے لینا۔
تعوق (تَعَوْ ۔ وُق) باز آنا، ڈھیل ہونا۔
تعوید (تَعْ ۔ وِید) عادت ڈالنا، خوگر ہونا۔
تعویذ (تَعْ ۔ وِیذ) نقش مراد، پناہ دینا، پناہ میں لینا۔
تعویر (تَعْ ۔ وِیر) آنکھ پھوڑنا۔
تعویض (تَعْ ۔ وِیض) بدلہ دینا۔
تعویق (تَعْ ۔ وِیق) ڈھیل کرنا، باز رکھنا۔
تعویل (تَعْ ۔ وِیل) بھروسہ کرنا، بوجھ لادنا۔
تعوین (تَعْ ۔ وِین) عورت کا گھر بیٹھن ہونا۔
تعہد (تَعَہْ ۔ ہُد) ضامنی کرنا، کام کا بیڑا اٹھانا
تعیش (تَعَیْ ۔ یُش) سامانِ عیش مہیا کرنا، عیش اڑانا۔
تعین (تَعَیْ ۔ یُن) ہستی، وجود، مخصوص ہونا۔
(تعیّن) دیکھو تعیین۔
تعینات (تَعَیْ ۔ یُنَات) تعین کی جمع (تَعَیْ ۔ یُنَات) تعین کی جمع، تعینہ۔
تعیناتی (تَعَیْ ۔ نَا ۔ تِی) منسوب بہ تعینات۔
تعییث (تَعْ ۔ یِیث) ٹٹولنا۔
تعیید (تَعْ ۔ یِید) حاضر کرنا۔
تعییر (تَعْ ۔ یِیر) سرزنش، ملامت کرنا، عار دلانا

تعیین (تَعْ۔ یِیْن) مخصوص کرنا۔
تغابن (تَغَا۔ بُنْ) گھاٹا، باہم ٹوٹا دینا۔
تغابی (تَغَا۔ بِیْ) غفلت دکھانا۔
تغادی (تَغَا۔ دِیْ) فتنہ و فساد کیلئے اکٹھا ہونا۔
تغار (تَغَارْ) مٹی کی ناند۔
تغاری (تَغَا۔ رِیْ) مٹی کا کونڈا یا چھوٹی ناند۔
تغازل (تَغَا۔ زُلْ) باہم غزل کہنا، باہم عشق کرنا۔
تغافل (تَغَا۔ فُلْ) بے پروائی، دانستہ غفلت کرنا۔
تغافل شعار (تَغَا۔ فُلْ۔ شِعَارْ) جس کا طریقہ بے پروائی ہو۔
تغالی (تَغَا۔ لِیْ) ایک دوسرے سے لاپروائی کرنا۔
تغائی (تَغَا۔ اِیْ) ماموں۔
تغایر (تَغَا۔ یُرْ) فرق، باہم مغائر ہونا۔
تغذی (تَغَذْ۔ ذِیْ) صبح کا کھانا کھانا۔
تغذیہ (تَغْ۔ ذِیَہْ) غذا دینا، پالنا۔
تغریب (تَغْ۔ رِیْبْ) شہر بدر کرنا، جلاوطن کرنا، غریب بتلانا
تغریق (تَغْ۔ رِیْقْ) غرق کرنا۔
تغریم (تَغْ۔ رِیْمْ) تاوان ڈالنا۔
تغزل (تَغَزْ۔ زُلْ) عشق کرنا، غزل کہنا۔
تغسیل (تَغْ۔ سِیْلْ) غسل کرانا۔
تغشی (تَغَشْ۔ شِیْ) پہنانا، چھپانا۔
تغطی (تَغَطْ۔ طِیْ) اوڑھنا۔
تغفل (تَغَفْ۔ فُلْ) خود کو غافل دکھلانا۔
تغفیل (تَغْ۔ فِیْلْ) غفلت سے نسبت دینا۔
تغلب (تَغَلْ۔ لُبْ) غلبہ کرنا، غالب ہونا۔
تغلق (تَغْ۔ لَقْ) سردار۔
تغلیط (تَغْ۔ لِیْطْ) غلطی میں ڈالنا، غلطی سے منسوب کرنا
تغلیظ (تَغْ۔ لِیْظْ) سختی کرنا، درشتی کرنا، غلیظ کرنا۔
تغلیق (تَغْ۔ لِیْقْ) پیچیدہ کرنا، باندھنا۔
تغلیل (تَغْ۔ لِیْلْ) غالیہ ملنا، خوشبو میں بسانا۔
تغمیض (تَغْ۔ مِیْضْ) آنکھ بند کرنا۔

تغنم (تَغَنْ۔ نُمْ) غنیمت جاننا۔
تغنی (تَغَنْ۔ نِیْ) گانا، بے نیازی کرنا۔
تغوط (تَغَوْ۔ وُطْ) پاخانہ پھرنا۔
تغویث (تَغْ۔ وِیْثْ) دوہائی دینا۔
تغویر (تَغْ۔ وِیْرْ) دوپہر ڈھلنا۔
تغیر (تَغَیْ۔ یُرْ) حالت بدل جانا۔
تغیظ (تَغَیْ۔ یُظْ) غصہ کرنا، جھنجھلانا۔
تغییر (تَغْ۔ یِیْرْ) حالت بدل دینا۔
تف (تُفْ) تھوک، تھو جمع اَتْفَافْ، تُفُوفْ
تھوکنا (تَفْ) پھوٹپ (تُفْ) کان کا میل۔
تفاح (تُفْ۔ فَاحْ) سیب۔
تفاخر (تَفَا۔ خُرْ) آپس میں فخر کرنا، گھمنڈ کرنا۔
تفارق (تَفَا۔ رُقْ) ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
تفاریق (تَفَا۔ رِیْقْ) تفریق کی جمع۔
تفاسیر (تَفَا۔ سِیْرْ) تفسیر کی جمع۔
تفاصل (تَفَا۔ صُلْ) آپس میں جدا کرنا، فرق کرنا۔
تفاصیل (تَفَا۔ صِیْلْ) تفصیل کی جمع۔
تفاضل (تَفَا۔ ضُلْ) ایک دوسرے سے بڑھ جانا۔
تفال (تُفَالْ) تھوک۔
تفانی (تَفَا۔ نِیْ) آپس میں فنا ہونا۔
تفاوت (تَفَا۔ وُتْ) دو چیزوں کا درمیانی فرق اور فاصلہ، باہم دوری واقع ہونا۔
تفاوض (تَفَا۔ وُضْ) ساجھا، شرکت، باہم مشورہ کرنا۔
تفاؤل (تَفَا۔ ءُلْ) نیک فال لینا۔
تفت (تَفْ۔ تْ) گرم، سوختہ، غصہ، جلدی، مفلس۔
جب (جُب) گڑھا، کنواں جمع جِبَبَہ۔
جبا (جبا) باج، خراج (جُبا) بدل (جَبا) اپنے پیالے سے دوسرے کی تواضع۔
جبار (جَب۔بار) جابر، ظالم جمع جَبابِرَہ نام اللہ تعالےٰ (جُبار) مشکل، سنجیدہ، رائگاں۔
جباری (جَب۔با۔ری) تکبر، شان۔
جبال (جِبال) جبل کی جمع۔
جبان (جَبان) نامرد، تھڑدلا (جب۔بان) پنیرفروش، جبانہ، صحرائی، بیابانی، جنگلی۔
جبانت (جَبا۔نت) نامردی، تھڑدلی۔
جبانہ (جب۔با۔نَہ) جنگل، بیابان، قبرستان۔
جباہ (جِباہ) جبہہ کی جمع۔
جبایت (جِبا۔یَت) مال جوڑنا، خراج اکٹھا کرنا۔

جبت (جِب۔ت) مورت، کاہن، نجومی، جادوگر، ساحر، اللہ کے علاوہ ہر وہ چیز جو پوجی جاوے۔
جبجبہ (جَب۔جَبَہ) اوجھڑی، شکنبہ۔
جبر (جَب۔ر) زبردستی، پٹی۔
جبراً (جَب۔رَن) زبردستی سے۔
جبرائیل (جَب۔را۔ایل) دیکھو جبریل۔
جبروت (جَبَروت) بزرگی، عظمت۔
جبر و مقابلہ (جَب۔رُو۔مُقا۔بَلَہ) علم حساب کی ایک شاخ۔
جبرئیل (جَبرَئیل۔رائیل) دیکھو جبریل۔
جبری (جَب۔ری) منسوب بہ جبر۔
جبریل (جِب۔ریل) نام فرشتہ رحمت۔
جبریہ (جَبری۔یَہ) وہ جماعت جو بندے کو اپنے فعل کا مختار نہیں سمجھتی (جَب۔ری۔یَہ) منسوب بہ جبر
جبس (جِب۔س) چونہ
جبل (جَبَل) پہاڑ جمع جِبال، اَجْبال، اَجْبُل۔ (جِبِل) جبلت، عادت (جَبِل) جفاکار، بدمزاج۔
جبل الطارق (جَبَلُ۔طا۔رِق) جبرالٹر (غربی بحیرہ روم)
جبلت (جِبِل۔لَت) خلقت، فطرت، پیدائش۔
جبلہ (جُب۔لَہ) کوہان۔
جبلی (جِبِل۔لی) پیدائشی، منسوب بہ جبلت
جبن (جُب۔ن، جُبُن) پنیر، پھٹے ہوئے دودھ کی سفیدی (جُب۔ن) نامردی، تھڑدلی۔
جبوب (جَبُوب) بہڑ۔
جبہ (جُب۔بَہ) پیراہن جمع جُبَبات۔
جبہہ (جَب۔ہَہ) ماتھا، پیشانی جمع جِباہ۔
جبہہ سا (جَب۔ہَہ۔سا) پیشانی رگڑنے والا۔
جبہہ سائی (جَب۔ہَہ۔سا۔ئی) پیشانی رگڑنا۔
جبیرہ (جَبی۔رَہ) ٹوٹی ہڈی پر باندھنے کی پٹی جمع جَبائِر۔
جبین (جَبِین) پیشانی، ماتھا۔

جبیں گرفتہ (جَبِیْں گِرِفْ۔ تَہ) ترش رو آدمی۔
جثّ (جَثّ) بیخ کنی کرنا۔
جثّام (جُثّام) دیکھو جاثوم۔
جثم (جَثْم) سینہ کے بل بیٹھنا۔
جثمان (جُثْ۔مَان) بدن، تن۔
جثو (جَثْو، جُثُو) چشان (جُثُو) زانو کے بل بیٹھنا۔
جثوم (جُثُوم) دیکھو جثم۔
جثہ (جُثَّہ) بدن، ڈیل، جسم۔
جحال (جُحَال) زہر قاتل۔
جحجاح (جَحْ۔جَاح) سردار قوم جمع جحاجح، جحاجیح۔
جحد (جَحْد) دانستہ انکار کرنا۔
جحش (جَحْش) جفا، غضب، گھوڑے یا گدھے کا بچہ۔
جحمرش (جَحْ۔مَرِش) بدرد کھوسٹ بڑھیا جمع جحامر۔
جحود (جُحُود) دیکھو جحد۔
جحیم (جَحِیم) دوزخ کا چھٹا طبقہ، بہت تیز آگ۔
جخدب (جُخْ۔دَب) بڑی قسم کی سرخ ٹیڑھی۔
جد (جَدّ) دادا، نانا جمع اَجْدَاد (جِدّ) درستی، کوشش (جُدّ) کنواں جو کھیت میں ہو۔
جدا (جُدا) الگ
جداً (جِدّ۔دَن) کوشش سے۔
جدار (جِدَار) دیوار جمع جُدُر، جُدْر۔
جدال (جِدَال) جنگ، دشمنی
جداول (جَدَا۔وِل) جدول کی جمع۔
جدائی (جُدَا۔ئی) دوری، تفرقہ۔
جدب (جَدْب) تنگ سالی، خشک سالی۔
جدت (جِدّ۔دَت) نیا پن، تازگی۔
جدث (جَدَث) قبر، تربت، گور جمع اَجْدَاث۔

جدد (جَدَد) ہموار زمین۔
جدر (جَدْر) دیوار جمع جُدران (جَدَر) اچھا لا پڑنے کا نشان
جدری (جُدَ۔رِی) سیتلا، چیچک۔
جدع (جَدْع) گھونا۔
جدف (جَدَف) دیکھو جدث۔
جدل (جَدَل) لڑائی، جنگ جمع اَجْدُل، جُدُول۔
جدوار (جَدْ۔وَار) نربسی۔
جد و جہد (جِدّ و۔جُہْد) کوشش۔
جدول (جَدْ۔وَل) نالہ، نہر، صفحہ کے گرداگرد لکیر جمع جَدَاوِل
جدہ (جَدّ۔دَہ) دادی، نانی (جِدّ۔دَہ) نام شہر حجاز عرب
جدی (جَدْی) بکری کا بچہ، نام برج آسمانی خط جنوبی منطقہ محرقہ (جَدّ۔دِی) ایک دادا کی اولاد، منسوب بہ جد۔
جدید (جَدِید) نئی چیز، نو۔
جدی دان (جَدِی۔دَان) دن رات۔
جدیر (جَدِیر) لائق، سزاوار، احاطہ۔
جذ (جَذّ) کاٹنا، توڑنا۔
جذاذ (جُذَاذ) سونا، ریزہ۔
جذام (جُذَام) کوڑھ۔
جذامی (جُذَا۔مِی) کوڑھی۔
جذا میر (جَذَا۔مِیر) تمام، سب، جذمور کی جمع۔
جذب (جَذْب) کشش، کھچاوٹ۔
جذبہ (جَذْ۔بَہ) ایک مرتبہ کشش، دل کا جوش جمع جَذَبات۔
جذبی (جَذْ۔بِی) جاذب سے نسبت رکھنے والی چیز۔
جذر (جَذْر) ہر چیز کی اصل، جو عدد ضرب کیا جاوے۔
جذرہ (جَذْ۔رَہ) پتنگا، چنگاری۔

جذع (جذْع) کڑی، پینڈا، تنہ جمع جُذاع، جُذْعان۔
جذعہ (جَذْ۔عَہْ) جوان گائے بیل۔
جذلان (جَذْ۔لانْ) خوش و خرم۔
جذم (جِذْم) ہر چیز کی بنیاد۔
جذمار، جذمور (جِذْ۔مارْ، جُذْمورْ) اصل، بنیاد جمع جذامیر۔
جذمہ (جَذْمَہْ) بونا آدمی (جِذْ۔مَہْ) کوڑا، ستھرا۔
جذوہ (جَذْ۔وَہْ) انگارہ، آتشپارہ جمع جِذار، جُذی۔
جر (جَرّ) حرکت زیر، کشش، کھینچنا (جَرْ) گڑھا، نقب (جُرْ) گھوڑے کا زین۔
جراب (جِرابْ) توشہ دان، خصیہ کی کھال، ادھوڑی جھڑہ (جُرابْ) خالی کشتی (جُرْرابْ) موزہ۔
جرات (جُرْ۔اَتْ) جوانمردی، دلاوری۔
جراثیم (جَرا۔ثیمْ) جرثوم کی جمع۔
جراح (جَرْ۔راحْ) سرجن، چیرہ لگانے والا۔
جراحت (جِرا۔حَتْ) گھاؤ، چیرہ جمع جراح، جراحاتْ۔
جراحی (جَرْ۔را۔حیْ) چیر پھاڑ، سرجری۔
جراد (جَرادْ) ٹیڑی، ملخ۔
جرار (جَرْ۔رارْ) بہت بڑی فوج، کھینچنے والا۔
جرارہ (جَرْ۔را۔رَہْ) بڑی فوج، ایک خطرناک زہریلا بچھو جو دم زمین پر گھسیٹتا ہوا چلتا ہے۔
جراز (جُرازْ) تلوار
جرائد (جَرا۔ئِدْ) جریدہ کی جمع۔
جرائم (جَرَا۔ئِمْ) جریمہ کی جمع۔
جرب (جَرَبْ) خارش (جُرُبْ) تبستر۔
جربا (جَرْ۔بارْ) آسمان۔
جربان (جِرِبْ۔بانْ) گریبان (جُرْبانْ) جریب کی جمع
جرت (جُرْ۔اتْ) جوار

جرثقیل (جَرْ۔رِ۔ثَقیلْ) بھاری بوجھ کھینچنے اور اُٹھانے کا علم۔
جرثوم (جُرْ۔ثُومْ) چھوٹا کیڑا جو بغیر خوردبین کے نظر نہیں آتا جمع جَراثیم۔
جرجرہ (جَرْ۔جَرَہْ) غٹ غٹ۔
جرح (جُرْحْ) گھاؤ، زخم جمع جُروحْ (جَرْحْ) گواہ پر طعن، چوٹ کرنا۔
جرد (جَرْدْ) چٹیل جنگل (جِرْدْ) پلا، سگ بچہ۔
جردہ (جَرْ۔دَہْ) دیکھو جریدہ۔
جرذ (جُرْذْ) جنگلی چوہا جمع جِرْذانْ (جَرَذْ) چارپایوں کی ایک بیماری۔
جرز (جُرْزْ) گرز، کلہ، ادھر (جَرْزْ) سختی سخت سال (جَرْزْ) کاٹنا۔
جرزہ (جُرْ۔زَہْ) پولی، گٹھا، لپشارہ۔
جرس (جَرَسْ) گھڑیال، گھنٹہ (جِرْسْ) سہاونی آواز۔
جرسام (جِرْ۔سامْ) نام بیماری، برسام۔
جرضم (جِرْ۔ضَمْ) پیٹو، لت ابنان۔
جرعہ (جُرْ۔عَہْ) گھونٹ جمع جُرْعاتْ۔
جرعہ کش (جُرْ۔عَہْ۔کَشْ) گھونٹ پینے والا۔
جرعہ کشی (جُرْ۔عَہْ۔کَشیْ) گھونٹ پینا۔
جرغند (جَرْ۔غَنْدْ) گوشت کا ایک کھانا، قلیہ
جرف (جُرُفْ) جوہڑ، پوکھر۔
جرگ (جَرْگْ) اکھاڑا، جنگل۔
جرگہ (جَرْ۔گَہْ) آدمیوں کا مجمع۔
جرم (جُرْمْ) خطا، گناہ، قصور (جَرْمْ) علاج، چارہ (جِرْمْ) جثہ، جسم، تن جمع اَجْرامْ، جُرومْ، جِرامْ۔
جرمانہ (جُرْ۔مَا۔نَہْ) ڈنڈ، رقم جو گنہگار سے لیں۔

جرموز (جُر۔مُوز) چھوٹا مکان، حوض، کنواں، حوض جم جراميز
جرمہ (جَر۔مَہ) سفید گھوڑا۔
جرنال (جَر۔نال) اخبار، ڈائری، روزنامچہ۔
جرنغار (جُرَن۔غار) جنگی فوج کا بایاں بازو۔
جرہ (جُر۔رَہ) ایک شکاری پرندہ کی
مادہ باز ہے (جَر۔رَہ) جگالی، پشخوار
(جَر۔رَہ) ٹھلیا، گگری۔
جری (جَری) بہادر، شوخ (جِر۔ری)
بام مچھلی، گینڈا مچھلی، سانپ کی صورت کی ایک مچھلی۔
جریان (جَر۔یان، جَرَیان) ایک بیماری،
بہاؤ، بہنا۔
جریب (جَریب) زمین ناپنے کا پیمانہ جم اَجرِبہ،
جُربان۔
جریب کش (جَریب۔کَش) زمین ناپنے والا۔
جریب کشی (جَریب۔کَشی) زمین ناپنا۔
جریث (جِر۔ریث) بام مچھلی، مار ماہی، انقلیس۔
جریح (جَریح) گھائل، زخمی جم جَرحیٰ۔
جرید (جَرید) قاصد، جاسوس، نامہ بر، تمام۔
جریدہ (جَری۔دَہ) اخبار، دفتر، اکیلا جم جَرائد۔
جریرہ (جَری۔رَہ) گناہ جم جَرائر۔
جریش (جَریش) دردری چیز، دلیا۔
جریم (جَریم) گراں ڈیل، جڑ سے الگ کیا ہوا۔
جریمہ (جَری۔مَہ) گناہ، خطا، جرم جم جَرائم۔
جرین (جَرین) تھوا سے سکھانے کی جگہ۔
جز (جُز) سوائے، بدون (جَز) جزیرہ (جَزّ) کاٹنا۔
جزا (جَزا) بدلا، عوض۔
جزاف (جُزاف) دیکھو گزاف
جزالت (جَزا۔لَت) مضبوطی، خوبی، بزرگی۔

جزائر (جَزا۔اِر) جزیرہ کی جمع۔
جزائل (جَزا۔اِل) جزیلہ کی جمع۔
جزبز (جِز۔بِز) خفا، ناراض۔
جزدیدہ (جُز۔دی۔دَہ) اندھا، نابینا۔
جزر (جَز۔ر) گھاٹا، بھاٹا (جَزَر) دیکھو گزر۔
جزر و مد (جَز۔رُو۔مَد) جوار بھاٹا۔
جزع (جَزَع) بےصبری (جَز۔ع) مہرۂ سلیمانی۔
جزل (جَزل) سوکھا ایندھن، سخت کلام، مضبوط
بڑا سخی، صائب الرائے، عقلمند۔
جزم (جَزم) پختہ قصد، علامت سکون حرف (ْ)
جزمہ (جَز۔مَہ) انگریزی جوتا
جزو (جُز۔و) حصہ، ٹکڑا جم اَجزاء۔
جزو بندی (جُز۔و۔بَن۔دی) کتاب کی
جلد بندی۔
جزو حقیقی (جُز۔و۔حَقی۔قی) اصلی حصہ۔
جزو رس (جُز۔و۔رَس) کفایت شعار،
معاملہ فہم۔
جزو رسی (جُز۔و۔رَسی) کفایت شعاری،
معاملہ فہمی۔
جزوز (جُزوز) خشکی۔
جزو لایتجزا (جُز۔و۔لا۔یَتَجَز۔زا) اتنا چھوٹا
حصہ جس کی تقسیم نہ ہو سکے۔
جزو لاینفک (جُز۔و۔لا۔یَن۔فَک) وہ حصہ
جو الگ نہ ہو سکے۔
جزوی (جُز۔وِی) منسوب بہ جزو، تھوڑا
حصہ جم جُزوِیات
جزیرہ (جَزی۔رَہ) ٹاپو جم جَزائر۔
جزیل (جَزیل) مضبوط، بہت، فصیح سخن۔
جزیلہ (جَزی۔لَہ) مضبوط، بہت جم جَزائل۔
جزیہ (جِز۔یَہ) اسلامی حکومت کے اندر حقوق شہریت کے
بدلے میں غیر مسلم پر ایک تھوڑا سا سالانہ محصول جم جِزیٰ، جِزیٰ۔

جساد (جِسَاد) زعفران۔
جسارت (جَسَا۔رَت) دلیری، گستاخی۔
جساس (جَس۔سَاس) کھوجی، بڑا جستجو کرنے والا۔
جسام (جُسَام) بڑا، گرانڈیل (جِسَام) جسیم کی جمع
جسامت (جَسَا۔مَت) موٹاپا، جسیم ہونا۔
جست (جَس۔ت) چھلانگ (جُس۔ت) تلاش۔
جستجو (جُس۔تُجُو) ڈھونڈھائی، تلاش۔
جستن (جَس۔تَن) کودنا مصدر جہیدن (جُس۔تَن) ڈھونڈھنا مصدر جوئیدن
جستہ (جَس۔تَہ) کودا ہوا (جُس۔تَہ) ڈھونڈھا ہوا۔
جستہ رگ (جَس۔تَہ۔رَگ) خبردار۔
جسد (جَسَد) بدن، تن جمع اَجْسَاد۔
جسدی (جَسَدِی) بدن سے نسبت رکھنے والی چیز۔
جسر (جِس۔ر) پل جمع جُسُور، اَجْسُر۔
جسک (جَس۔ک) درد، رنج، بلا۔
جسم (جِس۔م) بدن، ہر چیز جس میں لمبائی چوڑائی گہرائی ہو جمع اَجْسَام۔
جسم تعلیمی (جِس۔م۔تَع۔لِی۔مِی) لمبائی چوڑائی گہرائی۔
جسمان (جُس۔مَان) دیکھو جثمان۔
جسمانی (جِس۔مَا۔نِی) منسوب بہ جسم، جسم والی چیز
جسمانیت (جِس۔مَا۔نِی۔یَت) جسم پن۔
جسیم (جَسِیم) تنومند، جسم والا جمع جِسَام۔
جسور (جَسُور) دلیر (جُسُور) جسر کی جمع۔
جش (جَش) کوٹنا، توڑنا۔
جشا (جُشَاء) ڈکار، آروغ، آچل۔
جشب (جَشِب) روکھی سوکھی روٹی۔
جشن (جَش۔ن) محفل خوشی۔
جشن سدہ (جَش۔ن۔سَدَہ) بہمن کی دسویں تاریخ کا جشن۔
جشیب (جَشِیب) بدمزہ چیز۔
جشیش (جَشِیش) دلیا، بلغور۔

جبص (جِبَص) دیکھو گچ۔
جصاص (جَص۔صَاص) چونہ فروش۔
جعال (جِعَال) دستال، صافی، قابلِ تعریف کام۔
جعالہ (جَعَا۔لَہ) سلائی، سینے کی مزدوری۔
جعبہ (جَع۔بَہ) ترکش جمع جِعَاب۔
جعجعہ (جَع۔جَعَہ) گھڑگھڑاہٹ۔
جعد (جَع۔د) گھونگریالے بال جمع جِعَاد۔
جعد پرچیمہ (جَع۔د۔پُر۔چِیمَہ) جھنڈے کی چوٹی کے بال۔
جعد پرخم (جَع۔د۔پُر۔خَم) دلآویز تحریریا گھونگریالی زلف۔
جعد قلم (جَع۔د۔قَلَم) خط خفی۔
جعدہ (جَع۔دَہ) زلف، بھیڑیا۔
جعفر (جَع۔فَر) ندی، نالہ، خزینہ۔
جعفری (جَع۔فَرِی) ایک گیندا، زرد، ٹھاکڑ، ٹھٹی۔
جعل (جَع۔ل) بناوٹ، جھوٹ (جُعَل) گبریلا کیڑا (جُع۔ل) مزدوری۔
جعل ساز (جَع۔ل۔سَاز) فریبی۔
جعل سازی (جَع۔ل۔سَا۔زِی) فریب کرنا۔
جعلی (جَع۔لِی) بناوٹی، نقلی۔
جعبیر (جَعْبِیر) بونا اور سخت مزاج آدمی۔
جغ (جُغ) بیل کا جوا (جَغ) چھاچھ کی رئی۔
جغب (جَغ۔ب) شرانگیز آدمی۔
جغد (جُغ۔د) دیکھو جغد۔
جغرات (جُغ۔رَات) دہی۔
جغرافیہ (جُغ۔رَا۔فِیَہ) صفحۂ زمین کا بیان۔
جغرافی (جُغ۔رَا۔فِی) علم جغرافیہ جاننے والا۔
جغرافیائی (جُغ۔رَا۔فِیَا۔ئِی) جغرافیہ سے نسبت رکھنے والی چیز۔

جغلہ (جُغ - لَہ) ناچنے والا لڑکا۔
جغف (جَغف) پژمردہ، بے آب۔
جفا (جَفَا) ظلم و ستم (جُفَار) سونے چاندی
کا میل، کوڑا کرکٹ۔
جفا پیشگی (جَفَا - پے - شَگی) ظلم۔
جفا پیشہ، جفا شعار (جَفَا - پے - شَہ، جَفَا - شَعَار) ظالم، ستمگار۔
جفا شعاری (جَفَا - شِعَا - رِی) ظلم۔
جفاف (جَفَاف) خشک ہونا۔
جفا کار (جَفَا - کَار) ظالم۔
جفا کاری (جَفَا - کَا - رِی) ظلم۔
جفت (جُفْت) ہر دو چیز، جوڑا، جوٹا، جوڑ، جوتہ
جفتک (جُفْ - تَکْ) چکوا، چکوی، سرخاب کا جوڑا۔
جفتن (جُفْ - تَنْ) ملنا، ملانا، مائل ہونا۔
جفتہ (جُفْ - تَہ) پشتھ، چوتڑ، کنواں، گڑھا،
سوراخ، دولتی (جَفْ - تَہ) ٹیڑھا، کج
انگور کی ٹٹی۔
جفتی (جُفْ - تِی) نر مادین کا یکجائی ہونا، جماع۔
جفتیدن (جُفْ - تِی - دَن) نر ادر مادین
کا جماع کرنا۔
جفر (جَفْ - ر) ایک علم غیب دانی۔
جفری (جَفْ - رِی) علم جفر جاننے والا۔
جفن (جَفْ - ن) پپوٹا ج جفون، اَجفان،
اَجفُن (جَفْ - ن) نیام، میان۔
جفنہ (جَفْ - نَہ) گیا، بڑا پیالہ ج جِفَان، جَفَنَات۔
جفیر (جَفِیر) ترکش۔
جق جق (جَق - جَق) بے معنی شور و غوغا۔
جک (جَکْ) جھک۔
جکو (جُکُو) سرخاب۔
جگر (جِگَر) کلیجہ، رنج، غصہ، امید، انتظار، ما
طاقت (جِگَا - ر) اندھیاو، جھکڑ۔

جگر افگار (جِگَر - اَف - گَار) جس کا کلیجہ
زخمی ہو۔
جگر بند (جِگَر - بَن - د) فرزند، کلیجہ، پھیپھڑا،
دل وغیرہ
جگر پارہ (جِگَر - پَا - رَہ) کلیجہ کا ٹکڑا۔
جگر تاب (جِگَر - تَا - ب) کلیجہ گرم کرنے والا۔
جگر تابی (جِگَر - تَا - بی) کلیجہ گرم کرنا۔
جگر چاک (جِگَر - چَاک) جس کا کلیجہ چاک ہو۔
جگر خراش (جِگَر - خَرَاش) کلیجہ چھیلنے والا۔
جگر خوار (جِگَر - خوَار) جو جگر کو کھا دے۔
جگر خواری (جِگَر - خوَا - رِی) غم،
اندوہ، مشقت۔
جگر داری (جِگَر - دَا - رِی) بہادری،
طاقت وری۔
جگر سوختگی (جِگَر - سُوخ - تَگی) کلیجہ جلا ہوا پن۔
جگر سوختہ (جِگَر - سُوخ - تَہ) کلیجہ پھنکا ہوا۔
جگر سوز (جِگَر - سُوز) کلیجہ جلانے والا،
ہمدرد۔
جگر سوزی (جِگَر - سُو - زِی) کلیجہ جلانا۔
جگر کاوی (جِگَر - کَا - وِی) کلیجہ کھودنا، یعنی
سخت الجھن۔
جگر گوشہ (جِگَر - گُو - شَہ) فرزند عزیز۔
جگری (جِگَ - رِی) منسوب بہ جگر، سرخ رنگ
جگی جگی (جِگِی جِگِی) کلمۂ اظہار عجز، ہا
ہائے ہائے۔
جل (جَل - ل) بزرگ ہو، (جُل) ایک خوش
آواز چڑیا (جُل) جھول، بادبان ج
جِلال، اَجلال۔
جلا (جَلَا) صفائی، چمک، سرمہ (جَلَاء) دیس
نکالا، ترک الوطنی (جِلَا) صیقل گر۔
جُلاب (جُل - لَاب) گلاب، شربت گلاب، مسہل

(جَلْ۔لَابْ) کھینچنے والا، دوسری جگہ لیجانے والا (جُلْ۔اِبْ۔آبْ) پانی پر کی کائی۔

جلاجل (جَلَا۔جِلْ) جلجل کی جمع۔

جلاح (جُلَاحْ) سیلاب۔

جلاد (جَلْ۔لَادْ) ظالم، جان مارنے والا، کھال کھینچنے والا۔

جلادت (جَلَا۔دَتْ) چستی، دلیری۔

جلادی (جَلْ۔لَا۔دِی) ظلم، جلادپن۔

جلافت (جَلَا۔فَتْ) جہالت، حماقت، بکھوکھلاپن

جلاکار (جِلَا۔کَارْ) چمکانے والا۔

جلاکاری (جِلَا۔کَا۔رِی) چمکانا، اُجالنا۔

جلال (جَلَالْ) بزرگی (جُلَالْ، جِلْ۔لَالْ) بزرگ (جَلْ۔لَالْ) خاکروبا، کنجنگی۔

جلال آباد (جَلَالْ۔آ۔بَادْ) نام شہر (افغانستان)

جلالت (جَلَا۔لَتْ) بزرگی، بزرگ ہونا۔

جلالی (جَلَا۔لِی) منسوب بہ جلال، بزرگی والا۔

جلاوت (جَلَا۔وَتْ) روشنی، جلا، صفائی۔

جلاوطن (جَلَا۔وَطَنْ) وطن سے نکلا یا نکالا ہوا

جلاوطنی (جَلَا۔وَطَنِی) بے وطنی، دیس نکالا۔

جلاہ، جلاہا (جُلَاہ، جُلَا۔ہَا) نام قوم، کپڑا بننے والا۔

جلائل (جَلَا۔اِلْ) جلیلہ کی جمع۔

جلب (جَلْ۔بْ) ۱۔ لینا، کھینچنا ۲۔ فاحشہ عورت (جَلَبْ) سودا، نفع، بیچ، لاونے کا تجارتی مال (جُلْ۔بْ) خالی بادل (جَلَبْ) شور وغوغا۔

جلباب (جِلْ۔بَابْ) چادر۔

جلبان (جُلْ۔بَانْ) ہرے مونگ۔

جلبہ (جَلْ۔بَہْ) شور وغل (جُلْ۔بَہْ) کھرنڈ۔

جلجل (جُلْ۔جُلْ) گھونگرو، جھانجھ جمع جَلَا۔جِلْ

جلجلان (جُلْ۔جُلَانْ) دھنیا، کشنیز۔

جلد (جَلْ۔دْ) تیز، چست، چالاک، کوڑہ (جِلْ۔دْ) کھال، چمڑا جمع اَجْلَادْ، جُلُودْ۔ (جَلَدْ) کھل بچہ، جانور کے بچہ کی کھال بھس بھری ہوئی۔

جلدباز (جَلْ۔دْ۔بَازْ) جلدی کرنے والا۔

جلدبازی (جَلْ۔دْ۔بَا۔زِی) جلدی کرنا۔

جلدساز (جِلْ۔دْ۔سَازْ) کتابوں کی جلد باندھنے والا۔

جلدسازی (جِلْ۔دْ۔سَا۔زِی) جلد باندھنے کا پیشہ

جلدگر (جِلْ۔دْ۔گَرْ) جلدساز۔

جلدگری (جِلْ۔دْ۔گَرِی) جلدسازی۔

جلدو (جِلْ۔دُوْ) صلہ، انعام۔

جلدی (جَلْ۔دِی) تیزی (جِلْ۔دِی) منسوب بہ جلد

جلس (جِلْ۔سْ) ہم نشین، مہمان۔

جلسا (جُلَسَا) جلیس کی جمع۔

جلسہ (جَلْ۔سَہْ) محفل، ملاقات، نشست۔

جلغوزہ (جَلْ۔غُوْ۔زَہْ) چلغوزہ۔

جلف (جِلْ۔فْ) کمینہ، احمق، ناپاک جمع اَجْلَافْ، جُلُوفْ (جَلْ۔فْ) کاٹنا، اُکھاڑنا۔

جلم (جَلَمْ) ترازو کا پلڑا، پلہ۔

جلمد، جلمود (جَلْ۔مَدْ۔جُلْ۔مُوْدْ) سخت پتھر۔

جلنجبین (جُلَنْ۔جَبِیْنْ) گلقند، گل انگبین۔

جلنار (جُلْ۔نَارْ) دیکھو گلنار۔

جلنک (جَلَنْکْ) جھنکار۔

جلو (جِلَوْ) لگام، کوتل گھوڑا (جَلْ۔وْ) تلوار ملنا۔

جلواز (جِلْ۔وَازْ) کوتوالی کا سپاہی۔

جلوت (جَلْ۔وَتْ) باہر، سب کے سامنے۔

جلود (جُلُوْدْ) جلد کی جمع۔

جلوریز (جِلَوْ۔رِیْزْ) ڈھیلی باگ چھوڑے ہوئے۔

جلوز (جِلْ۔وْزْ) چلغوزہ۔

جلوس (جُلُوْسْ) جالس کی جمع، بیٹھک، اکٹھے نکلنا، بیٹھنا

جلوہ (جَلْ۔وَہْ) نظارہ، نمائش (جِلْ۔وَہْ) کسی خاص ٹھاٹھ سے خود کو دکھلانا۔

جلوہ گاہ (جَل۔ وَہ۔ گاہ) جلوہ کی جگہ۔
جلوہ گر (جَل۔ وَہ۔ گَر) جلوہ دکھلانے والا۔
جلوہ گری (جَل۔ وَہ۔ گَری) جلوہ دکھلانا۔
جلی (جَلی) روشن، آشکارا
جلیبہ (جَلیبہ) پالا، برف، اولا۔
جلیدی (جَلی۔ دی) آنکھ کی ایک رطوبت۔
جلیس (جَلیس) ہمنشین، یار جمع جُلَساء۔
جلیل (جَلیل) بزرگ، بڑا جمع اَجِلّاء، جِلَّۃ۔
جلیلہ (جَلی۔ لَہ) جلیل کا مونث جمع جَلائل۔
جم (جَم) جماعت، بہت جمع جَماھِم، جُمُوم (جُم)
سیپی الصدف (جَم) شیطان کا نام۔
جما (جَم، آ، و) منڈی۔
جماد (جَماد) جمد کی جمع (جَماد) جس چیز میں نشوو نما نہ ہو جمع جَمادات کنجوس، سوکھے کا سال (جَم، ماد) برف فروش۔
جمادی (جَما۔ دی) منسوب بہ جماد، بیجان والی
جمادی الاول، جمادی الاولی
(جُما۔ دَل۔ اَوَّل، جُما۔ دَل۔ اُو۔ لا)
پانچواں اسلامی قمری مہینہ۔
جمادی الآخر، جمادی الاخری، جمادی الثانی (جُما۔ دَل۔ آ۔ خِر، جُما۔ دَل۔ اُخ۔ را، جُما۔ دَث۔ ثا۔ نی) چھٹا اسلامی قمری مہینہ۔
جمار (جِمار) حج کا ایک منسک، کنکریاں مارنا۔
جمازہ (جَمّا۔ زَہ، جَم، ما زَہ) سانڈنی۔
جماش (جَم، ماش) شوخ، دلیر۔
جماع (جِماع) عورت اور مرد کی ہمبستری (جَم، ماع) پگھا، انبوہ۔
جماعت (جَما۔ عَت) جتھا، انسانی گروہ
جماعہ دار (جَما۔ عَہ۔ دار) جمعدار۔
جماعہ داری (جَما۔ عَہ۔ دا۔ ری) جمعداری۔

جمال (جَمال) خوبصورتی (جَم، مال) خوبصورت خوش سیرت (جَم، مال) ساربان (جِمال) جمل کی جمع۔
جمالی (جَما۔ لی) منسوب بہ جمال، خوبصورتی والی چیز۔
جمام (جَمام) گھوڑے کی تھکن کے بعد آسودگی (جُمام) برتن لبریز ہونا۔
جمان (جُمان) موتی، چاندی کا موتی۔
جماہیر (جَما۔ ہیر) جمہور کی جمع۔
جمبت (جَمبَت) ایک گھٹیا سرخی نما نیلا جوہر۔
جمجمہ (جُم۔ جُمَہ) کھوپڑی (جَم۔ جَمَہ) بڑبڑانا۔
جمد (جَمَد) جامد کی جمع، برف (جُم، د، جُمُد) درختی سخت جگہ جمع جِماد (جُمُود) ٹھٹھرنا، کھڑا ہونا (جَم، د) پانی جمنا۔
جمدر (جَم۔ دَر) جمدھر۔
جمدہ (جَم۔ دَہ) بزرگ، بلند۔
جمرک، جمروک (جُم، رُک، جُم۔ رُوک) چنگی، میونسپلٹی، بلدیہ۔
جمرہ (جَم۔ رَہ) انگارہ، آتشپارہ جمع جَمَرات
جمع (جَم، ع) جماعت، تمام، کل جمع جُمُوع اکٹھا کرنا (جُم، ع) گھونسا، مٹھی۔
جمع انداز (جَم، ع، اَن۔ داز) نشانچی، اگل چلا۔
جمع اندازی (جَم، ع۔ اَن۔ دا۔ زی) نشانہ بازی
جمعبندی (جَم، ع۔ بَن۔ دی) زمینداری کی مجموعی آمدنی۔
جمعدار (جَم، ع۔ دار) کسی جماعت کا داروغہ۔
جمعداری (جَم، ع۔ دا۔ ری) داروغہ ہونے کا منصب۔
جمعہ (جُم۔ عَہ، جُمُعَہ) لشکر، آدمیوں کا گروہ۔
جمعیت (جَم۔ عی۔ یَت) گروہ، اکٹھا پن
جم غفیر (جَم، م۔ غَفیر) بھیڑ، کثیر انبوہ۔

جمل (جَمَل، جمَل) نر اونٹ ج اَجمال، جِمال، جُمل، اَجامِل، جَمائل

جُمَّل (جُمّ۔مَل) حروف ابجد کے اعداد کا حساب (جُمَل) جملہ کی جمع۔

جملگی (جُم۔لَگی) تمامی، پورا پن۔

جملہ (جُم۔لَہ) حصۂ کلام، نقرہ، تمام، کل ج جُمَل

جمود (جُمُود) جما ہوا (جُمُود) جمنا، جما ہونا۔

جمولہ (جَمُو۔لَہ) بار برداری۔

جموم (جَمُوم) بہت پانی کا کنواں۔

جمہور (جَم۔ہُور، جُم۔ہُور) گروہ، عام لوگ ج جَماہیر۔

جمہوری (جَم۔ہُو۔رِی) منسوب بہ جمہور۔

جمہوریت (جَم۔ہُو۔رِی۔یَت) عام لوگوں کی منتخبہ حکومت۔

جمیز (جُم۔مَیز) گولر۔

جمیع (جَمِیع) تمام، سب۔

جمیعاً (جَمِی۔عَن) سب کے سب۔

جمیل (جَمِیل) خوبصورت (جُمَیل) بلبل۔

جمیلہ (جَمِی۔لَہ) جمیل کا مونث، خوبصورت عورت۔

جن (جِن) ایک پوشیدہ مخلوق، دیو، بھوت ج جِنّہ، جِنّات (جُنّ) ڈھال ج جُنَنَہ ج ج جَنَن (جَنّ) چھپانا (جَنّ) طرف، جانب

جناب (جَناب) کلمۂ تعظیم، چوکھٹ، آستانہ، احاطہ، پہلو، بغل ج اَجنِبَہ قنار، شرہ، گرد (جِناب) چوپایہ کی گردن کی رسی (جُناب) دردپہلو، درد کان۔

جنابت (جَنا۔بَت) دوری، ناپاکی سے غسل کی حاجت۔

جنابہ (جُنا۔بَہ) جڑواں، توام۔

جناح (جَناح) پر، بازو، ہراول ج اَجنِحَہ (جُناح) گناہ۔

جنادل (جَنا۔دِل) جندل کی جمع۔

جنازہ (جَنا۔زَہ) لاش برائے دفن ج جَنائز

جناس (جِناس) نظم ونثر میں قافیہ پیمائی۔

جناغ (جُناغ) دیکھو جناق (جُناغ) زین کا دامن۔

جناق (جُناق) خ ط (جَناق) دیکھو جناغ۔

جنان (جَنان) دل (جِنان) جنت کی جمع۔

جنائب (جَنا۔ئِب) جنیبت کی جمع۔

جنائز (جَنا۔ئِز) جنازہ کی جمع۔

جنایت (جِنا۔یَت) تقصیر ج جِنایات گناہ کرنا۔

جنب (جُنُب) ناپاک آدمی، بے غسل آدمی۔ (جَنب) پہلو، پسلی ج جُنُوب، اَجناب۔

جنبان (جُم۔بان) ہلنے والا، ہلتا ہوا

جنبانیدن (جُم۔با۔نی۔دَن) جھلانا، ہلانا۔

جنبش (جُم۔بِش) حرکت۔

جنبک (جُم۔بَک) چھلانگ، حرکت۔

جنبندہ (جُم۔بِن۔دَہ) ہلنے والا۔

جنبیدن (جُم۔بی۔دَن) ہلنا مضم جُنبَد۔

جنبیدنی (جُم۔بی۔دَنی) ہلنے کے لائق۔

جنبیدہ (جُم۔بی۔دَہ) ہلا ہوا۔

جنت (جَن۔نَت) باغ، بوستان ج جَنّات

جنتی (جَن۔نَتی) منسوب بہ جنت، جنت والی چیز۔

جند (جُند) لشکر، فوج ج اَجناد، جُنُود۔

جندب (جُن۔دَب) جھینگر، صرصور۔

جند بید ستر (جُند۔بے۔دَس۔تَر) نام دوا

جندر (جَن۔دَر) کوتاہ۔

جندرمہ (جَن۔دَر۔مَہ) پولیس۔

جندل (جَن۔دَل) بڑا پتھر، ج جَنادِل

جندی (جُن۔دی) سپاہی۔

جنس (جِنْس) قومیت، کسی نوع رکھنے والی چیز جمع اَجناس، جُنُوس۔

جنسی (جِنْ۔سی) جنس سے نسبت رکھنے والی چیز۔

جنسیت (جِنْ۔سی۔یَت) جنس پن، ایک میل ہونا۔

جنف (جَنَف) ظلم کی طرف میلان کرنا۔

جنگ (جَنْگ) لڑائی، حرب، (جُنْگ) مضامین اور اشعار کی بڑی بیاض، بہی، کھاتہ۔

جنگار (جَنْ۔گار) کیکڑا، سرطان۔

جنگ آزمودہ (جَنْگ۔آز۔مُو۔دَہ) جو لڑائی لڑ چکا ہو۔

جنگ گاہ (جَنْگ۔گاہ) میدانِ جنگ، کھیت۔

جنگجو (جَنْگ۔جُو) جو لڑائی ڈھونڈے۔

جنگجوئی (جَنْگ۔جُو۔ئی) لڑائی ڈھونڈھنا۔

جنگ زرگری (جَنْگ۔زَرْ۔گَری) ظاہر لڑائی مگر باطنی میل جول۔

جنگی (جَنْ۔گی) لڑاکا۔

جنگیدن (جَنْ۔گی۔دَن) لڑنا مضارع جَنگَد۔

جنن (جَنَن) مردہ، گور، کفن (جُنُن) جنون (جُنُن) جن کی جمع (جمع)۔

جنوب (جَنُوب) دکھن، بادِ بریں، دکھنا کی ہوا۔

جنود (جُنُود) جند کی جمع۔

جنود اللہ (جُنُو۔دُل۔لاہ) اللہ کی فوجیں۔

جنون (جُنُون) دیوانگی، سودا۔

جنہ (جِنْ۔نَہ) جن کی جمع (جُنْ۔نَہ) جن کی جمع۔

جنی (جِنْ۔نی) جن والا، آسیب (جَنْ۔نی) ٹپکا ہوا پھل (جِنی) گنی، انگریزی طلائی سکہ

جنیبت (جَنِی۔بَت) پہلو، کوتل گھوڑا جمع جَنائِب۔

جنین (جَنِین) پیٹ کے اندر کا بچہ جمع اَجِنَّہ۔

جلیبہ (جَلِی۔بَہ) گنی، انگریزی اشرفی (جَنْ۔بی۔یَا) جس کی بیوی، بدبیوی۔

جو (جَو) خلا، ہوا (جُو) ڈھونڈنے والا، دریا، ندی۔

جواب (جَواب) پاسخ، مقابل جمع اَجوِبَہ (جُو۔آب) جو کا پانی۔

جوابدہ (جَواب۔دِہ) جس سے جواب مانگا جاوے۔

جوابدہی (جَواب۔دِہی) جواب دینا۔

جواد (جَواد) سخی، داتا جمع اَجوِاد، جُوَدا، اَجاوِد، جُوُد، جَوَدَہ، جِیاد، نام اللہ تعالیٰ (جُواد) پیاس، تشنگی۔

جواذب (جَوا۔ذِب) جاذبہ کی جمع۔

جوار (جِوار) پڑوس، ہمسایگی۔

جوارح (جَوا۔رِح) جارحہ کی جمع۔

جوارش (جَوا۔رِش) خوش مزہ ہاضم مرکب دوا۔

جواری (جَوا۔ری) جاریہ کی جمع۔

جواز (جَواز) پروانہ راہداری، موافق شرع، درست ہونا (جُواز) سوکھنا، پیاس، ادھکھلی، اکھلی۔

جواسیس (جَوا۔سِیس) جاسوس کی جمع۔

جواف (جُواف) مچھلی کی ایک قسم۔

جوال، جوالق (جُوال، جُوا۔لِق) لادنے کی گون، گٹھیا۔

جوالہ (جَوّا۔لَہ) چکر کھانے والی چیز۔

جوامع (جَوا۔مِع) جامع، جامعہ کی جمع۔

جوامیس (جَوا۔مِیس) جاموس کی جمع۔

جوان (جَوان) گبھرو، بالغ مرد۔

جوانمرگ (جَوا۔نَا۔مَرگ) جو جوانی میں مر جاوے۔

جوانمرگی (جَوا۔نَا۔مَر۔گی) جوانی کی موت۔

جوانانہ (جَوا۔نَا۔نَہ) جوان کے لائق، منسوب بہ جوانی۔

جوانب (جَوا۔نِب) جانب کی جمع۔

جواں بخت (جَواں۔بَخت) برامنگ۔

جواں بختی (جَواں۔بَخ۔تی) پرامنگ ہونا۔

جواں سال (جَواں۔سال) نوعمر۔

جواں سالی (جَوَاں۔سا۔لِی) نوعمری۔
جوانمرد (جَوَاں مَرْد) بہادر، باحوصلہ۔
جوانمردی (جَوَاں۔مَرْ۔دِی) بہادری، باحوصلہ ہونا
جوانمرگ (جَوَاں۔مَرْگ) جواں موت۔
جوانی (جَوَا۔نِی) نوعمری۔
جواہر (جَوَا۔ہِر) جوہر کی جمع۔
جوائز (جَوَا۔اِز) جائزہ کی جمع۔
جوب (جَوب) بے آستین کی زنانی قمیص۔
جوبہ (جُوبَہ) منڈی، بازار۔
جوپلین (جُوپ۔لِین) روئی اوٹنے کی چرخی۔
جوترہ (جَو۔تَرَہ) منارہ، چوترہ۔
جوجہ (جُو۔جَہ) چوزہ۔
جوخ (جَوخ) دیکھو جوق (جُوخ) بانات۔
جود (جُود) بخشش، سخاوت (جَوْد) خوب اچھی چیزیں بہت سا مینہ۔
جودت (جَوْ۔دَت) خوبی، اچھائی (جُو۔دَت) گھوڑے کی تیز رفتاری۔
جودی (جُو۔دِی) کوہ آرارٹ (قفقاز)
جوذر (جَوْ۔ذَر) جنگلی گائے کا بچہ۔
جور (جَوْر) ظلم، ستم۔
جوراب (جَو۔رَاب) پائتابہ، موزہ۔
جوربورہ (جُور۔بُور) چکور، کبک۔
جوز (جَوْز) چارمغز، اخروٹ، ہر گول پھل۔
جوزا (جَوْ۔زَا) نام برج آسمانی۔
جوزبوبا (جَوْز۔بُو۔بَا) جائپھل، جائفل۔
جوزق (جَوْ۔زَق) ڈوڈہ، کپاس کا گولہ۔
جوز ماثل (جَوْزِ۔ماثِل) دھتورا۔
جوزن (جَوْ۔زَن) گردی، رتوا، جادوگر۔
جوز ہندی (جَوْزِ۔ہِن۔دِی) مغز ناریل، کھوپرا۔
جوزیدن (جَوْ۔زِی۔دَن) غصہ کھانا، رنجیدہ ہونا
جوزیدہ (جَوْ۔زِی۔دَہ) رنجیدہ۔
جوس (جَوْس) خبر ڈھونڈھنا۔
جوساک (جَوْ۔سَاک) گھنڈی۔
جوسق (جَوْ۔سَق) دیکھو کوشک۔
جوسنگ (جَوْ۔سَنگ) جو کے ہم وزن۔
جوش (جُوش) حلقہ، اُلاپ، اُبال (جَوْش) زرہ، اُلاپ، اُبال (جُوش، جَوْشِن) انسان کا سینہ۔
جوشاں (جُو۔شَاں) اُبلنے والا، اُبلتا ہوا۔
جوشاندن (جُو۔شَان۔دَن) اُبالنا۔
جوشاندہ (جُو۔شَان۔دَہ) اُبالا ہوا۔
جوشانیدن (جُو۔شَا۔نِی۔دَن) دیکھو جوشاندن
جوشانیدہ (جُو۔شَا۔نِی۔دَہ) اُبالا ہوا۔
جوشش (جُو۔شِش) جوش۔
جوشن (جَوْ۔شَن) جنگی زرہ۔
جوشندہ (جُو۔شَن۔دَہ) کھولنے والا، اُبلنے والا۔
جوشیدن (جُو۔شِی۔دَن) اُبلنا مضع جُوشَد۔
جوشیدنی (جُو۔شِی۔دَنِی) اُبلنے کے لائق۔
جوشیدہ (جُو۔شِی۔دَہ) اُبلا ہوا۔
جوشیدہ مغز (جُو۔شِی۔دَہ۔مَغْز) غصیلا۔
جوع (جُوع) بھوک، گرسنگی۔
جوع البقر، جوع الکلب (جُو۔عُل۔بَقَر، جُو۔عُل۔کَل۔ب) بھوک کی زیادتی کی بیماری۔
جوعان (جَوْ۔عَان) بھوکا، گرسنہ۔
جوغن (جُو۔غَن) اوکھلی۔
جوف (جَوْف) کھوکھل، پیٹ جمع اَجْوَاف۔
جوق (جُوق، جَوْق) گروہ، جھنڈ۔
جوقہ (جُو۔قَہ) اداکاروں کی جماعت۔
جول (جُول) بیابان۔
جولاں (جَو۔لَاں، جَو۔لَاں) کاوا، کاوا دینا (جُو۔لَاں) بیڑی۔

جولانگاہ (جَو۔لاں۔گاہ) کاوداور دوڑنے کی جگہ، دوڑانے کی جگہ۔
جولانی (جَو۔لا۔نی) تیزی، گھوڑا۔
جولاہ (جُو۔لاہ) جولاہا۔
جولاہک (جُو۔لا۔ہَک) جولاہ کی تصغیر۔
جولاہہ (جُو۔لا۔ہَہ) نوربات۔
جولقی (جَو۔لَقی) کمل پوش قلندر۔
جولہ (جُو۔لَہ) مکڑی، جولاہا (جُو۔لَہ) ترکش، کمان رکھنے کا خانہ، فالج۔
جولیدہ (جُو۔لی۔دَہ) دیکھو ژولیدہ۔
جوناں (جَو۔ناں) بھوکا، گرسنہ۔
جونہ (جُو۔نَہ) پٹاری، ڈبہ، صندوقچی۔
جوہ (جُوہ) بیل جوتنے کا جوا۔
جوہر (جَو۔ہَر) بیش قیمت پتھر، ج جواہر، جمع الجمع جواہرات، ہر چیز کی اصل، ہر چیز کا خلاصہ، کسی چیز کی وہ صفت جو اُس کے ساتھ مستقل طور پر قائم ہو۔
جوہر فرد (جَو۔ہَر۔فَرد) جزو لا یتجزیٰ۔
جوہر ناب (جَو۔ہَر۔ناب) خالص جوہر۔
جوہری (جَو۔ہَری) جواہرات فروش۔
جوہی (جُو۔ہی) قسم پھلواری۔
جوئبار (جُو۔ئِی۔بار) بہت سی نہروں کی جگہ۔
جوئیدن (جُو۔ئی۔دَن) ڈھونڈھنا۔
جوئیدہ (جُو۔ئی۔دَہ) ڈھونڈھا ہوا۔
جوئی (جُوئی) دلی جلن، عشق، محبت، جوئی، دریا، ندی، نالہ
جویا، جویاں (جُو۔یا، جُو۔یاں) ڈھونڈھنے والا، ڈھونڈھتا ہوا۔
جویانیدن (جُو۔یا۔نی۔دَن) ڈھونڈھوانا۔
جویانیدہ (جُو۔یا۔نی۔دَہ) ڈھونڈھوایا ہوا۔
جویائی (جُو۔یا۔ئی) ڈھونڈھنا، تلاش۔
جہاد (جِہاد) دین کی حمایت میں جنگ (جُہاد) بے گھاس کا جنگل۔
جہار (جِہار) ظاہر ہونا۔
جہاز (جَہاز) تیرنے والی مصنوعی سواری (جِہاز) جہیز، کفن، سامان سفر۔
جہال (جُہّال) جاہل کی جمع۔
جہالت (جَہا۔لَت) نادانی، بے علمی۔
جہام (جَہام) خالی بادل۔
جہان (جِہان) کودنے والا (جَہان) دُنیا۔
جہان آرا (جَہاں۔آ۔را) دنیا سجانے والا۔
جہان آرائی (جَہاں۔آ۔را۔ئی) دنیا کی سجاوٹ
جہانبان (جَہاں۔بان) محافظ دنیا، بادشاہ۔
جہانبانی (جَہاں۔با۔نی) بادشاہت، محافظت دنیا
جہان جہان (جَہان۔جَہان) بہت، بسیار۔
جہاندار (جَہاں۔دار) دنیا کا رکھوالا۔
جہانداری (جَہاں۔دا۔ری) حکومت، دنیا کی رکھوالی۔
جہاندیدہ (جَہاں۔دی۔دَہ) دنیا دیکھے ہوئے، تجربہ کار۔
جہانی (جَہا۔نی) منسوب بہ جہان، دنیا والی چیز۔
جہانیاں (جَہا۔نیاں) جہانی کی جمع، خلقت، (جَہا۔نی۔یاں) اللہ تعالےٰ، بادشاہ۔
جہانیدن (جَہا۔نی۔دَن) کُدانا۔
جہانیدہ (جَہا۔نی۔دَہ) کُدایا ہوا۔
جہت (جِہَت) سبب، واسطے، جانب، ج جہات۔
جہد (جَہد، جُہد) طاقت، کوشش، (جَہد) رنج، مشقت۔
جہد جہید (جَہد، جَہید) بڑی کوشش۔
جہر (جَہر) آشکارا، چلا کر کہنا (جُہر) روز کوری، رتوندی (جُہر) شکل، ہیئت۔
جہش (جَہِش) طبیعت، خلقت، سرشت۔

جہل (جَہْ۔ل) نادانی، انجانی۔
جہلا (جُہَلا) جاہل کی جمع۔
جہل بسیط (جَہْ۔لِ۔بَسِیط) نا واقفیت۔
جہل مرکب (جَہْ۔لِ مُرَکَّب) غلط واقفیت
جہلہ (جَہَلَہ) جاہل کی جمع۔
جہلی (جَہْ۔لی) کاہل۔
جہم (جَہْ۔م) ترشروئی۔
جہندہ (جَہَن۔دَہ) کودنے والا۔
جہنم (جَہَن۔نَم) دوزخ، گہرا کنواں۔
جہنمی (جَہَن۔نَمی) دوزخی۔
جہودی (جَہُو۔دی) یہودی جمع جُہُود۔
جہوش (جُہُوش) بسورنا۔
جہول (جَہُو۔ل) بڑا نادان۔
جہوم (جَہُو۔م) عاجز، ناتواں۔
جہیدن (جَہی۔دَن) کودنا، اُچھلنا۔
جہیر (جَہِیر) بلند آواز آدمی۔
جہیز (جَہی۔ز) لڑکی کی رخصت، شادی کا سامان، سامانِ دفنِ مردہ۔
جیانہ (جَیا۔نَہ) قبرستان۔
جیب (جَیب) گریبان، پیراہن، سینہ، دل، لباس میں چیز رکھنے کی تھیلی جمع جِیاب، جُیُوب۔
جیبہ (جی۔بَہ) جواب (جی۔بَہ) زرہ (بے۔بَہ) بکتر۔
جیحون (جَی۔حُون) نام دریا وسطی ایشیا۔
جید (جَی۔یِد) خوب، کھرا جمع جِیاد، جِیاد، اجیاد (جِید) دراز گردن جمع جُیُود، جیاد (جِید) درازی۔
جیران (جِی۔رَان) جار کی جمع۔
جیرہ (جی۔رَہ) بٹیا، طعام، راتبہ۔
جیزو (جی۔زُو) سیہی، خارپشت۔
جیستن (جَس۔تَن) کودنا، پھاندنا۔

جیش (جَیش) لشکر، شورش دل جمع جُیُوش۔
جیغہ (جی۔غَہ) پگڑی میں باندھنے کا مرصع زیور۔
جیغہ جیغہ (جی۔غَہ۔جی۔غَہ) نشان، تلک۔
جیفہ (جی۔فَہ) سڑا ہوا مردہ ڈھور جمع جِیَف، اَجیاف۔
جیل (جِیل) آدمیوں کا گروہ، فوج۔
جیوہ (جے۔وَہ) سیماب، پارہ۔

چ

چ (چے) مخصوص حروف فارسی قائم مقام عدد ۳، کئی حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ پ کے ساتھ مثلاً چلاؤ، پلاؤ۔ ۲۔ ت کے ساتھ مثلاً چیں، تیں ۳۔ ج کے ساتھ مثلاً چفتہ، جفتہ۔ ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً پچشک، پزشک۔ ۵۔ ژ کے ساتھ مثلاً کاچ، کاژ۔ ۶۔ س کے ساتھ مثلاً خروس خروچ۔ ۷۔ ش کے ساتھ مثلاً کاچکے، کاشکے۔
چا (چا) دیکھو چای۔
چابق (چا۔بَق) پیالہ، کاسہ۔
چابک (چا۔بُک) چالاک، تیز، تازیانہ۔
چابکخرام (چا۔بُک۔خِرام) تیز رو۔
چابکدست (چا۔بُک۔دَس۔ت) تیز دست، ہاتھ چالاک۔
چابکدستی (چا۔بُک۔دَس۔تی) تیز دستی، ہاتھ چالاکی۔
چابکی (چا۔بُکی) چالاکی، چستی، تیزی۔
چاپ (چاپ) چھاپ، چھاپہ، پہچان، قدم کی آواز۔
چاپائی (چا۔پا۔ئی) دیکھو چپائی۔
چاپار (چا۔پار) ڈاکیہ، ڈاک۔
چاپچی (چاپ۔چی) پرنٹر، چھاپنے والا۔

چاپ کردن (چَاپْ۔ کَرْ۔ دَنْ) چھاپنا، طبع کرنا۔
چاپلوس (چَاپْ۔ لُوْس) خوشامدی۔
چاپلوسی (چَاپْ۔ لُوْ۔ سِیْ) خوشامد۔
چاچی (چَا۔ چِیْ) ڈھنڈوریا، منادی۔
چادر (چَا۔ دَرْ) ردا، ایک استعمالی کپڑا۔
چار (چَارْ) چہار، چارہ، علاج۔
چار آئینہ (چَارْ۔ آ۔ اِیْ۔ نَہْ) ایک قسم کی زرہ۔
چار باد (چَارْ۔ بَادْ) چوبائی ہوا، چاروں طرف کی ہوا۔
چار بالش (چَارْ۔ بَا۔ لِشْ) مسند، تخت شاہی۔
چار برگ (چَارْ۔ بَرْگْ) قسم پھول، پہاڑی لالہ۔
چار بیتی (چَارْ۔ بَیْ۔ تِیْ) رباعی۔
چار پنج (چَارْ۔ پَنْجْ) پنج کا سنی، پنج رانے یا نہ پنج کرنے پنج کبر۔
چار پا (چَارْ۔ پَا) چوپایہ جانور۔
چار پارہ (چَارْ۔ پَا۔ رَہْ) بندوق کا چھرا۔
چار پایہ (چَارْ۔ پَا۔ یَہْ) چارپائی، پلنگ۔
چار تار (چَارْ۔ تَارْ) خاک، آگ، ہوا، پانی۔
چار جامہ (چَارْ۔ جَا۔ مَہْ) ایک قسم کی زین۔
چار خانہ (چَارْ۔ خَا۔ نَہْ) چوکور خانوں کا کپڑا۔
چار دانگ (چَارْ۔ دَانْگْ) چاروں سمت۔
چار دہ (چَارْ۔ دَہْ) چودہ (۱۴)
چار دہم (چَارْ۔ دَہُمْ) چودھواں۔
چار دیوار (چَارْ۔ دِیْ۔ وَارْ) رات۔
چار دیواری (چَارْ۔ دِیْ۔ وَا۔ رِیْ) احاطہ۔
چار زانو (چَارْ۔ زَا۔ نُوْ) آلتی پالتی۔
چار زبان (چَارْ۔ زُبَانْ) بجی، پانی۔
چار سو (چَارْ۔ سُوْ) چاروں طرف۔
چار شاخ (چَارْ۔ شَاخْ) مجرم کی سزا دینے کا ایک قدیم طریقہ۔
چار شانہ (چَارْ۔ شَا۔ نَہْ) بیڈول، بیٹکم۔
چار شنبہ (چَارْ۔ شَنْ۔ بَہْ) دیکھو چہار شنبہ۔

چار ضرب (چَارْ۔ ضَرْبْ) چوتالہ، چار ابرو کا صفایا۔
چار طاق (چَارْ۔ طَاقْ) راوٹی۔
چار طبع (چَارْ۔ طَبْ۔ عْ) گرمی، سردی، خشکی، تری۔
چارق (چَا۔ رُقْ) صحرائیوں کا جوتہ۔
چار قب (چَارْ۔ قَبْ) امیروں کا ایک لباس۔
چارک (چَا۔ رَکْ) نقیب، چاؤش۔
چار گام (چَارْ۔ گَامْ) تیز رفتار گھوڑا۔
چار گاہ (چَارْ۔ گَاہْ) قسم راگ۔
چار گوشہ (چَارْ۔ گُوْ۔ شَہْ) چوکھونٹی چیز، تابوت، تخت شاہی۔
چارم (چَا۔ رُمْ) چوتھا، چہارم۔
چارمی (چَا۔ رُمِیْ) چوتھائی۔
چار مغز (چَارْ۔ مَغْ۔ زْ) اخروٹ۔
چار منزل (چَارْ۔ مَنْ۔ زِلْ) شریعت، طریقت، معرفت، حقیقت۔
چار موجہ (چَارْ۔ مَوْ۔ جَہْ) بھنور، گرداب۔
چار وا (چَارْ۔ وَا) دیکھو چارپا۔
چارہ (چَا۔ رَہْ) علاج، مدد، تدبیر، فریب۔
چارہ ساز (چَا۔ رَہْ۔ سَازْ) علاج کرنے والا۔
چارہ سازی (چَا۔ رَہْ۔ سَا۔ زِیْ) علاج کرنا۔
چار یار (چَارْ۔ یَارْ) حضرت ابوبکر صدیق رض، حضرت عمر فاروق رض، حضرت عثمان غنی رض، حضرت علی مشکل کشا کرم۔
چاش (چَاشْ) راس، بھوسہ وغیرہ سے صاف کیا ہوا غلہ۔
چاشت (چَاشْ۔ تْ) ایک پہر دن چڑھا ہوا، نصف دوپہر۔
چاشنی (چَاشْ۔ نِیْ) چکھنے کے لئے نمونہ، قوام، بندوق کی ٹوپی، رنگ۔
چاشنی گیر (چَاشْ۔ نِیْ۔ گِیْرْ) باورچی۔
چاق (چَاقْ) تندرست، چالاک، فربہ۔

چاق ماق (چاق-ماق) بندوق کا گھوڑا۔
چاقو (چا-قو) کاٹنے کا ایک اوزار
چاک (چاک) شگاف، پارہ۔
چاکا بندن (چا-کا-بن-دن) ٹپکانا۔
چاکر (چا-کر) نوکر، خدمتگار۔
چاکری (چاک-ری) نوکری۔
چاکسو (چاک-سو) نام دوا۔
چاکش (چا-کش) بندوق کا گھوڑا۔
چال (چال) چکور، گڑھا، کنواں۔
چالاک (چا-لاک) چست، تیز
چالاکی (چا-لا-کی) چستی، تیزی۔
چالپوس (چال-پوس) دیکھو چاپلوس۔
چالش (چا-لش) چھاپہ، لڑائی کا حملہ۔
چالیش (چا-لیش) اکھڑ چال۔
چالیک (چا-لیک) گلی ڈنڈا۔
چام (چام) ڈھنگ، پہاڑی گھاٹی۔
چامہ (چا-مہ) شعر، غزل۔
چامہ گو (چا-مہ-گو) غزل کہنے والا۔
چامیدن (چا-می-دن) پیشاب کرنا، موتنا۔
چامین (چا-مین) پیشاب، پاخانہ۔
چانہ (چا-نہ) ٹھوڑی، پیڑا، لوئی۔
چاو (چاو) پرامیسری نوٹ۔
چاوچاو (چاو-چاو) چیاؤں پیاؤں۔
چاوش (چا-وش) نقیب۔
چاولی (چاو-لی) سوپ، چھاج، ساکھی۔
چاویدن (چا-وی-دن) چبانا، چیاؤں پیاؤں کرنا
چاہ (چاہ) کنواں۔
چاہ جو (چاہ-جو) ڈول نکالنے کا کانٹا۔
چاہ ذقن، چاہ زنخ (چا-ہ-ذقن، چا-ہ-زنخ) ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہ کن (چاہ-کن) کنواں کھودنے والا، [illegible]

چاہ کنی (چاہ-کنی) کنواں کھودنا۔
چاہ مغ (چاہ-مغ) گہرا کنواں۔
چاہیدن (چا-ہی-دن) کھٹا ہونا، دانت کھٹے ہونا۔
چائی (چا-ئی) ابال کر پینے کی ایک پتی۔
چپاغ (چپا-غ) مچھلی کی ایک قسم۔
چپغت (چپ-غت) روئی بھرا ہوا بچھا پرانا کپڑا مثلاً لحاف نہالی وغیرہ۔
چپ (چپ) بائیں، بایاں، کھبا۔
چپات (چپات) دیکھو چپت۔
چپاتی (چپا-تی) پھلکا، نازک ہلکی روٹی۔
چپار (چپار) ڈاک، برید، ہنگی گھوڑا۔
چپانداز (چپ-اَن-داز) دغاباز۔
چپت (چپت) تھپڑ، پٹڑ، چانٹا۔
چپچلہ (چپ-چلہ) جھولا، ریشہ، رگن۔
چپر (چپر) چھپر۔
چپیدن (چپ-پی-دن) دیکھو چسپیدن۔
چپقلش (چپ-قلش) جھپٹ، تلوار کی لڑائی۔
چپکن (چپ-کن) ایک قسم کا انگرکھا۔
چپلک (چپ-لک) گندہ، ناپاک۔
چپلوس (چپ-لوس) دیکھو چاپلوس۔
چپہ (چپ-پہ) باندا، کھیڑا۔
چپیدن (چپی-دن) ہلنا، پھر جانا۔
چتر (چتر) چھتری، چھاتہ۔
چتر آبگون (چت-ر-آب-گون) آسمان۔
چتر روز (چت-ر-روز) سورج۔
چتر زرکش (چت-ر-زر-کش) بائیں ہاتھ کو ٹیک کر اور پاؤں اوپر کو اٹھا کر کھڑے ہونے والا۔
چتر سیمابی، چتر سیمیں (چت-ر-سی-ما-بی، چت-ر-سی-میں) پورا چاند۔
چتر عنبریں (چت-ر-عن-بریں) رات۔

چترگلی (چَتْ ر - گُ - لی) کالی گھٹا، آسمان۔
چترنور (چَتْ ر - نُور) سورج۔
چتو (چُتُو) چیز ڈھکنے کا پردہ۔
چتوک (چُتُوک) دیکھو چنوک۔
چچ (چَچ) چھاج، سوپ۔
چچک (چُچَک) رخسارے کا تل، پھول۔
چچلہ (چُچْلَہ) عورت کی شرمگاہ کا گوشت پارہ۔
چچو (چُچُو) عورت کی چھاتی، چوچی۔
چخ (چَخ) جھگڑا، غلاف، بیل۔
چخاچخ (چَخَا - چَخ) تلوار چلنے کی آواز۔
چخش (چَخْش) گردن کی رسولی۔
چخک (چَخَک) تل، خال۔
چخماخ (چَخْ - مَاخ) دیکھو چقماق۔
چخیدن (چَخِی - دَن) لڑنا مضم چخد۔
چخین (چَخِین) غمگین، رنجیدہ۔
چدار (چَدَار) اگاڑی۔
چدن (چَدَن) چیدن کا مخفف۔
چدہ (چَدَہ) دیکھو چیدہ
چر (چُر) مرد کا عضوِ تناسل۔
چرا (چِرَا) کسواسطے، کیوں (چَرَا) چراگاہ، چرنا۔
چراخ (چَرَاخ) دیکھو چراغ۔
چرازن (چَرَا - زَن) چرنے والا، چرندہ۔
چراغ (چِرَاغ) دیا (چَرَاغ) دیکھو چرا۔
چراغاں (چِرَا - غَاں) بہت سے چراغوں کی روشنی۔
چراغپا (چِرَاغ - پَا) دو پٹے گھوڑا الف ہونا۔
چراغوارہ (چِرَاغ - وَا - رَہ) فانوس، قندیل۔
چراکہ (چِرَا - کِہ) کیونکہ۔
چراگاہ (چَرَا - گَاہ) چرنے کی جگہ۔
چراگر (چَرَا - گَر) چارہ جانور۔
چرانیدن (چَرَا - نِی - دَن) چرانا۔
چرب (چَرْب) چکنا، غالب۔

چرب آخور (چَرْب - آ - خُور) فارغ البال۔
چرب پہلو (چَرْب - پَہ - لُو) فربہ، جس کی نزدیکی فائدہ مند ہو۔
چرب دست (چَرْب - دَس - ت) دستکار، ہنرمند۔
چرب زبان (چَرْب - زَبَان) شیریں زبان۔
چرب زبانی (چَرْب - زَبَا - نی) شیریں زبانی۔
چرب قامت (چَرْب - قَا - مَت) لمبا، خوش قد۔
چربک (چَرْ - بَک) نقاشوں کا چربہ، پوری، اگوری ملائی (چُرْ - بَک) جھوٹ، خوشامد، طعنہ، شرمندگی، گفتگو، پہیلی، چیستاں۔
چربندہ (چَرْ - بَن - دَہ) غالب ہونے والا۔
چربو (چَرْ - بُو) چربی۔
چرب وخشک (چَرْب - وُ - خُش - ک) برا بھلا، فیاضی اور کنجوسی۔
چربہ (چَرْ - بَہ) نقش کا عکس، ملائی، عکس اتارنے کا کاغذ۔
چربی (چَرْ - بی) چکنائی، مٹاپا۔
چربیدگی (چَرْ - بی - دَگی) جھونک۔
چربیدن (چَرْ - بی - دَن) غالب ہونا مضم چرد بکر۔
چربیدہ (چَرْ - بی - دَہ) غالب شدہ۔
چرتہ (چَرْ - تَہ) دیکھو خردہ۔
چرخ (چَرْ - خ) آسمان، چرخی، ہر چکر کھانے والی چیز، شکرہ۔
چرخاب (چَرْ - خَاب) بھنور، گرداب۔
چرخ خیاطی (چَرْخ - خَیّا - طی) سینے کی مشین۔
چرخ ریسک (چَرْخ - رِی - سَک) رات کو چلانے والا جھینگر۔
چرخ زن (چَرْخ - زَن) رقاص، سیاح۔
چرخ زنی (چَرْخ - زَنی) رقاصی، سیاحی۔
چرخشت (چَرْ - خُش - ت) کولھو، معصار، دوارہ۔

چرخوک (چَرْ۔خُوکْ) لٹو۔
چرخہ (چَرْ۔خَہْ) سوت کاتنے کا آلہ۔
چرخی (چَرْ۔خِیْ) چکر، ہر گھومنے والی چیز۔
چردہ (چَرْ۔دَہْ) رنگ جو کالا ہو۔
چرز (چَرْزْ) ایک دوڑنے والا پرند۔
چرزہ (چَرْ۔زَہْ) دیکھو چردہ۔
چرس (چَرَسْ) شکنجہ، چراگاہ، بھیک کا مال۔
چرسدان (چَرَسْ۔دَانْ) جھولی۔
چرغ (چَرْغْ) لکڑ بھگا، ہنڈار، شکرہ۔
چرغد (چَرْ۔غَدْ) جھینگر۔
چرغلیلہ (چَرْ۔غَلِیْ۔لَہْ) پاجی، کمینہ۔
چرک (چِرْکْ) پیپ، رنگ، میل (چَرْکْ) زخم، گھاؤ (چَرْکْ) ایک پرند۔
چرکس (چَرْ۔کَسْ) علاقہ کوہ قاف کا مسلمان۔
چرکن، چرکین (چِرْکِنْ، چِرْ۔کِیْنْ) میلا، غلیظ۔
چرم (چَرْمْ) چمڑا، کھال۔
چرمدان (چَرْمْ۔دَانْ) چمڑے کی تھیلی۔
چرم دوز (چَرْمْ۔دُوْزْ) چمار۔
چرم دوزی (چَرْمْ۔دُوْ۔زِیْ) چمڑا سینا۔
چرمہ (چَرْ۔مَہْ) فرجی، بر تھیل۔
چرمینہ (چَرْ۔مِیْ۔نَہْ) چمڑے کی چیز۔
چرند، چرندہ (چَرَنْدْ، چَرَنْ۔دَہْ) چرنے والا۔
چرنگ (چَرَنْگْ، چَرْ۔نَگْ) دھماکا، چوٹ لگنے کی آواز
چرنگیدن (چَرَنْ۔گِیْ۔دَنْ) چوٹ لگنے کی آواز نکلنا۔
چرویدن (چَرْ۔وِیْ۔دَنْ) دوڑنا، علاج ڈھونڈھنا
چریدن (چَرِیْ۔دَنْ) چرنا مضم چرد۔
چریدہ (چَرِیْ۔دَہْ) چرا ہوا۔
چریک (چَرِیْکْ) فوج کا امدادی دستہ۔
چرز (چَرْزْ) بندر، بھیون، بوزنہ۔

چزک (چِزِکْ) ساہی جانور، سیہ۔
چس (چُسْ) دیکھو تس۔
چسپانیدن (چَسْ۔پَا۔نِیْ۔دَنْ) چپکانا۔
چسپال (چَسْ۔پَالْ) چپکا ہوا، چپکنے والا، چپکتا ہوا۔
چسپندہ (چَسْ۔پَنْ۔دَہْ) چپکنے والا۔
چسپیدگی (چَسْ۔پِیْ۔دَگِیْ) چپکن، چیک۔
چسپیدن (چَسْ۔پِیْ۔دَنْ) لپٹنا، چپکنا مضم چسپد۔
چسپیدنی (چَسْ۔پِیْ۔دَنِیْ) چپکنے کے لائق۔
چسپیدہ (چَسْ۔پِیْ۔دَہْ) چپکا ہوا، لپٹا ہوا۔
چست (چُسْتْ) چالاک، ٹھیک، مضبوط، تنگ، چپکا ہوا لباس۔
چستہ (چُسْ۔تَہْ) شیردان، آنت (چَسْ۔تَہْ) حیوان کا چوتڑ یا ران
چستہ خوار (چَسْ۔تَہْ۔خَوَارْ) مفت خورہ۔
چستی (چُسْ۔تِیْ) چالاکی، درستی، مضبوطی۔
چش (چَشْ) آنکھ، چشم، چکھنے والا۔
چشانیدن (چَشَا۔نِیْ۔دَنْ) چکھانا۔
چشپر، چشفر (چَشْ۔پَرْ، چَشْ۔فَرْ) پاؤں کا نشان۔
چشک (چَشَکْ) چکھاوٹ، چکھوتی۔
چشم (چَشْمْ) آنکھ، امید، آسرا۔
چشمارو (چَشْ۔مَا۔رُوْ، چَشْمْ۔آ۔رُوْ) جانوروں کو ڈرانے کی تصویر۔
چشماک (چَشْ۔مَاکْ) دیکھو چشمک۔
چشم بد (چَشْمْ۔بَدْ) نظر بد۔
چشم براہ (چَشْمْ۔بَرَاہْ) منتظر۔
چشم بند (چَشْمْ۔بَنْدْ) نظر بند۔
چشمبندی (چَشْمْ۔بَنْ۔دِیْ) نظر بندی۔
چشم بے آب (چَشْمْ۔بے۔آبْ) بے حیا۔

چشم بیدار (چَشْ، م - بے - دَارْ) خبردار، جاگتی آنکھ -
چشم بیمار (چَشْ، م - بی - مَارْ) آدھی کھلی ہوئی آنکھ -
چشم پوشی (چَشْ، م - پو - شی) دانستہ درگذر -
چشمخانہ (چَشْ، م - خا - نَہ) آنکھ کا حلقہ -
چشم خروس (چَشْ، م - خُرُوس) گھنگچی -
چشم داشت (چَشْ، م - دَاشْت) امید، بھروسہ -
چشم دریدہ (چَشْ، م - دَرِی - دَہ) دیدہ پھٹا، بے حیا -
چشم روشنی (چَشْ، م - رَوْ - شَنی) مبارکباد -
چشم زاغ (چَشْ، م - زَاغ) بے حیا -
چشم زخم (چَشْ، م - زَخْ، م) نظر بد کا دکھ یا نقصان -
چشم زد، چشم زدن (چَشْ، م - زَدْ، چَشْ، م - زَدَن) آنکھ کی جھپک، طرفۃ العین -
چشم شب (چَشْ، م - شَب) چاند -
چشم شدن (چَشْ، م - شُدَن) ظاہر ہونا -
چشم شور (چَشْ، م - شُور) فوراً لگنے والی نظر -
چشمک (چَشْ - مَک) آنکھ کی جھپک، عینک، لکڑی -
چشم گشتہ (چَشْ، م - گَشْ - تَہ) بھینگا، احول -
چشم نمائی (چَشْ، م - نُمَا - ئی) دھمکی جو گھور کر دی جاوے -
چشم و چراغ (چَشْ، م - وُ - چِرَاغ) سبب بینائی، فرزند -
چشمہ (چَشْ - مَہ) عینک، پانی کا سوتا، سوئی کا ناکہ -
چشمہ خون (چَشْ - مَہ - اِ - خُون) دل -
چشمہ سار (چَشْ - مَہ - سَار) جہاں بہت سے چشمے ہوں -
چشمہ سیماب، چشمہ نور (چَشْ - مَہ - اِ - سی - مَاب، چَشْ - مَہ - اِ - نُور) سورج -

چشندہ (چَشَن - دَہ) چکھنے والا -
چشنہ (چَشْنَہ) چاشنی، ذوق -
چشیدن (چَشِی - دَن) چکھنا مضارع چشد -
چشیدنی (چَشِی - دَنِی) چکھنے کے لائق -
چشیدہ (چَشِی - دَہ) چکھا ہوا -
چغ (چَغ) دیکھو چخ (چِغ) دیکھو چیق (چُغ) دیکھو چنغ -
چغاز (چَغَاز) قحبہ، زباندراز عورت -
چغاک (چَغَاک) چڑا -
چغال (چَغَال) جھبرا، جھاگ، سیلاب کا کوڑا کرکٹ -
چغالہ (چَغَا - لَہ) کچا پھل -
چغامہ (چَغَا - مَہ) قصیدہ مدحیہ -
چغان، چغانہ (چَغَان، چَغَا - نَہ) ایک باجہ -
چغتا (چَغْ - تَا) مغلوں کا ایک قبیلہ -
چغتائی (چَغْ - تَا - ئی) قبیلہ چغتا سے نسبت رکھنے والا -
چغد (چُغْ، د) اُلّو -
چغر (چَغْ، ر) دیکھو چغز -
چغربدن (چَغْ - رِی - دَن) ٹرانا، التفات کرنا -
چغز (چَغْ، ز) مینڈک، بند کھوڑا -
چغزیدن (چَغْ - زِی - دَن) دیکھو چغربدن -
چغنک (چَغْ - نَک) دیکھو چغوک -
چغل (چُغَل) کترا، چغل خور، غماز (چَغْ، ل) ایک جنگی لباس -
چغلی (چُغْ - لی) لگائی بجھائی -
چغو نشستن (چَغْ - بُو - نِشِس - تَن) کھڑا ہونا -
چغند (چُغُن، د) بادل کا جوڑا چھتا -
چغندر (چُغُن - دَر) دیکھو چقندر -
چغوک (چُغُوک) سرخاب، چڑیا -

چغیدن (چَغی - دَن) دم مارنا، کوشش کرنا
چغاله (چَغا - لَہ) فوج، پرندوں کا غول۔
چغت (چُغت) دیکھو چُست (چَغت، تا) بیل چڑھانے کی ٹٹی۔
چغتک (چَغَتَک) نام پرند۔
چغته (چَغ - تَہ) ٹیڑھا، تہمت، بکرے کی سری، برابر، کرکٹ کا بلا، انگور کی ٹٹی۔
چغیدن (چَغ - ی - دَن) چپکنا۔
چغ (چَغ)، چلمن (چَغ)، دیکھو چق (چُغ) دیکھو چغ۔
چغاچق (چَغا - چَق) دیکھو چخاچخ۔
چغاق، چقماق (چَق - ماق، چَق - مَق) طعنہ، سرزنش، چقماق پتھر۔
چغندر (چُغُن - دُر) نام ترکاری۔
چغوک (چُغوک) دیکھو چغوک۔
چک (چَک) قبالہ زمین، باغ، بیعنامہ، فرمان، کسی چیز کی حد، نداف کا ہتھا، عضو تناسل، ساکھی، حصہ، وظیفہ، ٹپکن، ٹپکا، ٹپکنے والا۔
چکاد (چَکاد) پیشانی، چوٹی۔
چکاره (چِکا - رَہ) بیکارہ، ایک جنگلی چوپایہ۔
چکاسه (چَکا - سَہ) ساہی، خار پشت۔
چکاک (چَکاک) منشور نوزیں۔
چکال (چَکال) ٹپکنے والا، ٹپکتا ہوا۔
چکاندن، چکانیدن (چَکا - نی - دَن) ٹپکانا۔
چکاوک (چَکا - وَک) چنڈول، لوا۔
چکره (چَک - رَہ) ٹپکن، ٹپکا۔
چکس (چَکَس) پرند کا اڈا، شرمندگی۔
چکسه (چَک - سَہ) پتے یا کاغذ کی پڑیا۔
چکسیدن (چَکَ - سی - دَن) شرمندہ ہونا، جانور کا اڈے پر بیٹھنا۔
چکش (چَکِش) ٹپکن، ٹپکا (چَکُش) گھن، مطرقہ۔

چکک (چَکَک) ایک چھوٹی چڑیا۔
چکله (چَک - لَہ) چھینٹ، رشاش، قحبہ خانہ۔
چکمه (چَک - مَہ) موزہ، بوٹ جوتہ، فریب۔
چکن (چِکَن) پھولدار کپڑا۔
چکندر (چُکُن - دُر) دیکھو چقندر۔
چکنده (چَکَن - دَہ) ٹپکنے والا۔
چکوک (چَکوک) کنجشک، چڑیا۔
چکه (چَک - کَہ) بوند، قطرہ، جیسا ہوا۔ (چِکَہ) چھوٹا۔
چکیدن (چَکی - دَن) ٹپکنا مضمر چکد۔
چکیدنی (چَکی - دَنی) ٹپکنے کے لایق۔
چکیده (چَکی - دَہ) ٹپکا ہوا۔
چگونگی (چِگو - نَگی) کیفیت، ماجرا۔
چگونه (چِگو - نَہ) کسطرح، کیونکر، کیسا، کیا۔
چگین (چَگین) کڑھا ہوا کپڑا۔
چل (چِل) احمق، گنوار، چالیس (۴۰)
چلالی (چَلا - لی) جھینگا۔
چلاو (چَلاو) دیکھو پلاؤ۔
چلپ (چَل - پ) جاجنم۔
چلپاسه (چَل - پا - سَہ) چھپکلی۔
چلپچی (چِلَپ - چی) ہاتھ منہ دھونے کا ظرف۔
چلپک (چَل - پَک) چپک، پوری، کچوری۔
چلته (چِل - تَہ) جبل تہ، زرہ۔
چلچله (چِل - چِلَہ) چھوٹا چیلہ۔
چلستان (چِلِس - تان) بے پانی کا جنگل۔
چلغوزه (چِل - غو - زَہ) ایک میوہ جو صنوبر کا پھل ہے۔
چلقب، چلقد (چِل - قَب، چِل - قَد) چلتہ، زرہ۔
چلنجو (چَلَن - جو) وہ آدمی جو لباس جلد کا میلا اور خراب کر دیتا ہو۔

چلوک (چِلُوک) ، اگاڑی ، تانورہ -
چلہ (چِل ، لَہ) ، چالیس دن -
چلہ کش (چِل ، لَہ - کَش) ، چالیس دن گوشہ نشین ہونے والا -
چلہ کشی (چِل ، لَہ - کَشی) ، چالیس دن کی گوشہ نشینی -
چلی (چِلی) ، بیوقوفی ، بیعقلی (چُلی) ، نامردی -
چلیپا (چَلی - پا) ، صلیب (+) ، کج -
چلیدن (چَلی - دَن) ، چلنا ، جانا مضم چَلَد -
چلیدہ (چَلی - دَہ) ، چلا ہوا -
چم (چَم) ، نازکی رفتار ، چال -
چماچم (چَما - چَم) ، ماتھا ، پیشانی ، جبہہ -
چماغ ، چماق (چَماغ ، چُماق) ، چہرہ میلوکا گرز ، موٹھدار ڈنڈا -
چمان (چَمان) ، ناز سے چلنے والا ، ناز سے چلتا ہوا -
چمانہ (چَما - نَہ) ، ناز سے چلنا -
چمانی (چَما - نی) ، ناز سے چلنے والا ، ساقی -
چمانیدن (چَما - نی - دَن) ، لچکانا ، لچکنا -
چمپچہ (چَم - چَپَہ) ، ایک ظرف کا نام ، (چُم - چَپَہ) پاؤں کی چاپ -
چمش (چَمِش) ، لچک -
چمشہ (چَم - شَہ) ، دیکھو چمشہ -
چم گردش (چَم - گَر - دِش) ، کھیل کود -
چمن (چَمَن) ، پھول باغ -
چمنا (چَم - نا) ، خچر -
چمن آرا (چَمَن - آ - رَا) ، مالی ، باغبان -
چمن آرائی (چَمَن - آ - را - ئی) ، باغبانی -
چمن پیرا (چَمَن - پَی - را) باغبان -
چمن پیرائی (چَمَن - پَی - را - ئی) ، باغبانی -
چمندہ (چَمَن - دَہ) ، لچکنے والا -

چمی (چَمی) ، سنتوری ، ضد صوری -
چمید (چَمید) ، لچک -
چمیدن (چَمی - دَن) لچکنا ، ٹہلنا مضم چَمَد -
چمیدنی (چَمی - دَنی) ، لچلنے کے لایق -
چمیدہ (چَمی - دَہ) ، لچکا ہوا -
چمین (چَمین) ، پیشاب پاخانہ -
چن (چُن) ، چوں ، چناں -
چناب (چَناب) ، خیمہ کی چوب کا سوراخ (چِناب) نام دریا (پنجاب)
چنار (چِنار) ، سرخ پھول کا ایک بڑا درخت -
چناغ ، چناق (چَناغ ، چَناق) ، زین ، پالان -
چنال (چِنال) ، دیکھو چنار -
چنان (چُنان) ، مثل اس کے ، دیسا -
چنانچہ (چُنان - چِہ) ، جیسا کہ -
چنبر (چَم - بَر) ، حلقہ ، دائرہ ، گردن کی ہنسلی -
چنبک (چَم - بَک) ، مقناطیس -
چنبل (چَم - بَل) ، کشکول ، کمنڈل -
چنبیدن (چَم - بی - دَن) ، بھاگنا ، کودنا ، اچھلنا
چنپا (چَم - پا) ، ایک پھول کا نام -
چند (چَند) ، کلمۂ استفہام ، کلمۂ خبریہ ، کچھ ، کتنا -
چنداں (چَن - داں) ، اس قدر ، اتنی دیر -
چندانکہ (چَن - داں - کہ) ، جتنا کہ ، جسقدر کہ -
چندال (چَن - دال) ، پاسبان ، اکم ظرف -
چنداول (چَن - دا - وَل) ، فوج کا پچھلا حصہ -
چند در چند (چَن ، دَر - چَن ، د) ، کئی کتنی ہی -
چندر (چَن - دَر) ، چقندر -
چندرہ (چَن - دَرہ) ، چھپھڑا ، دس -
چندگاہ (چَن ، دگاہ) ، کئی بار -
چندل (چَن - دَل) ، دیکھو صندل -
چندہ (چَن - دَہ) ، چند ، غیر معین مقدار -
چندے (چَن - دے) ، تھوڑے دن ، تھوڑی دیر

چنديں (چَن۔ دِیں) اتنا، اتنی، اِسقدر، کتنے۔
چنگ (چَنگ) ٹیڑھی چیز، پنجہ، انگارہ، اُٹھانے والی، ایک باجہ (چُنگ) چونچ، منقار۔
چنگال، چنگل (چَنگ گال، چَنگ گُل) آدمی یا حیوان کا پنجہ۔
چنگلوک، چنگوک (چَنگ لُوک، چَنگ گُوک) اپاہج
چنگی (چَنگ گی) چنگ بجانے والا (چُنگ گی) میونسپلٹی کا محصول۔
چنو (چُنو) چوں، جب، کیسا۔
چنہ (چَنَہ) دیکھو چانہ
چنیدہ (چُنی۔ دَہ) چنا ہوا۔
چنیں (چُنیں) ایسا، اسطرح، اس کے مثل۔
چو (چُو) حرف شرط، تشبیہ اور عطف، مانند، اگر، مثل، جب۔
چواک، چواکک (چُواک، چُواَکک) پوری کھجوری۔
چوب (چُوب) لکڑی۔
چوبا (چُو۔ با) ٹھونی، کھم، لوہے کی پتلی کیل۔
چوب تعلیم (چُوب۔ تَع۔ لیم) معلم کی چھڑی۔
چوبخوار (چُوب۔ خوار) دیمک۔
چوبدار (چُوب۔ دار) لکڑی لیکر آگے چلنے والا نوکر۔
چوب دست، چوبدستی (چُوب۔ دَس۔ ت، چُوب۔ دَس۔ تی) ہاتھ کی لکڑی، جریب۔
چوب شگاف (چُوب۔ شِگاف) پانہ، پچر۔
چوب طریق (چُوب۔ طَریق) ملازم سرکار کا ڈنڈا۔
چوبک (چُو۔ بَک) چوب کی تصغیر، چھوٹی لکڑی۔
چوبک زن (چُو۔ بَک۔ زَن) نقارچی۔
چوبکی (چُو۔ بکی) چوبدار۔
چوبہ گز (چُوبہ۔ گز) لکڑی کا گز۔

چوبگیں (چُو۔ بگیں) کپاس اوٹنے کی چرخی۔
چوبہ (چُو۔ بَہ) چھوٹی کیل، تیر۔
چوبیں (چُو۔ بیں) منسوب بہ چوب، لکڑی کی چیز۔
چوپاں (چُو۔ پاں، چَو۔ پاں) چرواہا۔
چوپانی (چَو۔ پا۔ نی) چرواہاپن، چروائی۔
چوترہ (چَو۔ ترَہ) چبوترہ۔
چوجہ (چُو۔ جَہ) دیکھو چوزہ۔
چوخیدن (چُو۔ خی۔ دَن) رپٹنا، پھسلنا، جھگڑا کرنا۔
چوز (چُوز) چکور، وہ شکاری پرند جس نے ابھی شکار نہ سیکھا ہو۔
چوزہ (چُو۔ زَہ) مرغی کا بچہ (چَو۔ زَہ) گریبان کی گھنڈی۔
چوزہ ربا (چُو۔ زَہ۔ رُبا) چیل، قلیواج۔
چوسیدن (چَو۔ سی۔ دَن) چپکنا۔
چوشدن، چوشیدن (چُو۔ شِدَن، چُو۔ شی۔ دَن) چوسنا۔
چوکی (چَو۔ کی) پاسبانی، نگہبانی کی جگہ۔
چوکی دار (چَو۔ کی۔ دار) پاسبان، نگہبان۔
چوکی داری (چَو۔ کی۔ دا۔ ری) پاسبانی۔
چوگاں (چَو۔ گاں) ایک قدیم کھیل مثل پولو
چوگانی (چَو۔ گا۔ نی) چوگاں بازی کا گھوڑا۔
چوگرد (چَو۔ گرد) چاروں طرف۔
چوں (چُوں) جو، مانند، اگر، کیونکر، کیسا، جب۔
چوناں (چُو۔ ناں) چناں، ہمچناں، ایسا۔
چون و چرا (چُون۔ و۔ چرا) کیوں، کسلیئے، اگر مگر
چونی (چُو۔ نی) تو کسطرح ہے۔
چونیں (چُو۔ نیں) چنیں۔

چہ (چِہ) کلمۂ تعجب، کیا (چَہ) کنواں (چِہ) حرف تصغیر شلاً باغچہ
چہا (چِہا) کلمۂ تعجب، کتنا، بہت سا۔
چہار (چِہار) دیکھو چار۔
چہار چند (چِہار۔ چَن۔ د) چوگنا۔
چہار دہ (چِہار۔ دَہ) دیکھو چاردہ۔
چہار دہم (چِہار۔ دَہُم) دیکھو چار دہم۔
چہار شنبہ (چِہار۔ شَم۔ بَہ) بدھ۔
چہار گانہ (چِہار۔ گا۔ نَہ) چوگرا، چار سے نسبت رکھنے والا۔
چہارم (چِہا۔ رُم) دیکھو چارم۔
چہارمیں (چِہا۔ رُمیں) چوتھے سے نسبت رکھنے والا۔
چہ بچہ (چَہ۔ بچَ۔ چَہ) کنوئیں کی شکل کا حوض
چہچہہ (چَہ۔ چَہَہ) چہکار، چڑیوں کا چہچہانا۔
چہر (چِہْر) چہرہ، صورت۔
چہرہ (چِہ۔ رَہ) صورت (چِہرَہ۔ رَہ) غلام بچیا (لڑکا) بلا ڈاڑھی مونچھ۔
چہرہ پرداز (چِہ۔ رَہ۔ پَر۔ دَاز) مصور، نقاش
چہرہ خیز (چِہ۔ رَہ۔ خیز) روشن، صاف۔
چہرہ کشا (چِہ۔ رَہ۔ کُشا) چہرہ کھولنے والا۔
چہرہ کشائی (چِہ۔ رَہ۔ کُشا۔ ئی) مجسمہ پرسے نقاب اٹھنے کی رسم، نقاشی، منہ کھولنا۔
چہ قدر (چِہ۔ قَدَر) کس قدر۔
چہل (چِہل) چالیس (۴۰)
چہلتہ (چِہل۔ تہ) دیکھو چلتہ۔
چہل قدمی (چِہل۔ قَدَ۔ مِی) ٹہلائی، ہوا خوری۔
چہلم (چِہ۔ لُم، چِہلُم) چالیسواں۔
چہیدنا (چِہی۔ دَن) ٹپکنا، رسنا۔
چی (چِی) رکھنے والا۔
چیچک (چے۔ چَک) سیتلا، چدری، حصبہ۔
چیچی (چیچی) ٹکلیں جھڑا ہوا آدمی۔

چیدن (چی۔ دَن) چننا مضم چیدنگ۔
چیدنی (چی۔ دَنی) چننے کے لائق۔
چیدہ (چی۔ دَہ) چنا ہوا۔
چیرگی (چی۔ رَگی) دلیری، بہادری
چیرہ (چی۔ رَہ) غالب، بہادر، پگڑی۔
چیرہ بند (چی۔ رَہ۔ بَند) کنواری، اچھوتی، پگڑی بند۔
چیرہ بندی (چی۔ رَہ۔ بَن۔ دی) پگڑی بندی۔
چیرہ دست (چی۔ رَہ۔ دَس۔ ت) غالب سرکش، زبردست۔
چیرہ دستی (چی۔ رَہ۔ دَس۔ تی) زبردستی، سرکشی۔
چیز (چیز) شے، کچھ۔
چیز بست (چیز۔ بَس۔ ت) اسباب، سامان۔
چیست (چیس۔ ت) حرف استفہام، کیا ہے۔
چیستان (چیس۔ تان) پہیلی۔
چیک چیک (چیک۔ چیک) چیاؤں پیاؤں۔
چیلہ رو (چیل۔ رو) انعام۔
چین (چین) شکن، بل، سلوٹ، نام ملک، چننے والا۔
چین بر جبیں (چین۔ بَر۔ جَبیں) تیوری کا اٹھنے پر سرو ٹ۔
چینندہ (چی۔ نَن۔ دَہ) چننے والا۔
چینہ (چی۔ نَہ) دیوار کا ردا، چگنے کا دانہ۔
چینہ دان (چے۔ نَہ۔ دان) پوٹہ۔
چینی (چی۔ نی) چین سے منسوب، چین کا باشندہ، سفید مٹی۔

ح

ح (حا، حے) مخصوص حرف عربی، تمام

مقام عدد ۸، حرفِ قمری، حرفِ حلق، چند حروف
سے بدل ہے ا۔ خ کے ساتھ مثلاً حسک، خسک
۲۔ ہ کے ساتھ مثلاً حیز، ہیز۔

حابی (حا۔بی) نزدیک۔
حاتم (حا۔تِم) قاضی، جج، ایک کالا کوّا۔
حاج (حاج) حج کرنیوالا جمع حُوَاجّ۔
حاجب (حا۔جِب) دربان، چوبدار، بھوں، پردہ جمع حُجّاب، حَوَاجِب۔
حاجت (حا۔جَت) ضرورت، خواہش جمع حاج حَوَائِج، حَوَائج، حاجات۔
حاجت براری (حا۔جَت۔ بَرَ۔آ۔رِی) حاجت پوری کرنا۔
حاجت روا (حا۔جَت۔ رَ۔وا) حاجت پوری کرنیوالا
حاجت روائی (حا۔جَت۔ رَ۔وا۔ئی) حاجت پوری کرنا۔
حاجتمند (حا۔جَت۔مَن۔د) ضرورت والا۔
حاجتمندی (حا۔جَت۔مَن۔دی) ضرورت۔
حاجز (حا۔جِز) مانع، حائل، اوٹ۔
حاجہ (حاج۔جَہ) حجن۔
حاجی (حا۔جی، حاج۔جی) حج کرنے والا جمع حاج، حُجّاج، حجیج، حَوَاج۔
حاد (حاد) تند، تیز۔
حادث (حا۔دِث) وہ چیز جو نئی پیدا ہوئی ہو۔
حادثہ (حا۔دِثَہ) نیا واقعہ، مصیبت جمع حَوَادِث۔
حادی (حا۔دی) شتربان، ساربان۔
حادی عشر (حا۔دی۔عَشَر) گیارھواں۔
حاذق (حا۔ذِق) ہوشیار، ماہر، کام میں اُستاد۔
حار (حار) گرم، گرمی کرنے والا
حارث (حا۔رِث) کاشتکار، شیر درندہ جمع حُرّاث
حارس (حا۔رِس) نگہبان، پاسبان جمع حُرّاس، اَحْرَاس۔
حارص (حا۔رِص) لالچی۔
حارہ (حار۔رَہ) گرم، کشت زار، (حا۔رَہ) محلہ، ٹولا۔
حازم (حا۔زِم) دانا، دور اندیش۔
حاسد (حا۔سِد) حسد کرنے والا جمع حُسّاد، حُسُود، حُسّد، حَسَدَہ
حاسر (حا۔سِر) برہنہ، افسوس کرنے والا
حاسہ (حاس۔سَہ) محسوس کرنے کی قوت جمع حَوَاس۔
حاشا (حا۔شا) پناہ، ہرگز، دوری، پاکی۔
حاشر (حا۔شِر) سرورِ دو عالم کا ایک نام۔
حاشم (حا۔شِم) غصہ دکھانے والا جمع حشم جمع جمع اَحْشَام۔
حاشیہ (حا۔شِیَہ) لوکر، کنارہ جمع حَوَاشی۔
حاشیہ نشین (حا۔شِیَہ۔ نَشِین) عزت دار نوکر۔
حاشیہ نشینی (حا۔شِیَہ۔ نَشی۔نی) باعزت نوکری۔
حاصر (حا۔صِر) حصر کرنیوالا، گننے والا۔
حاصل (حا۔صِل) نتیجہ، مطلب، محصول، زراعت۔
حاصل بازار (حا۔صِل۔با۔زار) بازار کا محصول
حاصل تفریق (حا۔صِل۔ تَف۔ ریق) تفریق کا نتیجہ۔
حاصل جمع (حا۔صِل۔ جَم۔ع) جوڑ کا نتیجہ۔
حاصل ضرب (حا۔صِل۔ضَرْب) ضرب کا نتیجہ
حاصل کلام (حا۔صِل۔کلام) بات کا نتیجہ۔
حاصل مطلب (حا۔صِل۔ مَط۔ لَب) نتیجہ جو مطلب سے نکلے۔

حاضر (حَا-ضِرْ) موجود، طیار، آگاہ جم حُضَّار، حُضُور، حُضَّر، حَاضِرِیْن۔
حاضرات (حَا-ضِرَاتْ) حاضر کی جمع مونث، حاضر عورتیں، جنوں کو بلانے کا ایک فرضی عمل۔
حاضراتی (حَا-ضِرَا-تِیْ) جنوں کو بلانے والا عامل۔
حاضرباش (حَا-ضِرْ-بَاشْ) موجود رہنے والا۔
حاضرباشی (حَا-ضِرْ-بَا-شِیْ) موجود رہنا۔
حاضرجواب (حَا-ضِرْ-جَوَابْ) جواب دینے میں طیار۔
حاضرجوابی (حَا-ضِرْ-جَوَا-بِیْ) فوراً برمحل جواب دینا۔
حاضرضامن (حَا-ضِرْ-ضَا-مِنْ) حاضری کا ذمہ دار۔
حاضرضامنی (حَا-ضِرْ-ضَا-مِنِیْ) حاضری کی ذمہ داری۔
حاضروناظر (حَا-ضِرُوْ-نَا-ظِرْ) موجود اور دیکھنے والا۔
حاضره (حَا-ضِرَہْ) شہر، قصبہ، گاؤں۔
حاضری (حَا-ضِرِیْ) موجودگی، طعام موجود۔
حاضرین (حَا-ضِرِیْنْ) حاضر کی جمع۔
حاطب (حَا-طِبْ) لکڑہارا جم حُطَّابْ۔
حاظنه (حَا-ظِنَہْ) دَدّا، کھلائی، دودھ پلائی۔
حافد (حَا-فِدْ) دوست، خدمتگار، پوتا، دھیتا، سسرال والا جم حَفَدَہْ، حَفَدَہْ، اَحْفَادْ۔
حافده (حَا-فِدَہْ) پوتی، دھیتی۔
حافر (حَا-فِرْ) سُم اسپ، کنواں کھودنے والا جم حَوَافِرْ۔
حافره (حَا-فِرَہْ) حالت اصلی، اول ہر چیز۔
حافظ (حَا-فِظْ) جسکو قرآن شریف زبانی یاد ہو جم حُفَّاظْ ۲۔ قوال۔
حافظه (حَا-فِظَہْ) یاد رکھنے کی قوت۔
حافی (حَا-فِیْ) ننگے پیر والا۔
حاق (حَاقْ) بیچوں بیچ۔

حاقد (حَا-قِدْ) دشمن دلی، کینہ ور۔
حاقن (حَا-قِنْ) مثاسا، جس کو پیشاب لگ رہا ہو۔
حاقه (حَاقْ-قَہْ) قیامت۔
حاکم (حَا-کِمْ) حکم کرنے والا، والی جم حُکَّامْ۔
حاکی (حَا-کِیْ) حکایت کرنے والا جم حُکَاتْ۔
حال (حَالْ) حالت، زمانہٴ موجودہ، حادثہ، ایک کیفیت جم اَحْوَالْ، حَالَاتْ ۲۔ دیکھو ہال۔
حالا (حَا-لَا) اب، اسی وقت۔
حالانکه (حَالَاں-کِہْ) باوجودیکہ، اگرچہ۔
حالب (حَا-لِبْ) دودھ دوہنے والا، ران کی رگ۔
حالت (حَا-لَتْ) حال، واردات جم حَالَاتْ۔
حالک (حَا-لِکْ) سخت سیاہ، بہت کالی چیز۔
حالی (حَا-لِیْ) زیور سے آراستہ، حال والا، جلد، فی الحال۔
حالے (حَا-لے) ابھی، اسی وقت۔
حامد (حَا-مِدْ) تعریف کرنے والا۔
حامض (حَا-مِضْ) کھٹا، ترش۔
حامل (حَا-مِلْ) اٹھانے والا جم حَمَلَہْ، حَامِلِیْنْ، حُمَّالْ۔
حامله (حَا-مِلَہْ) پیٹ میں بچے والی، لدی ہوئی گٹھا اٹھانے والی جم حَامِلَاتْ۔
حامی (حَا-مِیْ) حمایتی، نگراں جم حُمَاتْ۔
حانث (حَا-نِثْ) گنہگار، قسم توڑنے والا۔
حانوت (حَا-نُوتْ) دکان، کلال جم حَوَانِیْتْ۔
حانه (حَا-نَہْ) حانوت۔
حاوی (حَا-وِیْ) چھا جانے والا۔
حاویه (حَا-وِیَہْ) چھا جانے والی۔
حائب (حَا-ئِبْ) گنہگار۔

حائر (حا۔ اِر) سرگشتہ، لاغر، کمزور۔
حائضہ (حا۔ اِضَہ) حیض والی جمع حوائض، حیّض۔
حائط (حا۔ اِط) دیوار جمع حیطان، حِیاط۔
حائک (حا۔ اِک) جولاہہ، نورباف جمع حَوَکَہ، حاکَہ۔
حائل (حا۔ اِل) دو چیز کے بیچ میں آنے والا۔
حب (حِب) دوست جمع اَحبّاب (حَب) گولی جمع حُبُوب (حُب) محبت، پریم، گگری۔
حبا (حِبا) بخشش، دہش۔
حباب (حُباب) پانی کا بلبلہ (حُباب) دوستی، سانپ، دیو (حِباب) دوستی کرنا۔
حبابی (حُبا۔ بی) حباب سے منسوب۔
حباحب (حُبا۔ حِب) جگنو، پٹے بیجنا۔
حباری (حُبا۔ را) سرخاب جمع حُباریات۔
حبائک (حِبائِک) دیکھو حبیکہ جمع حُبُک۔
حبال (حَب۔ بال) رسی بٹنے والا۔
حب الرشاد (حَب بُر۔ رَشاد) ہالون، حُرف۔
حب السلاطین (حَب بُس۔ سَلاطِین) جمال گوٹا۔
حب السمنہ (حَب بُس۔ سَم۔ نَہ) چِرونجی۔
حب القلقل (حَب بُل۔ قُل۔ قُل) بنولا، چرونجی۔
حب الملوک (حَب بُل۔ مُلُوک) جمال گوٹا۔
حب الوطن (حُب بُل۔ وَطَن) دیس کی محبت۔
حبالہ (حِبا۔ لَہ) جال، پھندا، رسی جمع حبائل۔
حبائل (حَبا۔ اِل) عورتوں کا شیطان۔
حبحب (حَب۔ حَب) تربوز، ہندوانہ، بطیخ اخضر، ...
حبذا (حَب۔ بَذا) کلمۂ تحسین، بہت خوب، واہ وا۔
حبر (حِب۔ ر) دوات کی سیاہی، عقلمند، نیکوکار جمع حُبُور، اَحبار۔
حبس (حَب۔ س) قید، بند، مچکا، گھمس، اُمس۔
حبس دم (حَب۔ س۔ دَم) سانس روکنا۔
حبس دوام (حَب۔ س۔ دَوام) جنم قید۔

حبسی (حَب۔ سی) منسوب بہ حبس۔
حبسیات (حَب۔ سی۔ یات) قید سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔
حبش (حَبَش) اتھوپیا، ابی سینیا (افریقہ)
حبشہ (حَبَشَہ) ملک حبش، حبشیوں کی قوم۔
حبشی (حَبَشی) حبش کا آدمی، حبش کی چیز، کالی چیز۔
حبط (حَب۔ ط) ناچیز ہونا، برباد ہونا، ناپید ہونا۔
حبق (حَبَق) پودینہ۔
حبک (حَب۔ ک) اچھی بات کرنا، کاٹنا، ناپنا۔
حبل (حَب۔ ل) رسی، رگ جمع حُبُول (حَبَل) عورت کا حمل۔
حبل الورید (حَب۔ لُل۔ وَرِید) گردن کی ایک رگ۔
حبل الذراع (حَب۔ لُذ۔ ذِراع) ہاتھ کی ایک رگ۔
حبل المتین (حَب۔ لُل۔ مَتِین) مضبوط رسی۔
حبلی (حُب۔ لا) حاملہ، گابھن جمع حُبالی، حُبلیات جمع جمع حبائل۔
حبنہ (حَب۔ نَہ) پھوڑا، پھنسی۔
حبوب (حُبُوب) حب کی جمع۔
دشت گردی (دَش-ت-گَر-دِی) جنگل جنگل پھرنا۔
دشتی (دَش-تِی) جنگلی، صحرائی۔
دش خوار (دُش-خوار) مشکل، کٹھن۔
دشمر (دَش-مَر) دیکھو دسمر۔
دشمن (دُش-مَن) بیری، حریف۔
دشمن کام (دُش-مَن-کام) مصیبت، بپتا۔
دشمنی (دُش-مَنی) بیر، عداوت۔
دشنام (دُش-نام) گالی گلوج۔
دشنہ (دَش-نَہ) خنجر، کٹاری۔
دشوار (دُش-وار) مشکل، کٹھن۔
دشواری (دُش-وا-رِی) دقت، مشکل۔
دسع (دِسع) دفع کرنا۔
دعا (دُعا) اللہ تعالیٰ سے خواہش جمع اَدعِیَہ مانگنا۔
دعاب (دُعاب) خوش طبعی کرنے والا۔
دعابت (دُعا-بَت) خوش طبعی، مزاح، ظرافت۔
دعات (دُعات) داعی کی جمع۔
دعامہ (دِعا-مَہ) تھمبا، ستون جمع دَعائِم۔
دعاوی (دَعا-وا، دَعا-وِی) دعویٰ کی جمع
دعت (دَعَت) چین، سکھ، آنند۔
دعکسہ (دَع-کَسَہ) جھومر۔
دعمان (دُع-مان) کالے رنگ کا آدمی۔

دعوا (دَع-وا) دیکھو دعویٰ۔
دعوت (دَع-وَت) دعا، بلانا جمع دَعَوات
(دِع-وَت) گود لینا، متبنّیٰ کرنا، بے پالک کرنا۔
دعویٰ (دَع-وا، دَع-وِی) جو چاہا جاوے، خواہش جمع دَعاوِی
دعی (دَعی) بے پالک، متبنّیٰ، ولد الزنا، حرامزادہ، ناجائز بچہ۔
دغ (دَغ) دیکھو تیغ۔
دغا (دَغا) مکر، فریب۔
دغاباز (دَغا-باز) فریبی۔
دغد (دُغد) دلھن
دغدغہ (دَغ-دَغَہ) کھٹکا، ڈر (دِغ-دِغَہ) گدگدی۔
دغفل (دَغ-فَل) ہاتھی کا بچہ۔
دغل (دَغَل) مکر، حیلہ، مکار، دغاباز، کھوٹا سونا چاندی، بڑا درخت۔
دغلی (دَغ-لی) ۱- مکار ۲- مکر۔
دف (دَف، دُف) ڈھپڑی، دائرہ (دَف) پہلو۔
دفاتر (دَفا-تِر) دفتر کی جمع۔
دفار (دَفار) گندی، خوار، ذلیل۔
دفاع (دِفاع) باز رکھنا، دور کرنا۔
دفالی (دَفا-لی) دف بجانے والا
دفائن (دَفا-ئِن) دفینہ کی جمع۔
دفتر (دَف-تَر) مجموعہ کاغذات و حسابات کا جمع دَفاتِر۔
دفتی (دَف-تی) کاغذی پٹھہ۔
دفتین (دَف-تَین، دَفتَین) دیکھو دفتی
دفر (دَفر، دَفَر) بغل کی بدبو (دَفر) گندگی، خواری، سختی۔
دفزک (دَف-زَک) گاڑھی قیمتی چیز۔
دفع (دَفع) دور کرنا، ہٹانا۔

دفعتاً (دَف۔عَتَن) ایکا ایکی، یکبارگی، یکایک۔
دفعہ (دَف۔عَہ) ایکمرتبہ جمع دَفَعَات۔
دفعیہ (دَف۔عی۔یَہ) بچاؤ، ہٹاؤ۔
دفق (دَف۔ق) پانی بہنا، پانی بکھیرنا۔
دفلہ (دَف۔لَہ) چھوٹا ڈھول۔
دفلی (دِف۔لی) کنیر کا پیڑ، (دَف۔لی) ڈھولکی۔
دفن (دَف۔ن) دابنا، گاڑنا، چھپانا۔
دفیف (دَفیف) خنجری۔
دفین (دَفِین) پوشیدہ۔
دفینہ (دَفی۔نَہ) گڑا ہوا مال جمع دَفَائِن۔
دق (دِق) باریک، تھوڑا، ایک مہلک بخار (دَق) کوٹنا، آٹا کر دینا (دَق) فقیری، فقیری لباس۔
دقاق (دَقّاق) باریک، تھوڑا (دَق۔قاق) آٹا بیچنے والا، کوٹنے والا، باریک بات کہنے والا۔
دقت (دِق۔قَت) باریکی، کنجوسی، تکلیف، مشکل۔
دقت پسند (دِق۔قَت۔پَسَند) مشکل پسند۔
دقت پسندی (دِق۔قَت۔پَسَن۔دی) مشکل بات اچھی لگنی۔
دقت طلب (دِق۔قَت۔طَلَب) مشکل ڈھونڈھنے والا
دقتور (دَق۔تُور) ڈاکٹر، طبیب، علمی خطاب، جراح
دقل (دَقَل) خوب پھیلا ہوا پیڑ، باروردرخت۔
دق ولق (دَق۔وَل۔لَق) چٹیل میدان۔
دقہ (دُق۔قَہ) دھول غبار (دَق۔قَہ) کوٹنے کی موگری۔
دقیق (دَقیق) مہین، باریک، مشکل، آٹا جمع دَقَائق
دقیقہ (دَقی۔قَہ) مشکل، باریکی، درجے کا ساٹھواں حصہ، منٹ، پل جمع دَقَائِق۔
دک (دَک) تقدیر الٰہی، تقدیر، حکم، صدمہ، سادہ (دُک) پہاڑ، راہنما (دَکّہ) ہموار کی ہوئی زمین، کوٹنا۔

دکاس (دُکاس) اونگھ، خوابیدگی۔
دکان (دُکان، دُک۔کان) عمارت یا مکان جس کے اندر خرید و فروخت کیا جاوے جمع دَکاکین۔
دکانچہ (دُکان۔چَہ) چھوٹی سی دکان۔
دکن (دَکَن) جنوبی ہندوستان (دُکَن) سیاہ رنگ ہونا۔
دکہ (دُک۔کَہ) دکان۔
دگرگ (دَگَرگ) دانتوں کی کڑکڑاہٹ۔
دگر (دِگَر) دیکھو دیگر۔
دگرگوں (دِگَر۔گُوں) اور طرح، اور ہی طرح
دگل (دَگَل) دیکھو دغل۔
دگلہ (دَگ۔لَہ) فوجی سپاہی کا ایک کوٹ۔
دل (دِل) قلب، من، جی۔
دلآرا (دِل۔آ۔رَا) دل کی آرایش کرنے والا۔
دل آرام (دِل۔آ۔رَام) دل کا چین
دل آزار (دِل۔آ۔زَار) دل کا دکھ دینا
دل آزاری (دِل۔آ۔زَا۔رِی) دل دکھانا
دل آزردہ (دِل۔آ۔زَر۔دَہ) دکھی۔
دلاسا (دِلا۔سَا) تسلی، تسکین۔
دلاص (دِلاص) چمکیلی آہنی زرہ، چمکدار۔
دلاع (دُلاع) تربوز، ہندوانہ، جھجیا۔
دل افگار (دِل۔اَف۔گَار) جس کا دل گھائل ہو، جس کا دل زخمی ہو۔
دلاک (دَلّاک) بدن ملنے والا۔
دلال (دَلّال) راہنما، سودا چکانے میں بچولیا (دَلال) ادا، چوچلا، ناز، غمزہ۔
دلالت (دَلا۔لَت) راہنمائی۔
دلالہ (دَلّا۔لَہ) کٹنی۔
دلالی (دَلّا۔لی) دلال اور دلالہ کی اجرت یا پیشہ۔
دلاور (دِلا۔وَر، دِلا۔وَر) بہادر، سورما، جری۔

دلاوری (دِلا۔ آ۔ وَری، دِلا۔ وَرِی) بہادری۔
دلآویز (دِل۔ آ۔ وِیز) من بھاتا، دلپسند۔
دلائل (دَلا۔ اِل) دلیل کی جمع۔
دلب (دُل،ب) چنار کا پیڑ۔
دلبادل (دَل۔ با۔ دَل) بڑا ڈیرہ، بڑی فوج۔
دلباز (دِل۔ باز) چالاک، نڈر۔
دلبازی (دِل۔ با۔ زی) جان جوکھم۔
دلبر (دِل۔ بَر) دل لیجانے والا، معشوق۔
دلبری (دِل۔ بَری) معشوقی۔
دلبستگی (دِل۔ بَس۔ تِگی) دل لگی، لگن۔
دل بستہ (دِل۔ بَس۔ تہ) دل لگا ہوا۔
دلبند (دِل۔ بَن،د) دل کا ٹکڑا، بیٹا۔
دلپذیر، دلپسند (دِل۔ پذیر، دِل۔ پَسَند)
دل بھانے والی چیز، من موہنی۔
دل تفتہ (دِل۔ تَف۔ تہ) محبت سے دل جلا ہوا۔
دلتنگ (دِل۔ تَنگ) کنجوس، رنجیدہ۔
دلتنگی (دِل۔ تَنگ۔ گی) کنجوسی، رنجیدگی۔
دل جمع (دِل۔ جَم،ع) ڈھارس۔
دلجو، دلجوی (دِل۔ جُو، دِل۔ جُوئی) تسلی دینے والا۔
دلجوئی (دِل۔ جُو۔ اِی) تسلی، دلاسا۔
دلچسپ (دِل۔ چَس،پ) جس میں دل لگے۔
دلچسپی (دِل۔ چَس۔ پِی) دل لگنا۔
دلخراش (دِل۔ خَراش) دل چھیلنے والا۔
دل خراشی (دِل۔ خَرا۔ شِی) دل چھیلنا۔
دلخستہ (دِل۔ خَس۔ تہ) رنجیدہ، دلفگار۔
دل خواہ (دِل۔ خَواہ) دل کی خواہش۔
دل خوش (دِل۔ خُش) مگن، جسکا دل خوش ہو۔
دلدادہ (دِل۔ دا۔ دَہ) دل دیا ہوا، عاشق
جمع دِلدادگان۔
دلدار (دِل۔ دار) پیارا، محبوب۔

دلداری (دِل۔ دا۔ رِی) دلاسا، ڈھارس۔
دلدل (دُل۔ دُل) سیہی، سوسمار۔
دلدوز (دِل۔ دوز) دل میں گھس جانے والا۔
دلدہی (دِل۔ دِہی) ڈھارس، تسلی، عاشقی۔
دلربا (دِل۔ رُبا) معشوق، دل اُچک لے جانیوالا۔
دلربائی (دِل۔ رُبا۔ اِی) محبوبی۔
دلریش (دِل۔ رِیش) جسکا دل گھائل ہو۔
دلریشی (دِل۔ رے۔ شی) دل گھائل ہونا۔
دل زدہ (دِل۔ زَدَہ) دل کا مارا ہوا۔
دل ساز (دِل۔ ساز) خوش۔
دل سازی (دِل۔ سا۔ زی) خوشی۔
دلستاں (دِل۔ سِتاں) معشوق، دل لینے والا۔
دل سوختہ (دِل۔ سوخ۔ تہ) دل جلا۔
دلسوز (دِل۔ سوز) ہمدرد، محبوب۔
دلسوزی (دِل۔ سو۔ زی) ہمدردی۔
دلشاد (دِل۔ شاد) خوش۔
دلشب (دِل۔ شَب) آدھی رات۔
دل شدہ (دِل۔ شُدَہ) دل گیا ہوا
دل شکستہ (دِل۔ شِکَس۔ تہ) دل ٹوٹا ہوا۔
دلع (دَل،ع) زبان نکالنا۔
دلفروز (دِل۔ فُروز) دل روشن کرنے والا۔
دلفریب (دِل۔ فَریب) دل کو لبھانے والا۔
دلفگار (دِل۔ فِگار) دیکھو دل افگار۔
دلفن، دلفین (دُل۔ فِن، دُل۔ فِین)
ایک سمندری مچھلی از قسم وھیل تقریباً پانچ فٹ لمبی
دلق (دَل،ق) کھدڑی، گدڑی۔
دلک (دَل،ک) ملنا۔
دلکار (دِل۔ کار) دلپر کام کرنے والا۔
دلکاری (دِل۔ کا۔ رِی) دل پر کام کرنا۔
دلکش (دِل۔ کَش) مرغوب، دل کھینچنے والا۔
دلکشا (دِل۔ کُشا) دل کھولنے والا

دلکشی (دِل۔کَشی) دل کھینچنا۔
دلگر (دِل۔گَر) کھترینا۔
دلگرم (دِل۔گَرم) دوست، گرمجوش۔
دلگرمی (دِل۔گَرمی) دوستی، گرمجوشی۔
دلگیر (دِل۔گیر) رنجیدہ۔
دلگیری (دِل۔گی۔ری) رنج۔
دلل (دَلَل) ناز و کرشمہ جمع دِلال
دلل (دَل۔لَل) گدرایا ہوا پھل، بھولا بھنا ہوا اناج۔
دلنارہ (دَلنا۔رَہ) ڈسنے والا۔
دلنشین (دِل۔نشین) دل میں بیٹھنے والا۔
دلنشینی (دِل۔نشی۔نی) دل میں بیٹھنا۔
دل نواز (دِل۔نَواز) محبوب، دل خوش کرنے والا۔
دلنوازی (دِل۔نوا۔زی) دل خوش کرنا۔
دلنہاد (دِل۔نہاد) محبوب، جس پر دل لگایا جاوے، دل کا سہارا۔
دلو (دَلْو) ڈول جمع دِلاء، ڈول نام برج آسمانی۔
دلوع (دُلوع) زبان نکلنا۔
دلوک (دُلوک) وقت غروب آفتاب۔
دلہ (دَلَہ) جنگلی بلی، چھوٹی لومڑی، ایک قسم کھنڈرڑی، گدڑی۔
دلہاث (دِل۔ہاث) شیر، اسد، باگھ۔
دلی (دِلی) منسوب بہ دل، دل سے نسبت والی چیز
دلیارن (دَلی۔یارن) دلنا مضم دَلنا۔
دلیارہ (دَلی۔یارہ) دلیا، دلا ہوا۔
دلیر (دَلیر) بہادر۔
دلیرانہ (دَلیرا۔نہ) دلیری مانند۔
دلیری (دَلی۔ری) بہادری۔
دلیل (دَلیل) حجت، راہ، راہنما، قطار رہ جمع اَدِلّہ، دَلائل۔

دلیلی (دَلی۔لی) دلیل والا، رہنمائی، قسم سیبا۔
دم (دَم) ۱۔ لہو، خون جمع دِماء ۔۲۔ سانس، گھونٹ، وقت، بارہ، دھار، فریب، جادو، غرور، اکاوٹ، نکاس، نکال (دُم) پونچھ۔
دماثت (دَما۔ثت) نرمی، ہمواری، نرم خوئی۔
دمادم (دَما۔دَم) پے درپے (دَما۔دَم) ہر نفس، دمبدم۔
دمار (دَمار) ہلاکی۔
دماغ (دِماغ) سر کا بھیجا، غرور۔
دماغی (دِما۔غی) منسوب بہ دماغ۔
دماق (دِماق) دیکھو دماغ۔
دمام (دِمام) ملمع کی چیز، جس کو جھول چڑھا دیں
دمامہ (دَما۔مَہ) ڈھول، دھونسا، نوبت، کورگہ۔
دمامیل (دَما۔میل) دمّل کی جمع۔
دمان (دَمان) طاقتور، خوفناک، مست، غصیلا۔
دمانک (دَما۔نَک) قرابین، چوڑی نال کی بندوق۔
دمانیدن (دَما۔نی۔دَن) اگانا۔
دمباز (دَم۔باز) فریبی، دغاباز۔
دم بازپسین (دَم۔باز۔پسین) مرنے والے کا آخری سانس۔
دمبازی (دَم۔با۔زی) چھل، فریب۔
دم بخود (دَم۔بخُد) چپ، خاموش۔
دمبدم (دَم۔بَدَم) ہر دم، ہر لمحہ۔
دم بستن (دَم۔بَس۔تَن) چپ ہونا، دم سادھنا
دم پخت (دَم۔پُخ۔ت) بھاپ سے پکنے والا یا پکانے والا۔
دم تسلیم (دَم۔تَس۔لیم) خاموش، فرماں برداری، رضا طلبی۔
دم خم (دَم۔خَم) حوصلہ، دھار۔

دم خوردن (دَم۔خُر۔دَن) دھوکا کھانا۔
دم دار (دَم۔دَار) سانس رکھنے والا، زوردار۔
دمدمہ (دَم۔دَمَہ) نقارہ، ڈھنڈھورہ، شہرت، فریب، چاپلوسی، مورچہ، قلعہ کی چار دیواری، دھس بندی، زلزلہ، عذاب، ہلاک، غضب۔
دمر (دَمَر) اوندھا، اُلٹا۔
دم زدن (دَم۔زَدَن) دم مارنا۔
دمساز (دَم۔سَاز) دوست، موافق۔
دمسازی (دَم۔سَا۔زِی) موافقت، دوستی۔
دم سرد (دَم۔سَرد) ناامیدی، ٹھنڈی سانس
دم سیاوشاں (دَم۔سِیَا۔وُ۔شَاں) دم الاخوین۔
دم سیچہ (دُم۔سِی۔چَہ) پونچھ ہلانے والی چڑیا
دمشق (دَ۔مِش۔ق، دِ۔مَش۔ق) نام شہر دمشق
دم شمشیر (دَم۔شَم۔شِیر) تلوار کی دھار۔
دمص (دِ۔مَص) ردّہ، لادہ، چنائی کی ایک تہ۔
دم صبح (دَم۔صُب۔ح) بہت سویرے، اَگجردم۔
دم صور (دَم۔صُور) روز قیامت۔
دمع، دمعہ (دَم۔ع، دَم۔عَہ) آنسو جمع دموع
دمغزہ (دُم۔غَزَہ) دُم کی جڑ، پونچھ کا گوشت اور ہڈی۔
دمک (دَ۔مَک) پسینا۔
دم کش (دَم۔کَش) خاموش، سانس کھینچنے والا۔
دم کشی (دَم۔کَشِی) خاموش، سانس کھینچنا۔
دم گرگ (دُم۔گُرگ) صبح کاذب۔
دم گاو (دُم۔گَاو) بیل ہانکنے کا چمڑے کا کوڑا۔
دم گسستہ (دَم۔گُسس۔تَہ) دم ٹوٹا ہوا، ہانپا ہوا۔
دمگیر (دَم۔گِیر) پچکاری۔
دمل (دُم۔مَل) پھوڑا جمع دماہیل۔
دملج، دملوج (دُم۔لُج، دُم۔لُوج) بازوبند۔
دمنہ (دِم۔نَہ) کھنڈر، گھر کا نشان جمع دِمَن۔

دم لابہ (دُم۔لا۔بَہ) خوشامد، عاجزی۔
دمن (دِمَ۔ن) پاخانہ۔
دمندہ (دَمِن۔دَہ) اگنے والا، نکلنے والا۔
دم نقد (دَم۔نَق۔د) اسی وقت۔
دمور (دَمُور) پل پڑنا، ٹوٹ پڑنا۔
دموی (دَمَوِی) منسوب بہ دم، خونی۔
دمہ (دَمَہ) سانس کی بیماری، دھونکنی۔
دمی (دَمِی) حقہ کی ایک قسم، پھکنی۔
دمیدگی (دَمِی۔دَگی) اگاوٹ، نکال۔
دمیدن (دَمِی۔دَن) پھونکنا، جمنا، نکلنا، گپ مارنا مضم دَمَد۔
دمیدہ (دَمِی۔دَہ) اگا ہوا، نکلا ہوا۔
دمیم (دَمِیم) بدصورتی۔
دن (دَن) منھ، گول جمع دِنان۔
دنانیر (دَنَا۔نِیر) دینار کی جمع۔
دنائت (دِنَا۔اَت) کمینہ پن، نالائقی
دنب (دُم۔ب) دیکھو دُم و دَم (ب) کوتاہ۔
دنبال، دنبالہ (دُم۔بَال، دُم۔بَا۔لَہ) پچھلا، پونچھ۔
دنبل (دُم۔بَل) دیکھو دمّل۔
دنبہ (دُم۔بَہ) چوتڑ، دُم، چکدی دار مینڈھا، فربہ۔
دند (دَن۔د) جولاہے کا راچھ (دُن۔د) جال گوٹا۔
دندان (دَن۔دَان) دانت، بوسہ۔
دندان دراز (دَن۔دَاں۔دَرَاز) لالچی۔
دندان زنی (دَن۔دَاں۔زَنِی) خصومت، دشمنی
دندان ساز (دَن۔دَاں۔سَاز) دانت بنانیوالا
دندان سازی (دَن۔دَاں۔سَا۔زِی) دانت بنانا
دندان سفید (دَن۔دَاں۔سَفِید) متبسم۔
دندانہ (دَن۔دَا۔نَہ) دانتہ، دانت کے مشابہ۔

دندیدن (دَن-دِی-دَنْ) غصّہ سے بڑبڑانا۔
دنگ (دَنگْ) حیران، دیوانہ۔
دنگل (دَنگْ-گَلْ) اکھاڑہ، کشتی لڑنے کی جگہ۔
دنی (دَنِیْ) پاجی، کمینہ جمع اَدَانِی (دَنا) نزدیک
دنیا (دُنْ-یَا) یہ جہان۔
دنیا دار (دُنْ-یَا-دَارْ) کار دیار زندگی میں پھنسا ہوا۔
دنیا داری (دُنْ-یَا-دَا-رِی) کاروبار زندگی میں پھنسنا
دنیا ساز (دُنْ-یَا-سَازْ) دنیا دار، ظاہر دار۔
دنیا سازی (دُنْ-یَا-سَا-زِی) دنیا داری، ظاہر داری۔
دنیاوی، دنیوی (دُنْ-یَا-وِی، دُنْ-یَوِی) منسوب بہ دنیا، دنیا کا، دنیا کی۔
دنیدن (دَنِیْ-دَنْ) بپھرنا، موج میں راہ چلنا، خوشی میں دوڑنا۔
دنیہ (دَنِیْ-یَہْ) دنی والا، منسوب بہ دنی۔
دو (دُوْ، دُ) ایک اور ایک (دَوْ) بیابان (دَوْ) دوڑ، دوڑنے والا۔
دوا (دَوَا) دارو، علاج جمع اَدْوِیَہْ۔
دوا پذیر (دَوَا-پِذِیْر) دوا قبول کرنے والا۔
دواب (دَوَابّ) دابّہ کی جمع۔
دوات (دَوَاتْ) روشنائی کا برتن، آمد جمع دَوِی، دُوِی۔
دوآتشہ (دُوْ-آ-تِشَہْ) جس کا قوام دوبار تیار کیا گیا ہو۔
دواج (دُوَاجْ، دُوْ-وَاجْ، دَوَاجْ) لحاف، بالاپوش (دِوَاجْ) لباس۔
دواخن (دَوَا-خِنْ) دخن کی جمع۔
دوادو (دَوَا-دَوْ) بھاگا بھاگ، بھاگ دوڑ۔
دوار (دَوّ، دَوَارْ) چکرانیوالا، گھومنے والا (دُوَارْ)

دوران سر، سر چکرانا۔
دوارہ (دَوّا-رَہْ) پرکار، فرجار، کولھو۔
دواری (دَوّا-رِی) زمانہ۔
دوازدہ (دُوَازْ-دَہْ) بارہ (۱۲) ۔
دوازدہم (دُوَازْ-دَہُمْ) بارھواں حصّہ۔
دواسپہ (دُوْ-اَسْ-پَہْ) شتاب، جلد۔
دواعی (دَوَاعِیْ) داعیہ کی جمع۔
دوال (دُوَالْ) چمڑے کا تسمہ۔
دوال باز (دُوَالْ-بَازْ) فریبی، دغا باز۔
دوالک (دُوَا-لَکْ) تسمہ سے کھیلنے کا ایک جوا۔
دوالی (دُوَا-لِی) چپراس، چمڑے کی پیٹی۔
دوالیب (دَوَا-لِیبْ) دولاب کی جمع۔
دوام (دَوَامْ) ہمیشگی، ہمیشہ۔
دوان (دَوَانْ) دوڑتا ہوا۔
دوانیدن (دَوَا-نِیْ-دَنْ) دوڑانا۔
دواوین (دَوَا-وِیْنْ) دیوان کی جمع۔
دواہی (دَوَا-ہِیْ) داہیہ کی جمع۔
دوائر (دَوَا-اِرْ) دائرہ کی جمع۔
دوائی (دَوَا-اِیْ) دوا کا مزید علیہ، دوا دارو۔
دوایہ (دُوَا-یَہْ) ملائی سرشیر۔
دوبارہ (دُوْ-بَا-رَہْ) دوسری دفعہ۔
دوبالا (دُوْ-بَا-لَا) دگنا، دوچند۔
دوبدو (دُوْ-بَدُوْ) آمنے سامنے۔
دوبعد (دُوْ-بُعْدْ) دو لمبائی چوڑائی۔
دوپارہ (دُوْ-پَا-رَہْ) دو ٹکڑے۔
دوپایہ (دُوْ-پَا-یَہْ) دو ٹانگوں والا۔
دوپرویزنی (دُوْ-پَرْ-وِےْ-زَنِیْ) میدہ، دوبار چھنا ہوا آٹا۔
دوپہر (دُوْ-پَہَرْ) دن کا درمیانی حصہ۔
دوپیازہ (دُوْ-پِیَا-زَہْ) پیاز ڈالا گوشت۔
دوپیکر (دُوْ-پَیْ-کَرْ) برج جوزا۔

دوتا (دُو-تا) کبڑا، کبڑی، دوہرا، دوہری، دو عدد۔
دوتار (دُو-تار) ستار کی قسم کا ایک باجہ۔
دوتاہ (دُو-تاہ) دوگنا، دوہرا۔
دوجہان (دُو-جہان) دنیا اور عقبیٰ۔
دوچار (دُو-چار) دُوچار، مقابل، سامنا، ملاقات
دوچند (دُو-چند) دُگنا۔
دوچوبہ (دُو-چوبہ) دو ستون والا خیمہ۔
دوخہ (دَو-خہ) درخت، پیڑ۔
دوخ (دُوخ) شہاب ثاقب، بان، ایک گھاس، چٹیل میدان۔
دوخت (دُوخت) سلائی، خیاطت۔
دوختن (دُوخ-تن) سینا، سلوانا مفہم دُوزد۔
دوختنی (دُوخ-تنی) سینے کے لائق۔
دوختہ (دُوخ-تہ) سلا ہوا۔
دوخیدہ (دَو-خیدہ) دوراں سر، چکر۔
دود (دُود) دھواں، غم، آہ، سانس۔ ۲۔ کیڑا، کرم۔
دودامی (دُو-دا-می) چکن جو ایک کپڑا ہے۔
دودآہنگ (دُود-آہنگ) دیکھو دودکش۔
دودالحریر، دودالقز (دُود-ال-حریر، دُود-ال-قز) ریشم کا کیڑا۔
دودکش (دُود-کش) دھواں نکلنے کا سوراخ۔
دودلہ (دُو-دلہ) متردد، منافق۔
دودلی (دُو-دلی) تردد، نفاق۔
دودم (دُو-دم) جس کی دو دھاریں ہوں۔
دودمان (دُود-مان) خاندان، قبیلہ، کنبہ۔
دودہ (دُو-دہ) ۱۔ کیڑا جمع دُود، دیدان ۲۔ خاندان، کاجل۔
دودیہ (دُو-دیہ) سریاں۔
دور (دَور) گردش، زمانہ، چکر، گھیرا جمع ادوار۔
(دُور) فاصلہ، بعید۔
دوران (دَو-ران، دَوَران) زمانہ، گھیر۔
دور اندیش (دُور-اَن-دیش) دور کی سوچنے والا۔
دور اندیشی (دُور-اَن-دیشی) دور کی سوچنا۔
دوراہہ (دُو-را-ہہ) جہاں سے دو راستے پھٹے ہوں۔
دوراہی (دُو-را-ہی) دو راہ چلنا۔
دوربین (دُور-بین) دور کی چیز دیکھنے کا آلہ، دور کی بات سوچنے والا۔
دوربینی (دُور-بی-نی) دور دیکھنا۔
دورتر، دور ترک (دُور-تر-دُور-ترک) بہت دور
دورستہ (دُو-رس-تہ) دونوں طرف۔
دورنگ (دُو-رنگ) منافق، چالباز۔
دورنگی (دُو-رنگ-گی) نفاق، چالبازی۔
دوروزہ (دُو-روزہ) دو دن کا زمانہ، تھوڑا وقت۔
دوروئی (دُو-رُو-ئی) نفاق، چالبازی۔
دورویہ (دُو-رُو-یہ) منافقت، دونوں جانب۔
دورہ (دَو-رہ) گشت، چکر، گردش۔
دوری (دُو-ری) فاصلہ (دَو-ری) منسوب بہ دَور۔
دوز (دُوز) سینے والا۔
دوزانو (دُو-زا-نو) گھٹنوں کے بل۔
دوزانیدن (دُو-زا-نی-دن) سلوانا۔
دوزبان (دُو-زبان) منافق آدمی۔
دوزخ (دُو-زخ) جہنم، نرک۔
دوزخی (دُو-زخی) جہنمی۔
دوزندہ (دُو-زن-دہ) سینے والا۔
دوزیدن (دُو-زی-دن) دیکھو دوختن۔
دوزیرہ (دُو-زی-رہ) چاول کی ایک قسم۔
دوس (دَوس) روندنا، اناج گاہنا۔
دوسار (دُو-سار) دو حصوں میں۔

دوسالہ (دُوْ۔سَا۔لَہْ) دو برس والا۔
دوسانیدن (دُوْ۔سَا۔نِیْ۔دَنْ) چپکانا۔
دوست (دُوْس ت) پیارا، یار۔
دوستانہ (دُوْس۔تَا۔نَہْ) دوست کی مانند، دوستی۔
دوستدار (دُوْس ت۔دَارْ) یار، دوست رکھنے والا۔
دوستداری (دُوْس ت۔دَا۔رِیْ) دوستی، یاری۔
دوستکام (دُوْس ت۔کَامْ) دوست کے موافق مطلب
دوست ناشناس (دُوْس ت۔نَا۔شْنَاسْ) دوست کو نہ پہچاننے والا۔
دوستی (دُوْس۔تِیْ) یاری۔
دوسری (دُوْ۔سِرِیْ) نفاق۔
دوسندہ (دُوْ۔سَنْ۔دَہْ) چپکانے والا۔
دوسیدن (دُوْ۔سِیْ۔دَنْ) چپکنا، پھسلنا، پہونچنا مضم دُوْسَدْ۔
دوسیدہ (دُوْ۔سِیْ۔دَہْ) چپکا ہوا۔
دوش (دُوْشْ) مونڈھا، گذری ہوئی رات۔
(دَوْشْ) بھنی، دست خالی۔
دوشا (دُوْ۔شَا) دیکھو دوشہ۔
دوشاب (دُوْ۔شَابْ) باسی پانی۔
دوشاب دل (دُوْ۔شَابْ۔دِلْ) ہردم کسی چیز کی آرزو رکھنے والا۔
دوشاب دلی (دُوْ۔شَابْ۔دِلِیْ) ہر وقت کی آرزو۔
دوشاخہ (دُوْ۔شَا۔خَہْ) مجرم کی گردن پھانسنے کا شکنجہ۔
دوشانیدن (دُوْ۔شَا۔نِیْ۔دَنْ) دودھ دوہانا۔
دوشال (دُوْ۔شَالْ) قسا ہونکی صافی۔
دوشنبہ (دُوْ۔شَنْ۔بَہْ) پیر، سوموار۔
دوشندہ (دُوْ۔شَنْ۔دَہْ) دودھ دوہنے والا۔
دوشہ (دُوْ۔شَہْ) دودھ کا برتن، دودھ کا جانور۔
دوشیچہ (دُوْ۔شِیْ۔چَہْ) دیکھو دوشیزہ۔
دوشیدن (دُوْ۔شِیْ۔دَنْ) دودھ دوہنا مضم دُوْشَدْ۔
دوشیدنی (دُوْ۔شِیْ۔دَنِیْ) دوہنے کے لائق۔
دوشیدہ (دُوْ۔شِیْ۔دَہْ) دودھ دوہا ہوا۔
دوشیزگی (دُوْ۔شِیْ۔زَگِیْ) کنوارپنا۔
دوشیزہ (دُوْ۔شِیْ۔زَہْ) کنواری عورت۔
دوشینہ (دُوْ۔شِیْ۔نَہْ) گذشتہ رات والا، کندھے کا بوجھ۔
دوصحن (دُوْ۔صَحْ۔نْ) آسمان و زمین۔
دوطرفہ (دُوْ۔طَرَ۔فَہْ) دونوں طرف۔
دوطرفی (دُوْ۔طَرَ۔فِیْ) دونوں طرف والی چیز۔
دوغ (دُوْغْ) چھاچھ، مٹھا۔
دوغزلہ (دُوْ۔غَزَ۔لَہْ، دُوْ۔غَزْ۔لَہْ) دو غزلیں اکٹھی۔
دوغلہ (دُوْ۔غْ۔لَہْ) دوغلا۔
دوک (دُوْکْ) چرخے کا تکلا۔
دوکارد (دُوْ۔کَا۔رْدْ) قینچی۔
دوکاران (دُوْ۔کَا۔رَانْ) تیر دو۔
دوکون (دُوْ۔کَوْنْ) دنیا اور آخرت۔
دوگان، دوگانہ (دُوْ۔گَانْ، دُوْ۔گَا۔نَہْ) دوہرا، دو سے نسبت رکھنے والا۔
دول (دُوْلْ) ڈول، مکار، بے حیا، تھیلی (دِوَلْ، دُوَلْ) دولت کی جمع۔
دولاب (دَوْ۔لَابْ، دُوْ۔لَابْ) رہٹ، چرخ، الماری جمع دَوَالِیب۔
دولت (دَوْ۔لَتْ) موافق زمانہ، اقبال، فتحمندی، مال، حکومت، سلطنت جمع دِوَل، دُوَلْ (دَوْ۔لَتْ) نوبت، غنیمت، جیت۔
دولت خانہ، دولت سرا (دَوْ۔لَتْ۔خَا۔نَہْ، دَوْ۔لَتْ۔سَرَا) امیر آدمی کا مکان۔
دولتمند (دَوْ۔لَتْ۔مَنْ۔د) امیر آدمی۔
دولتمندی (دَوْ۔لَتْ۔مَنْ۔دِیْ) امیری۔
دولتی (دَوْ۔لَتِیْ) گورنمنٹی، سرکاری۔
دولہ (دَوْ۔لَہْ) حکومت، سلطنت۔

دولیہ (دَوْ لِیْ یہ) بین الاقوامی، دول سے منسوب۔
دوم (دُوُم) دوسرا۔
دومس (دَوْ مَس) آہنی خود۔
دومغز (دُوْ مَغْز) بادام۔
دومو (دُوْ مُو) کھچڑی بال، کھچڑے بال۔
دومی، دومیں (دُوُمِی، دُوُمِیں) دوسری والا۔
دون (دُوْن) کمینہ، سوا، غیر، تھوڑا، پاس، نیچے، کنجوس، ذلیل۔
دوندہ (دَوْ دِنْ۔ دَہ) دوڑنے والا۔
دونیم (دُوْ نِیْم) دو ٹوک، دوبارہ۔
دوی (دُوْ یِی) بیگانگی، نفاق۔
دویت (دَوِیْ۔ تْ) دوات۔
دویدن (دَوِی۔ دَنْ) دوڑنا مصدر۔
دویدہ (دَوِی۔ دَہْ) دوڑا ہوا۔
دویست (دُوْ یِسْ۔ تْ) دو سو۔
دویل (دُوْ یِل) کوے کا کچا ریشم، مکر، حیلہ۔
دہ (دَہْ)، دس (دِہْ) دیکھو دیہ جمع دِہات دینے والا، کلمۂ تفریں، ہٹ برے۔
دہا (دَہا) زیرکی، چترائی، عشرۂ محرم۔
دہات (دِہات) داہی کی جمع۔
دہاق (دِہاق) بھرا ہوا، چھلکتا ہوا۔
دہاقین (دَہا۔ قِین) دہقان کی جمع۔
دہان (دَہان) منہ (دَہ ہان) نیلی (دِہان) دہن کی جمع۔
دہان درہ (دَہان۔ دَرَہ) جماہی، خمیازہ، اوبا۔
دہانہ (دَہا۔ نَہ) منہ، سوراخ کے اطراف۔
دہانیدن (دِہا۔ نِی۔ دَن) دلوانا۔
دہائی (دَہا۔ ئی) دس کا ہندسہ، دسواں حصہ۔
دہ باشی (دَہ۔ باشی) دس سپاہیوں کا افسر۔
دہ پنجی (دَہ۔ پَنْ۔ جِی) کھوٹا سکہ۔
دہ چند (دَہ۔ چَنْ۔ د) دس گنا۔

دہ خدائے (دِہ۔ خُدائی) گاؤں والا۔
دہرین (دُہْ۔ رِین) باطل، دروغ۔
دہ دل، دہ دلہ (دَہ۔ دِل، دَہ۔ دِلَہ) منافق، متردد، بہادر، پریشان خاطر۔
دہ دہی (دَہ۔ دِہی) کھرا، زر خالص، سکۂ رائج الوقت، وہ سکہ کہ جس کا چلن ہو۔
دہر (دَہْر) روزگار، زمانہ، ہمیشہ جمع دُہور۔
دہ روز (دَہ۔ رُوز) دس دن، تھوڑی مدت۔
دہرہ (دَہ۔ رَہ) ایک ہتھیار مانند سنگین۔
دہری (دَہ۔ رِی، دُہ۔ رِی) دیکھو دہریہ (دُہ۔ رِی) بہت بوڑھا۔
دہریہ (دَہ۔ رِی۔ یَہ) منسوب بہ دہر، جو زمانہ کو قدیم جانے اور قیامت کا قائل نہ ہو۔
دہ زدہ (دِہ۔ زَدَہ) اجڑا گاؤں۔
دہستان (دِہِسْ۔ تان، دِہ۔ سْتاں) دیہاتی حلقہ۔
دہش (دِہِش) بخشش، دین (دَہِش) اچنبھا، متحیر ہونا (دَہْ۔ ش) حیران کرنا۔
دہشت (دَہْ۔ شَت) حیرت، سراسیمگی۔
دہقان (دِہْ۔ قان) گنوار جمع دَہاقین، دَہاقنہ۔
دہقانیت (دِہْ۔ قا۔ نِی۔ یَت) گنوارپن۔
دہکدہ (دِہ۔ کَدَہ) گاؤں کا مکان۔
دہ کیا (دِہ۔ کِیا) گاؤں کا مقدم، مکھیا۔
دہگان (دِہ۔ گان) دیکھو دہقان۔
دہل (دُہُل) ڈھول۔
دہلا (دَہ۔ لا) تاش کا دس بند کیوں والا پتہ۔
دہل دریدہ (دُہُل۔ دَرِی۔ دَہ) چھچھورا، بدنام۔
دہلیز (دِہ۔ لِیز) چوکھٹ جمع دَہالیز۔
دہم (دَہُم) دسواں حصہ۔
دہمت (دُہْ۔ مَت) سیاہی۔
دہ مردہ (دَہ۔ مُرْدَہ) چھوٹا جھگڑا، فضول گو۔
دہن (دَہَن) منہ (دُہْ۔ ن) تیل جمع اَدہان، دِہان

دہندہ (دِہَن۔دَہ) دینے والا۔
دہن مصری (دُہ۔نِ مِص۔رِی) روغن بلسان
دہنہ (دَہ۔نَہ) دریا کا کنارا، ملک کی سرحد، (دُہ۔نَہ) زیور، آرائش (دَہَنَہ) ایک قسم کی لگام۔
دہنیت (دُہ۔نِی۔یَت) چکناہٹ۔
دہی (دِہی) زمیندار (دَہی) زیرکی۔
دہ یک، دہ یکی (دَہ۔یَک، دَہ۔یَکی) دسواں حصہ، ایک قدیم محصول۔
دی (دِی) گذری ہوئی کل (دَی) فارسی کا دسواں شمسی مہینہ۔
دیار (دِیار) دار کی جمع، علاقہ، ملک (دَیّار) گھر والا، باشندہ۔
دیاقوذہ (دَیا۔قُوذ۔دَہ) ایک مرکب دوا۔
دیان (دَیّان) حکم کرنے والا، جزا دینے والا۔
دیانت (دِیا۔نَت) راستی، دینداری۔
دیانت دار (دِیا۔نَت۔دار) ایماندار۔
دیانت داری (دِیا۔نَت۔دا۔رِی) ایمانداری
دیبا (دِی۔با) ایک باریک اور نفیس ریشمی کپڑا۔
دیباج (دِی۔باج) دیباج کا معرب، دیابیج جمع۔
دیباچہ، دیباجہ (دِی۔با۔چَہ، دِی۔با۔جَہ) گال، چہرہ، کتاب کی تمہید۔
دیباہ، دیبہ (دِی۔باہ، دِی۔بَہ) دیکھو دیبا
دیجوب (دَی۔جُوب) سخت جیب۔
دیت (دِیَت) خونبہا، جرمانہ جمع دِیات۔
دیجور (دَی۔جُور) اندھیری رات، اندھیرا جمع دَیاجیر۔
دید (دِید) تاک جھانک، درشن، معائنہ۔
دیدار (دِی۔دار) درشن، منہ، چہرہ، بینائی، دیکھنا۔
دیدارو (دِی۔دا۔رُو) دیکھنے میں اچھا۔
دیدان (دِی۔دان) دُودَہ کی جمع (دَی)۔
دان) دیکھو دیدن۔
دیدبان (دِید۔بان) جاسوس، نظرباز۔
دیدن (دِی۔دَن) ملاقات کرنا، دیکھنا (مصدر) (دَی۔دَن) چلن، عادت
دیدنش (دِی۔دَنش) درشن، دید۔
دیدہ (دِی۔دَہ) آنکھ، دیکھا ہوا۔
دیدہ ور (دِی۔دَہ۔وَر) دیکھنے والا، واقف کار۔
دیر (دَیر) نصارا کا عبادت خانہ، گنبد جمع اُدیار (دِیر) ڈھیل۔
دیر باز (دِیر۔باز) زمانہ دراز، مدت۔
دیرپا (دِیر۔پا) مضبوط، پائدار
دیر پائی (دِیر۔پا۔ئی) مضبوطی۔
دیرگاہ (دِیر۔گاہ) ہمیشہ۔
دیرمان (دِیر۔مان) بقا، باقی، پائدار، پائداری۔
دیروز (دِی۔رُوز) کل گذشتہ
دیروزہ (دِی۔رُو۔زَہ) کل والا۔
دیری (دِیرِی) تاخیر، ڈھیل، توقف
دیرینہ (دِی۔رِی۔نَہ) پرانا، قدیم۔
دیزہ (دِیزَہ) رنگ، لون۔
دیزہ (دِی۔زَہ) گھوڑا، خچر یا گدھا جس کی پیٹھ پر کالی دھاری ہو۔
دیس (دِیس) مانند، ہمتا، مثل۔
دیشب (دِی۔شَب) گذشتہ کل کی رات۔
دیک، دیکہ (دِیک، دِی۔کَہ) مرغی، مرغا جمع دُیُوک۔
دیگ (دیگ) کھانا پکانے کے لئے دھات کا ایک بڑا برتن۔
دیگچہ (دیگ۔چَہ) چھوٹی دیگ۔
دیگچی (دیگ۔چی) تانبے یا پیتل کی ہنڈیا۔
دیگدان (دیگ۔دان) چولھا۔

دیگر (دِ یْ - گَرْ) حرف عاطفہ، دوسرا، اور، پھر
دیگ شو (دِیگ بشوؔ) خدمت گار، خدمتی۔
دیلم (دَیْ - لَمْ، دِے - لَمْ) نام ملک، ترکی اور
حبشی دو غلا، بیٹا، نرتیتر۔
دیم (دِیمْ) ایک تیرکلا، گال، منھ، روشنی۔
دیماس (دِیْ - مَاسْ) بھٹ، حمام، گرمابہ۔
دیمر (دِیْ - مَرْ) رخسار، گال۔
دیمک (دِیْ - مَکْ) ایک سفید چیونٹی۔
دیمہ (دِیْ - مَہْ) مینھ کا جھڑ، سدا، ہمیشہ، دیم۔
دین (دِیْنْ) مذہب، دھرم جمع اَدْیَانْ (دَیْنْ)
قرض، ادھار جمع دُیُوْن
دینار (دِیْ - نَارْ) ایک عربی سکہ جمع دَنَانِیْر تخم کشوث
دین حنیفی (دِیْ - نِ حَنِیْ - فِیْ) حضرت
ابراہیمؑ کا دین۔
دیندار (دِیْنْ - دَارْ) مذہب کا پابند (دَیْنْ -
دَارْ) قرض دار۔
دینداری (دِیْنْ - دَا - رِیْ) مذہبی پابندی
(دَیْنْ - دَا - رِیْ) قرض۔
دینہ (دِیْ - نَہْ) گذری ہوئی کل۔
دیو (دِیُوْ) بھوت، جن، ابلیس، قریب۔
دیوار (دِیْ - وَارْ) بھیت۔
دیوارہ (دِیْ - وَا - رَہْ) کٹہرہ۔
دیوان (دِیْ - وَانْ) ایک شاعر کی غزلوں
کا مجموعہ جمع دَوَاوِیْن، دَیَاوِیْن صاحب
مسند، صاحب عدالت، گورنمنٹ، کچہری، محکمہ،
درباری مکان۔
دیوانگی (دِیْ - وَا - نَگِیْ) پاگل پن، باولاپن۔
دیوانہ (دِیْ - وَا - نَہْ) پاگل، باولا۔
دیوانی (دِیْ - وَا - نِیْ) سرکاری کچہری جہاں
لین دین کے معاملات فیصل ہوں۔
دیوباد (دِیُوْ - بَادْ) بگولہ، گردباد۔
دیوث (دَیْ - یُوْثْ) بھڑوا، قلتبان۔
دیوچہ (دِیُوْ - چَہْ) جونک، دیمک۔
دیودار (دِیُوْ - دَارْ) پہاڑی درخت کی ایک قسم۔
دیودلی (دِیُوْ - دِلِیْ) دلاوری، سخت دلی۔
دیور (دے - وَرْ) مالک مکان، شوہر کا چھوٹا بھائی
دیوزاد (دِیُوْ - زَادْ) قوی ہیکل، تنا ور۔
دیوزد، دیوزدہ (دِیُوْ - زَدْ، دِیُوْ - زَدَہْ) جیسے
بھوت آگیا ہو۔
دیوسار (دِیُوْ - سَارْ) دیو کی مانند۔
دیوسینہ (دِیُوْ - سِیْ - نَہْ) کابوس، خفقان۔
دیوک (دِیْ - وَکْ) دیکھو دیمک۔
دیولاخ (دِیُوْ - لَاخْ) دیوؤں کی بستی۔
دیومار (دِیُوْ - مَارْ) اژدہا۔
دیومردم (دِیُوْ - مَرْ - دُمْ) بن مانس، گوریلا،
ایک فرضی مخلوق۔
دیون (دُیُوْنْ) دَیْن کی جمع۔
دیوہ (دے - وَہْ) ریشم کا کیڑا۔
دیہ (دِیہْ) گاؤں، کھیڑا۔ جمع دیہات۔
دیہیم (دَیْ - ہِیْمْ) تاج۔

ذ

ذ (ذَال) قائم مقام عدد ۷۰۰، حرف شمسی ہے ۱۔ دال
سے بدل ہے مثلاً کاغذ، کاغد، استاذ،
استاد۔ ۲۔ ز سے بدل ہے مثلاً خذف، خزف۔
ذا (ذَا) یہ مرد، خداوند۔
ذاب (ذَابْ) عیب، پیاسا، پگھلا ہوا۔
ذابح (ذَا - بِحْ) ذبح کرنے والا۔
ذاتع (ذَا - یِعْ) فاش، پراگندہ۔
ذات (ذَاتْ) حقیقت، ہر چیز کی ہستی، صاحب
نفس جمع ذَوَات
ذات الجنب (ذَا - تُلْ - جَمْبْ) ایک ہوا، نمونیہ، پسلی کی سوجن

ذات الذوائب (ذا۔ تُذْ ذَوَا۔ ئِبْ) برگد، بڑکا پیڑ
ذات الریح (ذَا۔ تُرْ رِیْح) نمونیہ۔
ذات الصدر (ذَا۔ تُصْ۔ صَدْر) صاحبِ سینہ، چھاتی کی سوجن۔
ذات العماد (ذَا۔ تُلْ۔ عِمَاد) باغِ ارم۔
ذاتی (ذَا۔ تِی) قدرتی، ضروری، حقیقی۔
ذاف (ذَاف) اچانک موت۔
ذاک (ذَاکَ) وہ، کلمۂ اشارہ بعید۔
ذاکر (ذَا۔ کِرْ) یاد کرنے والا، ذکر کرنے والا۔
ذالک (ذَا۔ لِکَ) وہ مرد۔
ذانب (ذَا۔ نِبْ) پیرو، پیچھے چلنے والا۔
ذاہل (ذَا۔ ہِلْ) غافل، بھولنے والا۔
ذائب (ذَا۔ ئِبْ) گلنے والا، پگھلنے والا۔
ذائبہ (ذَا۔ ئِبَہْ) گیسو، سر دار، تلوار کا قبضہ جمع ذوائب
ذائع (ذَا۔ ئِعْ) آشکارا، ظاہر، پراگندہ۔
ذائق (ذَا۔ ئِقْ) چکھنے والا۔
ذائقہ (ذَا۔ ئِقَہْ) چکھنے کی قوت۔
ذائل (ذَا۔ ئِلْ) دامن گھسیٹنے والا، لمبی دم کا گھوڑا۔
ذب (ذَبّ) جنگلی گائے بیل، باز رکھنا، قرار نہ پکڑنا۔
ذباب (ذُبَاب) مکھی جمع اَذِبَّہ، ذُبّ، ذِبّان
ذبابہ (ذُبَا۔ بَہْ) مکھی، باقی قرضہ، ہر چیز کا بقیہ۔
ذبالہ (ذُبَا۔ لَہْ) چراغ کی بتی جمع ذُبَال۔
ذبح (ذَبْح) حلال کرنا، گلا کاٹنا، ذِبْح، جانور جس کو ذبح کیا جائے۔
ذبر (ذَبْر) لکھنا۔
ذبل (ذَبْل) کمھلانا، مرجھانا۔
ذبول (ذُبُول) مرجھاہٹ، کمھلاہٹ۔
ذبیح (ذَبِیْح) ذبیحہ (ذَبِیْ۔ حَہ) ذبح کیا ہوا۔
ذجل (ذَجْل) ظلم، جور۔

ذحل (ذَحْل) دشمنی، کینہ جمع ذُحُول۔
ذخر (ذُخْر) ذخیرہ۔
ذخرہ (ذُخْ۔ رَہ) ذخیرہ، سختی۔
ذخیرہ (ذَخِیْ۔ رَہ) گودام، رکھی ہوئی چیز جمع ذَخَائِر۔
ذرا (ذَرَا) تھوڑا سا، کچھ۔
ذرات (ذَرّات) ذرہ کی جمع۔
ذرارہ (ذُرَا۔ رَہ) وہ دانے جو بستی میں بکھر جائیں
ذراری (ذَرَا۔ رِی) ذریت کی جمع۔
ذراع (ذِرَاع) گز، ہاتھ، ہاتھ بھر کی ناپ جمع اَذْرُع، ذُرْعَان۔
ذرائع (ذَرَا۔ ئِعْ) ذریعہ کی جمع۔
ذرت (ذُرَتْ) جوار، ذرت۔
ذرع (ذَرْع) گز، (ذَرَع) بوجھ، لالچ ۲۔ کنارہ، گوشہ۔
ذرف (ذَرْف) آنسو بہنا۔
ذرق (ذَرْق) بیٹ، بیچال۔
ذروت (ذُرْوَت) دیکھو ذروہ۔
ذرور (ذَرُوْر) چھڑکنے کی سوکھی دوا
ذروہ (ذِرْ۔ وَہ) اونچی چیز، چوٹی جمع ذُریٰ
ذرہ (ذَرَّہ) روشندان کی دھوپ میں چمکنے والا ذرہ، جو کا سواں حصہ جمع ذَرَّات ۲۔ چھوٹی چیونٹی جمع ذَرَائِر، (ذَرَّہ) تنکا، مکی۔
ذری (ذَرِی) بہت چھوٹا ٹکڑا (ذرا) ذرہ کی جمع۔
ذریت (ذُرِّیَّت) پود، نسل جمع ذُرِّیَّات، ذَرَارِی
ذریعہ (ذَرِیْ۔ عَہ) وسیلہ، واسطہ، دست آویز جمع ذَرَائِع
ذعاف (ذُعَاف) زہرِ قاتل جمع ذُعُف۔

ذفر (ذَفْ۔ر) تیز بو (ذِفْ۔ر) لمبا تڑنگا جوان۔
ذفیف (ذَفِیْف) جلد، سبک۔
ذقن (ذَقَنْ) ٹھوڑی جمع اَذْقَانْ۔
ذکا (ذُکَا) سورج، صبح (ذَکَار) عقل۔
ذکاوت (ذَکَا۔وَتْ) عقلمندی تیز فہمی۔
ذکر (ذِکْ۔ر) زبانی یاد جمع اَذْکَارْ (ذَکَرْ) مرد کا عضو تناسل جو مذکر کے ہو جمع ذُکُور، ذُکْرَانْ (ذُکْ۔ر) یاد کرنا۔
ذکرہ (ذُکْ۔رَہْ) تیزی (ذِکْ۔رَہْ) مردانی
ذکوۃ (ذَکَاتْ) گلا کاٹنا، ذبح کرنا۔
ذکورہ (ذُکُوْ۔رَہْ) ن، مذکر۔
ذکی (ذَکِیّ) تیز طبع مرد جمع اَذْکِیَا۔
ذکیر (ذَکِیْر) بہت یاد کرنے والا۔
ذکیہ (ذَکِیْ۔یَہْ) تیز طبع عورت۔

ذل (ذُلْ) خواری (ذِلْ) نرمی، شرافت۔
ذلاقت (ذَلَا۔قَتْ) فصاحت، تیز زبانی۔
ذلت (ذِلْ۔لَتْ) خواری، گناہ۔
ذلق (ذَلَقْ) تیز زبانی، تیزی ہر چیز کی حد
ذلول (ذَلُوْل) رام، نرم، تابعدار جمع ذُلُلْ
ذلیق (ذَلِیْق) سنان تیز، تیز زبان۔
ذلیل (ذَلِیْل) ہیچ، خوار جمع اَذِلَّہ، اَذِلَّاء۔
ذم (ذَمّ) ہجو، برائی (ذِمّ) نہایت دبلا اونٹ
ذمام (ذِمَامْ) حق، عزت جمع اَذِمَّہ۔
ذمت (ذِمْ۔مَتْ) عہد و پیمان، عہدہ، ضمانت۔
ذمر (ذِمْ۔ر) دلیر۔
ذمہ (ذِمْ۔مَہْ) عہد، امان، زنہار، امانت۔
ذمی (ذِمْ۔مِیْ) مسلمانی حکومت کا غیر مسلم شہری۔
ذمیم، ذمیمہ (ذَمِیْم، ذَمِیْ۔مَہْ) بری چیز، خرابی جمع ذَمَائِمْ۔

ذناب (ذُنَابْ) پچھلا، دنبالہ۔
ذنب (ذَنَب) دم، اب۔۔۔ جمع اَذْنَابْ (ذَنْبْ) بوجھ، دم جمع اَذْنَابْ، ذَوَانِبْ۔
ذنوب (ذَنُوْب) پانی کا ڈول، لمبی دم کا گھوڑا۔
ذو (ذُوْ) والا، صاحب، خداوند جمع اُلُوْ۔
ذوابہ (ذُوَا۔بَہْ) گیسو، کاکل، لٹ جمع ذَوَائِبْ۔
ذوات (ذَوَاتْ) ذات کی جمع۔
ذواق (ذَوَاقْ) ذوق، مذاق، چکھنا۔
ذوالباب (ذُوْلْ۔بَابْ) عقل والا۔
ذوالجلال (ذُوْلْ۔جَلَالْ) جلال والا۔
ذوالمنن (ذُوْلْ۔مِنَنْ) احسانوں والا، اللہ تعالیٰ
ذوالہ (ذُوَا۔لَہْ) بھیڑیا۔
ذوب (ذَوْب) گرمی کی چیونٹی، شہد، گلنا، پگھلنا۔
ذوبان (ذَوَ۔بَانْ) گذارش، بیقراری، پگھلنا۔
ذوش (ذُوْش) تند خو، بد خلق، بد مزاج۔
ذو ذنابہ، ذو ذوابہ (ذُوْ۔ذُنَا۔بَہْ، ذُوْ ذُوَا۔بَہْ) دمدار ستارہ۔
ذوفنون (ذُوْ۔فُنُوْن) کئی فن جاننے والا، ہر فن مولا۔
ذوق (ذَوْق) چاشنی، مزہ، لذت، نشاط، خوشی، چکھنا
ذوق سلیم (ذَوْق۔سَلِیْم) ٹھیک مذاق، صحیح ذوق۔
ذومعنی (ذُوْ۔مَعْ۔نِیْ، ذُوْ۔مَعْ۔نَا) کئی معنوں والی بات۔
ذومعنین (ذُوْ۔مَعْ۔نَیْن) دوہری بات۔
ذوناب (ذُوْ۔نَابْ) کچلیوں والا، نکیلے دانتوں والا۔
ذوی (ذُوِیّ) مرجھانا۔
ذہاب (ذَہَابْ) غرقاب، جانا، گذرنا (ذِہَابْ) ذہبہ کی جمع۔
ذہانت (ذَہَا۔نَتْ) طبیعت کی تیزی۔
ذہب (ذَہَبْ) سونا، کندن جمع اَذْہَابْ، ذُہُوْبْ۔
ذہبہ (ذِہْ۔بَہْ) مینہ کا جھڑ جمع ذِہَابْ۔
ذہل، ذہلت (ذُہْ۔ل، ذُہْ۔لَتْ) غفلت، فراموشی۔
ذہن (ذِہْ۔ن، ذِہَنْ) تیزی طبع، یاد، عقلمندی، سمجھ جمع اَذْہَانْ باطن، ذہن، تیلیٹی۔

ذہن دریا (ذِہْ۔ نِ۔ دَرْ۔ یا) دریا کی تہ۔
ذہنیت (ذِہْ۔ نِی۔ یَتْ) تیزی، سمجھ۔
ذہول، ذہولت (ذُہُول، ذُہُو۔ لَتْ) غفلت، بھول۔
ذہیب (ذُہَیْب) سنہرا، مذہب۔
ذہین (ذَہِیْن) عقلمند، ذہن والا۔
ذئب (ذِئْب) بھیڑیا جمع ذِئاب، اَذْؤُب۔
ذی (ذِی) والا، صاحب، خداوند۔
ذیابیطس (ذِ۔ یا۔ بِی۔ طِس) پیشاب کی ایک بیماری۔
ذی استعداد (ذِی۔ اِس۔ تِعْ۔ دَادْ) استعداد والا۔
ذی الحج، ذی الحجہ (ذِلْ۔ حِجّ، ذِلْ۔ حِجْ۔ جَہْ) بارھواں اسلامی قمری مہینہ۔
ذی بال (ذِی۔ بالْ) پر والا، صاحب عزت، شان والا۔
ذی روح (ذِی۔ رُوْح) جاندار، روح والا۔
ذی عقل (ذِی۔ عَقْ۔ ل) عقل والا۔
ذی فہم (ذِی۔ فَہْ۔ م) سمجھ والا۔
ذی قعدہ، ذی قعدہ (ذِی۔ قَعْ۔ دَہ، ذِی۔ قَعْ۔ دَہ) گیارھواں اسلامی قمری مہینہ۔
ذیل (ذَیْل) دامن جمع اَذْیال۔
ذی ہوش (ذِی۔ ہُوش) ہوش والا۔

ر

ر (را) رے، قائم مقام عدد ۲۰۰، حرف شمسی، لام سے بدلتا ہے مثلاً چنار، چنال نیلوفر، نیلوفل۔
را (رَا) کو، برائے، کا، سبب (رَا) چھوٹا کچھوا۔
رابح (رَا۔ بِحْ) سود خوار۔
رابد (رَا۔ بِدْ) خزانچی۔
رابض (رَا۔ بِضْ) قلعہ دار۔
رابط (رَا۔ بِطْ) ملانے والا۔
رابطہ (رَا۔ بِطَہْ) لگاؤ، علاقہ جمع رَوابِطْ۔
رابع (رَا۔ بِعْ) چوتھا۔
رابع عشر (رَا۔ بِعْ۔ عَشَرْ) چودھواں۔
رابعہ (رَا۔ بِعَہْ) چوتھی۔
رابیان (رَا۔ بِیانْ) جھینگا مچھلی۔
رابیہ (رَا۔ بِیَہْ) اونچی زمین۔
راتب (رَا۔ تِبْ) روزانہ خوراک، روز کا معمول، تنخواہ۔
راتبہ (رَا۔ تِبَہْ) قائم، تنخواہ، مشاہرہ۔
راتع (رَا۔ تِعْ) چرنے والا۔
راتق (رَا۔ تِقْ) باندھنے والا۔
راجح (رَا۔ جِحْ) غالب، فائق، بہتر۔
راجع (رَا۔ جِعْ) رجوع کرنیوالا، واپس ہونیوالا۔
راجل (رَا۔ جِلْ) پیدل، پیادہ جمع رُجّل، رَجالَہ، رُجّالْ۔
راجی (رَا۔ جِی) امیدوار، جمع رُجاتْ۔
راح (رَاحْ) خوشی، شراب۔
راحت (رَا۔ حَتْ) پنجہ، ہتھیلی جمع رَاحْ آرام، آسائش۔
راحل (رَا۔ حِلْ) پیادہ، کوچ کرنے والا۔
راحلہ (رَا۔ حِلَہْ) سواری کا جانور جمع رَواحِلْ۔
راحم (رَا۔ حِمْ) رحم کرنے والا۔
راحہ (رَا۔ حَہْ) ہتھیلی۔
راد (رَادْ) سخی، شوربا (رَاد) رد کرنے والا۔
رادع (رَا۔ دِعْ) ہٹا دینے والا، روکنے والا۔
رادف (رَا۔ دِفْ) پچھلا سوار۔
رادفہ (رَا۔ دِفَہْ) پچھلی آنیوالی چیز۔
رادہ (رَا۔ دَہْ) خوبصورت جوان عورت، پڑوس میں پھرنے والی۔
رادی (رَا۔ دِی) سخاوت، جوانمردی، حکمت۔

راز (رَاز) بھید۔
راز بان (رَاز۔بَان) راز داں۔
راز دار (رَاز۔دَار) ہمراز، بھیدی۔
راز داری (رَاز۔دَا۔رِی) بھید رکھنا۔
راز داں (رَاز۔دَاں) بھیدی۔
راز زمین (رَا۔زِ۔زَمِین) سبزہ، پھول، معانی چیز
رازق (رَا۔زِق) رزق دینے والا۔
راز و نیاز (رَا۔زُو۔نِیَاز) محبت کی پوشیدہ باتیں
رازی (رَا۔زِی) شہر رے کی طرف منسوب۔
راز یانج، رازیانہ (رَا۔زِ۔یَا۔نَج، رَا۔زِ۔یَا۔نَہ) سونف، بادیان۔
راس (رَاس) سر، ایک مویشی جمع رُؤس، اَرْؤُس (راس، دیکھو راہ۔
راس الجدی (رَا۔سُل۔جَدِی) وہ انتہائی شمالی نقطہ جس پر ۲۲ دسمبر کو سورج پہونچتا ہے
راس السرطان (رَا۔سُس۔سَر۔طَان) وہ انتہائی جنوبی نقطہ جس پر ۲۱ جون کو سورج پہونچتا ہے۔
راس المال (رَا۔سُل۔مَال) پونجی، مول، تجارتی سرمایہ۔
راسب (رَا۔سِب) تہ نشین، گاد، تلچھٹ۔
راست (رَاسْت) داہنا، سیدھا، سچ، ٹھیک۔
راستباز، راستگو (رَاس۔ت۔بَاز، رَاس۔ت۔گو) سچا، سچی۔
راست مزہ (رَاس۔ت۔مَزَہ) میٹھا، میٹھی۔
راستہ (رَاس۔تَہ) راہ۔
راستی (رَاس۔تِی) سچائی، درستی۔
راسخ (رَا۔سِخ) پکا، مضبوط، اٹل۔
راسو (رَا۔سُو) نیولا
راسی (رَا۔سِی) درمیانی۔
راسیہ (رَا۔سِیَہ) مضبوط پہاڑ جمع رَاسِیَات۔

راش (رَاش) اناج کا ڈھیر۔
راشح (رَا۔شِح) ٹپکنے والا، تراوندہ۔
راشد (رَا۔شِد) ہدایت یافتہ۔
راشق (رَا۔شِق) تیر انداز۔
راشہ (رَا۔شَہ) بوڑھی عورت۔
راشی (رَا۔شِی) رشوت دینے والا۔
راشیہ (رَا۔شِیَہ) نشتر۔
راصد (رَا۔صِد) منجم، چوکیدار، خبرگیر جمع اَرْصَاد۔
راضع (رَا۔ضِع) شیر خوار، دودھ پینے والا بچہ۔
راضعہ (رَا۔ضِعَہ) دودھ کا دانت جمع رَوَاضِع۔
راضی (رَا۔ضِی) خوش، شاد۔
راضی نامہ (رَا۔ضِی۔نَا۔مَہ) رضامندی کی تحریر
راعدہ (رَا۔عِدَہ) لرزہ۔
راعی (رَا۔عِی) چرواہا، بادشاہ جمع رُعَات، رِعَاء، رُعْیَان۔
راغ (رَاغ) جنگل، مرغزار، پہاڑ کا دامن۔
راغب (رَا۔غِب) رغبت کرنے والا۔
راغم (رَا۔غِم) آلودہ ہونیوالا، کراہت کرنے والا۔
رافت (رَا۔فَت) مہربانی جمع رَافَات۔
رافد (رَا۔فِد) عطا کرنیوالا، مدد دینے والا۔
رافضہ (رَا۔فِضَہ) وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دیوے۔
رافضی (رَا۔فِضِی) جو گروہ رافضہ سے ہو جمع رَوَافِض۔
رافع (رَا۔فِع) بلند کرنیوالا، پیش کی حرکت دینے والا۔
رافف (رَا۔فِف) چمکنے والا۔
راقہ (رَا۔قِہ) بیت کی زندگی بسر کرنے والا، ہسن کی مانند ایک گھاس۔
راقب (رَا۔قِب) منتظر، امیدوار۔
راقد (رَا۔قِد) سونیوالا جمع رُقُود و رُقَّد۔
راقص (رَا۔قِص) ناچنے والا۔

رافع (رَا۔فِعْ) پیوند سینے والا۔
راقم (رَا۔قِمْ) لکھنے والا۔
راقم الحروف (رَا۔قِمُلْ۔حُرُوفْ) حرفوں کا لکھنے والا۔
راقی (رَا۔قِیْ) جادوگر، دم کرنے والا۔
راکب (رَا۔کِبْ) سوار جمع رُکّابْ، رُکبانْ۔
راکد (رَا۔کِدْ) بند پانی۔
راکع (رَا۔کِعْ) رکوع کرنے والا جمع رُکّعْ و رَاکعین۔
رأل (رَءْل) شتر مرغ کا بچہ جمع رِئالْ۔
رام (رَامْ) مطیع، تابعدار۔
رامح (رَا۔مِحْ) برچھا چلانے والا۔
رامش (رَا۔مِشْ) نغمہ، راگ۔
رامشگر، رامشی (رَا۔مِشْ۔گَرْ، رَا۔مِشِیْ) گویا، مطرب، ڈوم، جو راگ گا دے۔
رامق (رَا۔مِقْ) قلیل، یا دام۔
رامی (رَا۔مِیْ) تیرانداز۔
ران (رَانْ) جانگھ، ران، ہانکنے والا۔
راندن (رَانْ۔دَنْ) ہانکنا، چلانا، چیلانا۔ مضم رَانْدْ۔
رانده (رَانْ۔دَہْ) ہانکا ہوا۔
رانندہ (رَا۔نِنْ۔دَہْ) ہانکنے والا۔
رانین (رَا۔نِیْنْ) شلوار، پاجامہ، زرہ۔
راووق (رَا۔وُوْقْ) چھننا، پرچھا۔
راوچہ (رَاوْ۔چَہْ) انگور کی ایک قسم۔
راوق (رَا۔وَقْ) شراب کا چھننا، شراب صاف۔
راوند (رَا۔وَنْ۔د) دیکھو ریوند۔
راوی (رَا۔وِیْ) روایت کرنے والا جمع رُوَاۃْ۔
راویہ (رَا۔وِیَہْ) روایت کرنے والی، پانی کھینچنے والا۔
راہ (رَاہْ) رستہ، طریقہ۔
راہ آورد (رَاہْ۔آ۔وَرْ۔د) سفر کا لایا ہوا تحفہ۔
راہب (رَا۔ہِبْ) عابد، تارک دنیا عیسائی مرد جمع رُہبانْ۔
راہبر (رَاہْ۔بَرْ) راہ بتلانے والا۔
راہبری (رَاہْ۔بَرِیْ) راہ بتلانا۔
راہبہ (رَا۔ہِبَہْ) تارک دنیا عیسائی عورت۔
راہدار (رَاہْ۔دَارْ) چوکیدار، دھاری دار کپڑا۔
راہداری (رَاہْ۔دَا۔رِیْ) پاسپورٹ، چوکیداری۔
راہرو (رَاہْ۔رَوْ) راستہ چلنے والا۔
راہزن (رَاہْ۔زَنْ) ڈاکو، لٹیرا۔
راہزنی (رَاہْ۔زَنِیْ) لوٹ۔
راہگاں (رَاہْ۔گَاں) دیکھو رائگاں۔
راہگیر (رَاہْ۔گِیرْ) راستہ چلنے والا۔
راہن (رَا۔ہِنْ) چیز گرو رکھنے والا۔
راہ نامہ (رَاہْ۔نَا۔مَہْ) سڑک کا نقشہ۔
راہنما (رَاہْ۔نُمَا) راہ دکھلانے والا۔
راہنمائی (رَاہْ۔نُمَا۔ئِیْ) راہ دکھلانا۔
راہوار (رَاہْ۔وَارْ) قدم چال گھوڑا۔
راہواری (رَاہْ۔وَا۔رِیْ) قدم چلنا گھوڑے کا۔
راہی (رَا۔ہِیْ) راہ چلنے والا، مسافر۔
رائج (رَا۔ئِجْ) جسکا رواج ہو، جس کا چلن ہو۔
رائج الوقت (رَا۔ئِجُلْ۔وَقْ۔ت) وقت کے چلن کے مطابق۔
رائد (رَا۔ئِدْ) میر منزل۔
رائس (رَا۔ئِسْ) رئیس، حاکم۔
رائش (رَا۔ئِشْ) رشوت کا دلّال۔
رائض (رَا۔ئِضْ) چابک سوار، گھوڑا پھیرنے والا۔
رائق (رَا۔ئِقْ) نہار منہ، صاف چیز۔
رائے (رَا۔ئے) دانائی، تدبیر، تجویز جمع آراء، ارآء۔
رائی العین (رَا۔ئِیلْ۔عَیْنْ) آنکھ سے دیکھا۔
رائث (رَا۔ئِثْ) جھنڈا جمع رایاتْ۔
رائحہ (رَا۔ئِحَہْ) بو، باس جمع رَوَائحْ۔

رای زن (رای۔ زَن) عقلمند، تجویز بتانے والا۔
رای زنی (رای۔ زَنی) تجویز بتانا۔
رایگاں (رای۔ گاں) مفت، بے عوض۔
رب (رَب) دوست، بڑا بھائی، مالک، صاحب
جمع اَرباب پروردگار (رُب) سنت جمع
رُبُوب، رِباب۔
ربا (رِبا) ربوا، بیاج (رُبا) لیجانے والا۔
رباب (رَباب) سفینج، ایک ساز (رِباب)
رُب کی جمع۔
ربابی (رَبا۔ بی) رباب بجانے والا۔
رباح (رُباح) بندر، قرد، بوزنہ۔
رباط (رَباط) مسافرخانہ (رِباط) بندھن جمع رِباطات، رُبُط
رباطی (رَبا۔ طی) مہتمم مسافرخانہ۔
رباع (رُباع) چار (۴)
رباعی (رُبا۔ عی) چار بیتی جمع رُباعیات۔
رباغہ (رِبا۔ غہ) کشتی کی جگہ۔
رب النوع (رَبُّ النَّوع) فرشتہ جو
کائنات کی ہر ایک نوع پر علیحدہ علیحدہ مقرر ہے۔
ربالہ (رُبا۔ لَہ) فربہی، مٹاپا۔
ربان (رُبّان) جہاز کا کپتان۔
ربانی (رَبّا۔ نی) رب سے منسوب۔
ربائیدن (رُبا۔ ئی۔ دَن) اُچک لیجانا۔
ربائیدہ (رُبا۔ ئی۔ دَہ) اُچک لیجایا ہوا۔
ربایندہ (رُبا۔ یَن۔ دَہ) اُچکا، اُچک لیجانیوالا
ربایہ (رَبا۔ یَہ) ابر (رِبا۔ یَہ) عہد، پیمان،
ترکش۔
ربح (رَبْح) تجارتی نفع و سود جمع اَرباح۔
ربرو نلتن (رَبْ۔ رُو۔ نِلْتَن) مرنا۔
ربض (رَبَض) شہر پناہ کی دیوار، اصطبل خانہ۔
ربط (رَبْط) لگاؤ، علاقہ۔
ربط الساق (رَبْطُ السَّاق) گیٹس

ربطہ (رِبْ۔ طَہ) تکٹائی۔
ربع (رُبْع) چوتھائی (رِبْع) چوتھے
دن کی باری کا بخار (رَبْع) سرائے
گھر، محلہ، منزل جمع رِباع، رُبُوع،
اَرباع۔
ربع مسکون (رُبْعِ مَس۔ کُون) زمین کا
چوتھائی آباد حصہ۔
ربو (رَبْو) کوتاہ قدمی (رِبا) سود، بیاج
ربوبیت (رُبُو۔ بِی۔ یَت) پروردگاری۔
ربودگی (رُبُود۔ گی) اچکاپن۔
ربودن (رُبُو۔ دَن) اُچک لیجانا۔ مضم رُبایَد
ربودہ (رُبُو۔ دَہ) لیجایا ہوا۔
ربوت (رَبُوت) بیعانہ، عربان، سکان۔
ربوہ (رَبْ۔ وَہ) اونچی جگہ، پشتہ۔
ربیب (رَبِیب) باپ کا سوتیلا بیٹا، پیسندر
ربیبہ (رَبِی۔ بَہ) باپ کی سوتیلی بیٹی۔
ربیع (رَبِیع) موسم بہار، بسنت رُت جمع اَربِعَہ۔
ربیع الاول (رَبِی۔ عُل اَوَّل) تیسرا
اسلامی قمری مہینہ۔
ربیع الآخر، ربیع الثانی (رَبِی۔ عُل۔ آ۔
خِر، رَبِی۔ عُث۔ ثا۔ نی) چوتھا اسلامی
قمری مہینہ۔
ربیعی (رَبِی۔ عی) ربیع والا، ربیع سے منسوب۔
رتاج (رِتاج) بڑا پھاٹک جسمیں کھڑکی ہو۔
رتب (رَتَب) سختی، بیچ کی اُنگلی، اونچی
زمین۔
رتبہ (رُت۔ بَہ) درجہ، مرتبہ، خطاب۔
رتج (رَتْج) پھاٹک۔
رتجہ (رَتْ۔ جَہ) خلاب، چہلا، کیچڑ
رتع (رَتْع) چرنا۔
رتق (رَتْق) باندھنا۔

رتق وفتق (رَتْ۔قُوَ۔فَتْ۔ق) کھول باندھ، بست وکشاد۔
رثم (رَثْ۔م) نشانی، یادگار۔
رثہ (رَثَہْ) ریٹھا، فندق۔
رث (رَثّ) پرانا، بدحالی جمع رِثاث۔
رثان (رَثَانْ) مینھ کا جھڑ۔
رجا (رَجَا) کنارہ، جانب (رَجَا) امید جمع اَرْجَاء
رجال (رِجَالْ) رجل، رجلان کی جمع۔
رجالہ (رَجَا۔لَہْ) دیکھو رذالہ۔
رجال معیت (رِجَا۔لِ مَعِیْ۔یَتْ) پرسنل اسٹاف
رجب (رَجَبْ) ساتواں اسلامی قمری مہینہ۔
رجحان (رُجْ۔حَانْ) جھوک، جھکاؤ جمع رجحانات
رجز (رَجَزْ) اشعار جو میدانِ جنگ میں خود پڑھے جاویں، نام بحر شاعری (رِجْ۔ز) دیکھو رجس۔
رجس (رِجْ۔س) پلیدی، گندگی، ناپاکی۔
رجع (رَجْ۔ع) لوٹنا، پھرنا، گھومنا۔
رجعان (رُجْ۔عَانْ) بات کا جواب۔
رجعت (رَجْ۔عَتْ) بازگشت، واپس۔
رجعت القہقری (رَجْ۔عَتُلْ۔قَہْ۔قَرَا) الٹے پاؤں واپسی۔
رجف، رجفہ (رَجْ۔ف، رَجْ۔فَہْ) بھونچال۔
رجل (رَجُلْ) بالغ مرد جمع رِجَالْ، رِجَلَہْ، اَرَاجِلْ، رِجْلَہ جمع جمع رِجَالَاتْ (رِجْ۔ل) پاؤں جمع اَرْجُلْ (رَجْ۔ل) سیدھی لٹ (رَجِلْ) پاپیادہ، پیدل۔
رجلان (رَجْ۔لَانْ) پیادہ، پیدل جمع رِجَالْ۔
رجلہ (رَجْ۔لَہْ) خرفہ کا ساگ (رِجْلَہْ) عورت۔
رجم (رَجْ۔م) پتھراؤ، سنگساری جمع رُجُوْم (رَجَمْ) قبر، کنواں، تنور۔
رجو (رَجْ۔و) امید واری، جنگی سازی۔
رجوح (رُجُوْح) جھوک، جھکاؤ، رجحان۔
رجوع (رُجُوْع) پھرنا، لوٹنا۔
رجوعات (رُجُوْ۔عَاتْ) لوٹنے والی چیزیں، جھاؤ، توجہ، جھگڑا۔
رجولت، رجولیت (رُجُوْ۔لَتْ، رُجُوْ۔لِیَتْ) مردی۔
رجوم (رَجُوْم) ہنکانے والا۔
رجہ (رَجَہْ) الگنی۔
رجیع (رَجِیْع) ردی ہوئی چیز، گوہ، میلا۔
رجیم (رَجِیْم) ہنکایا ہوا، پتھر مارا ہوا۔
رحا (رَحَا) دیکھو رحی۔
رحاب (رُحَابْ) فراخی، چوڑائی، کشادگی۔
رحب (رُحْ۔ب) چوڑائی (رَحْ۔ب) چوڑا۔
رحراح (رَحْ۔رَاحْ) فراخ، کشادہ، اتھلا۔
رحل (رَحْ۔ل) رخت، پالان، اسباب، منزل، مسکن، کوچ جمع رِحَالْ (رِحْ۔ل) کتاب رکھنے کی صندلی۔
رحلت (رِحْ۔لَتْ) کوچ (رُحْ۔لَتْ) مقصد۔
رحم (رَحْ۔م) مہربانی، بخشش (رِحْ۔م، رَحِمْ) بچہ دانی جمع اَرْحَامْ۔
رحما (رُحَمَاء) رحیم کی جمع۔
رحمان (رَحْ۔مَانْ) دیکھو رحمٰن۔
رحمانی (رَحْ۔مَا۔نِیْ) رحمان کے ساتھ منسوب۔
رحمت (رَحْ۔مَتْ) مہربانی، دیا۔
رحمٰن (رَحْ۔مَانْ) مہربان، اللہ تعالیٰ۔
رحی (رَحَا) چکی کا پاٹ جمع رُحِیّ، اَرْحَاء، اَرْحِی، رَحِیّ۔
رحیان (رَحَیَانْ) چکی کے دونوں پاٹ۔
رحیب (رَحِیْب) بسیارخوار، بہت کھانے والا۔
رحیض (رَحِیْض) دھلی چیز۔
رحیق (رَحِیْق) خالص اور عمدہ شراب۔
رخبیل (رَخْبِیْل) کوچ۔

رحیم (رَحِیْم) مہربان، نرم دل جمع رُحَمَا، نام اللہ تعالےٰ۔

رخ (رُخ) گال، چہرہ، جانب، شطرنج کا ایک مُہرہ، نام خیالی جانور (رَخ) رخنہ، غم و غصہ۔

رخا (رَخَا) نرمی، سستی، عیش کی فراوانی۔

رخام (رُخَام) سنگ مرمر۔

رخاوت (رَخَا۔وَت) سستی۔

رخت (رَخْت) اسباب، سامان، جامہ جمع رُخُوت۔

رخت سفر (رَخْ۔تِ۔سَفَر) زاد راہ، توشۂ سفر۔

رخت کش (رَخْ۔ت۔کَش) مسافر۔

رخت نظامی (رَخْ۔تِ۔نِظَا۔مِی) فوجی وردی۔

رخسار، رخسارہ (رُخْ۔سَار، رُخْ۔سَا۔رَہ) گال، کلّہ۔

رخش (رَخْش) گھوڑا، کرن، چمک۔

رخشا، رخشاں (رَخْ۔شَا، رَخْ۔شَاں) روشن، چمکیلا۔

رخشانیدن (رَخْ۔شَا۔نِی۔دَن) چمکانا۔

رخشندگی (رَخْ۔شَن۔دَ۔گی) چمک۔

رخشندہ (رَخْ۔شَن۔دَہ) چمکنے والا۔

رخشہ (رَخْ۔شَہ) لَو، زبانہ۔

رخشیدن (رَخْ۔شِی۔دَن) چمکنا مضم رَخْشَد۔

رخشیدہ (رَخْ۔شِی۔دَہ) چمکا ہوا۔

رخص (رَخْص) نازک (رُخْص) مندا، ارزانی۔

رخصت (رُخْ۔صَت) چھٹی، اجازت۔

رخصتانہ، رخصتی (رُخْ۔صَتَا۔نَہ، رُخْ۔صَتِی) رخصت سے منسوب

رخم (رَخَم) مہربانی، دوستی، گاڑھا دودھ۔

رخنہ (رَخْ۔نَہ) سوراخ، چھید، عیب، فساد۔

رخو (رِخْو) نرمی، سستی، ڈھیلا پن ہونا۔

رخوہ (رِخْ۔وَہ) قسم درد۔ نرمی، سستی، ڈھیلاپن

رخیدن (رَخِی۔دَن) دم پھولنا۔

رخیص (رَخِیْص) ارزاں، مندا۔

رخیم (رَخِیْم) نرم آواز والا، زاہد۔

رد (رَدّ) پھراؤ، واپسی، ناپسندی، دیوار کا ردّہ

ردا (رِدَا) اوڑھنے کی چادر۔

رداپوش (رِدَا۔پوش) فقیر، زاہد۔

رداپوشی (رِدَا۔پو۔شی) فقیری، زہد۔

رداغ (رَدَاغ) کیچڑ، خلاب۔

ردام (رُدَام) پاد، گوز، تیز، ضراط۔

ردائت (رَدَا۔ئَت) تباہی، بگاڑ۔

ردع (رَدْع) زعفرانی ٹیکا، زعفران کا دھبہ۔

ردف (رِدْف) پیچھا، چوتڑ۔

ردن (رُدْن) آستین جمع اَرْدَان۔

رد و بدل (رَدّ۔دُو۔بَدَل) بحث، الٹ پلٹ۔

رد و کد (رَدّ۔دُو۔کَد) جھگڑا، ضد اور بحث۔

ردہ (رَدَّہ) دیوار کا ردّہ، پرا، صف۔

ردی (رَدِی) خراب، ناکارہ (رَدِّی) ناپسندیدہ چیز۔

ردیف (رَدِیف) پچھلی چیز، شعر کا آخری لفظ، ضرورت کیلئے پیس انداختہ فوج جمع رَدَائِف۔

رذالت (رَذَا۔لَت) کمینہ پن، اوچھاپن۔

رذالہ (رَذَا۔لَہ، رُذَا۔لَہ) کمینہ، اوچھا۔

رذل (رَذْل) کمینہ جمع اَرْذَال، رُذُول۔

رذیل (رَذِیل) کمینہ، اوچھا جمع رُذَلَا، رَذَالی۔

رذیلت (رَذِی۔لَت) دیکھو رذالت جمع رَذَائِل

رذیلہ (رَذِی۔لَہ) کمینہ پن، کمینہ عورت جمع رَذَائِل۔

رز (رَز) انگور، لڑائی، رنگنے والا۔

رزاق (رَزَّاق) اللہ تعالیٰ، رزق دینے والا۔

رزاقی (رَزْ-زَا-قِیْ) رزق دینا۔
رزانت (رَزَا-نَتْ) آہستگی، بوجھل پن، شکوہ۔
رزق (رِزْ-ق) روزی، خوراک جمع اَرْزَاق۔
رزم (رَزْم) جنگ و جدل۔
رزمگاہ (رَزْم-گَاہْ) میدانِ جنگ۔
رزمہ (رَزْ-مَہْ) اسباب، بقچہ، گٹھری (رِزْ-مَہْ) انگنی۔
رزنامہ (رُوزْ-نَا-مَہْ) دیکھو روزنامہ
رزندہ (رَزِنْ-دَہْ) رنگنے والا۔
رزہ (رَزَہْ) انگنی۔
رزیدن (رَزِی-دَنْ) رنگنا مضم رَزْد۔
رزیدنی (رَزِی-دَنِیْ) رنگنے کے لائق۔
رزیدہ (رَزِی-دَہْ) رنگا ہوا۔
رزین (رَزِیْن) مضبوط، مستحکم، گرانمایہ، آرام پایا ہوا۔
رزیہ (رَزِیْ-یَہْ) مصیبت جمع رَزَایَا۔
رژدہ (رَژْ-دَہْ) لالچی، بڑ پیٹو۔
رس (رَسْ) پہونچ، پہونچنے والا۔ (رَسّ) جھرجھری، دل میں کہنا۔
رسا (رَسَا) پہونچنے والا۔
رسالت (رِسَا-لَتْ) سندیسا، پیامبری۔
رسالہ (رِسَا-لَہْ) چھوٹی کتاب، مضمون، نامہ جمع رَسَا-اِلْ سوار فوج کا دستہ۔
رسام (رَسّ-سَامْ) نقاش، مصور۔
رسان (رَسَانْ) پہونچانے والا۔ (رَسّ-سَانْ) رسی بٹنے والا۔
رسانہ (رَسَا-نَہْ) حسرت، افسوس۔
رسانیدن (رَسَا-نِیْ-دَنْ) پہونچانا۔
رسائی (رَسَا-ئِیْ) پہونچ۔
رست (رَسْت) آزاد، چھوٹا (رُسْت) بہادر، اُگا ہوا، سخت، مضبوط۔

رستاخیز (رَسْ-تَا-خِیْز) قیامت۔
رستخیز (رَسْ-ت-خِیْز) قیامت (رُسْ-ت-خِیْز) اُگاوٹ۔
رستگار (رَسْ-تْ-گَارْ) چھٹکارا پانے والا۔
رستگاری (رَسْ-ت-گَا-رِیْ) چھٹکارا، خلاصی۔
رستمی (رُسْ-تَمِیْ) بہادری۔
رستن (رَسْ-تَنْ) چھوٹنا مضم رَہْ (رُسْ-تَنْ) اُگنا مضم رُوْیَدْ (رِسْ-تَنْ) کاتنا مضم رِیْسَدْ۔
رستنی (رُسْ-تَنِیْ) ترکاری، سبزی، اُگنے کے قابل (رَسْ-تَنِیْ) چھوٹنے کے قابل (رِسْ-تَنِیْ) کاٹنے کے قابل۔
رستہ (رَسْ-تَہْ) چھوٹا ہوا، رہا (رُسْ-تَہْ) اُگا ہوا، مضبوط (رِسْ-تَہْ) دیکھو رشتہ۔
رستی (رُسْ-تِیْ) راحت، فراغت، نعمت، رزق، روزی۔
رسد (رَسَدْ) غلہ کا قافلہ، حصہ۔
رسغ، رسغہ (رُسْغ، رُسْغَہْ، رُسْ-غَہْ) ہاتھ پاؤں کا جوڑ جمع اَرْسَاغ۔
رسل (رَسْل) نرم رفتار، خبر بھیجنا (رِسْل) نرمی، خوشی (رُسُلْ، رُسْل) رسول کی جمع۔
رسم (رَسْم) عادت، ریت، قاعدہ، قانون، وظیفہ، مشاہرہ، محصول، نقش جمع رُسُوْم، اَرْسُم، مُراسم جمع جمع رُسُوْمَات۔
رسم الخط (رَسْ-مُلْ-خَطّ) طرز تحریر۔
رسمی (رَسْ-مِیْ) دستور کے مطابق جمع رَسْمِیَّات نوکر، ٹیکس دہندہ
رسن (رَسَنْ) رسی جمع اَرْسَانْ، اَرْسُنْ۔
رسن باز (رَسَنْ-بَازْ) نٹ، بازیگر۔
رسندہ (رَسَنْ-دَہْ) پہونچنے والا۔
رسوا (رُسْ-وَا) ذلیل، خوار۔

رسوائی (رُس-وَا-اِی) ذلّت، خواری۔
رسوب (رُسُوب) تلچھٹ، دُرد۔
رسوخ (رُسُوخ) پائداری، جماؤ، مضبوطی۔
رسوخیت (رُسُو-خِی-یَت) مضبوطپن۔
رسول (رَسُول) صاحبِ کتاب نبی، پیغمبرِ الٰہی جمع رُسُل، رُسَلَا، اَرسُل۔
رسولی (رَسُو-لِی) پیغمبری، مشن۔
رسوم (رُسُوم) محصول (رُسُوم) رسم کی جمع
رسید (رَسِید) پہونچ۔
رسیدگی (رَسِی-دَگِی) پہونچا ہواپن، معائنہ۔
رسیدن (رَسِی-دَن) پہونچنا مضم رَسَد۔
رسیدنی (رَسِی-دَنِی) پہونچنے کے لائق۔
رسیدہ (رَسِی-دَہ) پہونچا ہوا، پکّا ہوا۔
رسیس (رَسِیس) قائم، برقرار۔
رسیغ (رَسِیغ) وسیع، لطیف چیز۔
رسیل (رَسِیل-) فرستادہ، پیغامبر
رسیلہ (رَسِی-لَہ) خط، مکتوب۔
رش (رَش) ۱۔ بازو ۲۔ چھڑکاؤ، پھوار (رِش) زخم، ڈاڑھی (رُش) غصّہ سے آنکھ بدلنا۔
رشا (رِشَا) رسّی (رَشَا) ہرن کا بچہ۔
رشاد (رَشَاد) پاسا مانی، راہِ راستی، رائی، ترہ تیزک۔
رشادت (رَشَا-دَت) ہدایت، راہ راستی۔
رشاش، رشاشہ (رَشَاش، رَشَا-شَہ) ریزش، چھینٹ، گلاب پاش۔
رشاقت (رَشَا-قَت) زیبا قامتی۔
رشتن (رِش-تَن) کاتنا۔
رشتنی (رِش-تَنِی) کاتنے کے لائق۔
رشتہ (رِش-تَہ) کاتا ہوا، ڈورا، قرابت، ناتا، خویشی، نارو کی بیماری، سوّیاں۔

رشتہ بپا (رِش-تَہ-بَپَا) پاؤں میں اُلجھا ہوا ڈورا
رشتہ حلوا (رِش-تَہ-حَل-وَا) سوّیاں۔
رشتہ دار (رِش-تَہ-دَار) قرابتی، ناتی۔
رشتہ داری (رِش-تَہ-دَا-رِی) قرابت، ناتا۔
رشتہ عمر (رِش-تَہ-عُمر) سالگرہ کا گنڈا۔
رشح (رَشح) زکام، ریزش، رِسنا، ٹپکنا۔
رشحہ (رَش-حَہ) قطرہ، ٹپکن جمع رَشَاحَ، رَشحَات۔
رشد (رُشد، رَشَد) ہدایت، راہِ راستی۔
رشرش (رَش-رَش) ملائم ہڈی۔
رشف (رَشف) چوسنا۔
رشق (رَشق) تیراندازی۔
رشک (رَشک) محبوب کی برابر ہونے کی آرزو (رُشک) بچھو (رِشک) لمبی ڈاڑھی والا، لیکھ، میل، سیپ۔
رشکیں (رَش-کِیں) رشک کرنے والا۔
رشمیز (رِش-مِیز) دیمک۔
رشو (رَشو) رشوت دینا۔
رشوت (رِش-وَت) ناواجب کارروائی کا معاوضہ، گھونس جمع رُشیٰ۔
رشوت خوار (رِش-وَت-خوار) رشوت کھانے والا۔
رشوت خواری (رِش-وَت-خوا-رِی) رشوت کھانا۔
رشید (رَشِید) سیدھی راہ دکھلانے یا پانے والا۔
رشیق، رشیقہ (رَشِیق، رَشِی-قَہ) خوش اندام۔
رصاص (رَصَاص) رانگ، ٹین، سیسہ (رُصَاص) ٹین ساز
رصاصہ (رَصَا-صَہ) بندوق کی گولی۔
رصانت (رَصَا-نَت) مضبوطی۔
رصد (رَصَد، رَصد) دیکھ بھال کی جگہ، تاک جمع اَرصَاد۔

رصدگاہ (رَصَدْ۔گاہ) اجرامِ فلکی کی دیکھ بھال کیلئے منارہ۔
رصیف (رَصِیْف) گھاٹ، چبوترہ۔
رصین (رَصِیْن) مضبوط، مہربان، دردناک۔
رضا (رِضَا) خوشنودی (رُضَا) خوشنود ہونا
رضاب (رُضَاب) تھوک، اولا، شکر۔
رضاع، رضاعت (رَضَاع، رَضَاعَت) شیرخوارگی، بچہ کے دودھ پینے کی حالت۔
رضاعی (رِضَاعی) دودھ شریک۔
رضامند (رِضَا۔مَنْد) خوشنود۔
رضامندی (رِضَا۔مَنْ۔دی) خوشنودی۔
رضوان (رِضْ۔وَان) خوشنودی، بہشت کا دربان۔
رضوی، رضویہ (رِضْ۔وِی، رِضْ۔وِیَہ) منسوب طرف امام علی موسیٰ رضا رح
رضی (رَضِی) پسندیدہ۔
رضیع (رَضِیع) کوکہ، دودھ شریک بھائی۔
رضیہ (رَضِیَہ) راضی شدہ، راضی کی گئی۔
رطب (رَطْب) قدرتی چیز، تازہ (رُطَب) ہریاول، سبزہ (رُطَب) تازہ پنڈ کھجور۔
رطب اللسان (رَطْبُ۔لِسَان) تر زبان۔
رطل (رَطْل) ایک پونڈ وزن، شراب کا پیمانہ جمع اَرْطَال۔
رطل گراں (رَطْل۔گِرَاں) بڑا پیمانہ۔
رطوبت (رُطُو۔بَت) تری، تازگی۔
رطیب (رَطِیب) تازہ و تر جمع رِطاب۔
رعا (رِعَا) گھاس (رَعَا) چرنا، چرانا۔
رعات (رُعَات) راعی کی جمع۔
رعاث (رِعَاث) گوشوارہ، گلوبند۔
رعاف (رُعَاف) نکسیر۔
رعایا (رَعَایا) رعیت کی جمع۔

رعایت (رِعَایَت) لحاظ، نگہبانی۔
رعایتی (رِعَایَتِی) منسوب طرف رعایت۔
رعب (رُعْب، رُعُب) خوف، ڈر۔
رعثہ (رَعْثَہ) بالی۔
رعد (رَعْد) بجلی کی کڑک، گڑگڑاہٹ، گرج۔
رعد آسا (رَعْد۔آ۔سَا) بجلی کی کڑک کی مانند
رعدہ (رِعْدَہ) کپکپی، تھرتھراہٹ۔
رعدید (رِعْ۔دِید) فالودہ۔
رعش (رَعْش) کانپنا۔
رعشہ (رَعْ۔شَہ) کپکپاہٹ، لرزہ۔
رعنا (رَعْ۔نا) اچھا، زیبا۔
رعنائی (رَعْ۔نا۔ئی) زیبائی، اچھائی۔
رعونت (رُعُو۔نَت) غرور، سرکشی۔
رعی (رَعْی) نگہبانی، چرنا، چرانا (رِعی) گھاس۔
رعیب (رَعِیب) خائف۔
رعیت (رَعِیَّت) ریوڑ، پرجا جمع رَعَایا۔
رعیتی (رَعِیَّتِی) منسوب طرف رعیت۔
رعیہ (رَاعِیَہ) چرنار، چرندہ۔
رغاب (رَغَاب) نرم زمین۔
رغام (رَغَام) ریتیلی خاک۔
رغائب (رَغَا۔ئِب) رغیبہ کی جمع۔
رغب (رَغْب، رُغْب، رَغَب) خواہش، بسیار خوری، ہوکا، بہت سا کھانے کی خواہش۔
رغبت (رَغْ۔بَت) خواہش۔
رغد (رَغَد) عیش، خوشی، نعمت۔
رغم (رَغْم) بدخلقی، خواری۔
رغو (رَغْو، رُغْو) جھاگ، پھین۔
رغیب (رَغِیب) لوبھی، لالچی، رغبت کرنیوالا۔
رغیبہ (رَغِی۔بَہ) بہت بخشش، مرغوب چیز۔ جمع رَغَائِب۔

رغیف (رَغِیف) ٹکیا، روٹی جمع رُغفان، اَرْغِفَہ، رُغُف۔
رف (رَفّ) مچان، دروازے کا طاق۔
رفا (رِفا) اتفاق، امن چین (رَفْ۔فار) رفوگر۔
رفات (رُفات) شکستہ، ریزہ ریزہ۔
رفادہ (رِفا۔دَہ) زخم پر باندھنے کی پٹی یا گدی۔
رفاق (رِفاق) رفیق کی جمع۔
رفاقت (رَفا۔قَت) ساتھ، سنگت، ہمراہی۔
رفاہ (رِفاہ) رفہ کی جمع، تن آسانی، آرام چین
رفاہت، رفاہیت (رَفا۔ہَت، رَفا۔ہِی۔یَت) سکھ، تن آسانی، آرام۔
رفت (رَفْت) گیا، رفتار (رُفْت) جھاڑ پونچھ۔
رفتار (رَفْ۔تار) چال۔
رفتگی (رَفْ۔تَگی) جلا وطن، چلا ہوا پن۔
رفتن (رَفْ۔تَن) جانا، چلنا مضم رَو د (رُفْ۔تَن) جھاڑنا مضم رُو ب۔
رفتنی (رَفْ۔تَنی) جانے کے قابل (رُفْ۔تَنی) جھاڑنے کے قابل۔
رفتہ (رَفْ۔تَہ) گیا ہوا جمع رفتگاں (رُفْ۔تَہ) جھاڑا ہوا۔
رفتہ رفتہ (رَفْ۔تَہ۔رَفْ۔تَہ) ہولے ہولے۔
رفث (رَفَث) فحش، گندی بات۔
رفد (رِفْد) بڑا پیالہ، بخشش۔
رفراف (رَفْ۔راف) شتر مرغ۔
رفرف (رَفْ۔رَف) براق، تکیہ، خیمہ، ہرا کپڑا، الماری۔
رفس (رَفْس) ٹھکرانا۔
رفض (رَفْض، رَفَض) چھوڑنا، ترک کرنا
رفع (رَفْع) معزولی، اٹھاؤ، برداشت،

بلندی، حرکت پیش (ـُ)
رفع الیدین (رَفْ۔عُل۔یَدَین) دونوں ہاتھ اٹھا لینا۔
رفعت (رِف۔عَت) بلندی۔
رفعہ (رَف۔عَہ) حرکت پیش (ـُ)
رفغ (رَفْغ) چڈھا، پیڑو لڑان۔
رفق (رِفْق) نرمی (رَفْق) کہنی مارنا۔
رفقہ (رُفْ۔قَہ) ہمسفر لوگوں کی جماعت، (رِفْ۔قَہ) رفیق کی جمع۔
رفو (رَفْو، رُفُو) سوئی ڈورے سے پھٹے کپڑے کی درستی۔
رفہ (رَفْہ) تن آسانی جمع رِفاہ۔
رفیدہ (رَفی۔دَہ) دیکھو رفادہ۔
رفیع (رَفِیع) بلند، اونچا۔
رفیع الشان (رَفی۔عُش۔شان) اونچی شان والا۔
رفیف (رَفِیف) ملائم کپڑا۔
رفیق (رَفِیق) ساتھی، ہمسفر، دوست جمع رُفَقا، رِفاق، رُفَقَہ۔
رق (رِقّ) بندگی، غلامی (رَقّ) لکھنے کا چمڑا۔
رقاب (رِقاب) رقبہ کی جمع۔
رقابت (رَقا۔بَت) انتظار، نگہبانی۔
رقاد (رُقاد) نیند۔
رقاص (رَقّاص) ناچنے والا۔
رقاصہ (رَقّا۔صَہ) ناچنے والی۔
رقاع (رِقاع) رقعہ کی جمع۔
رقاق (رُقاق) چپاتی (رَقاق) گرم دن۔
رقائم (رَقا۔اِم) رقیمہ کی جمع۔
رقبا (رُقَبا) رقیب کی جمع۔
رقبہ (رَقَبَہ) گردن، غلام، بندہ جمع اَرْقُب،

رقاب (رِقْ۔ بَہْ) زمین

رقت (رِقْ۔ قَتْ) نرمی، رونا۔

رقص (رَقْ۔ص) ناچ۔

رقصاں (رَقْ۔ صَان) ناچتا ہوا۔

رقصانیدن (رَقْ۔صَا۔نِیْ۔دَنْ) نچوانا، نچانا۔

رقصندہ (رَقْ۔صِنْ۔دَہْ) ناچنے والا۔

رقصیدن (رَقْ۔صِی۔دَنْ) ناچنا مضم رَقْصَدْ

رقصیدنی (رَقْ۔صِی۔دَنِیْ) ناچنے کے لائق۔

رقصیدہ (رَقْ۔صِی۔دَہْ) ناچا ہوا۔

رقعہ (رُقْ۔عَہْ) خط، چٹھی جمع رِقَاعْ، رُقْعَاتْ۔

رقم (رَقَم) شقہ، لکھائی، روپیہ پیسہ لکھنے کا ہندسہ جمع رُقُوْم جمع الجمع رُقُوْمَاتْ

لکھنا (رَقْم) خط، لکھا ہوا، زمانہ کی سختی جمع اَرْقَامْ قلمبند کرنا۔

رقمی (رَقْمِی) لکھا ہوا، نشان کیا ہوا۔

رقود (رُقُوْد) خون بند کرنا۔

رقوب (رُقُوْب) دیکھ بھال، انتظار (رَقُوْب) عورت جو میراث کی لالچ میں شوہر کی موت چاہے۔

رقود (رُقُوْد) سو جانا۔

رقیب (رَقِیْب) نگراں، پاسبان جمع رُقَبَا، رُقُب۔

رقیت (رِقْ۔قِیْ۔یَتْ) بندگی، غلامی۔

رقیق (رَقِیْق) پتلا، نرم۔

رقیمہ (رَقِیْ۔مَہْ) نوشتہ، خط جمع رَقَائِم۔

رقیہ (رُقْ۔یَہْ) جادو، منتر جمع رُقَی۔

رک (رُکْ) نیو، بنیاد۔

رکاب (رِکَاب) رکابی، زین کا حلقہ، سواری (رُکْ۔کَابْ) راکب کی جمع، جہاز یا ریل کے مسافر۔

رکابدار (رِکَابْ۔دَارْ) سوار کرانے والا کھانے کے لئے پلیٹ اتارنے والا۔

رکابی (رِکَا۔بِیْ) طشتری۔

رکاز (رِکَازْ) دفینہ۔

رکاکت (رَکَا۔کَتْ) سستی، بیعزتی۔

رکب (رَکَبْ) پیڑو، تہار، شرمگاہ۔

رکبہ (رُکْ۔بَہْ) گھٹنہ، زانو۔

رکض (رَکْض) ڈپٹانا۔

رکعت (رَکْ۔عَتْ) نماز کا ایک حصہ جمع رَکْعَاتْ

رکل (رَکْل) لات مارنا، ڈپٹانا۔

رکلہ (رَکْ۔لَہْ) لات، لکد۔

رکن (رُکْن) ستون، ہر چیز کا بڑا حصہ جمع اَرْکَانْ۔

رکنی (رُکْ۔نِیْ) زرِ خالص۔

رکوب (رُکُوْب) سوار، سواری (رَکُوْب) سوار ہونا۔

رکود (رُکُوْد) تھمنا۔

رکوع (رُکُوْع) جھکنا۔

رکوہ (رَکْ۔وَہْ) چھاگل۔

رکیب (رِکِیْب) رکاب، رکاب کا امالہ۔

رکیدن (رَکِیْ۔دَنْ) غصہ میں بڑبڑانا۔

رکیک (رَکِیْک) سست، حقیر۔

رکین (رَکِیْن) مضبوط، استوار۔

رکیہ (رَکِیْ۔یَہْ) کنواں جمع رَکِیّ۔

رگ (رَگْ) نس، ناڑی۔

رگ بند (رَگْ۔بَنْد) پٹی

رگ جاں (رَگِ۔جَانْ) شہ رگ۔

رگ زن (رَگْ۔زَنْ) جراح، فصاد۔

رگ گردن (رَگِ۔گَرْ۔دَنْ) غرور، گھمنڈ۔

رگوی (رُگْ۔وِی) ایک عرض کی چادر (رَگْ۔وِی) پرانا کپڑا۔

رم (رَم) ۱ بھاگ، دوڑ بھاگنا ۲ گلہ، ریوڑ (رُم) شرمگاہ کے بال۔

رماح (رِمَاحْ) رُمْح کی جمع برچھے باز۔

رماد (رَمَادْ) خاکستر، راکھ۔
رمادی (رَمَا۔دِیْ) خاکی۔
رماز (رَمْ۔مَازْ) رمز کہنے والا۔
رماعہ (رَمْ۔مَا۔عَہْ) بچّے کا تالو جو لپکتا ہے۔
رمال (رَمْ۔مَالْ) علم رمل کے ذریعہ غیب کی
باتیں بتانے والا۔
رمان (رُمْ۔مَانْ) انار۔
رمانی (رُمْ۔مَانِیْ) منسوب طرف رمان۔
رمانیدن (رَمَا۔نِیْ۔دَنْ) بھگانا۔
رمانیدہ (رَمَا۔نِیْ۔دَہْ) بھگایا ہوا۔
رمایہ (رِمَا۔یَہْ) تیر اندازی۔
رمث (رَمَثْ) شناہ، ایک جری کشتی۔
رمح (رُمْ۔حْ) برچھا جمع رِمَاحْ، اَرْمَاحْ۔
رمد (رَمَدْ) آشوبِ چشم۔
رمز (رَمْ۔زْ) اشارہ، پوشیدگی جمع رُمُوْز۔
رمش (رَمِشْ) بھاگنا۔
رمص (رَمَصْ) آنکھ کا چیپڑا۔
رمصا (رَمْ۔صَا) چیپڑا، گید۔
رمض (رَمْ۔ضْ) گرم ریت۔
رمضان (رَمَضَانْ) نواں اسلامی قمری
مہینہ جس میں مسلمان روزے رکھتے ہیں۔
رمق (رَمَقْ) تھوڑی سی جان، البقیہ جان
جمع اَرْمَاقْ۔
رمکہ (رَمْ۔کَہْ) گھوڑی جمع رِمَاکْ۔
رمل (رَمْ۔لْ) ریگ، بالو، نام علم غیب
دانی جمع رِمَالْ، اَرْمَالْ (رَمَلْ) شاعری
کی ایک بحر کا نام، اٹھلا کر چلنا۔
رمندہ (رَمَنْ۔دَہْ) بھاگنے والا۔
رمنہ (رَمْ۔نَہْ) پارک، چراگاہ گھاس کا میدان
رمہ (رَمَہْ) گلہ، ریوڑ (رُمْ۔مَہْ) سب،
ہمہ، رسّی کا ٹکڑا۔

رمی (رَمْ۔یْ) ڈالنا، گولی چلانا۔
رمیدن (رَمِیْ۔دَنْ) بھاگنا مضارع رَمَدْ۔
رمیدہ (رَمِیْ۔دَہْ) بھاگا ہوا۔
رمیغ (رَمِیْغْ) تیز چیز۔
رمیم، رمیمہ (رَمِیْمْ، رَمِیْ۔مَہْ) چیرانا
جمع رَمَائِمْ۔
رن (رَنْ) محنت و مشقت۔
رنبہ (رَمْ۔بَہْ) شرمگاہ کے بال، کھریا۔
رنج (رَنْ۔جْ) تکلیف، دُکھ۔
رنجانیدن (رَنْ۔جَا۔نِیْ۔دَنْ) رنجیدہ کرنا۔
رنجش (رَنْ۔جِشْ) رنج، دُکھ۔
رنجور (رَنْ۔جُوْرْ) روگی، بیمار۔
رنجوری (رَنْ۔جُوْ۔رِیْ) روگ، بیماری۔
رنجہ (رَنْ۔جَہْ) دُکھ، رنج۔
رنجہ خاطر (رَنْ۔جَہْ۔خَا۔طِرْ) رنجیدہ۔
رنجیدگی (رَنْ۔جِیْ۔دَگِیْ) دُکھ، تکلیف۔
رنجیدن (رَنْ۔جِیْ۔دَنْ) آزردہ ہونا
مضارع رَنْجَدْ۔
رنجیدہ (رَنْ۔جِیْ۔دَہْ) آزردہ۔
رند (رِنْ۔دْ) دانستہ منکر، شرابخوار جمع
رُنُوْد (رَنْ۔دْ) دیکھو رندش۔
رندانہ (رِنْ۔دَا۔نَہْ) رند کی طرح۔
رندش (رَنْ۔دِشْ) رندے کی چھیلن۔
رندہ (رَنْ۔دَہْ) رندنے کا اوزار۔
رندی (رِنْ۔دِیْ) اوباشی، شرابخواری۔
رندیدن (رَنْ۔دِیْ۔دَنْ) رندہ کرنا
مضارع رَنْدَدْ۔
رنز (رُنْ۔زْ) چاول۔
رنق (رَنْ۔قْ، رَنَقْ) گدلا۔
رنگ (رَنْگْ) روپ، رنگت، طریقہ، قاعدہ،
خوشی، پہاڑی بکری، جنگلی گائے۔

رنگا رنگ (رَنگا۔ رَنگ، بَرَنگ گا۔ رَنگ) دیکھو رنگ برنگ
رنگ آمیز (رَنگ۔ آ۔ میز) نقاش۔
رنگ آمیزی (رَنگ۔ آ۔ مے۔ زی) نقاشی، مبالغہ، بات میں بات ملانا۔
رنگ برنگ (رَنگ۔ بَرَنگ) طرح بطرح۔
رنگ نسبت (رَنگ۔ نِس۔ بَت) پختہ رنگ۔
رنگت (رَنگ۔ گَت) دیکھو رنگ۔
رنگترہ (رَنگ۔ تَرَہ) نارنگی کی ایک قسم۔
رنگریز، رنگریز (رَنگ۔ رَز، رَنگ۔ رِیز) کپڑا رنگنے والا۔
رنگ زندہ (رَنگ۔ گ۔ زِن۔ دَہ) ہرا رنگ
رنگ شکستہ (رَنگ۔ گ۔ شِکَس۔ تَہ) اُترا ہوا رنگ، پھیکا رنگ، پھیکی رنگت۔
رنگین (رَنگ۔ گِین) رنگ والا۔
رنگین ادا (رَنگ۔ گِین۔ اَدا) خوش ادا
رنگین ادائی (رَنگ۔ گِین۔ اَدا۔ اِی) خوش ادائی۔
رنگینی (رَنگ۔ گی۔ نی) رنگین سے منسوب، رنگ والا ہونا۔
رنگینیت (رَنگ۔ گی۔ نِی۔ یَت) رنگین پن۔
رنم (رَنَم) آواز کرنا، گانا۔
رو (رُو) منھ، چہرہ، سبب (رَو) چلنے والا (رَو) اُگنے والا۔
روا (رَوا) جائز، رواں، رواج (رُوا) بیدار (رِوا) زانوبند۔
روابط (رَوا۔ بِط) رابطہ کی جمع۔
رواث (رُوات) راوی کی جمع۔
رواج (رِواج) چیلن، بجری۔
رواح (رَواح) عصر اور مغرب کا درمیانی وقت۔
رواحال (رَوا۔ حال) تیز رو سواری۔
رواحل (رَوا۔ حِل) راحلہ کی جمع۔

روا دار (رَوا۔ دار) جائز رکھنے والا۔
رواداری (رَوا۔ دا۔ ری) جائز رکھنا۔
روادہ (رُوا۔ دَہ) رادہ، پڑوس میں پھرنے والی۔
روارو (رَوا۔ رَو) کثرتِ آمد و رفت (رُو بَرُو) روبرو، مقابل۔
رواروی (رَوا۔ رَوی) چلاچلی، سرسری۔
روار (رَوار) قیدخانہ کا ملازم۔
روازن (رَوا۔ زِن) روزن کی جمع۔
رواشن (رَوا۔ شِن) روشن کی جمع۔
روافض (رَوا۔ فِض) رافضی کی جمع۔
رواق (رِوَاق) گھونگ، چھجہ، گیلری، ابر۔
روال (رُوال) رال، آبِ دہن۔
رواں (رَواں) جان، روح، جاری، چلتا ہوا۔
روانگی (رَوا۔ نگی) چلنا۔
روانہ (رَوا۔ نَہ) جاری، جلد، چلتا، راہداری کا پرچہ۔
روانی (رَوا۔ نِی) چلنا، جانا۔
روائح (رَوا۔ اِح) رائحہ کی جمع۔
روائی (رَوا۔ اِی) رواج، رونق، حاجت پورا ہونا۔
روایت (رِوا۔ یَت) ناول، فسانہ، نقل، کہاوت جمع رِوَایات۔
روب (رُوب) جھاڑ، پونچھ، جھاڑنے والا (رَوب) دہی جمنا۔
روبان (رُو۔ بان) جھاڑو دینے والا، جھاڑتا ہوا۔
روبانیدن (رُو۔ با۔ نِی۔ دَن) جھاڑو دلوانا۔
روبندہ (رُو۔ بِن۔ دَہ) جھاڑنے والا۔
روباہ (رُو۔ باہ) لومڑی، ثعلب۔
روباہ بازی (رُو۔ باہ۔ با۔ زی) مکر و فریب۔
روباہ ترکب (رُو۔ باہ۔ تُر۔ کَب) مکوہ۔

رو بدیوار (رُو۔ بَدِی۔ وَار) حیران۔
رو براہ (رُو۔ بَرَاہ) ٹھیک راستہ پر، درست۔
روبرو (رُو۔ بَرُو) سامنے، منہ در منہ۔
روبکار (رُو۔ بَکار) سرکاری کاغذ، سامنا۔
روبکاری (رُو۔ بَکا۔ رِی) کارروائی۔
روبند (رُو۔ بَنْد) بُرقع، نقاب، گھونگھٹ۔
روبہ (رُو۔ بَہ) دیکھو روباہ (رُو۔ بَہ) دودھ کا سیجا، عقل۔
روبیدن (رُو۔ بِی۔ دَن) جھاڑ دینا، جھاڑنا مضع رُوبَد۔
روبیدنی (رُو۔ بِی۔ دَنی) جھاڑنے کے لایق۔
روبیدہ (رُو۔ بِی۔ دَہ) جھاڑا ہوا۔
روپاک (رُو۔ پَاک) رومال۔
روپوش (رُو۔ پُوش) نقاب، منہ چھپانے والا
روپوشی (رُو۔ پُو۔ شی) منہ چھپانا۔
روثہ (رَو۔ ثَہ) گوبر، لید، جمع رَوث۔
روج (رُوج) دیکھو روز۔
روح (رُوح) جان، جوہر، جمع اَرْوَاح
(رَوْح) خوشبو، تازگی، آسایش، جمع رَوْحَات
روحا (رَوْ۔ حَا) اُتھلا۔
روح الامین (رُو۔ حُل۔ اَمِین) حضرت جبرئیل۔
روح القدس (رُو۔ حُل۔ قُدُس) پاک روح، حضرت جبرئیل۔
روحانی (رُو۔ حَا۔ نِی) روحی، باطنی، روح سے منسوب۔
روحانیت (رُو۔ حَا۔ نِی۔ یَت) روحی خاصیت۔
روح حیوانی (رُو۔ حِ۔ حَی۔ وَا۔ نِی) زندگی قائم رکھنے والی رُوح۔
روح طبعی (رُو۔ حِ۔ طَبْعِی) قوت قائم رکھنے والی رُوح۔
روح مجرد (رُو۔ حِ۔ مُجَرْ۔ رَد) روح مطلق۔

روح نباتی (رُو۔ حِ۔ نَبَا۔ تِی) نباتات کی روح
روح نفسانی (رُو۔ حِ۔ نَفْ۔ سَا۔ نِی) طاقت قائم رکھنے والی روح۔
روحی (رُو۔ حِی) روح سے منسوب، روح والی چیز
روخ (رُوخ) ایک گھاس، سرکنڈا۔
رود (رُود، رُوْد) ندی، نالہ، بیٹا، تانت، اولاد۔
روداد (رُو۔ دَاد) دیکھو رُوئداد۔
رودار (رُو۔ دَار) صاحب عزت۔
روداری (رُو۔ دَا۔ رِی) صاحب عزت ہونا۔
رودبار (رُود۔ بَار) جہاں بہت سے ندی نالے ہوں۔
رودخانہ (رُود۔ خَا۔ نَہ) دریا، علاقہ سیلاب۔
رودخیز (رُود۔ خیز) موج، پانی کی رَو۔
رودنک (رُو۔ دَنک) دیکھو روینک۔
رودہ (رُو۔ دَہ) تانت، انتڑی۔
روز (رُوز) دن، یوم۔
روزانہ (رُو۔ زَا۔ نَہ) ہر ایک دن، یومیہ
روز بازار (رُوز۔ بَا۔ زَار) رونق، گرمی بازار
روز باز خواست (رُو۔ زِ۔ بَاز۔ خواس۔ ت) قیامت کا دن۔
روز بخشش (رُو۔ زِ۔ بَخْ۔ شِش) روز ازل۔
روز بد (رُو۔ زِ۔ بَد) بُرا دن۔
روز خوش (رُو۔ زِ۔ خُش) شباب۔
روز سیاہ (رُو۔ زِ۔ سِیَاہ) ماتم کا دن۔
روز کور (رُوز۔ کور) بے خبر، نادان۔
روزگار، روزگاران (رُوز۔ گار، رُوز۔ گا۔ رَان) زمانہ، کاروبار، پیشہ۔
روزگاری (رُوز۔ گَا۔ رِی) کاروباری۔
روزمرہ (رُوز۔ مَر۔ رَہ) ہر ایک دن، روزانہ کی بولی۔

روزن (رُو-زَن ، رَو-زَن) سوراخ ، جھروکہ جمع رَوازِن ۔
روزنامچہ (رُوز-نام-چَہ) روزانہ حال لکھنے کی کتاب ۔
روزنامہ (رُوز-نا-مَہ) روزانہ اخبار ، بہی کھاتہ ، کیلنڈر ، جنتری ۔
روزہ (رُو-زَہ) صوم ، برت ۔
روزہ تنفس (رُو-زَا-اِ-تَنَف-فُس) چپ رہنے کا روزہ ۔
روزہ دار (رُو-زَہ-دار) روزہ رکھنے والا ۔
روزہ داری (رُو-زَہ-دا-رِی) روزہ رکھنا ۔
روزہ مریم (رُو-زَا-اِ-مَر-یَم) چپ رہنے کا روزہ ۔
روزی (رُو-زِی) رزق ، روزانہ خوراک ۔
روزینہ (رُو-زِی-نَہ) یومیہ ، روزانہ تنخواہ ۔
روس (رُوس) نام ملک (رُ ، اُوس) راس کی جمع ۔
روسیہ (رُو-سِیَہ) ملک روس (مشرقی یورپ و شمالی ایشیا) ۔
روسا (رُ-ؤسا) رئیس کی جمع ۔
روسپی (رُوس-پی) فاحشہ ۔
روستا (رُوس-تا) گاؤں ، دہ ۔
روستائی (رُوس-تا-ئی) گنوار ، دہقان ۔
روسفید (رُو-سَفید) معزز ، بے الزام ۔
روسفیدی (رُو-سَفے-دی) باعزتی ۔
روسیا (رُو-سِیا) ملک روس ۔
روسیاہ (رُو-سِیاہ) گنہگار ، خطاوار ۔
روسیاہی (رُو-سِیا-ہی) خطاداری ۔
روش (رَوِش) چال ، طریقہ ، ڈھنگ ، چمن کے اندر راستہ (رُوش) روشن ۔
روشاں (رُو-شاں) نامور لوگ ، ستارے

روشم (رَو-شَم) چھاپا ، مہر خرمن ۔
روشن (رَو-شَن) روزن جمع رَواشِن (رَو-شَن ، رُو-شَن) منور ، چمکیلا ۔
روشناس (رُو-شَناس) واقف کار ۔
روشناسی (رُو-شَنا-سی) جان پہچان ۔
روشنا ، روشناں (رُو-شَ-نا ، رَو-شَ-ناں) روشن ۔
روشنائی (رُو-شَ-نا-ئی) روشنی ، اجالا ، رنگت جس سے کوئی تحریر لکھی یا چھاپی جاوے ۔
روشندان (رُو-شَن-دان) روشنی کا سوراخ
روشن دل (رُو-شَن-دِل) جس کا دل منور ہو ۔
روشن دماغ (رُو-شَن-دِ-ماغ) بیدار مغز ، ہلاس ۔
روشن رائی (رُو-شَن-را-ئی) باتدبیر ۔
روشن ضمیر (رُو-شَن-ضَمیر) روشن دل ۔
روشن طبع (رُو-شَن-طَب-ع) تیز فہم ۔
روشنی (رَو-شَنی) چمک ، اجالا ۔
روضہ (رَو-ضَہ) باغ ، سبزہ زار جمع ریاض رَوض ۔
روع ، روعت (رَوع ، رَو-عَت) ہراس ، ڈر ، حیرانی (رُوع ، رُو-عَت) عقل ، دل ۔
روغ (رَوغ) زعفران کا دھبہ ۔
روغن (رَو-غَن) چکنائی ، تیل ، گھی ۔
روغن تلخ (رَو-غَنِ-تَلخ) کڑوا تیل ۔
روغن جوش (رَو-غَن-جوش) ایک کھانا کا نام جو بگھار کر طیار کیا جاتا ہے ۔
روغن زبانی (رَو-غَن-زَبا-نی) چرب زبانی
روغن زرد (رَو-غَنِ-زَرد) گھی ۔
روغن سیاہ (رَو-غَنِ-سِیاہ) ریڑی کا تیل ۔

روغن فروش (رَو-غَن-فَرو-ش) تیل کا بیوپاری۔
روغن فروشی (رَو-غَن-فَرو-شی) تیل کا بیوپار۔
روغن قاز مالیدن (رَو-غَن-قَاز-مَا-لِی-دَن) چاپلوسی کرنا، للو پتو کرنا۔
روغن کنجد (رَو-غَن-کُن-جَد) میٹھا تیل۔
روغن گاو (رَو-غَن-گاو) گھی۔
روغنگر (رَو-غَن-گَر) تیلی۔
روغنی (رَو-غَنی) چکنی۔
رؤف (رَ-ءُوف) بہت مہربان۔
روفتن (رُف-تَن) جھاڑنا۔
رو کش (رُو-کَش) شرمندہ، مقابل، حریف، خلاف۔
روکشی (رُو-کَشی) شرمندگی، مقابلہ۔
روگردال (رُو-گَر-دَاں) روکھا، منھ پھرانے والا۔
روگردانی (رُو-گَر-دَا-نی) مخالفت، رکھائی، منھ پھرانا۔
روگرفتہ (رُو-گِرِف-تَہ) منھ چھپایا ہوا۔
روم (رُوم) نام شہر اٹلی، یونان قدیم، قدیم ترکی سلطنت، رومی کی جمع۔
رومال (رُو-مَال) منھ پونچھنے کا کپڑا۔
رومالی (رُو-مَا-لی) باندھنے کا ایک کپڑا۔
رومان (رُو-مَان) ناول، فسانہ۔
رومہ (رُو-مَہ) شرمگاہ کے بال (رُو-مَہ) دارالحکومت اطالیہ۔
رومی (رُو-می) قدیم یونانی، اطالوی جمع رُوم، اَرْوَام۔
روناس (رُو-نَاس) سرخ مجیٹھ۔
روندہ (رَوَن-دَہ) جانے والا۔

رونق (رَو-نَق) چمک، زیبائش۔
رونما (رُو-نُما) منھ دکھانے والا۔
رونمائی (رُو-نُما-اِی) منھ دکھائی۔
روینہ (رَوَن-نَہ) پاس، اجازت نامہ۔
روہیدن (رُو-ہِی-دَن) چھت یا چھپر وغیرہ ٹپکنا۔
روہینا (رُو-ہی-نا) ایک فولاد۔
رویداد (رُو-اِی-داد) کیفیت حال، حقیقت۔
روئیدگی (رُو-اِی-دَگی) اُگاوٹ۔
روئیدن (رُو-اِی-دَن) اُگنا مضم رُوئیدہ۔
روئیدہ (رُو-اِی-دَہ) اُگا ہوا۔
روئیں (رُو-اِیں) پیتل والی چیز۔
روئیں تن (رُو-اِیں-تَن) پیتل کے جسم والا۔
روی (رُوی) تانبا، کالنسہ (رُوی) چہرہ، سمت، سبب، امید (رَوِی) سیراب، تازہ، قافیہ کا حرف اصلی۔
رویا (رُو-یا) خواب، سپنا جمع رُویٰ (رُو-یا) زمین سے اُگنے والی چیز۔
رویانیدن (رُو-یا-نِی-دَن) اُگانا۔
روی بند (رُوی-بَند) دیکھو روبند۔
رویت (رُو-یَت) دیکھنا، جاننا (رَوِی-یَت) فکر، تامل۔
رویک (رُو-یَک) چھوٹا منھ۔
روین (رُو-یَن) سرخ مجیٹھ۔
روئیندہ (رُو-یِن-دَہ) اُگنے والا۔
روینک (رُو-یَنک) سرخ مجیٹھ۔
رویہ (رَوِی-یَہ) طریقہ، دستور، فکر، حاجت (رُو-یَہ) دیکھو رویت۔
رہ (رَہ) راہ، رستہ، قاعدہ، نغمہ، آہنگ، مرتبہ، بار (رِہ) نیکی، سیرت۔
رہا (رَہا) چھوٹا ہوا، خلاص۔

رہاق (رُہاقُ) شروع جوانی۔
رہان (رِہانْ) رہن کی جمع، گھوڑدوڑ کی شرط۔
رہاندن، رہانیدن (رَہاں۔دَنْ، رَہا۔نِی۔دَنْ) چھوڑنا۔
رہ انجام (رَہْ۔اَنْ۔جامْ) قاصد، تیز سواری۔
رہ آورد (رَہْ۔آ۔وَرْ۔د) سوغات، تحفہ۔
رہائی (رَہا۔اِئی) چھٹکارا، خلاصی۔
رہبان (رُہْ۔بانْ) راہب کی جمع، ایک عیسائی راہب (رَہْ۔بانْ) ڈرنے والا، ۲۔ راستہ کا محافظ۔
رہبانیت (رُہْ۔با۔نِی۔یَتْ) رہبان ہونے کا طریقہ۔
رہبر (رَہْ۔بَرْ) راہ نما، ہادی۔
رہبری (رَہْ۔بَرِی) راہنمائی۔
رہج (رَہَجْ) غبار، شور۔
راہرو (راہْ۔رَوْ) راستہ چلنے والا، مسافر۔
رہروی (رَہْ۔رَوِی) راستہ چلنا۔
رہرہ (رَہْ۔رَہْ) اُتھلا، کم گہرا۔
رہزن (رَہْ۔زَنْ) لٹیرا، قزاق۔
رہزنی (رَہْ۔زَنِی) قزاقی۔
رہص (رَہْص) دیوار کی بنیاد، جڑ۔
رہط (رَہْط) گروہ، بھیڑ جمع اَرْہُط، اَرْہاط، رِہاط، اَرَاہِط۔
رہق (رَہَقْ) نزدیک ہونا، گمراہ ہونا، جھوٹ بولنا، ریت جم جانا (رَہْق) ظلم، تباہی (رَہَق) پہونچنا۔
رہ گذر (رَہْ۔گُذَرْ) عام راستہ، سڑک۔
رہ گرا (رَہْ۔گِرا) راہ پر مائل۔
رہگیر (رَہْ۔گِیرْ) راہ رو، مسافر۔
رہمہ (رِہْ۔مَہْ) پھوار۔
رہن (رَہْن) گرو، شرط جمع رِہان، رُہُون

رہندہ (رَہَنْ۔دَہْ) چھوٹنے والا۔
رہ نشین (رَہْ۔نَشِینْ) رستہ پر بیٹھنے والا۔
رہنما (رَہْ۔نُما) دیکھو۔ راہ نما۔
رہنمائی (رَہْ۔نُما۔اِئی) دیکھو راہ نمائی۔
رہو (رَہْ۔وْ) اونچی یا نشیبی زمین۔
رہوار (رَہْ۔وارْ) دیکھو راہوار۔
رہوک (رَہُوکْ) موٹا تازہ ہرن۔
رہی (رَہِی) غلام۔
رہیدن (رَہِی۔دَنْ) چھوٹنا مصدر رَہَدْ۔
رہیدہ (رَہِی۔دَہْ) چھوٹا ہوا۔
رہی زادہ (رَہِی۔زا۔دَہْ) غلام بچہ۔
رہین (رَہِینْ) گرو رکھی ہوئی چیز۔
رئیس (رَ۔اِیسْ) حکمران، سردار، حاکم، مالدار، شہری، صدر انجمن جمع رُؤَسا۔
رئیسہ (رَ۔اِی۔سَہْ) سردار عورت۔
رے (رَیّ) سیراب ہونا (رَیْ) نام شہر (خراسان)
ریا (رِیا) دکھاوا، ظاہر داری۔
ربات (رِبات) ربہ کی جمع۔
رباح (رِیاحْ) ریح کی جمع، گوز، باد۔
ریاحین (رَیا۔حِینْ) ریحان کی جمع۔
ریاست (رِیا۔سَتْ) سرداری، حکومت۔
ریاض (رِیاضْ) روضہ کی جمع۔
ریاضت (رِیا۔ضَتْ) محنت، ورزش، نفس کشی۔
ریاضتی (رِیا۔ضَتِی) ورزشی، نفس کشی کرنیوالا
ریاضی (رِیا۔ضِی) نام علم ریاضی میتھمیٹکس۔
ریاکار (رِیا۔کارْ) فریبی۔
ریاکاری (رِیا۔کا۔رِی) فریب۔
ریال (رِیالْ) رال کی جمع، ڈالر، ایک سکہ۔
ریان (رَیّ۔یانْ) سیراب، تروتازہ۔
ریائی (رِیا۔اِئی) فریبی، مکار۔
ریب (رَیْبْ) شک، حاجت، حادثہ۔

ریباری (رِی-با-رِی) سانڈنی سوار۔
ریباس (رِی-باس) دیکھو ریواج۔
ریبال (رِی-بال) شیر، بہادر جمع رَیابِیل۔
ریب المنون (رَی-بُل-مَنُون) حوادث زمانہ۔
ریبہ (رِی-بَہ) شک میں ڈالنے والی چیز، تہمت۔
ریث (رَیث) اندازہ، ڈھیل (رَی-یِث) کاہل، ڈھیل دینے والا۔
ریچار، ریچال (رِی-چار، رِی-چال) اچار، مربیٰ۔
ریح (رِیح) باس، ہوا، آندھی، پیٹ کی ہوا، جمع رِیاح، اَرْیاح، اَرْوَاح۔
ریحان (رَی-حان) خوشبودار گھاس، نیاز بو جمع رَیاحِین۔
ریحانہ (رَی-حا-نَہ) ریحان جیسی چیز۔
ریحانی (رَی-حا-نی) ایک ہری شراب، ایک تنبا کو نوشیدنی۔
ریحی (رِی-حی) منسوب طرف ریح۔
ریخ (رِیخ) پتلا گوہ، دست، پیٹ (رِیخ) ڈھیلا۔
ریختن (رِیخ-تَن) بیٹھنا، ہٹانا مضع رِیزِد۔
ریختہ (رِیخ-تَہ) اُردو زبان، بکھرا ہوا، بیٹھا ہوا۔
ریختہ پا (رِیخ-تَہ-پا) تیز دم۔
ریختہ دم (رِیخ-تَہ-دَم) دھار گرا ہوا۔
ریختہ گر (رِیخ-تَہ-گَر) دھات کے ڈھلے ہوئے برتن بنانے والا۔
ریخن (رِی-خَن) ہر وقت اُداس رہنے والا۔
ریدن (رِی-دَن) ہگنا مضع رِیدِد، رِیندِد۔
ریز (رِیز) ڈالنے والا، میٹنے والا۔
ریزاں (رے-زاں) ڈالتا ہوا، گرتا ہوا۔
ریزش (رے-زِش) بخشش، بکھرن، ناک بہنا۔
ریزگاری (رِیز-گا-رِی) خریج، بھرت۔

ریزگی (رے-زَگی) ٹکڑا، چھوٹا سکہ۔
ریزندہ (رے-زَن-دَہ) گرانے والا۔
ریزہ (رے-زَہ) ٹکڑا، روا، کرچ، کترن۔
ریزہ خوانی (رے-زَہ-خوا-نی) آواز کا ادتار چڑھاؤ۔
ریزہ سرائی (رے-زَہ-سَرا-ئی) نغمہ سرائی۔
ریزہ کاری (رے-زَہ-کا-رِی) مہین کام۔
ریزیدن (رے-زِی-دَن) بہانا، گرانا۔
ریستن (رِیس-تَن) ہگنا، رونا مضع رِیسَد۔
ریسمان (رِیس-مان) ڈورا، رسی۔
ریسماں باز (رِیس-ماں-باز) نٹ، بازیگر۔
ریسندہ (رے-سَن-دَہ) کاتنے والا۔
ریسیدن (رے-سِی-دَن) کاتنا مضع رِیسَد۔
ریسیدہ (رے-سِی-دَہ) کاتا ہوا۔
ریش (رِیش) پَر، ڈاڑھی (رِیش) گھاؤ، گھائل۔
ریشائل (رِی-شا-اِل) ڈڑھیالا۔
ریش القصب (رِی-شُل-قَصَب) نرکل کا پھول۔
ریش بابا (رِیش-با-با) قسم انگور۔
ریش برباد (رِیش-بَر-باد) غرور، تکبر۔
ریش چغز (رِیش-چَغز) پھوڑا جو بغیر آپریشن اچھا نہ ہو۔
ریشخند (رِیش-خَند) ٹھٹھول، تمسخر۔
ریشخندی (رِیش-خَن-دی) مسخرگی۔
ریش قاضی (رِی-شِ-قا-ضی) شراب کا چھنا۔
ریش گاؤ (رِیش-گاؤ) احمق، لالچی۔
ریشم (رے-شَم) ایک کیڑے کے کویہ سے بنا ہوا ریشہ۔
ریشمال (رِیش-مال) دیوث، بھڑوا۔

ریشمالی (رِیْش-مَا-لِی) دیوثی، بے حمیتی۔
ریشمی یا ریشمینہ (رِے-شْمِی، رِے-شْمِی-نہ) ریشم کا بنا ہوا، ریشم سے منسوب، ریشم کا، ریشم کی۔
ریشہ (رِے-شَہ) نس، جڑ کا سوت، زلف، طرّہ، پر، جھونترا۔
ریشۂ قلم (رِے-شَ، اِ قَلَم) نب، قلم کا پتر۔
ریشیدن (رِی-شِی-دَن) ایک سے دوسرے برتن میں انڈیلنا (رِے-شِی-دَا) رنگنا۔
ریشیدہ (رِے-شِی-دَہ) رنگا ہوا، چمکدار، زخمی
ریط، ریطہ (رَیْط-رَی-طَہ) ایک عرضی چادر
ریع (رَیْع) لگان، پیارا دار۔
ریعان (رَی-عَان) آغاز جوانی، اٹھتی جوانی۔
ریغل (رِی-غَل) خشک، دُبلا پتلا۔
ریقا (رِیْق) تھوک، ناشتہ۔
ریک (رِیْک) نیک بخت۔
ریگ (رِیْگ) ریتی، ریت، علم رمل۔
ریگ رواں (رِے-گ-رَوَاں) ریت جو ہر وقت چلتا رہتا ہے، بہتا ہوا ریت۔
ریگزار (رِیْگ-زَار) ریت کی جگہ۔
ریگستان (رِے-گِس-تَان) ریت کا ملک۔
ریگ شو (رِیْگ-شُو) نیاریہ۔
ریگ فرش (رِیْگ-فَرْش) بچھا ہوا کنکر۔
ریگ مال (رِیْگ-مَال) زنگ چھڑانے کا کاغذ
ریگ ماہی (رِیْگ-مَا-ہِی) ریت کا ایک جانور
ریل (رَیْل) رال بہنا۔
ریم (رِیْم) سفید ہرن جمع آرام میل، پیپ، زنگ۔
ریمن (رَی-مَن) مکار، دغا باز (رِی-مَن) زخمی، میلا کچیلا (رِی-مَن) دیکھو اہرمن
ریمیا (رِی-مِیَا) علم جس کا جاننے والا جہاں چاہے پہونچ جاتا ہے۔

رین (رَیْن) گناہ کا غلبہ (رِیْن) ایسی جگہ گرنا جہاں سے نکلنا میسر نہ ہو۔
ریو (رِیْو) مکر و حیلہ، فریب۔
ریواج، ریواس (رِی-وَاج، رِی-وَاس) ایک کھٹ مٹھا میوہ۔
ریوند (رِے-وَن-د) ایک مسہل نباتی دوا۔
ریہ (رِی-یَہ) پھیپھڑا جمع ریات، رِیُون۔
ریہانیدن (رِے-ہَا-نِی-دَن) ویران کرنا۔
ریہیدن (رِے-ہِی-دَن) ریتا کرنا، ویران ہونا۔

ز

ز (زَا، زِے) قائم مقام عدد ۷، حرف شمسی، از، سے، کئی حرفوں سے بدلتا ہے، علی الخصوص ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً روز، روج۔ ۲۔ چ کے ساتھ مثلاً بزشک، پچشک۔ ۳۔ د کے ساتھ مثلاً سرخ مرد، سرخ مرز۔ ۴۔ ژ کے ساتھ مثلاً ژاغر، ژاغر۔ ۵۔ س کے ساتھ مثلاً زمارد غ، سمارد غ۔ ۶۔ ش کے ساتھ مثلاً زلوک، شلوک۔ ۷۔ غ کے ساتھ مثلاً گریز، گریغ ۸۔ ف کے ساتھ مثلاً زغند، نغند۔ ۹۔ ہ کے ساتھ دروازہ، دروازہ۔ ۱۰۔ ی کے ساتھ مثلاً آواز، آوای۔
زا (زَا) پیدا ہوا، جنا ہوا۔
زابل (زَا-بِل) بونا آدمی (زَا-بُل) زابلستان۔
زابلی (زَا-بُلِی) قدیم فارسی زبان کی ایک شاخ۔
زابوم (زَا-بُوم) خالص سونا۔
زاج (زَاج) پھٹکری۔
زاجر (زَا-جِر) جھڑکنے والا جمع زَوَاجِر۔
زاجل (زَا-جِل) انڈے کی زردی جمع زَوَاجِل

زاچ (زاچ) زچہ، نفسا ء۔
زاحف (زا۔ حِف) رینگنے والا۔
زاحل (زا۔ حِل) کھسکنے والا۔
زاخر (زا۔ خِر) چڑھا ہوا دریا۔
زاخل (زا۔ خِل) آک، تھوہر۔
زاد (زاد) کھانا، توشہ۔ ۲۔ بیٹا، سِن، سال،
نسل، پیڑھی، پشت، جنا ہوا۔
زاد بر زاد (زاد۔ بَر۔ زاد) پشت بر پشت۔
زاد بود (زاد۔ بُود) ساز و سامان۔
زاد بوم (زاد۔ بُوم) جنم بھوم، وطن۔
زاد راہ (زاد۔ راہ) توشہ راہ، سفر خرچ۔
زادن (زا۔ دَن) جننا مضم زاید۔
زادہ (زا۔ دَہ) فرزند، جنا ہوا۔
زار (زار) خواہش، خوار، نالاں اور رونے والا۔
زیادتی، کثرت کی جگہ، روس کے بادشاہوں کا لقب
زارع (زا۔ رِع) کھیتی کرنے والا جمع زُرّاع
زار نالی (زار۔ نا۔ لِی) بیقراری سے رونا۔
زار و نزار (زا۔ رُو۔ نِزار) دُبلا، نحیف۔
زاری (زا۔ رِی) رونا دھونا۔
زاریدن (زا۔ رِی۔ دَن) رونا مضم زارد
زاریدہ (زا۔ رِی۔ دَہ) رویا ہوا۔
زازی (زا۔ زِی) ناخوشنود، عتاب کرنے والا۔
زاغ (زاغ) کوا، گوشۂ کمان جمع زِیغان۔
تیز طرار آدمی۔ ۲۔ کنکھیوں سے دیکھنا، پھر جانا۔
زاغ آبی (زا غ۔ آ۔ بِی) جل کوا۔
زاغ پا (زاغ۔ پا) طعنہ، سرزنش۔
زاغ چشم (زاغ۔ چَش۔ م) کنجا، کرنجا۔
زاغ دل (زاغ۔ دِل) سخت دل۔
زاغر (زا۔ غِر) پوٹا، چینہ دان۔
زاغ زبان (زاغ۔ زَبان) جسکا کوسنا لگے۔
زاغ نول (زاغ۔ نُول) کدال۔

زافہ (زا۔ فَہ) سیہ، خار پشت۔
زاقی (زا۔ قِی) آواز کرنے والا۔
زاک، زاگ (زاک، زاگ) دیکھو زاج۔
زال (زال) سفید سر والا بڈھا یا بڑھیا۔
زالوک (زا۔ لُوک) غلہ، گولی۔
زامہ (زا۔ مَہ) سخت آواز۔
زانج (زانج) دیکھو زنج۔
زانو (زا۔ نُو) گھٹنا۔
زانہ (زا۔ نَہ) ایک پرند کا نام۔
زانی (زا۔ نِی) حرام کار، زنا کرنے والا۔
زانیہ (زا۔ نِیَہ) زنا کرانے والی۔
زاو (زاو) بنیاد، راج، قوی۔
زاوش (زا۔ وُش) ستارۂ مشتری، برجیس۔
زاولانہ (زا۔ وَلا۔ نَہ) بیڑی۔
زاوی (زا۔ وِی) گوشہ، کونہ، ریزہ۔
زاویہ (زا۔ وِیَہ) خانقاہ، مسافر خانہ،
گوشہ، کونہ جمع زَوایا۔
زاویہ حادہ (زا۔ وِیَہ۔ حا۔ دَہ) نوّے درجہ سے چھوٹا زاویہ۔
زاویہ قائمہ (زا۔ وِیَہ۔ قا۔ اِمَہ) نوّے درجہ
کا زاویہ۔
زاویہ منفرجہ (زا۔ وِیَہ۔ مُن۔ فَرِجَہ) نوّے
درجے سے بڑا زاویہ۔
زاہد (زا۔ ہِد) پرہیزگار مرد جمع زُہّاد۔
زاہدا (زا۔ ہِدا) اے زاہد۔
زاہد خشک (زا۔ ہِد۔ خُش۔ ک) جس کو
عبادت کا لطف نہ آوے۔
زاہدہ (زا۔ ہِدَہ) پرہیزگار عورت۔
زاہر (زا۔ ہِر) روشن، بلند جمع زَواہر۔
زائچہ (زا۔ اِچَہ) رمال کا نقش، جنم پترا، تقویم العمر۔
زائد (زا۔ اِد) زیادہ جمع زَوائد۔
زائر (زا۔ اِر) زیارت کرنے والا جمع زُوّار، زائرین۔

زائل (زا۔ اِل) دور ہونے والا۔
زائیدگی (زا۔ اِی۔ دَگی) پیدائش، جنائی۔
زائیدن (زا۔ اِی۔ دَن) جننا مضم زاید۔
زائیدہ (زا۔ اِی۔ دَہ) جنا ہوا۔
زای (زای) دیکھو زا۔
زایف (زا۔ یِف) خراب عورت۔
زایندہ (زا۔ یِن۔ دَہ) جننے والی۔
زب (زُب) ناک، بچونکی بھنکتو (زَبّ) رائگاں، آسان۔
زبا (زُبا) زبیہ کی جمع۔
زبابہ (زَبا۔ بَہ) بڑا چوہا جمع زَباب۔
زباد (زُباد، زَباد) مشک بلائی۔
زبان (زُبان، زَبان) جیبھ، بولی، روزمرہ
زبان آور (زُبان۔ آ۔ وَر) شاعر، فصیح، زباندان۔
زبان آوری (زُبان۔ آ۔ وَری) زباندانی۔
زبان بندی (زُبان۔ بَن۔ دِی) بولنے کی ممانعت
زبان دان (زُبان۔ دان) شاعر، ادیب، زبانوں کا ماہر۔
زبان دانی (زُبان۔ دا۔ نِی) زبان جاننا۔
زبان دراز (زُبان۔ دَراز) بیہودہ بکنے والا۔
زبان درازی (زُبان۔ دَرا۔ زِی) بیہودہ بکواس
زبان زد (زُبان۔ زَد) مشہور و معروف۔
زبان فروش (زُبان۔ فَروش) بکی۔
زبان گیر (زُبان۔ گیر) جاسوس۔
زبانہ (زُبا۔ نَہ) شعلہ، لو۔
زبانی (زَبا۔ نِی) ۱۔ زبنی کی جمع۔ ۲۔ منسوب بہ زبان۔
زبانیہ (زَبا۔ نِیَہ) زبنیہ کی جمع۔
زباہ (زُباہ) زبیہ کی جمع۔
زبد (زَبَد) جھاگ، پھین (زُبد) دیکھو زبدہ

زبدہ (زُب۔ دَہ) خلاصہ، مکھن۔
زبر (زَبَر) طاقتور، اوپر، علامت زبر (ـَ) (زِبر) کتاب، نوشتہ جمع زُبور (زَبار) عقل، شکیب، توانا، مضبوط، سخت، لکھنا۔
زبرجد (زَبَر۔ جَد) زمرد کی ایک قسم۔
زبردست (زَبَر۔ دَس۔ ت) غالب، طاقتور۔
زبردستی (زَبَر۔ دَس۔ تی) زور، دھینگی۔
زبرقان (زِب۔ رِقان) ماہِ کامل، چٹا کاغذ
زبرہ (زِب۔ رَہ) ایک کتاب، نوشتہ جمع زِبَر (زُب۔ رَہ) لوہے کا ٹکڑا، تارہ جمع زُبَر، زُبُر
زبری (زَبَری) منسوب طرف زبر، زور۔
زبس (زَبَس) دیکھو ازبس۔
زبطانہ (زَب۔ طا۔ نَہ) بندوق، تفک۔
زبل (زَب۔ ل) لید
زبن (زَب۔ ن) دھکیلنا، دھکا مارنا۔
زبنی (زِب۔ نِی) متمرد، دوزخ کا موکل جمع زَبانی، زَبانِیَہ۔
زبنیہ (زِب۔ نِی۔ یَہ) زبنی جمع زَبانیہ۔
زبودہ (زَبو۔ دَہ) گندنا، سقر، جنگلی پودینہ۔
زبور (زَبور) تحریر جمع زُبُر نام کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
زبون (زَبون) خراب، خوار۔
زبونی (زَبو۔ نِی) خرابی، خواری۔
زبہر (زِب۔ ہَر) عاق۔
زبیب (زَبیب) خشک انگور، خشک انجیر، منقی
زبیہ (زُب۔ یَہ) ہاتھی پکڑنے کی اوبھی، او بچا پشتہ جمع زُبا، زُباہ۔
زجاج (زُجاج) شیشہ، کانچ (زَج، جاج) شیشہ گر۔ شیشے کی چیزیں بنانے والا۔
زجاجہ (زُجا۔ جَہ) شیشہ، کانچ، آئینہ۔
زجال (زَج، جال) نامہ بر کبوتر چھوڑنیوالا، کبوترباز۔

زجر (زَجْ ر) ڈانٹ ڈپٹ، جھڑکی۔
زجرہ (زَجْ رَہْ) دُہائی۔
زجل (زَجْ ل) کبوتر بھیجنا، کبوتر اُڑانا، ڈالنا۔
زجہ (زَجَہْ) دیکھو زچہ۔
زجیر (زَجِیْر) منع کرنے والا، باز رکھنے والا۔
زچہ (زَچْ چَہ، زَچَہْ) وہ عورت جس نے بچہ جنا ہو۔
زحاف (زِحَافْ) گراؤ، کمی، جمع زِحَافَاتْ
زحام (زِحَامْ) انبوہ، کثرت۔
زحزحہ (زَحْ زَحَہ) برقع اُٹھانا، نقاب اُلٹنا۔
زحف (زَحْفْ) رینگنا، گھٹنوں چلنا۔
زحل (زُحَلْ) سنیچر تارہ، کیوان۔
زحم (زَحْ م) زحمت، انبوہ۔
زحمت (زَحْ مَتْ) دُکھ، رنج۔
زحیر (زَحِیْر) مروڑا، پیچش، آزردہ۔
زخ (زَخْ) شور، گھنٹے کی آواز۔
زخار (زَخْ خَارْ) لبریز، امنڈنے والا۔
زخر (زَخْ ر) پانی چڑھنا۔
زخرف (زُخْ رُفْ) زرق برق، خوبی، آرایش
زخرفہ (زَخْ رَفَہْ) جھوٹی ملمع کاری کی بات
جمع زَخَارِفْ
زخم (زَخْ م) گھاؤ۔
زخم کاری (زَخْ م۔ کَا۔ رِی) مہلک گھاؤ۔
زخمی (زَخْ۔ مِیْ) گھائل۔
زخود رفتگی (زِ، خُدْ۔ رَفْ۔ تَگِیْ) کھویا ہوا پن
زخود رفتہ (زِ، خُدْ۔ رَفْ۔ تَہ) کھویا ہوا۔
زد (زَدْ) چوٹ، مار، مارا ہوا۔
زدا (زِ دَا) صاف کرنے والا۔
زدائیدن (زِ دَا۔ اِیْ۔ دَنْ) دیکھو زدودن
زدایش (زِ دَا۔ یِشْ) صفائی، جلا۔
زداینده (زِ دَا یِنْ۔ دَہْ) صاف کرنے والا۔
زدن (زَدَنْ) مارنا مضع زَنَنْدَہ
زدنی (زَدَنِیْ) مارنے کے لائق۔
زدودن (زِ دُوْ۔ دَنْ) مانجنا، صاف کرنا
مضع زِدَایَنْدَہ۔
زدودہ (زِ دُوْ۔ دَہْ) صاف کیا ہوا، مانجا ہوا۔
زدوکوب (زَدْ وْ۔ کُوْب) مار پیٹ۔
زدوزنش (زَدْ وْ۔ زَنِشْ) مول لینا
زدہ (زَدَہْ) مارا ہوا۔
زر (زَرْ) سونا چاندی، روپیہ پیسہ، دولت
(زِرّ) بٹن، گھنڈی، بوتام۔
زراب (زَرْ آبْ) سونے کا پانی، زعفرانی
شراب (زَرْ رَابْ) ایک خوشبودار گھاس۔
زراد (زَرْ رَادْ) زرہ بنانے والا۔
زرادخانہ (زَرْ رَادْ۔ خَا۔ نَہ) سلاح خانہ۔
زراط (زِرَاطْ) راہ۔
زراعت (زِرَا۔ عَتْ) کھیتی۔
زراعتی (زِرَا۔ عَتِیْ) کھیتی والا، منسوب
بہ زراعت۔
زراف، زرافہ (زَرَافْ، زَرَا۔ فَہ) آدمیوں
کی جماعت (زُرَافْ، زُرَا۔ فَہ) لمبی
گردن کا ایک جنگلی چوپایہ۔
زراق (زَرْ رَاقْ) منافق، دودلا۔
زراق خانہ (زَرْ رَاقْ۔ خَا۔ نَہ) جہاں
منافق جمع ہوتے ہوں۔
زراندود (زَرْ۔ اَنْ۔ دُوْد) سونے کا
جھول چڑھا ہوا۔
زراوند (زَرَا۔ وَنْد) نام دوا۔
زرباف (زَرْ۔ بَافْ) سنہری۔
زربفت (زَرْ۔ بَفْ۔ تْ) سنہری کپڑا
زرپرست (زَرْ۔ پَرَسْ۔ تْ) لوبھی، لالچی۔
زرپرستی (زَرْ۔ پَرَسْ۔ تِیْ) لوبھ، لالچ۔
زرت (زُرْ رَتْ) جوار۔

زرخرید (زَر - خَرِیدْ) مول لیا ہوا۔
زرخیز (زَرْ - خیز) جو سونا پیدا کرے، عمدہ پیداوار والا۔
زرخیزی (زَرْ - خے - زی) عمدہ پیداوار
زرد (زَرْ د) پیلا (زُرْد) زرہ (زِرَد) دیکھو زرت۔
زرداب (زَرْ - دابْ) پیپ، صفرا، پیلا پانی۔
زردار (زَرْ - دارْ) مالدار۔
زرداری (زَرْ - دا - ری) مالداری۔
زردآلو (زَرْ د - آلُو) خوبانی تازہ۔
زردچوب (زَرْ د - چُوب) ہلدی۔
زردرُو (زَرْ د - رُو) شرمندہ، کمزور۔
زردک (زَرْ - دَکْ) زعفرانی گاجر۔
زردگوش (زَرْ د - گوش) منافق، مکار۔
زردوز (زَرْ - دُوزْ) کارچوب۔
زردوزی (زَرْ - دُو - زِی) کارچوبی۔
زردوست (زَرْ - دُوس ت) لالچی۔
زردہ (زَرْ - دَہْ) انڈے کی زردی، کھانے کا تمباکو، چاولوں کا ایک کھانا، پیلا گھوڑا۔
زردی (زَرْ - دِی) پیلائی، پیلاپن۔
زرسارا (زَرْ - سا - رَا) کھرا سونا۔
زرزور (زُرْ - زُور) مینا۔
زرسرخ (زَرِ - سُرْخ) سونا۔
زرسفید (زَرِ - سَفید) چاندی۔
زرشک (زِرِشْک) نام دوا۔
زرع (زَرْ ع) کھیتی، کھیت جو زرع بونا۔
زرعی (زَرْ - عی) منسوب بہ زرع۔
زرغب (زَرْ - غَبْ) کیمخت۔
زرغبار (زُرْ - غُبا - رْ) کتابی لکھنے کا طریقہ کرنا
زرفین (زُرْ - فِین) دروازے کی زنجیر۔
زرق (زَرْ ق) جھوٹ، مکاری، آنکھ کی گردش
(زُرْ رَق) جرہ جمع زراریق (زُرْ ق) ازرق کی جمع۔
زرقا (زَرْ - قا) وہ عورت جس کی آنکھ میں ہریالی اور نیلائی ہو۔
زرقلب (زَرِ - قَلْب) کھوٹا سونا۔
زرک (زُرْک) سونے کے ورق کا چورا۔
زرکار (زَرْ - کارْ) سنہری کام کی چیز۔
زرگر (زَرْ - گَرْ) سنار۔
زرگری (زَرْ - گَرِی) سنار کا کام۔
زرگل (زَرِ - گُل) گلاب کا زیرہ۔
زرنب (زَرْ - نَبْ) ایک دوا۔
زرنباد (زَرَنْ - بادْ) نام دوا، کچور۔
زرنگار (زَرْ - نِگار) سونے سے لکھا ہوا۔
زرنگاری (زَرْ - نگا - رِی) سونے سے لکھنا۔
زرنوقان (زُرْ - نُو - قانْ) کھمبی، ستارہ کے جاہ۔
زرنوک (زُرْ نُوک) ہتھی کا کھونٹا، ہینڈل۔
زرنیخ (زِرْ - نیخ) ہڑتال۔
زرنین (زُرْ - نِین) دیکھو زرفین۔
زرو (زَرْو) دیکھو زلو۔
زرہ (زِرِہ) چلتہ (زَرْ رَہ) جوار، مکائی۔
زری (زَرِی) سنہری کام کی چیز۔
زریں (زَرْ رِیں) سنہری۔
زرینہ (زَرِی - نَہ) سنہری۔
زرژہ (زِرْژِہ) الگنی۔
زستن (زِسْ - تَن) زلیستن کا مخفف۔
زشت (زِشْ ت) برا، بھونڈا۔
زشتی (زِشْ - تی) برائی، بھونڈا پن
زعاف (زُعاف) زہر قاتل۔
زعاق (زُعاق) کھاری۔
زعرور (زُعْ - رُور) بدبو۔

زعزع (زَعْ۔ زَعْ) ہوا کا جھونکا، جھکولا۔
زعف (زَعْ، ف) قتل کر ڈالنا۔
زعفر (زَعْ۔ فَرْ) کیسر جمع زَعَافِرْ۔
زعفران (زَعْ۔ فَرَانْ) کیسر
زعفرانی (زَعْ۔ فَرَا۔ نِیْ) کیسری۔
زعفوف (زُعْ۔ فُوْف) چڑچڑا، بدمزاج، اکھل کھرا۔
زعم (زَعْ، م) گمان، ظن۔
زعنفہ (زِعْ۔ نَفَہْ) بھنگا جمع زَعَانِفْ۔
زعیم (زَعِیْمْ) وکیل کار، لیڈر، سردار جمع زُعَمَا۔
زغارہ (زَغَا۔ رَہْ) جھینا، ارزن جو ایک غلہ ہے۔
زغاک (زَغَاکْ) انگور کی شاخ۔
زغال (زُغَالْ) کوئلہ۔
زغب (زَغَبْ) رونگٹا، موی زرد۔
زغلنگ (زَغْلَنْگْ) دیکھو زغنک۔
زغلول (زُغْ۔ لُوْلْ) چست و چالاک آدمی۔
زغلہ (زُغْ۔ لَہْ) کلی۔
زغن (زَغَنْ) چیل، خاد، غلیواز۔
زغند (زَغَنْ، د) دیکھو زقند۔
زغنک (زَغْنَکْ، زَغْنَگْ) ہچکی۔
زغوتہ (زَغُوْ۔ تَہْ) ہنڈیا۔
زغبر (زَغْبَرْ) السی، کتان۔
زفاف (زِفَافْ) دولہا دلھن کی ہمبستری اور دلھن کا شوہر کے گھر آنا۔
زفان (زُفَانْ، زَفَانْ) دیکھو زبان۔
زفانہ (زَفَا۔ نَہْ) دیکھو زبانہ۔
زفت (زَفْ، ت) سخت، موٹا، مضبوط (زُفْ، ت) کنجوس، بدمزاج (زِفْ، ت) رال، ایک گوند۔
زفتی (زُفْ۔ تِیْ) کنجوسی۔
زفرافہ، زفزف (زَفْ۔ زَا۔ فَہْ، زَفْ۔ زَفْ) ہوا کا جھکڑ۔
زفزافہ (زَفْ۔ زَفَہْ) کپکپی، تھرتھری۔

زفیر (زَفِیْرْ) سختی، بلا، گدھے کی آواز۔
زق (زِقْ) سقہ کی مشک۔
زقاق (زُقَاقْ) کوچہ، گلی، اسٹریٹ۔
زقوم (زَقُّوْمْ، زَقْ، قُوْمْ) تھوہڑ۔
زقونیا (زَقُّوْنِیَا) تھوہڑ۔
زقہ (زُقْ، قَہْ) چوگا، گھٹی۔
زک (زِکْ) ہار، الزام، کمزور چال۔
زکا (زُکَارْ) لایقی، پاکی، بے نیازی۔
زکاب (زَکَابْ) لکھنے کی روشنائی۔
زکام (زُکَامْ) نام بیماری۔
زکوٰۃ (زَکَاتْ) مال کے ایک حصہ کی خدا کی راہ میں خیرات۔
زکی (زَکِیْ) پاک، ذہین جمع اَزْکِیَاء۔
زکیک (زَکِیْکْ) آہستگی کی چال۔
زکیدن (زَکِیْ۔ دَنْ) دیکھو رکیدن۔
زگال (زُگَالْ) دیکھو زغال۔
زل (زَلْ) پھسلنا، لڑکھڑانا۔
زلابیہ (زُلَا۔ بِیَہْ) جلیبی، زلیبیا۔
زلات (زَلْ، لَاتْ) زلہ کی جمع۔
زلال (زُلَالْ) صاف میٹھا پانی۔
زلت (زَلْ، لَتْ) لغزش، خطا۔
زلزال (زِلْ۔ زَالْ) ہلانا۔
زلزلہ (زَلْ۔ زَلَہْ) بھونچال جمع زَلَازِلْ
زلف (زُلْ، ف) لٹ، جٹا۔
زلف پریشاں (زُلْ، فِ۔ پَرِے۔ شَاں) بکھری ہوئی لٹ۔
زلف عنبری (زُلْ، فِ۔ عَمْ۔ بَرِیْنْ) سنہری لٹ
زلفہ (زُلْ۔ فَہْ) رات کا ایک حصہ جمع زُلَفْ
زلفی (زُلْ۔ فِیْ) تلوار کی موٹھ، دروازے کی زنجیر۔

زلفین (زُلْ فَیْن) زنجیر۔
زلق (زَلَقْ) صاف ہموار زمین۔
زلل (زَلَلْ) خطا، لغزش، نقصان، ترازو کی کمی، پھسلنے کی جگہ، پھسلن۔
زلو، زلود، زلوک (زَلُوْ، زَلُوْد، زَلُوْک) جونک جو خون چوسنے والا پانی کا ایک کیڑا ہے۔
زلہ (زِلْ۔لَہْ) پھسلن، لغزش، خطا جمع زَلَّات (زَلْ۔لَا) ایجوشن۔۲۔جبینگر۔
زلیبا (زِ۔لے۔بَا) جلیبی۔
زلیل (زَلِیْل) لڑکھڑانا، ڈگمگانا۔
زلیہ (زِلْ۔لِیْ۔یَہ) قالین۔
زماروغ (زَ۔مَا۔رُوْغ) دیکھو سماروغ۔
زماط (زُمْ۔مَاطْ، شہنائی) نفیر، ترہی۔
زمام (زِ۔مَامْ) نکیل، باگ جمع اَزِمَّہ۔
زمان (زَ۔مَانْ) وقت، فرصت، روزگار، آسمان، زمانہ۔
زمانہ (زَ۔مَا۔نَہْ) وقت جمع اَزْمِنَہ۔
زمانہ ساز (زَ۔مَا۔نَہْ۔سَا۔زْ) بے اصول، زمانہ کے موافق۔
زمانہ سازی (زَ۔مَا۔نَہْ۔سَا۔زِی) بے اصولی، موافقت زمانہ۔
زمانی (زَ۔مَا۔نِی) منسوب بہ زمانہ، نوپیدا۔
زمج (زَمْ۔ج) بھرنا، گھر میں گھس آنا۔
(زُمَجْ) غصہ پکڑنا (زُمْ۔مَجْ) ایک شکاری پرند جسکا جوڑا ملکر شکار کرتا ہے یعنی زُرَّق۔
زمح (زُمْ۔مَحْ) کمینہ، بدرو، بونا۔
زمخت (زُمُخْ۔ت) کسیلا۔
زمر (زَمْ۔ر) بانسری بجانا، خبر فاش کرنا۔
زمرد، زمرذ (زُمُرْ۔رُدْ، زُمُرْ۔رُذْ) ایک ہرا جواہر۔
زمردیں (زُمُرْ۔رُدِیں) زمرد کی مانند۔
زمرہ (زُمْ۔رَہْ) جماعت، گروہ جمع زُمَر۔

زمزم (زَمْ۔زَمْ) کعبہ کا ایک کنواں۔
زمزمہ (زَمْ۔زَمَہْ) گیت، نغمہ۔
زمزمہ پرداز (زَمْ۔زَمَہْ۔پَرْ۔دَازْ) نغمہ گانے والا۔
زمزمہ پردازی (زَمْ۔زَمَہْ۔پَرْ۔دَا۔زِی) نغمہ گانا۔
زمزمی (زَمْ۔زَمِی) زمزم کے پانی کا برتن۔
زمستان (زَمِسْ۔تَان) جاڑا، سرما، شتاء۔
زمستانی (زَمِسْ۔تَا۔نِی) زمستاں سے منسوب
زمکی (زِ۔مِکْ۔کَا) دمغزہ، پونچھ کی جڑ۔
زمم (زَ۔مَمْ) مضبوط، ارادہ۔
زمن (زَ۔مَنْ) زمانہ، وقت، مصیبت جمع اَزْمَان، اَزْمُنْ (زُمِنْ) مصیبت کا مارا (زَمْ۔نْ) اردہ، مانس
زمودن (زَمُوْ۔دَنْ) نقش و نگار کرنا۔
زمہریر (زَمْ۔ہَرِیْر) سخت جاڑا، ایک ٹھنڈا کرہ۔
زمیدن (زَ۔مِیْ۔دَنْ) چبانا۔
زمیج (زَمِیْج) بہادر، درست رائے۔
زمیل (زَمِیْل) ساتھی۔
زمی، زمیں (زَمِی، زَمِیْن) ارض، دھرتی۔
زمیندار (زَمِیْن۔دَارْ) مالک زمین۔
زمین دوز (زَمِیْن۔دُوْزْ) زمین کے تلے والا۔
زمین کینہ (زَمِیْن۔کِیْ۔نَہْ) سخت کینہ ور۔
زمین مردہ (زَمِیْ۔نِ۔مُرْ۔دَہْ) کلر، اوسر۔
زمین و زمان (زَمِیْ۔نُوْ۔زَمَان) زمین و آسمان۔
زن (زَنْ) عورت، جورو، ناری۔
زنا (زِنَا) حرامکاری (زَنْ۔نَا) بے حد زانی۔
زنابیر (زَنَا۔بِیْر) زنبور کی جمع۔
زنابیل (زَنَا۔بِیْل) زنبیل کی جمع۔
زنادقہ (زَنَا۔دِقَہْ) زندیق کی جمع۔

زنار (زُن۔نَار) جنیو، پیٹی جمع زُنَانِیر۔
زناکار (زِنا۔کار) حرامکار۔
زناکاری (زِنا۔کا۔رِی) حرامکاری۔
زناں (زَناں) مارنے والا، مارتا ہوا، زن کی فارسی جمع۔
زنانہ (زَنا۔نہ) عورت کے لایق، عورت کی مانند۔ عورت سے منسوب، عورتوں کا، عورتوں کی۔
زنانی (زَنا۔نِی) زن سے منسوب۔
زنبار (زَم۔بار) زنبور۔
زنبارہ (زَن۔با۔رَہ) رنڈی باز۔
زنبر (زَم۔بَر) دو آدمیوں کے بوجھ اٹھانے کا سیڑھی کی شکل کا آلہ۔
زنبق (زَم۔بَق) چنبیا کا پھول، پھلیل۔
زن بمزد (زَن۔بَمزَد) بھڑوا، قرمسوّت
زنبور (زَم۔بُور، زُم۔بُور) بھڑ، شہد کی مکھی جمع زَنَابِیر۔
زنبورچی (زَم۔بُور۔چی) برقنداز، توپچی۔
زنبورک (زَم۔بُو۔رَک) ہلکی توپ۔
زنبورہ (زَم۔بُو۔رَہ) بھڑ، ڈنکارہ مکھی، کنگری۔
زنبوری (زَم۔بُو۔رِی) جالی، جالیدار
زنبیل (زَم۔بِیل) جھولی، تھیلا جمع زَنَابِیل۔
زنج (زَن۔ج) ملک زنگ، حبشہ۔
زنجار (زَن۔جار) دیکھو زنگار۔
زنجبار (زَن۔جَبار) نام جزیرہ (ساحل مشرقی افریقہ)
زنجبیل (زَن۔جَبِیل) سونٹھ۔
زنجرہ (زَن۔جَرَہ) جھینگر۔
زنجف (زِن۔جَف) کنارہ، سرحد۔
زنجفر (زَن۔ج۔فَر) شنگرف۔
زنجلب (زَن۔جَلَب) بھڑوا، دیوث۔
زنجلبی (زَن۔جَل۔بِی) دیوثی، قلتبانی۔
زنجی (زَن۔جِی) زنگی، حبشی جمع زَنج، زُنُوج۔

زنجیر (زَن۔جِیر) جڑی ہوئی کڑیاں۔
زنجیربان (زَن۔جِیر۔بان) قیدیوں کا محافظ۔
زنجیرہ (زَن۔جی۔رَہ) موج، لہر۔
زنجیری (زَن۔جی۔رِی) قیدی، قید۔
زنچک (زَن۔چَک) چھنال، فاحشہ۔
زنخ، زنخدان (زَنَخ، زَنَخ۔دان) ٹھوڑی۔
زند (زَن۔د) پہونچا، کلائی جمع زِنَاد، اَزنَاد زرتشت کی کتاب، بڑا بزرگ، چقماق۔
زنداں (زِن۔داں) قید خانہ۔
زندانی (زِن۔دا۔نِی) قیدی۔
زندباف، زندباف (زَن۔د۔باف، زَن۔د۔خواں) بلبل، قمری، فاختہ۔
زندپیل، زندفیل (زَن۔د۔پیل، زَن۔د۔فیل) بڑا ہاتھی۔
زندگانی، زندگی (زِن۔دَگا۔نِی، زِن۔دَگی) ہستی، زیست، جینا۔
زندلاف (زَن۔د۔لاف) خوش آواز پرند۔
زندہ (زِن۔دَہ) جیتا (زَن۔دَہ) بڑا، موٹا۔
زندہ دار (زِن۔دَہ۔دار) بہت جاگنے والا۔
زندیق (زِن۔دِیق) بظاہر مسلمان مگر دل میں کافر جمع زَنَادِقَہ۔
زنش (زَنِش) مار، چوٹ، زد۔
زنکہ (زَن۔کَہ) چھوٹی عورت۔
زنگ (زَنگ) بیل جو دھات پر بوجہ نمی ہوا چھوٹا گھنٹہ، ملک حبش۔
زنگ آلود (زَنگ۔آ۔لُود) زنگ لگا ہوا۔
زنگار (زَنگ۔گار) کسباؤ، زنگ۔
زنگاری (زَنگ۔گا۔رِی) منسوب بہ زنگار۔
زنگبار (زَنگ۔بار) ملک زنجبار۔

زنگلہ (زَنگْ۔گُلَہْ) جھانجھ، گھونگھرو (زِنگْ۔گَلَہْ) انگور کے خوشہ کا ٹکڑا۔
زنگہ (زَنگْ۔گَہْ) ملک زنجبار۔
زنگی (زَنگْ۔گی) حبشی، شیدی۔
زنندہ (زَ۔نَنْ۔دَہْ) مارنے والا۔
زنہار (زِنْ۔ہَارْ) دیکھو زینہار۔
زنہارخوار (زِنْ۔ہَارْ۔خَوارْ) عہدشکن۔
زنہاری (زِنْ۔ہَا۔رِیْ) امان چاہنے والا۔
زنیان (زِنْ۔یَانْ) اجوائن، نانخواہ۔
زنیق (زَنِیقْ) مضبوط۔
زنیم (زَنِیمْ) کنجوسی میں بدنام۔
زو (زُوْ) اس سے، از و (زُوْ) جلد، شتاب۔
زواج (زِوَاجْ) نکاح۔
زواجر (زَوَا۔جِرْ) زاجر کی جمع۔
زوار (زُوّ۔وَارْ) زیارت کرنے والا (زُوَّارْ) زائر کی جمع۔
زوال (زَوَالْ) حالت کا گھٹاؤ، ناپیدی۔
زوال پذیر (زَوَالْ۔پَذِیرْ) ناپید ہونے والا۔
زوالہ (زَوَا۔لَہْ) آٹے کا پیڑا۔
زوانہ (زَوَا۔نَہْ) دیکھو زبانہ۔
زواہر (زَوَا۔ہِرْ) زاہر کی جمع۔
زوایا (زَوَا۔یَا) زاویہ کی جمع۔
زوائد (زَوَا۔ئِدْ) زائد کی جمع۔
زوبر (زَوْ۔بَرْ) سب، تمام، ہمہ۔
زوبعہ (زَوْ۔بَعَہْ) بگولا۔
زوج (زَوْجْ) جوڑے میں ایک، جمع اَزْوَاجْ۔
زوجہ (زَوْ۔جَہْ) جورو، بیوی، جمع اَزْوَاجْ۔
زوجین (زَوْ۔جَیْنْ) دونوں میاں بیوی۔
زود (زُوْدْ) جلدی، شتاب۔
زودلود (زُوْدْ۔لُوْدْ) بیجا، بے حساب۔
زودپشیماں (زُوْدْ۔پَشِیْ۔مَاں) جلد پچھتانے والا۔
زودپشیمانی (زُوْدْ۔پَشِیْ۔مَا۔نِیْ) جلد پچھتانا۔
زودخیز (زُوْدْ۔خِیزْ) چالاک۔
زودرنج (زُوْدْ۔رَنْ۔جْ) جلد رنجیدہ ہونیوالا
زودرنجی (زُوْدْ۔رَنْ۔جِیْ) جلد رنجیدہ ہونا۔
زودسیر (زُوْدْ۔سِیْرْ) جلد سیر ہونے والا۔
زودنویس (زُوْدْ۔نَوِیْسْ) جلد لکھنے والا۔
زودنویسی (زُوْدْ۔نَوِیْ۔سِیْ) جلد لکھنا۔
زودی (زُوْ۔دِیْ) جلدی، شتابی۔
زور (زُوْر) جھوٹ، فریب، مورت (زُوْرْ) طاقت، قوت (زَوْرْ) زیارت کو جانا۔
زورآزما (زُوْرْ۔آزْ۔مَا) پہلوان۔
زورآزمائی (زُوْرْ۔آزْ۔مَا۔ئِیْ) زور لگانا، پہلوانی۔
زورآور (زُوْرْ۔آ۔وَرْ) طاقتور۔
زورآوری (زُوْرْ۔آ۔وَرِیْ) طاقتوری
زورق (زَوْ۔رَقْ) چھوٹی کشتی۔
زولہ (زَوْ۔لَہْ) لونڈی بچہ۔
زورمند (زُوْرْ۔مَنْ۔دْ) طاقتور۔
زورمندی (زُوْرْ۔مَنْ۔دِیْ) طاقت۔
زورہ (زَوْ۔رَہْ) ۱۔ فقرہ، ریڑھ کی ہڈی۔ ۲۔ دوری، ایکمرتبہ زیارت۔
زوزہ (زَوْ۔زَہْ) نوحہ، غوغا۔
زوق (زُوْق) پارہ، سیماب۔
زوبیت (زُوْ۔بِیْ۔یَتْ) جماعت، رات کا حصّہ، پیچیدہ۔
زولیج (زَوِ۔لِیْجْ) کوتاہ، حقیر۔
زہ (زَہْ) نطفہ، بچہ، فرزند، جننا، (زِہْ) کلمۂ تحسین، کنارہ، چلۂ کمان۔
زہاب (زَہَابْ) چشمہ جو ہروقت جاری رہے۔
زہاد (زُہْ۔ہَادْ) زاہد کی جمع۔
زہادت (زَہَا۔دَتْ) پرہیزگاری۔

زہار (زِہار) شرمگاہ، پیڑو۔
زہاز (زَہاز) آواز، نعرہ۔
زہازہ (زِہا۔زِہ) لگاتار تعریف۔
زہد (زُہ۔د) پرہیزگاری۔
زہدان (زَہ۔دان) بچہ دانی، دھرن، رحم۔
زہر (زَہ۔ر) جسکو کھانے سے مرجا دے، نیکی کا
بدلہ (زُہَر) زہرہ کی جمع۔
زہرا (زَہ۔را) گوری چٹی عورت، بجوری
زہراب (زَہ۔راب) زہر کا پانی۔
زہربا (زَہ۔ر۔با) زہر ملا ہوا کھانا۔
زہرخند (زَہ۔ر۔خَن۔د) غصہ یا جھینپ کی ہنسی۔
زہردارو (زَہ۔ر۔دا۔رو) تریاق۔
زہرمہرہ (زَہ۔ر۔مُہ۔رَہ) زہر دفع کرنے
والا مہرہ۔
زہرہ (زُہ۔رَہ، زَہ۔رَہ، اَزہَرَہ، زَہرَہ)
کلی جمع اَزہار جمع جمع اَزاہیر (زَہ۔رَہ)
خوبی، آرائش، تازگی۔ ۲۔ پِتّہ، تلخہ،
قوت، بہادری (زُہ۔رَہ، زُہرَہ) ستارہ
ناہید، مشتری تارہ۔
زہف (زَہ۔ف) ہلکا ہونا۔
زہق (زِہ۔ق) تیز رفتار (زَہ۔ق) ناپید
ہونا (زَہَق) جنگل کی ہموار زمین۔
زہگیر (زِہ۔گیر) تیراندازی کا انگشتانہ۔
زہمت (زُہ۔مت) گندی ہوا، بدبو۔
زہ و زاد (زِہ و۔زاد) اہل وعیال۔
زہوق (زُہوق) ناپید ہونا، فنا ہونا، خطا
کرنا (زَہوق) نابود ہونے والا۔
زہے (زِہے) کلمۂ تحسین، واہ وا۔
زہیدن (زِہی۔دن، گر پڑنا (زِہی۔دن)
بچہ پیدا ہونا، رسنا مضع زِہَد۔
زہیر (زُہیر) کلی والا، روشن، غمگین، دبلا۔

زی (زِی) اندازہ، طرف، نزدیک (زِی)
زندگی، روح (زِی) لباس، جامہ جمع
اَزیاء۔
زیاد، زیادت، زیادہ (زِیاد، زِیا۔دَت،
زِیا۔دَہ) افزونی، بڑھوتری۔
زیادہ سری (زِیا۔دَہ۔سَری) خودپسندی۔
زیادہ طلبی (زِیا۔دَہ۔طَلَبی) بہت چاہنا۔
زیارت (زِیا۔رَت) جاترا، متبرک جگہ یا
بزرگ آدمی کا دیکھنا، ملاقات۔
زیافت (زِیا۔فت) کھوٹاپن۔
زیاں (زِیاں) نقصان، ہرج۔
زیب (زِیب) سجاوٹ، خوبی۔
زیبا، زیبال (زِیے۔با، زِیے۔بال) خوب
آراستہ۔
زیبایش (زِیے۔با۔یش) زیبائی، خوبصورتی
زیبق (زِی۔بَق) سیماب، پارہ۔
زیبندہ (زِیے۔بن۔دَہ) آراستہ ہونے والا۔
زیبیدن (زِیے۔بی۔دن) زیب دینا
مضع زیبد۔
زیبیدنی (زِیے۔بی۔دَنی) زیب دینے کے لائق
زیت (زَیت) زیتون کا تیل۔
زیتون (زَی۔تون) نام درخت۔
زیتونی (زَی۔تو۔نی) زردی مائل سرخ رنگ
زیج (زِیج) نجوم کی کتاب۔
زیر (زِیر) کمزور، نیچے (زِی۔ر) باریک
آواز، مٹکا، گول۔
زیرا (زِیے۔را) اس لئے، کسواسطے۔
زیراب (زِیے۔راب) زمین دوز نالی، پانی کے تلے۔
زیرافگن (زِیر۔اف۔گن) دری، توشک۔
زیراکہ (زِیے۔را۔کہ) اس واسطے کہ۔
زیرانداز (زِیر۔اَن۔داز) قالین۔

زیربا (زِیرْ-بَا) کھانے کی ایک قسم۔
زیربند (زِیرْ-بَنْد) گھوڑے کے تنگ کا تسمہ
زیرجامہ (زِیرْ-جَا-مَہْ) پاجامہ وغیرہ۔
زیرچاق (زِیرْ-چَاقْ) محکوم، مغلوب، نرم۔
زیردست (زِیرْ-دَسْت) مغلوب، پوشیدہ۔
زیرفوف (زِے ر-فُوف) گالی۔
زیرک (زِی-رَکْ) عقلمند۔
زیرکی (زِی-رَکِی) دانائی، چترائی۔
زیرلب (زِیرْ-لَبْ) ہونٹھوں ہونٹھوں میں۔
زیرنگیں (زِے ر-نِگِیں) حکم کے ماتحت۔
زیروبم (زِی-رُوْ-بَمْ) آواز کا اتار چڑھاؤ۔
زیروزار (زِی-رُوْ-زَارْ) مہین آواز۔
زیروزبر (زِے-رُوْ-زَبَرْ) الٹ پلٹ۔
زیرہ (زِی-رَہْ) کمون، ایک مسالحہ۔
زیرَ (زِیرَ) جھینگر۔
زیست (زِیسْت) زندگی۔
زیستن (زِیسْ-تَنْ) جینا مصدر زِیَدْ۔
زیستنی (زِیسْ-تَنِی) جینے کے لائق۔
زیغ (زِیغْ) پھر جانا (زے اغ) حصیر، ایک دریائی گھاس۔
زیغان (زِی-غَانْ) زاغ کی جمع۔
زیف (زِیفْ) کھوٹا سکہ جمع اَزْیَاف، زِیَافْ
(زَیْفْ) کھوٹے پن سے سکہ نہ چلنا۔
زیگ (زِیگْ) دیکھو زیچ۔
زیلاند (زِی-لَانْد) زیلینڈ۔
زیلوچہ (زِی-لُوْ-چَہْ) قالین، غالیچہ۔
زین (زِیْن) سجاوٹ، خوبی، کیس (زِیْن) گھوڑے کی کاٹھی (زَیْن) بھلا، سجیلا۔
(زِیْنَا) ازیں، اِس سے۔
زینت (زِی-نَتْ) سجاوٹ، آرائش۔
زینہ (زِی-نَہْ) سیڑھی، نردبان۔

زینہار (زِیْن-ہَارْ) ہرگز، پناہ، حفاظت، شکایت۔
زینہاری (زِیْن-ہَا-رِی) پناہ میں آیا ہوا۔
زیور (زِے-وَرْ) گہنا پاتا۔

ژ

ژ (ژے) مخصوص حرف فارسی، قائم مقام عدد ۷، متعدد حرفوں سے بدل ہے۔ ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً کج، کژ۔ ۲۔ چ کے ساتھ مثلاً کاچ، کاژ۔ ۳۔ ز کے ساتھ مثلاً زاغر، ژاغر۔ ۴۔ س کے ساتھ مثلاً نکس، نکژ۔ ۵۔ ش کے ساتھ مثلاً دژ، دش۔
ژابیز (ژَا-بِیز) جلتی لکڑی سے نکلی ہوئی بوند
ژاپون (ژَا-پُوْن) جاپان (مشرقی ایشیا)
ژاردوان (ژَارْ-دْوَانْ) باغ، گاردن۔
ژاژ (ژَاژْ) بدمزہ، بیہودہ، بے بیج والی سبزی۔
ژاژخائی (ژَاژْ-خَا-اِی) بیہودہ گوئی۔
ژاژمک (ژَاژْ-مُکْ) لوبیا، رماس۔
ژاژیدن (ژَا-ژِی-دَنْ) بکواس کرنا مضم ژاژد۔
ژاغر (ژَا-غَرْ) دیکھو زاغر۔
ژالہ (ژَا-لَہْ) اولا، اوس۔
ژامائیک (ژَا-مَا-ئِیکْ) جزیرہ جمیکا۔
ژاو (ژَاوْ) خالص، خلاصہ۔
ژپک (ژِپْ-کْ) مینھ کی بوند۔
ژخ (ژَخْ) ستم، فریاد۔
ژخار (ژِ خَارْ) سختی، آواز، نعرہ۔
ژد (ژُدْ) گوند۔
ژدوار (ژُدْ-وَارْ) جدوار۔

ژرد (ژَرْد) بسیار خوری۔
ژرف (ژَرْف) گہرا، عمیق۔
ژرفا (ژَرْ۔فا) گہرا، گہرا ہونا۔
ژرمانیا (ژَرْ۔ما۔نیا) جرمن۔
ژرفی (ژَرْ۔فی) باریک بینی، عمیق خیالی۔
ژغار (ژُغار) سختی، نعرہ، فریاد۔
ژغالہ (ژُ۔غا۔لہ) غازہ، منھ پر ملنے کی سرخی۔
ژغاو (ژُغاو) جھگڑا، رنڈی۔
ژغژغ (ژَغ۔ژَغ) دانت بجنے کی آواز۔
ژغند (ژُغَنْد) سختی، چیخ، دہاڑ۔
ژف (ژَف) تر، گیلا۔
ژفک (ژَفْ۔ک) گیدا، چیپڑا۔
ژفیدن (ژَ۔فی۔دَن) تر ہونا، گیلا ہونا۔
ژک (ژَک) غصہ کی بڑبڑاہٹ۔
ژکان (ژَ۔کان) بڑبڑانے والا۔
ژکس (ژَک۔س) معاذ اللہ۔
ژکفر (ژَک۔فَر) صبر کرنے والا۔
ژکفری (ژَک۔فَ۔ری) صبر۔
ژکور (ژَکُور) چور، کنجوس۔
ژکیدن (ژَ۔کی۔دَن) غصہ سے بڑبڑانا۔
ژگال (ژُگال) دیکھو ژغال۔
ژند (ژَنْد) زرتشت کی کتاب۔
ژندباف (ژَنْد۔باف) دیکھو ژندباف۔
ژندگی (ژَنْ۔دَگی) پرانا پن۔
ژندہ (ژَنْ۔دَہ) گدڑی، گودڑ، شکستہ، پرانا۔
ژنرال (ژَنْ۔رال) جنرل۔
ژنگ (ژَنْگ) جھگڑی، مانی کی کتاب۔
ژنگیدن (ژَنْ۔گی۔دَن) جھانجھ، گھونگرو۔
ژنگلہ (ژَنْگ۔گَلہ) گھنٹہ
ژنہ (ژَنہ) ڈنک۔
ژنیان (ژِنْ۔یان) اجوائن۔

ژوپین (ژُو۔پِین) برچھا، برچھی، حربہ۔
ژورک (ژُو۔رَک) سرخاب۔
ژوژ، ژوژہ (ژُوژ، ژُو۔ژَہ) سیہ خارپشت۔
ژول (ژُول) سردٹ، جھجری۔
ژولائی (ژُو۔لا۔ئی) جولائی۔
ژولیدگی (ژُو۔لی۔دَگی) الجھاو، الجھن۔
ژولیدن (ژُو۔لی۔دَن) الجھنا سخن ژولیدہ۔
ژولیدہ (ژُو۔لی۔دَہ) الجھا ہوا
ژومیدہ (ژُو۔می۔دَہ) پانی لگا ہوا کھیت۔
ژون (ژُون) مورت، بت، جون کا مہینہ۔
ژوہیدن (ژُو۔ہی۔دَن) بارش سے ٹپکنا۔
ژہی (ژِہی) پوکھر، تالاب، جوہڑ۔
ژیان (ژِیان) غصیلا، غضبناک۔
ژیر (ژِیر) جوہڑ، تالاب۔
ژیرہ (ژِی۔رَہ) دیکھو زیرہ۔
ژیژ (ژِیژ) گندہ، مردار۔
ژیغ، ژیک (ژِیغ، ژِیک) قطرہ۔
ژیمناسٹک (ژِیم۔نا۔سْٹِک) جمناسٹک۔
ژیوہ (ژِی۔وَہ) پارہ، زیبق۔

س

س (سِین) قائم مقام عدد ۶۰، حرف شمسی، متعدد حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً ریواس، ریواج۔ ۲۔ چ کے ساتھ مثلاً خروچ، خروس۔ ۳۔ د کے ساتھ مثلاً پاد، پاس۔ ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً ساروغ زاروغ۔ ۵۔ ژ کے ساتھ مثلاً تکس، تکژ۔ ۶۔ ش کے ساتھ مثلاً

کشتی، کستی۔ ۷۔ ص کے ساتھ مثلاً قفس، قفص
۔ ۸۔ ف کے ساتھ مثلاً جُبست، جُبفت ۹۔ ل کے
ساتھ مثلاً سِج، لِج۔ ۱۰۔ و کے ساتھ مثلاً
باتس، باتو۔ ۱۱۔ ہ کے ساتھ مثلاً آماس، آماہ

سا (سَا)، مانند، خراج، گھسنے والا۔
ساباط (سَا۔ بَاطْ) چھتہ، کوتار جم سَوَابِطْ، سَابَاطَاتْ۔
سابح (سَا۔ بِحْ) تیراک، تیز دوڑ کا گھوڑا۔
سابری (سَا۔ بِرِی)، ململ جو ایک مہین کپڑا ہے۔
سابع (سَا۔ بِعْ)، ساتواں جمع سَبُعَہْ۔
سابع عشر (سَا۔ بِعْ۔ عَشَرْ) سترھواں ۱/۱۷۔
سابغ (سَا۔ بِغْ)، پورا، کامل، وسیع۔
سابق (سَا۔ بِقْ) پہلا، اول جم سَوَابِقْ۔
سابقاً (سَا۔ بِقَنْ)، پہلے، اوّل دفعہ۔
سابقہ (سَا۔ بِقَہْ)، پہلی جم سَوَابِقْ۔
سابوس (سَا۔ بُوْس) اسبغول، بذر قطونا۔
ساتر (سَا۔ تِرْ)، چھپانے والا۔
ساتگیں (سَاتْ۔ گِیْں)، محبوب، شراب کا پیالہ۔
ساج (سَاجْ)، سال، ساکھو جو ایک درخت ہے۔
ساجد (سَا۔ جِدْ)، سجدہ کرنیوالا جم سُجَّدْ۔
ساجدہ (سَا۔ جِدَہْ)، سجدہ کرنے والی۔
ساجع (سَا۔ جِعْ)، مقفیٰ بات کرنے والا جم سَوَاجِعْ، سُجَّعْ۔
ساجور (سَا۔ جُوْر)، کتہ کا پٹہ۔
ساچق (سَا۔ چِقْ)، بَرِی، بَرِی۔
ساچمہ (سَا۔ چِمَہْ)، چھرہ، گولی۔
ساحبہ (سَا۔ حِبَہْ)، بھرن، جھینٹا، دونگڑا۔
ساحت (سَا۔ حَتْ)، میدان، آنگن، صحن۔
ساحر (سَا۔ حِرْ)، جادوگر جم سَحَرَہْ، سَاحِرِیْن
ساحرانہ (سَا۔ حِرَا۔ نَہْ) جادوگر کی مانند۔
ساحرہ (سَا۔ حِرَہْ)، جادوگرنی۔

ساحری (سَا۔ حِرِی) جادوگری۔
ساحق (سَا۔ حِقْ) پیسنے والا، رگڑنے والا۔
ساحل (سَا۔ حِلْ) دریا یا سمندر کا کنارہ جم سَوَاحِلْ
ساخاہ (سَا۔ خَا۔ بَہْ) سونا، خسلیج۔
ساخت (سَاخْ۔ تْ) بناوٹ، گھوڑے کا ساز۔
ساختگی (سَاخْ۔ تِگِی) بناوٹ۔
ساختن (سَاخْ۔ تَنْ) بنا کرنا، موافقت کرنا، بنانا مضع سَازَدْ۔
ساختہ (سَاخْ۔ تَہْ) بنایا ہوا، مستعد، آمادہ، درست۔
ساختہ رو (سَاخْ۔ تَہْ۔ رُوْ) ترشرو، منھ بنائے ہوئے۔
ساخر (سَا۔ خِرْ)، دل موہنے والا، من موہن۔
ساوات (سَا۔ دَاتْ) سادت کی جمع۔
سادت (سَا۔ دَتْ)، سائد کی جمع۔
سادر (سَا۔ دِرْ)، حیران، بے باک۔
سادس (سَا۔ دِسْ)، چھٹا۔
سادس عشر (سَا۔ دِسْ۔ عَشَرْ)، سولھواں۔
سادگی (سَا۔ دَگِی)، صفائی، بے بناوٹی۔
سادن (سَا۔ دِنْ)، خادم، دربان جم سَدَنَہْ۔
سادہ (سَا۔ دَہْ)، امرد، بیوقوف، خالص، بے نقش۔
سادہ پرکار (سَا۔ دَہْ۔ پُرْ۔ کَارْ) شوخ و شریر معشوق۔
سادہ دل (سَا۔ دَہْ۔ دِلْ)، نادان، احمق۔
سادہ دلی (سَا۔ دَہْ۔ دِلِی)، نادانی۔
سادہ رو (سَا۔ دَہْ۔ رُوْ) بے داڑھی مونچھ کا لا۔
سادہ روئی (سَا۔ دَہْ۔ رُوْ۔ ئِی) بے داڑھی مونچھ کا ہونا۔
سادہ لوح (سَا۔ دَہْ۔ لَوْحْ)، بادلا، سیدھا۔

سادہ لوحی (سا-دَہ-لَو-حی) سیدھا پن۔
سادی (سا-دِی) دیکھو سادس۔
ساذج (سا ذَج) تبریات دوا۔
سار (سار) جگہ، مانند، کلمۂ کثرت، اونٹ، سر، ایک کالا پرند، بڑا سانپ۔
سارا (سا-رَا) خالص۔
ساربان (سار-بان) اونٹ والا۔
سارق (سا-رِق) چور، دزد جمع سَوَارِق۔
سارواں (سار-وَاں) دیکھو ساربان۔
سارک (سا-رَک) دیکھو شارک۔
سارو (سار-رُو) مینا۔
سارہ (سا-رَہ) پردہ، رشوت۔
ساری (سا-رِی) اثر کرنے والا۔
ساریہ (سا-رِیَہ) رات کا بادل جمع سَوَارِی۔
ساز (ساز) مانند، موافقت، بنانے والا، موافقت کرنے والا، سامان، باجا، گھوڑے کا سامان، استعداد، ترکیب، دعوت، توانا، مکر، نفع، نٹ۔
سازش (سا-زِش) لگاؤ، موافقت اچھے بندی
سازشی (سا-زِشی) سازش کرنے والا، سازش سے منسوب۔
سازگار (سا زِ-گار) موافق، لایق۔
سازگار (مذ ساز-گا-را-ندہ) موافق ہونے کے لایق۔
سازگاری (ساز-گا-رِی) موافقت۔
سازندہ (سا-زِن-دَہ) رقاصہ کے ساتھ باجے والا، موافقت کرنے والا، بنانے والا۔
سازمند (ساز-مَن-د) ساختہ، آراستہ، سازگار۔
سازمندی (ساز-مَن-دِی) آراستگی۔
سازیدن (سا-زِی-دَن) سازش کرنا، موافقت کرنا، راست کرنا۔
ساس (ساس) کھٹمل۔
ساسان (سا-سان) فقیر، گدا۔
ساسانی (سا-سا-نِی) ایک قدیم ایرانی شاہی خاندان سے نسبت رکھنے والا۔
ساسم (سا-سَم) شیشم کا پیڑ۔
ساسی (سا-سِی) بھکاری، بھیک۔
ساطر (سا-طِر) قسائی، قصاب۔
ساطع (سا-طِع) بلند، چمکتا ہوا جمع سَوَاطِع۔
ساطور (سا-طُور) چھرا، چھری۔
ساطی (سا-طِی) ایک پرند، قدم باز گھوڑا۔
ساعاتی (سا-عا-تِی) گھڑی ساز۔
ساعت (سا-عَت) گھڑی، لمحہ، منٹ، گھنٹہ جمع سَاعَات۔
ساعت بغلی (سا-عَتِ-بَغ-لِی) جیبی گھڑی۔
ساعت سنگین (سا-عَتِ-سَنگ-گین) سخت گھڑی
ساعت عمودیہ (سا-عَتِ-عَمُو-دِیَہ) گھنٹہ گھر۔
ساعت مجلسی (سا-عَتِ-مَج-لِسی) کلاک۔
ساعد (سا-عِد) بازو، کلائی جمع سَوَاعِد۔
ساعور (سا-عُور) تنور۔
ساعی (سا-عِی) کوشش کرنے والا، چٹھی رساں، چپراسی، چغل خور جمع سُعَاۃ۔
ساغر (سا-غَر) شراب کا پیالہ۔
سافر (سا-فِر) مسافر، ایلچی، نویسندہ۔
سافل (سا-فِل) نیچے والا، بیہودا۔
سافنہ (سا-فِنَہ) گرد آلود ہوا، اندھڑ جمع سَوَافِن۔
ساق (ساق) پنڈلی، ڈنٹھل جمع اَسْوُق، سُوق، سِیقَان۔
ساقط (سا-قِط) گرنے والا، ادھا جمع سُقَّاط۔
ساقہ (سا-قَہ) فوج کا پچھلا حصہ، چنداول۔
ساقی (سا-قِی) پلانے والا جمع سُقَاۃ۔
ساقیہ (سا-قِیَہ) پیروہا، رہٹ، چھوٹی ندی جمع سَوَاقِی۔

ساکب (سَا-کِبْ)، بہنے والا۔
ساکت (سَا-کِتْ)، خاموش، چُپ جمع سَکَتَات۔
ساکف (سَا-کِفْ)، اُترنگ، کرارا۔
ساکن (سَا-کِنْ)، باشندہ، بے حرکت جمع سُکَّانْ سَکَنَہ، سُکُون، ساکِنِین، ساکِنَانْ۔
ساکنہ (سَا-کِنَہ)، باشندہ، بیحرکت، جمع سَوَاکِنْ۔
ساکو (سَا-کُو)، اور کوٹ، بڑا کوٹ۔
ساکی (سَا-کِی)، چغل خور، سخن چین۔
سال (سَال)، برس جمع سَالِیَانْ (سَال)، کشتی، نام درخت ہساکو، ساج۔
سالار (سَا-لَارْ)، سردار۔
سالاری (سَا-لَا-رِی)، سرداری۔
سالانہ (سَا-لَا-نَہ)، سالوار، ہر برس۔
سالب (سَا-لِبْ)، سلب کرنے والا۔
سالبہ (سَا-لِبَہ)، منطق میں کلمۂ نفی۔
سالج (سَا-لِجْ)، تیراک جمع سَوَالِجْ۔
سالح (سَا-لِحْ)، ہتھیار بند۔
سالخوردہ (سَالْ-خُرْ-دَہ)، بوڑھا، پُرانا۔
سال شمسی (سَا-لِ-شَمْ-سِی)، سورج کی گردش کے حساب سے سال۔
سالف (سَا-لِفْ)، اگلا، گذرا ہوا جمع سَوَالِفْ
سال قمری (سَا-لِ-قَمَ-رِی)، چاند کی گردش کے حساب سے سال۔
سالک (سَا-لِکْ)، راہ چلنے والا جمع سَالِکِیْنْ
سالم (سَا-لِمْ)، ثابت، پورا، تندرست۔
سالماً، و غانماً (سَا-لِمَنْ-وَ-غَا-نِمَنْ)، وہ حالت کہ جس میں سلامتی کے ساتھ مالِ غنیمت لادے۔
سالن (سَا-لَنْ)، دیکھو سَالُون۔
سالنامہ (سَالْ-نَا-مَہ)، کیلنڈر، رسالہ کا سالانہ نمبر۔

سالوس (سَا-لُو-سْ)، فریبی، فریبا، چرب زبان۔
سالوسی (سَا-لُو-سِی)، چرب زبانی، فریب کاری۔
سالوک (سَا-لُوکْ)، بیحد سیلانی، ڈاکو۔
سالون (سَا-لُونْ)، برآمدہ، سیلون۔
سالی (سَا-لِی)، پُرانا، کہنہ، بہت سی برسوں والا
سالیان (سَا-لِیَانْ)، بہت سے برس، ایک سال۔
سالیانہ (سَا-لِیَا-نَہ)، درماہہ، سال بھر کی اُجرت۔
سام (سَامْ)، سوجن اور درد، آگ، موت، ہلاکی، سونا، چاندی (سَامّ)، زہر دینے والا۔
سامان (سَا-مَانْ)، اسباب، اندازہ، قدر۔
ساماچہ، ساماکچہ (سَا-مَاچْ-چَہ، سَا-مَاکْ-چَہ)، انگیہ، کرتی۔
سامر (سَا-مِرْ)، داستان گو جمع سُمَّارْ۔
سامع (سَا-مِعْ)، سننے والا جمع سَامِعِیْنْ۔
سامعہ (سَا-مِعَہ)، سننے کی قوت جمع سَوَامِعْ۔
سامن (سَا-مِنْ)، فربہ، موٹا۔
سامندر (سَا-مَنْ-دَرْ)، دیکھو سمندر۔
سامہ (سَامَّہ)، کان کے اندر سونے یا چاندی کی تہ جمع سَامْ اسام (سَمَّہ)، خاصّہ، سوگند، عہد، زہریلا جانور۔
سامی (سَا-مِی)، بلند، اونچا۔
سان (سَانْ)، حرف تشبیہ، مانند، ملا خطہ، دھار نکالنے کا پتھر (سَانّ)، پاٹھیا، فسان کش
سانح (سَا-نِحْ)، ظاہر ہونے والی چیز۔
سانحہ (سَا-نِحَہ)، ناگوار واقعہ جمع سَوَانِحْ۔
ساونت (سَا-وَنْ-تْ)، مردانہ، بہادر۔
ساویدن (سَا-وِی-دَنْ)، گھسنا، چسپت ہونا مصدر سَاوْ۔

ساوین (سَا - وِیْن) پٹاری -
ساہر (سَا - ہِرْ) بیدار -
ساہرہ (سَا - ہِرَہْ) ہموار زمین -
ساہی (سَا - ہِیْ) غافل ، بھولا -
سائبان (سَا - ئِبَانْ) آسارا ، چھپّر -
سائبہ (سَا - اِبَہْ) چھوڑا ہوا سانڈھ ، بجار -
سائح (سَا - اِحْ) روزہ دار مرد -
سائحہ (سَا - اِحَہْ) روزہ دار عورت -
سائد (سَا - اِدْ) سردار ، سیّد جمع سَادَۃٌ ،
جمع جمع سَادَاتْ -
سائر (سَا - اِرْ) تمام ، مشہور ، سیلانی -
سائس (سَا - اِسْ) گھوڑی کا نگہبان جمع سَاسَۃٌ
سائغ (سَا - اِغْ) ہضم ہونے والا -
سائف (سَا - اِفْ) تلوار بند -
سائق (سَا - اِقْ) ڈرائیور ، پیچھے سے چلانیوالا
جمع سُوَّاق -
سائقہ (سَا - اِقَہْ) پیچھے سے چلانی والی -
سائل (سَا - اِلْ) مانگنے والا ، سوال کرنیوالا
جمع سَائِلِیْن -
سائلہ (سَا - اِلَہْ) مانگنے والی ، سوال کرنے والی ،
سائم (سَا - اِمْ) چرنے والا جمع سُوَّام -
سائمہ (سَا - اِمَہْ) سیر کرنیوالی عورت جمع سَائِمَاتْ
سائیدگی (سَا - اِیْ - دَگِیْ) گھسائی ، رگڑائی -
سائیدن (سَا - اِیْ - دَنْ) گھسنا ، پیسنا ،
رگڑنا مضارع سَایَدْ -
سائیدنی (سَا - اِیْ - دَنِیْ) رگڑنیکے لائق ،
گھسنے کے لائق ، پیسنے کے لائق -
سائیدہ (سَا - اِیْ - دَہْ) پیسا ہوا ، گھسا ہوا -
سائی (سَا اِیْ) پیسنے والا -
سایندہ (سَا - یِنْ - دَہْ) پیسنے والا -
سایہ (سَا - یَہْ) چھاؤں ، پرچھائیں

سایہ دست (سَا - یَ اِ - دَسْ ، تْ) مدد ، اعانت -
سایہ پرست (سَا - یَ اِ - پَرَسْ ، تْ) ناز پروردہ -
سب (سَبّ) گالی (سِبّ) پگڑی -
سبابہ (سَبْ بَا - بَہْ) شہادت کی انگلی -
سبات (سُبَاتْ) نیند ، آرام ، زمانہ ، ہیضہ
کی بیماری -
سباح (سَبْ بَاحْ) تیراک -
سباحت (سِبَا - حَتْ) تیراکی -
سبار (سِبَارْ) زخم میں ڈالنے کی سلائی -
سبارد (سُبَا - رُدْ) کبوتر ، جنگلی کبوتر -
سباطہ (سُبَا - طَہْ) گھورا ، کناسہ -
سباع (سُبَاعْ) سات عدد والا ہونا -
سباعی (سُبَا - عِیْ) سبعہ سیارہ ، سات سطروں
والی نظم -
سباق (سَبْ بَاقْ) سبقت لیجانی والا (سِبَاقْ)
ہاتھ پاؤں کے جوڑ (سُبَاقْ) ، دوڑ میں
آگے بڑھ جانا -
سباک (سَبْ بَاکْ) سنار ، زرگر -
سبال (سِبَالْ) سبلت کی جمع -
سبب (سَبَبْ) وجہ ، باعث جمع اَسْبَابْ -
سبت (سَبْ تْ) سنیچر جمع سُبُوتْ -
سبجہ (سُبْ - جَہْ) کالی کملی ، کالا کپڑا -
سبحان (سُبْ - حَانْ) خدا کی یاد پاکی سے -
سبحہ (سُبْ - حَہْ) مالا ، تسبیح ، سمرن جمع سُبَحْ -
سبخت (سَبْ - خَتْ ، سَبَخَتْ) شور زمین
جمع سِبَاخْ -
سبحہ گردانی (سُبْ - حَہْ - گَرْ - دَا - نِیْ) تسبیح پھیرنا
سبد (سَبَدْ) ٹوکرا ، ٹوکری -
سبز (سَبْ ز) ہرا ، سانولا -
سبزان (سَبْ - زَانْ) سبز کی فارسی جمع ذی
روح ، سبز رنگ والے -

سبز بخت (سَبْ، ز۔ بَخْ، ت) خوش نصیب۔
سبز بختی (سَبْ، ز۔ بَخْ۔ تی) خوش نصیبی۔
سبز پا (سَبْ، ز۔ پا) دیکھو سبز قدم۔
سبز پوش (سَبْ، ز۔ پوش) غیبی آدمی، فرشتہ، حضرت خضر علیہ السلام۔
سبز رنگ (سَبْ، ز۔ رَنگ) سانولی رنگت، گندمی
سبز طاؤس (سَبْ، ز۔ طا۔ اُوس) نکھرا ہوا آسمان
سبز قدم (سَبْ، ز۔ قَ۔ دَم) منحوس قدم۔
سبز قدمی (سَبْ، ز۔ قَدَ۔ می) منحوس قدمی۔
سبز کار (سَبْ، ز۔ کار) اچھے کام کرنے والا۔
سبزک (سَبْ۔ زَک) نیلکنٹھ، شقراق۔
سبزواری (سَبْ، ز۔ وا۔ ری) شہر سبزوار سے نسبت رکھنے والا۔
سبزہ (سَبْ۔ زَہ) ہریاول، ہریالی، گھوڑے کا ایک رنگ۔
سبزۂ بیگانہ (سَبْ۔ زَ۔ اِ۔ بے۔ گا۔ نہ) خودرو سبزہ۔
سبزہ رنگ (سَبْ۔ زَہ۔ رَنگ) دیکھو سبز رنگ۔
سبزی (سَبْ۔ زی) ترکاری، ہریائی، ہریالی
سبزینہ (سَبْ۔ زی۔ نَہ) معشوق، نیچ و جوان۔
سبسب (سَبْ۔ سَبْ) جنگل، بیابان۔
سبط (سِبْ، ط) پوتا، نواسہ، اسرائیلی جماعت جمع اَسْبَاط (سَبْ، با، ط، سِبْط) سیدھی لٹ۔
سبطانہ (سَبْ۔ طا۔ نَہ) دیکھو زلطانہ۔
سبطین (سِبْ۔ طَین) دو پوتے، دو نواسے۔
سبع (سَبْ، ع) سبعہ کا مونث، سات (سُبْع)، ساتواں حصہ (سَبُع) درندہ جانور جمع سِبَاع، اَسْبُع
سبعون (سَبْ۔ عُون) دیکھو سبعین۔
سبعہ (سَبْ۔ عَہ) سات (۷)

سبعہ عشر (سَبْ۔ عَہْ۔ عَشَرْ) سترہ (۱۷)
سبعی، سبعیت (سَبُعی، سَبُعی، یَت) درندگی، حیوانیت۔
سبعین (سَبْ۔ عِین) ستر، ہفتاد۔ (۷۰)
سبق (سَبَق) جو استاد سے ایک دفعہ میں شاگرد پڑھے، مثال، پیش خیمہ، تجربہ، بازی، جمع اَسْبَاق (اَسْ۔ باق) آگے نکل جانا۔
سبقت (سَبْ۔ قَت) آگے نکل جانا۔
سبک (سَبُک) ہلکا (سَبْ، ک) گلانا۔
سبکبار (سَبُک۔ بار) بوجھ سے ہلکا۔
سبکباری (سَبُک۔ با۔ ری) بوجھ سے ہلکا ہونا۔
سبک پا (سَبُک۔ پا) تیز قدم۔
سبک پائی (سَبُک۔ پا۔ اِی) تیز قدمی۔
سبک جولاں (سَبُک۔ جَو۔ لاں) تیز رفتار۔
سبکخیز (سَبُک۔ خیز) چالاک و چست۔
سبکدست (سَبُک۔ دَس، ت) چالاک، چابکدست۔
سبکدستی (سَبُک۔ دَس۔ تی) چالاکی، چابکدستی
سبکدوش (سَبُک۔ دوش) جس کا کندھا بوجھ سے ہلکا ہو۔
سبکدوشی (سَبُک۔ دو۔ شی) بوجھ سے کندھا ہلکا ہونا۔
سبک رو (سَبُک۔ رَو) تیز رفتار۔
سبک روح (سَبُک۔ روح) ہنسمکھ، ظریف، بے تکلف۔
سبک روحی (سَبُک۔ رُو۔ حی) بے تعلقی۔
سبک روی (سَبُک۔ رَوی) تیز رفتاری۔
سبکسار (سَبُک۔ سار) فارغ البال، بے تعلق
سبکساری (سَبُک۔ سا۔ ری) بے تعلقی، فارغ البالی۔

سبک سر (سُبُک ۔ سَرْ) کمینہ، اوچھا۔
سبکسری (سُبُک ۔ سَرِی) کمینگی، اوچھاپن۔
سبک سنگ (سُبُک ۔ سَنْگ) کمینہ، بے حوصلہ۔
سبکسیر (سُبُک ۔ سَیْر) تیز رفتار۔
سبک عناں (سُبُک ۔ عِنَاں) تیز رفتار۔
سبک قدر (سُبُک ۔ قَدْر) کمینہ، بے حوصلہ۔
سبک گام (سُبُک ۔ گَام) تیز قدم۔
سبک گامی (سُبُک ۔ گَا ۔ مِی) تیز قدمی۔
سبک مغز (سُبُک ۔ مَغْز) بے عقل، بے وقار۔
سبک مغزی (سُبُک ۔ مَغْ ۔ زِی) بے عقلی، بے وقاری۔
سبک ہمت (سُبُک ۔ ہِمْ ۔ مَتْ) کم ہمت۔
سبکی (سُبُکِی، سُبُکِی) (سُبُکْ کی) ہلکاپن۔
سبل (سَبَلْ) مینھ، اناج کی بال، آنکھ کا جالا (سُبُلْ) سبیل کی جمع۔
سبلت (سَبْ ۔ لَتْ، سَبَلَتْ) موچھ جمع سبال۔
سبو (سَبُو) گھڑیا، ٹھلیا۔
سبوح (سُبُّوح) بے حد پاک (سَبْ بُوح) بڑائی کرنے والا۔
سبوچہ (سَبُو ۔ چَہْ) چھوٹی ٹھلیا۔
سبوس (سَبُوس) بھوسی، چوکر۔
سبوسہ (سَبُو ۔ سَہْ) لیفا، گفش، بھوسی۔
سب وشتم (سَبْ وَشَتْم) بفتح، ام، گالی گلوچ۔
سبنحہ (سَبْ ۔ خَہْ) پونی، پاغند۔
سبیر (سَبِیر) سائبیریا (شمالی ایشیا)۔
سبیع (سَبِیع) ساتواں حصہ۔
سبیل (سَبِیل) طریق، راستہ، وقف، پیاؤ جمع سُبُل سوجھ۔
سپار (سِپَار) پھال، سونپنے والا۔
سپارش (سِپَا ۔ رِشْ) دیکھو سفارش۔
سپارندہ (سِپَا ۔ رَنْ ۔ دَہْ) سونپنے والا۔
سپارودک (سِپَا ۔ رُوْک) دیکھو سمارو ک۔
سپارہ (سَپَا ۔ رَہْ) سان کا پتھر (سِپَا ۔ رَہْ) قرآن شریف کا تیسواں حصہ۔
سپاری (سِپَا ۔ رِی) چھالیا۔
سپاس (سِپَاس) تعریف، شکر۔
سپاسنامہ (سِپَاس ۔ نَا ۔ مَہْ) شکریہ کی تحریر، ایڈریس۔
سپاناخ (سِپَا ۔ نَاخ) پالک۔
سپاہ (سِپَاہ) فوج۔
سپاہان (سِپَا ۔ ہَان) اصفہان (ایران)
سپاہانہ (سِپَا ۔ ہَا ۔ نَہْ) سپاہ کی مانند، سپاہ کے لائق۔
سپاہ گری (سِپَاہْ ۔ گَرِی) فوجی ہونا۔
سپاہی (سِپَا ۔ ہِی) لشکری، بہادر۔
سپاہیانہ (سِپَا ۔ ہِیَا ۔ نَہْ) سپاہی کی مثل۔
سپر (سِپَرْ) ڈھال۔
سپرد (سِپُرْ ۔ دْ) امانت، دھرول، سونپ۔
سپردوار (سِپُرْ ۔ دْ ۔ دَارْ) جس کو سونپا جائے۔
سپرداری (سِپُرْ ۔ دْ ۔ دَا ۔ رِی) سونپنا۔
سپردگی (سِپُرْ ۔ دَ ۔ گِی) سونپ، حوالگی، سونپنا۔
سپردن (سِپُرْ ۔ دَنْ) سونپنا مضم سپارد (سِپَرْ ۔ دَنْ) پامال کرنا، راہ چلنا مضم سپرد۔
سپردنی (سِپُرْ ۔ دَ ۔ نِی) سونپنے کے لائق۔
سپردہ (سِپُرْ ۔ دَہْ) سونپا ہوا۔
سپرز (سِپُرْ ۔ زْ) تلی، مطحال۔
سپرغم، سپرہم (سِپَرْ ۔ غَمْ، سِپَرْ ہَمْ) مروہ، ریحان۔
سپری (سِپَرِی) تمام، آخر، گذشتہ۔
سپس (سِپَسْ) حرف عاطفہ، بعد، پیچھے۔
سپست (سِپِسْ ۔ ت) ایک سرا چارہ۔
سپستان (سِپِسْ ۔ تَان) لسوڑا، ریٹھا۔

سپش (سِپَش) جوں، ڈینگر۔
سپل (سَپَل) اونٹ کا سُم، نرسن۔
سپنج (سِپَنْج) عاریت، مہمانخانہ، چراگاہ، پناہ
سپنجی سرائے (سِپَنْ۔جِی۔سَرَائی) رکھوالے کی جھونپڑی، دنیا۔
سپند، سپنداں (سِپَنْد، سِپَنْ۔دَاں) کالا دانہ، رائی، آتشدان۔
سپوختن، سپوزیدن (سِپوخْ۔تَن، سِپوْ۔زِی۔دَن) چبھونا، نکالنا مضم سپوزد۔
سپوختہ (سِپوخْ۔تَہ) چبھایا ہوا، نکالا ہوا۔
سپوزندہ (سِپوْ۔زَن۔دَہ) نکالنے والا، چبھونے والا۔
سپوزیدہ (سِپوْ۔زِی۔دَہ) دیکھو سپوختہ۔
سپہ (سِپَہ) دیکھو سپاہ۔
سپہبد (سِپَہْ۔بُد) سردار، سپہ سالار۔
سپہر (سِپِہْ۔ر) آسمان، بعد دوپہر۔
سپیچہ (سِپی۔چَہ) پھپوندن، جھگ
سپید (سِپید) دیکھو سفید۔
سپیدار (سِپی۔دَار) نام درخت۔
سپید بخت (سِپید۔بَخْ۔ت) نیک بخت۔
سپید کار (سِپید۔کَار) نیک عمل۔
سپیدہ (سِپی۔دَہ) نام دوا، اُجالا۔
سپیدہ دم (سِپی۔دَہ۔دَم) گجر دم۔
سپیدی (سِپی۔دِی) اُجلائی، چٹائی، اُجالا۔
سپیل (سِپیل) سیٹی، صفیر، سکار۔
ست (سِت) ستہ کا مونث، چھ (۶)، گھروالی بیوی
ستا (سِتَا) ستار، شامیانہ، تعریف کرنے والا۔
ستاد (سِتَاد) توقف، اقامت۔
ستار (سِتَار) ایک ساز (سَتْ۔تَار) بڑا چھپانے والا، نام اللہ تعالےٰ۔
ستارہ (سِتَا۔رَہ) تارہ، قسمت، طلبین، مسطر۔
ستارہ پیشانی (سِتَا۔رَہ۔پے۔شَا۔نِی) جس کے ماتھے پر سفید نشان ہو۔
ستارۂ سحر (سِتَا۔رَ۔اِ۔سَحَر) صبح کا ستارہ۔
ستارہ شناس (سِتَا۔رَہ۔شِنَاس) نجومی۔
ستارہ شناسی (سِتَا۔رَہ۔شِنَا۔سِی) نجومی ہونا۔
ستارزن (سِتَا۔زَن) ستار بجانیوالا قسم کباب۔
ستاخ (سِتَاخ) کونپل، ڈالی۔
ستاغ (سِتَاغ) بانجھ، ستردن، عقیم، عاقر۔
ستاک (سِتَاک) دیکھو ستاخ۔
ستام (سِتَام) گھوڑے کا زیور، ساز۔
ستال (سِتَال) آستان، رچو کھٹ، جیسکا چت لیٹنے والا۔
ستاندن (سِتَان۔دَن) لینا مضم ستاند۔
ستاندہ (سِتَان۔دَہ) لیا ہوا۔
ستانندہ (سِتَا۔نَن۔دَہ) لینے والا۔
ستائیدن (سِتَا۔اِی۔دَن) تعریف کرنا مضم ستاید۔
ستائیدنی (سِتَا۔اِی۔دَنِی) تعریف کرنیکے لائق۔
ستائیدہ (سِتَا۔اِی۔دَہ) تعریف کیا ہوا۔
ستاید، ستائش (سِتَا۔اِد، سِتَا۔یِش) تعریف۔
ستایندہ (سِتَا۔یَن۔دَہ) تعریف کرنے والا۔
ستبر (سِتَب۔ر) دیکھو سطبر۔
ستبری (سِتَب۔رِی) دیکھو سطبری۔
ستخر (سِتَخْ۔ر) تالاب، جوہڑ، پوکھر۔
ستد (سِتَد) لین۔
ستدن (سِتَدَن) لینا مضم ستد۔
ستر (سِتْ۔ر) چھپانا (سِتَر) نام وزن (سِتَ۔ر) پردہ، پوشش جمع ستور، ستاں، استار خوف، حیا (سِتَر) ڈھال، چتر۔
سترغ (سِتْ۔رُغ) کوٹا۔
ستردن (سِتُر۔دَن) چھیلنا، مونڈنا مضم ستُرد۔

ستردہ (سُتُر۔ دَہ) مونڈا ہوا۔
ستر عورت (سَت رِ۔ عَوْ۔ رَت) بدن کی شرم کی جگہ کا چھپانا، شرمگاہ کا چھپانا۔
سترگ (سُتُرْ گ) بڑا، کلاں، بزرگ۔
سدر (سَدَرْ) چکا چوندھ۔
سترندہ (سُتُ۔ رَنْ۔ دَہ) مونڈنے والا۔
سترون (سَتَرْ۔ وَنْ) بانجھ عورت، عقیم، عاقر، ستاغ
سترہ (سُتْ۔ رَہ) کوٹھ، پردہ، ڈھال (اُسْتُرَہ) دیکھو استرہ۔
ستم (سِتَمْ) ظلم، ناانصافی۔
ستمدیدہ (سِتَم۔ دِیْ۔ دَہ) مظلوم۔
ستم رسیدہ (سِتَم۔ رَسِیْ۔ دَہ) مظلوم۔
ستم زدہ (سِتَم۔ زَدَہ) مظلوم۔
ستم ظریف (سِتَم۔ ظَرِیْف) مذاق کے پردے میں ستم ڈھانے والا۔
ستم ظریفی (سِتَم۔ ظَرِی۔ فِیْ) مذاق میں ظلم کرنا۔
ستم کش (سِتَم۔ کَشْ) مظلوم۔
ستم کشتہ (سِتَم۔ کُشْ۔ تَہ) ظلم سے مارا ہوا۔
ستمگار، ستمگر (سِتَم۔ گار، سِتَم۔ گَر) ظالم۔
ستمگری (سِتَم۔ گَرِیْ) ظلم۔
ستنبہ (سِتَم۔ بَہ) بھونڈی صورت، نام بھوت جو خواب میں ڈراتا ہے۔
ستودن (سُتُو۔ دَنْ) دیکھو ستائیدن۔
ستودنی (سُتُو۔ دَنِیْ) تعریف کرنے کے لائق۔
ستودہ (سُتُو۔ دَہ) تعریف کیا ہوا۔
ستور (سُتُوْر) گھوڑا، چوپایہ۔
ستورون (سُتُوْر۔ وَنْ) دیکھو سترون۔
ستوقہ (سُتُو۔ قَہ) کھوٹا سکہ۔
ستون (سُتُوْن) کھمبہ، پیلپایہ، کالم (سِتْ۔ تُوْن) ساٹھ (۶۰)۔
ستون جرائد (سُتُو۔ نِ۔ جَرَا۔ ئِدْ) اخبار کا کالم۔

ستوہ (سُتُوْہ) ملول، عاجز۔
ستہ (سِتْ۔ تَہ) کھوٹا سکہ (سِتْ۔ تَہ) چھ (۶)
ستہ عشر (سِتْ۔ تَہ۔ عَشَرْ) سولہ۔
ستی (سَتِیْ) فولاد (سِتِّیْ) خاتون، بی بی۔
ستیخ (سَتِیْخ) بھالا، سیدھا، لمبا، پہاڑ کی چوٹی۔
ستیر (سَتِیْر) چھپا ہوا، پرہیزگار۔
ستیز (سِتِیْز) لڑائی۔
ستیزاں (سِتِیْ۔ زَاں) لڑتا ہوا، لڑنے والا۔
ستیزانیدن (سِتِیْ۔ زَا۔ نِیْ۔ دَنْ) لڑانا۔
ستیزندہ (سِتِیْ۔ زَنْ۔ دَہ) لڑنے والا۔
ستیزہ (سِتِیْ۔ زَہ) لڑائی، جھگڑا۔
ستیزیدن (سِتِیْ۔ زِیْ۔ دَنْ) لڑنا مصدر ستیز۔
ستیزیدہ (سِتِیْ۔ زِیْ۔ دَہ) لڑا ہوا۔
ستیغ (سِتِیْغ) لڑائی، ستیخ۔
ستیم (سِتِیْم) اندرونی مواد۔
ستین (سِتْ۔ تِیْن) ساٹھ (۶۰)
ستیہش (سِتِیْ۔ ہِشْ) لڑائی، جھگڑا۔
ستیہیدن (سِتِیْ۔ ہِیْ۔ دَنْ) گڑگڑانا۔
سج (سَجْ) گال، رخسار (سُجْ) چوتڑ، پٹھہ (سِجْ) مٹی ٹھیسنا۔
سجا (سَجَا) دیباچہ، سرنامہ، خط کا لفافہ۔
سجاد (سَجْ۔ جَادْ) بہت زیادہ سجدہ کرنیوالا۔
سجادہ (سَجْ۔ جَا۔ دَہ) جانماز، دری، قالین (سُجْ۔ جَا۔ دَہ) گٹھا۔
سجار (سِجَارْ) سگرٹ، سگار۔
سجاف (سِجَافْ) گوٹ، سنجاف۔
سجانیدن (سَجَا۔ نِیْ۔ دَنْ) ٹھنڈا کرنا۔
سجایا (سَجَا۔ یَا) سجیہ کی جمع۔
سجدہ (سَجْ۔ دَہ) فروتنی، ماتھا ٹیکنا۔
سجع (سَجْ۔ عْ) تک، نثر مقفیٰ جمع اسجاع۔
سجف (سَجْ۔ فْ) پردہ، پردہ پوشی (سَجَفْ) کمر کا پتلا پن

سجل (سِجِلّ) رجسٹر، عدالت کا حکم، تمسک، عدالتی مہر (سَجِلْ) ٹھیک، درست، اچھا (سَجْ۔ل) ڈول جمع سِجَال، سُجُوْل۔

سجن (سِجْ۔ن) قید خانہ (سَجَنْ) کڑکڑاتا جاڑا

سجنجل (سَجَنْ۔جَلْ) آئینہ۔

سجود (سُجُوْد) سجدہ کرنا۔

سجور (سُجُوْر) جھونکنا۔

سجیدن (سَجِی۔دَنْ) کڑکڑاتا جاڑا پڑنا۔

سجیل (سِجْ۔جِیْل) کھنگر، کچا پتھر۔

سجین (سِجْ۔جِیْن) دوزخ کی ایک گھاٹی، بڑا جیل خانہ (سَجِیْن) تبدیلی۔

سجیہ (سَجِیْ۔یَہ) عادت جمع سَجَایَا، سجیاتا۔

سچقان (سِچْ۔قَانْ) چوہا، موش۔

سحا (سَحَا) دیکھو سَجَا۔

سحاب (سَحَابْ) بادل، ابر جمع سَحَائِبْ، سُحُبْ۔

سحارہ (سُحْ۔حَا۔رَہْ) گورکھ دھندا۔

سحاف (سُحَافْ) سل کی بیماری۔

سحاقہ (سِحْ۔حَا۔قَہْ) چپٹی بازعورت۔

سحالہ (سُحَا۔لَہْ) لوہے کا برادہ، بھوسی۔

سحب (سَحْ۔ب) گھسیٹنا، کھینچنا۔

سحت (سَحْ۔ت) کھرچنا، چھیلنا (سُحْ۔ت) حرام کا مال۔

سحج (سَحْ۔ج) آنت کی ایک بیماری۔

سحر (سَحَرْ) صبح جمع اَسْحَارْ (سِحْ۔ر) جادو

سحر حلال (سِحْ۔رِ۔حَلَالْ) حلال جادو، اعلیٰ کلام۔

سحرگاہ، سحرگاہاں (سَحَرْ۔گَاہْ، سَحَرْ۔گا۔ہاں) فجر دم۔

سحرہ (سَحَرَہْ) ساحر کی جمع (سُحْ۔رَہْ) صبح سویرا۔

سحری (سَحَرِی) رمضان میں آخری رات کا کھانا

سحق (سَحْ۔ق) چپٹی (اطاہ)، گھسنا، پیسا مارگرانا۔

سحل (سَحْ۔ل) سوتی چٹے کپڑے، چاندی کا سکہ جمع اَسْحَال، سُحُوْل ریتنا، پرکھنا۔

سحلوت (سَحْ۔لُوْت) لچی عورت، چھنال۔

سحمہ (سُحْ۔مَہْ) سواد، سیاہی۔

سحنہ (سَحْ۔نَہْ) چہرہ کا رنگ روپ۔

سحو (سَحْ۔و) زمین کا کھرچنا۔

سحوج (سُحُوْج) کھال چھل جانا۔

سحور (سُحُوْر) رمضان کی سحری۔

سحیق (سَحِیْق) سفوف، پسا ہوا۔

سحیل (سَحِیْل) بٹا ہوا دھاگا۔

سخا (سَخَا) بخشش۔

سخافت (سَخَا۔فَتْ) سبکی، بے عقلی۔

سخاوت (سَخَا۔وَتْ) بخشش، دان۔

سخت (سَخْ۔ت) مضبوط، مشکل، نہایت، بہت۔

سخت جان (سَخْ۔تِ۔جَانْ) مضبوط، سنگدل

سخت سا (سَخْ۔تْ۔سَا) کشتی کا گھستہ۔

سخت کمان (سَخْ۔تْ۔کَمَانْ) شہ زور، پہلوان

سخت کوش (سَخْ۔تْ۔کُوْشْ) نہایت کوشش کرنے والا۔

سخت گیر (سَخْ۔تْ۔گِیْر) سخت پکڑنے والا۔

سخت گیری (سَخْ۔تْ۔گِی۔رِی) سخت پکڑنا۔

سخت میر (سَخْ۔تْ۔مِیْر) مشکل سے مرنے والا۔

سختن (سُخْ۔تَنْ، سَخْ۔تَنْ) تولنا، سمجھنا۔

سختہ (سُخْ۔تَہْ) تولا ہوا۔

سختی (سَخْ۔تِی) مصیبت، مشکل، نا ملائمی۔

سخر (سَخْ۔ر) مسخرگی کرنا، ٹھٹھول کرنا۔

سخرت (سُخْ۔رَتْ) بیگار، ٹھٹھول، بیگاری۔

سخرہ (سُخْ۔رَہْ) جس ٹھٹھول کی جاوے، بیگاری (سُخَرَہْ) ٹھٹھول کرنے والا۔

سخری (سُخْ۔رِی) افسوس، حیف۔

سخریہ (سُخْ۔رِی۔یَہْ) مسخرہ پن۔

سخط (سَخَطْ، سُخط، سُخْط) غصّہ۔
سخف (سُخْف) کم ظرفی، اوچھاپن۔
سخم (سُخْم) سیاہی، کلونس۔
سخن (سُخَنْ، سَخُنْ، سُخَنْ) کلام، بات، گرم۔
سخن پرداز (سُخَنْ۔پَر۔دَازْ) شاعر، ادیب، شعر گو، سخن کو سنوارنے والا۔
سخن پردازی (سُخَنْ۔پَر۔دَا۔زِی) ادب، شاعری
سخن پرور (سُخَنْ۔پَر۔وَرْ) شاعر، ادیب، بات کی پچ کرنے والا۔
سخن پروری (سُخَنْ۔پَر۔وَرِی) بات کی پچ کرنا۔
سخن چیں (سُخَنْ۔چِیں) چغلخور، عیب جو۔
سخن چینی (سُخَنْ۔چِی۔نِی) چغل خوری۔
سخندان (سُخَنْ۔دَانْ) شاعر، فصیح، زباندان۔
سخن دانی (سُخَنْ۔دَا۔نِی) شاعری، زباندانی۔
سخن ساز (سُخَنْ۔سَازْ) بات بنانے والا۔
سخن سنج (سُخَنْ۔سَنْج) شاعر۔
سخن طرازی (سُخَنْ۔طَرَا۔زِی) فصاحت۔
سخن فہم (سُخَنْ۔فَہْم) کلام سمجھنے والا۔
سخن فہمی (سُخَنْ۔فَہْ۔مِی) کلام سمجھنا۔
سخن گستر (سُخَنْ۔گُسْ۔تَرْ) شاعر، فصیح۔
سخن گو (سُخَنْ۔گُو) شاعر، سخن کہنے والا۔
سخنور (سُخَنْ۔وَرْ) فصیح شاعر، سخن والا۔
سخنوری (سُخَنْ۔وَرِی) شاعری، فصاحت۔
سخوط (سُخُوطْ) مکروہ، گھناونا۔
سخون (سُخُونْ) دیکھو سخن۔
سخونت (سُخُو۔نَتْ) گرمی۔
سخی (سَخِی) فیاض جمع اسخیاء۔
سخیف (سَخِیفْ) اوچھا، ہلکا، تنگ، کم ظرف۔
سخین (سَخِینْ) گرم پانی۔

سد (سَدّ) اوٹ، روک جمع اَسْدَادْ (سُدّ) دیکھو صد۔
سداب (سُدَابْ) ایک گھاس۔
سدابی (سُدَا۔بِی) ہری رنگت۔
سداد (سِدَادْ) ڈاٹ (سَدَادْ)، ناک کی ایک بیماری (سَدَادْ)، کردار اور گفتار میں راستی
سدباب (سَدّ۔بَابْ) دروازہ کی روک، دور کرنا۔
سدد (سَدَدْ) درستی، راستی۔
سدر (سِدْر) بیری (سَدَرْ) حیرت سے آنکھیں چھٹا ہوا (سَدَرْ) چکا چوند، اندھیرا۔
سدرمق (سَدّ۔رَمَقْ) آخری سانس۔
سدرہ (سِدْ۔رَہْ) بیری (سَدّ۔رَہْ) راستہ کی روک۔
سدرۃ المنتہیٰ (سِدْ۔رَتُل۔مُنْ۔تَہَا) آسمانی بیری جو انتہا پر ہے، کسی چیز کی آخری حد۔
سدس (سُدْس، سُدُسْ) چھٹا حصّہ۔
سدق (سَدَقْ) ترکش۔
سدل (سَدْل) پردہ ڈالنا، بال بکھیرنا (سِدْل) لڑی
سدم (سَدَمْ) پشیمانی۔
سدنہ (سَدَنَہْ) سادن کی جمع۔
سدوم (سَدُومْ) نام شہر حضرت لوط علیہ السلام
سدومی (سَدُو۔مِی) سدوم والا، لوطی، مغلم۔
سدہ (سُدَّہ) بند، گانٹھ، چوکھٹ جمع سُدَدْ۔
سدی (سُدًا) نانا، فرت، تلات۔
سدید (سَدِیدْ) مضبوط، ٹھیک۔
سدیس (سَدِیسْ) چھٹا حصہ۔
سر (سِرّ) فکر، خیال، خواہش، سردار، جسم کا اوپر کا حصہ، اوپر (سِرّ) بھید جمع اَسْرَارْ (سُرُورْ) خوشی، ناف، ٹھنڈک۔
سرا (سَرَا) مکان، ایک درخت، گانے والا۔

(سَرْ۔رَاہ) آرام، نرمی۔

سراب (سَرَابْ) پانی کی مانند چمکتا ہوا ریت۔

سرابستان (سَرَا۔بُسْ۔تَانْ) خانۂ باغ۔

سرابیلی (سَرَا۔بِیْ۔لِیْ) ہیجڑا۔

سراپا (سَرَا۔پَا) سر و پا، سر سے پاؤں تک۔

سراج (سِرَاجْ) چراغ، سورج جمع سُرُوْج

(سَرَّاجْ) زین دوز، زین فروش۔

سراج الیل (سِرَا۔جُلْ۔لَیْل) جگنو۔

سراچہ (سَرَا۔چَہْ) بڑا خیمہ، چھوٹا گھر۔

سراد (سَرَادْ) کچی کھجور۔

سرادق (سُرَا۔دِقْ) سراپردہ، شامیانہ جمع سُرَادِقَاتْ۔

سرار (سَرَارْ) لکیر، ہتھیلی، پیشانی جمع اَسْرَار جمع جمع اَسَارِیْر۔

سرازیر (سَرَا۔زِیْر) سلامی، ڈھلوان

سراسر (سَرَا۔سَرْ) سر بسر، تمام۔

سراسری (سَرَا۔سَرِیْ) خلاصہ، نام زیور۔

سراسیمگی (سَرَا۔سِیْ۔مَگِیْ) حیرانی، اچنبھا۔

سراسیمہ (سَرَاسِیْ۔مَہْ) حیران، ڈانواڈول

سراش (سِرَاشْ) سریش، سریشم۔

سراطی (سُرَا۔طِیْ) کاٹ والی تلوار۔

سراع (سِرَاعْ) سریع کی جمع۔

سراغ (سُرَاغْ) کھوج، اتہ پتہ۔

سراغوش (سَرْ۔آ۔غُوْشْ) سر کی ایک زنانی پوشش۔

سرافراز (سَرْ۔اَفْ۔رَازْ) سربلند۔

سرافگندہ (سَرْ۔اَفْ۔گَنْ۔دَہْ) شرمندہ۔

سرافیل (سِرَا۔فِیْل) اسرافیل، نام فرشتہ

سراقہ (سُرَا۔قَہْ) چوری کا مال۔

سرآمد (سَرْ۔آ۔مَدْ) سردار، بہتر، ممتاز۔

سرانجام (سَرْ۔اَنْ۔جَامْ) تمام کا انجام۔

سرانداز (سَرْ۔اَنْ۔دَازْ) الڑکا چادر، اوڑھنی

سراندیپ، سراندیل (سَرْ۔اَنْ۔دِیْپ، سَرْ۔اَنْ۔دِیْل) جزیرہ لنکا در بحر ہند،

سرانگشت (سَرْ۔اَنْ۔گُشْتْ) پور۔

سرآوری (سَرْ۔آ۔وَرِیْ) سرداری۔

سراوطرا (سَرَّا۔وَ۔ضَرَّا) نرمی و سختی، آرام و تکلیف۔

سرادند (سَرَا۔دَنْد) پیلا رنگ۔

سراویل (سَرَا۔وِیْل) پاجامہ، سروال کی جمع۔

سراہنگ (سَرْ۔آہَنْگ) دیکھو سرہنگ۔

سرائیدن (سَرَا۔اِیْ۔دَنْ) گانا، الاپنا مضارع سَرَایَدْ۔

سرائیدہ (سَرَا۔اِیْ۔دَہْ) گایا ہوا۔

سرائیلی (سِرَا۔اِیْ۔لِیْ) دیکھو اسرائیلی۔

سرائی (سَرَائِیْ) مکان، مسافر خانہ۔

سرایا (سَرَایَا) سریہ کی جمع۔

سرایت (سَرَا۔یَتْ) تاثیر، سما جانا۔

سرایچہ (سَرَایْ۔چَہْ) دیکھو سراچہ۔

سرایندہ (سَرَا۔یَنْ۔دَہْ) گانیوالا۔

سرایہ (سَرَا۔یَہْ) سریہ کی جمع۔

سرب (سُرْبْ) سیسہ (سَرِبْ) بہکا ہوا۔

(سَرَبْ، سَرْبْ) بل، سوراخ (سُرْبُکْ) بام، ریوڑ، جھنڈ، کڑی۔

سربابی (سَرْ۔بَا۔بِیْ) اظہار بزرگی۔

سربار (سَرْ۔بَارْ) سر بوجھ۔

سرباری (سَرْ۔بَا۔رِیْ) سر بوجھ، چھوٹا بوجھ جو بڑے بوجھ کے اوپر دھرا ہوا ہو۔

سرباز (سَرْ۔بَازْ) بہادر، سپاہی۔

سربازی (سَرْ۔بَا۔زِیْ) بہادری۔

سربازاری (سَرْ۔بَا۔زَا۔رِیْ) شہدا، لقہ۔

سرباک (سَرْ۔بَاکْ) صاحب سیاست، سزا ضابطہ

سربال (سَر۔ بالْ) پہناوا، پیراہن۔
سربالا (سَر۔ با۔ لاْ) بلند سر۔
سربخش (سَر۔ بَخْ، ش) حصّہ، بڑا حصّہ۔
سربر (سَر۔ بَرْ) سربلند، کامیاب۔
سربراہ (سَر۔ بَراہْ) منتظم، مہتمم۔
سربراہ کار (سَر۔ بَراہْ۔ کارْ) کام کا مہتمم۔
سربراہی (سَر۔ بَرا۔ ہِیْ) اہتمام، انتظام۔
سربرگرفتہ (سَر۔ بَرْ۔ گِرِفْ۔ تہْ) غیر مطیع، سرکش
سربست (سَر۔ بَسْ، ت) معمّہ۔
سربستہ (سَر۔ بَسْ۔ تہْ) پوشیدہ، سربندھا ہوا
سربسر (سَر۔ بَسَرْ) تمام، بالکل۔
سربمہر (سَر۔ بَمُہْ، ر) سر پر مہر لگا ہوا، منھ بند۔
سربلند (سَر۔ بَلَنْ، د) نامور، کامران۔
سربلندی (سَر۔ بَلَنْ۔ دِیْ) ناموری، کامرانی
سربند (سَر۔ بَنْ، د) جس کا سر بند ہو، اختیار، آگاہی۔
سرپرست (سَر۔ پَرَسْ، ت) خدمتگار، خبرگیر، مربی۔
سرپرستی (سَر۔ پَرَسْ۔ تِیْ) خبرگیری، مربی ہونا
سرپنجگی (سَر۔ پَنْ۔ جَگِیْ) زور، شدّت، ظلم۔
سرپنجہ (سَر۔ پَنْ۔ جہْ) پنجہ، پنجہ کش، طاقتور۔
سرپردہ (سَر۔ پَرْ۔ دہْ) موسیقی کا ایک طریقہ۔
سرپوش (سَر۔ پوشْ) ڈھکن، چپنی۔
سرپوشیدہ (سَر۔ پو۔ شِی۔ دہْ) کنواری لڑکی۔
سرپی (سَر۔ پِیْ) ٹھوکر، پاؤں کا سرا۔
سرپیچ، سرپیش (سَر۔ پیچْ، سَر۔ پیشْ) پگڑی میں باندھنے کا ایک زیور۔
سرتابی (سَر۔ تا۔ بِیْ) عدول حکمی، سرپھرانا۔
سرتاج (سَر۔ تاجْ) سردار۔

سرتاسر (سَر۔ تا۔ سَرْ) تمام وکمال۔
سرتافت (سَر۔ تافْ، ت) باغی، مجرم۔
سرتافتن (سَر۔ تافْ۔ تَنْ) نافرمانی کرنا۔
سرتراش (سَر۔ تَراشْ) فریبی، دغاباز۔
سرتنہا (سَر۔ تَنْ۔ ہا) اکیلا، تنہا۔
سرتیز (سَر۔ تیزْ) سرکش، جنگجو، لڑاکا۔
سرنیزہ (سَر۔ نے۔ زہْ) سنگین۔
سرج (سَرْ، ج) زین۔
سرجنگ (سَر۔ جَنْگْ) فوجی افسر۔
سرجوش (سَر۔ جوشْ) صاف، خلاصہ۔
سرجوقہ (سَر۔ جو۔ قہْ) سرغنہ، سرگروہ۔
سرچپ (سَر۔ چَپْ) نام بیماری جس سے بدن سفید پڑجاتا ہے۔
سرچسپاں (سَر۔ چَسْ۔ پاںْ) لیسیل، گوند، لیئی۔
سرچشمہ (سَر۔ چَشْ۔ مہْ) سوت، سوتہ۔
سرچکاوی (سَر۔ چَکا۔ وِیْ) لبھاؤ، تقلب۔
سرچنگ (سَر۔ چَنْگْ) ڈھول ڈھپیا، تھپڑ
سرچین (سَر۔ چینْ) خلاصہ، چنیدہ۔
سرح (سَرْح) آسانی، چرنے والا چوپایہ۔
سرحالت (سَر۔ حا۔ لَتْ) موجی، پُرکیف، مخمور
سرحان (سِر۔ حانْ) درندہ، بھیڑیا جمع سَرَاحِین۔
سرحد (سَر۔ حَدْ) آخری حد۔
سرحساب (سَر۔ حِسابْ) آگاہ، خبردار۔
سرحلقہ (سَر۔ حَلْ۔ قہْ) سردار۔
سرحمام (سَر۔ حَمْ۔ مامْ) گرمابہ، حمام کا گرم کمرہ
سرخوب (سُر۔ خوبْ) گیدڑ، شغال۔
سرخ (سُرْخ) لال
سرخاب (سُر۔ خابْ) ایک آبی پرند، گلگونہ۔

سرخ بید (سُرخ۔ بید) بید کی ایک قسم۔
سرخ پوش (سُرخ۔ پوش) لال لباس والا۔
سرخجہ (سُرخ۔جَہ) خسرہ جو ایک بیماری ہے۔
سرخرو (سُرخ رُو) کامیاب، خوش۔
سرخروئی (سُرخ۔ رُو۔ئی) کامیابی، خوشی
سرخط (سَر۔خَط) کرایہ نامہ، یادداشت، مزدوری، تنخواہ کے حساب کا کاغذ۔
سرخ مرد، سرخ مرز (سُرخ۔ مَرْد، سُرخ مرز) لال چولائی۔
سرخوش (سَر۔خُوش) جس کو نشہ کا سرور ہو۔
سرخوشی (سَر۔خُوشی) نشہ کا سرور۔
سرخود (سَر۔ خُود) خود سر۔
سرخبہ (سُر۔خَبہ) گو یا بجنی جو آنکھ کے کوئے میں نکلتی ہے
سرخی (سُر۔خی) لالی۔
سرخیل (سَر۔خَیل) سردار، امیر
سرد (سَرد) ٹھنڈا، زرہ۔
سرداب، سردابہ (سَر۔داب، سَر۔دا۔بہ) تہ خانہ۔
سردار (سَر۔دار) امیر۔
سرداری (سَر۔دا۔ری) امارت، فراک کوٹ
سردر (سَر۔دَر) سردل، دروازہ کا پٹاؤ۔
سردرختی (سَر۔ دَرَخ۔تی) پیڑ کی پیداوار
سردردی (سَر۔دَر۔دی) محنت تکلیف۔
سردست (سَر۔ دَسْت) فی الحال، ابھی
حقیر
سردستی (سَر۔ دَس۔تی) ما حضر، جو کچھ حاضر ہو۔
سردسیر (سَر۔د۔سیر) ٹھنڈی آب وہوا کی جگہ۔
سردفتر (سَر۔دَف۔تَر) ہیڈ کلرک۔
سردمہرا (سَر۔د۔مہ۔را) بے محبت۔
سردمہری (سَر۔د۔مہ۔ری) بے محبتی۔

سردی (سَر۔دی) ٹھنڈک۔
سردین (سَر۔دین) سارڈین مچھلی۔
سرر (سُرَر) بچی، کا داکی (سُرَر) سرہ کی جمع (سُرُر) سریر کی جمع۔
سرراہ (سَرِ۔راہ) راستہ کے سرے پر۔
سررشتہ (سَر۔رِش۔تہ) محکمہ، قابلیت، خواہش، اختیار۔
سرزد (سَر۔زَد) واقع۔
سرزدہ (سَر۔ زَدَہ) بے خبر، اچانک۔
سرزمین (سَر۔زَمین) زمین، ملک۔
سرزن (سَر۔زَن) سرکش، نافرمان
سرزنش (سَر۔ زَنِش) ملامت، جھڑکی۔
سرزنی (سَر۔زَنی) سر مارنا۔
سرزور (سَر۔زُور) باغی، نافرمان۔
سرزوری (سَر۔زُو۔ری) بغاوت، نافرمانی۔
سرسام (سَر۔سام) نام دماغی بیماری۔
سرسال (سَر۔سال) شروع سال۔
سرسبز (سَر۔سَب۔ز) ہرابھرا، آباد، کامیاب۔
سرسبزی (سَر۔سَب۔زی) ہرا بھراپن۔
سرسجدہ (سَر۔سَج۔دَہ) نماز کی مہر جس پر شیعہ مسلمان سجدہ کرتے ہیں۔
سرسختی (سَر۔سَخ۔تی) ضد، ہٹ۔
سرسخن (سَر۔سُخَن) عنوان، سرخی۔
سرسری (سَر۔سَری) بے توجہی کا کام، بیہودہ
سرسگار (سَر۔سِگار) منھ نال، سگرٹ کا پائپ۔
سرسور (سَر۔سُور) دانا ئے بزرگ۔
سرشار (سَر۔شار) لبالب، لبریز۔
سرشاری (سَر۔شاری) لبریزی۔
سرشام (سَر۔شام) شام کا جھٹپٹا۔
سرشت (سِرِشْت) سبھاؤ، خلقت، خمیر۔

سرشتن (سِرِشْ۔تَنْ) گوندھنا مضم سِرِشْتِیدَنْ۔
سرشتہ (سِرِشْ۔تَہْ) گوندھا ہوا۔
سرشف (سَرْ۔شَفْ) سَرسوں۔
سرشک (سِرِشْ۔ک) آنسو، قطرہ۔
سرشمار (سَرْ۔شُمارْ) بول چکیں، فضول کی کس
سرشیب (سَرْ۔شِیبْ) اوندھا۔
سرشیر (سَرْ۔شِیرْ) ملائی، بالائی۔
سرطان (سَرْ۔طانْ) کیکڑا، خرچنگ، خط سرطان
سرطوق (سَرْ۔طَوْق) کلس۔
سرع (سَرْع) انگور کی ٹہنی جمع سراع (سَرْع)
دوڑ، جلدی، سرعت (سُرْعَت) جلد باشتاب۔
سرعت (سُرْ۔عَتْ) جلدی، تیزی۔
سرغنہ (سَرْ۔غَنَہ) سرگروہ، بے مانند۔
سرغوبا (سَرْ۔غُوب) نیولا۔
سرغین (سَرْ۔غِینْ) ترقی، سرنامی۔
سرف (سَرَفْ) فضول خرچی جمع اسراف
سرفتیلہ (سَرِ فَتی۔لَہ) بتی کا گل، فتیلہ کا گل۔
سرفراز (سَرْ۔فَرازْ) دیکھو سرافراز۔
سرفرازی (سَرْ۔فَرا۔زِی) دیکھو سرافرازی
سرفندہ (سُرْ۔فِنْ۔دَہ) کھانسنے والا۔
سرفہ (سُرْ۔فَہ) کھانسی۔
سرفیدن (سُرْ۔فِی۔دَنْ) کھانسنا مضم سُرفِنْد۔
سرفیدہ (سُرْ۔فِی۔دَہ) کھانسا ہوا۔
سرق (سَرَقْ) چیرانا۔
سرقت (سَرِقَتْ یا سَرِقَہ) چوری۔
سرقلیان (سَرْ۔قَلْ۔یانْ) چلم۔
سرقین (سِرْ۔قِینْ) دیکھو سرگین۔
سرکا (سِرْکَ) خل، سرکہ۔
سرکار (سَرْ۔کارْ) حکومت، کچہری، انجنیر۔
سرکاری (سَرْ۔کا۔رِی) منسوب بطرف سرکار۔
سرکب (سَرْ۔کَبْ) الاپانی گانے بجانے والا۔

سرکردگی (سَرْ۔کَرْ۔دَ۔گی) افسری، سرداری
سرکردہ (سَرْ۔کَرْ۔دَہ) سرگروہ، سردار۔
سرکش (سَرْ۔کَشْ) نافرمان، مغرور۔
سرکشی (سَرْ۔کَشی) نافرمانی، بغاوت۔
سرکند (سَرْ۔کَنْد) جائے پناہ، وجہ نجات۔
سرکن (سَرْ۔کُنْ) سردار قوم۔
سرکوب (سَرْ۔کوب) سرکچلنے والا، ضابطہ، طعنہ
کسی کام کا استاد۔
سرکوبی (سَرْ۔کو۔بی) سرکچلنا۔
سرکوفتگی (سَرْ۔کو۔فْتَگی) حقارت، بے قدری۔
سرکہ (سِرْ۔کَہ) ایک تیزابی عرق۔
سرکہ جبیں، سرکہ پیشانی (سِرْ۔کَہ۔جَبِیں، سِرْ۔کَہ۔پے۔شا۔نی) ترشرو۔
سرگذشت (سَرْ۔گُذَشْ۔ت) واقعہ، ماجرا۔
سرگراں (سَرْ۔گِراں) خفا۔
سرگرانی (سَرْ۔گِرا۔نی) خفگی۔
سرگرداں (سَرْ۔گَرْ۔داں) پریشان۔
سرگردانی (سَرْ۔گَرْ۔دا۔نی) پریشانی۔
سرگرم (سَرْ۔گَرْم) محو، گرمجوش۔
سرگرمی (سَرْ۔گَرْ۔می) گرمجوشی۔
سرگروہ (سَرْ۔گُرُوہ) جماعت کا سردار۔
سرگزہ (سَرْ۔گَزَہ) جزیہ۔
سرگشتگی (سَرْ۔گَشْ۔تَگی) حیرانی، تیور۔
سرگشتہ (سَرْ۔گَشْ۔تَہ) حیران، بھٹکا ہوا۔
سرگل (سَرْ۔گُل) گیندا۔
سرگم (سَرْ۔گُمْ) بے راہ، بھٹکا ہوا۔
سرگوشی (سَرْ۔گو۔شی) کانا پھوسی۔
سرگین (سِرْ۔گِین) پاخانہ، گوہ۔
سرلوح (سَرْ۔لَوْح) سرورق کے نقش و نگار۔
سرم (سُرْم) پاخانے کی آنت کا منھ (جمع سُرُم)
چھلی ہوئی کھال۔

سرما (سَر۔ مَا) موسم جاڑا۔
سرمائی (سَر۔ مَا۔ اِیْ) منسوب طرف سرما۔
سرمائے تلخ (سَر۔ مَا۔ اِے۔ تَلْ۔ خ) چلّہ کا جاڑا۔
سرمایہ (سَر۔ مَا۔ یَہْ) پونجی، اصول۔
سرمایہ دار (سَر۔ مَا۔ یَہْ۔ دَارْ) پونجی والا۔
سرمایہ دارانہ (سَر۔ مَا۔ یَہ۔ دَا۔ رَا۔ نَہْ) جو سرمایہ دار سے نسبت رکھے۔
سرمایہ داری (سَر۔ مَا۔ یَہ۔ دَا۔ رِیْ) مالداری، دولتمندی، پونجی والا ہونا۔
سرمائے گل (سَر۔ مَا۔ اِے۔ گُلْ) گلابی جاڑا۔
سرمد (سَر۔ مَدْ) ہمیشہ، دائم۔
سرمدی (سَر۔ مَدِیْ) ہمیشگی، دائمی۔
سرمست (سَر۔ مَسْ۔ ت) متوالا، نشہ میں مست۔
سرمستی (سَر۔ مَسْ۔ تِیْ) متوالاپن۔
سرمشق (سَر۔ مَشْ۔ ق) خوشنویس کا لکھا ہوا قطعہ۔
سرمغزن (سَر۔ مَغْ۔ زَنْ) مصیبت، الکان۔
سرمق، سرمک (سَر۔ مَقْ، سَر۔ مَکْ) بتھوا جو جاڑے کے موسم کی ایک خودرو جنگلی سبزی ہے۔
سرمگیں (سَر۔ مَگِیْں) سرمہ والی۔
سرمو (سَر۔ مُوْ) بال کا سرا۔
سرمہ (سُر۔ مَہْ) انجن، کحل۔
سرمہ چشم (سُر۔ مَہْ۔ چَش۔ م) جس کی آنکھوں میں سرمہ ہو۔
سرمہ چوب (سُر۔ مَہْ۔ چُوْب) سرمہ کی سلائی۔
سرمہ خوردہ (سُر۔ مَہْ۔ خُرْ۔ دَہْ) گونگا۔
سرمہ دان (سُر۔ مَہْ۔ دَانْ) سرمہ رکھنے کی چیز۔
سرنا (سُر۔ نَا) شہنائی، الغوزہ۔
سرناچی (سُر۔ نَا۔ چِیْ) شہنائی بجانے والا۔
سرنامہ (سَر۔ نَا۔ مَہْ) دیباچہ کتاب، خط کا پتہ، عنوان۔
سرنائی (سُر۔ نَا۔ ئِیْ) دیکھو سرنا۔
سرنبشت (سَر۔ نِبِشْ۔ ت) دیکھو سرنوشت۔
سرنگوں (سَر۔ نِگُوْں) اوندھے سر۔
سرنو (سَر۔ نَوْ) ازسرِ نئے سر۔
سرنوشت (سَر۔ نَوِشْ۔ ت) مقسوم، نصیب، قسمت کا لکھا، لکھا۔
سرو (سَرْو) نام درخت (سَرْو) سینگ۔
سروا (سَر۔ وَا) حدیث، بات۔
سرواد (سَر۔ وَادْ) کلام، افسانہ۔
سروال (سَر۔ وَالْ) شلوار جو کہ ازدیل۔
سرو اندام (سَر۔ وِ۔ اَنْ۔ دَامْ) سرو کے پیڑ کی مانند جسم رکھنے والا، محبوب، سوہنا۔
سروبرگ (سَرْو۔ بَرْگ) خیال، پروا۔
سروبن (سَرْو۔ بُنْ) سروبا۔
سروبند (سَرْو۔ بَنْد) عہد، عصر۔
سروپا (سَرْو۔ پَا) پورا، سرپیر۔
سرو پیادہ (سَرْ۔ وِ۔ پِیَا۔ دَہْ) قد آدم سرو کا پیڑ۔
سرود (سُرُوْد، سَرُوْد) راگ، نغمہ
سرودل (سُرُوْ۔ دَلْ) دیکھو سرابیدن۔
سرودی (سُرُوْ۔ دِیْ) مغنی، گویا۔
سرور (سُرُوْر) خوشی، کلی (سَر۔ وَرْ) سردار۔
سرو رعنا (سَرْ۔ وِ۔ رَعْ۔ نَا) آراستہ سرو۔
سرو رواں (سَرْ۔ وِ۔ رَوَاں) چلتا ہوا سرو، محبوب۔
سروری (سَر۔ وَرِیْ) سرداری۔
سروساماں (سَرْو۔ سَا۔ مَاں) سامان، اسباب۔
سرو سہی (سَرْ۔ وِ۔ سَہِیْ) سیدھا سرو۔
سروش (سُرُوْش) اچھا پیغام لانے والا فرشتہ۔

سرو قامت، سرو قد (سَرْ و - قا - مَتْ، سَرْ و - قَدْ) لمبے اور سیدھے قد والا۔
سرو کار (سَرْ وْ - کار) لگاؤ، واسطہ، آخرکار۔
سردن (سُرْ دَنْ) سینگ (سُرُوْن) چوتڑ، پٹھہ
سرو ناز (سَرْ وِ - نازْ) سرو کا نیا پودا۔
سرونگاہ (سُرُوْن - گاہ) سینگ نکلنے کی جگہ۔
سرہ (سَرِہْ) نفیس، خالص، کھرا (سُرّا رَہْ) ناف، درمیان جمع سُرَرْ، سُرّات۔
سرہنگ (سَرْ - ہَنْگْ) سپاہی، سردار لشکر، کوتوال، اجڈ، نافرمان۔
سری (سَرِیْ) سرداری (سَرْیِ) چشمہ، سردا (سُرا) رات کو چلنا۔
سریان (سَرَیانْ) ایک چیز کا دوسری چیز میں مل جانا۔
سریانی (سُرْ - یا - نی) ایک قدیم زبان۔
سریچہ (سَرِیْ - چَہ) ممولا جو ایک ابلق چڑیا ہے۔
سریخہ (سَرِیْ - خَہ) خواصل جو ایک آبی پرندہ ہے۔
سریدن (سَرِیْ - دَنْ) پھسلنا۔
سریر (سَرِیْرْ) تخت، چارپائی جمع سُرُرْ، اَسِرَّہ۔
سریرت (سَرِیْ - رَتْ) بھید، راز جمع سَرَائِرْ
سریس (سَرِیْسْ) نامرد، بدھیا۔
سریش، سریشم (سَرِیْشْ، سَرِے شُمْ) چپکانے کا ایک لیس۔
سریع (سَرِیْعْ) تیز، چست۔
سریع التاثیر (سَرِیْ - عُتْ - تا - ثیرْ) جلد اثر کرنے والا
سریع الزوال (سَرِیْ - عُزْ - زَوالْ) جلد جاتا رہنے والا۔
سرین (سُرِیْنْ) چوتڑ۔
سریہ (سَرِیْ - یَہْ) عہد رسالت کا وہ اسلامی لشکر جس میں خود رسول اللہ شریک نہ تھے جمع سَرَایا (سَرَ - یا) (سُرِیْ - یَہْ) لونڈی جس کو بیوی بنا لی ہو۔
سزا (سَزا) بدلا، لیاقت، لائق۔
سزاب (سَزابْ) ایک قسم کا پیڑ۔
سزاوار (سَزا - وارْ) لائق، مناسب۔
سزاواری (سَزا - وا - رِیْ) لائقی، مناسبت۔
سزاول (سَزا - وَلْ) وصول کرنے والا۔
سزاولی (سَزا - وُلِیْ) وصولی کا کام۔
سزندہ (سَزَنْ - دَہْ) لائق ہونے والا۔
سزیدن (سَزِیْ - دَنْ) لائق ہونا مصدر سَزَدْ
سزیدہ (سَزِیْ - دَہْ) لائق، سزاوار۔
سست (سُسْتْ) ناپائیدار، ڈھیلا، متدا۔
سست پیمان (سُسْتْ پَیْ - مانْ) بدعہد۔
سست رائی، سست رایش (سُسْتْ رائی، سُسْتْ رایشْ) احمق۔
سستی (سُسْ - تِیْ) ڈھیل، کاہلی، آلکسی۔
سطبر (سِطَبْرْ) دیکھو ستبر۔
سطح (سَطْحْ) ہر چیز کا اوپر، فرش جمع سُطُوحْ، بچھانا
سطحی (سَطْ - حِیْ) اوپری، سطح سے منسوب۔
سطر (سَطْرْ، سَطَرْ) لکیر، قطار، صف جمع سُطُورْ، اَسْطار، اَسْطُرْ جمع جمع اَساطیر۔
سطر بند (سَطْر - بَنْدْ) جس پر لکیریں ہوں۔
سطر بندی (سَطْر - بَنْ - دِیْ) لکیریں کھنچی ہونا۔
سطرلاب (سُطُرْ - لابْ) دیکھو اصطرلاب۔
سطل (سَطْلْ) تھال، تشت۔
سطو (سَطْوْ) ہمکنا، حملہ کرنا۔
سطوت (سَطْ - وَتْ) قہر، دبدبہ۔
سطوع (سُطُوعْ) بلند ہونا۔
سعادت (سَعا - دَتْ) نیک بختی، مبارکی۔

سعادتمند (سَعا-دَتْ-مَنْ، د)، مبارک۔
سعادتمندی (سَعا-دَتْ-مَنْ-دِی)، مبارکی۔
سعال (سُعَالْ)، کھانسی۔
سعالہ (سِعَا-لَہْ)، غول بیابانی جم سَعَالیٰ۔
سعایت (سِعَا-یَتْ)، چغلخوری، بدگوئی۔
سعت (سِعَتْ)، فراخی، گنجایش۔
سعتر (سَعْ-تَرْ)، ایک گھاس مانند زلف۔
سعترباز (سَعْ-تَرْ-بَازْ)، چپٹی باز۔
سعتری (سَعْ-تَرِی)، شوخ، بدکار۔
سعد (سَعْ، د)، نیک جم سُعُود (سَعْ، د) ناگرمو تھا
سعدان (سَعْ-دَانْ)، بندر۔
سعدیک (سَعْ-دَیْک)، میں آپ کی مدد کیلئے بار بار حاضر ہوں۔
سعدین (سَعْ-دَیْن)، زہرہ و مشتری ہر دو نیک۔
سعدیہ (سَعْ-دِی، یَہْ)، شیخ سعدی کا مزار۔
سعر (سِعْ، ر)، بھاؤ، نرخ جم اَسْعَارْ۔
سعفہ (سَعْ-فَہْ)، گنج کی بیماری۔
سعلات (سِعْ-لَاتْ)، چڑیل، مادہ غول۔
سعود (سُعُوْد)، نیک ہونا۔
سعہ (سَعَہْ)، چوڑائی، پہنائی، ندح۔
سعی (سَعْ، ی)، کوشش۔
سعید (سَعِیْد)، نیک بخت، مبارک۔
سعیر (سَعِیْر)، دوزخ کا چوتھا طبقہ، جلتی آگ، لپٹ۔
سغب (سَغْ، ب، سَغَبْ)، بھوک۔
سغبان (سَغْ-بَانْ)، بھوکا۔
سغبہ (سَغْ-بَہ)، فریفتہ، چکنی چیز۔
سغد (سُغْ، د)، نشیبی زمین۔
سغدی (سُغْ-دِی)، قدیم فارسی زبان کی ایک شاخ جو اَب متروک ہے۔

سغر (سُغْرُ)، سیہ، خارپشت۔
سغراق (سُغْ-رَاقْ)، بڑا پیالہ (سَغْ-رَاقْ) شراب کا پیالہ، شراب۔
سغری (سَغْ-رِی)، بیحیائی، سخت روئی، کیمخت یعنی وہ چمڑا جو گورخر کی کھال سے بنایا جاتا ہے۔
سفاح (سِفَاحْ)، زناکاری (سَفْ، فَاحْ)، خونریز، سردار، نصیح۔
سفاد (سِفَادْ)، حیوانات کی جفتی۔
سفارت (سِفَارَتْ)، رسالت، ایلچی گری۔
سفارتخانہ (سِفَارَتْ-خَا-نَہْ)، کونسلخانہ۔
سفارش (سِفَا-رِش)، تعریف، کلمۂ خیر، سپردگی۔
سفاک (سَفْ، فَاکْ)، خونی، خونریز، قاتل۔
سفاکی (سَفْ، فَاکِی)، خونریزی۔
سفال (سِفَالْ)، ٹھیکری، مٹی کا برتن (سَفَالْ)، بیج پن (سُفَالْ)، ایک بیج۔
سفالگر (سِفَالْ گَرْ)، کمہار۔
سفالی (سِفَا-لِی)، سفال والہ۔
سفالین (سِفَا-لِیْن)، سفال کی مانند
سفالینہ (سِفَا-لِیْ-نَہْ)، منسوب بہ سفال، مٹی کا، مٹی کی۔
سفان (سَفْ، فَانْ)، ناخدا، ملاح۔
سفانت (سِفَانَتْ)، جہازسازی۔
سفاہت (سَفَا-ہَتْ)، کمینہ پن۔
سفائن (سَفَا-اِنْ)، سفینہ کی جمع۔
سفت (سُفْ، ت)، چھید (سَفْ، ت)، بلانوشی (سَفْ، ت)، موڈھا۔
سفتجہ (سُفْ-تَجَہْ)، ہنڈی۔
سفتن (سُفْ-تَنْ)، بیندھنا، پرونا مضم سُفْتَہ۔
سفتہ (سُفْ-تَہْ)، بیندھا ہوا (سَفْ-تَہْ)، ہنڈی، تحفہ، ہدیہ (سِفْ-تَہْ)، موٹی اور مضبوط چیز۔

سفتہ گوش (سُف۔تَہ۔گُوش) حلقہ بگوش۔
سفتیدن (سُف۔تِی۔دَن) دیکھو سفتن۔
سفچہ (سُف۔چَہ) کچا خربوزہ۔
سفر (سَفَر) مسافرت، شام کا جھٹپٹا جمع اَسفار
(سِف۔ر) تحریر، نوشتہ، کتاب جمع اَسفار
(سَف۔ر) لکھنا (سُفَر) سیہ، خارپشت۔
سفرجل (سَفَر۔جَل) میوہ بہی۔
سفرہ (سُف۔رَہ) دسترخوان، توشہ۔
سفرچی (سُف۔رَہ۔چی) بیرا، کھانا لگانے والا۔
سفرہ چیں (سُف۔رَہ۔چِیں) ریزہ چیں۔
سفری (سَفَری) مسافر (سَف۔رِی) امرود
(سُفَری) منسوب بہ سُفرہ۔
سفسار (سِف۔سَار) دلال، آڑھتی۔
سفک (سَف۔ک) خون گرانا، قتل کرنا۔
سفل (سُف۔ل) نچائی، پستی۔
سفلہ (سِف۔لَہ) کمینہ، نالائق۔
سفلی (سَف۔لَا) بہت پست (سُف۔لِی)
منسوب بہ سفل، نیچے کا، نیچے کی۔
سفن (سَفَن) بسولہ (سُفُن) سفینہ کی جمع۔
سفود (سَف۔فُود) کباب کی سیخ۔
سفوف (سَفُوف) مہین پسی ہوئی چیز، پھنکی۔
سفول (سُفُول) نیچائی۔
سفہ (سَفَہ) کم عقلی، نادانی۔
سفی (سَفِی) جھگڑا، گھٹا۔
سفید (سَفِید) چٹا۔
سفیداب (سَفِید۔آب) چٹا پوڈر، سفیدہ کاشغری
سفیدار (سَفِید۔دَار) دیکھو سپیدار۔
سفید بخت (سَفِید۔بَخ۔ت) خوش نصیب۔
سفید بختی (سَفِید۔بَخ۔تِی) خوش نصیبی۔
سفید چشم (سَفِید۔چَش۔م) بے حیا۔
سفید چشمی (سَفِید۔چَش۔مِی) بے حیائی۔

سفید مہرہ (سَفِید۔مُہ۔رَہ) سنکھ۔
سفیر (سَفِیر) ایلچی، مسافر جمع سُفَرا۔
سفیق (سَفِیق) گاڑھا کپڑا۔
سفینہ (سَفِی۔نَہ) کشتی، شعروں کی کاپی جمع سُفُن
سَفَائِن، سُفُن، سَفِین۔
سفیہ (سَفِیہ) کم عقل، کمینہ جمع سُفَہَاء۔
سقا، سقاب (سَق۔قَا، سَق۔قَاب) بھشتی۔
سقال (سِقَال) ڈاڑھی۔
سقام (سَقَام) بیماری (سِقَام) سقیم کی جمع۔
سقایت (سِقَا۔یَت) پانی دینا۔
سقایہ (سِقَا۔یَہ) پانی کا خزانہ جمع اَسقیہ
اَسَاقِی۔
سقر (سَقَر) دوزخ (سَق۔ر) ایک شکاری
پرند، چرغ۔
سقرلات، سقرلاط (سَقَر۔لَات) سقرلاط
کا لا، بانات
سقسطہ (سَق۔سَطَہ) زیادہ گوئی، وہمی چیزیں
سقسقہ (سَق۔سَقَہ) چیاؤں پیاؤں۔
سقط (سِق۔ط) ادھورا بچہ (سَقَط) بدگوئی
بھول، کھوٹی پونجی، حسابی غلطی، جھڑی
ہوئی چیز جمع اَسقاط (سَق۔ط) آگ کی
چنگاری، چوپایہ کی موت۔
سقط چیں (سَقَط۔چِیں) ریزہ جمع کرنے والا۔
سقط فروش (سَقَط۔فَرُوش) مبتذل اشعار
شاعر، پنساری۔
سقطہ (سُق۔طَہ) چھڑا، ٹکڑا، ابر کا ٹکڑا
(سَق۔طَہ) پھسلن۔
سقطی (سَقَطِی) بساطی، پنساری۔
سقطی نامہ (سَق۔طِی۔نَا۔مَہ) جانوروں
کا قوتی نامہ۔
سقف (سَق۔ف) چھت جمع سُقُف، سُقُوف

سقفی (سَق-فی) شہتیر، چھت والا۔
سقلات، سقلاط (سَق-لاتْ، سَق-لاطْ) بانات۔
سقم (سُقْم، سَقَم) بیماری، خرابی جمع اسقام۔
سقمونیا (سَق-مُو-نِیا) ایک گوند جو دواؤں کے کام آتا ہے۔
سقنقور (سَقَن-قُور) ریگ ماہی۔
سقو (سُقُو) توتلا، اَلْثَغ۔
سقوط (سُقُوط) گرا، گر جانا۔
سقوطر، سقوطرہ (سُقُو-طَر، سَقُو-طَرَہ) نام جزیرہ (بحیرۂ عرب)
سقوطری (سُقُو-طَری) ایلوا، منسوب بہ سقوطر۔
سقی (سَقْ-ی) سینچنا۔
سقیط (سَقِیط) برف جو آسمان سے گرے۔
سقیفہ (سَقِی-فَہ) چبوترہ۔
سقیم (سَقِیم) بیمار، خراب جمع سِقام۔
سک (سُک) سرکہ (سُکّ) خوشبو کا ایک مرکب (سَکّ) آہنی کڑی، کیل جمع سِکاک۔
سکات (سُکات) خاموشی، خاموش۔
سکار (سَک-کار) کلال، شراب فروش۔
سکاری (سُکا-را) سکران کی جمع۔
سکاف (سِک-کاف) موچی۔
سکاک (سَک-کاک) لوہار (سُکاک) زمین و آسمان کی درمیانی ہوا یا تھر۔
سکاکی (سَک-کا-کی) آہنگری۔
سکالش (سِکا-لِش) دیکھو سگالش۔
سکان (سُک-کان) ساکن کی جمع، پتوار، کشتی کا دنبال۔
سکاہن (سِکا-ہَن) ایک کالا رنگ۔
سکبا (سَک-با) ڈھالنا۔
سکبینج، سکبینہ (سِک-بی-نَج، سِک-بی-نَہ) ایک گوند۔
سکتہ (سَک-تَہ) شعر کی ناموزونی، نام بیماری

سکخیدن (سِک-خی-دَن) کھنکارنا۔
سکر (سُکْ-ر) نشہ، مستی (سُک-کَر) شکر، مٹھاس (سِکْر) باندھ، پانی کی روک۔
سکران (سَک-رَان، سُک-رَان) متوالا جمع سُکاری۔
سکرجہ (سُک-رُجَہ) سکورہ، مٹی کی کلھیا۔
سکرفیدن (سُکُر-فی-دَن) ٹھوکر کھانا۔
سکرہ (سَک-رَہ) موت کی تکلیف جمع سَکَرات (سُکُر-رَہ) مٹی کی کلھیا، سکرجہ۔
سکز (سَک-ز) ایک قدیم گاؤں (ایران)
سکزی (سَک-زی) ایک قدیم فارسی زبان۔
سکسک (سُک-سُک) مٹھا گھوڑا۔
سکن (سَکَن) محبت (سَکِن) مکان (سَک-ن) ایک گھر کے آدمی۔
سکنج (سُکُن-ج، سِکَن-ج) گندہ دہن۔
سکنجبین (سِکَن-جَبِین) ایک مرکب دوا۔
سکنجیدن (سِکَن-جی-دَن) کھنکارنا، ہنکارنا، کاٹنا، چھیلنا۔
سکندری (سِکَن-دَری) ٹھوکر جو گھوڑا کھاوے۔
سکنہ (سَک-نَہ) مکان، سکونت، استقامت، راستی جمع سَکَنات (سِکَنَہ) ساکن کی جمع۔
سکنی (سُک-نا) سکونت، مکین (سُکنی) مکان سے نسبت رکھنے والی چیز۔
سکو (سِکُو) چھاج، ساتھی، بچانگڑ۔
سکوت (سُکُوت) خاموشی (سُکُوت) خاموش۔
سکورہ (سِکُو-رَہ) مٹی کی کلھیا، سکرجہ، سکرہ۔
سکون (سُکُون) آرام، قرار، ٹھہراؤ۔
سکونت (سُکُو-نَت) رہائش۔
سکہ (سِک-کَہ) ٹھپہ، کوچہ، بازار، راستہ، سڑک، پھال جمع سِکَک۔
سکیر (سِک-کِیر) ہمیشہ مست۔

سکیزندہ (سکی۔زن۔دہ) اُچھلنے کودنے والا۔
سکیزہ (سکی۔زہ) کود پھاند، لات کود۔
سکیزیدن (سکی۔زے۔دن) اُچھلنا، کودنا مضم سکیزد۔
سکیزیدہ (سکی۔زے۔دہ) کود اچھا ندا ہوا۔
سکین (سِک ، کین) چاقو، چھری جمع سکاکین
سکینہ، سکینت (سَکی۔نہ، سکی۔نت) آرام، آہستگی۔
سگ (سَگ) کتا۔
سگاچہ (سگا۔چہ) کابوس۔
سگال (سگال) اندیشہ کرنے والا، خیال، اندیشہ۔
سگالش (سگا۔لش) فکر، اندیشہ، مشورہ۔
سگالندہ (سگا۔لن۔دہ) اندیشہ کرنیوالا۔
سگالیدن (سگا۔لی۔دن) قصد کرنا، اندیشہ کرنا مضم سگالد
سگالیدہ (سگا۔لی۔دہ) اندیشہ کیا ہوا۔
سگبان (سگ۔بان) کتے کا محافظ
سگ بچہ (سگ۔بچ۔چہ) کتے کا پلا۔
سگ جان (سگ۔جان) سخت جان، لالچی، لوبھی۔
سگزی (سگ۔زی) دیکھو سکزی۔
سگسار (سگ۔سار) کتے کی مانند، کنجوس۔
سگ غرچہ (سگ۔غر۔چہ) لبنڈی کتا۔
سگی (سگ، گی) کتوں وغیرہ کی لینڈی، نام داؤں۔
سگلاب (سگ۔لاب) پانی کا کتا، بید ستر۔
سل (سِل) پھیپھڑے کی ایک بیماری، نلفہ، برچھا (سَل) بیڑا، رگ کا ٹنا، تلوار سونتنا۔
سلا (سُلا) لاثانی مطرب، لاجواب گانے والا۔
سلاب (سِلاب) ماتمی کپڑا جمع سُلب۔
سلاجیت (سلا۔جیت) ایک دوائی جو پتھر سے حاصل ہوتی ہے۔

سلاح (سِلاح) ہتھیار جمع اسلحہ (سُلاح) گوہ، پاخانہ۔
سلاحدست (سِلاح۔دس۔ت) ہتھیار بند۔
سلاحدستی (سِلاح۔دس۔تی) ہتھیار بندی۔
سلاح شور (سِلاح۔شور) ہتھیار بند، پیدل سپاہی۔
سلاحف (سَلا۔حف) سلحفات کی جمع۔
سلاحی (سِلا۔حی) سپاہی، ہتھیار بند۔
سلاخ (سَل، لاخ) کھال اتارنے والا۔
سلاخی (سَل، لا۔خی) کھال اتارنا۔
سلاس (سُلاس) بیہوشی۔
سلاست (سَلا۔ست) روانی زبان، نرم، آسان، ہموار۔
سلاسل (سَلا۔سل) سلسلہ کی جمع۔
سلاطین (سَلا۔طین) سلطان کی جمع۔
سلاف (سُلاف) شراب، انگور کا دھ۔
سلاق (سُلاق) آنکھ کی پلکوں کی بیماری۔
سلاک (سَلاک) چاندی سونے کا لمبا ٹکڑا۔
سلالہ (سُلا۔لہ) نطفہ، بچہ، خلاصہ، نچوڑ جمع سُلالات۔
سلام (سَلام) نام اللہ تعالیٰ، کورنش، دعا، بے عیبی، حفاظت، چین۔
سلامانہ (سَلا۔مانہ) سلام سے منسوب۔
سلامت (سَلا۔مت) حفاظت، سلامتی۔
سلامت روی (سَلا۔مت۔رَوی) کفایت شعاری، سلامتی کی چال۔
سلامتی (سَلا۔متی) حفاظت۔
سلامی (سَلا۔می) ڈھلوان، سلام کی حالت، سلام کرنے والا، منسوب بہ سلام۔
سلائق (سَلا۔ئق) سلیقہ کی جمع۔
سلب (سَل، ب) اچک لیجانا، نیست کرنا

(سَلَب) اُچک لیجایا ہوا، اُچک لیجانا، حیوان کی کھال، ایک جنگی لباس (سَلَب) لمبا، ہلکا، پھرتیلا۔

سلت (سَلْت) جو کا غلہ (سَلْت) ناک کاٹنا، ردہ کھینچنا۔

سلجم (سَلْجَم) شلغم، شلجم۔

سلح (سِلَح) دیکھو سلاح (سُلَح) چکور کا بچہ۔

سلحپوش (سِلَح پوش) ہتھیار بند۔

سلحپوشی (سِلَح پوشی) ہتھیار بندی۔

سلح خانہ (سِلَح خانہ) ہتھیاروں کا مکان

سلحدار، سلحدست (سِلَحدار، سِلَح دست) ہتھیار بند۔

سلح شور (سِلَح شور) ہتھیار بند۔

سلحفات (سُلَحفات) کچھوا جم سلاحف۔

سلخ (سَلْخ) قمری مہینہ کا آخری دن، کھال کھینچنا، کھال اتارنا، اینچنا۔

سلخانہ (سَلْخانہ) مذبحہ، کمیلا۔

سلس (سَلَس) نرمی، ہمواری (سَلِس) نرم، ہموار۔

سلسال (سَلْسال) صاف شفاف میٹھا پانی۔

سلسل بول (سَلَسِ بول) پیشاب کی بیماری۔

سلسبیل (سَلْسَبیل) ایک جنتی چشمہ، خوشگوار چیز، شراب۔

سلسلہ (سِلْسِلہ) زنجیر، ترتیب، اولاد، نسل جم سلاسِل۔

سلطان (سُلْطان) والی، حجت، قدرت جم سلاطین۔

سلطانی (سُلْطانی) منسوب بہ سلطان۔

سلطنت (سَلْطَنَت) بادشاہت۔

سلطہ (سِلْطہ) تیز، دراز (سَلْطہ) سبزی، اچار

سلعہ (سِلْعہ) متہ۔

سلف (سَلَف) پہلے لوگ، پُرکھے، گذشتہ جم اَسلاف، سُلاف (سِلْف) ساڑھو، ہم زلف۔

سلفاً (سَلَفاً) پیشگی۔

سلفہ (سُلْفہ) نہاری، ناشتہ (سِلْفہ) دیورانی، دیور کی بیوی۔

سلق (سِلْق) چقندر، بھیڑیا (سَلْق) انڈا آدھا اُبالنا، پیٹھ ٹیکنا۔

سلقل (سَلْقَل) بایاں ہاتھ۔

سلک (سِلْک) لڑی جم اَسلاک (سَلْک) ڈورا پرونا۔

سلک برقی، سلک کہربائی (سِلْکِ بَرْقی، سِلْکِ کَہْرُبائی) تار برقی کی لائن۔

سلم (سَلَم) بدھنی، اطاعت، تسلیم (سِلْم) بچونکی نختی (سِلْم) میل ملاپ، سلامتی، سلام، صلح جم سِلام، اَسلام (سُلَّم) ڈول گوشہ دار، مارگزیدگی (سُلَّم) زینہ، وسیلہ، سبب جم سَلالیم، سَلالِم

سلوی (سَلْویٰ) لوا، دراج۔

سلوک (سُلوک) راستہ، طریقہ، راہ روی، نیک روی، برتاؤ، برتاوا۔

سلہ (سَلّہ) ٹوکری، پٹاری۔

سلیب (سَلیب) مبہوت، لٹا ہوا۔

سلیح (سَلیح) دیکھو سلاح۔

سلیس (سَلیس) رواں، ہموار۔

سلیط (سَلیط) فصیح، تیز زبان مرد۔

سلیطہ (سَلیطہ) فصیحہ، تیز زبان عورت۔

سلیقہ (سَلیقہ) شعور، سرشت، طبیعت جم سَلائق۔

سلیقہ شعار (سَلیقہ شعار) نیک سرشت۔

سلیک (سَلِیک) پروئی ہوئی چیز۔
سلیل (سَلِیل) فرزند، بچہ، بیٹا۔
سلیلہ (سَلِی۔ لَہ) بیٹی۔
سلیم (سَلِیم) درست، ٹھیک، بردبار، سلامتی والا، نادان، برگزیدہ، نام اللہ تعالیٰ۔
سلیم الطبع (سَلِی۔ مُط۔ طَب۔ ع) درست طبیعت۔
سم (سَم) زہر، سوئی کا ناکہ جمع سُمُوم، سِمَام (سِمَ۔ ام) تلی، تہ خانہ (سُم) بغیر پھٹا ہوا کھر جیسے گھوڑے وغیرہ کے ہوتا ہے۔
سما (سَمَا) آسمان جمع سماوات۔
سماجت (سَمَا۔ جَت) خرابی، برائی (سِمَا۔ جَت) ترشی، کھٹائی۔
سماح، سماحت (سَمَاح، سَمَا۔ حَت) جوانمردی، عطا کرنا۔
سماخ (سِمَاخ) دیکھو صماخ۔
سماخچہ (سِمَاخ۔ چَہ) انگیا، کرتی، چولی۔
سماد (سَمَاد) کھاد، پانس۔
سمار (سَمَار) لسی (سُم۔ مَار) سامر کی جمع۔
سماروغ (سَمَا۔ رُوغ) سانپ کی ٹوپی، ککرمتا۔
سمارک (سَمَا۔ رُوک) کبوتر۔
سماری (سُمَا۔ رِی) کشتی۔
سماط (سِمَاط) دسترخوان، قطار جمع سُمُط۔
سماطین (سِمَا۔ طَین) دورویہ قطار۔
سماع (سَمَاع) ناچ گانا، حال قال، سننا (سُم۔ مَاع) سماع کا شوقین۔
سماعت (سَمَا۔ عَت) سنائی، شنوائی۔
سماعی (سَمَا۔ عِی) سنی ہوئی بات، روایتی۔
سماق (سُمَاق) ایک سفید نرم پتھر (سُم۔ مَاق) ایک کھٹا پھل، ایک ثمر ترش۔
سماک (سِمَاک) وہ چیز جس سے دوسری چیز بلند کی جاوے، نام ستارہ جمع سُمُک (سَمَاک) سمّاق، ایک کھٹا پھل (سَم۔ مَاک) مچھلی فروش، مچھیرا۔
سم الخیاط (سَم۔ مُل۔ خِیَاط) سوئی کا ناکہ۔
سم الفار (سَم۔ مُل۔ فَار) سنکھیا، زہر۔
سمامہ (سَمَا۔ مَہ) ایک پرند جمع سَمَام۔
سمان (سَمَان) ماہ شمسی کی ستائیسویں، (سِمَان) سمین کی جمع (سَم۔ مَان) گھی والا، روغن فروش، گھی کا سوداگر۔
سمانی (سَمَا۔ نِی) بٹیر۔
سماوات (سَمَا۔ وَات) سما کی جمع
سماوی (سَمَا۔ وِی) آسمانی۔
سمت (سَم۔ ت) جانب، روش، ارادہ، شکل جمع سُمُوت (سِمَت) نشان، سراغ، پتہ جمع سِمَات۔
سمت الراس (سَم۔ تُر۔ رَاس) سر کی جانب یعنی بیچ آسمان۔
سمج (سَمِج) بدمزہ، برا۔
سمچ، سمچہ (سُم۔ چ، سُم۔ چَہ) فقیر کی گپھا، بکریوں کا تہ خانہ۔
سمح (سَم۔ ح) جوانمرد۔
سمر (سَمَر) افسانہ، کہانی جمع اَسمار (سَم۔ ر) دیکھو سمرہ۔
سمرا (سَم۔ رَا) سانولی سلونی عورت۔
سمرت (سُم۔ رَت) گندمی رنگت۔
سمرنا (سَمَر۔ نَا) نام شہر (ترکی)
سمرہ (سَم۔ رَہ) ببول، کیکر، مغیلاں۔
سمسار (سِم۔ سَار) آڑھتی، دلال جمع سَمَاسِرَہ۔
سمسام (سَم۔ سَام) تلوار، سبک اور تیز آدمی
سمسق (سَم۔ سَق) مرزنگوش، دونا مروا۔
سمسم (سِم۔ سِم) تلی، کنجد جمع سَمَاسِم (سَم۔ سَم) لومڑی، روباہ، ثعلب۔

سمسمہ (سِم سِمَہ) لال چیونٹی جمع سَماسِم۔
سمط (سِمْ ط) موتی پرونے کا ڈورا جمع سُمُوط، سُمُط ادھیڑنا۔
سمع (سَم ع) سماعت، شنوائی، کان، پند جمع اَسْمَع، اَسْماع جمع جمع اَسَامِع
سِمْع (سِمْ ع) لکڑبھگا، منڈار۔
سمعت، سمعہ (سُم عَتْ، سُم عَہ) شہرا، آوازہ۔
سمک (سَمَکْ) مچھلی جمع سُمُوک، سِماک
پاتال کی روایتی مچھلی جس پر زمین دھری ہے۔
سمکیات (سَمَکِیّاتْ) اہل زمین۔
سمل (سَم ل) آنکھ میں سلائی لگانا۔
سمن (سَم ن) گھی، مکھن جمع سُمُون، اَسْمُن
سمن (سَمَنْ) مٹاپا (سَمَنْ) ایک سفید پھول۔
سمند (سَمَنْ د) اصیل گھوڑا، پیلا گھوڑا۔
سمندر، سمندل (سَمَنْ دَرْ، سَمَنْ دَلْ) ایک روایتی جانور جو آگ میں رہتا ہے۔
سمو (سُمُوّ) بلندی (سُمُوّ) بلند۔
سمور (سَمُّوْر) ایک برفستانی جانور جس کا رواں نہایت گرم اور ملائم ہوتا ہے۔
سموع (سُمُوْع) کان جمع سَمْع۔
سمول (سُمُوْل) بھُتنگا، بُراعہ۔
سموم (سَمُوْم) گرم ہوا جمع سَمائِم (سُمُوم) سم کی جمع۔
سمہ (سِمَہْ) پوشیدہ، پنہاں۔
سمی (سَمِیّ) ہمنام، مانند۔
سمیاطیقی (سِم یا ٹی قی) ایک زبان جس کی شاخیں عربی، عبرانی اور سریانی وغیرہ ہیں۔
سمیج (سَمِیْج) بُرا، خراب۔

سمید، سمیذ (سَمِیْد، سَمِیْذ) چٹی روٹی، میدہ
سمیدن (سَمِی دَنْ) بو کرنا، سونگھنا۔
سمیرا (سَمِے رَا) سینگی۔
سمیع (سَمِیْع) نام خدا، سننے والا، سنانے والا
سمیقان (سَمِی قَانْ) جوہر، مانچی، لیاد۔
سمین (سَمِیْن) چربی، گوشت کا رواج جمع سِمَان۔
سن (سِنّ) مقدار عمر، سال جمع سِنِیْن (سَنْ) دانت، قلم کا نب جمع اَسْنَان
پتھر پر چاندڑنا۔
سنا (سَنَا) روشنی (سَنَاء) بلندی، ایک ست آور دوا (سِنَا) سینیٹ، انجمن واضعان قانون
سنابرق (سَنَا بَرْ ق) روشن بجلی، آہ۔
سناخت (سَنَا خَتْ) سڑا ہند، بدبو۔
سناد (سِنَادْ) قافیۂ شعر کا ایک عیب۔
سنام (سَنَامْ) کوہان، کوبڑ جمع اَسْنِمَہ۔
سنان (سِنَانْ) انی، نوک جمع اَسِنَّہ۔
سنبک (سُم بُکْ) گھوڑے کی ٹاپ جمع سَنَابِک۔
سنبل (سُم بُلْ) ایک گھاس، اناج کی بال۔
سنبل الطیب (سُم بُلُطْ طِیْب) بال چھڑ۔
سنبلہ (سُم بُلَہ) نام برج آسمانی، خوشہ، اناج کی بال جمع سَنَابِل
سنبوسق، سنبوسہ (سَم بُو سَقْ، سَم بُو سَہ) کھانسکی ایک چیز جو تین کونے والی ہوتی ہے۔
سنبوق (سُم بُوْق) چھوٹی کشتی، سنگی۔
سنبہ (سُم بَہ) چھیدنے کا برما۔
سنبیدن (سُم بِی دَنْ) پرونا، بیندھنا مضم سُنْبِد۔
سنبیدنی (سُم بِی دَنی) چھیدنے کے لایق۔
سنبیدہ (سُم بِی دَہ) پرویا ہوا، بیندھا ہوا۔
سنت (سُنْ نَتْ) قانون، راہ، روش،

عادت، عمل رسول اللہ جمع سُنَن (سُنَنْ)

دیکھو سنہ۔

ستتیاغو (سَن تِیا۔ غُو) چلی کا پایہ تخت (جنوبی امریکہ)

سنتیمیتر (سَن۔ تِی۔ مِی۔ تَر) سنٹیمیٹر جو ایک فرانسیسی پیمانہ ہے مطابق ۰ و ۳۹ انچ ہے۔

سنج (سَن، ج) جھانجھ، وزن، تولنے والا (سَن، ج) پسند (پسندیدہ، ایک رنگ (سَن، ج) ٹھیرا، جوڑ۔

سنجاب (سَن۔ جَاب) خاکی رنگ کی ایک نفیس گلہری۔

سنجاف (سَن۔ جَاف) گوٹ، تلوانا۔

سنجد (سَن۔ جِد) عناب کی مانند ایک پھل۔

سنجق (سَن۔ جُق) فوج کا جھنڈا، کمربند۔

سنجندہ (سَن۔ جَن۔ دَہ) تولنے والا۔

سنجیدگی (سَن۔ جی۔ دَگی) متانت، بھاری بھرکم پن۔

سنجیدن (سَن۔ جی۔ دَن) تولنا مصدر سنجد۔

سنجیدہ (سَن۔ جی۔ دَہ) متین، تولا ہوا۔

سنخ (سَنخ) سڑنا۔

سند (سَنَد) دستخط، وثیقہ، سفارش نامہ، سارٹیفکٹ، واسطہ، تکیہ گاہ، سہارا جمع اَسْنَاد (سَن، د) شریر، حرامزادہ (سَن، د) دیکھو سندہ۔

سندان (سِن۔ دَان) اہرن، نہائی۔

سندروس (سَن۔ دَرُوس) ایک گوند کے مانند کہربا

سندوق (سَن۔ دُوق) دیکھو صندوق۔

سندہ (سَن۔ دَہ) گوہ کا لیسنڈ۔

سندی (سَنَدِی) منسوب بہ سند۔

سن سن (سَن۔ سَن) سخن غیر فصیح (سِن، سَن) حرام مغز۔

سنق (سَنَق) کرکری، تخمہ، اسپ۔

سنگ (سَنگ) پتھر، بوجھ، وقر۔

سنگانہ (سَنگ، گا۔ نَہ) ایک چھوٹا سا پرند۔

سنگباری (سَنگ۔ بَا۔ رِی) پتھراؤ۔

سنگ پا (سَنگ، گ۔ پا) جھانواں۔

سنگ پشت (سَنگ۔ پُش، ت) کچھوا۔

سنگتراش (سَنگ۔ تَراش) پتھر کاٹنے والا۔

سنگتراشی (سَنگ۔ تَرا۔ شِی) پتھر کی کٹائی۔

سنگترہ (سَنگ۔ تَرَہ) نارنگی۔

سنگ جانی (سَنگ۔ جَا۔ نِی) سخت جانی۔

سنگجراحت (سَنگ، گ۔ جَرا۔ حَت) سیل کھڑی۔

سنگچہ (سَنگ۔ چَہ) اولا، ژالہ، یخچہ۔

سنگدانہ (سَنگ۔ دَا۔ نَہ) پرند کی پتھری جس میں گوہ رہتا ہے۔

سنگدل (سَنگ۔ دِل) بیرحم، پتھر دل۔

سنگدلی (سَنگ۔ دِلی) بیرحمی۔

سنگر (سَنگ، گَر) چھوٹا برچھا۔

سنگرو (سَنگ۔ رُو) بے حیا، بے شرم۔

سنگریز (سَنگ۔ رِیز) دنیا کا حادثہ۔

سنگریزہ (سَنگ۔ رِے۔ زَہ) بجری، پتھر کا ٹکڑا۔

سنگزن (سَنگ۔ زَن) چھوٹی ترازو۔

سنگ زر (سَنگ، گ۔ زَر) کسوٹی۔

سنگسار (سَنگ۔ سَار) پتھراؤ، رجم۔

سنگستان (سَنگ، گِس۔ تَان) پتھریلی جگہ، پہاڑ

سنگ سلیمانی (سَنگ، گ۔ سُلَی۔ مَا۔ نِی) ایک قیمتی جواہر۔

سنگلاخ، سنگلاخہ (سَنگ۔ لَاخ، سَنگ۔ لَا۔ خَہ) پتھریلی زمین۔

سنگم (سَنگ، گَم) دو دریاؤں کا ملاپ۔

سنگ مثانہ (سَنگ، گ۔ مَثَا۔ نَہ) پتھری۔

سنگ مرمر (سَنگ، گ۔ مَر۔ مَر) ایک سفید ملائم پتھر۔

سنگ موسیٰ (سَنگ، گ۔ مُو۔ سَا) ایک کالا پتھر۔

سنگی (سَنْگ۔ گِیْ) پتھریلا، پتھر کا، پتھر کی۔
سنگ یمن (سَنْگ۔ گِ۔ یَمَنْ) عقیق، لعل۔
سنگین (سَنْگ۔ گِیْن) بھاری، سخت، ایک ہتھیار۔
سنگین دست (سَنْگ۔ گِیْن۔ دَسْ۔ ت) کام چور۔
سنگین دل (سَنْگ۔ گِیْن۔ دِلْ) ظالم، بیرحم۔
سنگین دلی (سَنْگ۔ گِیْن۔ دِلِیْ) ظلم، بیرحمی۔
سنگینی (سَنْگ۔ گِیْ۔ نِیْ) سختی۔
سنگینیت (سَنْگ۔ گِیْ۔ نِیْ۔ یَتْ) سختی پن، بھاری پن۔
سنمار (سِنِم۔ مَارْ) چاند، ماہ، ماج۔
سنن (سُنَنْ) سنت کی جمع۔
سنور (سِنْ۔ نَوْرْ) بلی۔
سنوط (سَنُوْطْ) کھوسا، بے ڈاڑھی موچھوں والا۔
سنون (سَنُوْنْ) دانتوں کی دوا۔
سنوی (سَنَوِیْ) سالانہ۔
سنہ (سَنَہْ) سمیت، سال جمع سِنِیْن، سَنَوَاتْ (سِنَہ) اونگھ (سِنْ۔ ہ) دانتہ، دندانہ (سُنْ۔ نَہ) دیکھو سنت (سُنَّہْ، بہو، بیٹے کی بیوی (سِنْ۔ نَہ) لھسن کا جوا۔
سنہار (سُنْ۔ ہَارْ) بہو، کنّہ، کیلن۔
سنی (سُنْ۔ نِیْ) اہل سنت والجماعت مسلمان (سَنِیْ) دیکھو سنیہ (سَنْ۔ ی) گرہ کھولنا۔
سنینہ (سَنِیْ۔ نَہ) اجوبی، ہمن۔
سنیہ (سَنِیْ۔ یَہ) اونچا، روشن۔
سو (سُوْ) ۱۔طرف، جانب ۲۔ پانی، شراب (سُوْء) برائی، خراب۔
سوا (سِوَا) علاوہ، غیر، زیادہ، بہتر (سَوَا) برابر، برابری۔
سوابق (سَوَا۔ بِقْ) سابق کی جمع۔
سواحل (سَوَا۔ حِلْ) ساحل کی جمع۔
سواد (سَوَادْ) نواحی، حوالی شہر، سیاہی، پڑھائی، قابلیت، مسودہ، ملکہ، ذہن جمع اَسْوِدَہْ۔
سواد اعظم (سَوَا۔ دِ۔ اَعْ۔ ظَمْ) بڑی بستی۔
سوار (سِوَارْ) کنگن جمع اَسْوِرَہْ، اَسَاوِرَہْ (سُوَارْ) راکب، سواری پر چڑھا ہوا۔
سوارق (سَوَا۔ رِقْ) سارق کی جمع۔
سواری (سُوَا۔ رِیْ) جس پر چڑھ کر کہیں جا دیں
سواط (سَوْ۔ وَاطْ) کوڑے باز، چابک والا۔
سواطع (سَوَا۔ طِعْ) ساطع کی جمع۔
سواقی (سَوَا۔ قِیْ) ساقیہ کی جمع۔
سواف (سُوَافْ) موت، چوپایوں کی ایک سخت بیماری جس میں مرگ عام پھیل جاتی ہے۔
سواق (سَوْ۔ وَاقْ) کوچبین (سُوْ۔ وَاقْ) سائق کی جمع۔
سواک (سِوَاکْ) نرم رفتار (سِوَاکْ) مسواک۔
سواکن (سَوَا۔ کِنْ) ساکن کی جمع۔
سوال (سُوَالْ) پوچھ گچھ جمع اَسْوِلَہ، سُوَالَاتْ پوچھنا
سوالف (سَوَا۔ لِفْ) سالف کی جمع۔
سوالی (سُوَا۔ لِیْ) سوال کرنے والا۔
سوانح (سَوَا۔ نِحْ) سانحہ کی جمع۔
سوائم (سَوَا۔ ئِمْ) سائمہ کی جمع۔
سوائے (سِوَا۔ ئے) سوا، علاوہ۔
سوج (سُوْج) دیکھو سوز۔
سوچی (سُوْ۔ چِیْ) پینا مہر، ساقی، کلال۔
سوخ (سُوْخْ) پیاز (سُوْخْ) گھنسا۔
سوخت (سُوْخْ۔ تْ) جلائی، جلن، جلاوٹ۔
سوختگی (سُوْخْ۔ تَگِیْ) جلن۔
سوختن (سُوْخْ۔ تَنْ) جلنا، جلانا مضم سُوْزَدْ۔
سوختنی (سُوْخْ۔ تَنِیْ) جلنے یا جلانے کے لائق۔
سوختہ (سُوْخْ۔ تَہ) جلا ہوا، جلایا ہوا۔
سود (سُوْدْ) ۱۔فائدہ نفع، بیاج، کمائی، رگڑائی، ملک سوئیڈن (شمالی یورپ) ۲۔ اسود کی جمع

سودا (سَو-دَا) ایک خلط، دیوانگی، محبت، خواہش، کالی عورت (سَو-دَا)، خرید و فروخت۔
سوداگر (سَو-دَا-گَر) تاجر، بیوپاری۔
سوداگری (سَو-دَا-گَری) تجارت، بیوپار۔
سودان (سُو-دَان) کالے آدمی، نام ملک (افریقہ)
سوداوی (سَو-دَا-وِی) سودا کی خلط سے نسبت رکھنے والی چیز۔
سودائی (سَو-دَا-ئی) سودا کی خلط سے نسبت رکھنے والا آدمی، دیوانہ، پاگل۔
سودت (سُو-دَت) سرداری، بہتری۔
سودن (سُو-دَن) گھسنا، پیسنا، رگڑنا سفم سائیدہ۔
سودہ (سُو-دَہ) گھسا ہوا۔
سودی (سُو-دِی) بیاجی۔
سور (سُور) دعوت، جشن، لال، بھوسلا، شہر پناہ، جھوٹن، قلعہ کی دیوار۔
سوراخ (سُو-رَاخ) چھید۔
سورت (سُو-رَت) قرآن پاک کا ایک حصّہ، راہ، شرف، بزرگی ج سُوَر، سُوَر
سورنجان (سُو-رَن-جَان) نام دوائی۔
سورہ (سُو-رَہ) کسی چیز کی تیزی، بادشاہ کی ہیبت (سُو-رَہ) دیکھو سورت۔
سوری (سُو-رِی) ہر لال پھول۔
سوریا (سُو-رِیَا) ملک شام، سیریا (ایشیائے کوچک)
سوز (سُوز) جلانے والا، جلن۔
سوزاک (سُو-زَاک) مردوں کی ایک ناپاک بیماری۔
سوزاں (سُو-زَاں) جلتا ہوا۔
سوزانیدن (سُو-زَا-نِی-دَن) جلانا۔
سوزش (سُو-زِش) جلن

سوزن (سُو-زَن) سوئی۔
سوزندہ (سُو-زَن-دَہ) جلانے والا۔
سوزن کاری (سُو-زَن-کَا-رِی) سوئی کا کام۔
سوزنی (سُو-زَنِی) کپڑا سوئی کا کام کیا ہوا۔
سوزیدن (سُو-زِی-دَن) جلنا۔
سوس (سُوس) اصل، طبیعت، کیڑا، گھن، لہٹی کا پیڑ (سُوس) گھن لگنا۔
سوس النقمیح (سُو-سُن-قَم-ح) سُرسری۔
سوسرہ (سُو-سِرَہ) ملک سوئٹزرلینڈ (وسطی یورپ)
سوسمار (سُو-سْ-مَار) گوہ جانور۔
سوسن (سُو-سَن، سُو-سَن) ایک نیلا پھول جسکی پنکھڑی مثل زبان ہوتی ہے۔
سوسن نمط (سُو-سَن-نَمَط) سوسن کی طرح۔
سوسنی (سُو-سَنِی) نیلا، سوسن سے منسوب۔
سوسہ (سُو-سَہ) گھن۔
سوط (سَوط) چابک، کوڑا ج اَسْوَاط، سِیَاط
سوغات (سَو-غَات) تحفہ، ہدیہ۔
سوف (سُوف) حکمت۔
سوفار، سوفارہ (سُو-فَار، سُو-فَا-رَہ) تیر کا دہن، سوئی کا ناکہ
سوفتہ (سُوف-تَہ) گھن۔
سوفسطا (سُو-فِس-طَا) فلسفہ وہمیات۔
سوفسطائی (سُو-فِس-طَا-ئِی) وہمیات کا معتقد حکیم۔
سوق (سُوق) بازار ج اَسْوَاق، ساق کی جمع (سُوق) رواتی۔
سوقی (سُو-قِی) بازاری، دوکاندار۔
سوقیانہ (سُو-قِیَا-نَہ) بازار کے لائق۔
سوگ (سُوگ) ماتم، مصیبت، غم۔
سوگنامہ (سُوگ-نَا-مَہ) ماتم اور غم کا خط۔

سوگند (سَو۔ گَن۔ د) قسم۔
سوگوار (سُوگ۔ وَار) ماتمی، سوگدار
سوگواری (سُوگ۔ وَا۔ رِی) ماتم۔
سوگیانہ (سُوگ۔ یَا۔ نَہ) ماتمی کپڑے۔
سوَل (سَ۔ وُل) بہت زیادہ سوال کرنے والا۔
سوم (سِ۔ وُم، سِ۔ وَم) تیسرا (سَوم) گراں فروشی، بھاؤ چکانا۔
سوملہ (سَو۔ مَلَہ) پیالی۔
سومی، سومیں (سِ۔ وُمی، سِ۔ وُمیں) منسوب بہ سوم، تیسرے سے نسبت رکھنے والا۔
سونش (سُو۔ ہَنش) دھات کا برادہ۔
سوہان، سوہن (سُو۔ ہَان، سُو۔ ہَن) ریتی، چھینی۔
سوہان گیر (سُو۔ ہَان۔ گیر) نرم، ملائم۔
سوء (سُوء) خرابی، بگاڑ، بدی (سَوء) بد، غمگین کرنا۔
سوءت (سُو۔ ءَت) برائی، خرابی، شرمگاہ۔
سوء المزاج (سُو۔ اَل۔ مِزَاج) مرض، بیماری۔
سوء طریق (سُو۔ ءِ۔ طَرِیق) بدراہی، بری راہ چلنا
سوء ظن (سُو۔ ءِ۔ ظَن) گمان بد۔
سوء ظنی (سُو۔ ءِ۔ ظَنی) بدگمانی۔
سوی (سُوی) طرف، بائی (سَوِیّ) ٹھیک، درست (سِوَا) دیکھو سوا۔
سویت (سَوِی۔ یَت) برابری، اعتدال۔
سویدا (سُوَی۔ دَا) کالا نقطہ جو دل پر ہوتا ہے
سویق (سَوِیق) ستو۔
سہ (سِہ) تین
سہا (سُہَا) ایک نہایت ننھا تارا۔
سہاد (سُہَاد) بے خوابی، نیند اُچاٹ ہونا۔
سہ اسپہ (سِہ۔ اَس۔ پَہ) نہایت تیز چلنے والا۔
سہام (سِہَام) سہم کی جمع (سُہَام) لو، سخت گرمی (سُہَام) تاریکی، چہرہ کا تغیر، دبلاپن (سَہ۔ ہَام) تیرانداز
سہب (سَ۔ ہَب) جنگل (سَ۔ ہَب) ہموار زمین۔
سہ بعد (سِہ۔ بُع۔ د) لمبائی، چوڑائی، گہرائی۔
سہ پہر (سِہ۔ پَہ۔ ر) تیسرا پہر، بعد دوپہر۔
سہ چند (سِہ۔ چَن۔ د) تین گنا۔
سہد (سُہُد) تھوڑا سونے والا (سَہَد) جاگنا۔
سہ درہ (سِہ۔ دَرَہ) تین دروازے والا۔
سہر (سَہَر) بیداری (سَہ۔ ر) جاگنے کی بیماری
سہرا (سِہ۔ رَا) دولھا کے چہرے پر ڈالنے کا ہار۔
سہ روح (سِہ۔ رُوح) روح حیوانی نباتی و جمادی۔
سہ شنبہ (سِہ۔ شَم۔ بَہ) منگل۔
سہف (سَہ۔ ف) ایڑیاں رگڑنا (سَہَف) سخت پیاس۔
سہ فصلہ (سِہ۔ فَص۔ لَہ) تین فصلوں والا۔
سہ قبلہ (سِہ۔ قِب۔ لَہ) خانہ کعبہ و بیت المقدس و بیت المعمور۔
سہگاں، سہگانہ (سِہ۔ گَاں، سِہ۔ گَا۔ نَہ) سہرا، تیسرا، تین سے نسبت رکھنے والا۔
سہل (سَہ۔ ل) آسان، ہموار زمین۔
سہل انگار (سَہ۔ ل۔ اَنگ۔ گَار) آسانی پسند
سہل انگاری (سَہ۔ ل۔ اَنگ۔ گَا۔ رِی) آسان پسندی۔
سہل پسند (سَہ۔ ل۔ پَسَن۔ د) جس کو آسانی اچھی لگے۔
سہل پسندی (سَہ۔ ل۔ پَسَن۔ دِی) آسانی اچھی لگنا۔
سہلہ (سِہ۔ لَہ) دریا کا ریت۔
سہم (سَہ۔ م) حصہ، بخرہ، تیر ج سہام ڈر، وہم، خوف۔

سہم الموت (سَہ۔مُل۔مَوت) موت کا تیر۔
سہمگیں، سہمناک (سَہ۔م۔گیں، سَہ۔م۔ناک) خوفناک۔
سہ نوبت (سِہ۔نَو۔بَت) بچپن، جوانی، بڑھاپا۔
سہ نوع (سِہ۔نَو۔ع) موالید ثلاثہ۔
سہو (سَہ۔و) بھول، چوک۔
سہواً (سَہ۔وَن) بھول کر۔
سہولت (سُہُو۔لَت) آسانی، نرمی۔
سہوم (سُہُوم) ترشروئی (سُہُوم) عقاب۔
سہی (سَہی) سیدھا، سرو کا سیدھا پیڑ۔
سہیل (سُہَیل) ستارہ کا نام۔
سہیم (سَہیم) شریک، حصّہ دار۔
سیئیس (سَ۔اِنس) دیکھو سائنس۔
سی (سی) تیس، (۳۰)، (سَی) بچھڑ۔
سیا (سِیا) دیکھو سیاہ۔
سیآت (سَیِّ۔آت) سیّہ کی جمع۔
سیاح (سَیّ۔یاح) بہت سیر کرنے والا۔
سیاحت، سیاحی (سِیا۔حَت، سَیّ۔یا۔حی) گشت، سیر۔
سیادت (سِیا۔دَت) بزرگی، سرداری۔
سیار (سَیّ۔یار) سیر کرنے والا، گھومنے والا۔
سیارہ (سَیّ۔یا۔رَہ) قافلہ، سیلانی، حرکت کرنے والا تارہ، موٹر کار، موٹر لاری۔
سیاست (سِیا۔سَت) گورنمنٹ، حکمرانی کی حکمت عملی، حکومت کے کاروبار، پالٹکس
سیاست داں (سِیا۔سَت۔داں) پالیٹیشن
سیاست مدن (سِیا۔سَت۔مُدُن) پولیٹکل اکانمی، علم الاقتصاد۔
سیاسی (سِیا۔سی) منسوب بہ سیاست
(سِیا۔سِی) سیاسی کی جمع۔
سیاسیات (سِیا۔سی۔یات) علم سیاست، سیاست سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔
سیاسیوں (سِیا۔سی۔یوں) پالٹکس، پالیٹیشن، علم سیاست، سیاست جاننے والے۔
سیاط (سِیاط) سوط کی جمع۔
سیاع (سِیاع) لپائی، کہگل۔
سیاف (سَیّ۔یاف) تیغزن، خونی، جلاد۔
سیافی (سَیّ۔یا۔فی) تیغزنی۔
سیاق (سِیاق) علم حساب، حساب کتاب۔
سیاقت (سِیا۔قَت) روانی، چلانا۔
سیال (سَیّ۔یال) بہنے والی چیز۔
سیام (سی۔اَم) سیوال۔
سیاہ (سِیاہ) کالا، خراب۔
سیاہ بخت (سِیاہ۔بَخ۔ت) بدقسمت۔
سیاہ بختی (سِیاہ۔بَخ۔تی) بدقسمتی۔
سیاہ بہار (سِیاہ۔بَہار) گہرا ابر یا دل۔
سیاہ پستان (سِیاہ۔پِس۔تان) جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔
سیاہ پوش (سِیاہ۔پوش) کالا لباس پہننے والا جو اظہار سوگ کی علامت ہے۔
سیاہ پوشی (سِیاہ۔پو۔شی) کالا لباس پہننا جو سوگ اور ماتم کی علامت ہے۔
سیاہ تاب (سِیاہ۔تاب) لوہے کی کٹک۔
سیاہ چال (سِیاہ۔چال) اندھے کنویں کا قید خانہ جسمیں مجرم ڈالے جاتے تھے۔
سیاہ چردہ (سِیاہ۔چَر۔دَہ) سبز کاہی۔
سیاہ چشم (سِیاہ۔چَش۔م) شکاری پرند، نامہربان۔
سیاہ چشمی (سِیاہ۔چَش۔می) نامہربانی۔
سیاہ خانہ (سِیاہ۔خا۔نَہ) قید خانہ، نامبارک مکان۔
سیاہ دانہ (سِیاہ۔دا۔نَہ) کلونجی، شونیز۔

سیاہ دست (سِیاہ - دَسْ ت) کنجوس، بخیل
سیاہ دستی (سِیاہ - دَسْ - تِی) بخیلی، کنجوسی
سیاہ روز (سِیاہ - رُوز) خراب دن، منحوس دن
سیاہ روزی (سِیاہ - رُو - زِی) بدقسمتی
سیاہ زبان (سِیاہ - زَبان) جسکی بددعا جلد لگے
سیاہ سال (سِیاہ - سال) قحط کا برس۔
سیاہ سوختہ (سِیاہ - سُوخ - تہ) بالکل جلا ہوا۔
سیاہ فام (سِیاہ - فام) کالی رنگت۔
سیاہ قلم (سِیاہ - قَلَم) بالکل کالی تصویر۔
سیاہ کار (سِیاہ - کار) بدکار، گنہگار۔
سیاہ کاری (سِیاہ - کا - رِی) بدکاری۔
سیاہ کاسہ (سِیاہ - کا - سَہ) بخیل، کنجوس
سیاہ کام (سِیاہ - کام) بدبخت، نامراد۔
سیاہ گلیم (سِیاہ - گِلیم) بدقسمت، کنگال۔
سیاہ گوش (سِیاہ - گو - ش) نام جانور۔
سیاہ مست (سِیاہ - مَسْ ت) نشہ میں چور۔
سیاہ مستی (سِیاہ - مَس - تِی) نشہ میں چور ہونا۔
سیاہ نامہ (سِیاہ - نا - مَہ) گنہگار، فاسق۔
سیاہہ (سِیا - ہَہ) سرسری آمد و خرچ کا روزنامچہ۔
سیاہی (سِیا - ہِی) کلونس، کالی روشنائی۔
سیب (سِیب) دیکھو سیو (سِیب) داد و دہش
سیبہ (سی - بہ) مورچہ۔
سیپارہ (سی - پا - رَہ) تیسواں حصہ۔
سیپجارہ (سی - پجا - رَہ) سگریٹ، سگار۔
سیپچیرن (سے - پچی - رن) مہیا کرنا، کام کو ترتیب دینا۔
سیحون (سَی - حُون) نام دریا (وسطی ایشیا)
سیخ (سِیخ) سلاخ، تیلی۔
سیخ پا (سی - خ - پا) پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا۔
سیخ پرہ (سی - خ - پَرَہ) پرند کا ننھا بچہ جس کے پروں کی تازہ کلیاں نکلی ہوں۔
سیخ جاروب (سی - خ - جا - رُوب) جھاڑو کی تیلی۔
سیخچہ (سِیخ - چَہ) چھوٹی سلاخ۔
سید (سَیِّد - سَیْیِد) سردار، پیشوا، سید الجمع سادات
سیدی (سَی - دِی) سوڈان کا باشندہ (سَیْ - یِدِی) میرے سردار۔
سیر (سَیْر) سیر، رفتار، گشت (سِیر) آسودہ، بیزار، رنجیدہ (سِیَر) طلب (سِیَر) سیرت کی جمع، علم سوانح عمری۔
سیراب (سے - راب، سیر - آب) جس کی پیاس بجھی ہوئی ہو۔
سیرابی (سیر - آ - بی، سے - را - بی) پیاس بجھنا۔
سیران (سَی - ران، سَیَران) سیر کرنا۔
سیر آہنگ (سیر - آہنگ) بلند آواز۔
سیرت (سِی - رَت) عادت، خصلت جمع سِیَر
سیر چشم (سیر - چش م) غنی نگاہ والا۔
سیر حاصل (سیر - حا - صِل) زرخیز زمین۔
سیرو (سی - رُو) گھن۔
سیری (سے - رِی) طبیعت بھر جانا۔
سیزدہ (سِیز - دَہ) تیرہ (۱۳)
سیزدہم (سِیز - دَہم) تیرھواں۔
سیزگی (سِیز - گی) سختی، رنج، درد۔
سیسا (سی - سا) مہرہ پشت جمع سیاسی
سیسبان (سِیس - بان) سنبھالو، اذخمسہ اصابع
سیستان (سِیس - تان) نام صوبہ (جنوبی ایران)
سیغ (سِیغ) دیکھو سیخ
سیف (سَیف) تلوار جمع اَسیاف، سُیُوف (سِیف) ساحل، دریا یا سمندر کا کنارہ۔

سیفور (سَی۔فُوْر) کالا ریشمی کپڑا۔
سیفہ (سَی۔فَہْ) جلد ساز کے کتاب کاٹنے کا آلہ۔
سیفی (سَی۔فِیْ) منسوب بہ سیف، چھوٹی تلوار۔
سیق (سَیْق) بے پانی کا بادل۔
سیقہ (سَی۔قَہْ) بیڑہ۔
سیکورتا (سِی۔کُوْر۔تَا) بیمہ۔
سیکی (سِی۔کِیْ، سے۔کِیْ) شراب جو پکنے پکتے آدھی رہجاوے۔
سیل (سَیْل) رَو جمع سُیُوْل۔
سیلاب (سَیْ۔لَاب) پانی کی رَو۔
سیلابی (سَیْ۔لَا۔بِیْ) منسوب بہ سیلاب۔
سیلان (سَیَلَان، سَیْ۔لَان) رقیق چیز بہنا (سِی۔لَان) جزیرہ لنکا۔
سیلانی (سَیْ۔لَا۔نِیْ) زائر، گشت کا شوقین۔
سیل عرم (سَیْ۔لِ۔عَرِم) زور کا سیلاب۔
سیلی (سے۔لِیْ، سِیْ۔لِیْ) تھپڑ، چانٹا، تپھیڑا۔
سیم (سِیْم) چاندی۔
سیما (سِیْ۔مَا) پیشانی، نشان (سِیْ۔مَا) خاص، خاصکر۔
سیماب (سِیْ۔مَاب، سِیْم۔آب) پارہ، زیبق۔
سیمابی (سِیْ۔مَا۔بِیْ) منسوب بہ سیماب۔
سیما ہنگ (سِیْ۔مَا۔ہَنْگ) کرلیا، تشا رالکھار۔
سیمبر، سیمتن (سِیْم۔بَرْ، سِیْم۔تَنْ) چاندی سا جسم والا، جس کا بدن بہت گورا چٹا ہو۔
سیمرغ (سِیْ۔مُرْغ) ایک روایتی بہت بڑا پرند۔
سیم سوختہ (سِیْم۔سُوْخْ۔تَہْ) خالص چاندی۔
سیم قراری (سِیْم۔قَرَا۔رِیْ) وہ روپیہ جو خوراک کے خرچ کے لئے دیا جاوے۔
سیمکار (سِیْم۔کَار) دلفریب۔
سیمکاری (سِیْم۔کَا۔رِیْ) دلفریبی۔
سیم کش (سِیْم۔کَشْ) نصو طرح۔

سیم گل (سِیْم۔گِلْ) پوتا مٹی، پنڈول۔
سیمی (سِیْ۔مِیْ) منسوب بہ سیم، چاندی کا۔
سیمیا (سِیْ۔مِیَا) طلسم، وہمی چیزیں جن کا فی الواقع کوئی وجود نہ ہو، خیالی اور وہمی شکلیں
سیمیں (سِیْ۔مِیْں) چاندی کا، منسوب بہ سیم۔
سینا (سِیْ۔نَا) نام پہاڑ در شمالی و شرقی مصر
سینہ (سِیْ۔نَہْ) چھاتی۔
سینہ افگار (سِیْ۔نَہْ۔اَفْ۔گَار) دیکھو سینہ فگار
سینہ باز (سِیْ۔نَہْ۔بَاز) سینہ کھلا ہوا، بلند۔
سینہ بند (سِیْ۔نَہْ۔بَنْد) چولی، انگیا۔
سینہ چاک (سِیْ۔نَہْ۔چَاک) مصیبت زدہ، دکھیارا۔
سینہ چاکی (سِیْ۔نَہْ۔چَا۔کِیْ) مصیبت، دکھ۔
سینہ زنی (سِیْ۔نَہْ۔زَ۔نِیْ) مصیبت میں چھاتی پیٹنا۔
سینہ زور (سِیْ۔نَہْ۔زُوْر) طاقت پر مغرور۔
سینہ زوری (سِیْ۔نَہْ۔زُوْ۔رِیْ) جبر، زبردستی۔
سینہ سوختہ (سِیْ۔نَہْ۔سُوْخْ۔تَہْ) مصیبت زدہ۔
سینہ فگار (سِیْ۔نَہْ۔فِگَار) زخمی دل۔
سینہ کوبی (سِیْ۔نَہْ۔کُوْ۔بِیْ) چھاتی کوٹنا۔
سینی (سِیْ۔نِیْ) تھال، خوان۔
سینین (سِیْ۔نِیْن) مبارک، میمون۔
سیو (سِیُوْ) نام میوہ۔
سیورغال (سُیُوْر۔غَال) انعام، مدد معاش۔
سیہ (سِیَہْ) دیکھو سیاہ۔
سیہ مست (سِیَہْ۔مَسْت) بدمست۔
سیہ مستی (سِیَہْ۔مَسْ۔تِیْ) بدمستی۔
سیئہ (سَیْ۔یِءَ) برائی، بدی جمع سیّأت، تسا وی۔

ش

شا (شِین) حرفِ شمسی، قائم مقام عدد ۳۰۰، متعدد حروف سے بدل ہے علی الخصوص ا۔ ت کے ساتھ مثلاً بخش، بخت۔ ۲۔ ج کے ساتھ مثلاً کاش، کاج۔ ۳۔ چ کے ساتھ مثلاً پاشاں، پاچال۔ ۴۔ د کے ساتھ مثلاً کوداب، کوشاب۔ ۵۔ ز کے ساتھ مثلاً زلوک، شلوک۔ ۶۔ ژ کے ساتھ مثلاً دژ، دش۔ ۷۔ س کے ساتھ مثلاً فرشتہ، فرستہ۔ ۸۔ غ کے ساتھ مثلاً شتغ، غستغ۔ ۹۔ ل کے ساتھ مثلاً اسپوش، اسپغول۔ ۱۰۔ ہ کے ساتھ مثلاً پاشنگ، پاہنگ۔

شا (شا) شاد۔

شاب (شَابّ) جوان آدمی جمع شَبِیب، شُبّاب، شَبَبَۃ، شُبّان۔

شاباش (شَا۔بَاشْ) کلمۂ تحسین، نیازہ پیشکش۔

شاباشی (شَا۔بَاشِیْ) تعریف و تحسین۔

شابہ (شَابْ۔بَہْ) جوان عورت جمع شَبَابَہْ، شَوَابّ۔

شات (شَاتْ) بکری، بھیڑ، گوسپند۔

شاتو (شَا۔تُوْ) زینہ، سیڑھی۔

شاخ (شَاخْ) ٹہنی، سینگ، ٹکڑا۔

شاخابہ (شَا۔خَا۔بَہْ) خلیج، شاخِ دریا۔

شاخ آہو (شَا۔خِ۔آ۔ہُوْ) گمان، جھوٹا وعدہ۔

شاخچہ (شَاخْ۔چَہْ) ننھی ڈالی، ٹہنی۔

شاخچہ بندی (شَاخْ۔چَہْ۔بَنْ۔دِیْ) درخت کا پیوند، بہتان انگیزی۔

شاخدار (شَاخْ۔دَارْ) مغرور، دیوث، سینگ والا، ٹہنی والا۔

شاخسار (شَاخْ۔سَارْ) جھرمٹ، کنج، باغ۔

شاخ شمشاد (شَاخِ شِمْشَادْ) دنیا۔

شاخ شاخ (شَاخْ۔شَاخْ) ٹکڑے ٹکڑے۔

شاخسانہ (شَاخْ۔سَا۔نَہْ) سرچڑھا فقیر، بات میں بات، بات کا سلسلہ۔

شاخص (شَا۔خِصْ) حیران، مبہوت۔

شاخ گل (شَا۔خِ۔گُلْ) معشوق۔

شاخ گیسو (شَا۔خِ۔گِیْ۔سُوْ) لٹ۔

شاخل، شاخول (شَا۔خِلْ، شَا۔خُوْلْ) غلہ ار ہر۔

شاخہ (شَا۔خَہْ) جوا، کاٹھ جبر جرم کی ایذادہی کا۔

شاد (شَادْ) خوش۔

شاداب (شَا۔دَابْ) سیراب، تروتازہ۔

شادابی (شَا۔دَا۔بِیْ) تروتازگی۔

شادال (شَا۔دَالْ) خوشحال۔

شادباش (شَادْ۔بَاشْ) خوش رہو۔

شادبہر (شَادْ۔بَہْ۔رْ) خوشی، خوشحالی۔

شادخوار (شَادْ۔خَوَارْ) آسودہ، خوشحال۔

شادخواری (شَادْ۔خَوَا۔رِیْ) آسودگی، خوش حالی۔

صبح امید (صُبْ۔ح۔اُمْ۔مِیْد) امید کی صبح۔
صبح خند (صُبْ۔ح۔خَنْ۔د) دل کھلکھلاہٹ۔
صبح خیز (صُبْ۔ح۔خِیْز) صبح اُٹھنے والا۔
صبح خیزی (صُبْ۔ح۔خِے۔زِی) صبح اُٹھنا۔
صبحدم (صُبْ۔ح۔دَمْ) گجردم۔
صبحگاہ (صُبْ۔ح۔گَاہ) صبح کا وقت۔
صبحگاہی (صُبْ۔ح۔گَا۔ہِی) منسوب بہ صبحگاہ۔
صبحہ (صُبْ۔حَہ) گوراپن۔
صبر (صَبْ۔ر) ڈھارس، شکیب (صَبْ۔ر، صَبِر) ایلوا (صَبِر) اذیت۔
صبر آزما (صَبْ۔ر۔آز۔مَا) صبر آزمانے والا۔
صبرہ (صُبْ۔رَہ) جاش، اناج کی راش۔
صبغ (صِبْ۔غ) رنگ جمع اَصْبَاغ (صَبْ۔غ) رنگ کرنا۔
صبغہ (صِبْ۔غَہ) رنگ، دین، ملت۔
صبوح، صبوحی (صَبُو۔ح، صَبُو۔حِی) صبح کی شراب۔
صبور (صَبُوْر) صبر کرنے والا۔
صبورہ (صَبُو۔رَہ) ہیجڑا، مخنث۔
صبوری (صَبُو۔رِی) صبر۔
صبی (صَبِیّ) چھوکرا، دودھ چھٹا بچہ جمع صِبْیَان، اَصْبُب، اَصْبِیَہ، صِبْوَہ
(صِبَا) بچپن، لڑکپن، بالپن۔
صبیح (صَبِیْح) خوبصورت، گورا چٹا جمع صِبَاح۔
صبیہ (صَبِیّہ) لڑکی، دختر، چھوکری۔
صح (صَحّ) تندرست۔
صحاب (صِحَاب) صاحب کی جمع۔
صحابت (صَحَا۔بَت) ایسوسائٹی، دوستی۔
صحابہ (صَحَا۔بَہ) دوست ہونا، صحابی کی جمع۔

صحابی (صَحَا۔بِی) سردار دو عالم کا دوست جمع صَحَابَہ۔
صحاح (صَحَاح) دیکھو صحیح (صِحَاح) صحیح کی جمع۔
صحاری (صَحَا۔رَا، صَحَا۔رِی) صحرا کی جمع۔
صحاف (صَحّ۔حَاف) جلدساز، کتب فروش۔
صحائف (صَحَا۔اِف) صحیفہ کی جمع۔
صحب (صَحْ۔ب) صاحب کی جمع۔
صحبان (صُحْ۔بَان) صاحب کی جمع۔
صحبت (صُحْ۔بَت) یاری، سنگت۔
صحبت داری (صُحْ۔بَت۔دَا۔رِی) میل جول رکھنا، سنگت رکھنا۔
صحت (صِحْ۔حَت) تندرستی، درستی۔
صحرا (صَحْ۔رَا) ریگستان، بیابان جمع صُحْر، صَحَارِی، صَحَارٰی، صَحْرَاوَات۔
صحرانشین (صَحْ۔رَا۔نَشِیْن) بن باسی۔
صحرانورد (صَحْ۔رَا۔نَوَرْد) بیابان میں پھرنے والا۔
صحرانوردی (صَحْ۔رَا۔نَوَرْ۔دِی) بیابان میں پھرنا۔
صحرائی (صَحْ۔رَا۔اِی) جنگلی، بیابانی۔
صحف (صَحْ۔ف) دیکھو صحفہ (صُحُف، صُحْ۔ف) صحیفہ کی جمع۔
صحفہ (صَحْ۔فَہ) پیالہ، کاسا جمع صِحَاف۔
صحن (صَحْ۔ن) انگنائی، طباق، طشت۔
صحنک (صَحْ۔نَک) رکابی، طشتری۔
صحو (صَحْ۔و) ہوش میں آنا، ہوشیاری۔
صحیح (صَحِیْح) تندرست، عیب سے پاک جمع صِحَاح، اَصِحَّا، صَحَائِح۔
صحیح نگار (صَحِیْح۔نِگَار) خبریں لکھنے والا
صحیفہ (صَحِی۔فَہ) کتاب، رسالہ جمع صَحَائِف، صُحُف، صُحْف۔
صخاب (صَخّ۔خَاب) فریاد کرنے والا۔

صخب (صَخَبْ) کلکل، فریاد، واویلا۔
صخر، صخرہ (صَخْ، ر، صَخْ۔ رَہْ) چٹان، بڑا پتھر
جمع صخرۃ، صخور، صخرات، صخر۔
صخرۂ صما (صَخْ۔ رَا۔ صَم، مَا) ایک پتھر جو
بیت المقدس میں ہے۔
صد (صَدْ) سَو (صَدّ) روک، آڑ، باز رکھنا۔
صدا (صَدَا) آواز، آواز کی گونج۔
صدارت (صَدَا۔ رَتْ) چیرمینی، وزارت،
بالانشینی۔
صدارس (صَدَا۔ رَسْ) جہاں تک آواز پہونچے
صداع (صُدَاعْ) دردسر۔
صداق (صِدَاقْ) کابین، مہر جمع صُدُق۔
صداقت (صَدَا۔ قَتْ) سچائی، درستی۔
صدائے بازگشت (صَدَا۔ اِے۔ بَازْ۔ گَشْ۔ ت)
آواز کی گونج۔
صدبرگ (صَدْ۔ بَرْ۔ گْ) نام پھلواری، گیسندا۔
صدپا (صَدْ۔ پَا) دیکھو ہزارپا۔
صدد (صَدَدْ) نزدیکی، مقابلہ۔
صدر (صَدْ، ر) سینہ، بالانشیں جمع صُدُور۔
صدرہ (صُدْ۔ رَہْ) صدری، سینہ پوش لباس۔
صدع (صَدْ، ع) شگاف، دراڑ۔
صدغ، صدغہ (صُدْ، غ، صُدْ۔ غَہ)
کنپٹی، شقیقہ۔
صدغین (صُدْ۔ غَیْن) دونوں کنپٹیاں۔
صدف (صَدَفْ) سیپی جمع اَصْدَاف۔
صدف پیچاک (صَدَفْ۔ پے۔ چَاکْ) گھونگا
صدق (صِدْ، ق) سچائی، سچ جمع صُدُق، اَصْدَاق
صدقہ (صَدَقَہ صَدْ۔ قَہْ) قسم خیرات جمع صَدَقَات۔
صدقہ جاریہ (صَدْ۔ قَ، اِ۔ جَا۔ رِیَہْ) وہ خیرات
جس کا فائدہ ہمیشہ جاری رہے۔
صدم (صَدْ، م) دھکا دینا (صَدْمَ) سو وال ...

صدمہ (صَدْ۔ مَہْ) ضرر، چوٹ جمع صَدَمَات۔
صدود (صُدُوْد) رُک جانا، باز آنا۔
صدور (صُدُوْر) صدر کی جمع، باہر نکلنا۔
صدوق (صَدُوْق) بہت سچا۔
صدء (صَدْ، ء) زنگ کھانا۔
صدی (صَدِی) منسوب بہ صد، سَو سال۔
صدید (صَدِیْد) مواد، پیپ۔
صدیر، صدیری (صُدَیْرَہ، صُدَیْ۔ رِیْ)
شلوکا، فتوئی۔
صدیق (صِدْ، دِیْق) بہت سچا جمع اَصْدِقَا،
صُدَقَا، اَصَادِق (صَدِیْق) دوست۔
صدیک (صَدْ۔ یَکْ) ایک فی صدی۔
صر (صِرّ) پالا یعنی ہلکی ہلکی برفباری۔
صراح (صُرَاحْ) خلاصہ، روشنائی، ہر خالص چیز
صراحت (صَرَا۔ حَتْ) آشکارا، صفائی، تفریح
صراحتاً (صَرَا۔ حَتَنْ) صراحت کے ساتھ۔
صراحی، صراحیہ (صُرَا۔ حِیْ، صُرَا۔ حِیَہ)
لمبی گردن والا برتن۔
صراخ (صُرَاخْ) زور کی آواز (صَرْ، رَا...)
مور، طاؤس، چلانے والا۔
صراط (صِرَاطْ) راستہ (صُرَاطْ) ایک لمبی تلوار
صراع (صِرَاعْ) کشتی لڑنا۔
صراف (صَرْ، رَافْ) چاندی سونا پرکھنے والا
یا ماہر علم صرف۔
صرافت (صَرَا۔ فَتْ) چاندی سونے کا
خالص پن۔
صرافہ (صَرْ، رَا۔ فَہْ) چاندی سونے
کا روبار کی جگہ۔
صرافی (صَرْ، رَا۔ فِیْ) چاندی سونے کا کار
صرام (صُرَامْ) سختی، بلا، جنگ (صَرْ...)
موچی، چرم ساز۔

صراحت (صَرَا-حَت) بڑائی، دلاوری، چالاکی۔
صرب، صربستان (صَرْب، صَرْ-بِس-تان) ملک سرویہ (بلقان، مشرقی یورپ)
صرح (صَرْح) محل، گڑھی، حویلی، ظاہر کرنا (صَرَح) خالص۔
صرخہ (صَرْ-خَہ) واویلا، چیخ پکار، عذاب۔
صرد (صُرَد) شکاری پرند، لٹورا، کاک۔
صرصر (صَرْ-صَر) جھکڑ، ٹھنڈا، سرپرا۔
صرصود (صُرْ-صُود) جھینگر۔
صرع (صَرْع) مرگی، پچھاڑنا۔
صرف (صِرْف) خالص، محض، تنہا (صَرْف) قواعدِ زبان کی ایک شاخ، خرچ، زیادتی، حیلہ جمع صُرُوف، صَرف، صِراف۔
صرفہ (صَرْ-فَہ) فائدہ، نفع، خرچ، کنجوسی، زیادتی، مہربانی، الطاف، فرصت، حیلہ، مکر۔
صرفہ بینی (صَرْ-فَہ-بِی-نی) کفایت شعاری۔
صرفی (صَرْ-فی) علم صرف جاننے والا۔
صرم (صَرْم) دیکھو جرم (صُرْم) کٹائی، چھوٹائی (صِرْم) ٹولہ، ٹولی۔
صرہ (صُرَّہ) تولی، ہمیانی۔
صریح (صَرِیح) ظاہر، آشکار، جمع صُرَحا، صُرائح۔
صریخ (صَرِیخ) فریادی، فریادرس۔
صریر (صَرِیر) قلم کی آواز لکھتے وقت، چاپ، کھڑکھڑاہٹ، بھنبھناہٹ۔
صریع (صَرِیع) ڈالا ہوا جمع صُرعا۔
صریف (صَرِیف) سونا چاندی، تازہ دودھ۔
صریمہ (صَرِی-مَہ) قصد، ہڑتال، کام چھوڑنا۔
صعاق (صُعَاق) کڑک۔
صعب (صَعْب) دشوار، سرکش جمع صِعاب۔
صعدہ (صَعْ-دَہ) ایک گورخر، بہت سے گورخر۔
صعق (صَعْق) برق زدگی، بیہوشی، موت (صَعَق) آواز کی سختی (صَعِق) سخت آواز والا۔
صعقہ (صَعْ-قَہ) بے ہوشی۔
صعلوک (صُعْ-لُوک) فقیر، درویش، جھاکالیک۔
صعوبت (صُعُو-بَت) دشواری۔
صعود (صُعُود) بلندی پر چڑھائی (صَعُود) بلندی، عذاب، اوپر چڑھنے والا۔
صعوہ (صَعْ-وَہ) ممولا جو ایک چڑیا ہے۔
صعید (صَعِید) خاک، روئے زمین۔
صغار (صِغَار) صغیر کی جمع، صغریٰ کی جمع (صَغَار) خواری، ظلم، چھوٹاپن۔
صغارت (صَغَا-رَت) چھوٹائی، خردی۔
صغار و کبار (صِغَا-رُو-کِبَار) ہمہ شما، کہ ومہ، چھوٹے اور بڑے۔
صغب (صَغْب) چھوٹے سر والا۔
صغر (صِغَر) چھوٹائی، خردی (صُغْر) خواری، ستم (صُغَر) صغیر کی جمع۔
صغریٰ (صُغْ-رَا) بہت چھوٹی، منطقی شکل کا پہلا قضیہ جمع صِغار۔
صغیر (صَغِیر) چھوٹا جمع صُغَرا، صِغار، صُغَر، صُغْری۔
صغیرہ (صَغِی-رَہ) چھوٹی، صغیر کا مونث جمع صَغائر۔
صف (صَف) قطار، کلاس، جماعت جمع صُفُوف۔
صفا (صَفَا) پاک، بے کھوٹ، دوستی۔
صفاد (صِفَاد) بیڑی، ہتھکڑی جمع اَصْفاد۔
صفار (صَفْ-فَار) ٹھٹھیرا۔
صفاق (صِفَاق) پیٹ کی ایک باریک جھلی۔
صفاہان (صَفَا-ہَان) اصفہان۔
صفائی (صَفَا-ئی) پاکی، بے کھوٹ پن۔
صفت (صِفَت) گُن، علامت، نشان، تعریف جمع صِفات۔

صفح (صَفْ ح) عفو گناہ، معافی۔
صفحہ (صَفْ۔ حَہ) ورق کا ایک رخ جمع صَفَحات، صَفَائِح، صِفَاح۔
صفد (صَفْد) بخشش، نصیحت، قید، عہد جمع اَصْفَاد (صَفْ، د) بند کرنا۔
صفدر (صَفْ۔ دَرْ) صف پھاڑنے والا۔
صفدع (ضِفْ۔ دَع) مینڈک۔
صفر (صِفْ، ر) حسابی نشان (۰، ٠) خالی، نادار جمع صِفَار، اَصْفَار (صَفَر) دوسرا قمری اسلامی مہینہ، پریشان، خالی ہونا۔
(صُفْ، ر) پیلائی، کانسی، ہفت جوش۔
صفرا (صَفْ۔ رَا) ایک خلط کا نام، پت، پیلی چیز، اصفر کا مونث۔
صفراوی (صَفْ۔ رَا۔ وِی) منسوب بہ صفرا۔
صفرت (صُفْ۔ رَتْ) پیلائی، زردی (صَفْ۔ رَتْ) بھوکا، بھوک۔
صفصاف (صَفْ۔ صَافْ) بید کا جھاڑ۔
صفصف (صَفْ۔ صَفْ) ہموار زمین۔
صفع (صَفْ، ع) تھپڑ بازی، مشت زنی۔
صفقہ (صَفْ۔ قَہ) بیعت یا بیع کے لئے ہاتھ میں ہاتھ دینا۔
صف کشی (صَفْ۔ کَشِی) فوج کی پیشقدمی۔
صفوت (صَفْ۔ وَتْ، صُفْ۔ وَتْ) خلاصہ، صاف، برگزیدہ۔
صفوۃ الاخبار (صِفْ۔ وَتُل۔ اَخْ۔ بَارْ) چیدہ خبریں، خبروں کا خلاصہ۔
صفوی (صَفَوِی) ایران کا ایک شاہی خاندان۔
صفہ (صُفْ، فَہ) چبوترہ کا سائبان، سائبان۔
صفی (صَفِی، صَفِیّ) خالص، برگزیدہ، دوست جمع اَصْفِیَاء، صَفَایَا۔
صفیحہ (صَفِی۔ حَہ) ہر چوڑی چیز، زنک پلیٹ جمع صَفَائِح۔

صفیر (صَفِیر) منہ کی سیٹی، پرند کی آواز۔
صفیق (صَفِیق) سخت چمڑا، سنگین کپڑا۔
صفیہ (صَفِی، یَہ) برگزیدہ عورت۔
صقال (صِقَال) جلا، چمک (صَق، قَال) صیقلگر
صقالت (صِقَا۔ لَتْ) صیقل کرنا۔
صقر (صَق، ر) جبرہ (صُقُوْ، قُرْ) بھجڑوا۔
صقع (صَق، ع) ڈھول ڈھپ، تھپڑ۔
صقیع (صَقِیع) اوس، شبنم، پالا۔
صقیل (صَقِیل) جلا دار، چمکدار۔
صک (صَکّ) تبالہ، نامہ، چک جمع صِکَاک، صُکُوک۔
صکاک (صَکَا، کَاکْ) دستاویز نویس (صُکَاک) ہوا۔
صکیک (صَکِیک) ناتوان، ضعیف۔
صل (صَلْ) شراب کی صفائی (صَلّ) مصیبت، بلا
صلا (صَلَا) پکار (صِلَا) بھنا ہوا۔
صلابت (صَلَا۔ بَتْ) سختی۔
صلات (صِلَاتْ) صلہ کی جمع
صلاح (صَلَاحْ) مشورہ، نیکی، نصیحت (صِلَاح) صلح، آشتی۔
صلاحیت (صَلَا۔ حِیْ۔ یَتْ، صَلَا۔ حِیَتْ) نیکی یا بھلائی
صلایہ (صِلَا۔ یَہ) سِل بٹہ۔
صلب (صَلْ، ب) تصلیب، سولی دینا، ایذا رسانی (صُلْ، ب) نسل، حسب، کمر کی ہڈی، سخت، قوت جمع اَصْلَاب، اَصْلُب، صِلَبَہ (صَلَبْ) سخت۔
صلبی (صُلْ۔ بِی) پشتینی، ٹھوس۔
صلبیہ (صُلْ۔ بِی، یَہ) آنکھ کا ساتواں پردہ
صلت (صَلْ، لَتْ) کشادہ پیشانی، سخاوت آشکارا چیز۔
صلح (صُلْ، ح) ملاپ، آشتی۔

صلحا (صُلَحا ء) صالح کی جمع۔
صلح کل (صُل ح۔ کُل) سب سے ملاپ۔
صلحہ (صُل۔حَہ) ملاپ، دوستی۔
صلد (صَل د) سخت، صاف۔
صلصال (صَل۔صَال) کچی سوکھی مٹی جو بجانے سے بولے۔
صلصل (صُل۔صُل) ناختہ، حوض میں بچا پانی، گھوڑے کی چوٹی جمع صَلَاصِل۔
صلصلہ (صَل۔صَلَہ) لوہے، زنجیر اور گھنٹے کی جھنکار یا آواز۔
صلع (صَلَع) تام چٹ ہونا۔
صل علےٰ (صَل لِ۔عَلَا) اس پر رحمت ہو۔
صلعم (صَل۔عَم) صلی اللہ علیہ وسلم۔
صلف (صَلَف) شیخی، ڈینگ (صَلِف) گرجنے والا بادل جو کم برسے۔
صلوٰۃ (صَلَاۃ) نماز، درود، دعا، رحمت، بخشش جمع صَلَوات۔
صلہ (صِلَہ) بخشش، عطا، انعام، لطف، لاڈ جمع صِلَات۔
صلیب (صَلِیب) چلیپا، سولی، سخت جمع صُلبَان۔
صلیبی (صَلِی۔بی) نصرانی، عیسائی، منسوب بہ صلیب
صلیل (صَلِیل) جھنکار۔
صم (صُمّ) اصم کی جمع۔ (صَمَم) بہراپن (صِمّ) بہادر، شیر۔
صما (صَم۔مَا) بہری عورت، سخت پتھر۔
صمات (صُمَات) خاموش ہونا۔
صماخ (صِمَاخ) بغل گند، داغ۔
صماخ (صِمَاخ) کان کا سوراخ۔
صماد (صَمَاد) ٹھوس چیز۔
صمام (صِمَام) سربند شیشہ۔

صم بکم (صُمّ بُکم۔ بُک۔مُن) اصم و ابکم کی جمع، بہرے گونگے۔
صمت (صَم ت) خاموشی۔
صمد (صَمَد) نام اللہ تعالیٰ، بے نیاز، بلند، سردار، دائم، پیٹ بھرا (صَمد) اونچی جگہ جمع صِمَاد۔
صمدیت (صَمَدِی۔یَت) بزرگی، بے نیازی۔
صمصام (صَم۔صَام) تلوار کاٹ کرنے والی۔
صمصم (صَم صَم) کنجوس (صِم۔صِم) بونا اور درشت مزاج۔
صمغ (صَم غ) گوند، ژد جمع صُمُوغ۔
صمغان (صِم۔غَان) گلیبھڑا۔
صمم (صَمَم) بہراپن۔
صموت (صُمُوت) چپ ہونا (صَمُّوت) خاموش۔
صمہ (صِم۔مَہ) دلیر، سانپ جمع صِمَم۔
صمیم (صَمِیم) خالص، تہ دل، خلاصہ، مغز، یکرنگ۔
صمیل (صَمِیل) خشک، سوکھا۔
صنادید (صَنَا۔دِید) صندید کی جمع۔
صنار (صِنَار) چنار کا پیڑ (صِن نَار) داستانہ۔
صناع (صَن۔نَاع) بڑا کاریگر (صُن۔نَاع) صانع کی جمع۔
صناعت (صِنَا۔عَت) پیشہ، کار۔
صنان (صُنَان) بغل گند۔
صنائع (صَنَا۔اِع) صنیعہ کی جمع۔
صنج (صَن ج) سنج، جھانگ، جھانجھ۔
صنجہ (صَن۔جَہ) پورا بانٹ۔
صندل (صَن۔دَل) چندن، ایک خوشبودار لکڑی۔
صندلی (صَن۔دَلی) کرسی، چوکی۔
صندوق (صُن۔دُوق، صَن۔دُوق) پیٹر بکس، چوبی بکس، لکڑی کا خانہ جمع صَنَادِیق۔

صندوق الغنا (صَنْ۔ دُوْ۔ قُلْ۔ غِنَا) گراموفون باجہ جو گاتا ہے۔
صندوقچہ (صَنْ۔ دُوْق۔ چَہ) چھوٹا صندوق۔
صندوقی (صَنْ۔ دُوْ۔ قِیْ) صندوق کی مانند۔
صندید (صِنْ۔ دِیْد) سردار، بہادر، شریف، جوانمرد جمع صَنَادِیْد۔
صنع (صُنْع) کام کرنا، پیدا کرنا، نیکی کرنا۔
صنعا (صَنْ۔ عَا) نام شہر (یمن)
صنعت (صَنْ۔ عَتْ) پیشہ، ہنر، کاریگری۔
صنف (صِنْف) قسم جمع اَصْنَاف، صُنُوف، صُنُف۔
صنفہ (صَنِفَہ) کھونٹ، چادر کا کنارہ۔
صنق (صَنَق) بغل کی سخت بدبو، صَنِق، گندی اور باس کی چیز۔
صنم (صَنَم) بت، صورت جمع اَصْنَام۔
صنمخانہ، صنمکدہ (صَنَم۔ خَا۔ نَہ، صَنَم۔ کَدَہ) بت خانہ۔
صنو (صِنْو) حقیقی بھائی، چچیرا بھائی جمع صِنْوَان۔
صنوان (صِنْ۔ وَانْ) سگے بھائی، ایک سوتہ کی دو ندیاں۔
صنوبر (صَنُوْ۔ بَرْ) چلغوزہ کا پیڑ، چیڑ۔
صنیع (صَنِیْع) احسان، مخلوق۔
صنیع الدولہ (صَنِیْ۔ عُدْ۔ دَوْ۔ لَہ) پرائیویٹ سکریٹری۔
صنیعہ (صَنِیْ۔ عَہ) نیکی، ہنر، کاریگری جمع صَنَائِع۔
صواب (صَوَاب) ٹھیک، راست جمع اَصْوِبَہ۔
صوابدید (صَوَا۔ بْ۔ دِیْد) صلاح، تجویز۔
صوابہ (صُوَا۔ بَہ) لیکھ، جوں کا انڈا، رشک۔
صواح (صُوَاح) دودھ کی لسی۔

صواف (صَوَا۔ رِفْ) صارف کی جمع۔
صوارم (صَوَا۔ رِمْ) صارم کی جمع۔
صواعق (صَوَا۔ عِقْ) صاعقہ کی جمع۔
صواغ (صُوَاغ) سانچہ میں ڈھلائی (صَوّ۔ وَاغ) ڈھالنے والا۔
صوالجہ (صَوَا۔ لِجَہ) صولجان کی جمع۔
صوان (صُوَان) بقچہ۔
صوب (صَوْب) طرف، جانب، راستی جمع اَصْوَاب۔
صوبہ (صُوْ۔ بَہ) ملکی احاطہ۔
صوبہ دار (صُوْ۔ بَہ۔ دَار) حاکم صوبہ، ایک فوجی عہدہ دار۔
صوبہ داری (صُوْ۔ بَہ۔ دَا۔ رِیْ) گورنری، ایک فوجی عہدہ۔
صوت (صَوْت) دوٹ، آواز جمع اَصْوَات۔
صور (صُوْر) قرنا، سنکھ (صُوَر) صورتیں، تیرھائی، کجی۔
صورت (صُوْ۔ رَتْ) چہرہ، تصویر، شکل، نمونہ جمع صُوَر۔
صورت آشنا (صُوْ۔ رَتْ۔ آشْ۔ نَا) جان پہچان والا۔
صورت آشنائی (صُوْ۔ رَتْ۔ آشْ۔ نَا۔ ئِیْ) جان پہچان ہونا۔
صورت باز (صُوْ۔ رَتْ۔ بَاز) بہروپیا۔
صورت بازی (صُوْ۔ رَتْ۔ بَا۔ زِیْ) بہروپیا۔
صورت پذیر (صُوْ۔ رَتْ۔ پَذِیْر) صورت قبول کرنے والا۔
صورت حال (صُوْ۔ رَتِ۔ حَالْ) کیفیت، حال کی صورت۔
صورت حرام (صُوْ۔ رَتْ۔ حَرَام) صورت اچھی اندر سے خراب۔
صورتگر (صُوْ۔ رَتْ۔ گَر) نقاش، مصور۔
صورتگری (صُوْ۔ رَتْ۔ گَ۔ رِیْ) نقاشی، مصوری۔
صورت مجلس (صُوْ۔ رَتِ۔ مَجْ۔ لِسْ) جلسہ کی روئداد۔

صوری (صُو۔رِی) منسوب بہ صورت، ظاہری۔
صوغ (صَوغ) گھڑائی۔
صوطلہ (صَو۔طَلَہ) چقندر کی ایک قسم۔
صوف (صُوف) پشم، پشمینہ، جھونترا۔
صوفہ (صُو۔فَہ) خانۂ کعبہ کے خدام جو زمانۂ جاہلیت میں وہاں کی خدمت کرتے تھے۔
صوفی (صُو۔فِی) حکیم جمع صُوفِیَہ۔
صوفیہ (صُو۔فِیَہ) دارالحکومت بلگیریا (بلقان)
صول (صَول) ہکنا، حملہ بولنا۔
صولت (صَو۔لَت) رعب، ہیبت۔
صولجان (صَو۔لَجَان) چوگان جمع صَوَالِجَہ۔
صوم (صَوم) روزہ جمع صِیَام۔
صومان (صَومَان) روزہ۔
صومعہ (صَو۔مَعَہ) معبد، عبادتخانہ جمع صَوَامِع
صوم وصلات (صَو۔مُو۔صَلَات) روزہ نماز۔
صون (صَون) نگہبانی۔
صہال (صُہَال) ہنہناہٹ۔
صہب (صَہَب) کتھئی رنگ، کمیت۔
صہبا (صَہ۔بَا) شراب سفید انگوروں کی۔
صہر (صِہ۔ر) خسر، داماد، بہنوئی، سسرال والا جمع اَصہار۔
صہریج (صِہ۔رِیج) تنور، حوض۔
صہوبت (صُہُو۔بَت) پیازی، گلابی۔
صہود (صُہُود) تناور، کڑیل۔
صہوہ (صَہ۔وَہ) گھوڑے کی پیٹھ کا درمیان۔
صہیل (صَہِیل) ہنہناہٹ۔
صیاح (صِیَاح) للکار، شور، فغان۔
صیاد (صَی۔یَاد) شکاری۔
صیاغ (صَی۔یَاغ) سنار، زرگر۔
صیاغت (صِیَا۔غَت) سنار کا کام، زرگری۔
صیام (صِیَام) صوم کی جمع۔

صیان (صِیَان) دیکھو صون۔
صیانت (صِیَا۔نَت) نگہداشت، حفاظت۔
صیب (صَی۔یِب) ابر برسنے والا۔
صیت (صِیت) شہرت، آوازہ، چرچا، ذکر خیر جمع صُیُوت۔
صیحہ (صَی۔حَہ) چنگھاڑ، نعرہ، سخت آواز۔
صید (صَید) شکار جمع مَصَائِد، صُیُود۔
صیدا (صَی۔دَا) جنگل، بیہڑ۔
صید افگن (صَید۔اَف۔گَن) شکاری۔
صید افگنی (صَید۔اَف۔گَنِی) شکار مارنا۔
صیدانہ (صَی۔دَا۔نَہ) بدمزاج بکی عورت، غول بیابان۔
صید حرم (صَی۔دِ۔حَرَم) حرم کا شکار جو منع ہے۔
صیدلانی (صَی۔دَ۔لَا۔نِی) عطار، دوافروش۔
صیرفی (صَی۔رَ۔فِی) صراف، حیلہ گر جمع صَیَارِفَہ
صیرورہ (صَی۔رُو۔رَہ) جس نے حج نہ کیا ہو۔
صیصہ (صِی۔صَہ) جانور کا کانٹا، کوچی۔
صیغہ (صِی۔غَہ) متعی، بیوی بنکاح، طریقہ، طور، اصل، خلقت، سررشتہ، محکمہ، کلمہ جو متصرف ہو اور جامد نہو جمع صِیَغ۔
صیف (صَیف) گرمی کا موسم جمع اَصیاف۔
صیق (صِیق) پھٹکی۔
صیقل (صَی۔قَل) صیقل گر، پالش، جلا جمع صَیَاقِل، صَیَاقِلَہ۔
صیقلی (صَی۔قَلِی) زنگ دور کرنے والا، باڑھ رکھنے کا پتھر۔
صین (صِین) ملک چین۔
صینی (صِی۔نِی) چینی
صیود (صَیُود) شکاری جمع صِید، صُیُد۔
صیہونیت (صَی۔ہُو۔نِی۔یَت) یہودیت، یہودیوں کی عالمگیر تحریک ایطان۔

ض

ض (ضاد) مخصوص حرف عربی، قائم مقام عدد ۸۰۰، حرف شمسی۔
ضاب (ضاب) جھوہڑ کی قسم کا ایک پیڑ۔
ضابط (ضا۔بط) فوجی افسر، انتظام کرنے والا۔
ضابطہ (ضا۔بطہ) قاعدہ، دستور، گر جمع ضوابط
ضابی (ضا۔بی) گرم راکھ، بھوبھل۔
ضاجر (ضا۔جر) مضطرب، غم سے بیکل۔
ضاحک (ضا۔حک) ہنسوڑ، ہنستا ہوا۔
ضاحکہ (ضا۔حکہ) ہنستی ہوئی، ہنسوڑ عورت جمع ضواحک۔
ضاحی، ضاحیہ (ضا۔حی، ضا۔حیہ) آشکارا جمع ضوا۔حی
ضار (ضار) مضر، ضرر پہونچانے والا۔
ضارب (ضا۔رب) مارنے والا۔
ضارور (ضا۔رور) ضرورت، ناگزیر۔
ضاری (ضا۔ری) شکار کے پیچھے دوڑنے والا۔
ضاغط (ضا۔غط) ایک درد شدید۔
ضاغوط (ضا۔غوط) کابوس۔
ضال (ضال) گمراہ جمع ضالین (ضال) جھڑبیری۔
ضالہ (ضال۔لہ) گم شدہ چیز، ضال کا مونث۔
ضامن (ضا۔من) پذیرفتار، کفیل۔
ضامنی (ضا۔منی) ضمانت۔
ضان (ض۔ان) بھیڑ، میش، آدمی کے بدن کی بدبو۔
ضائع (ضا۔ئع) تلف، اکارت، کھویا ہوا۔
ضائن (ضا۔ئن) مینڈھا، نر بھیڑ جمع ضان

ضب (ضب) گوہ، سوسمار جمع ضباب۔
ضباب (ضباب) کہر یعنی سردی سے زمین کی بخارات۔
ضباح (ضباح) لومڑی کی آواز۔
ضبارہ (ضبا۔رہ) پشتارہ۔
ضبح (ضب۔ح) خاک، راکھ۔
ضبران (ضبر۔ان) چوکڑی بھرنا۔
ضبط (ضب۔ط) انتظام، نگرانی، قابو، قبضہ
ضبطی (ضب۔طی) انتظام، قبضہ۔
ضبطیہ (ضب۔طی۔یہ) پولیس۔
ضبع (ضبع) کال کا سال، بجو، کفتار (ضب۔ع) بازو، بغل۔
ضبعان (ضب۔عان) نر بجو۔
ضبنغطے (ضبن۔غطا) ہوا۔
ضبور (ضبور) شیر۔
ضبہ (ضب۔بہ) پتھر۔
ضبیب (ضبیب) خون یا پانی جاری ہونا
ضجاج (ضجاج) بدی، ایک سفید گوند مثلاً صابون (ضجاج) شور و فریاد۔
ضجر (ضجر) تنگدل، غمگین، (ضجر) دل تنگی، بے آرامی۔
ضجرت (ضج۔رت) دل تنگی، بے آرامی۔
ضجور (ضجور) دل تنگ۔
ضجوع (ضجوع) شوہر کی مخالف عورت، ضعیف الرائے
ضجہ (ضج۔جہ) شور غل، چیخ پکار۔
ضجیع (ضجیع) ہم خوابہ، ہمبستر۔
ضحٰی (ضحیٰ) دھوپ، سورج۔
ضحاک (ضح۔حاک) بڑا ہنسوڑ۔
ضحاکہ (ضح۔حا۔کہ) بڑی ہنسنے والی۔
ضحاء (ضحاء) چاشت کا کھانا، کلیو۔
ضحک (ضح۔ک) کھلکھلاہٹ، قہقہہ۔
ضحکہ (ضح۔کہ) ایک دفعہ ہنسنا (ضح۔کہ)

جس پر سب ہنسیں (ضُحْکَہ)، جو سب پر ہنسے۔
ضحل (ضَحْ۔ ل)، تھوڑا پانی۔
ضحو (ضَحْ ۔ و)، پہر بھر دن چڑھے کا وقت۔
ضحوک (ضَحُو۔ ک)، بہت ہنسنے والا، چوڑا راستہ۔
ضحوکہ (ضَحُو۔ کہ)، جسپر سب ہنسیں (ضَحُو۔ کہ)، ہنسوڑ عورت، چوڑا راستہ۔
ضحی (ضُحَا)، وقت چاشت۔
ضحیم (ضَحِیم)، بڑھ تھوال، ٹیڑھی گردن والا۔
ضحیہ (ضَحِ۔ یَہ)، قربانی کی بکری جمع ضحایا۔
ضخام (ضُخَام)، بڑی چیز، دلدار چیز
ضخامت (ضَخَا۔ مَتْ)، موٹائی، دلداری۔
ضخیم (ضَخِیم)، موٹی چیز، دلدار۔
ضد (ضِد)، ہٹ، فرق، برخلاف، برعکس جمع اَضْدَاد۔
ضدی (ضِدْ۔ دِی)، ہٹی، ہٹ کرنے والا۔
ضدید (ضَدِید)، مانند، مخالف۔
ضر (ضَرّ، ضُرّ)، دکھ، سختی، بدحالی (ضِرْ)، پہلی پر دوسری بیوی کرنا۔
ضرا (ضَرْ۔ رَا)، ناخوشی، سختی، تکلیف۔
ضراب (ضِرَاب) جفتی (ضَرْ۔ رَاب)، ٹھپہ لگانے والا۔
ضراب خانہ (ضَرْ۔ رَاب۔ خَا۔ نَہ)، ٹکسال۔
ضرادت (ضَرَا۔ دَتْ)، عادی ہونا، عادت ڈالنا۔
ضرار (ضِرَار)، باہمی نقصان رسانی۔
ضرارت (ضَرَا۔ رَتْ)، نابینائی، ایذا رسانی۔
ضراط (ضُرَاط)، پادِ گوز (ضَرْ۔ رَاط)، پدوڑا۔
ضراطہ (ضَرْ۔ رَا۔ طَہ)، پدوڑی۔
ضراعت (ضَرَا۔ عَتْ)، زاری، عجز۔
ضراھم (ضَرَاھِم)، چھپٹیاں ایندھن کی۔
ضرب (ضَرْب) جمع ضُرُوب، ٹھپہ، چوٹ، علم ریاضی کا ایک قاعدہ جمع اَضْرَاب، مارنا، زمین پر چلنا، ظاہر ہونا (ضَرَب)، سفید گاڑھا شہد۔

ضرب المثل (ضَرْ۔ بُلْ۔ مَثَلْ)، کہاوت۔
ضربان (ضَرَبَان)، لپک، چمک، اختلاج قلب۔
ضرب خانہ (ضَرْب۔ خَا۔ نَہ)، ٹکسال۔
ضربہ (ضَرْ۔ بَہ)، پانسہ، مارنے کی چوٹ۔
ضریبہ (ضَرِی۔ بَہ)، ٹیکس۔
ضرت (ضَرْ۔ رَتْ)، دیکھو ضرہ۔
ضرتان (ضَرْ۔ رَتَان)، دوسوتنیں، دو سوکنیں۔
ضرر (ضَرَرْ)، تکلیف، دکھ، نقصان جمع اَضْرَار۔
ضرزم (ضِرْ۔ زِم)، بہت ڈسنے والا سانپ۔
ضرزیک (ضِرْ۔ زِیک)، توپ کی قسم۔
ضرس (ضِرْ۔ س)، ڈاڑھ جمع اَضْرَاس، ضُرُوس (ضَرْس)، بدخلق، جھلا (ضَرْ۔ س)، دانت سے پکڑنا (ضَرَس)، دانت کھٹے ہونا۔
ضرط (ضَرْ۔ ط)، پادنا۔
ضرع (ضَرْ۔ ع)، تھن، پستان، چوچی (ضَرَع)، لاغر، ضعیف۔
ضرغام (ضِرْ۔ غَام)، شیر درندہ۔
ضرغامہ (ضِرْ۔ غَا۔ مَہ)، شیر مادہ۔
ضرغمہ (ضَرْ۔ غَمَہ)، جنگ میں بہادری دکھانا۔
ضرم (ضَرَم)، اسطوخودوس، شاہسفرم۔
ضرمہ (ضَرْ۔ مَہ)، آگ۔
ضرو (ضِرْ۔ و)، لاگڑ اور بہار شکاری کتا۔
ضروب (ضُرُوب)، انواع و اقسام۔
ضروح (ضَرُوح)، لکد زن، لات مارنیوالا۔
ضرور (ضَرُور)، ناگزیر۔
ضرورت (ضَرُو۔ رَت)، ناگزیر، حاجت۔
ضروری (ضَرُو۔ رِی)، منسوب بہ ضرورت۔
ضروریات (ضَرُو۔ رِی۔ یَات)، ضروری کی جمع ضروری چیزیں۔
ضرہ (ضَرْ۔ رَہ)، سوت، سوکن، انبانہ، دسنی۔
ضریبہ (ضَرِی۔ بَہ)، ٹیکس، مالگذاری۔

ضریح (ضَرِیح) قبر جمع ضَرَائِح۔
ضریر (ضَرِیر) اندھا، صبر، رشک، غیرت۔
ضریس (ضَرِیس) بہت بھوکا۔
ضریع (ضَرِیع) ایک سخت زہریلی دریائی گھاس۔
ضریعت (ضَرِیْ۔عَتْ) بڑے پستان والی عورت۔
ضریک (ضَرِیک) کنگال، اتیت، گداگر جمع ضَرَائِک۔
ضریم (ضَرِیم) جلا ہوا، سوختہ۔
ضزز (ضَزَز) چپکا ہونا۔ چپکا ہونا۔ چسپیدہ ہونا
ضطمر (ضَطْ۔مَرْ) موٹی۔
ضعد (ضَعْ۔د) گلا گھونٹنا۔
ضعف (ضَعْ۔ف) سستی، کمزوری (ضِعْ۔ف) دُونا جمع اَضْعَاف (ضُعْ۔ف) بیہوشی، کم عقلی
ضعیف (ضَعِیف) کمزور، بوڑھا جمع ضِعَاف، ضُعَفَاء، ضَعَفَہ، ضَعْفَیٰ، ضَعَائِف، ضَعَافیٰ۔
ضعیفہ (ضَعِیْ۔فَہ) بوڑھی عورت۔
ضعیفی (ضَعِیْ۔فِی) بڑھاپا، کمزوری۔
ضغاغۃ (ضَغَا۔غَہ) احمق آدمی۔
ضغب (ضَغْ۔ب) ڈرانا۔
ضغبوس (ضَغْ۔بُوس) ضعیف آدمی، ککڑی کا دوا، کچا خربوزہ جمع ضَغَابِیس۔
ضغث (ضِغْ۔ث) سوکھی اور گیلی گھاس کا مٹھا، ملا جُلا جمع اَضْغَاث۔
ضغط (ضَغْ۔ط) تنگی، سختی (ضَغْ۔ط) نچوڑنا، بھینچنا۔
ضغطہ (ضُغْ۔طَہ) سختی، تنگی، رنج (ضَغْ۔طَہ) جھٹکا، دباؤ، بھینچنا۔
ضغن (ضِغْ۔ن) کینہ۔
ضغو (ضَغْ۔و) جلد، شتاب۔
ضغیط (ضَغِیط) کم عقل، کمزور رائے۔

ضغینہ (ضَغِیْ۔نَہ) کینہ جمع ضَغَائِن۔
ضفف (ضَفَف) بدحال اور کنگال آدمی۔
ضفدع (ضِفْ۔دَع) مینڈک جمع ضَفَادِع۔
ضفر (ضَفْ۔ر) گوندھنا۔
ضفف (ضَفَف) تنگی، سختی، کثرت اولاد۔
ضفوہ (ضَفْ۔وَہ) بسیاری، تمامی۔
ضفہ (ضِفْ۔فَہ) دریا کا کنارہ۔
ضفیرہ (ضَفِیْ۔رَہ) گندھے ہوئے بال جمع ضَفَائِر
ضفیط (ضَفِیط) احمق، ضعیف عقل۔
ضل (ضُلّ) باطل، ضائع۔
ضلال، ضلالت، ضلت (ضَلَال، ضَلَا۔لَت، ضَلْ۔لَت) گمراہی، بیراہی، کھویا ہوا پن۔
ضلع (ضِلَع، ضِلْ۔ع) پسلی، ملک کا حصہ جمع اَضْلَاع، ضُلُوع، اَضْلُع۔
ضلل (ضَلَل) غلطی، خرابی۔
ضلول (ضَلُول) بہت بڑا گمراہ۔
ضلیع (ضَلِیع) قوم، خلقت۔
ضلیل (ضِلِّیل) بھٹکا ہوا، گمراہ (ضِلْ۔لِیل) بہت گمراہ۔
ضم (ضَمّ) حرکت پیش (ـُـ) ملانا، پیوست کرنا۔
ضماد (ضِمَاد) لیپ کی دوا۔
ضمار (ضِمَار) کھویا ہوا مال جس کے ملنے کی امید باقی نہ ہو۔
ضماضم (ضُمَا۔ضِم) شیر درندہ۔
ضمان (ضَمَان) ضامنی۔
ضمد (ضَمْ۔د) مرہم لگانا۔
ضمر (ضَمْ۔ر) چھریرا اور پتلی کمر کا آدمی۔
ضمضم (ضَمْ۔ضَم) شیر۔
ضمن (ضِمْ۔ن) اندر، اندرون (ضَمِن) اپنی مرضی سے گھائل (ضَمَن) گھائل ہونا، مبتلا ہونا۔
ضمناً (ضِمْ۔نَنْ) اندرونی طور پر، بطور درمیان۔

ضمنہ (ضَم۔ نَہ) بیماری۔
ضمور (ضُمُور) ضعف، لاغری (ضَمُور) دُبلا، لاغر۔
ضمہ (ضَم، مَہ) حرکت پیش (ـُـ)
ضمیر (ضَمِیر) دل میں جو بات گذرے، اندیشہ، خاطر، بھید، اسم کا قائم مقام لفظ جمع ضمائر۔
ضمیران (ضَم۔ یِرَان) مروہ جو ایک پھلواری ہے۔
ضمیم (ضَمِیم) ملا ہوا۔
ضمیمہ (ضَمِی۔ مَہ) وہ چیز جو کسی دوسری چیز پر بڑھا دی جائے۔
ضمین (ضَمِین) ضامن، کفیل۔
ضناک (ضَنَاک) موٹی عورت (ضُنَاک) زکام (ضِنَاک) جس کے جوڑ موٹے ہوں۔
ضنانہ (ضَنَا۔ نَہ) بیماری۔
ضنت (ضِن، نَت) کنجوسی۔
ضنک (ضَن، ک) تنگ چیز، تنگی۔
ضنو (ضَن، و) بچہ، فرزند۔
ضنی (ضَنِی، ضَن، ی) دُبلا، پتلا۔
ضنیک (ضَنِیک) ضعیف رائے، بدن کا کمزور۔
ضنین (ضَنِین) کنجوس۔
ضو (ضَو) روشنی، لیپ (ضَو) آسمان، سورج۔
ضوابط (ضَوا۔ بِط) ضابطہ کی جمع۔
ضواحک (ضَوا۔ حِک) ضاحکہ کی جمع۔
ضواع (ضُوَاع) اُلّو کی آواز۔
ضور (ضَوَر) سخت بھوک، بے قدر آدمی (ضُوَر) کالی گھٹا۔
ضوع (ضُوع) نر اُلّو جمع ضیعان۔
ضومر، ضومران (ضَو۔ مَر، ضَو۔ مَران) دیکھو ضمیران۔
ضہد (ضَہ، د) غصہ کرنا۔
ضہول (ضُہُول) کنواں تھوڑے پانی کا۔
ضہوہ (ضَہ۔ وَہ) پانی کا حوض۔
ضہی (ضَہ، ی) مانند۔
ضہیا (ضَہ۔ یَا) جس عورت کو حیض نہ آتا ہو۔

ضیا (ضِیَا) روشنی
ضیاح (ضَیَاح) دودھ کی لسی، پانی ملا ہوا دودھ۔
ضیاط (ضَی، یَاط) درشت مزاج آدمی۔
ضیافت (ضِیَا۔ فَت) مہمانی، دعوت۔
ضیح (ضَیح) دیکھو ضیاح۔
ضیر (ضَیر) تکلیف، ضرر، گزند۔
ضیزا (ضِی۔ زَا) بے اعتبار، ناراست۔
ضیثم (ضَی۔ ثَم) دیکھو ضیغم۔
ضبط (ضَبط) نگاہ رکھنا۔
ضیطار (ضَی۔ طَار) موٹا کنجوس اور بے تمیز آدمی۔
ضیع (ضَیع) ضائع و ہلاک ہونا
ضیعہ (ضَی۔ عَہ) کھیتی کی زمین، اوّل قسم کی زمین، تجارت، حرفت، پیشہ، صنعت، پانی جمع ضیاع، ضِیَع، ضیعات جمع جمع ضیاعات ہلاک ہونا، ضائع ہونا، تلف ہونا، گم ہونا، کھو جانا، گر پڑنا۔
ضیغم (ضَی۔ غَم) پھاڑ کھانیوالا شیر، کٹکھنا۔
ضیغمہ (ضَی۔ غَمَہ) پھاڑ کھانیوالی شیرنی، کٹکھنی۔
ضیف (ضَیف) مہمان، بہت سے مہمان جمع ضیوف، اضیاف، اضایف (ضِیف) پہلو۔
ضیفان (ضَی۔ فَان) مہمانی۔
ضیفن (ضَی۔ فَن) بن بلایا مہمان جمع ضیافنہ۔
ضیق (ضَیق) تنگی (ضَی، یق) کنجوس، تنگ۔
ضیقہ (ضَی۔ قَہ) تنگدستی، بدحالی، درویشی جمع ضیق۔
ضیق النفس (ضِی۔ قُن، نَف، س) دمہ کی بیماری۔
ضیکل (ضَی۔ کَل) ننگا جس پر اوڑھنے کو نہ ہو۔
ضئیل (ضَئِیل) دُبلا، چھوٹا، سختیِ زمانہ۔
ضیم (ضَیم) پہاڑ کا کنارہ (ضَیم) ستم کرنا۔
ضیون (ضَی۔ وَن) بلّوٹا جمع ضیاون۔

ط

ط (طا، طے) مخصوص حرف عربی، قائم مقام عدد ۹، حرف شمسی، چند حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ ت کے ساتھ مثلاً طبرزد، تبرزد ۲۔ د کے ساتھ مثلاً خطشہ، خدشہ۔

طاب (طاب) خوشبو۔

طابع (طا۔بِع) چھاپنے والا، فرمانبردار، سرشت (طا۔بَع) انگوٹھی، ٹکٹ، جس پر چھاپا جاوے جمع طوابع۔

طابق (طا۔بَق) توا، تابہ۔

طابن (طا۔بِن) زیرک، عقلمند۔

طابور (طا۔بُور) پلٹن کا ایک حصہ۔

طابہ (طا۔بَہ) شراب، کھجور، مدینہ منورہ۔

طاثر (طا۔ثِر) گاڑھا دودھ۔

طاجن (طا۔جِن) کڑھائی، فرائی پان۔

طاحون، طاحونہ (طا۔حُون۔طا۔حُو۔نَہ) چکی۔

طارف (طا۔رِف) تازہ اور اچھا مال۔

طارق (طا۔رِق) صبح کا ستارہ، سخت حادثہ، رات کو چلنے والا جمع طوارق

طارم، طارمہ (طا۔رِم۔طا۔رِمَہ) لکڑی کا مکان، بالاخانہ، بلند مکان۔

طاری (طا۔ری) ظاہر ہونے والی چیز، نیچے اترنے والی چیز۔

طاس (طاس) طشت۔

طاسک (طا۔سَک) چھوٹا سا طشت۔

طاسہ (طا۔سَہ) ایک چھوٹا ڈھول۔

طاط (طاط) مست اونٹ، لمبا دلیر جھگڑالو آدمی۔

طاطا (طا۔طا) نشیبی زمین۔

طاعت (طا۔عَت) بندگی، عبادت جمع طاعات۔

طاعن (طا۔عِن) طعنہ زن جمع طعان۔

طاعون (طا۔عُون) پلیگ، مرگِ عام، وبائی بخار جو سخت مہلک ہے جمع طواعین۔

طاغ، طاغی (طاغ، طا۔غی) حکومت کا نافرمان، بیحد گنہگار۔

طاغوت (طا۔غُوت) بت، شیطان جمع طواغیت۔

طاغوتی (طا۔غُو۔تی) شیطانی۔

طاغیہ (طا۔غِیَہ) متکبر، بخیل، زیادتی کرنیوالا۔

طاف (طاف) طواف کرنیوالا، گشت لگانیوالا۔

طافح (طا۔فِح) شراب پی کر بدمست۔

طافی (طا۔فی) ہلکی چیز پانی پر تیر آنے والی۔

طاق (طاق) نابرابر چیز، اکیلا، عدد جو دو سے تقسیم نہ ہو، لبادہ جمع طیقان، طاقات

طاقت (طا۔قَت) قوت، زور، توانائی، یکتا، طاقِ دیوار جمع طاقات۔

طاقچہ (طاق۔چَہ) چھوٹا طاق۔

طاقہ (طا۔قَہ) قیامت، سختی، توانائی، کپڑے وغیرہ کا تھان۔

طاقی (طا۔قی) ایک ٹوپی، دورنگی آنکھ والا۔

طالب (طا۔لِب) ڈھونڈھنے والا جمع طلبا و طلاب، طلبہ، طلب، طلاب۔

طالب علم (طا۔لِب۔عِل۔م) علم کا طلبگار۔

طالب علمی (طا۔لِب۔عِل۔می) تعلیم حاصل کرنے کی حالت، علم کی طلبگاری۔

طالح (طا۔لِح) بدکار، برا آدمی۔

طالع (طا۔لِع) نصیب، طلوع کرنے والا۔

طالع آزمائی (طا۔لِع۔آز۔ما۔ئی) قسمت آزمائی۔

طالع شناس (طا۔لِع۔شَناس) نجومی۔

طالعمند (طا۔لِع۔مَند) قسمت ور۔

طالعمندی (طا۔لِع۔مَن۔دی) قسمت وری۔

طالعور (طا۔لِع۔وَر) خوش قسمت، دولتمند۔

طالعوری (طَا-لِعْ-وَرِی) خوش قسمتی۔
طالعہ (طَا-لِعَہ) روشنی، طلوع کرنے والی جمع طَوَالِعْ
طالق (طَا-لِقْ) بے روک، رہا، طلاق دی ہوئی عورت جمع طَوَالِق۔
طامات (طَا-مَاتْ) بناوٹی صوفیوں کے ہتھکنڈے اور لن ترانیاں۔
طامث (طَا-مِثْ) حیض والی عورت۔
طامح (طَا-مِحْ) سرکش، بلند۔
طامع (طَا-مِعْ) لالچی جمع طُمَّاعْ۔
طامہ (طَامْ مَہ) سختی، بلا، قیامت۔
طاووس (طَا-ؤُوس) دیکھو طاؤس۔
طاولہ (طَا-وِلَہ) میز، ٹیبل۔
طاوی (طَا-وِی) بھوکا۔
طاہر (طَا-ہِرْ) پاک جمع اَطْہَارْ۔
طاہی (طَا-ہِیْ) باورچی۔
طائحہ (طَا-ئِحَہ) مہلک حادثہ، ہلاک شدہ جمع طَوَائِحْ۔
طائر (طَا-ئِرْ) پرند، فال بد، عمل، پتنگ جمع طَیْر جمع جمع اَطْیَارْ، طُیُورْ۔
طائع (طَا-ئِعْ) فرماں بردار جمع طُوَّعْ
طائف (طَا-ئِفْ) طواف کرنے والا، خیال جو نیند میں متشکل ہو کر نظر آوے، نام شہر (حجاز)
طائفہ (طَا-ئِفَہ) آدمیوں کی ٹولی، چیز کا ٹکڑا جمع طَوَائِفْ۔
طائل (طَا-ئِلْ) بے باک، بے قید، فائدہ، افزونی، مالداری۔
طاؤس (طَا-ؤُسْ) مور جمع طَوَاوِیْس، طَیْسَان
طائی (طَا-ئِیْ) عربی قبیلے طے کی طرف منسوب۔
طب (طِبْ، طُبْ) علاج جسم اور جان کا، نرمی، جادو۔

طبابت (طِبَا-بَتْ) طب، علاج کا علم۔
طباخ (طَبْ، بَاخ) باورچی۔
طباخہ (طَبْ، بَا-خَہ) باورچن، ماما۔
طباشیر (طَبَا-شِیْر) بنسلوچن، کھریامٹی۔
طباع (طَبْ، بَاعْ) تیز طبیعت، سانچے میں ڈھالنے والا (طِبَاعْ) طبیعت کی جمع۔
طباعت (طِبَا-عَتْ) چھپائی۔
طباعی (طَبْ، بَا-عِیْ) طبیعت کی تیزی۔
طباق (طَبَاقْ) بڑی رکابی۔
طباقی (طَبَا-قِیْ) حوالی موالی۔
طبال (طَبْ، بَالْ) طبلچی۔
طبالی (طَبْ، بَا-لِیْ) طبلہ بجانے کا ہنر۔
طبانہ (طَبَا-نَہ) عقلمند ہونا۔
طبائع (طَبَا-ئِعْ) طبیعت کی جمع۔
طبخ (طَبْ، خ) پکانا۔
طبرخشت (طَبَرْ-خِشْ، تْ) خاکی رنگ کا ایک گوند۔
طبرزد (طَبَرْ-زَدْ) مصری، ایک سفید شکر۔
طبع (طَبْ، ع) سرشت، مزاج جمع اَطْبَاعْ چھپائی، نقش کرنا، چھاپنا، ٹھپہ لگانا (طَبَعْ) زنگ (طِبْعْ) دودھ ہت جمع اَطْبَاعْ (طِبْ، ع) پیمانہ، مشک، ندی، زنگ، میل جمع اَطْبَاعْ۔
طبعی (طَبْعِیْ) منسوب بہ طبیعت (طَبَ-عِیْ) منسوب بہ طبع۔
طبق (طَبْ، ق) طاسہ، طریق، دستور، ٹیڑھی ول (طَبَقْ) تہ، طبقہ، برابر، عورت کی شرمگاہ، رکابی جمع اَطْبَاقْ اَطْبِقَہ۔
طبقچہ (طَبَقْ-چَہ) خوانچہ۔
طبق زن (طَبَقْ-زَنْ) چپٹی لڑانے والی۔

طبقہ (طَبَقَہ، طَبَ۔قَہ) منزل، درجہ جمع طبقات۔
طبل (طَبْ۔ل) غولک، ڈھول، نقارہ
جمع اَطْبال، طُبُول۔
طبلق (طَبْ۔لَق) کاغذی بندھن، قیدک۔
طبلک (طَبْ۔لَک) چھوٹا ڈھول۔
طبلہ (طَبْ۔لَہ) ایک قسم کا ڈھول۔
طبن (طَبَن) عقلمندی۔
طبی (طِبْ۔بی) منسوب بہ طب (طِبْ، بی) ٹھن۔
طبیب (طَبِیب) معالج جمع اَطِبّاء، اَطِبَّہ،
طُبَیبان۔
طبیبی (طَبی۔بی) منسوب بہ طبیب۔
طبیخ (طَبْ۔بیخ) خربزہ، خربوزہ (طَبیخ)
جوشاندہ، اُبالی ہوئی چیز۔
طبیعات (طَبی۔عات) علم موجودات، فزکس۔
طبیعت (طَبی۔عَت) مزاج، خو، عادت،
پیدائش جمع طبائع۔
طبیعی (طَبی۔عی) خلقی، پیدائشی، منسوب بہ طبیعت۔
طپ (طَپ) بیقراری، ہڑکل، بخار۔
طپان (طَپاں) بیقرار ہوتا ہوا۔
طپانچہ (طَپاں۔چہ) چانٹا، تھپڑ۔
طپانیدن (طَپا۔نی۔دَن) بیقرار کرنا۔
طپش (طَپِش) بیقراری، گرمی۔
طپندہ (طَپَن۔دَہ) بیقرار ہونے والا۔
طپیدن (طَپی۔دَن) بیقرار ہونا مضم طپید
طپیدہ (طَپی۔دَہ) بے قرار شدہ۔
طحال (طِحالُ) تلی (طُحال) تلی کی ایک بیماری۔
طحانہ (طَحّا۔نَہ) پسنہاری، پیسنے والی۔
طحل (طَحِل) غضبناک (طَحَل) تلی بڑھجانا۔
طحلب (طُح۔لُب، طُح۔لَب، طِح۔لِب) کائی۔
طحمہ (طَح۔مَہ) بڑی چیز، طاعت (طُح۔مَہ)
سخت لڑاک۔

طحن (طَح۔ن) آٹا (طَح۔ن) پیسنا۔
طحین (طَحِین) پیسا ہوا۔
طخجمہ (طَخ۔مَہ) کلونس ناک کی پھلک کی۔
طخوہ (طَخ۔وَہ) بادل کا ٹکڑا۔
طر (طُر) سب، کل، تمام (طَر) کاٹنا، پھاڑنا
چانڑنا، مسیں بھیگنا۔
طرابلس (طَرا۔بُلُس) نام شہر (شیام)
نام ملک (شمالی افریقہ)۔
طراح (طُراح) دور (طَرّاح) نقاش۔
طراحی (طَرّا۔حی) نقاشی۔
طرار (طَرّار) حیلہ گر، تیز، گٹھ کٹا۔
طرارہ (طَرّا۔رَہ) تیزی سے تھرک۔
طراری (طَرّا۔ری) تیزی۔
طراز (طِراز) نقش و نگار، منقش کرنے والا۔
طرازندہ (طِرا۔زَن۔دَہ) نقش کرنیوالا۔
طرازیدن (طِرا۔زی۔دَن) نقش کرنا
مضم طِرازد۔
طرازیدہ (طِرا۔زی۔دَہ) نقشیں، نقش کیا ہوا
طراق (طَراق) دھماکا، تڑاقا۔
طراوت (طَرا۔وَت) تازگی۔
طرائف (طَرا۔اِف) طریف کی جمع۔
طرائق (طَرا۔اِق) طریق کی جمع۔
طرایہ (طَرا۔یَہ) دیکھو طلایہ۔
طرب (طَرَب) خوشی، نشاط، شوق
جمع طُرُوب۔
طربال (طِر۔بال) بلند منارہ۔
طربوش (طَر۔بُوش) ترکی ٹوپی۔
طربیزہ (طَر۔بی۔زَہ) میز، طاولہ، ٹیبل،
طرح (طَرْ۔ح) ڈول، بنیاد، نقاشی،
نئی عمارت کا نمونہ، ڈالنا، قائم کرنا
(طَرَح) دور، نقاشی، طور، طرز۔

طرح افشاندن (طَرح - اَف - شاں - دَن) بنا ڈالنا، ڈول ڈالنا۔

طرح دادن (طَرح - دا - دَن) پہلو بچانا۔

طرحدار (طَرح - دار) خوبصورت، باوضع۔

طرحداری (طَرح - دا - ری) خوبصورتی۔

طرخان (طَر - خان) نام سانگ، جسکو خدمت معاف ہو

طرخون (طَر - خون) نام درخت جسکی جڑ عاقرقرحا ہے۔

طرد (طَرد) پیکٹ، پلندہ جمع طُرود (طَرْد) (طَرَد) کیڑے مکوڑے بھگانا۔

طرر (طُرَر) طرّہ کی جمع۔

طرز (طَرز) روش، قاعدہ، طریقہ۔

طرس (طِرس) نامہ، کاغذ، صحیفہ۔

طرش (طَرَش) بہرا پن۔

طرطب (طُر - طُب، طُر - طُب) بڑی چھاتیاں لٹکی ہوئی۔

طرف (طَرَف) کنارہ، جانب، ٹکڑا، حصہ، مقابل، حریف، وقت جمع اَطراف (طَرْف) آنکھ، آنکھیں، جوانمرد، کریم۔

طرفا (طَر - فا) جھاؤ کا پیڑ، گز۔

طرفۃ العین (طَر - فَتُل - عَین) ایک مرتبہ آنکھ کی جھپک۔

طرف ثانی (طَرَف - ثا - نی) مقابل۔

طرفدار (طَرَف - دار) جانب دار۔

طرفداری (طَرَف - دا - ری) جانبداری

طرفہ (طُر - فہ) اچھی چیز، انوکھی چیز جمع طُرَف (طَر - فہ) آنکھ میں چوٹ کی زخمی، پلک کی جھپک۔

طرفے (طَر - فے) کچھ، اندک، یونہی سا۔

طرفین (طَرَ - فَین) دونوں جانب۔

طرق (طُرُق، طُرَق) طریق کی جمع

طرقوا (طَر - رِقُوا) رستہ چھوڑ دو، ہٹ جاؤ۔

طرقوزن (طَر - رِقُو - زَن) طرقو کہنے والا، نقیب۔

طرم (طَرم) گاڑھا شہد۔

طرموث (طَر - مُوث) جاہل۔

طرنو (طَر - نو) چال، روش۔

طرہ (طُرَّہ) زلف، لٹ، پھندنا، گچھا، کلغی، چھجہ جمع طُرَر، اَطرار۔

طری (طَرِی) نیا، تازہ۔

طریان (طَرَیان) حادث ہونا، وارد ہونا۔

طرید (طَرید) ہنکایا ہوا۔

طریدہ (طَری - دَہ) حملہ، راہزن، لٹیرا۔

طریر (طَریر) خوبصورت اور وضعدار جمع طِرار، طُرُر۔

طریف (طَریف) کمائی، انوکھی چیز جمع طَرائف، طُرُف۔

طریق (طَریق) ڈھنگ، راہ، رستہ، مذہب، شرمندہ جمع طُرُق، طُرُق، اَطرُق، اَطرِقاء، طَرائق۔

طریقت (طَری - قَت) راہ، تزکیۂ باطن۔

طریقہ (طَری - قہ) ڈھنگ، راہ، روش، مذہب (طَ - ری - قہ) سستی، کمزوری۔

طست (طَست) دیکھو طشت۔

طسوج (طَسُّوج) کنارہ، گوشہ، پاؤ دانگ، زوجیبہ جمع طَساسیج۔

طشت (طَشت) تھال، چلمچی۔

طشت از بام (طَشت - اَز - بام) افشائے راز۔

طعام (طَعام) کھانا، خورش جمع اَطعِمہ۔

طعان (طِعان) طاعن کی جمع۔

طعم (طَعم) مزہ، لذت (طُعم) خوراک، چوگا۔

طعمہ (طُع - مہ) روزی، خوراک جمع طُعَم (طَع - مہ) ایک دفعہ چکھنا۔

طعن (طَعن) عیب چینی، برچھا بازی۔ جمع مَطاعِن برچھا مارنا، عیب نکالنا۔

طعنہ (طَع - نہ) عیب چینی، قدح۔

طعنہ زن (طَعْ ـ نَہ ـ زَنْ) طعنہ مارنے والا۔
طعنہ زنی (طَعْ ـ نَہ ـ زَ نِیْ) طعنہ مارنا۔
طغان (طُغَانْ) دیکھو طغیان۔
طغرا (طُغْ ـ رَا) خط کی ایک قسم، نشانِ حکومت۔
طغرل (طُغْ ـ رُلْ) بجری جو ایک شکاری پرند ہے۔
طغوان (طُغْ ـ وَانْ) دیکھو طغیان۔
طغوہ (طُغْ ـ وَہْ) پہاڑ کی چوٹی، اونچی جگہ۔
طغیان (طُغْ ـ یَانْ) حد سے بڑھکر زیادتی، نافرمانی
طغیانی (طُغْ ـ یَا ـ نِیْ) پانی کا چڑھاؤ، زیادتی
طفاحہ (طُفَا ـ حَہ) ؟ بال۔
طفاوہ (طُفَا ـ وَہْ) سورج کا ہالہ۔
طفحان (طَفْ ـ حَانْ) لبالب، لبریز۔
طفرہ (طَفْ ـ رَہْ) قلانچ، ناغہ، پھاندنا۔
طفل (طِفْ ـ لْ) بچہ جمع اَطْفَالْ، طِفْلَگَانْ
طفلِ آتش (طِفْ ـ لِ ـ آ ـ تِشْ) پتنگا، شرارہ۔
طفلانہ (طِفْ ـ لَا ـ نَہ) بچے کی مانند۔
طفلس (طِفْ ـ لِسْ) دار السلطنت تفقاز۔
طفلِ شب (طِفْ ـ لِ ـ شَبْ) چاند۔
طفلک (طِفْ ـ لَکْ) چھوٹا بچہ۔
طفلِ ہندو (طِفْ ـ لِ ـ ہِنْ ـ دُوْ) آنکھ کی پتلی۔
طفلہ (طِفْ ـ لَہ) لڑکی۔
طفلی (طِفْ ـ لِیْ) بچپن، بالپن۔
طفو (طُفُوْ) جیسے اُغ نکل ہونا
طفور (طُفُوْر) قلانچ مارنا۔
طفولیت (طُفُوْ ـ لِیْ ـ یَتْ) بچپن۔ بالپن۔
طفیف (طَفِیْفْ) تھوڑا، ناتمام۔
طفیل (طُفَیْل) وسیلہ، ذریعہ۔
طفیلی (طُفَیْ ـ لِیْ) وہ کہ جس کی پوچھ کسی دوسرے کے باعث ہو۔
طقس (طَقْ ـ سْ) موسم۔
طل (طَلّ) اوس، شبنم، پھوار۔
طلا (طِلَا) سونا، چیڑنے کی دوا، ملمع۔

طلاب (طُلَّا ـ بْ) طالب کی جمع۔
طلادوز (طِلَا ـ دُوْزْ) سونے کے تار دوزی کا کام۔
طلاق (طَلَاقْ) عورت کی قیدِ نکاح سے آزادی، کشادگی، روانی۔
طلاقِ باین (طَلَا ـ قِ ـ بَا ـ یِنْ) طلاق کا دوسرا درجہ۔
طلاقت (طَلَا ـ قَتْ) تیز زبانی۔
طلاقِ رجعی (طَلَا ـ قِ ـ رَجْ ـ عِیْ) طلاق کا پہلا درجہ۔
طلاقِ شکم (طَلَا ـ قِ ـ شِکَمْ) دست۔
طلاقِ طبیعت (طَلَا ـ قِ ـ طَبِیْ ـ عَتْ) کشادگیِ طبیعت۔
طلاقِ مغلظہ (طَلَا ـ قِ ـ مُغَلْ ـ لَظَہ) تیسرا درجہ یعنی قطعی طلاق۔
طلاکار (طِلَا ـ کَارْ) ملمع ساز۔
طلاکاری (طِلَا ـ کَا ـ رِیْ) ملمع سازی۔
طلاوت (طَلَا ـ وَتْ) ترو تازگی، رونق۔
طلائی (طِلَا ـ ئِیْ) سونے والی، سنہری۔
طلایہ (طَلَا ـ یَہ) رات کی محافظ فوج۔
طلایہ دار (طَلَا ـ یَہ ـ دَارْ) مخبر، افسر طلایہ۔
طلایہ گردی (طَلَا ـ یَہ ـ گَرْ ـ دِیْ) رات کی حفاظت۔
طلب (طَلَبْ) مانگ، تلاش، چاہت، بلاوا، درخواست، مانگنے والا (طُلَّابْ) آدمیوں کا گروہ (طَلَبْ) طالب کی جمع۔
طلبانہ (طَلَبَا ـ نَہ) روزانہ اُجرت۔
طلبگار (طَلَبْ ـ گَارْ) آرزومند۔
طلبگاری (طَلَبْ ـ گَا ـ رِیْ) آرزومندی۔
طلبندہ (طَلَبْ ـ بِنْ ـ دَہْ) بلانے والا، چاہنے والا۔
طلبہ (طَلَبَہ) طالب کی جمع (طِلْبَہ) مطلوب۔
طلبی (طَلَبِیْ) طلب، بلاوا۔
طلبیدن (طَلَ ـ بِیْ ـ دَنْ) بلانا، چاہنا مضارع طَلَبَد

طلبیدہ (طَلَ۔بی۔دَہ) بلایا ہوا، چاہا ہوا۔
طلع (طَلْ۔ع) کیلہ، کھجور کا پھول۔
طلخام (طِلْ۔خَام) متھنی، فیل مادہ، فیلہ۔
طلسم (طِلِس۔م) خزانہ کے اوپر جادو کی ڈراونی شکل، وہمی صورت جمع طِلِسْمَات۔
طلسماتی (طِلِس۔مَا۔تی) منسوب بہ طلسمات۔
طلعت (طَلْ۔عَت) دیدار، درشن۔
طلق (طَلْ۔ق) ابرق، شراب، بچہ پیدا ہونیکا درد، ہرن، شکاری کتا، ورق زر (طَلْ۔ق، طَلَ۔ق، طُلُق، طَلِق، طِلْق) زبان تیز۔
طلق اللسان (طَلْ۔قُل۔لِسَان) فصیح، خوش کلام۔
طلق الوجہ (طَلْ۔قُل۔وَجْ۔ہ) خوبصورت۔
طلق الیدین (طَلْ۔قُل۔یَدَ۔یْن) سخی۔
طلق تحلول (طَلْ۔ق۔تَح۔لُوْل) ابرک کا پانی۔
طلل (طَلَل) جسم، بدن، کھنڈر جمع اَطْلَال، طُلُوْل۔
طلمبہ (طُلُم۔بَہ) آگ بجھانے کا انجن۔
طلوب (طَلُوْب) طالب۔
طلوع (طُلُوْع) نکال، ظاہر ہونا۔
طلیعہ (طَلِی۔عَہ) دیکھو طلایہ جمع طَلَائِع۔
طلیق (طَلِیْق) قید سے آزاد
طلیق اللسان (طَلِی۔قُل۔لِسَان) تیز زبان۔
طم (طَم) تموج، دریا کی موج۔
طماطم (طَمَا۔طِم) ٹماٹر، ولایتی بینگن۔
طماع (طَمْ۔مَاع) لالچی (طُم۔مَاع) طامع کی جمع۔
طماعت، طماعیت (طَمَا۔عَت، طَمَا۔عِیَت) لالچ، لوبھ۔
طماغہ، طماقہ (طَمَا۔غَہ، طَمَا۔قَہ) شکاری پرندکی ٹوپی
طمانچہ (طَمَاں۔چَہ) تھپڑ، تھپیڑ، لپڑ، چانٹا۔
طمانینت، طمانیت (طُمَا۔نِی۔نَت، طُمَا۔نِیَت) سکون قلب، تسلی۔
طمث (طَمْ۔ث) حیض کا خون، جماع۔
طمرس، طمروس (طِمْ۔رِس، طِمْ۔رَوْس) جھوٹا۔
طمس (طَمْ۔س) ناپید کرنا۔
طمش (طَمْ۔ش) آدمیوں کا گروہ جمع طُمُوْش
طمطراق (طُمْ۔طُرَاق) ٹھاٹھ، کروفر۔
طمطم (طِم۔طِم) جسکو بات کرنے کا شعور نہ ہو۔
طمع (طَمَع، طَمْ۔ع) امید، ہوس جمع اَطْمَاع (طَمِع) لالچی، طامع، لوبھی۔
طمع خام (طَمَع۔خَام) فضول کی ہوس۔
طمنچہ (طَمَن۔چَہ) پستول۔
طموس (طُمُوْس) مٹنا، ناپید ہونا۔
طمیس (طَمِیْس) اندھا۔
طن (طَن) انگریزی وزن مطابق ۲۲۴۰ پونڈ۔
طناب (طِنَاب) خیمہ کی ڈوری۔
طناز (طَنْ۔نَاز) شوخ، ناز کرنے والا، اٹھلا کر چلنے والا۔
طنب (طُنُب) ڈوری، میخ جمع اَطْنَاب، طُنُب۔
طنبک (طُم۔بَک) ڈھولکی۔
طنبور (طَم۔بُوْر، طُم۔بُوْر) ایک ساز۔
طنبورہ (طَم۔بُو۔رَہ) ایک ساز، طنبور۔
طنجیر (طِن۔جِیْر) دیکھو تنجیر۔
طنز (طَن۔ز) طعنہ، ناز، تمسخر۔
طنطنہ (طَن۔طَ۔نَہ) کروفر، نقارہ کی آواز۔
طنک (طَن۔ک) آواز
طنہ (طَن۔نَہ) پھاندی، بندنے۔
طنین (طَنِیْن) جھنکار، کھنکھناہٹ۔
طوارق (طَوَا۔رِق) طارق۔
طواغیت (طَوَا۔غِیْت) طاغوت کی جمع۔
طواف (طَوَاف) پھیرا، چکر، گھوم، سیر۔

(طَوْ۔ وَاق)، بہت طواف کرنیوالا، بھولا خدمتگار۔

طوالت (طُوَا۔ لَتْ) درازی۔

طوالع (طَوَا۔ لِعْ) طالع کی جمع۔

طوامیر (طَوَا۔ مِیْر) طومار کی جمع۔

طوائح (طَوَا۔ اِحْ) طائحہ کی جمع۔

طوائف (طَوَا۔ اِفْ) طائفہ کی جمع؛ بیسوا، گانیوالی۔

طوب (طُوْبْ) پکی اینٹ، آجر۔

طوبیٰ (طُوْ۔ بَا) نام بہشتی میوہ دار پیڑ کا۔

طود (طَوْدْ) بڑا پیڑ، پہاڑ۔

طور (طُوْر) جزیرہ نما سینا کا ایک پہاڑ (طَوْر)، انداز، ڈھنگ، ایکمرتبہ جمع اَطْوَار۔

طوس (طُوْس) دیکھو توس۔

طوسی (طُوْ۔ سِیْ) ایک بینگنی رنگ۔

طوط (طُوْط) کپاس، لمبا جھگڑالو آدمی۔

طوطا (طُوْ۔ طَا) نام پرند، سُوا۔

طوطک (طُوْ۔ طَکْ) نام ساز۔

طوطی (طُوْ۔ طِیْ) توتی، ایک چھوٹی ہری چڑیا۔

طوطیا (طُوْ۔ طِیَا) دیکھو توتیا۔

طوع (طَوْع) رغبت، اطاعت۔

طوعاً (طَوْ۔ عَنْ) ازروے اطاعت۔

طوعاً و کرہاً (طَوْ۔ عَنْوْ۔ کَرْ۔ ہَنْ، طَوْ۔ عَنْ۔ وَ۔ کَرْ۔ ہَنْ) کچھ خوش کچھ ناخوش۔

طوغ (طُوْغ) فوج کا جھنڈا۔

طوف (طَوْف) سیر، پھیرا، چکر، گھوم۔

طوفان (طُوْ۔ فَانْ) سب پر چھا جانے والی چیز، حادثہ مصیبت (طَوْ۔ فَانْ) کسی کے گرد پھرنا۔

طوفانی (طُوْ۔ فَا۔ نِیْ) طوفان والی چیز۔

طوق (طَوْق) ہنسلی، کنٹھ، حلقہ، وسعت، طاقت جمع اَطْوَاق۔

طوکیو (طُوْ۔ کِیْ۔ وْ) ٹوکیو دارالحکومت جاپان۔

طول (طُوْل) لمبائی (طَوْل) بخشش۔

طول امل (طُو۔ل۔اَمَل) ، دنیا کی ہوس ۔
طولانی (طُو۔لا۔نی) ، لمبی ، منسوب بہ طول ۔
طول عمل (طُو۔ل۔عَمَل) ، بکھیڑا ۔
طولیدون (طُو۔لی۔دُون) ، ایک زہریلا درخت ۔
طومار (طُو۔مار) ، لمبی تحریر ، جھگڑا ، نامہ ، صحیفہ
جمع طَوامیر ۔
طومہ (طُو۔مَہ) ، گھوڑے کی مادہ گھوڑی ۔
طونش (طُو۔نِش) ، نام شہر (شمالی افریقہ) ۔
طوی (طُوی) ، بیاہ ، شادی (طُوٰا) ، کبھو کبھو
(طُوٰا) ، وادی ایمن ۔
طویت (طَوِی۔یَت) ، پیچیدگی ، نیت ، اندیشہ ، مرتبہ ۔
طویل (طَوِیل) ، لمبا ، دراز ۔
طویلہ (طَوے۔لَہ ، طَوِی۔لَہ) ، اصطبل ، لمبی
رسی جانور کے پاؤں باندھنے کی ۔
طویلۂ دُر (طَوِی۔لَ۔اِ۔دُر) ، موتیوں کی لڑی ۔
طہارت (طَہا۔رَت) ، پاکیزگی ، وضو ، استنجا ۔
طہر (طُہر) ، عورت کی پاکی کے ایام ۔
طہران (طِہ۔ران) ، دارالسلطنت ایران ۔
طہور ، طہیر (طَہُور ، طَہِیر) ، پاک ۔
طی (طَی) ، لپیٹ ، تہ ، لڑکھڑاؤ ، نام قبیلہ
(طَی) ، بھوک ، گرسنگی ۔
طیاب (طَی۔یاب) ، بہت زیادہ پاک ۔
طیار (طَی۔یار) ، آمادہ ، مہیا ، درست ، اڑنے والا
طیارہ (طَی۔یا۔رَہ) ، تیز رفتار سواری ، ہوائی جہاز
طیاش (طَی۔یاش) ، ہلکا ، خفیف الحرکات ۔
طیاف (طَیّاف) ، کابوس ۔
طیان (طَی۔یان) ، بھوکا ، پیچیدہ ، کمہار
(طَیان) ، جنگلی چھپکلی ۔
طیب (طِیب) ، خوشبو ، پھل ، خوش طبعی
(طِیبا) جمع ، اَطیاب (طَی۔یب) ، پاک
حلال ، مزہ دار جمع طَیِّبات ۔

طیبت (طَی۔بَت) ، مزاح ، خوش طبعی جمع طَیِّبات
طیبہ (طَی۔بَہ) ، نام مدینہ منورہ (طَی۔بِیَ۔
بَہ) ، پاکیزہ ۔
طیجن (طَی۔جَن) ، ماہی توا ۔
طیر (طَیر) ، ایک پرند ، بہت سے پرند ۔
طیران (طَیَران ، طَی۔ران) ، اڑان ، پرواز ۔
طیرہ (طَی۔رَہ) ، جھینپ ، سبکی ، خفت (طِیَرَہ) ،
فال بد ، شگون ۔
طیسہ (طَی۔سَہ) ، بستر ، بالین ۔
طیش (طَیش) ، غصہ ، بے دماغی ۔
طیطوی (طَی۔طُوی) ، ٹٹیہری جو ایک ابلق پرند ہے ۔
طی لسان (طَی۔یِ۔لِسان) ، خاموشی ، گویائی
طی۔لِسان ، چادر کندھے پر ڈالنے کی
جمع طَیالِسَہ ۔
طین (طِین) ، گیلی مٹی ۔
طینت (طِی۔نَت) ، سرشت ، سبھاؤ ، عادت ،
ذرا سی مٹی ۔
طینی (طِی۔نی) ، گیلی مٹی کی چیز ۔
طیوان (طِی۔وان) ، جزیرۂ فارموسا
(ساحل شمالی چین ، بحر اوقیانوس)
طیور (طُیُور) ، طائر کی جمع ۔
طیہ (طَی۔یَہ) ، پیٹی ۔
طیہوج (طَی۔ہُوج) ، لوا ، تیہو ۔

ظ

ظ (ظا) ، ظے ، مخصوص حرف عربی ، قائم مقام
عدد ۹۰۰ ، حرف شمسی ۔
ظاعن (ظا۔عِن) ، مسافر ۔
ظالم (ظا۔لِم) ، ستمگار جمع ظَلَمَہ ، ظالِمِین ۔
ظامی (ظا۔مِی) ، پیاسا ، تشنہ ترہ ۔
ظان (ظان) ، بدگمان آدمی جمع ظانُون ، ظانِین

ظاہر (ظا۔ہِر) ، آشکارا ، پیدا ، باہر جمع ظَواہِر ۔
ظاہراً (ظا۔ہِرَن) ، ظاہر کے ساتھ ۔
ظاہری (ظا۔ہِری) ، منسوب طرف ظاہر ۔
ظبہ (ظُبَہ) ، ہتھیار کی باڑھ ۔
ظبی (ظَبْ۔ی) ، ہرن جمع ظِبا ، اَظْبِ ،
ظُبِیّ ۔
ظبیہ (ظَب۔یَہ) ، ہرنی ۔
ظراف (ظُرّاف) ، بہت مسخرا ، چتر ۔
ظرافت (ظَرا۔فَت) ، خوش طبعی ، دانائی ۔
ظرب (ظَرِب) ، پہاڑی ، ٹیکری ۔
ظرف (ظَرْف) ، عقلمندی ، برتن ، حوصلہ ،
لفافہ جمع ظُرُوف ، اَظْرُف ۔
ظریف (ظَرِیف) ، عقلمند ، خوش طبع جمع ظُرَفا ،
ظِراف ، ظُرُوف ، ظُرَفُون ۔
ظعان (ظِعان) ، ہودج کسنے کی رسی ۔
ظعن (ظَعْ۔ن) ، کوچ کرنا ، چلنا ۔
ظعین (ظَعِین) ، کوچ کرنے والا ۔
ظعینہ (ظَعِی۔نَہ) ، ہودج ، ہودج نشین
عورت جمع ظَعائِن ، اَظْعان ۔
ظفر (ظَفَر) ، فتحمندی جمع اَظْفار (ظُفُر) ، ناخن
جمع اَظْفار ، اَظافِیر ۔
ظفرہ (ظَفَرَہ) ، ناخنہ جو آنکھ کی بیماری ہے ۔
ظل (ظِل) ، پرچھائیں ، سایہ ، خیال ، نمونہ
جمع اَظْلال ، ظُلُول ، ظِلال ۔
ظلال (ظَلال) ، بادل کی چھاؤں ، سایہ کی جگہ ۔
ظل اللہ (ظِل۔لُل۔لَہ) ، خدا کا سایہ ، بادشاہ ۔
ظلام (ظَلام) ، شروع رات کی اندھیری
(ظَلّا۔م) ، بڑا ظالم ۔
ظل زمین (ظِل۔لِ۔زَمِین) ، راتا ۔
ظل سبحانی (ظِل۔لِ۔سُب۔حا۔نی)
خدائی سایہ ، بادشاہ ۔

ظل ظلیل (ظِلْ ۔لِ ظَلِیْل) ، لمبی چھاؤں۔
ظلف (ظِلْ ۔فْ) ، کھر جمع اَظْلَاف (ظُلْ ۔فْ)
ظُلُف ، تنگی معاش۔
ظلم (ظُلْ ۔مْ) ستم ، ناانصافی (ظُلَمْ) اندھیری۔
ظلمات (ظُلْ ۔مَاتْ) ظُلُمَاتْ ظلمت کی جگہ ، آبِ
حیات کے چشمہ کی جگہ ، بحر اطلانتک۔
ظلمانی (ظُلْمَا ۔نِیْ) ، ناصاف۔
ظلمت (ظُلْ ۔مَتْ) ، اندھیرا جمع ظَلَامْ ،
ظُلَمْ ، ظُلُمَاتْ۔
ظلم رسیدہ (ظُلْ ۔مْ ۔رَسِیْ ۔دَہْ) مظلوم ، دکھیا۔
ظلمی (ظُلْ ۔مِیْ) ، ناانصاف ، ظالم۔
ظلمیت (ظُلْ ۔مِیْ ۔یَتْ) ، ناانصافی۔
ظلوم (ظَلُوْم) ، بڑا ظالم۔
ظلہ (ظُلْ ۔لَہْ) ، چھاؤں کرنیوالی چیز (ظِلُّ ،
لَہُوْ) اس مرد کا سایہ۔
ظلہا (ظِلْ ۔لُہَا) ، اس عورت کا سایہ۔
ظلہم (ظِلْ ۔لُہُمْ) ، ان مردوں کا سایہ۔
ظلیف (ظَلِیْفْ) ، بدحال ، سخت مشکل کام۔
ظلیل (ظَلِیْلْ) ، سایہ دار۔
ظلیم (ظَلِیْمْ) ، ستم رسیدہ ، نر شتر مرغ
جمع ظُلْمَانْ۔
ظما (ظَمَا) ، پیاس ، تشنگی۔
ظمان (ظَمْ ۔آنْ) ، پیاسا جمع ظِمَاءْ
ظن (ظَنْ) ، گمان ، یقین جمع ظُنُوْن ،
جمع جمع اَظَانِیْنْ۔
ظنبوب (ظُنْ ۔بُوْبْ) ، پنڈلی کی ہڈی جمع ظَنَابِیْبْ۔
ظنت (ظِنْ ۔نَتْ) ، تہمت جمع ظِنَنْ۔
ظنون (ظَنُوْن) ، بدگمان
ظنین (ظَنِیْن) جس کو تہمت لگائی گئی ہو۔
ظنی (ظَنْ ۔نِیْ) منسوب طرف ظن ، گمان کا یا کی۔
ظہار (ظِہَارْ) ، ایک قسم کی طلاق ، ہم پشتی ،
ہم پشت ہونا۔
ظہارہ (ظِہَا ۔رَہْ) ، ابر (ظِہَا ۔رَہْ) ، قوی پشتی۔
ظہر (ظُہْ ۔رْ) ، ظہر کی نماز ، دوپہر ، وقتِ زوال
(ظَہْ ۔رْ) ، پیٹھ ، پشت جمع ظُہْرَانْ (ظَہَرْ)
پیٹھ کا درد (ظَہْ ۔رْ) ستون ، کھمبا۔
ظہرہ (ظَہْ ۔رَہْ) یار ، دوست۔
ظہری (ظَہْ ۔رِیْ) ، پشت والی چیز۔
ظہریہ (ظَہْ ۔رِیَہْ) ، پس پشت ، پیٹھ پیچھا۔
ظہور (ظُہُوْر) ، ظاہر ہونا ، کھلنا۔
ظہیر (ظَہِیْر) ، مددگار ، بہت سے مددگار۔
ظہیرہ (ظَہِیْ ۔رَہْ) ، گرم دوپہر۔
ظئر (ظِئْ ۔رْ) ، اڑوار ، دودھ پلائی ، انا جمع ظُؤُور ،
ظُؤَار (ظُ ۔ؤَارْ) ، اَظْآر (اَظْ ۔آرْ)
ظیان (ظَیْ ۔یَانْ) ، شہد ، جنگلی چمیلی ، جوہی۔

ع

ع (عَیْن) ، مخصوص حرف عربی ، حرف قمری ، قائم
مقام عدد ۷۰ ، حرف حلق۔
عابث (عَا ۔بِثْ) ، کھلنڈرا ، کھلاڑی۔
عابد (عَا ۔بِدْ) ، عبادت گذار جمع عُبَّاد ، عَبَدَہ۔
عابر (عَا ۔بِرْ) ، راہگیر ، پار اترنیوالا جمع عَابِرِیْن
عاتق (عَا ۔تِقْ) ، کاندھا ، مونڈھا ، آزاد شدہ ،
نوجوان عورت جمع عُتُقْ۔
عاتم (عَا ۔تِمْ) ، کامل ، پورا۔
عاتی (عَا ۔تِیْ) ، سرکش ، مغرور۔
عاتم (عَا ۔تِمْ) ، ڈھیل کرنیوالا ، دیر لگانیوالا۔
عاج (عَاجْ) ، ہاتھی دانت ، خوب چلتا ہوا راستہ۔
عاجز (عَا ۔جِزْ) ، ناچار ، مرد جمع عَجَزَہ ، عُوَاجِز۔
عاجزہ (عَا ۔جِزَہْ) ، ناچار عورت۔
عاجزی (عَا ۔جِزِیْ) ، ناچاری

عاجل (عَا-جِلْ) جلد باز۔
عاجلہ (عَا-جِلَہْ) فوراً، فوری، یہ جہان۔
عاجی (عَا-جِیْ) نادان، بیوقوف۔
عادت (عَا-دَتْ) خو، خصلت جمع عَادَاتْ
عادل (عَا-دِلْ) منصف جمع عُدُوْل
عادی (عَا-دِیْ) عادت پڑا ہوا، نا انصاف، دشمن، بدباطن، قدیم چیز جمع عُدْوَانْ
عاذر (عَا-ذِرْ) زخم کا نشان، معافی خواہ۔
عاذل (عَا-ذِلْ) ملامت کرنے والا جمع عُذَّالْ
عار (عَارْ) شرم، عیب، دشنام۔
عارج (عَا-رِجْ) اوپر چڑھنے والا۔
عارض (عَا-رِضْ) لاحق ہونے والا۔ (عَارَضْ) گال، رخسار۔
عارضہ (عَا-رِضَہْ) بیماری جمع عَوَارِضْ۔
عارضی (عَا-رِضِیْ) جو اصلی نہ ہو۔
عارضین (عَا-رِضَیْنْ) دونوں گال (عَا-رِضِیْنْ) مدعی مدعا علیہ۔
عارف (عَا-رِفْ) پہچاننے والا جمع عُرَفَا، عَوَارِفْ۔
عارفانہ (عَا-رِفَا-نَہْ) عارف کی مانند۔
عارفہ (عَا-رِفَہْ) پہچاننے والی
عارم (عَا-رِمْ) شوخ، بدخو۔
عاری (عَا-رِیْ) ننگا جمع عُرَاتْ، عُرَاۃ
عاریت (عَا-رِیَتْ، عَا-رِیْتْ) مانگی کی چیز، دستگرداں جمع عَوَارِی۔
عاریتی (عَا-رِیَتِیْ) منسوب بہ عاریت۔
عاریہ (عَا-رِیَہْ) ننگی عورت۔
عازم (عَا-زِمْ) قصد کرنے والا جمع عَازِمِیْن۔
عاس (عَاسْ) رات کا چوکیدار جمع عَسَسْ
عاسل (عَا-سِلْ) شہد نکالنے والا۔
عاسی (عَا-سِیْ) سخت، بوڑھا۔

عاشر (عَا-شِرْ) دسواں۔
عاشق (عَا-شِقْ) چاہنے والا جمع عُشَّاقْ، عَاشِقِیْن، عَاشِقَانْ۔
عاشقانہ (عَا-شِقَا-نَہْ) عاشق والہ۔
عاشقی (عَا-شِقِیْ) چاہت۔
عاشور، عاشورا، عاشورہ (عَا شُوْر، عَا-شُوْ-رَا، عَا-شُوْ-رَہْ) محرم کی دسویں تاریخ۔
عاص (عَاصْ) گنہگار۔
عاصف، عاصفہ (عَا-صِفْ، عَا-صِفَہ) آندھی، جھکڑ جمع عَاصِفَاتْ، عَوَاصِفْ۔
عاصم (عَا-صِمْ) باز رکھنے والا، نگاہ رکھنے والا
عاصمہ (عَا-صِمَہ) دارالسلطنت، راجدھانی۔
عاصی (عَا-صِیْ) گنہگار، مجرم، خطاکار جمع عُصَاۃ
عاطر (عَاطِرْ) خوشبودار۔
عاطف (عَا-طِفْ) مہربانی کرنے والا۔
عاطفت (عَا-طِفَتْ) مہربانی، خوشی جمع عَوَاطِفْ
عاطل (عَا-طِلْ) برہنہ، بے کار۔
عاطوس (عَا-طُوْس) وہ چیز جو چھینک لا دے، ہلاس۔
عاف (عَافْ) خطا معاف کرنے والا جمع عَافِیْن
عاف عاف (عَافْ-عَافْ) دیکھو عفعف۔
عافیت (عَا-فِیَتْ) آرام، پارسائی، تندرستی جمع عَافِیَاتْ۔
عاق (عَاقْ) ماں باپ سے سرکش۔
عاقب (عَا-قِبْ) پیچھے آنے والا، انجام۔
عاقبت (عَا-قِبَتْ) انجام، آخر، آخرت
عاقبت اندیش (عَا-قِبَتْ-اَنْ-دِیْش) انجام سوچنے والا۔
عاقبت اندیشی (عَا-قِبَتْ-اَنْ-دِیْ-شِیْ) انجام سوچنا۔
عاقبت نا اندیش (عَا-قِبَتْ-نَا-اَنْ-دِیْش) انجام نہ سوچنے والا۔
عاقبہ (عَا-قِبَہ) انجام، آخر جمع عَوَاقِبْ

عاقد (عا۔قِد) گرہ لگانے والا، عہد کرنے والا۔
عاقر (عا۔قِر) مرد جس کے نطفہ سے اولاد نہ ہو، بانجھ عورت جمع عَوَاقِر۔
عاقرقرحا (عا۔قِر۔قَر۔حا) بیخ طرخون، کاکرہ، نام دوا جو قوت باہ کے لئے مفید ہے۔
عاقل (عا۔قِل) چتر، زیرک جمع عُقلا، عاقِلان۔
عاقلہ (عا۔قِلہ) عقلمند عورت۔
عاکف (عا۔کِف) گوشہ نشین، جمع عاکِفین۔
عالم (عا۔لِم) جاننے والا، علم والا جمع عُلَما، عُلّام، عالِمان۔ (عا۔لَم) دُنیا، مخلوقات جمع عَوَالِم۔
عالم آب (عا۔لَم۔آب) شراب نوشی۔
عالم اجسام (عا۔لَم۔اَج۔سام) دنیا۔
عالم ارواح (عا۔لَم۔اَر۔واح) عالم غیب
عالم اسباب (عا۔لَم۔اَس۔باب) دنیا۔
عالم بالا (عا۔لَم۔با۔لا) آسمانی دنیا۔
عالم غیب (عا۔لَم۔غَیب) آسمانی دنیا جو اوجھل ہے (عا۔لِم۔غَیب) غیب کا حال جاننے والا۔
عالمگیر (عا۔لَم۔گیر) دنیا پر چھا جانے والا۔
عالم معنی (عا۔لَم۔مَع۔نی) وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے۔
عالمی (عا۔لَمی) دنیا کا رہنے والا جمع عالَمیان۔
عالی (عا۔لِی) بلند، برتر جمع عَوَالِی۔
عالیجاہ (عا۔لی۔جاہ) بلند مرتبہ۔
عالیجناب (عا۔لی۔جَناب) بلند مرتبہ۔
عالیشان (عا۔لی۔شان) بڑا شاندار۔
عالی قدر (عا۔لی۔قَدر) بڑے مرتبہ کے لائق۔
عالی مقام (عا۔لی۔مَقام) بڑے درجہ والا۔
عالیہ (عا۔لِیہ) بلند، اونچا۔
عام (عام) معمولی آدمی جو عام سب پر چھائی ہوئی چیز (عام) سال جمع اَعوام

عامۃ المسلمین (عام۔مَتُل۔مُس۔لِمین) عام مسلمان لوگ۔
عامر، عامرہ (عا۔مِر، عا۔مِرہ) معمور، آباد، آبادان، آباد کرنے والا۔
عامل (عا۔مِل) حاکم، عمل کرنے والا جمع عُمّال، عَمَلہ، عَوَامِل، عامِلین۔
عاملہ (عا۔مِلہ) عمل کرنے والی، حاکمہ
عام و خاص (عا۔مو۔خاص) کہ ومہ، ہمہ شمہ۔
عامہ (عام۔مہ) عام آدمی، عام، مشہور سب پر چھائی ہوئی چیز، ہر طرف پھیلی ہوئی۔
عامی (عا۔می) ناخواندہ، جاہل۔
عاند (عا۔نِد) دشمن، عناد رکھنے والا۔
عانہ (عا۔نہ) پیڑو، شرمگاہ کے بال۔
عانی (عا۔نی) اسیر، لہو، خون، قیدی۔
عانیہ (عا۔نِیہ) اسیر عورت۔
عاہت (عا۔ہَت) آفت جمع عاہات۔
عاہر (عا۔ہِر) حرامکار، زانی۔
عاہرہ (عا۔ہِرہ) حرامکار عورت۔
عاہل (عا۔ہِل) بے شوہر والی عورت۔
عاہن (عا۔ہِن) محتاج، شکستہ آدمی، کاہل۔
عائب (عا۔ئِب) عیبی جمع عَوَائِب۔
عائد (عا۔ئِد) الٹ آنے والا، عود کرنے والا جمع عُوَّد۔
عائدہ (عا۔ئِدہ) محصول، رسم و رواج جمع عَوَائِد۔
عائق (عا۔ئِق) مانع، باز رکھنے والا جمع عَوَائِق۔
عائل (عا۔ئِل) فقیر، درویش۔
عائلہ (عا۔ئِلہ) خاندان
عائلی (عا۔ئِلی) فقیری، درویشی۔
عائن (عا۔ئِن) مددگار جمع اَعوِنہ۔

عسب (عَسْب) ڈگڑ لگا کر پانی پینا۔
عبا (عَبَا) نام لباس جمع اَعْبِیَہ۔
عباد (عِبَاد) عبد کی جمع (عُبَّاد) عابد کی جمع۔
عباد اللہ (عِبَا-دُلْ-لَہ) اللہ کے بندے۔
عبادت (عِبَا-دَت) پوجا، بندگی جمع عِبَادَات۔
عبارت (عِبَا-رَت) بیان، طرزِ تحریر، تعبیر جمع عِبَارَات۔
عباس (عَبْ-بَاس) ایک پودے کا نام۔
عباسی (عَبْ-بَا-سی) منسوب بہ سلاطینِ عباسیہ۔
عبث (عَبَث) بے فائدہ، بے ہودہ
عبد (عَبْد) بندہ، غلام جمع عِبَاد، عَبِید، اَعْبُد، عُبَّاد۔
عبد البطن (عَبْ-دُلْ-بَطْن) پیٹ کا بندا۔
عبد الجنان (عَبْ-دُلْ-جِنْ-نَان) کابوس۔
عبد الدرہم (عَبْ-دُدْ-دِرْ-ہَم) روپیہ کا بندا۔
عبر (عَبْر) گھاٹ، تعبیر گوئی (عُبْر) گھاٹ، ریز، افراط، ٹولی (عِبْر) گھاٹ کا محصول (عَبَر) عبرت نیوشی۔
عبرت (عِب-رَت) اندیشہ، نصیحت حاصل کرنا (عَب-رَت) رنج، گریہ۔
عبرہ (عِب-رَہ) خراجِ ملک، گھاٹ کا محصول (عَب-رَہ) آنسو۔
عبری، عبرانی (عِب-رِی، عِب-رَا-نِی) ملک شام کی ایک قدیم زبان۔
عبس (عَبْس، عَبَس) ترشروئی، موت۔
عبسور (عَبْ-سُور) تیز رفتار سانڈنی
عبطا (عَب-طَا) لمبی عورت۔
عبق (عَبَق) خوشبو۔
عبقری (عَب-قَرِی) عجائب غرائب چیز۔
عبودیت (عُبُو-دِی-یَت) بندگی۔

عبور (عُبُور) اترنا، گذرنا۔
عبوس (عُبُوس) ترشروئی (عَبُوس) ترشرو۔
عبوست (عُبُو-سَت) ترشروئی۔
عبہر (عَب-ہَر) پیلی نرگس۔
عبید (عَبِید) بہت سے غلام (عُبَیْد) چھوٹا سا غلام۔
عبیر، عبیری (عَبِیر، عَبِی-رِی) ایک خوشبودار مرکب سفوف۔
عتاب (عِتَاب) غصہ، خفگی۔
عتاد (عَتَاد) تیاری، اسباب، سامان۔
عتاق، عتاقت (عَتَاق، عَتَا-قَت) آزادی
عتال (عَت-تَال) حمال، پلہ دار۔
عتالہ (عَت-تَا-لَہ) حمال کی اجرت، حمال عورت۔
عتب (عَتْب) خفہ کرنا۔
عتبہ (عَتَبَہ، عَتْ-بَہ) چوکھٹ، سختی جمع عَتَبَات۔
عترت (عِت-رَت) عزیز قریب، اولاد۔
عتق (عِتْق) آزادی (عَتْق) کہنگی۔
عتل (عُتُل) ستمگار، سخت آواز۔
عتلہ (عَتَلَہ) گدالا، سبل، کھودنے کا ایک آلہ۔
عتو (عُتُوّ) سرکش جمع اَعْتَار (عُتُوّ) گردن کشی کرنا۔
عتی (عِتِی) بہت بڈھا ہونا، گھمنڈ کرنا۔
عتیب (عُتَیْب) عتاب، خفگی، عتاب کا مالہ۔
عتید (عَتِید) حاضر، مہیا، موجود۔
عتیق (عَتِیق) پرانا، برگزیدہ، آزاد جمع عُتُق، عُتَقَاء۔
عتیل (عَتِیل) پیلا سا جمع عُتَلَاء۔
عثار، عثارہ (عِثَار، عِثَا-رَہ) سر کے بل گر پڑنا۔
عثر (عَثْر) گر پڑنا۔

عشرہ (عَشْ۔رَہْ) دس کا مجموعہ
عثرت (عِثْ۔رَتْ) لغزش جمع عَثَراتْ۔
عثمان (عُثْ۔مَانْ۔نُوْ) مغربی ترک
عجاب (عُجَابْ) تعجب۔
عجاج (عَجَاجْ) غبار، گرد۔
عجالت، عجالہ (عُجَا۔لَتْ، عُجَا۔لَہْ) جلد بازی، جلدی۔
عجام (عُجَامْ) ہر چیز کا دانہ (عُجْ۔جَامْ) چمگادڑ، ابابیل۔
عجائبا (عَجَا۔اِبَا) عجیب کی جمع۔
عجائبات (عَجَا۔اِبَاتْ) عجائب کی جمع۔
عجب (عَجَبْ) اچنبھا، تعجب (عُجْ۔بْ) بایان، آخر کار جمع عُجُوْب (عَجْ۔بْ) گھمنڈ، غرور جمع اَعْجَابْ۔
عجد (عَجْ۔دْ) انگور کا دانہ۔
عجروف (عُجْ۔رُوْفْ) چیونٹا، بڑی چیونٹی۔
عجز (عَجْ۔زْ) عاجزی، ناتوانی (عَجُزْ) چوتڑ جمع اَعْجَازْ۔
عجزا (عَجْ۔زَا) بھاری چوتڑ والی عورت۔
عجف (عَجَفْ) لاغری، دبلاپن (عَجِفْ) دبلا لاغر جمع عِجَافْ۔
عجل (عِجْ۔لْ) بچھڑا، بچھیا جمع عِجَالْ، اَعْجَالْ (عَجَلْ) جلدباز (عَجَلْ) جلد، جھپا۔
عجلت (عَجْ۔لَتْ) جلدی، شتابی۔
عجلہ (عَجَلَہ) گاڑی، پہیہ، رہٹ (عِجْ۔لَہْ) بچھیا، گائے کی بچی۔
عجم (عَجَمْ) غیر عرب، ایران، توران، دانہ (عَجْ۔مْ) نقطے یا اعراب لگانا (عُجْ۔مْ) اعجم کی جمع۔
عجمی (عَجَمِیْ) ایرانی، تورانی، غیر عربی۔
عجن (عَجْنْ) خمیر کرنا (عَجْ۔نْ) ہاتھ ٹیک کر اٹھنا، گوندھنا۔
عجوبہ (عُجُوْ۔بَہْ) انوکھی چیز
عجوز (عَجُوْز) بوڑھی عورت جمع عَجَائِزْ، عُجُزْ۔
عجول (عَجُوْل) بہت دوڑنے والا (عِجْ۔جَوْل) گائے کا بچہ جمع عَجَاجِیْل۔
عجوہ (عَجْ۔وَہْ) قسم کھجور مدینہ منورہ
عجہ (عُجْ۔جَہْ، عِجْ۔جَہْ) خاگینہ۔
عجیب (عَجِیْبْ) انوکھی چیز جمع عَجَائِبْ، جمع الجمع اَعَاجِیْبْ۔
عجیبہ (عَجِیْ۔بَہْ) عجیب کا مونث۔
عجیز (عَجِیْزْ) نامرد، عورت کے ناقابل۔
عجیف (عَجِیْفْ) دبلا، نزار۔
عجیل (عَجِیْلْ) جلد باز۔
عجین (عَجِیْنْ) گندھا ہوا، خمیر۔
عد (عَدّ) گننا، شمار کرنا۔
عداد (عِدَادْ) شمار۔
عدار (عَدْ۔دَارْ) ملاح، کشتیبان۔
عدالت (عَدَا۔لَتْ) انصاف، انصاف کی کچہری، لیاقت گواہی، برابری۔
عداوت (عَدَا۔وَتْ) دشمنی، بیر۔
عدت (عِدْ۔دَتْ) گنتی، شمار، علیحدگی شوہر کے بعد دوسرے نکاح کی مدت، حالت (عُدْ۔دَتْ) تیاری، آمادگی، سامان، ساخت۔
عدد (عَدَدْ) ہندسہ، گنتی، شمار جمع اَعْدَادْ۔
عددی (عَدَدِیْ) منسوب بہ عدد۔
عدس (عَدَسْ) مسور۔
عدس بابا (عَدَسْ۔بَا۔بَا) دارالحکومت حبشہ۔
عدل (عَدْ۔لْ) انصاف، نیاو، مانند، برابری (عِدْ۔لْ، عِدَالْ) گٹھری۔
عدلا (عُدَ۔لَاْ) عدیل کی جمع۔

عدل گستری (عَدْل گُس تَری) انصاف کرنا۔

عدلین (عَدْ لَین) دو مرد گواہی کے اہل۔

عدم (عَدَم، عَدْم، عُدُم) نابود، نیستی، درویشی (عُدِم) فقیر، محتاج۔

عدمل (عُدْ مُل) مجگا دری، پُرانا۔

عدن (عَدْن) بہشت (عَدَن) نام شہر (جنوبی عرب)

عدو (عَدُو، عَدُوّ) دشمن، بیری جمع اَعْدَا، اَعَادِی، عُدی (عُدُوْ) ستم کرنا، حد سے گذر جانا (عَدْو) دوڑنا۔

عدوان (عُدْ وَان) ظلم، ستم (عَدَوَان) سخت دشمنی، بیحد تیزی۔

عدول (عُدُول) عادل کی جمع، تجاوز، برگشتگی (عَدُول) ٹھیک گواہ، بڑا عادل۔

عدوہ (عَدْ وَہ) دریا کا کنارہ (عُدْ وَہ) دور جگہ (عِدْ وَہ) اونچی جگہ۔

عدہ (عُدَّہ) سامان، اسباب۔

عدی (عَدِی) دوڑنے والا (عِدا) عدو کی جمع۔

عدید (عَدِید) بہت، نظیر، گنتی، شمار۔

عدیل (عَدِیل) ہمرتبہ، ہمسر جمع عُدَلَاء۔

عدیم (عَدِیم) نایاب، درویش، نادان۔

عدیم المثال (عَدِیْ مُلْ مِثَال) جس کی مثال نہ ہو۔

عذاب (عَذَاب) شکنجہ، دکھ جمع اَعْذِبَہ۔

عذاب الہون (عَذَا بُل ہُوْن) ذلت کا عذاب۔

عذار (عِذَار) گال، رخسار، عارض۔

عذب (عَذْب) میٹھا، خوش ذائقہ، پھٹکی، غلکی (عَذَب) کوڑا کرکٹ، مواد (عَذِب) کائی جو پانی پر جم جاتی ہے۔

عذبہ (عَذْبَہ) بیرحم، چھبا (عُذْبَہ) کائی، جامۂ غوک۔

عذر (عُذْر) بہانہ، معذرت جمع اَعْذَار، مَعْذِرَات۔

عذرا (عَذْرَا) کنواری لڑکی، آسمانی را جمع عَذَارِی، عَذَارِیٰ۔

عذرخواہ (عُذْر خَوَاہ) معذرت چاہنے والا

عذرخواہی (عُذْر خَوَاہی) معذرت چاہنا۔

عذرلنگ (عُذْرِ لَنگ) ناقص عذر۔

عذرہ (عُذْرَہ) دوشیزگی، ایال جمع عُذَر (عَذِرَہ) گوہ، پاخانہ۔

عذری (عُذْرَا) معذور رکھنا، عذر چاہنا۔

عذوبت (عُذُوبَت) مٹھاس، خوش ذائقہ ہونا۔

عذیوط (عِذْ یُوط) وہ شخص جس کا حالت جماع میں پاخانہ نکل جاوے، نام بیماری۔

عرا (عَرَا) درگاہ، آنگن (عَرَا) چٹیل میدان (عِرَا) اصطلاح شطرنج بازی۔

عرابہ، عرادہ (عَرَّابَہ، عَرَّادَہ) چھکڑا، گاڑی۔

عراضہ (عُرَاضَہ) سوغات۔

عراق (عِرَاق) نام ملک (مشرقی عرب)

عراق عجم (عِرَاقِ عَجَم) فارسی بولنے والا عراق کا صوبہ۔

عراق عرب (عِرَاقِ عَرَب) عربی بولنے والا عراق کا صوبہ۔

عراقی (عِرَاقِی) عراق والا، عراق سے منسوب۔

عراقین (عِرَاقَین) بصرہ اور کوفہ۔

عراک (عِرَاک) کان اینٹھنے والا۔

عرائض (عَرَائِض) عریضہ کی جمع۔

عرب (عَرَب) نام ملک، عرب کا شہری۔

عریان (عُرْیَان) برہنہ۔

عربانہ (عَرْ۔بَا۔نَہ)، دف، دائرہ۔
عربجی (عَرْ۔بَجِی)، گاڑیبان۔
عربدہ (عَرْ۔بَدَہ)، بدخوئی، جنگجوئی۔
عربدہ جو (عَرْ۔بَدَہ۔جُو)، لڑاکا۔
عربستان (عَرَبِسْ۔تَان)، ملک عرب۔
عربون (عَرْ۔بُون)، بیعانہ۔
عربی (عَرَبِی)، عرب کی زبان، منسوب بہ عرب۔
عربیہ (عَرَبِیَّہ)، عربی، عرب سے منسوب۔
عرت (عَرْت)، ناک ملنا۔
عرج (عَرَج)، لنگڑاپن۔
عرزم (عِرْ۔زَم)، جتھا دھاری۔
عرس (عِرْس)، شوہر والی عورت جمع اَعْرَاس
(عُرُوس)، عُرْس، بیاہ کی دعوت، کسی بزرگ کے مزار پر محفل سماع اور نذر و نیاز جمع اَعْرَاس، عُرُوسَات۔
عرش (عَرْش)، چھت، تخت، آسمان، جہاز کی چھتری جمع اَعْرَاش، عُرُوش، عُرُش، عَرْشَہ۔
عرشہ (عَرْ۔شَہ)، ڈیک، جہاز کی ایک مسلسل لمبی چھتری۔
عرصات (عَرَ۔صَات)، میدان حشر، عرصہ کی جمع۔
عرصہ (عَرْ۔صَہ)، دفعہ، میدان، فاصلہ جمع عَرَصَات، عِرَاص
عرض (عَرْض)، نشانہ، مال، اسباب، پونجی، جمع عُرُوض درخواست، پیشی، اظہار، چوڑائی (عَرْض)، جو صفت خود قائم نہ ہو، چوڑائی جمع اَعْرَاض (عِرْض)، جسم، بدن، آبرو (عُرْض)، درمیان، کنارہ، طرف۔
عرض بیگی (عَرْض۔بے۔گی)، اہلکار پیشی۔
عرض حیات (عَرْض۔حَیَات)، لطف زندگانی۔
عرضدار (عَرْض۔دَار)، چوڑا۔
عرضداشت (عَرْض۔دَاشْت)، عرضی۔
عرض عمر (عَرْض۔عُمْر)، دیکھو عرض حیات۔
عرض گاہ (عَرْض۔گَاہ)، میدان، فوج شماری۔
عرضہ (عَرْ۔ضَہ)، عرض کرنا (عُرْ۔ضَہ)، ڈھال، ہمت، بہانہ، حجت۔
عرضی (عَرْ۔ضِی)، درخواست۔
عرعر (عَرْ۔عَر)، چیڑ کا پیڑ۔
عرف (عُرْف)، پہچان، دوسرا نام، ایال، نیکی (عَرْف)، صبر (عَرْف)، اِعتراف، باس، خوشبو، جزا دینا، گناہ کا اقرار کرنا۔
عرفا (عُرَفَا)، عارف کی جمع (عُرْفَا)، کفتار، بجو۔
عرفات (عَرَفَات)، حج کے میدان کا نام۔
عرفان (عِرْ۔فَان)، پہچان، تمیز، علم۔
عرفہ (عَرَفَہ، عُرْ۔فَہ)، ذالحجہ کی نویں تاریخ۔
عرفی (عُرْ۔فِی)، منسوب بعرف۔
عرق (عَرَق)، پسینہ، بھاپ سے کھینچا ہوا دواؤں کا پانی، دیوار کا ردہ (عِرْق)، رگ، نس، ریشۂ درخت جمع عُرُوق، اَعْرَاق، عِرَاق (عَرِق)، بدمزہ دودھ۔
عرق النسا (عِرْقُن۔نِسَا)، ایک درد جو ترٹ سے پنڈلی تک جو ایک رگ میں اٹھتا ہے۔
عرقبہ (عَرْ۔قَبَہ)، کونچیں کاٹنا۔
عرقوب (عُرْ۔قُوب)، کونچ، بالائے پاشنہ۔
عرقیہ (عَرَ۔قِی۔یَہ)، پسینہ پونچھنے کا رومال۔
عرکل (عَرْ۔کَل)، دف، دائرہ، عربانہ۔
عرگوزی (عَرْ۔گُو۔زِی)، بے موقع شور و غل۔
عرم (عَرِم)، باندھ، بینڈ، پانی کی روک۔
عروا (عُرَ۔وَا)، بخار جاڑا، تپ و لرزہ۔
عروب (عَرُوب)، محبت والی بیوی جمع عُرُب۔
عروبہ (عَرُو۔بَہ)، جمعہ، آدینہ

عروج (عُرُوج) ترقی، چڑھاؤ۔
عروس (عَرُوس) دولہا جمع عُرُس دلہن جمع عَرَائِس
عروس البلاد (عَرُو-سُل-بِلَاد) سب سے خوبصورت شہر، شہروں کی دلہن۔
عروس الخطوط (عَرُو-سُل-خُطُوط) ایک رسم الخط۔
عروسانہ (عَرُو-سَا-نَہ) عروس کی مانند۔
عروسک (عَرُو-سَک) گڑیا، ایک میوہ، آلو، چھوٹی منجنیق، بیر بہوٹی۔
عروسی (عَرُو-سِی) شادی بیاہ سے نسبت رکھنے والی چیز، عروس کا، عروس کی۔
عروض (عُرُوض) عرض کی جمع، عارض ہونا (عَرُوض) شعر وزن کرنے کا علم، مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ، جانب، برابر، معنیٔ سخن۔
عروف (عَرُوف) بڑا پہچاننے والا، صابر۔
عروق الصبغ (عُرُو-قُص-صَبْغ) ہلدی۔
عروہ (عُرْ-وَہ) دستہ، گرفت، کاج، کونہ۔
عروۃ الوثقیٰ (عُرْ-وَتُل-وُثْ-قَا) مضبوط گرفت۔
عری، عریاں (عُرْی، عُرْیَاں) برہنہ، ننگا۔
عریانہ (عُرْ-یَا-نَہ) ننگی عورت، برہنہ عورت۔
عریانی (عُرْ-یَا-نِی) ننگا پن، برہنگی۔
عریب (عُرَیْب) عرب کی تصغیر، چھوٹا سا عرب۔
عریس (عَرِیْس) دولہا (عِرِّیْس) کچھار۔
عریش، عریشہ (عَرِیْش، عَرِی-شَہ) جھونپڑا، ہودج، ٹٹی، گھونسلا۔
عریض (عَرِیْض) چوڑا۔
عریضہ (عَرِی-ضَہ) عرضی، خط جمع عَرَائِض۔
عریف (عَرِیْف) پہچاننے والا جمع عُرَفَا (عِرِّیف) رئیس، سردار قوم، نقیب۔
عریکہ (عَرِی-کَہ) طبیعت، کوہان جمع عَرَائِک
عرین (عَرِیْن) بَن، بنی۔

عز (عِزّ) عزت، ارجمندی (عَزِیْز) قادر، غالب۔
عزا (عَزَا) ماتم پرسی، مصیبت پر صبر۔
عزاخانہ (عَزَا-خَا-نَہ) ماتم پرسی کا مکان۔
عزادار (عَزَا-دَار) ماتم پرسی کرنے والا۔
عزاداری (عَزَا-دَا-رِی) ماتم پرسی کرنا۔
عزازیل (عَزَا-زِیل) نام شیطان۔
عزائم (عَزَا-اِم) عزیمہ کی جمع۔
عزب (عَزَب، عَزَب) بے بیوی والا، بے شوہر والی جمع عُزُب۔
عزت (عِزْ-زَت) توقیر، پرتشا۔
عزت طلب (عِزْ-زَت-طَلَب) عزت چاہنے والا۔
عزت طلبی (عِزْ-زَت-طَلَبِی) عزت چاہنا۔
عزرائیل (عِزْ-رَا-اِیل) موت کا فرشتہ۔
عزف (عَزْف) ہوا کی سائیں سائیں۔
عزل (عَزْل) علیحدگی، برطرفی (عُزُل) اعزل کی جمع۔
عزلت (عُزْ-لَت) گوشہ نشینی۔
عزل و نصب (عَزْ-لُو-نَصْب) تغیر و تبدیلی۔
عزم (عَزْم) قصد، ارادہ جمع عَزَمَات
عزو (عَزْو) نسبت دینا، صبر کرنا۔
عزوم (عَزُوم) بڑھیا عورت۔
عزہات (عِزْ-ہَات) شکست، نامرد۔
عزیٰ (عُزْ-زَا) عزیز عورت، اعز کا مونث۔
عزیز (عَزِیْز) پیارا، محبوب، مرغوب، غالب، کامیاب جمع اَعِزَّہ
عزیزی (عَزِی-زِی) میرے عزیز، کلمۂ بجائے ضمیر غائب۔
عزیف (عَزِیْف) جن یا پری کی آواز
عزیم (عَزِیْم) سخت دشمن۔
عزیمت (عَزِی-مَت) قصد، ارادہ، لگن،

منتر، جادو، دُعا جم عَزَائِم ۔
عس (عَسّ) چوبی پیالہ، کٹھوٹھی ۔
عسار (عَسَار) درویشی، فقیری، کنگالی ۔
عسارت (عَسَا - رَت) دیکھو عُسرت ۔
عساکر (عَسَا - کِر) عسکر کی جمع ۔
عساکر نظامیہ (عَسَا - کِر - نِظَا - مِی - یَہ) باقاعدہ فوج ۔
عسالہ (عُس - سَا - لَہ) دہال، مکھی ۔
عسجد (عَس - جَد) سونا، جواہرات وغیرہ ۔
عسر (عُس - ر، عُسُر) دشواری، عَسِر، دشوار، مشکل ۔
عسرا (عَس - رَا) کھتی، باندی ۔
عسرت (عُس - رَت) تنگی، دشواری، کنگالی ۔
عسس (عَسَس) عاس کی جمع، کوتوال ۔
عسف (عَس - ف) بیراہ روی، بڑا پیالہ ۔
عسقل (عَس - قَل) سار رخ، کلاہ زمین ۔
عسکر (عَس - کَر) لشکر، فوج جم عَسَاکِر
عسکری (عَس - کَرِی) لشکری، فوجی ۔
عسکریہ (عَس - کَرِی - یَہ) فوجی خدمت ۔
عسل (عَسَل) شہد جم اَعْسَال، عُسُل، عُسُول، عُسْلَان (عَس - ل) سانڈنی، بے حد تعریف
عسلی (عَسَلِی) یہودیت کا زرد امتیازی نشان ۔
عسم (عَس - م) لالچ، لوبھ ۔
عسن (عُسُن) پرانی چربی ۔
عسوف (عَسُوف) ستمگار، بیراہ ۔
عسی (عَسَا) یقین، شاید، قریب ہے ۔
عسیر (عَسِیر) مشکل، کٹھن ۔
عسیف (عَسِیف) مزدور جم عُسَفَاء
عش (عَش) ٹھوڑا، دبلا آدمی (عَشَش) گھونسلا جم عِشَاش ۔
عشا (عِشَا) رات کا اندھیرا، رات کی نماز (عَشَاء) رات کا کھانا (عَشَا) شب کوری ۔
عشاق (عُش - شَاق) عاشق کی جمع ۔
عشب (عُش - ب، عُشُب) ہری گھاس جم اَعْشَاب
عشبہ (عُش - بَہ) نام دوا، سارسپریلا ۔
عشر (عَشَر) عشرہ کا مونث، دس (عُش - ر) دسواں حصہ جم اَعْشَار (عَشَر) پیر جس میں دودھ نکلے جم عَشَرَات (عَش - ر) دسواں حصہ لینا ۔
عشرت (عِش - رَت) عیش، نشاط، خوشدلی ۔
عشر عشیر (عُش - ر - عَشِیر) دسویں کا دسواں حصہ یعنی سوواں حصہ ۔
عشرون (عِش - رُون) بیس (۲۰)
عشرہ (عَشَرَہ، عَش - رَہ) دہائی، دس، محرم کے شروع دس دن جم عَشَرَات ۔
عشرین (عِش - رِین) دیکھو عشرون ۔
عشعش (عَش عَش) کلمۂ حیرت ۔
عشق (عِش - ق) محبت، شیفتگی ۔
عشقباز (عِش - ق - بَاز) چاہنے والا ۔
عشقبازی (عِش - ق - بَا - زِی) چاہت ۔
عشق پیچاں (عِش - ق - پے - چَاں) نام پھلواری
عشقہ (عَشَقَہ) عشق پیچاں ۔
عشم (عَشَم) سوکھی روٹی (عَش - م) ہوس، لالچ، لوبھ ۔
عشنق (عَشَنَق) لمبا، لمجھڑ ۔
عشور (عُشُور) چنگی کا محصول ۔
عشورا (عَشُو - رَا) دیکھو عاشورہ ۔
عشوق (عَشُوق) بڑا عشق کرنے والا ۔
عشوہ (عِش - وَہ) پوشیدہ حرکت، ناز و انداز، دور کی آگ جو نظر آتی ہے ۔
عشوہ گر (عِش - وَہ - گَر) ناز انداز دکھانے والا ۔
عشوہ گری (عِش - وَہ - گَرِی) ناز انداز دکھانا ۔

عشہ (عُش۔ شَہ) جھونپڑی۔
عشی (عَشِی) سر شام (عِشی) رات کا کھانا۔
عشیت (عَشِیَ۔ یَۃ) رات کا وقت، شبانگاہ۔
عشیر (عَشِیر) ۱۰ حصہ (۱) پٹھ، رس، دسواں حصہ۔
عشیرہ (عَشِی۔ رَہ) کنبہ، قبیلہ، اہل خانہ
جمع عَشَائِرَ۔
عشیق (عِش۔ شِیق) بہت دوست رکھنے والا، معشوق
عشیقہ (عِش۔ شِی۔ قَہ) معشوقہ، بہت دوست رکھنے والی
عصا (عَصَا) لاٹھی، ہاتھ کی لکڑی جمع اَعْصِی،
اَعْصَا، عُصِیّ۔
عصاب (عِصَاب) پٹی۔
عصابہ (عِصَا۔ بَہ) عربی سر بند، پٹی۔
عصات (عُصَات) عاصی کی جمع۔
عصار (عَص۔ صَار) تیلی، روغنگر۔
عصارہ (عُصَا۔ رَہ) رس، فضلہ، نچوڑا ہوا۔
عصام (عِصَام) مشک اُٹھانے کا تسمہ،
ڈول کی رسّی۔
عصب (عَصَب) عصبہ کی جمع، پٹھے۔
عصبہ (عَصَبَہ، عَص۔ بَہ) پٹھا، پے جمع عَصَب
ج جمع اَعْصَاب اولادِ ذکور، مرد رشتہ دار
جس کو ورثہ پہونچے جمع عَصَبَات (عُص۔
بَہ) بیس تا چالیس کی ٹکڑی۔
عصبی (عَصَبِی) منسوب بہ عصب۔
عصبیت (عَصَبِی۔ یَت) طرف داری،
خویشاوندی، استواری۔
عصر (عَصْر) زمانہ، آخر دن، آخر دن کی
نماز، نچوڑ جمع اَعْصَار، عُصُور، اَعْصُر،
عُصُر، کان اینٹھنا۔
عصراتہ (عَص۔ رَا۔ تَہ) ٹفن، شام کی چائے وغیرہ
عصعص (عُص۔ عُص) دُھاڑی، دُم غزہ۔
عصفر (عُص۔ فُر) شنجہ، کسم۔

عصفور (عُص۔ فُور) چڑا، چڑیا جمع عَصَافِیر
عصمت (عِص۔ مَت) پاکدامنی۔
عصمور (عُص۔ مُور) رہٹ، دولاب، جمع عَصَامِیر
عصو (عَصْو) لٹھ مارنا۔
عصوف (عُصُوف) جھکڑ، اندھیاؤ۔
عصوم (عَصُوم) بڑپیٹو، بسیار خوار۔
عصوی (عَصَوِی) منسوب بہ عصا، عصا کا۔
عصیان (عِص۔ یَان) گناہ، پاپ۔
عصیب (عَصِیب) طرف دار، رشتہ دار،
پائدار، کٹھن، جبر غضب۔
عصیر (عَصِیر) انگوری شراب، نچوڑ۔
عض (عَض) دانت سے کاٹنا، ہونٹھ
چبانا (عِض) ہشیار، چتر۔
عضاد (عَضَاد) کوتاہ قد اور فربہ جسم
(عِضَاد) دستی زیور، ہاتھ کا گہنا۔
عضادہ (عُضَا۔ دَہ) چوکھٹ، کولا، کھم۔
عضال (عُضَال) سخت کام، سخت بیماری۔
عضاہ (عَضَاہ) ہر کانٹوں دار بڑا درخت۔
عضب (عَضْب) تلوار، تیز زبان
جمع عُضُوب۔
عضبیت (عَض۔ بِی۔ یَت) تیز زبانی۔
عضد (عَضُد، عُضُد) بازو (عَضْد) امداد
عضل (عَض۔ ل) بیوہ کو نکاح کرنے سے
روکنا (عَض۔ ل) بہت خراب۔
عضلہ (عُض۔ لَہ) سختی، بلا جمع عُضَل،
عُضُل (عَضَلَہ، عَض۔ لَہ) گوشت کی
چکنی بوٹی جمع عَضَل
عضم (عُض۔ م) ہنچاخنہ، ساکھی، پنجا۔
عضو (عُضْو) نمبر، رکن، بدن کا حصہ
جمع اَعْضَا (عَضْو) ٹکڑے
ٹکڑے کرنا۔

عضوب، عضوبت (عُضُوب، عُضُو۔بَتْ) تیز زبانی، تیز زبان ہونا۔
عضوض (عَضُوْض) لات مارنے والا۔
عضوم (عَضُوْم) دیکھو عصوم۔
عطا (عَطَا) دیا، بخشش جمع اَعْطِیَہ
عطار (عَطْ۔طَار) خوشبو فروش، دوا فروش۔
عطارد (عُطَا۔رِدْ) نام ستارہ، دبیر فلک، بدھ
عطاری (عَطْ۔طَا۔رِیْ) دوا فروشی، عطر فروشی
عطاس (عُطَاسْ) چھینک کی بیماری، چھینکنا۔
عطاش (عِطَاشْ) عطشان کی جمع (عُطَاشْ) تونس یعنی پیاس کی دوا۔
عطالت (عِطَا۔لَتْ) دیکھو عطلت
عطائی (عَطَا۔اِیْ) عطا سے منسوب، بخشی ہوئی چیز، جس کو کچھ بخشا گیا ہو۔
عطایا (عَطَا۔یَا) عطیہ کی جمع۔
عطب (عُطْ۔بْ) (عُطُبْ) پشم، روئی (عَطْ۔بْ) نرمی، نازکی (عَطَبْ) ہلاکی۔
عطر (عِطْ۔رْ) خوشبو جمع عُطُوْر۔
عطر آگیں (عِطْ۔ر۔آ۔گِیْں) خوشبو بھرا ہوا۔
عطر دان (عِطْ۔ر۔دَانْ) عطر رکھنے کا بکس۔
عطری (عِطْ۔رِیْ) وہ چیز جو خوشبو دیوے جمع عِطْرِیَاتْ۔
عطریت (عِطْ۔رِیْ۔یَتْ) خوشبوئی۔
عطریف (عِطْ۔رِیْف) سورما، لڑائی میں بہادر۔
عطسہ (عَطْ۔سَہ) چھینک
عطش (عَطَشْ) پیاس (عَطِشْ) پیاسا۔
عطشان (عَطْ۔شَانْ) پیاسا، پیاس جمع عَطْشیٰ، عِطَاشْ۔
عطشی (عَطْشیٰ) پیاسی۔
عطف (عَطْ۔فْ) مہربانی، دوستی، ایپٹ، میل جمع اَعْطَافْ باگ موڑنا، دوہرا کرنا

عطل (عَطَلْ) بے سنگھری عورت، بے نقط حرف
عطلت (عُطْ۔لَتْ) بے کاری، پھلوار۔
عطوف (عَطُوْف) مہربان، شفیق۔
عطوفت (عَطُوْ۔فَتْ) مہربانی، شفقت۔
عطوفہ (عَطُوْ۔فَہ) مہربان عورت۔
عطیہ (عَطِیْ۔یَہ) بخشش، انعام جمع عَطَایَا، عَطِیَّاتْ۔
عظام (عِظَامْ) عظم کی جمع، عظیم کی جمع (عُظَامْ، عُظْ۔ظَامْ) بزرگ، بڑا۔
عظم (عَظْ۔مْ) ہڈی جمع عِظَامْ (عُظْ۔مْ) بزرگی (عِظَمْ) کلانی، بڑائی۔
عظمت (عَظَمَتْ، عَظْ۔مَتْ) بزرگی، قدر۔
عظمیٰ (عُظْ۔مَا) بڑی، بزرگ عورت۔
عظیم (عَظِیْم) بزرگ، بڑا جمع عِظَامْ، عُظَمَا۔
عظیم الشان (عَظِیْ۔مُش۔شَانْ) بڑی شان والا۔
عف (عَفْ، عُفْ) کتے کی آواز، عفو (عَفْ) پارسائی، پرہیزگاری
عفاف (عَفَافْ) پارسائی، پرہیزگاری (عِفَافْ) پوشیدگی
عفت (عِفْ۔فَتْ) پرہیزگاری، پارسائی۔
عفرنا (عَفَرْ۔نَا) شیر، اسد، ہزبر، باگھ۔
عفریت (عِفْ۔رِیْت) دیو، خبیث جمع عَفَارِیْتْ۔
عفش (عَفْ۔شْ) مسافر کا اسباب۔
عفص (عَفْ۔صْ) مازو جو ایک کڑوا پھل ہے (عَفِصْ) کڑوی کسیلی چیز۔
عفعف (عَفْ۔عَفْ) کتے کی آواز
عفن (عَفْن) سڑاند (عَفِنْ) سڑاند، بدبو۔
عفو (عَفْ۔و) معافی (عَفُوّ) بڑا معاف کرنے والا۔

عفوصت (عُفُو۔صَت) کسیلا پن۔
عفونت (عُفُو۔نَت) بدبو، سڑاند۔
عفی عنہ (عُفِیَ۔عَن۔ہُ) اس پر معافی کی جاوے
عفیف (عَفِیف) پارسا مرد۔ جمع اَعِفَّاء عَفَائِف۔
عفیفہ (عَفِی۔فَہ) پارسا عورت۔
عقاب (عِقَاب) دُکھ۔ جمع عُقُبَان (عُقَاب) نام شکاری پرند جمع عِقْبَان، اَعْقُب۔
عقابین (عُقَا۔بَین) آہنی گوکھرو (عُقَابَین) مجرم کو باندھنے کی دو اونچی لکڑیاں۔
عقار (عَقَار) اراضی، گاؤں، اسباب، پانی (عُقَار) شراب (عَق۔قَار) جڑ یا بوٹی دوا کیلئے جمع عَقَاقِیر۔
عقال (عِقَال) ایک سال کی زکوٰۃ
عقائد (عَقَا۔اِد) عقیدہ کی جمع۔
عقب (عَقِب) ایڑی، بیٹا، پوتا جمع اَعْقَاب (عُقُب، عُقْ۔ب) آخر کار، انجام عَقْب، عَقَ۔ب) پیچھے۔
عقبول (عُقْ۔بُول) چھالا، بتخالہ
عقبہ (عَقَبَہ، عَق۔بَہ) کٹھن کام، مشکل گھاٹی جمع عَقَبَات، عِقَاب۔
عقبیٰ (عُق۔بَا) آخرت۔
عقد (عَق۔د) نکاح، پیمان، گرہ، ہار جمع عُقُود (عَقَد) لکنت، ہکلاہٹ (عِق۔د) ہار، گلو بند۔
عقدہ (عُق۔دَہ) گرہ، گتھی جمع عُقَد۔
عقر (عُق۔ر) بانجھ پن۔
عقرب (عَق۔رَب) بچھو جمع عَقَارِب۔
عقربہ (عَق۔رَبَہ) گھڑی کی سوئی۔
عقربی (عَق۔رَبِی) لعل کی ایک عمدہ قسم۔
عقرقرحا (عَقَر۔قَر۔حَا) دیکھو عاقرقرحا۔

عقعق (عَق۔عَق) کوا۔
عقفا (عَق۔فَار) آنکڑا۔
عقل (عَق۔ل) سمجھ، دانش جمع عُقُول
عقلا (عُقَلَا) عاقل کی جمع (عَق۔لَن) عقل کے ساتھ، عقل کے مطابق۔
عقل اول (عَق۔لِ۔اَوْ۔وَل) پہلا فرشتہ، جوہر اول
عقل سلیم (عَق۔لِ۔سَلِیم) پوری عقل۔
عقل کل (عَق۔لِ۔کُل) نور محمدی، جبرئیل، عرش اعظم۔
عقلمند (عَق۔ل۔مَن۔د) سمجھدار۔
عقلمندی (عَق۔ل۔مَن۔دِی) سمجھداری۔
عقلہ (عُق۔لَہ) بند۔
عقلی (عَق۔لِی) منسوب بہ عقل، عقل کا، عقل کی۔
عقوبت (عُقُو۔بَت) دکھ، عذاب، سزا۔
عقور (عَقُور) کٹکھنا کتا۔
عقوق (عُقُوق) ماں باپ کی نافرمانی۔
عقول (عَقُول) عقلمند (عُقُول) عقل کی جمع۔
عقوہ (عَق۔وَہ) میدان، مکان کا آنگن۔
عقیان (عِق۔یَان) سونا۔
عقیب (عَقِیب) پیرو، پیچھے چلنے والا۔
عقیدت (عَقِی۔دَت) گرویدگی۔
عقیدت کیش (عَقِی۔دَت۔کَیش) کلمہ ضمیر متکلم یہ جس کا چلن عقیدت ہو۔
عقیدہ (عَقِی۔دَہ) دلی یقین جمع عَقَائِد
عقیر (عَقِیر) بانجھ، نا امید۔
عقیق (عَقِیق) جواہرات کی ایک سرخ قسم جمع عَقَائِق۔
عقیقہ (عَقِی۔قَہ) بچہ کا مونڈن، مونڈن کی قربانی۔
عقیل (عَقِیل) بڑا عقلمند۔ جمع عُقَلَا۔
عقیلہ (عَقِی۔لَہ) عقلمند عورت۔

عقیم (عَقِیم) بانجھ مرد جمع عُقَمَا، عِقَام،
عُقمی (بانجھ عورت جمع عُقم، عَقَائِم
عکاس (عَک، کَاس، عکس اُتارنے والا،
فوٹوگرافر۔
عکاس باشی (عَک، کَاس۔با۔شی) چیف
فوٹوگرافر۔
عکاسی (عَک، کَا۔سی) عکس اتارنا۔
عکاش (عَک، کَاش) مکڑی (عُک، کَاش) جالا۔
عکاظ (عُکَاظ) عرب کا ایک قدیم اور مشہور میلہ۔
عکاک (عِکَاک) جھبکا، امس، گرمی سخت۔
عکان (عِکَان) گردن۔
عکر (عَک، ر) تلچھٹ، درد۔
عکرشہ (عِک۔رِشَہ) خرگوشنی۔
عکرمہ (عِک۔رِمَہ) کبوتری۔
عکس (عَک، س) پرچھائیں، اُلٹا، برخلاف۔
عکک (عَکَک) امس، گھٹس، جھبکا، حبس گرمی۔
عکنہ (عُک۔نَہ) سرد ٹ، توند کی بٹ جمع عُکَن
عکہ (عَک، کَہ) جنگلی کوا، نام شہر شام (عُک، کَہ)
روغن کا برتن (عِک، کَہ) امس، گھٹی
ہوئی گرمی۔
عکیک (عَکِیک) امس، سخت گرمی۔
علا (عُلَار، عَلَاء) قدر و منزلت میں بلندی، بزرگی۔
علات (عَلَات) اہرن، سندان، نہائی۔
علاتی (عَل (لَا۔تِی) ماں کی طرف سے
سوتیلا بھائی۔
علاثہ (عُلَا۔ثَہ) کھچڑی، گوجئی اناج۔
علاج (عِلَاج) چارہ، تدبیر۔
علاف (عَل، لَاف) پرچونی، گھاس بیچنے
والا، گھسیرا۔

علاقہ (عَلَا۔قَہ) مناسبت، لگاؤ، ذریعۂ معاش
جمع عَلَائِق (عِلَا۔قَہ) ایک چیز دوسری
میں لٹکی یا بندھی ہوئی۔
علالا (عَلَا۔لَا) چیخ پکار، شور و غل۔
علالہ (عُلَا۔لَہ) تھوڑی بچی ہوئی چیز
علام (عَل، لَام) بڑا دانا، بہت علم والا
(عُل، لَام) عالم کی جمع، باشندے۔
علامت (عَلَا۔مَت) نشان، پتہ جمع عَلَامَات۔
علامت امتیاز (عَلَا۔مَت۔اِم۔تِیَاز) بلا۔
علامہ (عَل، لَا۔مَہ) بہت علم والا، بڑا دانا
(عَلَا۔مَہ) نشان، پتہ، جھنڈا، علامت۔
علامی (عَل، لَا۔مِی) بڑا علم والا۔
علانیہ (عَلَا۔نِیَہ) ظاہر، آشکارا۔
علاوہ (عِلَا۔وَہ) سوا، بڑے بوجھ کے اوپر
چھوٹا بوجھ۔
علبہ (عُل۔بَہ) ڈبیہ۔
علت (عِل، لَت) بیماری، وجہ، سبب
جمع عِلَل
علت آفتاب (عِل، لَت۔آف۔تَاب) یرقان۔
علت العلل (عِل، لَتُل۔عِلَل) علتوں کی
علت، اللہ تعالےٰ۔
علت تامہ (عِل، لَت۔تَا۔مَہ) پوری وجہ۔
علت صوری (عِل، لَت۔صُو۔رِی) سبب
ظاہری، عملی وجہ۔
علت غائی (عِل، لَت۔غَا۔اِی) اصلی
وجہ، واقعی مقصد۔
علت فاعلی (عِل، لَت۔فَا۔عِلِی) کارگر سبب۔
علحدہ (عَلَا۔حَدَہ) الگ، جدا۔
علف (عَلَف) قسم گھاس، سبز چارہ جمع عِلَاف،
عُلُوفَہ، اَعلَاف۔
علف زار (عَلَف۔زَار) چراگاہ۔

علق (عَلَق)، جما ہوا خون، جونک، آویزاں (عِلْ اق) نفیس اور قیمتی چیز جمع اَعْلَاق، عُلُوق۔
علقم (عَلْ۔ قَم)، کڑوی چیز۔
علقہ (عَلَقَہ)، ایک جونک۔
علم (عَلَم)، جھنڈا، اسم خاص، مشہور و معروف، پہاڑ جمع اَعْلَام (عِلْ م)، آگاہی واقفیت جمع عُلُوم۔
علما (عُلَمَا)، عالم کی جمع۔
علم الحقوق (عِلْ۔ مُل۔ حُقُوق)، قانون۔
علم الیقین (عِلْ۔ مُل۔ یَقِین)، بغیر دیکھے پکا یقین۔
علمدار (عَلَم۔ دار)، جھنڈا رکھنے والا۔
علمداری (عَلَم۔ دا۔ ری)، جھنڈا رکھنا۔
علم لدنی (عِلْ م۔ لَدُنْ نی)، خداداد علم۔
علمیت (عِلْ۔ مِی۔ یَت)، واقفکاری۔
علن (عَلَن)، آشکارا جمع اَعْلَان آشکارا ہونا، پکار کے کہنا۔
علو (عُلُوّ)، بلندی۔
علوص (عِلْ۔ وَص)، پیٹ کا درد۔
علوفہ (عُلُو۔ فَہ)، خوراک، روزینہ، کھانیکی چیز۔
علوق (عُلُوق)، لٹکنا، نطفہ قائم ہونا۔
علون (عُلُون)، دیکھو علانیہ۔
علوی (عَلَوِی)، حضرت علیؓ کی اولاد حضرت زہراؓ کے بطن مبارک کے علاوہ جمع عَلَوِیَان (عِلْ۔ وِی)، آسمانی چیز۔
علہ (عَلْ۔ لَہ)، سوکن، انباغ، دسنی، خطرہ۔
علی (عَلِی)، بلند، نام اللہ تعالے (عَلَا)، اوپر (عَلَیَّ)، میرے ذمے۔
علیا (عُلْ۔ یَا)، بلند مونث چیز (عَلْ۔ یَا)، بلند جگہ جمع عَلَایَا۔
علی الاتصال (عَلَلْ۔ اِتْ۔ تِصَال)، لگاتار، پے در پے۔

علی الاطلاق (عَلَلْ۔ اِطْ۔ لَاق)، قطعی، بالکل، بے قید۔
علی التواتر (عَلَتْ۔ تَوَا۔ تُر)، لگاتار۔
علی الحال (عَلَلْ۔ حَال)، ابھی، بہت جلد۔
علی الخصوص (عَلَلْ۔ خُصُوص)، خاصکر۔
علی الدوام (عَلَدْ۔ دَوَام)، ہمیشہ۔
علی الرغم (عَلَرْ۔ رَغْم)، برخلاف، برعکس۔
علی الصباح (عَلَصْ۔ صَبَاح)، فجر دم۔
علیث (عِلْ۔ لِیث)، گوجسی کی روٹی، درہمیں۔
علیق (عَلِیق)، گھاس، دانہ، چارہ۔
علیقہ (عَلِیقَہ)، توبڑا۔
علیل (عَلِیل)، بیمار، علت والا۔
علیم (عَلِیم)، علم والا، نام اللہ تعالیٰ۔
علیہ (عَلِی۔ یَہ)، بلند، بلند مرتبہ، بہشت کی کوٹھڑی جمع عِلِّیِّین (عَلَیْ۔ ہ)، اس کے اوپر۔
علی ہذا (عَلَا۔ ہا۔ ذا)، اس کے اوپر۔
علی ہذا القیاس (عَلَا۔ ہا۔ ذَلْ۔ قِیَاس)، اس قیاس کے اوپر، قیاس کے مطابق۔
علیہم (عَلَیْ۔ ہِم)، ان کے اوپر۔
علیہ ما علیہ (عَلَیْ۔ ہ۔ مَا۔ عَلَیْ۔ ہ)، اسی پر ہے جو کچھ کہ اس کے اوپر ہے۔
علیین (عِلْ۔ لِی۔ یِین)، علیہ کی جمع۔
عم (عَمّ)، چچا جمع اَعْمَام، اَعْمِمَہ یا اَعْمُم۔
عما (عَمَا)، گمراہی، اندھاپن، گھٹا۔
عماد (عِمَاد)، کھمبہ، ستون جمع عِمَادَات۔
عمادہ (عِمَا۔ دَہ)، ستون جمع عَمَاد، عَمَد، عُمُد۔
عمارت (عِمَا۔ رَت)، تعمیر، آبادی، مرمت جمع عِمَارَات۔
عمارہ (عَمَا۔ رَہ)، جہاز کا بیڑا۔

عماری (عَما۔رِی، عَم ما۔ رِی) ہودج، محل، رتھ، آسمان۔
عمال (عُم ما ل) عامل کی جمع۔
عمامہ (عِما۔مہ) منڈاسا، دستار جمع عَمائِم، عِمامِم۔
عمان (عُمان) نام شہر شام (عُم مان) سمندر، نام ملک (جنوبی مشرقی عرب)
عمائد (عَما۔اِد) عمید کی جمع۔
عمد (عَمد) قصد، ارادہ (عَمَد، عُمُد) عماد کی جمع۔
عمداً (عَم۔دَن) ارادہ سے، بطور ارادہ۔
عمدگی (عُم۔دَگی) نفاست، بہترین۔
عمدہ (عُم۔دَہ) نفیس، مکھیا، سرگردہ، بہتر، قابل اعتماد، کمیٹی۔
عمر (عُمُر، عُمْر، عَمْر) زندگی جمع اَعمار (عُمُر) مسوڑھا جمع عُمُور۔
عمران (عُم۔ران) آبادی جمع عُمرانات۔
عمر طبعی (عُمر۔طبعی) پوری عمر۔
عمرہ (عُم۔رَہ) حج کا ایک رکن۔
عمش (عَمَش) نگاہ کی کمزوری۔
عمق (عَمْق، عُمْق، عُمُق) گہرائی جمع اَعماق۔
عمل (عَمَل) کام، کار جمع اعمال۔
عملاً (عَمَلَن) بطور عمل، باعتبار عمل۔
عمل خانہ (عَمَل۔خا۔نہ) دیوان خانہ، کام کرنے کا مکان۔
عملدار (عَمَل۔دار) حاکم۔
عملداری (عَمَل۔دا۔رِی) حکومت۔
عملہ (عَم۔لہ) کام، مزدوری (عَم۔لَہ) نیکی (عَمَلَہ) عامل کی جمع۔
عملی (عَمَلی) منسوب بہ عمل، مصنوعی۔
عملیہ (عَمَلی۔یہ) جراحی، آپریشن، دستکاری۔
عمو (عُمُو) گمراہی، خرابی، عاجزی (عُمُو) حیرت۔
عمود (عَمُود) ایک خط جو دوسرے سے مل کر زاویہ قائمہ بناوے، ستون جمع اَعمِدَہ، عَمَد، عُمُد۔
عمولہ (عَمُو۔لہ) کمیشن، آڑھت۔
عموم (عُمُوم) عام۔
عمومانہ (عُمُو۔مَا۔نہ) عموم کی مانند۔
عمومی (عُمُو۔مِی) منسوب بہ عموم، عموم کا، عموم کی۔
عمومیہ (عُمُو۔مِی۔یہ) پبلک، سماج، عوام کا، عوام کی۔
عمہ (عَم۔مہ) پھوپھی۔
عمی (عُم۔ی) اعمی کی جمع۔
عما (عَمَا) اندھاپن۔
عمیا (عَم۔یا) اندھی، پوشیدہ۔
عمید (عَمِید) پیشوا، لیڈر جمع عَمائِد۔
عمیق (عَمِیق) گہرا۔
عمیل (عَمِیل) آڑھتی۔
عمیم (عَمِیم) عام، سب، تمام جمع عُمُم۔
عمیہ (عَمِی۔یہ) اندھی، نابینا عورت۔
عن (عَن) سے، جانب، بعد، واسطے۔
عنا (عَنا) مشقت، دکھ، تکلیف۔
عناب (عُن۔ناب) انگور فرنگی (عُن۔ناب) ایک سرخ پھل۔
عنابی (عُن۔نا۔بی) سرخ۔
عناد (عِناد) بیر، دشمنی۔
عنادل (عَنا۔دِل) عندلیب کی جمع۔
عناصر (عَنا۔صِر) عنصر کی جمع۔
عناق (عَناق) بکری کا مادہ بچہ، سیہ گوش (عِناق) کلپھیاں، گردن میں ہاتھ ڈالنا۔
عنان (عِنان) لگام، باگ جمع اَعِنَّہ۔

عناں برعناں (عِناں۔بَرۡ۔عِناں) ہمسر۔
عناں تاب (عِناں۔تابۡ) گھوڑا جو لگام کے اشارے پر پھرے۔
عناں گردش (عِناں۔گرۡ۔دِشۡ) کادہ۔
عنایت (عِنا۔یَتۡ) تحفہ، مہربانی جمع عِنایاتۡ۔
عنب (عِنَبۡ) انگور جمع اَعۡنابۡ۔
عنب الثعلب (عِنَبُثۡ۔ثَعۡ۔لبۡ) مکوہ، روباہ تربک۔
عنبر (عَمۡ۔بَرۡ) ایک نباتی خوشبودار مادہ۔
عنبر چیہ، عنبرینہ (عَمۡ۔بَرۡ۔چَہ، عَمۡ۔بَرِی۔نَہ) نام زیور۔
عنبریں (عَمۡ۔بَرِیںۡ) عنبر کی مانند، منسوب بہ عنبر۔
عنبیہ (عِنَبِیۡ۔یَہ) آنکھ کا تیسرا پردہ سات پردوں میں۔
عنت (عَنَتۡ) گناہ، فساد، ہلاک۔
عنتر (عَنۡ۔تَرۡ) لنگور، بندر۔
عند (عِنۡ۔د) نزدیک، علاوہ، سے۔
عند البعض (عِنۡ۔دَلۡ۔بَعۡ۔ضۡ) بعض کے نزدیک۔
عند التحقیق (عِنۡ۔دَتۡ۔تَحۡ۔قِیقۡ) تحقیق کے مطابق۔
عند الضرورت (عِنۡ۔دَضۡ۔ضَرُو۔رَتۡ) ضرورت کے وقت۔
عند الطلب (عِنۡ۔دُطۡ۔طَلَبۡ) طلب کے نزدیک، مانگنے کے وقت۔
عند اللہ (عِنۡ۔دَلۡ۔لَہ) اللہ کے نزدیک۔
عند الوقت (عِنۡ۔دَلۡ۔وَقۡ۔ت) وقت کے مطابق۔
عندلیب، عندلیب (عَنۡ۔دَلِیبۡ، عَنۡ۔دَلِیبۡ) بلبل جم عَنادِلۡ۔
عندیہ (عِنۡ۔دِیَہ) ذاتی رائے۔
عنصر (عُنۡ۔صُرۡ) اصل، جڑ، بنیاد جم عَناصِرۡ۔

عنصری (عُنۡ۔صُرِیۡ) منسوب بہ عنصر۔
عنصل (عُنۡ۔صُلۡ) جنگلی پیاز، کانڈا۔
عنف (عُنۡ۔ف) تندی، سختی، درشتی۔
عنفقہ (عَنۡ۔فَقَہ) ریش بچہ، ریشچہ، بچی۔
عنفوان (عُنۡ۔فُوانۡ) اٹھتی جوانی، آغاز جوانی۔
عنق (عُنُقۡ) گردن جم اَعۡناقۡ، اَعۡنُقۡ۔
عنقا (عَنۡ۔قا) لمبی گردن والی، سیمرغ، ناپید، عجیب۔
عنقاد (عُنۡ۔قادۡ) دیکھو عنقود۔
عنقر (عُنۡ۔قُرۡ) بانس کی جڑ۔
عنقریب (عَنۡ۔قَرِیبۡ) نزدیک، ابھی۔
عنقود (عُنۡ۔قُودۡ) انگور کا خوشہ جم عَناقِیدۡ۔
عنکب (عَنۡ۔کَبۡ) مکڑی جم عَناکِبۡ۔
عنکبات، عنکبوت (عَنۡ۔کَباتۡ، عَنۡ۔کَبُوتۡ) مکڑی۔
عنکبوتی (عَنۡ۔کَبُو۔تِیۡ) منسوب بہ عنکبوت۔
عنکبوتیہ (عَنۡ۔کَبُو۔تِی۔یَہ) آنکھ کا چوتھا پردہ۔
عنوان (عُنۡ۔وانۡ) اول، سرنامہ، دیباچہ، مضمون کی سرخی، طریقہ، ڈھنگ جم عَنۡوانَاتۡ۔
عنود (عَنُودۡ) لڑاک، گمراہ (عُنُودۡ) جھگڑے بازی۔
عنونہ (عَنۡوَ۔نَہ) دیباچہ کتاب، معنون کرنا۔
عنوہ (عَنۡ۔وَہ) قہر، دوستی۔
عنہ (عَنۡ۔ہُ) اس مرد سے۔
عنہا (عَنۡ۔ہا) اس عورت سے۔
عنیان (عُنۡ۔یانۡ) دیکھو عنوان۔
عنید (عَنِیدۡ) لڑاک، سرکش۔
عنیف (عَنِیفۡ) لڑاک، تیز، درشت مزاج۔
عنیق (عَنِیقۡ) گردن، گردن میں باہیں ڈالنے والا۔
عنین (عِنۡ۔نِینۡ) نامرد، جماع سے ناقادر (عِنِّینۡ) پادوڑا، پاد سنے والا۔

عو (عُو) کتّے گیدڑ وغیرہ کی آواز، عف۔
عوّاد (عَوّا-دَا) جو کتا بہت بھونکے اور روئے (عُوَار) بھونکنا۔
عوار (عَوَار) عیب، بغارہ، شگاف (عُوّا-وَار) ابابیل، آنکھ کا تنکا، بزدل، ناتوان جمع عَوَاوِیر۔
عوارض (عَوَا-رِض) عارضہ کی جمع، ٹیکس، محصول۔
عوارف (عَوَا-رِف) عارف، عارفہ کی جمع۔
عوارہ (عُوّا-وَا-رَہ) بزدل۔
عواصف (عَوَا-صِف) عاصفہ کی جمع۔
عواطف (عَوَا-طِف) عاطفہ کی جمع۔
عواقب (عَوَا-قِب) عاقبہ کی جمع۔
عواقر (عَوَا-قِر) عاقر کی جمع۔
عوالم (عَوَا-لِم) عالم کی جمع۔
عوالی (عَوَا-لِی) عالیہ کی جمع۔
عواہم (عَوَاہِم) عاہمہ کی جمع (عَوّا-وَاہِم) چالاک گھوڑا۔
عوام الناس (عَوَا-مُن-نَاس) عام لوگ۔
عوامل (عَوَا-مِل) عاملہ کی جمع۔
عوان (عَوَان) سہاگن، شوہر والی، ادھیڑ (عَوّا-وَان) ظالم، بادشاہی سپاہی، جھگڑنے والا۔
عوائب (عَوَا-ئِب) عائب کی جمع۔
عوائد (عَوَا-ئِد) عائد، عائدہ کی جمع۔
عوائق (عَوَا-ئِق) عائق، عائقہ کی جمع۔
عوج (عَوَج) ٹیڑھا ہونا (عِوَج) ٹیڑھا پن۔
عود (عَوْد) لوٹنا، پھرنا (عُود) لکڑی، اگر کی لکڑی جمع عِیدَان، اَعْوَاد۔
عودسوز (عُود-سوز) انگیٹھی عود سلگانے کی
عودق (عَوْ-دَق) ڈول نکالنے کا کانٹا۔
عودی (عُو-دِی) منسوب بہ عود۔
عوذ، عوذہ (عَوْذ، عَوْ-ذَہ) پناہ گزینی۔

عور (عَوَر، عُوَار) ننگا (عَوَر، عَوَرَہ) کانا پن (عَوِر) بدباطن۔
عورت (عَوْ-رَت) زن، تریا، ناری، شرمگاہ جمع عَوْرَات۔
عوری (عَوْ-رِی) برہنگی۔
عوز (عَوَز) گم جانا، فقیر ہونا (عَوْز) انگور کا دانہ۔
عوص (عَوَص) دشواری۔
عوض (عِوَض) بدلہ جمع اَعْوَاض۔
عوق (عَوَق) بھوک (عَوْق، عُوْق) مانع، باز رکھنے والا (تَعْوِیق) باز رکھنا، پھیرنا۔
عول (عَوِل) آسرا، بھروسہ (عَوْل) روٹی کپڑا دینا، بخشش کرنا، عیال میں لینا۔
عون (عَوْن) یار، مددگار جمع اَعْوَان یاری مدد (عَوَان) ادھیڑ عمر ہونا۔
عویص، عویصہ (عُوَیص، عَوِی-صَہ) یار، مددگار۔
عویل (عَوِیل) رونے کی آواز۔
عہد (عَہ-د) زمانہ، پیمان جمع عُہُود، اَعْہَاد۔
عہد نامہ (عَہ-د-نَا-مَہ) تحریری معاہدہ۔
عہدہ (عُہْ-دَہ) ذمہ داری، رتبہ، منصب۔
عہدہ برآ (عُہ-دَہ-بَر-آ) ذمہ داری پوری کرنے والا۔
عہدہ برآئی (عُہ-دَہ-بَر-آ-ئی) ذمہ داری پوری کرنا۔
عہر (عَہ-ر) زنا، حرامکاری۔
عہن (عِہ-ن) [illegible] رنگین اون جمع عُہُون (عَہ-ن) کوشش، مراد بر لانا۔
عہید (عَہِید) ہم عہد، ہمعصر، پرانا
عی (عَی) تھکن، تھکنا۔
عیاب (عَیّا-ب) عیب جو، بدگو۔
عیادت (عِیَا-دَت) بیمار پرسی۔

عیاذ (عِیَاذْ) پناہ۔
عیار (عَیَّارْ) چالاکی، کساوٹ، بانکی، کانٹا زر تولنے کا (عَیْ۔ یَارْ) چالاک، کام میں اُستاد۔
عیارہ (عَیْ۔ یَا۔ رَہْ) چالاک عورت۔
عیاری (عَیْ۔ یَا۔ رِیْ) چالاکی۔
عیاش (عَیْ۔ یَاشْ) بڑا عیش پسند، رنگین مزاج
عیاشانہ (عَیْ۔ یَا۔ شَا۔ نَہْ) عیاش کی مانند۔
عیاشی (عَیْ۔ یَا۔ شِیْ) عیش پسندی، رنگین مزاجی۔
عیافہ (عِیَا۔ فَہْ) پرندوں سے فال لینا۔
عیال (عِیَالْ) عیل کی جمع، بیوی بچے وغیرہ۔
عیام (عَیَامْ) روز، دن، یوم۔
عیاں (عِیَاں) صاف، ظاہر۔
عیب (عَیْبْ) کھوٹ، بُرائی جم عُیُوبْ۔
عیب پوش (عَیْبْ۔ پُوشْ) عیب چھپانیوالا۔
عیب پوشی (عَیْبْ۔ پُوْ۔ شِیْ) عیب چھپانا۔
عیب جو (عَیْبْ۔ جُوْ) عیب ڈھونڈھنے والا۔
عیب جوئی (عَیْبْ۔ جُوْ۔ اِیْ) عیب ڈھونڈھنا۔
عیب گو (عَیْبْ۔ گُوْ) عیب کہنے والا۔
عیب گوئی (عَیْبْ۔ گُوْ۔ اِیْ) عیب کہنا۔
عیبہ (عَیْ۔ بَہْ) چرمی بکس، چمڑے کا صندوق۔
عید (عِیْدْ) نام اسلامی تیوہار، خوشی جم اَعْیَادْ۔
عیدالضحیٰ (عِیْ۔ دُ۔ اَضْ۔ حَا) قربانی کی عید
عیدالفطر (عِیْ۔ دُلْ۔ فِطْ۔ رْ) رمضان کے بعد کی عید۔
عیدی (عِیْ۔ دِیْ) عید کا تحفہ۔
عیدین (عِیْ۔ دَیْنْ) دو عید، دونوں عید۔
عیر (عَیْرْ) گورخر، گدھا جم اَعْیَارْ (عِیْرْ) غلہ کے اونٹوں کا قافلہ جم عِیْرَاتْ
عیرانہ (عَیْ۔ رَا۔ نَہْ) گورخر کی مانند تیز اونٹ۔

عیسا (عِیْ۔ سَارْ) مادین ٹیڑھی جم عِیْس
عیسائی (عِیْ۔ سَا۔ اِیْ) حضرت عیسیٰؑ کا پیرو، کرسچین، نصرانی، حضرت عیسیٰؑ سے منسوب
عیسوی (عِیْ۔ سَوِیْ) حضرت عیسیٰؑ سے نسبت رکھنے والی چیز۔
عیش (عَیْشْ) چین، سُکھ، روٹی۔
عیش افرنجی (عَیْ۔ شِ۔ اِفْ۔ رَنْ۔ جِیْ) ڈبل روٹی۔
عیشہ (عِیْ۔ شَہْ) چین کی زندگی جم مَعَایِشْ
عیص (عِیْصْ) گھنا پیڑ۔
عیطا (عَیْ۔ طَارْ) لمبی گردن والی عورت۔
عیقہ (عِیْ۔ قَہْ) ساحل، ندی کا کنارہ۔
عیل (عَیْلْ) پھرنا، جوگ لینا (عَیْلْ) اُس سے کہا جو ایک نہ سُنے (عَیْ۔ یِلْ) مرد کا کنبہ جم عِیَالْ جم جم عِیَالَاتْ۔
عیلہ (عَیْ۔ لَہْ) جوگ، فقیری۔
عین (عَیْنْ) آنکھ جم عُیُوْنْ، اَعْیُنْ سردارِ قوم، ہرکارہ جم اَعْیَانْ چیز کی اصلی حقیقت، پانی کا چشمہ، سورج، کرن، سونا، مال، پاسنگ۔
عینا (عَیْ۔ نَا) خوبصورت آنکھوں والی جم عِیْنْ۔
عین الحیات (عَیْ۔ نُلْ۔ حَیَاتْ) آبحیات۔
عین الدیک (عَیْ۔ نُدْ۔ دِیْکْ) گھنگچی۔
عین الکمال (عَیْ۔ نُلْ۔ کَمَالْ) نظرِ بد۔
عین الیقین (عَیْ۔ نُلْ۔ یَقِیْنْ) آنکھ سے دیکھ کر یقین۔
عینک (عَیْ۔ نَکْ) آنکھ پر لگانے کا چشمہ۔
عینین (عَیْ۔ نَیْنْ) دونوں آنکھیں۔
عیوق (عَیْ۔ یُوْقْ) ایک سرخ روشن تارہ۔
عیون (عَیُوْنْ) شور چشم، جس کی نظر لگے۔

عیہول (عَیہُوْل) وردیشی (عَیشُوْل) سیر کرنا، پھرنا۔

غ

غ (غَیْن) حرف قمری، تاہم مقام عدد ۱۰۰۰، متعدد حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ پ کیساتھ مثلاً پرویزن، غرویزن۔ ۲۔ ج کے ساتھ مثلاً مغلاج، مغلاغ۔ ۳۔ خ کے ساتھ مثلاً کیخ، کیغ۔ ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً گریز، گریغ۔ ۵۔ ش کے ساتھ شنج، غنج۔ ۶۔ ق کے ساتھ مثلاً چقندر، چغندر۔ ۷۔ ک کے ساتھ مثلاً غشگاد، کژگاد۔ ۷۔ گ کے ساتھ مثلاً گلگونہ، گلغونہ۔ ۸۔ م کے ساتھ مثلاً غنلمیچ، غنلیچ۔ ۹۔ د کے ساتھ مثلاً کاغند، کاوند۔ ۱۰۔ ہ کے ساتھ مثلاً سپیرغم، سپیرہم۔

غابر (غا۔ بِرْ) باقی، گزشتہ، آیندہ۔

غابط (غا۔ بِطْ) کسی کا زوال چاہے بغیر اس جیسا بننے کا آرزومند جم غُبّط۔

غابن (غا۔ بِنْ) کاہل، سست۔

غابہ (غا۔ بَہ) بن، بنی جم غاب جم جم غابات۔

غادر (غا۔ دِرْ) بیوفا جم غادرین۔

غادف (غا۔ دِفْ) کشتیبان۔

غادیہ (غا۔ دِیَہ) صبح، صبح کا بادل جم غوادی۔

غاذیہ (غا۔ ذِیَہ) ہضم کی قوت عمل۔

غار (غارْ) گڑھا، کھوہ جم اَغوار، غیران (غاتر) دھوکہ باز۔

غارت (غا۔ رَتْ) لوٹ۔

غارتگر (غا۔ رَتْ۔ گَرْ) لٹیرا۔

غارتگری (غا۔ رَتْ۔ گَرِی) لوٹ مار۔

غارتیدن (غارَ۔ تِی۔ دَنْ) لوٹنا۔

غارتیدہ (غارَ۔ تِی۔ دَہ) لوٹا ہوا۔

غارس (غا۔ رِسْ) درخت لگانے والا۔

غارق (غا۔ رِقْ) دیکھو غریق۔

غارم (غا۔ رِمْ) قرضدار جو قرض ادا نکر سکے۔

غاریقون (غا۔ رِی۔ قُوْنْ) مسہل کی ایک دوا۔

غاز (غازْ) ۱۔ گیس ۔۲۔ دیکھو قاز۔

غازہ (غا۔ زَہ) سرخی عورتوں کے منہ پر ملنے کی۔

غازی (غا۔ زِی) بہادر، سورما، کافر سے جنگ کرنیوالا جم غُزّی، غازیان، غُزات۔

غازیانہ (غا۔ زِیا۔ نَہ) بہادرانہ۔

غاسق (غا۔ سِقْ) چاند، رات، پروین۔

غاش (غاشْ) کھوٹا، دغل۔

غاشیہ (غا۔ شِیَہ) قیامت، پردہ، زین پوش، پالان جم غواشی۔

غاشیہ بردار (غا۔ شِیَہ۔ بَرْ۔ دارْ) مطیع، فرمانبردار، تابعدار۔

غاصب (غا۔ صِبْ) حق مارنے والا۔

غاضف (غا۔ ضِفْ) نازک دل۔

غاغہ (غا۔ غَہ) پودینہ۔

غافر (غا۔ فِرْ) چھپانیوالا، گناہ بخشنے والا۔

غافل (غا۔ فِلْ) بے خبر جم غافلین۔

غاق (غاقْ) کوّے کی کائیں کائیں، کاغ۔

غال (غالْ) گران، بھاری، بوجھل۔

غالاتی (غا۔ لا۔ تِی) فصل سارہ تالابنانیوالا۔

غالب (غا۔ لِبْ) زبردست، غلبہ پانیوالا۔

غالباً (غا۔ لِبَنْ) بہت کرکے، یقین کیا تھا۔

غالبانہ (غا۔ لِبا۔ نَہ) زبردست کی مانند۔

غالی (غا۔ لِی) غلو کرنے والا، گراں بہا جم غُلاۃ ۲۔ غالیہ، نیل گائے۔

غالیچہ (غَا-لِیْ-چَہ) ایک قسم کا بچھونا۔
غالیدن (غَا-لِیْ-دَنْ) لڑھکنا، لڑھکانا۔
غالین (غَا-لِیْن) دیکھو قالین۔
غالیہ (غَا-لِیَہ) ایک مرکب خوشبو۔
غالیہ مو (غَا-لِیَہ-مُوْ) خوشبودار بالوں والا۔
غامض (غَا-مِضْ) مشکل کلام، گمنام جمع غَوَامِضْ۔
غامی (غَا-مِیْ) کمزور، ناتوان۔
غانماً (غَا-نِمَنْ) اس حال میں کہ وہ غنیمت حاصل کرنے والا ہے۔
غانی (غَا-نِیْ) بے نیاز، دولتمند، گانے والا۔
غانیہ (غَا-نِیَہ) بے پروا عورت خواہ بوجہ حسن ہو یا مال یا پارسائی جمع غَوَانِیْ۔
غاور (غَا-وِرْ) زوردار، غور کرنے والا۔
غاوی (غَا-وِیْ) گمراہ۔
غائب (غَا-اِبْ) عدم موجود، نہاں جمع غُیَّابْ، غَیَبَۃْ، غُیَّبْ۔
غائبانہ (غَا-اِبَا-نَہ) عدم موجودگی میں۔
غائب باز (غَا-اِبْ-بَازْ) غائبانہ شطرنج باز۔
غائر (غَا-اِرْ) گہری اترنے والی چیز۔
غائص (غَا-اِصْ) غوطہ مارنے والا۔
غائط (غَا-اِطْ) پاخانہ، گوہ۔
غائلہ (غَا-اِلَہ) بدی، گزند جمع غَوَائِلْ۔
غائی (غَا-اِیْ) منسوب بہ غایت، انتہائی۔
غایت (غَا-یَتْ) انتہا، غرض، جھنڈا۔
غب (غِبّ) باری کے ساتھ کوئی بات۔
غبار (غُبَارْ) کدورت، خاک آلود ہوا۔
غبار آلود (غُبَارْ-آ-لُوْدْ) خاک میں اٹا ہوا۔
غبار خاطر (غُبَا-رِ-خَا-طِرْ) طبیعت کی کدورت۔
غبارہ (غُبَا-رَہْ) ایک ہوائی مرکب، گولا۔
غباشیر (غُبَا-شِیْرْ) شام کا جھٹپٹا۔

غباوت (غَبَا-وَتْ) کند ذہنی، کم فہمی۔
غبب (غَبَبْ) دیکھو غبغب۔
غبرا (غَبْ-رَا) زمین، جھانڈا۔
غبرہ (غَبْ-رَہْ) گرد و غبار، جھانڈا (غُبْ-رَہْ) سیاہی، اندھیر۔
غبطہ (غِبْ-طَہ) بغیر کسی کا زوال چاہے اس جیسا بننے کی آرزو۔
غبغب (غَبْ-غَبْ) گوشت ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا۔
غبن (غَبْ-نْ) دغا بازی، گھاٹا، ٹوٹا (غَبَنْ) بھول چوک، غلطی، ضعف رائے، کم عقلی۔
غبوق (غَبُوْق) شام کی شراب۔
غبی (غَبِیْ) کند ذہن، کوڑھ مغز جمع اَغْبِیَا۔
غبین (غَبِیْن) ضعیف رائے۔
غت (غَتّ) غوطہ دینا۔
غث (غَثّ) دبلا، خراب۔
غثر (غُثْ-رْ) کمینہ، سبزی مائل سیاہ۔
غثی (غَثْیْ) متلی ہونا۔
غثیان (غَثَ-یَانْ، غَثَیَانْ) متلی۔
غجک (غِجَکْ) سارنگی۔
غد (غَدّ) آئندہ کل۔
غدا (غَدَا) دیکھو غد (غَدَاء) ناشتہ، نہار کے دن کا کھانا۔
غدات (غَدَاتْ) صبح، سویرا، فجر۔
غدار (غَدْ-دَارْ) بہت ہونا۔
غداف (غُدَافْ) کالا کوا، حاتم۔
غدد (غُدُدْ) غدود، گومڑا۔
غدر (غَدْرْ) بیوفائی، فساد (غَدَرْ) بیہوفا (غَدَرْ) پتھریلی سخت زمین۔
غدغن (غَدْ-غَنْ) دیکھو قدغن۔
غدق (غَدَقْ) بہت پانی، الفارغ پانی۔

غدو (غَدْ۔و) کل آیندہ، فردا (غُدُوّ) صبح کرنا۔

غدور (غَدُوْر) دیکھو غدّار۔

غدوہ (غُدْ۔وَہ) سپیدہ صبح نمودار ہونے سے لیکر آفتاب نکلنے تک کا وقت جم غُدُوّ۔

غدہ (غُدْ۔دَہ) گومڑا جم غُدَد۔

غدیر (غَدِیْر) پوکھر، جوہڑ جم غُدْرَان، غُدر (غِدْ۔دِیْر) بڑا ہونا۔

غدیرہ (غَدِیْ۔رَہ) گیسو، لٹ، زلف جم غَدَائِر۔

غذ (غَذّ) زخم سے پیپ نکلنا۔

غذا (غِذَا) خوراک جم اَغْذِیَہ۔

غذائیت (غِذَا۔اِیْ۔یَت) غذا ہونا۔

غذی (غِذِی) خوراک، غذا کا مالک۔

غر (غِرّ) ناتجربہ کار، غافل (غُرّ) پرند کی چونچ، چوگا، بدل، فاحشہ (غُرّ) خصیہ بڑھنے کی بیماری (غَرّ) جھرّی، چنٹ، سرد، پھسلانا

غرا (غَرَّا) چکنی چیز، سریش (غُرّ۔رَار) چٹی اور چمکیلی، شان والی۔

غراب (غُرَاب) پہاڑی کوّا، اولا، جہاز کی ایک قسم جم غِرْبَان، اَغْرِبَہ، غُرُب، اَغْرُب۔

غرابت (غَرَا۔بَت) عجیب پن۔

غرار (غِرَار) کمی، نقصان، نادانی، طریقہ، کساد بازاری، تلوار کی تیزی۔

غرارہ (غَرَا۔رَہ) ناآزمودہ کاری، فریب خوردگی جم غَرَائِر، پانی کی کلی منہ میں پھرانا (غِرَا۔رَہ) گون، بڑا بورا جم غَرَائِر۔

غراشیدن (غَرَا۔شِی۔دَن) جھیلنا، غصہ کرنا۔

غراضہ (غَرَا۔ضَہ) تازگی۔

غرام (غَرَام) حرص، عشق، شیفتگی، ہلاک، عذاب۔

غراماطیق (غَرَا۔مَا۔طِیْق) گریمر، نحو، قواعد زبان۔

غرامت (غَرَا۔مَت) دکھ، پشیمانی، ڈنڈ، تاوان۔

غران (غُرْ۔رَان) ڈر دکھنے والا، شور مچانے والا (غُرْ۔رَان) بلبلا، غورۂ آب۔

غرائب (غَرَا۔اِب) غریب کی جمع۔

غرب (غَرْب) سورج ڈوبنے کی جگہ، مغرب (غُرُب) پردیسی، عجیب، کنگال (غَرَب) نام درخت۔

غربال (غِرْ۔بَال) چھلنی، لنگڑا آدمی، دف۔

غربت (غُرْ۔بَت) کنگالی، مسافرت، بیوطنی۔

غربی (غَرْ۔بِی) ایک سرخ رنگ، منسوب بہ غرب۔

غربیب (غَرْ۔بِیْب) بجد کالا جم غَرَابِیْب۔

غربیلہ (غَرْ۔بِی۔لَہ) نخرہ، ناز۔

غربیہ (غَرْ۔بِیَہ) چکی، رحلی، آسیا۔

غرث (غَرَث) بھوک۔

غرثان (غَرْ۔ثَان) بھوکا، گرسنہ۔

غرجستان (غَرْ۔جِس۔تَان) گرجستان، جارجیا۔

غرجی (غَرْ۔جِی) دیکھو گرجی۔

غرچک (غَرْ۔چَک) احمق، نادان۔

غرچہ (غَرْ۔چَہ) نامرد، ہیجڑا، لینڈی۔

غردل (غَرْ۔دِل) ڈرپوک، بودا۔

غرز (غَرْز) گودنا۔

غرزت (غَرْ۔زَت) سرشت، طبیعت۔

غرزنگ (غَرْ۔زَنْگ) زقند، پھلانگ۔

غرس (غَرْس) لگایا ہوا پیڑ جم اَغْرَاس (غِرْس) مواد جو بچہ کے ساتھ رحم مادر سے نکلتا ہے۔

غرش (غُرْ۔رِش) غرغراہٹ، ہیبت (غَرْش) دیکھو قرش۔

غرشیدن (غَرْ۔شِی۔دَن) غصہ کرنا۔

غرض (غَرَض) حاجت، مطلب، گول جم اَغْرَاض

غرض آشنا (غَرَض - آشْ - نَا) گونگیلا۔
غرضمند (غَرَض - مَنْ - د) غرض والا۔
غرضمندی (غَرَض - مَنْ - دِی) غرض والا ہونا۔
غرضوف (غُرْ - ضُوف) دیکھو غضروف۔
غرغر (غَرْ - غَرْ) چرخی، غرغراہٹ۔
غرغرہ (غَرْ - غَرَہْ) غرارہ، حلق میں پانی پھرانا۔
غرغشہ (غَرْ - غَشَہ) دیکھو خرخشہ۔
غرفہ (غُرْ - فَہ) چُلّو (غَرْ - فَہ) کھڑکی، دریچہ جمع غُرَفَات چُلّو بھر پانی جمع غِرَاف۔
غرق (غَرَق، غَرْق) ڈوب جانا (غَرِق) ڈوبا ہوا۔
غرقاب (غَرْ - قَاب) ڈباؤ پانی، ڈوبا ہوا۔
غرقلہ (غَرْ - قَلَہ) انڈا گندا ہونا۔
غرقہ (غَرْ - قَہ) ڈوبا ہوا۔
غرقی (غَرْ - قِی) ڈباؤ، ڈوبنا۔
غرم (غُرْ، م) تاوان، پہاڑی بکری۔
غرناطہ (غَرْ - نَا - طَہ) نام شہر (ہسپانیہ)
غرنبیدن (غُرَنْ - بِی - دَن) دیکھو غریدن۔
غرندہ (غُرَنْ - دَہ) غرّانے والا۔
غرنوق، غرنیق (غُرْ - نُوق، غَرْ - نَوْق، غُرْ - نِیق) کلنگ، خوبصورت جوان جمع غَرَانِقَہ، غَرَانِیق۔
غرو (غَرْو) کلک، قلم کا نرکل۔
غرواشن، غرواشہ (غَرْ - وَاشْ، غَرْ - وَا - شَہ) بچارا۔
غروبا (غُرُوب) مزبا، ڈباؤ، چھپاؤ۔
غرور (غُرُور) گھمنڈ، فریب (غَرُور) فریبی، مغرور، غرارے کی دوا کا پانی۔
غرویزن (غَرْ - وِے - زَن) دیکھو پرویزن۔
غرہ (غُرْ - رَہ) چاند کی پہلی تاریخ، چاندرات، سفیدی، چمک (غِرْ - رَہ) فریفتگی، ناتجربہ کاری (غَرَارَہ) غصہ ور، مغرور، فریفتہ ہونا۔
غریب (غَرِیب) مسافر، کنگال جمع غُرَبَا، نادر، عجیب جمع غَرَائِب۔
غریبانہ (غَرِی - بَا - نَہ) غریب کی مانند۔
غریب پرور (غَرِیب، پَرْ - وَر) غریب کا پالنے والا۔
غریب پروری (غَرِیب - پَرْ - وَرِی) غریب کی پرورش۔
غریب نواز (غَرِیب - نَوَاز) مہمان نواز، غریبوں پر مہربان۔
غریب نوازی (غَرِیب - نَوَا - زِی) غریبوں پر مہربانی کرنا۔
غریبہ (غَرِی - بَہ) غریب کا مونث۔
غریبی (غَرِی - بِی) بیر دنی، بے وطنی، کنگالی۔
غریدن (غُرِّی - دَن، غُرِّی - دَن) ڈکرانا، دہاڑنا، ڈورکنا۔
غریر (غَرِیر) ناتجربہ کار نوجوان جمع غَرَائِر
غریزت (غَرِی - زَت) سرشت، طبیعت۔
غریزی (غَرِی - زِی) اصلی، طبعی، خلقی۔
غریق (غَرِیق) ڈوبا ہوا جمع غَرْقٰی۔
غریم (غَرِیم) قرضدار، قرضخواہ، تاوان زدہ
غریو (غَرِیو) چیخ پکار، غل غپاڑہ۔
غریوان (غَرِے - وَان) شور مچانے والا، شور مچاتا ہوا۔
غریویدن (غَرِے - وِی - دَن) شور کرنا مضع غَرِیوَد۔
غزا (غَزَا) جنگ دین کے دشمنوں سے۔
غزات (غُزَات) غازی کی جمع۔
غزال (غَزَال) ہرنوٹا، نوجوان ہرن، سورج (غَزْ - زَال) دورانیچے والا۔

غزالہ (غَزَا-لَہ) ہرنوٹہ جمع غِزْلَہ، غِزْلان
غزت (غَزَت) گزشتہ اخبار۔
غزر (غَزَر) جھیڑا، ڈھیلا، سست۔
غزل (غَزَل) عاشقانہ اشعار کی ایک قسم جمع غَزَلیات۔ عورتوں کے ساتھ گفتگو (غَزْل) ڈورا، سوت، رسی (غَزَل) غزل گو، عورتوں سے باتیں اور عشق کرنے والا
غزلخواں (غَزَل خواں) غزل پڑھنے والا۔
غزلخوانی (غَزَل خوا-نی) غزل پڑھنا۔
غزل سرا (غَزَل سَرا) غزل گانے والا۔
غزل سرائی (غَزَل سَرا-ای) غزل گانا۔
غزل گو (غَزَل گو) غزل کہنے والا۔
غزل گوئی (غَزَل گو-ای) غزل کہنا۔
غزمہ (غَزْ-مَہ) پولسمین، پولس کا آدمی۔
غزو (غَزْو) جہاد کرنا۔
غزوہ (غَزْ-وَہ) وہ جہاد جس میں سرور دو عالم بنفس نفیس شریک فرماتے جمع غَزَوات، مَغازی۔
غزی (غُزّا) غازی کی جمع۔
غزیدن (غَزِی-دَن) گھٹنیوں چلنا مضارع غَزَد۔
غزیر (غَزِیر) بہت (غُزَیر) چھچھڑی، ڈلیا، چھبیا۔
غزیدنی (غَزِی-دَنی) گھٹنیوں چلنے کے لایق۔
غزشب (غَزْش-با) انگور کا دانہ۔
غزشگاو (غَزْش-گاو) سرہی گائے۔
غزشم (غَزْش-م) دیکھو غزشب۔
غزشیدن (غَزْشی-دَن) دیکھو غزیدن۔
غزشیرن (غَزْشی-رَن) کالی کیچڑ۔
غساق (غَسْ-سَاق) گندی بودار چیز۔
غسال (غَسْ-سَال) نہلانے والا، دھوبی۔
غسالہ (غَسْ-سَا-لَہ) نہلانے والی (غُسَا-لَہ) دھوون، پانی جس سے کچھ دھویا گیا ہو۔
غسف (غَسَف) اندھیرا۔

غسق (غَسَق) اول رات کی اندھیری۔
غسک (غُسَک) کھٹمل۔
غسل (غُسْل، غُس-ل) نہانا (غَس-ل) دھونا (غِس-ل) نہانے دھونے کا پانی۔
غسلخانہ (غُسْل-خا-نَہ) نہانے کا مکان۔
غسلین (غِس-لِین) زخم دھونے کا پانی۔
غسول (غَسُول) ہاتھ یا سر دھونے کی چیز۔
غسیل (غَسِیل) دھوئی ہوئی چیز، دھلائی۔
غش (غَش) بیہوش، بیہوشی، ملاوٹ، ملونی (غِش) کدورت، خیانت، خبث باطنی (غَشّ) منافق، بدخواہ، خائن۔
غشا (غِشا) جھلّی، پوشش، پردہ، غلاف جمع اَغْشِیَہ۔
غشاوہ (غِشا-وَہ) پردہ، جھلّی۔
غشی (غَشی) بیہوشی۔
غشیان (غَش-یَان) بیہوشی (غِش-یان) جماع۔
غصب (غَصْ-ب) ظلم سے چھین لینا۔
غصہ (غُص-صَہ) تاؤ، برہمی جمع غُصَص۔
غصن، غصنہ (غُصْ-ن، غُصْ-نَہ) گدّھا، ٹہنی جمع غُصُون، اَغْصان۔
غض (غَض) تحمل کرنا، آنکھیں بند کرنا۔
غضاض (غَضَاض) جوانی۔
غضاضت (غَضَا-ضَت) دیکھو غضوضت۔
غضان (غَضَان) بچا کھچا کھانا۔
غضب (غَضَب) قہر، خشم، غصہ۔
غضبان (غَضْ-بَان) قہرناک، خشمناک۔
غض بصر (غَضْ-ضِ بَصَر) چشم پوشی۔
غضبناک (غَضَب-نَاک) غصیلا۔
غضروف (غُضْ-رُوف) نرم ہڈی جمع غَضَارِیف۔
غضن (غَضَن) جھرّی، چینٹ، مروٹا۔
غضنفر (غَضَن-فَر) شیر درندہ۔

غضوب (غَضُوب) بڑا غصیلا۔
غضوضت (غُضُو۔ضَت) تازگی۔
غضیض (غَضِیض) تازہ، نازک کلی۔
غط (غَط) مسوسنا۔
غطا (غِطَا) سرپوش، میز پوش، پردہ، پوشش۔
غطاس (غَط۔طَاس) پن ڈبکی، ایک چھوٹی مرغابی۔
غطرس، غطریس (غِط۔رِس، غِط۔رِیس) ظالم، مغرور
غطریف (غِط۔رِیف) سردار، شریف، بہادر۔
غطس (غَط۔س) غوطہ دینا۔
غطش (غَطَش) بینائی کی کمزوری۔
غطیط (غَطِیط) نیند کا خراٹا۔
غفار (غَف۔فَار) بڑا بخشنے والا، بڑا چھپانے والا، نام اللہ تعالے (غَف۔فَار) پنڈلی یا گردن وغیرہ کے بال۔
غفر، غفران (غَف۔ر، غُف۔رَان) بخشش، معافی
غفرلہٗ (غُفِرَلَہُو) اس کیلئے بخشش کی جاوے۔
غفس (غَف۔س) دبیز، موٹا۔
غفل، غفلت (غَفَل، غَف۔لَت) لاپرواہی، بھول چوک
غفلتاً (غَف۔لَتَن) اچانک، بطور غفلت۔
غفور (غَفُور) بڑا بخشنے والا، نام اللہ تعالی۔
غفیر (غَفِیر) بہت زیادہ، خود، مغفر، چھپانے والا، چوکیدار۔
غل (غُل) طوق، گلے کا طوق، پیاس جمع اَغلال، شور، چیخ پکار (غِل) کینہ، خیانت، کدورت
غلا (غَلَا) قحط، گرانی۔
غلاب (غَل۔لَاب) بڑا غالب۔
غلات (غُلَات) غالی کی جمع۔
غلاظ (غِلَاظ) دیکھو غلیظ۔
غلاظت (غِلَا۔ظَت) گاڑھاپن، موٹاپن، درشتی، گندگی۔
غلاف (غِلَاف) اوپر چڑھانیکا پردہ، پلک جمع غُلُف
غلاف القول (غِلَا۔فُل۔قُول) سیم کی پھلی۔
غلالہ (غِلَا۔لَہ) کرتا، شلوکہ (غَلَا۔لَہ) زلف، لٹ۔
غلام (غُلَام) لڑکا، لونڈا، بردہ، چھوکرا جمع غِلمَہ، غِلمَہ، غِلمَان، اُغلِمَہ
غلام چاپار (غُلَام۔چَا۔پَار) ڈاکیہ، پوسٹمین۔
غلام گردش (غُلَام۔گَر۔دِش) دیوانخانہ اور زنانخانہ کی درمیانی دیوار۔
غلبا (غَل۔بَار) پیڑ وکے جھرمٹ کی جگہ جمع غُلب۔
غلبہ (غَلَبَہ۔ غَل۔بَہ) زبردستی، زور جمع غَلَبَات۔
غلت (غَلَت) بھول چوک، غلطی۔
غلتبان (غَل۔تَبَان) دیکھو قلتبان
غلس (غَلَس) پچھلی رات کی اندھیری۔
غلط (غَلَط) چوکنے والا، چوکا ہوا، چوک، خطا جمع اَغلَاط، اَغَالِیط (غَل۔ط) لوٹنی، لوٹ لگانا۔
غلط العام (غَلَطُل۔عَام) عام غلطی جسکو سب کریں۔
غلط العوام (غَلَطُل۔عَوَام) عام جاہل آدمیوں کی غلطی۔
غلطان (غَل۔طَان) گول، لڑھکتا ہوا، لوٹتا ہوا۔
غلط انداز (غَلَط۔اَن۔دَاز) بھول بھلیاں، عیار۔
غلطانی (غَل۔طَا۔نِی) منسوب بہ غلطان۔
غلطانیدن (غَل۔طَا۔نِی۔دَن) لڑھکوانا، لوٹوانا۔
غلطک (غَل۔طَک) گردش، پہیہ، لوٹنی۔
غلط کار (غَلَط۔کَار) غلطی کرنے والا۔
غلط کاری (غَلَط۔کَا۔رِی) غلطی کرنا۔
غلط گو (غَلَط۔گُو) جھوٹا۔
غلط گوئی (غَلَط۔گُو۔اِی) جھوٹ۔
غلطندہ (غَل۔طَن۔دَہ) لڑھکنے والا، لوٹنے والا
غلط نویس (غَلَط۔نَوِیس) غلط لکھنے والا۔
غلط نویسی (غَلَط۔نَوِی۔سِی) غلط لکھنا۔
غلطہ (غَل۔طَہ) میدان، نیام، نام محلہ قسطنطنیہ
غلطی (غَلَطِی) چوک، خطا۔
غلطیدن (غَل۔طِی۔دَن) لڑھکنا، لوٹنا مضم غلطندہ

غاطبیدفی (غَلَ-طِی-دَنی)، لوٹنے کے لائق۔
غلطبیدہ (غَلَ-طی-دَہ) لوٹا ہوا۔
غلاظ (غِلَظ) دبازت، دَل، موٹاپا۔
غلظت (غِلَ-ظَت) دیکھو غلاظت۔
غلیج (غَل-یج) دیکھو غلیچ۔
غلغل (غَل-غَل) جیر غنا، پرندوں کی آواز۔
غلغلہ (غَل-غَلَہ) دھوم، شور۔
غلنجلیج (غَل-غَلیج)، دیکھو غلیلج۔
غلغونہ (غَل-غُو-نَہ) دیکھو گلگونہ۔
غلف (غَلَف) عیش و عشرت (غَلَ-ف) غلاف میں کرنا، بال لمبا ہونا (غُل-ف) غُلُف، غلاف کی جمع
غلق (غَلَق)، دروازہ بند کرنے کی لکڑی (غَلَق) بند دروازہ (غَلِق) مشکل بات۔
غلک (غَلَک، غَل-لَک) غولک۔
غلل (غُلَل) پیاس، جلن۔
غلمان (غِل-مان) غلام کی جمع، جنت کے بہشتی خدمتگار کے
غلمت (غُل-مَت) تیزی شہوت۔
غلمیچ (غَل-میچ) گدگدی۔
غلمہ (غِل-مَہ) غلام کی جمع۔
غلندر (غَلَن-دَر)، دیکھو قلندر۔
غلو (غُلُو)، بڑھا چڑھا پن، ہجوم، مبالغہ۔
غل و غش (غِلّو-غِش) کدورت۔
غلول (غُلُول) ہلکی غذا، زود ہضم غذا۔
غلولہ (غُلُو-لَہ) دیکھو گلولہ۔
غلہ (غَلَّ-لَہ) اناج، نقد آمدنی جمع غلات
غلہ دان (غَل-لَہ-دان) اناج کا کوٹھار۔
غلہ فروش (غَل-لَہ-فَروش) اناج کا سوداگر۔
غلہ فروشی (غَل-لَہ-فَروشی) اناج کی سوداگری۔
غلی (غَل-ی) دیگ وغیرہ اُبلنا۔
غلیان (غَلَیان) جوش، (غُل-یان) دیکھو قلیان
غلیست (غَلِیست) گو جھی، بجیرا۔

غلیظ (غَلِیظ) موٹا، دلدار، ناپاک جمع غلاظ، اغلاظ۔
غلیل (غَلِیل) پیاسا، پیاس، کینہ حسد۔
غلّل (غُلَّے-ل) کمان۔
غلیلچی (غُلے-ل-چی) غلیل چلانے والا۔
غلیلہ (غُلے-لَہ) گولی، غلّہ۔
غلیواج، غلیواز (غُلے-واج، غُلے-واز) چیل۔
غلیون (غَل-یُون) حقہ، قلیان۔
غم (غَم) رنج جمع غموم۔
غمار (غُمار) کثرت، بھیڑ بھاڑ۔
غماز (غَم-ماز) چغلخور، سخن چیں۔
غمازانہ (غَم-ما-زا-نہ) [illegible] مانند۔
غمازک (غَم-ما-زَک) مچھلی کی شست کا ترنا۔
غمازی (غَم-ما-زی) چغلخوری۔
غماض (غِماض) اونگھ۔
غمام (غَمام) بادل جمع غمائم، غمام۔
غمامہ (غَما-مَہ) بادل (غِما-مَہ) کھوٹا، دہان بند۔
غمان (غَمان) رنجیدہ۔
غمجہ (غُم-جَہ) گھونٹ، جرعہ۔
غمخوار (غَم-خوار) غم کھانے والا۔
غمخواری (غَم-خوا-ری) غم کھانا۔
غم خوردہ (غَم-خُر-دَہ) غم کھایا ہوا۔
غم خور (غَم-خور) غم کھانے والا، بگلا۔
غمد (غِمد) میان، نیام جمع اغماد، غمود۔
غم دیدہ (غَم-دی-دَہ) غم دیکھا ہوا۔
غمر (غَمر) آب بسیار، جوانمرد، کثرت، سختی، جمع غمار، غمور، غمرات (غُمر) نادان ناتجربہ کار جمع اغمار (غِمر) کینہ، پیاس۔
غم رسیدہ (غَم-رَسی-دَہ) غم پہونچا ہوا۔
غمز (غَمز) چغلخوری، سخن چینی، آنکھ کا اشارہ۔
غمزدہ (غَم-زَدَہ) غم کا مارا ہوا۔
غمزہ (غَم-زَہ) سین مارنا۔

غمس (غَمْ-س) ڈوب دینا، غوطہ کھلانا۔
غمص (غَمَص) آنکھ کی گید جو باہر بہے۔
غمض (غَمْ-ض) نشیبی زمین جمع غُموض، اغماض (غمض) اونگھنا۔
غمکدہ (غَم-کَدَہ) غم کا مکان۔
غمگسار (غَم-گُسار) غم کھانے والا۔
غمگساری (غَم-گُسا-رِی) غم کھانا۔
غمگین (غَم-گِین) رنجیدہ۔
غمگینی (غَم-گِی-نِی) رنجیدگی۔
غمناک (غَم-ناک) غم میں بھرا ہوا۔
غمناکی (غَم-نا-کِی) غم میں بھرا ہونا۔
غموس (غَمُوس) بہ نیت حق تلفی جھوٹی قسم۔
غموصا (غَمُوص) جھوٹی قسم۔
غموض (غُمُوض) پوشیدہ اور غیر واضح کلام۔
غمہ (غُمَّہ) پوشیدہ کام، دُکھ۔
غمی (غَمِی) غم والی بات، موت۔
غمیں (غَمِیں) رنجیدہ۔
غن (غَن) کولھو کی لاٹھ، لاٹ کا پتھر۔
غنا (غِنا) دولتمندی، بے نیازی (غَنَا) راگ،
نغمہ (غَنَا) نفع، فائدہ (غُن-نا) کلمۂ اظہار کثرت۔
غنام (غَنّام) لٹیرا، غارتگر۔
غنائم (غَنا-ئِم) غنیمت کی جمع۔
غنج (غُنج، غَنج) ادا، کرشمہ، ناز، چوچلا۔
غنجار، غنجارہ (غُن-جار، غُن-جا-رَہ) گلگونہ۔
غنجل (غُن-جُل) سیاہ گوش
غنجہ، غنچہ (غُن-جَہ، غُن-چَہ) کلی۔
غندہ (غُن-دَہ) بد وضع، غنڈا۔
غنگ (غَنگ) کولھو کی لاٹھ۔
غنم (غَنَم) بکری جمع اَغنام، غُنُوم، اَغانِم۔
غنو، غنودگی (غُنُو، غُنُو-دَگی) اونگھ۔
غنودن (غُنُو-دَن) اونگھنا مضارع غُنُوَد۔
غنودنی (غُنُو-دَنی) اونگھنے کے لائق۔

غنودہ (غُنُو-دَہ) اونگھتا ہوا، اونگھا ہوا۔
غنہ (غُنَّہ) ناک میں بولنے کی آواز۔
غنی (غَنِی) دولتمند، بے پروا جمع اغنیاء۔
غنیت (غَنِ-یَت) مالداری، بے پرواہی۔
غنیم (غَنِیم) لٹیرا، دشمن۔
غنیمت (غَنِی-مَت) لوٹ کا مال، انعام جمع
غنائم ٹھیک بات۔
غوادی (غَوَا-دِی) غادیہ کی جمع۔
غواشی (غَوَا-شِی) غاشیہ کی جمع۔
غواص (غَوّاص) غوطہ خور۔
غواصی (غَوّا-صِی) غوطہ خوری۔
غوامض (غَوَا-مِض) غامض کی جمع۔
غوانی (غَوَا-نِی) غانیہ کی جمع۔
غوائل (غَوَا-ئِل) غائلہ کی جمع۔
غوایت (غَوَا-یَت) گمراہی۔
غوث (غَوث) فریاد، فریادرس، بزرگی کا ایک درجہ۔
غوچ (غُوچ) مینڈھا، بھیڑ کا نر۔
غوچی (غُو-چِی) چھوٹا سا گڑھا۔
غور (غَور) گہرائی، گہرا سوچ، فائدہ رسانی۔
غور و پرداخت (غَور-و-پَر-دَاخ-ت) دیکھ بھال۔
غورہ (غُو-رَہ) کچا کھٹا انگور۔
غوری (غُو-رِی) تشتری، رکابی۔
غوزہ (غُو-زَہ) کپاس کا گولڑ، چاندی کی گیند۔
غوشاک (غُو-شاک) اُپلا۔
غوص (غَوص) ڈبکی، غوطہ۔
غوط (غَوط) گہرا خیال، ڈبکی۔
غوطہ (غُو-طَہ) ڈبکی۔
غوغا (غَو-غَا) شور و غل، جلبہ۔
غوغائی (غَو-غا-ئِی) شور مچانے والا۔
غوک (غُوک) مینڈک، ضفدع۔
غول (غُول) ایک خیالی جناتی مخلوق جو بیابانوں

ہیں آباد ہے اور جس شکل میں چاہتی ہے آجاتی ہے جمع غیلان (غُو ل) گروہ، ٹولی، کان۔
غولک (غُو۔لَک) متفرق آمدنی رکھنے کی صندوقچی
غولین (غو۔لِین) مشکی۔
غوی (غَوِی) گمراہ، بے راہ۔
غی (غَیّ) گمراہی۔
غیابت (غَیا۔بَت) چھپانے والی چیز، گہرائی۔
غیاث (غِیاث) فریاد، فریادرسی، فریادرس۔
غیار (غِیار) یہود کا زرد امتیازی نشان۔
غیاف (غَیّاف) لمبی چوڑی داڑھی والا۔
غیب (غَیب) پوشیدگی، اوجھل جمع غیوب، غیاب۔
غیابانی (غَی۔با۔نی) بدشرم عورت۔
غیبت (غَی۔بَت) پیٹھ پیچھا (غِی۔بَت) چغلی۔
غیبوبت (غَی۔بُو۔بَت) جدائی، اوجھل پن۔
غیبہ (غَی۔بہ) ترکش۔
غیبی (غَی۔بی) منسوب بہ غیب، غیب والا۔
غیث (غَیث) مینھ، بارش۔
غیداقی (غَی۔دا۔قِی) ایک عمدہ تیر۔
غیر (غَیر) دوسرا، بیگانہ جمع اغیار سوا، جیز، عقل، رائے، فائدہ رسانی۔
غیران (غِی۔ران) غار کی جمع (غَی۔ران) غیر کی فارسی جمع ذی روح، غیر لوگ۔
غیر انصاف (غَیر۔اِن۔صَاف) بے انصاف۔
غیر انصافی (غَیر۔اِن۔صَا۔فِی) بے انصافی۔
غیرت (غَی۔رَت) لاج، شرم (غِی۔رَت) رشک، خونبہا۔
غیرتمند (غَی۔رَت۔مَن۔د) جس کو غیرت ہو۔
غیرتمندانہ (غَی۔رَت۔مَن۔دا۔نہ) غیرتمند کی مثل۔
غیرتمندی (غَی۔رَت۔مَن۔دی) باغیرت ہونا۔
غیر حاضر (غَیر۔حَا۔ضِر) جو حاضر نہ ہو۔
غیر حاضری (غَیر۔حَا۔ضِری) حاضر نہ ہونا۔

غیر ذالک (غَیر۔ذَا۔لِک) اس کے سوا۔
غیر شرعی (غَیر۔شَر۔عِی) جو شرعی نہ ہو، خلاف شرع
غیر قانونی (غَیر۔قَا۔نُو۔نِی) جو قانونی نہ ہو۔
غیر لازم (غَیر۔لَا۔زِم) نامعقول، جو لازم نہ ہو
غیر معین (غَیر۔مُعَی۔یَن) جو مقرر نہ ہو۔
غیر مکرر (غَیر۔مُکَر۔رَر) انجان۔
غیر واقع (غَیر۔وَا۔قِع) غلط، خلاف واقع۔
غیر وقوعی (غَیر۔وُقُو۔عِی) بے اصل۔
غیض (غَیض) جنگل، تھوڑی بخشش، کاغذی ارزانی (غِیض) کلی، شگوفہ۔
غیضہ (غَی۔ضَہ) جنگل، صحرا۔
غیظ (غَیظ) سخت غصہ۔
غیل (غَیل) جھاڑی، جنگل (غِیل) فربہ بچہ۔
غیلم (غَی۔لَم) کچھوا، سلحفات۔
غیم (غَیم) چھائی ہوئی گھٹا جمع غیوم۔
غین (غَین) ابر پیاس، اندھیر، بلبل۔
غیور (غَیُور) بڑا غیرتمند۔

ف

ف (فا، فے) حرف تہجی، قائم مقام عدد ۸۰، چند حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ ب کے ساتھ مثلاً زبان، زفان۔ ۲۔ پ کے ساتھ مثلاً پیل، فیل۔ ۳۔ ث کے ساتھ مثلاً جدث، جدف ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً زفند، خفند۔ ۵۔ س کے ساتھ مثلاً جیست، جیفت۔ ۶۔ م کے ساتھ مثلاً مخیر، فخیر۔ ۷۔ و کے ساتھ مثلاً فام، وام۔ ۸۔ ہ کے ساتھ مثلاً تف، تہ۔
فا (فا) دیکھو ف۔
فاتح (فا۔تِح) جیتنے والا، کھولنے والا جمع فاتحین۔
فاتحہ (فا۔تِحَہ) اوّل، دیباچہ جمع فواتح کھولنے والی۔
فاتر (فا۔تِر) نیم گرم پانی، خراب، سست۔

فاتق (فا-تِق) پھاڑنے والا۔
فاتک (فا-تِک) بہادر، دلیر۔
فاتن (فا-تِن) لبھانے والا، بھٹکانے والا، شیطان۔
فاتورہ (فا-تُو-رَہ) جالان۔
فاتوریدن (فا-تُو-رِی-دَن) دور ہونا، یکسو ہونا، بھاگنا۔
فاتوسبین (فا-تُو-سِیِن) سپندان، سپند۔
فاتولیدن (فا-تُو-لِی-دَن) دیکھو فاتوریدن۔
فاجر (فا-جِر) بدکردار، زانی جمع فُجّار، فَجَرَہ۔
فاجرہ (فا-جِرَہ) بدکردار عورت، چھنال۔
فاحش (فا-حِش) حد سے بڑھکر برائی، حد سے بڑھکر برا۔
فاحشہ (فا-حِشَہ) بدکاری، برائی جمع فَوَاحِش بدکار
عورت جمع فاحِشات۔
فاختہ (فا-خِتَہ) نام پرند جمع فَوَاخِت
فاختئی (فا-خِ-تَ-ئی) فاختہ کا سا رنگ۔
فاخر (فا-خِر) فخر کرنے والا، اچھی چیز، تحفہ۔
فاخرہ (فا-خِرَہ) اچھی، ہر عمدہ چیز۔
فاخورہ (فا-خُو-رَہ) برتن بنانے کا کارخانہ۔
فادزر (فا-دِزر) چوڑا راستہ۔
فار (فار) نافۂ مشک، بدن کے جوڑوں کے درمیان کا
گوشت (فَ-ءر) فارہ کی جمع۔
فارد (فا-رِد) یگانۂ زمانہ، الگ۔
فارس (فا-رِس) سوار جمع فَوَارِس، فُرسان
(فا-رِس، فارس) ایران (مغربی ایشیا)
فارسی (فار-سی، فا-رِسی) ایرانی، فارسی زبان۔
فارسیت (فار-سی-یَت) فارسی پن۔
فارسیہ (فار-سی-یَہ) منسوب بہ فارس۔
فارع (فا-رِع) اونچا پہاڑ۔
فارعہ (فا-رِعَہ) خوش مزاج عورت۔
فارغ (فا-رِغ) خالی، بے کام۔
فارغ البال (فا-رِغُل-بال) بے فکرا
فارغ البالی (فا-رِغُل-با-لی) بے فکری۔

فارغ خطی (فا-رِغ-خَطی) لا دعوے ہونا۔
فارق (فا-رِق) جدائی ڈالنے والا۔
فاروق (فا-رُوق) حق و باطل میں فرق کرنے والا۔
فارہ (فا-رَہ) چوہا جمع فَارّ نافۂ مشک
(فا-رِہ) تیز رفتار، سمجھدار۔
فازہر (فا-زَہ-ر) دیکھو پازہر۔
فاژ، فاژہ (فاژ، فا-ژَہ) جماہی، انگڑائی۔
فاژیدن (فا-ژِی-دَن) جماہی لینا سفم فاژرد
فاس (فَ-ءس) کلہاڑی، بسولہ۔
فاسخ (فا-سِخ) تباہ و خراب کرنیوالا یا ہونے والا۔
فاسد (فا-سِد) خراب، بگڑا، تباہ جمع فَسَدَہ،
فَسْدیٰ۔
فاسدہ (فا-سِدَہ) فاسد کا مونث۔
فاسق (فا-سِق) بدکار مرد جمع فاسقین،
فَسَقَہ، فُسّاق۔
فاسقہ (فا-سِقَہ) بدکار عورت۔
فاش (فاش) ظاہر، آشکارا۔
فاشرا (فا-شِرا) نام پیڑ۔
فاصل (فا-صِل) جدا کرنے والا۔
فاصلہ (فا-صِلَہ) دوری، فرق جمع فَوَاصِل
فاضل (فا-ضِل) صاحب فضل جمع فُضَلا، زیادہ۔
فاضلہ (فا-ضِلَہ) فضلا، بزرگ، زیادہ جمع فَوَاضِل۔
فاضہ (فا-ضَہ) سختی جمع فاضہ، فَوَاض۔
فاطر (فا-طِر) پیدا کرنے والا، خالق۔
فاطن (فا-طِن) دانا، عقلمند۔
فاطمہ (فا-طِمَہ) وہ عورت جس نے بچہ کا دودھ چھڑا دیا ہو۔
فاعل (فا-عِل) کام کرنے والا، مزدور جمع فَعَلَہ۔
فاغر (فا-غِر) چمپا کا پھول
فاق (فاق) تیر کا سوفار۔
فاقد (فا-قِد) کھونے، گم کرنیوالا۔
فاقع (فا-قِع) گہرا پیلا رنگ

فاقہ (فا-قہ) بھوکا مرنا، فقیری، حاجت۔
فاقہ کشی (فا-قہ-کَشی) فاقہ کرنا۔
فاقہ مست (فا-قہ-مَس-ت) بفکرا، فاقہ میں مست
فاقہ مستی (فا-قہ-مَس-تی) فاقہ میں بیفکری۔
فاک (فاک) احمق آدمی۔
فاکر (فا-کِر) سوچنے والا، فکر کرنے والا۔
فاکہانی (فا-کہا-نی) میوہ فروش۔
فاکہہ (فا-کِہہ) ہرا میوہ جمع فواکہ جمع جمع فواکہات
فال (فال) شگون جمع فُؤُول، آفوُل۔
فالج (فا-لِج) نام مرض۔
فالق (فا-لِق) چیر پھاڑ کر باہر نکالنے والا۔
فالودہ (فا-لو-دہ) نام کھانا مشہور کھانا۔
فالوذ، فالوذج (فا-لوذ، فا-لو-ذج) دیکھو فالودہ
فالیز (فا-لیز) دیکھو پالیز۔
فام (فام) رنگت، رنگ، لون۔
فانوس (فا-نوس) لگوب، چراغدان، سخن چیں۔
فانوس خیال (فا-نو-س-خیال) قندیل۔
فانہ (فا-نہ) دیکھو پانہ۔
فانی (فا-نی) فنا ہونے والا۔
فانیذ (فا-نیذ) شکر کا سفید دانہ۔
فانیلہ (فا-نی-لہ) بنیان۔
فائت (فا-اِت) فنا ہونے والا۔
فائح، فائحہ (فا-اِح، فا-اِحہ) خوشبو،
وہ چیز جو مہکے جمع فَوَائح۔
فائدہ (فا-اِ-دہ) نفع، سود جمع فوائد۔
فائدہ مند (فا-اِ-دہ-مَن-د) فائدہ والی چیز۔
فائدہ مندی (فا-اِ-دہ-مَن-دی) فائدہ ہونا۔
فائز (فا-اِز) پہونچنے والا۔
فائز المرام (فا-اِزُل-مَرام) مقصد پر پہونچنے والا۔
فائزہ (فا-اِزہ) پہونچنے والی۔
فائض (فا-اِض) فیض دینے والا۔

فائضہ (فا-اِضہ) فیض دینے والی
فائق (فا-اِق) بلند ہونے والا، بہتر۔
فائقہ (فا-اِقہ) بلند ہونے والی۔
فبہا (فَبِہا) اس کیساتھ، بہتر، بہت خوب۔
فت (فَت) روٹی چورنا۔
فتا (فَتا) دیکھو فتی (فتا) جوانی۔
فتات (فَتا-ت) جوان عورت۔
فتاتہ (فُتا-تہ) ریزہ، چورا۔
فتاح (فَت-تاح) نام اللہ تعالیٰ کھولنے والا۔
فتادگی (فُتا-دَگی) گرا ہواپن، پڑا ہواپن۔
فتادن (فُتا-دَن) گرنا، پڑنا۔
فتادنی (فُتا-دَنی) گرنے کے لایق۔
فتادہ (فُتا-دہ) گرا ہوا، پڑا ہوا۔
فتاریدن، فتالیدن (فتا-ری-دَن،
فتا-لی-دَن) پھاڑنا، جدا کرنا، بیٹنا۔
فتاق (فِتاق) وہ چیز جس سے خمیر تیار کیا جاوے
فتان (فَت-تان) فتنہ انگیز۔
فتاوی (فَتا-وا) فتوی کی جمع۔
فتح (فَت-ح) کشائش، جیت جمع فتوح
جمع جمع فتوحات کھولنا، جیتنا۔
فتح الباب، فتح باب (فَت-حُل-باب، فَت-
ح-باب) دروازہ کھولنا۔
فتحمند (فَت-ح-مَن-د) جیتنے والا۔
فتحمندی (فَت-ح-مَن-دی) جیت۔
فتحنامہ (فَت-ح-نا-مہ) جیت کی تحریری اطلاع
فتح نشان (فَت-ح-نِشان) جیت کا جھنڈا۔
فتح نصیب (فَت-ح-نَصیب) جیتنے والا۔
فتحہ (فَت-حہ) زبر، نصب۔
فتحیاب (فَت-ح-یاب) جیت پانے والا۔
فتحیابی (فَت-ح-یا-بی) جیت پانا۔
فتخہ (فَت-خہ) چھلا۔

فتر (فُت، ر) کشادگی۔
فتراک (فِت۔ راک) شکاربند جو زین میں لگا ہو۔
فترت (فَت۔ رَت) سستی، ضعف، دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ جمع فترات۔
فتردن (فتر۔ دَن) چیرنا، پھاڑنا، ٹکڑے کرنا۔
فتریدن (فَت۔ رِی۔ دَن) دیکھو فتاریدن، فتالیدن
فتش (فَت، تَش) ڈھونڈھنا، کریدنا۔
فتق (فَت، ق) کشادگی، خصیہ بڑھجانیکی بیماری۔
فتل (فَت، ل) بٹنا، مروڑنا۔
فتلیدن (فَت۔ لِی۔ دَن) دیکھو فتریدن۔
فتن (فتن) کبھانا۔
فتنہ (فِت۔ نَہ) شور، غوغا، آشوب، گناہ جمع فِتَن
فتنہ انگیز (فِت۔ نَہ۔ اَنگ۔ گیز) فتنہ اٹھانے والا۔
فتنہ انگیزی (فِت۔ نَہ۔ اَنگ۔ گے۔ زی) فتنہ اٹھانا۔
فتنہ سامانی (فِت۔ نَہ۔ سَا۔ مَا۔ نِی) فتنہ کا ساز و سامان
فتوت (فُتُوّ، وَت) جوانمردی، مروت۔
فتودن (فَتُو۔ دَن) فریفتہ ہونا، توقف کرنا، مغرور رہونا
فتور (فُتُور) خرابی، سستی، ہاتھ پاؤں ٹوٹنا۔
فتوی (فَت۔ وَا) شرعی حکم جمع فتاوی۔
فتہ (فَتہ، تہ) اُپلے کی کرسی، پشکبرہ۔
فتی (فَتَا) جوان، جوانمرد، سخی جمع فِتیان، فِتوہ، فُتوّ، فِتیہ (فِتیَہ) جوان آدمی۔
فتیا (فُت۔ یَا) فتوی۔
فتیان (فَتَیَان) دو جوان، دن رات۔
فتیق (فَتِیق) بڑھئی، نجار۔
فتیلہ (فَتِی۔ لَہ) بتی۔
فتیہ (فَتِیَّہ) جوان عورت۔
فج (فَج) پہاڑی راستہ (فَج) کچا، خام۔
فجاجت (فَجا۔ جَت) خامی، کچاپن
فجار (فَج، جَار) بڑا بدی کرنے والا۔
فجر (فَج، ر) صبح، فجر دم (فجر) جوانمردی، بخشش،
محلی (محل ۔ لی) منسوب بہ محل، شاہی خواجہ سرا (محل ۔ لام) آراستہ، صفت کیا ہوا۔
محمد (محم ۔ مد) سردار دو عالم بانی انت دامی کا نام پاک، بہت تعریف کیا ہوا۔
محمدت (ع ۔ مدت) تعریف جمع محامد۔
محمدی (محم ۔ مدی) مسلمان، منسوب بہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔
محمص (محم ۔ مص) بھبر بھونجا۔
محمل (ع ۔ مل) اونٹ کا کجاوہ جمع محامل (ع ۔ مل) تلوار کا پرتلہ۔
محمود (ع ۔ مود) تعریف کیا ہوا۔
محمودہ (ع ۔ مودہ) تعریف کی ہوئی، سقمونیا جو ایک قسم کی جھاڑیوں کا کڑوا گوند ہے۔
محمودی (ع ۔ مودی) ململ ایک نفیس قسم۔
محمول (ع ۔ مول) گمان کیا ہوا، بوجھ لادا ہوا۔

محموم (ع ۔ موم) جس کو تیز بخار ہو۔
محن (ع ۔ ن) آزمانا (محن) محنت کی جمع ہے
محنت (ع ۔ نت) تکلیف، دکھ، رنج جمع محن۔
محنت زدہ، محنت کش (ع ۔ نت ۔ زدہ، ع ۔ نت ۔ کش) تکلیف اٹھانے والا۔
محنت کشی (ع ۔ نت ۔ کشی) تکلیف اٹھانا۔
محنتانہ (ع ۔ نتا ۔ نہ) محنت کی مزدوری۔
محنتی (ع ۔ نتی) محنت کرنے والا۔
محنک (محن ۔ نک) گھاگ۔
محو (ع ۔ و) کسی چیز پر سے کوئی چیز مٹانا یا صاف کرنا، حروف یا نقوش مٹانا، کھویا ہوا ہونا، چاند کے داغ، عاشق، دیوانہ۔
محور (ع ۔ ور) جس پر کوئی چیز گھومے، چاک کی کیلی، وہ موہوم خط مستقیم جس کا ایک سرا قطب شمالی اور دوسرا قطب جنوبی سے ملا ہوا ہے۔
محوطہ (محو ۔ وطہ) احاطہ کرنیکی جگہ، اکٹھا کرنیکی جگہ۔
محول (محو ۔ ول) پھرانیوالا، حوالے اور سپرد کرنے والا (محو ۔ ول) سپرد کیا ہوا۔
محی (ع ۔ ی، محی) زندہ کرنے والا۔
محیا (محی ۔ یا) انسان کا چہرہ۔
محیات (محی ۔ یات) زندہ کی ہوئی جماعت۔
محیض (محیض) حالت حیض۔
محیط (محیط) گھیرنے والا، سمندر۔
محیل (محیل) حیلہ گر، مکار۔
محیلہ (محی ۔ لہ) حیلہ گر عورت، مکار عورت۔
مخ (ع ۔ خ) خلاصہ، گودا، مغز سر، کھوپڑی (ع ۔ خ) آگ، زنبور، بھڑ۔
مخابرہ (مخا ۔ برہ) خبر رسانی، باہم خبریں پہونچانا۔
مخادشہ، مخادشت (مخا ۔ دشہ، مخا ۔ دشت) جھیلنا۔
مخادع (مخا ۔ دع) مکر و فریب کرنے والا (مخا ۔ دع) فریب کیا ہوا۔
مخادعت (مخا ۔ دعت) مکر و فریب، دھوکا دھڑی جمع مخادعات۔
مخاونت (مخا ۔ ونت) دوستی رکھنا۔

مخادیم (مَخَا۔دِیْم) مخدوم کی جمع ۔
مخاذیل (مَخَا۔ذِیْل) مخذول کی جمع ۔
مخارج (مَخَا۔رِج) مخرج کی جمع ۔
مخارشت (مُخَا۔رِشَت) جھیلنا ۔
مخازن (مَخَا۔زِن) مخزن کی جمع ۔
مخاشنہ (مُخَا۔شَنَہ) خشونت کرنا، درشتی کرنا ۔
مخاصم (مُخَا۔صِم) باہم خصومت کرنیوالا جمع مُخَاصِمِین
(مُخَا۔صَم) باہم خصومت کیا ہوا ۔
مخاصمت، مخاصمہ (مُخَا۔صَمَت، مُخَا۔صَمَہ) باہمی دشمنی ۔
مخاض (مَخَاض) دردِ زہ، بچّہ جننے کی درد ۔
مخاط (مُخَاط) رینٹ، ناک کی ریزش ۔
مخاطب (مُخَا۔طِب) خطاب کرنیوالا، بولنیوالا جمع مُخَاطِبِین
(مُخَا۔طَب) جس سے بات کیجائے، خطاب دیا ہوا ۔
مخاطبت (مُخَا۔طَبَت) آپس میں خطاب کرنا جمع مُخَاطَبَات
مخاطرہ (مُخَا۔طَرَہ) خطر، اندیشہ، خطرے میں ڈالنا ۔
مخاطی (مُخَا۔طِی) خطا کرنیوالا، بہت رقیق بلغم ۔
مخاف (مَخَاف) خوف کی جگہ جمع مَخَاوِف ۔
مخافت (مَخَا۔فَت) کھٹکا، خوف، ڈر جمع مَخَافَات
(مُخَا۔فِت) آہستہ پڑھنے والا (مُخَا۔فَت) آہستہ پڑھا ہوا ۔
مخافتت (مُخَا۔فَتَت) آہستہ پڑھنا ۔
مخالست (مُخَا۔لَسَت) چیز اچک لے جانا ۔
مخالصت (مُخَا۔لَصَت) آپس میں خلوص رکھنا ۔
مخالط (مُخَا۔لِط) باہمی میل رکھنے والا ۔
مخالطت (مُخَا۔لَطَت) باہمی میل جول، آپس کی دوستی ۔
مخالعت یا مخالعہ (مُخَا۔لَعَت، مُخَا۔لَعَہ) مہر معاف کرکے
عورت کا شوہر سے طلاق لینا ۔
مخالف (مُخَا۔لِف) وہ آدمی جو خلاف ہو، دشمن جمع مُخَالِفِین
مخالفت (مُخَا۔لَفَت) باہمی دشمنی، اختلاف کرنا ۔
مخالقت (مُخَا۔لَقَت) اخلاق سے پیش آنا ۔
مخالمہ (مُخَا۔لَمَہ) دوستی رکھنا ۔
مخام (مُخَام) خیمہ کھڑا کرنا ۔

مخاوذہ (مُخَا۔وَذَہ) مخالفت کرنا ۔
مخبر (مُخ۔بِر) خبر دینے والا، جاسوس ۔
مخبز (مَخ۔بَز) روٹی پکنے کی جگہ جمع مَخَابِز ۔
مخبط (مُخَبَّط، مُخ۔بَط) خبطی، پاگل، فاسد، تباہ، ملا جلا ہوا ۔
مخبوط (مَخ۔بُوط) خبطی، ملایا ہوا، ملا ہوا ۔
مختار (مُخ۔تَار) اختیار دیا ہوا، کرتا دھرتا، وکیل قانونی
کا ایک منصب ۔
مختار کل (مُخ۔تَا۔رِ۔کُل) ڈکٹیٹر ۔
مختاری (مُخ۔تَا۔رِی) صاحب اختیار ہونا ۔
مختال (مُخ۔تَال) متکبر، مغرور ۔
مختبط (مُخ۔تَبِط) شرم کے باعث رات کو چھپ کر مانگنے والا،
بے وسیلہ مانگنے والا ۔
مخترع (مُخ۔تَرَع) نئی چیز نکالی ہوئی، اختراع کی ہوئی ۔
(مُخ۔تَرِع) نئی چیز نکالنے والا، اختراع کرنے والا
جمع مُخْتَرِعِین ۔
مختص (مُخ۔تَص) خاص کیا ہوا ۔
مختصر (مُخ۔تَصَر) چھوٹا، جو طویل نہ ہو ۔
مختصم (مُخ۔تَصِم) لڑائی کرنے والا ۔
مختفی (مُخ۔تَفِی) پوشیدہ
مختل (مُخ۔تَل، مُخ۔تَل) خلل پایا ہوا ۔
مختلس (مُخ۔تَلِس) اچکا، بردار ۔
مختلط (مُخ۔تَلِط) اختلاط رکھنے والا، ملنے والا (مُخ۔تَلَط)
ملا ہوا، اختلاط رکھا ہوا ۔
مختلف (مُخ۔تَلِف) اختلاف کرنیوالا (مُخ۔تَلَف)
اختلاف کیا ہوا ۔
مختم (مُخَتَّم، تَم) مہر لگا ہوا، قفل لگا ہوا (مُخَتِّم، تِم)
مہر لگانے والا ۔
مختوم (مَخ۔تُوم) مہر لگا ہوا جمع مَخَاتِیم ۔
مختون (مَخ۔تُون) ختنہ کیا ہوا ۔
مخجل (مُخ۔جَل) شرمندہ کیا ہوا ۔
مخذر (مُخَذِّر) بدن کو سست اور بیہوش کرنے والی چیز

(مُخَدَّ۔ دَرَ) سست اور سن ہوا بدن، پردہ میں بٹھائی ہوئی چیز۔
مخدرہ (مُخَدَّ۔ دَرَہ) سست اور سن ہوئی مونث چیز، پردہ نشین بی بی جمع مُخَدَّرات۔
مخدوش (مَخْ۔ دُوْش) خدشہ کیا ہوا، شک وشبہ کیا ہوا۔
مخدوم (مَخْ۔ دُوْم) خدمت کیا ہوا جمع مَخادِیم۔
مخدومہ (مَخْ۔ دُوْ۔ مَہ) خدمت کی ہوئی۔
مخدومیت (مَخْ۔ دُوْ۔ مِیْ۔ یَت) بزرگی، سرداری۔
مخدہ (مِخَدْ۔ دَہ) گل تکیہ، گردبالش۔
مخذول (مَخْ۔ ذُوْل) ذلیل، خوار، ذلیل کیا ہوا جمع مَخاذِیل۔
مخراط (مِخْ۔ رَاط) دیکھو مخرط۔
مخراق (مِخْ۔ رَاق) دُرّہ۔
مخرب (مُخَرْ۔ رِب) بگاڑنیوالا (مُخَرْ۔ رَب) بگاڑا ہوا۔
مخرج (مَخْ۔ رَج) باہر نکلنے کی جگہ جمع مَخارِج (مُخْ۔ رِج) باہر نکلنے والا (مُخْ۔ رَج) باہر نکلا ہوا۔
مخرط (مِخْ۔ رَط) خراد، خراد کا آلہ۔
مخرق (مُخَرْ۔ رِق) ٹکڑے کرنیوالا (مُخَرْ۔ رَق) ٹکڑے کیا ہوا۔
مخروس (مَخْ۔ رُوْس) چھیلا ہوا، ترشا ہوا۔
مخروط (مَخْ۔ رُوْط) نوکیلی گاؤدم چیز، خراط کیا ہوا۔
مخروطی (مَخْ۔ رُوْ۔ طِی) منسوب طرف مخروط۔
مخزن (مَخْ۔ زَن) ذخیرہ، خزانہ، اکٹھا کرنیکی جگہ جمع مَخازِن۔
مخزون (مَخْ۔ زُوْن) خزانہ کی چیز جمع مَخْزُوْنات۔
مخسور (مَخْ۔ سُوْر) نقصان پہونچایا ہوا، ٹوٹا دیا ہوا۔
مخنش (مُخَنْ۔ نِش) ملنسار۔
مخصص (مُخَصْ۔ صَص) تخصیص کیا ہوا (مُخَصْ۔ صِص) تخصیص کرنے والا۔
مخصف (مَخْ۔ صَف) ستالی۔
مخصوص (مَخْ۔ صُوْص) خاص کیا ہوا۔
مخضال (مِخْ۔ ضَال) داس، ہنسیا۔
مخضب (مُخَضْ۔ ضَب) خضاب کیا ہوا، رنگین کیا ہوا (مُخَضْ۔ ضِب) خضاب کرنے والا، رنگنے والا۔
مخضر (مُخَضْ۔ ضَر) ہرا بھرا کیا ہوا (مَخْ۔ ضَر) ہرا دل کی جگہ۔

مخضرہ (مَخْ۔ ضَرَہ) مرغزار جمع مَخاضِر۔
مخضود (مَخْ۔ ضُوْد) کانٹوں سے صاف کیا ہوا درخت۔
مخطط (مُخَطْ۔ طَط) دھاری دار، خط کھینچا ہوا۔
مخطوب (مَخْ۔ طُوْب) منگیتر مرد۔
مخطوبہ (مَخْ۔ طُوْ۔ بَہ) منگیتر عورت۔
مخطور (مَخْ۔ طُوْر) فکر، اندیشہ، جس چیز کا خطرہ دل میں آوے، خوف کی چیز جمع مَخْطُوْرات۔
مخطی (مُخْ۔ طِی) جس کا قصد نیکی کا ہو مگر نادانستہ خطا سرزد ہو جاوے۔
مخفف (مُخَفْ۔ فَف) تخفیف کیا ہوا۔
مخفوض (مَخْ۔ فُوْض) لوٹا ہوا، پست کیا ہوا۔
مخفی (مَخْ۔ فِی) پوشیدہ۔
مخل (مُخِلّ) خلل انداز، خلل ڈالنے والا۔
مخلا (مِخْ۔ لا) دیکھو مخلی۔
مخلات (مِخْ۔ لات) توبڑہ، علیقہ۔
مخلاف (مِخْ۔ لاف) سخت وعدہ خلاف۔
مخلب (مِخْ۔ لَب) کٹیا، شکاری پرند کا پنجہ، شیر وغیرہ کا پنجہ جمع مَخالِب۔
مخلخل (مُخَلْ۔ خَل) الگ الگ، جدا کیا ہوا۔
مخلد (مُخَلْ۔ لَد) ہمیشہ، دائمی۔
مخلص (مُخْ۔ لِص) خالص دوست، اخلاص کرنے والا جمع مُخْلِصِیْن (مُخْ۔ لَص) خالص کیا ہوا (مَخْ۔ لَص) رہائی، اخلاص کی جگہ جمع مَخالِص (مُخَلْ۔ لَص) خلاصہ کیا ہوا، چھوڑا ہوا (مُخَلْ۔ لِص) خلاصہ کرنے والا، چھوڑنے والا۔
مخلصانہ (مُخْ۔ لِصا۔ نَہ) دوستانہ۔
مخلصی (مُخْ۔ لِصِی) رہائی۔
مخلط (مُخَلْ۔ لَط) ملایا ہوا (مُخَلْ۔ لِط) ملانے والا۔
مخلع (مُخَلْ۔ لَع) خلعت دیا ہوا۔
مخلف (مُخَلْ۔ لَف) پیچھے چھوڑا ہوا (مِخْ۔ لاف) ابو تمر کا بچہ۔
مخلل (مُخَلْ۔ لَل) اچار، سرکہ کیا ہوا۔
مخلوط (مَخْ۔ لُوْط) ملا جلا، ملا ہوا۔

مخلوط النسل (مُخ۔لُو۔طُن۔نَس۔ل) دوغلا، دونسلا۔
مخلوع (مَخ۔لُوع) باہر لایا ہوا، نکالا ہوا۔
مخلوق (مَخ۔لُوق) پیدا کی ہوئی چیز جمع مخلوقات۔
مخلی (مُخَل۔لا) خالی کیا ہوا، چھوڑا ہوا۔
مخلی بالطبع (مُخَل۔لا۔بِطّ۔طَب۔ع) بلا تکلف۔
مخمر (مُخَم۔مَر) خمیر کیا ہوا، گوندھا ہوا (مُخَم۔مِر) گوندھنے والا (مُخ۔مِر) دل میں رکھنے والا۔
مخمس (مُخَم۔مَس) پانچ جز والی چیز، پانچ مصرعوں کی نظم جمع مخمسات۔
مخمصہ (مَخ۔مَصَہ) بھوک، اضطراب، افراغم۔
مخمل (مَخ۔مَل) ایک ملائم کپڑا۔
مخملی، مخملین (مَخ۔مَلی، مَخ۔مَلِین) منسوب بہ مخمل، مخمل کا۔
مخمور (مَخ۔مُور) متوالا، شراب پیا ہوا۔
مخنث (مُخَن۔نَث) ہیجڑا۔
مخنق (مِخ۔نَق) دیکھو مخنوق (مِخ۔نَق) گلا گھونٹنے کا آلہ۔
مخنقہ (مِخ۔نَقَہ) گردن کا پٹا، گردن گھونٹنے کا آلہ۔
مخنکر (مُخَن۔کِر) قوال، خنیاگر، گویا، ڈوم۔
مخنوق (مَخ۔نُوق) گلا گھونٹا ہوا، گردن مسوسا ہوا۔
مخوف (مُخَو۔وَف) ڈرایا ہوا (مُخَو۔وِف) ڈرانے والا (مَخُوف) ڈرا ہوا (مَخ۔وَف) خوف کی جگہ جمع مخاوف۔
مخیدت (مُخَی۔دَت) رٹپنا، ہلنا، حرکت کرنا، چپکنا، نافرمانی کرنا، گھسنا۔
مخیدہ (مُخَی۔دَہ) خراب، پھسلا ہوا۔
مخیر (مُخَی۔یِر) بہت خیرات کرنے والا، سخی، اختیار دینے والا (مُخَی۔یَر) اختیار دیا ہوا (مِخ۔بَر) مہمیز کا خار۔
مخیبص (مَخِیبِص) چھاچھ، ستھا، دوغ۔
مخیط (مِخ۔یَط) سینے کا آلہ جمع مخایط (مَخِیط) سلا ہوا (مُخَی۔یَط) سیستاں، بہیڑا، ریتا۔
مخیل (مُخَی۔یَل) خیالی، خیال کیا ہوا (مُخَی۔یِل) خیال کرنے والا (مُخَی۔یِلَہ) خیال کرنے کی قوت۔
مخیلہ (مُخَی۔یَلَہ) گذرگاہِ خیال، دماغ جمع مخائل۔
مخیم (مُخَ۔یَم، مُخَی۔یَم) خیمہ لگانے کی جگہ۔
مد (مَد) کشش، کھچاؤ، زیادتی، لمبائی، چڑھاؤ، سیاہی (مُد) ایک پیمانہ۔
مداح (مَد۔دَاح) تعریف کرنے والا۔
مداحانہ (مَد۔دَا۔حَانَہ) مداح کی مانند۔
مداحی (مَد۔دَا۔حی) تعریف کرنا۔
مداخل (مَدَا۔خِل) مدخل کی جمع، آمدنی۔
مداخلت (مُدَا۔خَلَت) دخل اندازی، دخل دینا۔
مداد (مِدَاد) لکھنے کی روشنائی۔
مدار (مَدَار) دائرہ، دورہ، حلقہ، گردش، مرکز، درمیان جمع مدارات۔
مدارا، مدارات (مُدَا۔را، مُدَا۔رَات) خاطر تواضع، صلح آشتی کرنا، رعایت کرنا۔
مدار المہام (مَدَا۔رُل۔مَہَام) ذمہ دار حاکم اعلیٰ، وزیر۔
مدارس (مَدَا۔رِس) مدرسہ کی جمع۔
مدارست (مُدَا۔رَسَت) باہم پڑھنا پڑھانا۔
مدار کار (مَدَا۔رِ۔کَار) کارکن، کام کا مرکز۔
مدارکت (مُدَا۔رَکَت) لگاتار کرنا۔
مداعات (مُدَا۔عَات) بھید پوچھ گچھ کرنا۔
مداعبت (مُدَا۔عَبَت) مزاح، خوش طبعی۔
مداعت (مَدَا۔عَت) حقہ، قلیان۔
مداعسہ (مُدَا۔عَسَہ) نیزہ بازی، باہم نیزہ بازی کرنا۔
مدافع (مُدَا۔فِع) دفع کرنے والا۔
مدافعت (مُدَا۔فَعَت) ایک دوسرے کو دفع کرنا۔
مدال (مَدَال) تمغہ، میڈل۔
مدام (مُدَام) ہمیشہ، شراب (مَدَام) میڈم۔
مدامی (مُدَا۔می) منسوب بہ مدام، ہمیشگی۔
مداوا، مداوات (مُدَا۔وَا، مُدَا۔وَات) چارہ سازی، دوا درمن کرنا۔
مداومت (مُدَا۔وَمَت) ہمیشگی۔

مداوی (مُدَا۔ وَا) علاج کیا ہوا، دوا دارو کیا ہوا۔
مداہن (مُدَا۔ ہِن) سُستی کرنے والا، جھوٹ بولنے والا۔
مداہنت (مُدَا۔ ہَنَت) دودلی، خیانت کرنا، چھپانا، جھوٹ بولنا، نفاق کرنا، جو دل میں ہو اسکے برخلاف کہنا
مدارج (مَدَا۔ رِج) مدرجہ کی جمع۔
مداینہ (مُدَا۔ یَنَہ) قرض دینا، ادھار بیچنا۔
مدبر (مُدَب۔ بِر) صاحب تدبیر، پالیٹیشین جمع مُدَبِّرین (مُدَب۔ بَر) تدبیر کیا ہوا (مُدَ۔ بَر) بدبخت، راندہ۔
مدبلبل (مَد۔ دِ۔ بُل بُل) بلبل کا نالہ۔
مدبوغ (مَد۔ بُوغ) دباغت کیا ہوا۔
مدت (مُد۔ دَت) عرصہ، دیر۔
مدح (مَد۔ ح) تعریف، ستائش۔
مدحت (مِد۔ حَت) تعریف، ستائش جمع مَدَائح۔
مدحرج (مُدَح۔ رَج) گول۔
مدحیہ (مَد۔ حِی۔ یَہ) منسوب بہ مدح، مدح والی چیز۔
مدخل (مَد۔ خَل) داخلہ، دخل کی جگہ جمع مَداخِل، دخل کرنا، داخل ہونا (مُد۔ خَل) دخل کرنیکی جگہ، دخل کیا ہوا (مُد۔ خِل) منحوس، دخل کرنے والا۔
مدخنہ (مَد۔ خَنَہ) چمنی، دھواں نکلنے کی جگہ۔
مدخول (مَد۔ خُول) آمدنی، داخل کیا ہوا۔
مدخولہ (مَد۔ خُو۔ لَہ) گھرڈالی ہوئی عورت، داخل کی ہوئی۔
مدد (مَدَد) کمک، امداد۔
مددخواہ (مَدَد۔ خواہ) مدد چاہنے والا۔
مددخواہی (مَدَد۔ خوا۔ ہی) مدد چاہنا۔
مددگار (مَدَد۔ گار) مدد کرنے والا۔
مدر (مُدِر) پیشاب لانیوالی چیز (مَدَر) ڈھیلا، زمین۔
مدرار (مِد۔ رار) بہت بیٹھنے والا، مینھ۔
مدرج (مُد۔ رِج) آپس میں لپیٹنے والا (مُد۔ رَج) آپس میں لپیٹا ہوا (مَد۔ رَج) چلنے کی جگہ۔
مدرجہ (مَد۔ رَجَہ) درجہ، راہ جمع مَدَارِج۔
مدرس (مُدَر۔ رِس) پڑھانیوالا جمع مُدَرِّسین۔

مدرسہ (مَد۔ رَسَہ) پڑھنے پڑھانیکی جگہ جمع مَدارِس۔
مدرسی (مُدَر۔ رِسی) پڑھانے کا کام۔
مدرع (مُدَر۔ رِع) زرہ پوش۔
مدرک (مُد۔ رِک) سمجھنے والا، بات کو پہونچنے والا (مُد۔ رَک) سمجھا ہوا، دریافت کیا ہوا۔
مدرکہ (مُد۔ رِکَہ) سمجھ، عقل، ذہن۔
مدروس (مَد۔ رُوس) پرانی ہوئی چیز۔
مدظلہ (مَد۔ دَ ظِل۔ لُ ہو) اس کا سایہ دراز ہو۔
مدعا (مُد۔ دَعا) مطلب، آرزو، دعوا کی ہوئی چیز۔
مدعو (مَد۔ عُو) بلایا ہوا، دعوت دیا ہوا۔
مدعی (مُد۔ دَعی) دعوا کرنیوالا، مخالف، رقیب (مُد۔ دَعا) دیکھو مدعا جمع مُدَّعیات۔
مدعی علیہ (مُد۔ دَعا۔ عَلَی۔ ہ) جس پہ دعوا کیا گیا ہو۔
مدغم (مُد۔ غَم) پیوست کیا ہوا، تشدید کے ذریعہ ایک حرف دوسرے میں ملایا ہوا (مُد۔ غِم) پیوست کرنے والا۔
مدفع (مِد۔ فَع) توپ جمع مَدافِع۔
مدفعی (مِد۔ فَعی) توپچی، توپ چلانے والا۔
مدفن (مَد۔ فَن) دفن کی جگہ جمع مَدافِن۔
مدفون (مَد۔ فُون) دفن کیا ہوا۔
مدقق (مُدَق۔ قِق) باریکی جانچنے والا، باریک نکتہ پیدا کرنیوالا (مُدَق۔ قَق) باریک بینی سے جانچا ہوا۔
مدقوق (مَد۔ قُوق) دق کا بیمار۔
مدقہ (مِدَق۔ قَہ) کوٹنے کا آلہ۔
مدلل (مُدَل۔ لَل) دلیل سے ثابت کیا ہوا (مُدَل۔ لِل) دلیل سے ثابت کرنے والا۔
مدلول (مَد۔ لُول) دلیل کیا ہوا۔
مدلہم (مُد۔ لَہِم) بہت کالا، تاریک جمع مُدلَہِمّات۔
مدمغ (مُدَم۔ مَغ) دماغدار، مغرور۔
مدمل (مُدَم۔ مِل) زخم صاف کرکے بھر لانیوالا۔
مدمن (مُد۔ مِن) ہمیشہ کوئی کام کرنے والا۔

مدن (مَدَن) کھڑا ہونا (مُدُن، مُدَن) مدینہ کی جمع۔
مدنظر (مَدِ۔ نَظَر) نگاہ کی رسائی، ارادہ۔
مدنی (مَدَنِی) منسوب بہ مدینہ، شہری، مدینہ کا باشندہ
مدنیت (مَدَنِیَّت) شہریت، شہری پن۔
مدوجزر (مَدُّو۔ جَزْر) جوار بھاٹا۔
مدور (مُدَوَّر) گول، گرداگرد پھرایا ہوا۔
مدوس (مَدُوس) گلی، بدداغ۔
مدون (مُدَوَّن) جمع کیا ہوا (مُدَوِّن) جمع کرنے والا۔
مدہ (مِدَّہ) زخم کی پیپ (مَدَّہ) وہ ساکن حرف علت (ا، و، ی) جس کی حرکت ماقبل موافق ہو۔
مدہامتان (مُدْہامَّتان) دو سبز پتے، دو سبز باغ۔
مداہن (مُدَاہِن) تیل کا برتن جمع مَداہِن۔
مدہوش (مَدْہُوش) بھوچکا، بیہوش۔
مدہون (مَدْہُون) گیلی زمین۔
مدیٰ (مَدیٰ) انتہا، نہایت، غایت۔
مدیان (مِدْیان) بڑا قرض کرنے والا۔
مدیح، مدیحہ (مَدِیح، مَدِیحَہ) تعریف جمع مَدائِح۔
مدید (مَدِید) لمبا، دراز، کھینچا ہوا، نام بحر شاعری۔
مدیر (مُدِیر) اڈیٹر، کلکٹر، منتظم، گھمانے والا۔
مدیرانہ (مُدِیرانہ) مدیر کی مانند، مدیر سے منسوب۔
مدیرہ (مُدِیرَہ) اڈیٹرلیس، مدیر کا مونث۔
مدیریہ (مُدِیرِیَّہ) منسوب بہ مدیر، دفتر مدیر۔
مدین (مَدِین) بندہ، قرضدار، مزدوری دیا ہوا، خوار کیا ہوا۔
مدینہ (مَدِینہ) شہر جمع مَدائِن، مُدُن، مُدَن نام شہر عرب جس میں حضور سرور دو عالم کا مزار معلیٰ ہے۔
مدیون (مَدْیُون) قرض دار جس پر قرض ہو۔
مذ (مُذ) صاحب، خداوند۔
مذا (مِذاء) غیر مرد اور عورت کی یکجائی۔
مذاب (مُذاب) پگھلا ہوا۔
مذاق (مَذاق) ظرافت، ٹھٹھول، ذائقہ، چکھائی، چکھنے کی جگہ (مَذّاق) جو محبت میں مخلص نہ ہو۔
مذاکر (مُذاکِر) ذکر کرنے والا (مُذاکَر) ذکر کیا ہوا۔
مذاکرہ (مُذاکَرَہ) آپس میں بات چیت جمع مُذاکَرات۔
مذاہب (مَذاہِب) مذہب کی جمع۔
مذبح (مَذْبَح) ذبح کرنے کی جگہ جمع مَذابِح۔
مذبذب (مُذَبْذَب) ڈانواڈول جمع مُذَبْذَبِین۔
مذبوح (مَذْبُوح) ذبح کیا ہوا۔
مذبہ (مِذَبَّہ) مورچھل، چوری۔
مذخورہ (مَذْخُورَہ) ذخیرہ کیا ہوا۔
مذروع (مَذْرُوع) گز سے ناپا ہوا۔
مذرہ (مَذِرَہ) گندہ، خراب۔
مذعور (مَذْعُور) ڈرا ہوا۔
مذکار (مِذْکار) جس کے یہاں صرف اولاد نرینہ پیدا ہو۔
مذکر (مُذَکَّر) مونث کی ضد، یاد دلایا ہوا، نصیحت کیا ہوا (مُذَکِّر) یاد دلانے والا، نصیحت کرنے والا۔
مذکرہ (مُذَکِّرَہ) نوٹ، یادداشت، مردانی عورت۔
مذکور (مَذْکُور) ذکر، ذکر کیا ہوا۔
مذلت (مَذَلَّت) خواری، رسوائی۔
مذمت (مَذَمَّت) برائی، بدی۔
مذموم (مَذْمُوم) بد، برا، ذم کیا ہوا۔
مذنب (مُذْنِب) گنہگار۔
مذہب (مَذْہَب) دین، دھرم، راہ جمع مَذاہِب (مُذَہَّب) سنہرا، سنہرا جھول چڑھا ہوا (مُذَہِّب) سنہرا جھول چڑھانے والا۔
مذہوب (مَذْہُوب) جھول کیا ہوا، زرنگار۔
مذیب (مُذِیب) پگھلانے والا۔
مذیبہ (مُذِیبَہ) پگھلانے والی۔
مر (مَر) رسی، کلہاڑی (مَرّ) گزرنا، گزرش، شمار، بہت، کلمہ حصر، خاص، صرف، ندا جمع مِرار (مُرّ) کڑوا، بول جو ایک گوند کا نام ہے۔
مرا (مِراء) جھگڑا (مَراء) لڑائی جھگڑا کرنا (مَراء) کھانا ہضم ہونا

(مُرَا) ہم مرتبہ ہونا (مَرْءٌ آدم) مرد۔

مرابح (مُرَا۔ بِحْ) نفع سے بیچنے والا (مَرَابِحْ) مربح کی جمع۔

مرابحت (مُرَا۔ بَحَتْ) نفع سے بیچنا۔

مرابط (مُرَا۔ بِطْ) باہم ربط رکھنے والا۔

مرابطہ (مُرَا۔ بَطَہْ) ربط باہمی جمع **مُرَابَطَاتْ**۔

مرابی (مُرَا۔ بِیْ) سود خوار، بیاج لینے والا۔

مرات (مِرْ۔ آتْ) آئینہ جمع **مَرَایَا** (مَرْ۔ اٰتْ) عورت (مَرْ۔ رَاتْ) مرہ کی جمع۔

مراتب (مَرَا۔ تِبْ) مرتبہ کی جمع۔

مراجع (مُرَا۔ جِعْ) واپس پھرنے والا (مَرَاجِعْ) مرجع کی جمع۔

مراجعت (مُرَا۔ جَعَتْ) واپسی، لوٹنا، اُلٹا پھرنا۔

مراح (مَرَاحْ) شادی، خوشی (مَرَاحْ) راحت کی جگہ۔

مراحل (مَرَا۔ حِلْ) مرحلہ کی جمع۔

مراحم (مَرَا۔ حِمْ) مرحمت کی جمع۔

مراد (مُرَادْ) مطلب، مقصد، منشا جمع **مُرَادَاتْ**۔

مرادف (مُرَا۔ دِفْ) ہم معنی لفظ جمع **مُرَادِفَاتْ**۔

مرادفت (مُرَا۔ دَفَتْ) ایک پیچھے دوسرے کو بٹھانا۔

مرادی (مُرَا۔ دِیْ) منشا کے مطابق، موافق، خرسند، جمع **مُرَادِیَاتْ**۔

مرارت (مَرَا۔ رَتْ) کڑواہٹ، تلخی۔

مرارہ (مَرَا۔ رَہْ) حیوان کا پتہ جس میں رقیق کڑوا مادہ ہوتا ہے۔

مراسل (مُرَا۔ سِلْ) خط و کتابت کرنے والا۔

مراسلت (مُرَا۔ سَلَتْ) باہمی خط و کتابت۔

مراسلہ (مُرَا۔ سَلَہْ) نامہ، خط، باہمی خط و کتابت جمع **مُرَاسَلَاتْ**۔

مراسم (مَرَا۔ سِمْ) رسم کی جمع۔

مراضعت (مُرَا۔ ضَعَتْ) دودھ پلائی۔

مراعات (مُرَا۔ عَاتْ) سلوک، رعایت، نگہداشت، کنکھیوں سے دیکھنا۔

مراعات النظیر (مُرَا۔ عَاتُنْ نَظِیْر) شاعری میں صنعت رعایت لفظی۔

مراعی (مُرَا۔ عِیْ) رعایت کرنے والا، نگہبانی کرنے والا، چرانے والا (مَرَا۔ عِیْ) مرعی کی جمع۔

مراغ، مراغہ (مَرَاغْ، مَرَا۔ غَہْ) لوٹنے کی جگہ۔

مراغب (مُرَا۔ غِبْ) رغبت کرنے والا۔

مراغبت (مُرَا۔ غَبَتْ) خواہش، رغبت۔

مراغمہ (مُرَا۔ غَمَہْ) حیوان کا لوٹنا پوٹنا۔

مراغمت (مُرَا۔ غَمَتْ) جنگ کرنا۔

مرافات (مُرَا۔ فَاتْ) سزاواری، ماتری کرنا۔

مرافدہ (مُرَا۔ فَدَہْ) یاری کرنا، مدد کرنا۔

مرافع (مُرَا۔ فِعْ) مرافعہ کرنے والا۔

مرافعت، مرافعہ (مُرَا۔ فَعَتْ، مُرَا۔ فَعَہْ) مقدمہ، اپیل۔

مرافق (مُرَا۔ فِقْ) ہمراہ، رفاقت کرنے والا جمع **مُرَافِقِیْن** (مَرَا۔ فِقْ) مرفق کی جمع۔

مرافقت (مُرَا۔ فَقَتْ) ہمراہی، رفاقت باہمی۔

مراق (مَرَاقْ) جنون کی ایک قسم، مالیخولیا۔

مراقب (مُرَا۔ قِبْ) نگہبان، امیدوار، ڈرنے والا، مراقبہ کرنے والا۔

مراقبت (مُرَا۔ قَبَتْ) نگہبانی، امید، حراست۔

مراقبہ (مُرَا۔ قَبَہْ) خدا کا دھیان، نگہبانی، امید۔

مراقش (مَرَا۔ قِشْ) ملک مراکو (شمالی و مغربی افریقہ)

مراقی (مَرَا۔ قِیْ) مالیخولیا کا بیمار۔

مراکب (مَرَا۔ کِبْ) مرکب کی جمع۔

مراکبی (مَرَا۔ کِبِیْ) کشتیبان۔

مراکض (مُرَا۔ کِضْ) گھوڑا دوڑانے والا، چوکی۔

مراکضت (مُرَا۔ کَضَتْ) گھوڑ دوڑ۔

مراکلت (مُرَا۔ کَلَتْ) باہم لاتیں مارنا، لتیاؤ۔

مرام (مَرَامْ) مطلب، مراد، مقصد جمع **مَرَامَاتْ**۔

مراوح (مُرَا۔ وِحْ) ڈانواڈول (مَرَا۔ وِحْ) مروحہ کی جمع۔

مراوحت (مُرَا۔ وَحَتْ) کام میں ڈانواڈول ہونا۔

مراہق (مُرَا۔ ہِقْ) نوجوان، بالغ ہونے کے قریب۔

مراہقت (مُرا۔ہِقَت) بلوغ کو پہونچنا۔
مراہن (مُرا۔ہِن) رہن رکھنے والا۔
مراہنت (مُرا۔ہَنَت) رہن رکھنا۔
مراء (مِراء) خودنمائی، جنگ کرنا۔
مرائی (مُرا۔ئی) ریا کرنے والا، خودنما۔
مرایلہ (مُرا۔یَلَہ) جلدی جانا۔
مربا (مُرَبّا) شکر کے قوام میں ڈالا ہوا پھل جمع مربیات۔ تربیت کیا ہوا، پالا ہوا (مَر۔بَا) منظر، دیکھنے کی جگہ، شکارگاہ، کھیل کا میدان۔
مربح (مُرب۔بِح) نفع بخش (مَر۔بَح) فائدہ کی جگہ جمع مَرابِح۔
مربض (مَر۔بِض) بکریوں کے رہنے کی جگہ جمع مَرابِض۔
مربط (مَر۔بِط) جانوروں کا کھڑک جمع مَرابِط (مِر۔بَط) جانور باندھنے کی چیز۔
مربع (مُرَب۔بَع) جو گوشہ جس کی لمبائی چوڑائی برابر ہو، چہار گنا، چوڑا (مَر۔بَع) بہاری منزل جمع مَرابِع۔
مربوب (مَر۔بُوب) مخلوق، پالا ہوا۔
مربوط (مَر۔بُوط) بندھا ہوا، ربط کیا ہوا، لگایا ہوا۔
مربوع (مَر۔بُوع) میانہ قد، چارشانہ۔
مربی (مُرَب۔بی) سرپرست، پرورش کرنیوالا، تربیت کرنیوالا (مُرَب۔با) دیکھو مربا (مُر۔بی) بیاج خور، سودخوار۔
مرت (مَرْت) بنجر، خشکار۔
مرتاح (مُر۔تاح) عیش و نشاط کرنے والا۔
مرتاض (مُر۔تاض) ریاضت کرنے والا۔
مرتب (مُرَت۔تِب) ترتیب دینے والا (مُرَت۔تَب) ترتیب دیا ہوا، تنخواہ۔
مرتبان (مَر۔تَبان) ایک برتن کا نام۔
مرتبت (مَر۔تَبَت) دیکھو مرتبہ جمع مَراتِب۔
مرتبط (مُر۔تَبِط) ربط دیا ہوا، لگایا ہوا۔
مرتبہ (مَر۔تَبَہ) درجہ، رتبہ جمع مَراتِب۔
(مُرَت۔تَبَہ) ترتیب دیا ہوا۔
مرتجا (مُر۔تَجا) امید رکھا ہوا۔
مرتد (مُر۔تَد) اسلام چھوڑا ہوا مرد۔
مرتدہ (مُر۔تَد۔دَہ) اسلام چھوڑی ہوئی عورت۔
مرتسم (مُر۔تَسِم) نقش پکڑنے والا (مُر۔تَسَم) نقش پکڑا ہوا۔
مرتشی (مُر۔تَشی) رشوت لینے والا۔
مرتضی (مُر۔تَضا) پسندیدہ۔
مرتضوی (مُر۔تَضَوی) حضرت علی کی طرف منسوب۔
مرتع (مَر۔تَع) چراگاہ جمع مَراتِع۔
مرتعب (مُر۔تَعِب) خائف، ڈرپوک۔
مرتعش (مُر۔تَعِش) کانپنے والا (مُر۔تَعَش) کانپا ہوا۔
مرتفع (مُر۔تَفَع) ابھرا ہوا، اونچا، بلند (مُر۔تَفِع) ابھرنے والا، بلند ہونے والا۔
مرتقد (مُر۔تَقَد) خوابگاہ۔
مرتقی (مُر۔تَقی) اوپر جانیوالا، ترقی کرنے والا (مُر۔تَقا) اوپر گیا ہوا، ترقی کیا ہوا، چڑھائی۔
مرتکب (مُر۔تَکِب) ارتکاب کرنیوالا، گناہ کرنیوالا (مُر۔تَکَب) ارتکاب کیا ہوا، گناہ کیا ہوا۔
مرتک (مُر۔تَک) مردار سنگ۔
مرتہن (مُر۔تَہِن) رہن رکھنیوالا (مُر۔تَہَن) رہن رکھا ہوا۔
مرث (مَرْث) چوسنا۔
مرثیہ (مَر۔ثِیَہ) مردے کی تعریف میں اشعار جمع مَراثی۔
مرثیہ خواں (مَر۔ثِیَہ۔خواں) مرثیہ پڑھنے والا۔
مرثیہ خوانی (مَر۔ثِیَہ۔خوا۔نی) مرثیہ پڑھنا۔
مرثیہ گو (مَر۔ثِیَہ۔گو) مرثیہ کہنے والا۔
مرثیہ گوئی (مَر۔ثِیَہ۔گو۔ئی) مرثیہ کہنا۔
مرج (مَرْج) مَرَج، بگاڑ، ملونی (مَرْج) چراگاہ زمین جمع مُرُوج۔
مرجان (مَر۔جان) مونگا، چھوٹا موتی۔
مرجب (مُرَج۔جَب) بہ رنگ رکھا ہوا، شکوہ رکھا ہوا۔

مرجح (مُرَجِّح۔ جِّح) ترجیح دیا ہوا (مُرَجَّح۔ جَّح) ترجیح دینے والا
مرجع (مَر۔ جِع) واپسی کی جگہ جمع مَراجِع۔
مرجل (مِر۔ جَل) تانبے کی بڑی دیگ جمع مَراجِل۔
مرجو (مَر۔ جُو) امید کیا ہوا۔
مرجوح (مَر۔ جُوح) مغلوب۔
مرجوع (مَر۔ جُوع) رجوع کیا ہوا، لوٹایا ہوا۔
مرجول (مَر۔ جُول) پاگل، جو الٹا پیدا ہوا ہو۔
مرجوم (مَر۔ جُوم) پتھراؤ کیا ہوا، نکالا ہوا۔
مرجی (مُر۔ جِی) وعدہ ٹلانے والا۔
مرح (مَرَح) اترانا، ناسد ہونا، خوش ہونا (مَرِح) خوش جمع مَرحیٰ، مَرِحی۔
مرحب (مَر۔ حَب) کشادہ جگہ، چوڑا ہونا جمع مَراحِب
مرحبا (مَر۔ حَبا) کلمۂ تعریف، شاباش، خوش آمدید، فراخ جگہ۔
مرحلہ (مَر۔ حَلہ) منزل، منزل گاہ جمع مَراحِل۔
مرحمت (مَر۔ حَمت) مہربانی جمع مَراحِم۔
مرحوم (مَر۔ حُوم) رحمت کیا ہوا، مری ہوئی آدمی کی طرف اشارہ
مرحومہ (مَر۔ حُو۔ مَہ) رحمت کی ہوئی۔
مرخ (مَرخ) تیل کی مالش کرنا۔
مرخص (مُرَخِّص) رخصت کرنیوالا (مُرَخَّص) رخصت کیا ہوا۔
مرخم (مُرَخَّم) ملائم کیا ہوا، ہر وہ کلمہ جس کا حرف آخر گرا دیا گیا ہو۔
مرد (مَرد) آدمی (مَرِد) منہاائی، ضد (مُرد) امرد کی جمع۔
مردا (مَر۔ دا) دمکتا ہوا، پہاڑ یا بے گھاس کا ریگستان۔
مرداد (مُر۔ داد) فارسی کا پانچواں شمسی مہینہ۔
مرد آدمی (مَرد۔ آد۔ می) بھلے آدمی، کلمۂ مخاطبت۔
مردار (مُر۔ دار) ناپاک، مردے کی لاش، لوتھ۔
مردار خور (مُر۔ دار۔ خور) مردار کھانے والا۔
مردار سنج، مردار سنگ (مُر۔ دار۔ سَنج، مُر۔ دار۔ سَنگ) مردہ سنگ
مردانگی (مَر۔ دا۔ نگی) بہادری۔

مردانہ (مَر۔ دا۔ نَہ) مرد کی مانند۔
مردانی (مَر۔ دا۔ نی) مردوں کی طرح عورت۔
مرد بچہ (مَرد۔ بچ۔ چَہ) بہادر، مرد کا بیٹا۔
مردد (مُرَدَّد) پھرانے والا (مُرَدِّد) پھرایا ہوا۔
مردک (مَر۔ دَک) حقیر آدمی، مرد کی تصغیر۔
مرد کار (مَرد۔ کار) سورما، بہادر، کام کا آدمی۔
مردم (مَر۔ دُم) آنکھ کی پتلی، آدمی، انسان۔
مردم آبی (مَر۔ دُم۔ آ۔ بی) جل مانس۔
مردم آزار (مَر۔ دُم۔ آ۔ زار) آدمیوں کو تکلیف دینے والا۔
مردم آزاری (مَر۔ دُم۔ آ۔ زا۔ ری) آدمیوں کو تکلیف دینا۔
مردم خیز (مَر۔ دُم۔ خیز) لائق آدمی پیدا کرنے والا۔
مردم خیزی (مَر۔ دُم۔ خے۔ زی) لائق آدمی پیدا کرنا۔
مردم داری (مَر۔ دُم۔ دا۔ ری) خوش اخلاقی۔
مردم زن (مَر۔ دُم۔ زَن) آدمی مارنے والا، جلاد۔
مردمک (مَر۔ دُ۔ مَک) آنکھ کی پتلی، پتلی کا تل۔
مردم گیا (مَر۔ دُم۔ گیا) ایک گھاس جس کو آدمی کی شکل سے تشبیہ دیتے ہیں۔
مردمی (مَر۔ دُ۔ می) بہادری، مروت، بردباری۔
مردن (مُر۔ دَن) مرنا جمع میرد۔
مردنی (مُر۔ دَ۔ نی) مرنے کے لائق، موت کی علامت۔
مردود (مَر۔ دُود) رد کیا ہوا۔
مردہ (مُر۔ دَہ) مرا ہوا جمع مُردگان (مَر۔ دَہ) بہادر آدمی۔ (مُرَ۔ دَّہ) تردید کیا ہوا
مردہ دل (مُر۔ دَہ۔ دِل) پژمردہ، جس کا دل مر چکا ہو۔
مردہ سنگ (مُر۔ دَہ۔ سَنگ) سیسہ کا میل، نام دوا۔
مردہ شو (مُر۔ دَہ۔ شُو) مردہ نہلانے والا یا نہلانے والی۔
مردی (مَر۔ دی) بہادری (مُر۔ دِی) ہلاک کرنے والا (مِر۔ دِی) چپو، ڈانڈ۔
مرز (مَرز) زمین، سرحد، قابل کاشت زمین۔
مرزا (مِر۔ زا) دیکھو میرزا جمع مِرزایان (مُر۔ زا) دیالو، سخی، خیرات کرنے والا۔

مرزاب (مِر۔زَاب) پرنالہ جمع مَرَازِیب۔
مرزائی (مِر۔زَا۔اِئی) سرداری، بھلمنسائی۔
مرزبان (مَر۔ز۔بَان) زمیندار یا سردار۔
مرزبوم (مَر۔ز۔بُوم) جائے پیدائش، جنم بھوم۔
مرزبہ (مَر۔زُبَہ) طریقہ، قاعدہ، حکومت (مِر۔زَبَہ) موگری۔
مرزغان (مَر۔ز۔غَان) دوزخ، آتشدان، آبستان۔
مرزن (مَر۔زَن) چوہا۔
مرزنجوش، مرزنگوش (مَر۔زَن۔جُوش، مَر۔زَن۔گُوش) ایک قسم کی خوشبودار گھاس جس کو شاعر زلف اور چہرے کے خط سے تشبیہ دیتے ہیں، دونا، موسا گنی۔
مرزہ (مَر۔زَہ) دیکھو مرزن۔
مرس (مَرَس) مرسہ کی جمع، طبیب، کحال، ستیا (مَر۔اس) طبیب، مشاق، ایک میوہ۔
مرسات (مَر۔سَات) لنگر جمع مَرَاسِی۔
مرشح (مَر۔شَح) تھیلا جمع مَرَاشِح۔
مرسل (مُر۔سَل) بھیجا ہوا، صاحب کتاب نبی جمع مُرسَلِین (مُر۔سِل) بھیجنے والا، چھوڑنے والا۔
مرسلہ (مُر۔سَلَہ) بھیجا ہوا، لٹکایا ہوا، لٹکا ہوا، ہار۔
مرسہ (مَر۔سَہ) رسہ، لنگر جمع مَرَس۔
مرسوم (مَر۔سُوم) سرکاری روزینہ یا ماہانہ، فرمان، رسم ڈالا ہوا، قاعدہ کیا ہوا، نشان کیا ہوا۔
مرشح (مُرَشْ۔شَح) سیراب، ٹپکا ہوا۔
مرشد (مُر۔شِد) ہدایت کرنے والا، سیدھی راہ بتلانے والا (مُر۔شَد) سیدھی راہ بتلایا ہوا (مَر۔شَد) سیدھی راہ جمع مَرَاشِد۔
مرشوش (مَر۔شُوش) چھڑکاؤ کیا ہوا، ٹپکا ہوا۔
مرصاع (مِر۔صَاع) لٹو۔
مرصد، مرصاد (مَر۔صَد، مِر۔صَاد) امیدگاہ، انتظار، گھات جمع مَرَاصِد۔
مرصع (مُرَصْ۔صَع) جواہر جڑا ہوا، موزوں الفاظ کی نظم یا نثر جس میں الفاظ نگینہ کی مثل جڑے ہوں۔

مرصود (مَر۔صُود) رصدگاہ سے جانچا ہوا، نگاہ ڈالا ہوا۔
مرصوص، مرصوصہ (مَر۔صُوص، مَر۔صُو۔صَہ) مضبوط کیا ہوا، رانگ پلایا ہوا۔
مرصوع (مَر۔صُوع) دیکھو مرصع۔
مرض (مَرَض) بیماری جمع اَمرَاض۔
مرضع (مَر۔ضَع) دودھ پینے کی جگہ، پستان، چھاتی جمع مَرَاضِع (مِر۔ضَع) دودھ پینے کا آلہ (مُر۔ضِع) دودھ پلائی، انا، دائی۔
مرضعہ (مُر۔ضِعَہ) دودھ پلائی، دائی جمع مَرَاضِع۔
مرضوض (مَر۔ضُوض) چکنا چور۔
مرضوم (مَر۔ضُوم) پتھر کی عمارت۔
مرضی (مَر۔ضِی، مَر۔ضِیّ) پسندیدگی، پسندیدہ (مَر۔ضَا) مریض کی جمع۔
مرط (مِرْط) اونی کمل جمع مُرُوط۔
مرطب (مُرَ۔طِّب) تر ہونے والی، نم (مُرَطْ۔طَب) تر کرنے والا (مُرَط۔طِب) تر کیا ہوا
مرطوب (مَر۔طُوب) تر، بھیگا ہوا، نمی پایا ہوا۔
مرطوبی (مَر۔طُو۔بِی) موٹا بھینس آدمی۔
مرعش (مُر۔عِش) ایک قسم کے کھیلدار کبوتر۔
مرعوب (مَر۔عُوب) رعب میں آیا ہوا، ڈرایا ہوا۔
مرعی (مَر۔عَا) چراگاہ، ہری گھاس جمع مَرَاعِی (مَر۔عِی) رعایت کیا ہوا۔
مرغ (مَرْغ) ہری دوب (مُرْغ) پرند، سورج جمع مُرغان (مَرَغ) تھوک، آب دہن۔
مرغا (مُر۔غَا) خروس۔
مرغابی (مُر۔غَا۔بِی) چھوٹی جنگلی بط۔
مرغان (مُر۔غَان) مرغ کی جمع۔
مرغان اولی اجنحہ (مُر۔غَان۔اُولِی۔اَج۔نِحَہ) بازوؤں والے پرندے یعنی فرشتے۔
مرغوب (مَر۔غُوب) رغبت دلایا ہوا۔
مرغباز (مُرغ۔باز) مرغے لڑانے کا شوقین۔

مرغبازی (مُر۔غ۔با۔زی) مرغے لڑانا۔
مرغزار (مَر۔غ۔زار) ہرا بھرا جنگل، ہری دوب کی جگہ۔
مرغِ زریں (مُر۔غِ۔زَر۔ریں) ایک سنہری جنگلی مرغا۔
مرغِ سبز قبا (مُر۔غِ۔سب۔ز۔قبا) ہر ایک جو ایک پرند ہے۔
مرغِ سلیمان (مُر۔غِ۔سُلَی۔مان) ہد ہد، کھٹ بڑھیا۔
مرغِ سحر (مُر۔غِ۔سَحَر) بلبل، مرغا۔
مرغِ عیسیٰ (مُر۔غِ۔عی۔سا) چمگادڑ۔
مرغک (مُر۔غک) چھوٹا سا مرغ، مرغ کی تصغیر۔
مرغِ نامہ بر (مُر۔غِ۔نا۔مہ۔بَر) ایک کبوتر یا ہد ہد۔
مرغوا (مر۔غوا) فال بد۔
مرغوب (مَر۔غوب) پسندیدہ، رغبت کیا ہوا۔
مرغول، مرغولہ (مَر۔غول، مَر۔غو۔لہ) دھوئیں کا چھلا، بالوں کا گھونگر، آواز کا اتار چڑھاؤ۔
مرغی (مُر۔غی) ماکیان۔
مرفا (مر۔فا) ڈھول، (مَر۔فا) بندرگاہ۔
مرفد (مر۔فد) بڑا پیالہ۔
مرفق (مِر۔فق) کہنی جمع مرافق (مَر۔فِق) وہ کام جس سے فائدہ حاصل ہو۔
مرفقہ (مِر۔فقہ) تکیہ۔
مرفو (مَر۔فو) رفو کیا ہوا۔
مرفوع (مَر۔فوع) اٹھایا ہوا، بلند کیا ہوا، پیش (ـُ) لگایا ہوا۔
مرفوع القلم (مَر۔فو۔عل۔قلم) ناقابل ذکر، لے محاسبہ۔
مرفہ (مُر۔فہ) آسودہ، خوش معاش۔
مرفہ الحال (مُرَف۔فہل۔حال) آسودہ حال۔
مرق (مَرَق) شوربا۔
مرقات، مرقاۃ (مِر۔قات) زینہ، سیڑھی جمع مراقی۔
مرقاق (مِر۔قاق) بیلن۔
مرقب (مَر۔قب) نگہبانی کی جگہ جمع مراقب۔
مرقت (مَر۔قت) شوربا، یخنی۔
مرقد (مَر۔قد) خوابگاہ، قبر۔

مرقع (مُرَق۔قع) البم، تصویروں کی کتاب، رنگ برنگ ٹکلیوں کی گدڑی۔
مرقوم (مَر۔قوم) لکھا ہوا، رقم کیا ہوا۔
مرکب (مُرَک۔کب) ترکیب دیا ہوا (مَر۔کب) سواری کی چیز جمع مراکب (مُرَک۔کِب) ترکیب دینے والا، دوات کی روشنائی۔
مرکز (مَر۔کز) دائرے کا درمیانی نقطہ، بیچوں بیچ، صدر مقام جمع مراکز۔
مرکن (مِر۔کن) تغار، لگن، کونڈا۔
مرکوب (مَر۔کوب) جوتا، سواری کیا ہوا۔
مرکوز (مَر۔کوز) منظور، جمایا ہوا، گڑا ہوا، مرکز کیا ہوا۔
مرگ (مَرگ) موت (مُرگ) ناک کی گاڑھی رینٹ۔
مرگا، مرگی (مَر۔گا۔مَر۔گی) مرگِ عام، وبا۔
مرگِ مفاجات (مَر۔گِ۔مفا۔جات) ناگہانی موت۔
مرگی (مِر۔گی) دبار (مر۔گی) صرع، ایک بیماری۔
مرمت (مَرَم۔مت) سدھار، سنوار، درستی۔
مرمد (مُر۔مَد) آنکھیں دکھا ہوا۔
مرمر (مَر۔مَر) ایک سفید چکنا پتھر، سنگ رخام۔
مرمریں (مَر۔مریں) سنگ مرمر کی مانند۔
مرمل (مِر۔مل) بیڑی، بند پا، پیکڑا۔
مرملہ (مُرَم۔ملہ) بالو کی دوات۔
مرموز (مَر۔موز) اشارہ کیا ہوا، رمز کیا ہوا۔
مرمیس (مِر۔میس) گینڈا۔
مرو (مَرو) ایک خوشبودار گھاس، نام شہر (روسی ترکستان)
مروا (مَر۔وا) نیک فالی، ایک گھاس۔
مروارید (مَر۔وا۔رید) موتی۔
مروب (مِر۔وب) دہی جمانے کا برتن۔
مروت (مُرُو۔وت) مردانگی، مردمی۔
مروج (مُرَو۔وج) رواج دیا ہوا چیز (مُرَو۔وِج) رواج دینے والا۔

مروح (مُرَوِّح) راحت بخش، مہکانے والا (مُرَوَّح) راحت دیا ہوا، مہکایا ہوا۔
مروحہ (مِرْوَحَہ) راحت کی چیز، پنکھا جمع مَرَاوِح۔ (مَرْوَحَہ) پنکھا جھلنے کی جگہ۔
مرود (مُرَوَّد) امرود جو ایک پھل ہے۔
مرور (مُرُوْر) گذرنا، چلا جانا۔
مروض (مُرَوِّض) ریاضت دینے والا (مُرَوَّض) ریاضت دیا ہوا (مَرُوْض) رام کیا ہوا، ریاضت دیا ہوا
مروع (مُرَوَّع) ڈرایا ہوا، نگرانی میں رکھا ہوا۔
مروق (مُرَوَّق) مصفا، صاف کی ہوئی چیز (مُرَوِّق) راج، رواق بنانے والا، چھتگیری لگانے والا (مِرْوَق) اشکنجے میں ڈالنا۔
مرول (مُرَوَّل) چپڑی ہوئی چیز۔
مروہ (مَرْوَہ) مکہ معظمہ کی ایک مذہبی اور تاریخی پہاڑی
مروی (مَرْوِیْ) روایت کیا ہوا۔
مرؤس (مَرْءُوْس) تابعدار، خادم، رعیت۔
مرہ (مَرَّۃ) ایک بار، ایک مرتبہ جمع مِرَار، مُرُوْر، مَرَّات (مِرَّہ) عقل، قوت، پِتّہ صفرا۔
مرہا (مَرْہَا) بے سرمہ کی آنکھ، عورت جو سرمہ نہ لگاتی ہو۔
مرہم (مَرْہَم) زخم کی دوا جمع مَرَاہِم۔
مرہمہ (مَرْہَمَہ) مرہم لگانا۔
مرہون (مَرْہُوْن) رہن کیا ہوا، گرو کیا ہوا۔
مرئی (مَرْئِیْ) دکھنیوالی چیز، دیکھا ہوا جمع مَرْئِیَّات۔
مری (مُرِیّ) غذا کی نالی، ہاضم گوارا (مُرْیِ) کاکنی، آبکامہ (مَرْی) گھوڑے کا طاپ مارنا۔
مریے (مُرِیْ) جلد کرتا، برابری کرنا۔
مریج (مَرِیْج) آمیختہ، ملاجلا۔
مریح (مَرِیْح) بے انتہا خوش۔
مریخ (مِرِّیْخ) منگل تارہ، بہرام۔
مرید (مُرِیْد) ارادت کرنیوالا، باطنی شاگرد جمع مُرِیْدِیْن (مَرِیْد) متمرد، سرکش، نافرمان۔

مریدی (مُرِیْدِیْ) باطنی شاگردی۔
مریر (مَرِیْر) بہادر، توانا، سخت بٹی ہوئی رسی۔
مریض (مَرِیْض) بیمار، روگی جمع مَرْضٰی، اَمْرَاض، مَرَاضٰی۔
مریع (مَرِیْع) ہری بھری چراگاہ۔
مز (مُزّ) کھٹ مٹھا، مزا، میخوش (مَزّ) افزونی، بڑھوتری (مَزّ) چوسنا۔
مزار (مُزَّار) شراب۔
مزاج (مِزَاج) عادت، خاصیت، کیفیت جمع اَمْزِجَہ
مزاجمت (مُزَاجَمَت) تنگی دکھانا۔
مزاح (مُزَاح) خوش طبعی، ہزل کیا ہوا (مُزَّاح) بڑا خوش طبعی کرنیوالا (مِزَاح) خوش طبعی کرنا۔
مزاحت (مُزَاحَت) (مُزَاح) خوش طبعی۔
مزاحف (مُزَاحَف) اصطلاح عروض میں اصلی رکن سے دو حرف گرجانا یا بڑھجانا جمع مُزَاحَفَات۔
مزاحم (مُزَاحِم) مزاحمت کرنے والا۔
مزاحمت (مُزَاحَمَت) کسی پر تنگی کرنا۔
مزاد (مُزَاد) نیلام، زیادہ کرنا۔
مزادہ (مَزَادَہ) توشہ دان جمع مَزَاد، مَزَایِد۔
مزار (مَزَار) زیارتگاہ، قبر جمع مَزَارَات۔
مزارت (مَزَارَت) سخت دلی۔
مزارع (مُزَارِع) کسان، کھیتی کرنیوالا جمع مُزَارِعِیْن
مزارعہ (مُزَارَعَہ) زمین جوتنے کو دینا۔
مزال (مَزَال) پھسلنے کی جگہ، لغزش۔
مزاہیر (مَزَاہِیْر) مزمار کی جمع۔
مزاوجت (مُزَاوَجَت) مناکحت، آس پاس کرنا۔
مزاولت (مُزَاوَلَت) مشق۔
مزاہمت (مُزَاہَمَت) نزدیک ہونا۔
مزایا (مَزَایَا) مزیت کی جمع۔
مزبر (مِزْبَر) لکھنے کا آلہ، قلم۔
مزبلہ (مَزْبَلَہ) گندگی ڈالنے کی جگہ جمع مَزَابِل۔

مزلور (مُزْ-لُوْر) لکھا ہوا۔
مزج (مَزْج) ملنا، ملانا۔
مزجات (مُزْ-جَاتْ) تھوڑا، بے اعتبار۔
مزخرف (مُزَخْ-رَفْ) جھوٹی بات سچی کرکے دکھائی ہوئی جمع مزخرفات۔
مزد (مُزْد) اجرت، مزدوری، اجر۔
مزدبر (مُزْد-بَرْ) مزدور۔
مزدحم (مُزْ-دَحَمْ) ازدحام کیا ہوا (مُزْ-دَحِمْ) ازدحام کرنیوالا۔
مزدلفہ (مُزْ-دَلِ-فَہ) مکہ معظمہ میں ایک جگہ کا نام۔
مزدوج (مُزْ-دَوَجْ) مثنوی، ہمنشین۔
مزدوجہ (مُزْ-دَوَجَہ) ہمقرین، ہمنشین، گھلا ملا ہوا۔
مزدور (مُزْ-دُوْر، مَزْ-دُوْر) مزدوری کرنے والا۔
مزدوری (مُزْ-دُوْ-رِی) اُجرت۔
مزدہ بر (مُزْ-دَہ-بَرْ) مزدور۔
مزر (مَزْر) چکھنا۔
مزرد (مُزَرَّد) زرہ پوش۔
مزرع، مزرعہ (مَزْ-رَعْ، مَزْ-رَعَہ) چراگاہ، کھیت، کھیتی کی جگہ۔
مزرقہ (مِزْ-رَقَہ) دوا کی پچکاری۔
مزروع، مزروعہ (مَزْ-رُوْع، مَزْ-رُوْعَہ) بوئی ہوئی چیز، جس چیز کی کھیتی کی جاوے۔
مزرع (مَزْرَع) تومنا (مزرع) چست رفتار۔
مزعاج (مِزْ-عَاج) عورت جو نچلی نہ بیٹھ سکتی ہو۔
مزعفر (مُزَعْ-فَرْ) زعفرانی، ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔
مزعوم، مزعومہ (مَزْ-عُوْم، مَزْ-عُوْمَہ) گمان کیا ہوا۔
مزغہ (مُزْ-غَہ) بوٹی، تکہ۔
مزق (مَزْق) پھاڑنا۔
مزقہ (مُزَقْ-قَہ) محافہ، ڈولا، پالکی، نالکی، پینس۔
مزکوم (مَزْ-کُوْم) جس کو زکام ہو۔
مزکی (مُزَکْ-کًا) پاک کیا ہوا، زکوٰۃ ادا کیا ہوا
(مُزَکْ-کِی) پاک کرنیوالا، زکوٰۃ دینے والا۔
مزکت (مَزْ-کَتْ) مسجد۔
مزلاج (مِزْ-لَاج) دروازہ بند کرنے کا آلہ۔
مزلت (مَزَلَّتْ) پھسلنے کی جگہ (مَزِلَّتْ) پھسلنا۔
مزلف (مُزَلْ-لَفْ) زلف والا محبوب (مَزْ-لَفْ) انبوہ کی جگہ جمع مزالف۔
مزلفہ (مُزْ-لَفَہ) نزدیک لایا ہوا، فراہم کیا ہوا۔
مزلق (مُزْ-لِقْ) پھسلانیوالا (مَزْ-لَقْ) پھسلنے کی جگہ جمع مزالق (مُزْ-لَقْ) پھسلایا ہوا۔
مزلقہ (مُزْ-لِقَہ) پھسلانے والی چیز۔
مزمار (مِزْ-مَار) بانسری، منھ کا باجا جمع مزامیر۔
مزہر (مِزْ-ہَر) بربط، باجا۔
مزمن (مُزْ-مِنْ) دیرینہ، کہنہ، اپاہج، لنگڑا، اعدی۔
مزن (مُزْن) مینھ، ابر، چٹا بادل۔
مزنہ (مُزْ-نَہ) ابر نیساں۔
مزواج (مِزْ-وَاج) وہ عورت جو بہت سے شوہر کرے۔
مزور (مُزَوْ-وِرْ) جھوٹا، مکرو فریب کرنیوالا، کسی چیز کو ٹھیک کرنیوالا (مُزَوْ-وَرْ) پرہیزی کھانا۔
مزہ (مَزَہ) لذت، سواد۔
مزی (مَزِی) مزیت۔
مزیب (مُزَیْ-یَبْ) زیب دیا ہوا (مُزَیْ-یِبْ) زیب دینے والا۔
مزیت (مَزِیْ-یَتْ) بڑھوتری، زیادتی، فضیلت جمع مزایا۔
مزید (مَزِیْد) زیادتی، بڑھوتری، زیادہ کیا ہوا۔
مزیدن (مَزِیْ-دَنْ) دیکھو مکیدن۔
مزیر (مَزِیْر) سخت، سخت دل۔
مزیل (مُزِیْل) نشان مٹانیوالا، دور کرنیوالا۔
مزین (مُزَیْ-یَنْ) زینت دیا ہوا، سنگھوارا ہوا (مُزَیْ-یِنْ) زینت دینے والا، نائی۔

مژدگانی (مُژ۔دگا۔نی) خوش خبری لانے والے کا انعام
مژدہ (مُژ۔دَہ) خوش خبری، بشارت۔
مژہ (مُژَہ) پلک جمع مژگان۔
مس (مَس) پکڑنا، ملنا، چھونا (مِس) تانبا۔
مسا (مَسا) شام۔
مسابعہ (مُسا۔بَعَہ) ہفتہ، ہفتہ وار کام کرنا۔
مسابقت (مُسا۔بَقَت) سبقت لے جانا۔
مساترت (مُسا۔تَرَت) پہنانا، چھپانا۔
مساجرت (مُسا۔جَرَت) دوستی رکھنا۔
مساجلت (مُسا۔جَلَت) برابری کرنا۔
مساح (مَس۔ساح) بڑا پیمائش کرنے والا۔
مساحت (مِسا۔حَت) پیمائش۔
مساحقہ (مُسا۔حَقَہ) چپٹی لڑانا۔
مساحلت (مُسا۔حَلَت) باہم ملکر ساحل پر جانا۔
مساحنہ (مُسا۔حَنَہ) باہم چین سے بسر کرنا۔
مسارعت (مُسا۔رَعَت) باہمی جلدی، جلد بازی۔
مسارقت (مُسا۔رَقَت) باہمی چوری، انکھیوں سے دیکھنا۔
مساس (مَساس) ہاتھ سے مسلنا، جماع کرنا۔
مساعات (مُسا۔عات) جلدی ساتھ جانا۔
مساعد (مُسا۔عِد) موافق، مددگار۔
مساعدت، مساعدہ (مُسا۔عَدَت، مُسا۔عَدَہ) مدد کرنا۔
مساعی (مَسا۔عی) مسعات کی جمع۔
مسانغ (مَسانغ) کسی چیز کی روانی کی جگہ۔
مسافت (مَسا۔فَت) دوری، بیابان جمع مسافات۔
مسافح (مُسا۔فِح) زناکار۔
مسافحت، مسافحہ (مُسا۔فَحَت، مُسا۔فَحَہ) زناکاری
مسافر (مُسا۔فِر) سفر کرنے والا۔
مسافرت (مُسا۔فَرَت) سفر کرنا۔
مسافعہ (مُسا۔فَعَہ) آپس میں کھینچنا اور پکڑنا۔
مساق (مَساق) ہانکنے کی جگہ۔
مساکن (مَسا۔کِن) مسکن کی جمع۔

مساکین (مَسا۔کین) مسکین کی جمع۔
مسالت (مَس۔اَلَت) پوچھنا، سوال کرنا۔
مسالک (مَسا۔لِک) مسلک کی جمع۔
مسالمت (مُسا۔لَمَت) ملاپ، آشتی۔
مسام (مَسام، مُسام) مسم کی جمع۔
مسامات (مَسا۔مات، مَسام۔مات) مسم کی جمع الجمع
مسامح (مُسا۔مِح) صلح کرنے والا۔
مسامحت (مُسا۔مَحَت) جوانمردی، دوستی، صلح، آشتی
مسامرت (مُسا۔مَرَت) داستان گوئی۔
مسامیر (مَسا۔میر) مسمار کی جمع، چہرے کا مہاسہ
مساند (مَسا۔نِد) مسند کی جمع۔
مساندت (مُسا۔نَدَت) شعر میں مختلف قافیے لانا۔
مسانید (مَسا۔نید) مسند کی جمع۔
مسانہہ (مُسا۔نَہَہ) سالیانہ، سالانہ۔
مساوات (مُسا۔وات) برابری۔
مساودہ (مُسا۔وَدَہ) بھید بتلانا، لڑائی میں مقابلہ کر
مساوکت (مُسا۔وَکَت) مسواک کرنا۔
مساوی (مُسا۔وی) برابر (مَسا۔وی) مساوۃ کی جمع۔
مساویک (مَسا۔ویک) مسواک کی جمع۔
مساہرت (مُسا۔ہَرَت) بیداری، باہم جاگنا۔
مساہلت (مُسا۔ہَلَت) سستی، ڈھیل، آسان جاننا، سہل سمجھ
مساہم (مُسا۔ہِم) شریک، سہیم، حصہ دار۔
مساہمت (مُسا۔ہَمَت) شرکت، قرعہ اندازی۔
مسائل (مَسا۔اِل) مسئلہ کی جمع۔
مسایرت (مُسا۔یَرَت) برابری۔
مسایلت (مُسا۔یَلَت) سوال پوچھنا۔
مسبب (مُسَب۔بِب) سبب کیا ہوا (مُسَبْ۔بَب) سبب قایم کرنے والا۔
مسبب الاسباب (مُسَب۔بِب۔اُل۔اَس۔باب) سببوں کا سبب پیدا کرنے والا، اللہ تعالی۔
مسبّح (مُسَب۔بِح) تسبیح کرنے والا۔

مسبحہ (مُسَبْ بِحَہ) شہادت کی انگلی، سبابہ۔
مسبع (مُسَبْ بَع) سات پہلو والی چیز، سات حصہ کیا ہوا، وہ نظم جس کے ہر بند میں سات مصرعے ہوں۔
مسبلہ (مُسَبْ بَلَہ) گور غریباں۔
مسبوت (مَس۔ بُوت) بیماری سے بیہوش یا مردہ۔
مسبوق (مَس۔ بُوق) گذشتہ، جس پر کوئی چیز سابق ہو۔
مست (مَسْت) متوالا، گھاس، متوالا (مُس۔ ت) غم و اندوہ، کلمہ شکوہ۔
مستاجر (مُس۔ تَاْ۔ جِر) ٹھیکہ دار، اجارہ لینے والا جمع مستاجرین (مُس۔ تَاْ۔ جَر) ٹھیکہ لیا ہوا۔
مستاس (مُس۔ تَا۔ س) عوض چاہا ہوا۔
مستاصل (مُس۔ تَا۔ صِل) جڑ سے اکھیڑنے والا (مُس۔ تَا۔ صَل) جڑ سے اکھاڑا ہوا۔
مستانس (مُس۔ تَا۔ نِس) خوگر، عادی، عادت اختیار کرنے والا۔
مستانف (مُس۔ تَا۔ نِف) اپیل کرنے والا۔
مستانفہ (مُس۔ تَا۔ نَفَہ) اپیل کرنا۔
مستانہ (مَس۔ تَا۔ نَہ) مست سے منسوب، مست۔
مستانی (مَس۔ تَا۔ نی) مست عورت۔
مستاہل (مُس۔ تَا۔ ہِل) سزاوار، لائق۔
مستبد (مُس۔ تَبِد) کسی کام کو تنہا کرنیوالا، جمع مستبدین۔
مستبدل (مُس۔ تَبْ۔ دِل) بدل چاہنے والا (مُس۔ تَبْ۔ دَل) بدل چاہا ہوا۔
مستبشر (مُس۔ تَبْ۔ شِر) خوش ہونیوالا، مژدہ چاہنے والا۔
مستبصر (مُس۔ تَبْ۔ صِر) بینا دل والا، جسکا دل بینا ہو۔
مستبعد (مُس۔ تَبْ۔ عِد) دوری ڈھونڈھنیوالا (مُس۔ تَبْ۔ عَد) دور، دشوار، دور کیا ہوا، دوری ڈھونڈا ہوا۔
مستبین (مُس۔ تَبِین) واضح، ظاہر، آشکارا۔
مستتبع (مُس۔ تَت۔ بِع) پیروی کرنیوالا (مُس۔ تَتْ۔ بَع) پیروی کیا ہوا۔
مستتر (مُس۔ تَتِر) پوشیدہ، پنہاں ہونے والا۔
مستتم (مُس۔ تَتِم) تمام، تمامی کی طلب کرنیوالا۔
مستثنیٰ (مُس۔ تَثْ۔ نا) استثنا کیا ہوا، باہر کیا ہوا، خاص کیا ہوا، الگ کیا ہوا، ممتاز کیا ہوا۔
مستجاب (مُس۔ تَجَاب) جواب دیا ہوا، قبول کیا ہوا۔
مستجار (مُس۔ تَجَار) جس سے امان مانگی جاوے۔
مستجب (مُس۔ تَجَب) دوست رکھا ہوا، چنا ہوا (مُس۔ تَجِب) چننے والا، دوست رکھنے والا۔
مستجمع (مُس۔ تَجْ۔ مِع) جمع کرنے والا (مُس۔ تَجْ۔ مَع) جمع کیا ہوا۔
مستجیب (مُس۔ تَجِیب) دعا قبول کرنے والا۔
مستجیر (مُس۔ تَجِیر) پناہ ڈھونڈھنے والا، امان چاہنے والا۔
مستحاضہ (مُس۔ تَحَا۔ ضَہ) جسکو حیض زیادہ آتا ہو۔
مستحب (مُس۔ تَحَب) اچھا جانا ہوا، وہ عبادت جس کا ادا کرنا بہتر ہو جمع مستحبات۔
مستحث (مُس۔ تَحِث) اٹھانے والا (مُس۔ تَحَث) اٹھایا ہوا۔
مستحدث (مُس۔ تَحْ۔ دَث) نئی چیز پیدا کی ہوئی (مُس۔ تَحْ۔ دِث) نئی چیز پیدا کرنے والا۔
مستحسن (مُس۔ تَحْ۔ سِن) نیک شمار کرنیوالا (مُس۔ تَحْ۔ سَن) نیک شمار کیا ہوا۔
مستحضر (مُس۔ تَحْ۔ ضَر) یاد رکھا ہوا (مُس۔ تَحْ۔ ضِر) یاد رکھنے والا۔
مستحفظ (مُس۔ تَحْ۔ فِظ) نگرانی رکھنے والا (مُس۔ تَحْ۔ فَظ) آرزو، نگرانی رکھا ہوا۔
مستحق (مُس۔ تَحِق) حقدار (مُس۔ تَحَق) حقدار کیا ہوا۔
مستحکم (مُس۔ تَحْ۔ کَم) مضبوط۔
مستحلف (مُس۔ تَحْ۔ لِف) حلف چاہنے والا (مُس۔ تَحْ۔ لَف) حلف چاہا ہوا۔
مستحیف (مُس۔ تَحِیف) ستم کرنے والا۔

مستحیل (مُس۔ تَحِیل) محال، ناممکن، حیلہ باز۔
مستخبر (مُس۔ تَخْ۔ بِر) خبر ڈھونڈھنے والا (مُس۔ تَخْ۔ بَر) خبر ڈھونڈا ہوا۔
مستخدم (مُس۔ تَخْ۔ دِم) خدمت چاہنے والا (مُس۔ تَخْ۔ دَم) خدمت چاہا ہوا، نوکر۔
مستخرج (مُس۔ تَخْ۔ رِج) اپنے میں سے باہر لانیوالا (مُس۔ تَخْ۔ رَج) اپنے میں سے باہر لایا ہوا۔
مستخلص (مُس۔ تَخْ۔ لِص) آزادی ڈھونڈھنے والا، خالص کرنیوالا (مُس۔ تَخْ۔ لَص) آزادی ڈھونڈا ہوا، خالص کیا ہوا۔
مستخلف (مُس۔ تَخْ۔ لِف) جانشین بنانیوالا (مُس۔ تَخْ۔ لَف) جانشین بنایا ہوا۔
مستخیف (مُس۔ تَخِیف) ڈراونا، خوفناک۔
مستدام (مُس۔ تَدَام) ہمیشہ، ہمیشگی چاہنے والا۔
مستدعی (مُس۔ تَدْ۔ عِی) خواہشمند، استدعا کرنیوالا۔
مستدل (مُس۔ تَدِل) دلیل چاہنے والا۔
مستدیر (مُس۔ تَدِیر) گول، مدور، دائرے دار۔
مستذل (مُس۔ تَذَل) خوار، ذلیل رکھا ہوا۔
مستر (مُسْ۔ تَر) پوشیدہ کیا ہوا (مُسْ۔ تِر) پوشیدہ کرنیوالا (مِسْ۔ ٹَر) مسٹر یعنی انگریزی کلمہ خطاب۔
مستراح (مُس۔ تَرَاح) فراغت کی جگہ، پاخانہ۔
مسترخی (مُس۔ تَرْ۔ خِی) سست، ڈھیلا، لٹکنے والا۔
مسترد (مُس۔ تَرَدّ) لوٹایا ہوا، واپس کیا ہوا۔
مسترشد (مُس۔ تَرْ۔ شِد) ہدایت چاہنے والا، مرید۔
مسترضی (مُس۔ تَرْ۔ ضِی) خوشنودی چاہنے والا، رضا جو (مُس۔ تَرْ۔ ضَا) خوشنودی چاہا ہوا، رضامند۔
مسترق (مُس۔ تَرِق) چرایا ہوا (مُس۔ تَرَق) قید کیا ہوا، غلامی میں لایا ہوا۔
مستروح (مُس۔ تَرْ۔ وِح) آسودہ ہونیوالا، بو لینے والا (مُس۔ تَرْ۔ وَح) آسودہ ہونیکی جگہ۔
مستزاد (مُس۔ تَزَاد) زیادہ کیا ہوا، اصطلاح شاعری میں ہر مصرع کے بعد ایک زائد کلمہ۔
مستسعد (مُس۔ تَسْ۔ عِد) مدد چاہنے والا، سعادت ڈھونڈھنے والا (مُس۔ تَسْ۔ عَد) مدد چاہا ہوا، سعادت ڈھونڈا ہوا۔
مستسقی (مُس۔ تَسْ۔ قِی) مرض جلندر کا بیمار۔
مستشار (مُس۔ تَشَار) جس سے صلاح مشورہ کیا جاوے۔
مستشرق (مُس۔ تَشْ۔ رِق) وہ فرنگی جو مشرقی زبان یا علوم کا ماہر ہو جمع **مستشرقین**۔
مستشرق (مُس۔ تَشْ۔ رِق) روشنی چاہنے والا (مُس۔ تَشْ۔ رَق) روشنی چاہا ہوا۔
مستشعر (مُس۔ تَشْ۔ عِر) دل میں پوشیدہ ڈر رکھنیوالا۔
مستشفی (مُس۔ تَشْ۔ فَا) ہسپتال، شفاخانہ۔
مستشم (مُس۔ تَشْ۔ شِم) سر نگھنے والا۔
مستشہد (مُس۔ تَشْ۔ ہِد) گواہی چاہنے والا۔
مستشیر (مُس۔ تَشِیر) مشورہ کرنے والا۔
مستصحب (مُس۔ تَصْ۔ حِب) صحبت چاہنے والا۔
مستضیی (مُس۔ تَضِی) روشنی پکڑنے والا، روشنی چاہنے والا۔
مستطاب (مُس۔ تَطَاب) اچھا، عمدہ، پاک، لذیذ۔
مستطاع (مُس۔ تَطَاع) فرماں بردار، مطیع۔
مستطیع (مُس۔ تَطِیع) استطاعت والا، جس میں سکت ہو، صاحب قدرت۔
مستطیل (مُس۔ تَطِیل) لمبے جسم والی چیز، وہ شکل جس کی لمبائی چوڑائی برابر نہ ہو
[شکل مستطیل]
مستظہر (مُس۔ تَظْ۔ ہِر) مدد چاہنے والا، پشت پناہ ہونیوالا (مُس۔ تَظْ۔ ہَر) مدد چاہا ہوا۔
مستعاد (مُس۔ تَعَاد) نقل لیا ہوا، کہی ہوئی بات۔
مستعار (مُس۔ تَعَار) عاریت مانگی ہوئی چیز۔
مستعان (مُس۔ تَعَان) جس سے مدد مانگی جاوے۔
مستعجل (مُس۔ تَعْ۔ جِل) دوڑنے والا، جلد باز، اُتاولا (مُس۔ تَعْ۔ جَل) جلدی کیا ہوا۔
مستعد (مُس۔ تَعِد) آمادہ، تیار۔
مستعذب (مُس۔ تَعْ۔ ذِب) شیریں، میٹھا کیا ہوا۔

مستعذر (مُس۔ تَع۔ ذِر) عذر چاہنے والا (مُس۔ تَع۔ ذَر) عذر چاہا ہوا۔
مستعصی (مُس۔ تَع۔ صِی) باغی، ضدّی، خطا کار۔
مستعطف (مُس۔ تَع۔ طِف) مہربانی چاہنے والا۔
مستعفی (مُس۔ تَع۔ فِی) استعفا دینے والا۔
مستعلن (مُس۔ تَع۔ لِن) آشکارا کرنے والا۔
مستعمر (مُس۔ تَع۔ مَر) کالونی، نوآبادی، آبادی چاہا ہوا جمع مستعمرات (مُس۔ تَع۔ مِر) آبادی چاہنے والا، نوآبادکار جمع مستعمرین۔
مستعمرہ (مُس۔ تَع۔ مَرَہ) نوآبادی۔
مستعمل (مُس۔ تَع۔ مَل) استعمال میں لایا ہوا۔
مستعیر (مُس۔ تَعِیر) عاریت مانگنے والا۔
مستعین (مُس۔ تَعِین) مدد چاہنے والا۔
مستغاث (مُس۔ تَغَاث) جس سے انصاف چاہیں۔
مستغاثی (مُس۔ تَغَا۔ ثِی) دادخواہ، استغاثہ کرنیوالا۔
مستغرق (مُس۔ تَغ۔ رِق) غرق ہونیوالا، کام میں پوری طاقت سے لگ جانیوالا (مُس۔ تَغ۔ رَق) غرق کیا ہوا، کام میں لگا ہوا۔
مستغفر (مُس۔ تَغ۔ فِر) بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَغ۔ فَر) بخشش چاہا ہوا۔
مستغنی (مُس۔ تَغ۔ نِی) بے پروا، دولتمند۔
مستغیث (مُس۔ تَغِیث) فریادی، استغاثہ کرنیوالا۔
مستفاد (مُس۔ تَفَاد) فائدہ چاہا ہوا، حاصل فائدہ۔
مستفاض (مُس۔ تَفَاض) فیض چاہا ہوا۔
مستفسر (مُس۔ تَف۔ سِر) پوچھنے والا (مُس۔ تَف۔ سَر) پوچھا ہوا۔
مستفید (مُس۔ تَفِید) فائدہ چاہنے والا۔
مستفیض (مُس۔ تَفِیض) فیض چاہنے والا، خیر چاہنے والا۔
مستقبح (مُس۔ تَق۔ بِح) خراب، بُرا۔
مستقبل (مُس۔ تَق۔ بِل) آئندہ زمانہ، آگے آنیوالا (مُس۔ تَق۔ بَل) پورے رخ کی تصویر جس میں دونوں آنکھیں نظر آئیں، سامنے آیا ہوا۔
مستقر (مُس۔ تَقَر) ٹھہرنے کی جگہ، جائے قرار۔
مستقص (مُس۔ تَقِص) خون کا چاہنے والا۔
مستقل (مُس۔ تَقِل) مضبوط، مستحکم، استقلال والا۔
مستقلی (مُس۔ تَق۔ لِی) مضبوطی، استحکام۔
مستقیم (مُس۔ تَقِیم) راست، سیدھا، جو چیز سیدھی کھڑی ہوئی ہو۔
مستکبر (مُس۔ تَک۔ بِر) متکبر، مغرور، گھمنڈی۔
مستکرم (مُس۔ تَک۔ رِم) بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَک۔ رَم) بخشش چاہا ہوا۔
مستکرہ (مُس۔ تَک۔ رِہ) مکروہ، ناخوش، کسی چیز کو بُرا جاننے والا۔
مستکفی (مُس۔ تَک۔ فِی) ہر چیز میں کفایت چاہنے والا۔
مست گذارہ (مَس۔ ت۔ گُذا۔ رَہ) جس کی مستی حد سے گذر گئی ہو۔
مستلذ (مُس۔ تَلِذ) لذت لینے والا، مزہ پانے والا (مُس۔ تَلَذ) لذت پایا ہوا، وہ چیز جس سے لذت حاصل کی جاوے۔
مستلزم (مُس۔ تَل۔ زِم) لازم پکڑنیوالا (مُس۔ تَل۔ زَم) لازم پکڑا ہوا۔
مستلقی (مُس۔ تَل۔ قِی) چت لیٹنے والا، ستاں۔
مستمال (مُس۔ تَمَال) مائل، رجوع کیا ہوا۔
مستمد (مُس۔ تَمِد) مدد چاہنے والا۔
مستمر، مستمرہ (مُس۔ تَمِر، مُس۔ تَمِر۔ رَہ) رواں، مضبوط، ہمیشہ۔
مستمسک (مُس۔ تَم۔ سِک) چنگل مارنیوالا (مُس۔ تَم۔ سَک) چنگل مارا ہوا، جھپٹا مارا ہوا۔
مستمع (مُس۔ تَمِع) سننے والا (مُس۔ تَمَع) سنا ہوا۔
مستملح (مُس۔ تَم۔ لِح) نمکین۔
مستملک (مُس۔ تَم۔ لَک) نوآبادی جمع مستملکات۔
مستمند (مُس۔ تَمَند) حاجتمند، رنجیدہ، غمگین۔

مستنبط (مُس۔ تَم۔ بِط) نکالنے والا (مُس۔ تَم۔ بَط) نکالی ہوئی چیز، باہر نکالنے کی جگہ۔
مستند (مُس۔ تَن۔ نَد) پشت پناہ، سہارا ٹیکنے کی جگہ (مُس۔ تَن۔ نِد) پیٹھ کا سہارا ٹیکنے والا، پناہ ڈھونڈھنے والا۔
مستنصر (مُس۔ تَن۔ صِر) مدد مانگنے والا (مُس۔ تَن۔ صَر) مدد مانگا ہوا۔
مستنکر (مُس۔ تَن۔ کَر) خراب، برا۔
مستنیر (مُس۔ تَنیر) روشن، روشنی چاہنے والا۔
مستوثق (مُس۔ تَو۔ ثِق) مضبوط، مضبوطی حاصل کرنیوالا۔
مستوجب (مُس۔ تَو۔ جِب) سزاوار، لائق۔
مستوحش (مُس۔ تَو۔ حِش) وحشت چاہنے والا۔
مستودع (مُس۔ تَو۔ دَع) امانت رکھی ہوئی چیز، امانت گاہ، مخزن (مُس۔ تَو۔ دِع) امانت کی نگرانی کرنیوالا۔
مستور (مَس۔ تُور) چھپایا ہوا، پوشیدہ۔
مستورات (مَس۔ تُو۔ رات) مستور کی جمع، پردہ والی بی بیاں، مخدرات، مقصورات۔
مستورہ (مَس۔ تُو۔ رَہ) چھپی ہوئی چیز۔
مستوری (مَس۔ تُو۔ ری) پوشیدگی، چھپاوٹ۔
مستوسع (مُس۔ تَو۔ سِع) فراخ، کشادہ۔
مستوفا (مُس۔ تَو۔ فا) تمام لیا ہوا
مستوفی (مُس۔ تَو۔ فی) آڈیٹر، سردفتر، محاسب افسر (مُس۔ تَو۔ فا) دیکھو مستوفا۔
مستوقد (مُس۔ تَو۔ قِد) آگ بھڑکانے والا (مُس۔ تَو۔ قَد) آگ بھڑکایا ہوا۔
مستول (مَس۔ تُول) جہاز کی لمبی چوب۔
مستولی (مُس۔ تَو۔ لی) غلبہ کرنیوالا، قابو پانیوالا، چھایا ہوا۔
مستوہب (مُس۔ تَو۔ ہِب) ہبہ طلب کرنیوالا، بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَو۔ ہَب) ہبہ طلب کیا ہوا۔
مستوی (مُس۔ تَوی) ہموار، برابر۔
مستہ (مُس۔ تہ) شکاری پرند کی خوراک (مَس۔ تِہ) مست لڑکا۔
مستہام (مُس۔ تَہام) سرگشتہ، حیران۔

مستہان (مُس۔ تَہان) ذلیل، خوار، اوچھا، نظروں میں ہلکا۔
مستہجن (مُس۔ تَہ۔ جَن) مکروہ، خراب، عیبی۔
مستہزی (مُس۔ تَہ۔ زِی) مسخرہ، دل لگی باز، ٹھٹھول۔
مستہل (مُس۔ تَہِل) نیا چاند دیکھنے والا، دھواں دھار برسنے والا مینہہ۔
مستہلک (مُس۔ تَہ۔ لِک) نیست کرنے والا (مُس۔ تَہ۔ لَک) نیست کیا ہوا۔
مستی (مَس۔ تی) متوالاپن، نشہ، جوش نفس۔
مستیسر (مُس۔ تَی۔ سِر) آمادہ ہونے والا۔
مستیقظ (مُس۔ تَی۔ قِظ) بیدار، جاگتا ہوا، نگہبانی کرنے والا۔
مسجد (مَس۔ جِد) مسلمانوں کی عبادت گاہ، سجدہ کرنے کی جگہ جمع مَسَاجِد پیشانی۔
مسجد اقصیٰ (مَس۔ جِد۔ اَق۔ صا) بیت المقدس کی ایک مسجد کا نام جسکو مسجد عمرؓ بھی کہتے ہیں۔
مسجع (مُسَجِّع) سجع کہنے والا (مُسَجَّع) سجع کہا ہوا۔
مسجل (مُسَجِّل) آراستہ، درست، رجسٹری کیا ہوا، جج کا تصدیق کیا ہوا کاغذ (مُسَجِّل) تصدیق کرنے والا جج، تصدیق کرنے والی عدالت۔
مسجود (مَس۔ جُود) سجدہ کیا ہوا۔
مسجور (مَس۔ جُور) مالا مال، بھرا ہوا۔
مسجون (مَس۔ جُون) قیدی، قید رکھا ہوا۔
مسحہ (مِسحَہ) کرنی، کھرالہ۔
مسح (مَسح) ہاتھ پھیرنا، ہاتھ سے ملنا (مِسح) ٹاٹ جمع اَمْسَاح، مُسُوح۔
مسحات (مِس۔ حات) بیلچہ، پھاوڑا، کدال، کھرپا۔
مسحل (مِس۔ حَل) گورخر، ریتی، سوہان۔
مسحوق (مَس۔ حُوق) گھسا ہوا، رگڑا ہوا، پسا ہوا۔
مسخ (مَسخ) اچھی سے بگڑ کر بری صورت، بے مزگی، بے لطفی۔

مسخر (مُسَخَّر، خَرْ) تسخیر کیا ہوا، تابع کیا ہوا (مُسَخِّر، خِرْ) تسخیر کرنیوالا، تابع کرنیوالا۔
مسخرگی (مَسْ۔خَرَگِی) دل لگی، ٹھٹھول۔
مسخرہ (مَسْ۔خَرَہْ) بھانڈ، ہنسوڑ۔
مسخن (مُسَخِّنْ، خِنْ) گرم کرنیوالا (مُسَخَّنْ، خَنْ) گرم کیا ہوا۔
مسخنات (مُسَخِّ، خِنَاتْ) گرم کرنیوالی چیزیں۔
مسخوط (مَسْ۔خُوْط) غصہ کیا ہوا۔
مسدس (مُسَدَّسْ، دَسْ) چھ پہلو والی چیز، ایک بند میں چھ مصرعوں والی نظم، چھ فیر کا تپنچہ۔
مسدود (مَسْ۔دُوْد) بند کیا ہوا، رکا ہوا۔
مسمر (مُسَمَّرْ) وہ آسمانی برف جو چمکیلی شیشے کے ہو جاوے۔
مسرت (مَسَرَّ، رَتْ) خوشی، فرحت۔
مسرجہ (مَسْ۔رَجَہْ) چراغدان۔
مسرح (مِسْ۔رَحْ) کنگھی۔
مسرد (مِسْ۔رَدْ) سُتالی۔
مسریع (مُسْ۔رِعْ) جلد کرنیوالا، تیز رفتار قاصد۔
مسرف (مُسْ۔رِفْ) فضول خرچ، فضول خرچی کرنیوالا
مسرور (مَسْ۔رُوْر) خوش۔
مسروری (مَسْ۔رُوْ۔رِیْ) دو حرفی لفظ۔
مسروق (مَسْ۔رُوْق) چُرایا ہوا۔
مسطار (مِسْ۔طَارْ) سطر جمع مَسَاطِیْر۔
مسطبہ (مَسْ۔طَبَہْ) دیکھو مصطبہ۔
مسطح (مُسَطَّ، طَحْ) ہموار پھیلا ہوا (مِسْ۔طَحْ) بیلن۔
مسطر (مِسْ۔طَرْ) سطریں درست کرنیکا آلہ جمع مَسَاطِر (مَسْ۔طَرْ) سطروں کی جگہ جمع مَسَاطِیْر (مُسَطِّرْ) سطریں بنانیوالا (مُسَطَّ، طَرْ) سطریں بنایا ہوا۔
مسطور (مَسْ۔طُوْر) لکھا ہوا، سطر بندی کیا ہوا۔
مسمع (مُسَ، مَعْ) شمالی ہوا۔
مسعات (مَسْ۔عَاتْ) کوشش جمع مَسَاعِیْ۔
مسعد (مُسْ۔عِدْ) خوش کرنیوالا، نیکبخت کرنیوالا (مُسْ۔عَدْ) خوش، نیکبخت کیا ہوا۔

مسعط (مُسْ۔عُطْ) ناس دان، ہلاس کا برتن۔
مسعف (مُسْ۔عِفْ) حاجت روا کرنیوالا (مُسْ۔عَفْ) حاجت روا کیا ہوا۔
مسعود (مَسْ۔عُوْد) نیکبخت، سعادت کیا ہوا۔
مسغبہ (مَسْ۔غَبَہْ) بھوک، گشنگی۔
مسفر (مُسْ۔فِرْ) روشن، سفید۔
مسفن (مِسْ۔فَنْ) رندہ، بزدنے کا آلہ۔
مسقط (مَسْ۔قَطْ) گرنے کی جگہ جمع مَسَاقِطْ، نام شہر عمان (مُسْ۔قِطْ) کلام میں غلطی کرنے والا۔
مسقط الراس (مَسْ۔قَطُ رَّاسْ) پیدائش کی جگہ، وطن، سر کے بل گرنے کی جگہ۔
مسقی (مَسْ۔قِیْ) سینچا ہوا۔
مسک (مِسْ، کْ) مشک، کستوری (مَسْ، کْ) پوست، کھال، ہاتھی دانت کی چوڑی۔
مسکا (مُسْکْ، کَا) منہ چھینکا، منہ پر باندھنے کا چھینکا۔
مسکان (مَسْ۔کَانْ) بیعانہ، سائی۔
مسکت (مُسْ۔کِتْ) چپ کرنے والا۔
مسکر (مُسْ۔کِرْ) نشیلی چیز جمع مُسْکِرَاتْ۔
مسکن (مَسْ۔کَنْ) سکونت کی جگہ، گھر جمع مَسَاکِنْ (مُسَکِّنْ، کِنْ) تسکین دینے والا (مُسَکَّنْ، کَنْ) تسکین دیا ہوا (مُسْ۔کِنْ) آرام دینے والا (مُسْ۔کَنْ) آرام دیا ہوا۔
مسکنت (مَسْ۔کَنَتْ) انکساری، عاجزی۔
مسکوب (مَسْ۔کُوْب) زمین پر پانی چھوڑا ہوا (مَسْ۔کُوْ، بْ) روسی حکومت، گورنمنٹ روس (مشرقی یورپ)
مسکوک (مَسْ۔کُوْک) ٹھپہ لگایا ہوا، سکہ کیا ہوا۔
مسکون، مسکونہ (مَسْ۔کُوْنْ، مَسْ۔کُوْ۔نَہْ) آبادشدہ، جس میں رہائش ہو۔
مسکہ (مَسْ۔کَہْ) مکھن۔
مسکین (مِسْ۔کِیْنْ) بالکل بے قوت، کنگالی سے بدحال جمع مَسَاکِیْنْ۔
مسکینی (مِسْ۔کِیْ۔نِیْ) کنگالی سے بدحالی۔

مسکینت (مس۔ کِی۔ نِی۔ یَت) غریب پن، تنگ حالی۔
مسگر (مس۔ گَر) ٹھٹھیرا، تانبے کا کام کرنے والا۔
مسلاخ (مس۔ لاخ) کینچلی جو سانپ ڈالتا ہے۔
مسلح (مُسَل۔ لِح) صاحب سلاح، ہتھیار والا۔
(مُسَل۔ لَح) جو ہتھیار بند ہو، ہتھیار بندھا ہوا۔
مسلحہ (مس۔ لَحَہ) ہتھیار بند۔
مسلخ (مس۔ لَخ) کھال کھینچنے کی جگہ، کیلہ جمع مَسَالِخ۔
مسلسل (مُسَل۔ سَل) لگاتار، سلسلہ وار، زنجیر بند۔
مسلط (مُسَل۔ لِط) غالب، فاتح، کسی کو کسی پر مقرر
کرنیوالا (مُسَل۔ لَط) جس پر کسی کو مقرر کریں،
مغلوب، مفتوح، تسلط حاصل کیا ہوا۔
مسلعت (مُس۔ لِعت) پینتالیس برس کی عورت،
بدھنی باندھنے والا، بھاؤ باندھ کر سودا کرنے والا۔
مسلقہ (مِس۔ لَقَہ) سہاگا، بٹیلا، سہرا، گر۔
مسلک (مَس۔ لَک) طریقہ، راستہ جمع مَسَالِک۔
مسلل (مُس۔ سِل) سل کی بیماری پیدا کرنیوالا،
رشوت دینے والا، چوری کرنیوالا، تلوار کھینچنے والا۔
مسلم (مُس۔ لِم) مسلمان، طاعت میں گردن
رکھنے والا جمع مُسلِمِین (مُسَل۔ لَم) تسلیم کیا ہوا
(مُسَل۔ لِم) تسلیم کرنے والا۔
مسلمان (مُسَل۔ مان) مسلم، مذہب اسلام کا پیرو
جمع مُسلمانان۔
مسلمانی (مُسَل۔ ما۔ نِی) مسلمان پن، مسلمان ہونا۔
مسلمہ (مُس۔ لِمَہ) مسلمان عورت (مُسَل۔ لَمَہ) تسلیم کیا ہوا
مسلوب (مَس۔ لُوب) لے جایا ہوا، سلب کیا ہوا۔
مسلوخ (مَس۔ لُوخ) کھال کھینچا ہوا۔
مسلوک (مَس۔ لُوک) سلوک کیا ہوا، گیا ہوا،
آمد و رفت کیا ہوا۔
مسلول (مَس۔ لُول) مرض سل کا بیمار، سُوتا ہوا،
کھینچا ہوا۔
مسلہ (مَس۔ ئَلہ) دیکھو مسئلہ۔

مسلی (مُسَل۔ لِی) تسلی دینیوالا (مُسَل۔ لَی) ایک درد کا نام
مسم (مَسَم) بہت باریک سوراخ جمع مَسَام جمع جمع
مَسَامَات۔
مسما (مُسَم۔ ما) جسکا نام رکھا گیا ہو، نام والا۔
مسمار (مِس۔ مار) چوبا، کیل جمع مَسَامِیر، برباد، تباہ
مسماع (مِس۔ ماع) سننے کا آلہ جمع مَسَامِیع کان۔
مسمر (مُسَم۔ مَر) دھات کی کیلیں جڑا ہوا۔
مسمط (مُسَم۔ مَط) پروئی ہوئی چیز، موتیوں کی لڑی۔
مسمع (مِس۔ مَع) سننے کا آلہ جمع مَسَامِع (مَس۔ مَع)
سننے کی جگہ (مُس۔ مِع) سننے والا (مُس۔ مَع) سنا ہوا۔
مسمن (مُس۔ مِن) قدرتی موٹا تازہ (مُسَم۔ مَن) موٹا
کیا ہوا (مُسَم۔ مِن) موٹا کرنیوالی چیز۔
مسموط (مَس۔ مُوط) ذبح شدہ جانور جس کی کھال
گرم پانی سے اتاری گئی ہو۔
مسموع (مَس۔ مُوع) سنا ہوا۔
مسموم (مَس۔ مُوم) زہر دیا ہوا۔
مسمی (مُسَم۔ ما) دیکھو مسما (مُسَم۔ مِی) نام رکھنیوالا۔
مسن (مُسِن) زیادہ عمر والا (مِسَن) برچھی والا (مِسَن)
دھار تیز کرنے کا پتھر۔
مسند (مَس۔ نَد) تکیہ گاہ، گدی، گاؤ تکیہ جمع مَسَانِد
(مُس۔ نَد) روزگار، زمانہ، منسوب کیا ہوا، بیٹا، حرامزادہ،
ٹیک لگانیکی چیز، قواعد زبان کی اصطلاح میں خبر
(مُسَن۔ نَد) اوپر اٹھایا ہوا۔
مسند آرا (مَس۔ نَد۔ آ۔ را) گدی نشین۔
مسند آرائی (مَس۔ نَد۔ آ۔ را۔ ای) گدی نشینی۔
مسند الیہ (مُس۔ نَد۔ اِلَیہ) مبتدا۔
مسنون (مَس۔ نُون) بات جو سنت ہو، روشن کیا ہوا
بدلا ہوا، بٹیا ہوا، موٹا، دل آرام، تکیلا۔
مسوات (مِس۔ وات) کھیت سے چلا نیکا پنجہ، برابر
جمع مَسَاوِیات۔
مسواک (مِس۔ واک) داتون، دتون جمع مَسَاوِیک۔

مسوّد (مُسَوَّ۔ وَدْ) کالا کرنیوالا، لکھنے والا (مُسَوْ۔ وَدْ) کالا کیا ہوا، لکھا ہوا۔

مسودہ (مُسَوَّ۔ وَدَہ) پہلی مرتبہ سرسری طور پر لکھا ہوا، لکھا ہوا (مُسْ۔ وَدْ۔ دَہ) کالا، سیاہ۔

مسہد (مُسَہْ۔ ہَدْ) بیدار کیا ہوا، جگایا ہوا۔

مسہل (مُسْ۔ ہِلْ) دست لانیوالی دوا، جُلّاب۔

مسئلہ (مَسْ۔ ءَ۔ لَہ) حل طلب سوال، تجویز، شرعی سوال جمع مسائل۔

مسئول (مَسْ۔ ءُوْل) سوال کیا ہوا، چاہا ہوا۔

مسّی (مِسّی) بدکردار، بد افعال، گنہگار (مِسی) تانبے کی چیز، منسوب بہ مس۔

مسیچہ (مَسِی۔ چَہ) دیکھو مسیچہ۔

مسیح (مَسِیْح) نقش کھسا ہوا۔

مسیحا (مَسِی۔ حَا) حضرت مسیح (مَسِی۔ حَا) عورت جس کے چوتڑ ہلکے ہوں۔

مسیحائی (مَسِی۔ حَا۔ ئِیْ) حضرت مسیح کی طرح بیمار اچھے اور مردے زندہ کرنا۔

مسیحی (مَسِی۔ حِیْ) منسوب بہ مسیح، عیسائی۔

مسیخ (مَسِیْخ) پھیکا، باسی۔

مسیر (مَسِیْر) سیر کی جگہ، سیر کرنا، جانا۔

مسیطر (مُسَیْ۔ طِرْ) مسلط، مقرر، کڑوڑا۔

مسیف (مُسِیْف) تیغ زن، تلوار چلانے والا۔

مسیک (مِسْ۔ سِیْک) کنجوس، کنجک۔

مسیل (مَسِیْل) پانی جاری ہونیکی جگہ، جمع مسائل۔

مشآر (مِشْ۔ شَآر) بڑا چلنے والا (مِشآر) بہت سے بیٹوں والا ہونا۔

مشابکہ (مُشَا۔ بَکَہ) پنجہ کشی، باہم پنجہ لڑانا۔

مشابہ (مُشَا۔ بِہْ) مانند، مثل، نظیر، یکساں ہونیوالا۔

مشابہت (مُشَا۔ بَہَتْ) باہمی یکسانیت۔

مشاتمت (مُشَا۔ تَمَتْ) باہم گالیاں بکنا۔

مشاجرت (مُشَا۔ جَرَتْ) خلاف کرنا۔

مشاحنہ (مُشَا۔ حَنَہ) آپس میں دشمنی رکھنا۔

مشار (مُشَار) اشارہ کیا ہوا (مَشَار) چھتّا، مُہال۔

مشار الیہ (مُشَا۔ رُنْ۔ اِلَیْہ) جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔

مشارب (مُشَا۔ رِبْ) آپس میں پینے والا (مَشَا۔ رَبْ) باہم پیا ہوا (مَشَا۔ رِبْ) مشرب کی جمع۔

مشاربت (مُشَا۔ رَبَتْ) باہم ملکر پینا۔

مشارطت، مشارطہ (مُشَا۔ رَطَتْ، مُشَا۔ رَطَہ) باہم شرط بدنا، آپس میں شرط لگانا۔

مشارع (مَشَا۔ رِعْ) مشرع کی جمع۔

مشارفت (مُشَا۔ رَفَتْ) خاندانی بڑائی پر باہم فخر کرنا۔

مشارک (مُشَا۔ رِکْ) شریک ہونیوالا، ساجھی۔

مشارکت (مُشَا۔ رَکَتْ) آپس میں ساجھا کرنا۔

مشاطہ (مَشْ۔ شَا۔ طَہ) نائن، سنگھار نیوالی عورت، تل، للا (مُشَا۔ طَہ) بال جو کنگھی سے گر جاویں۔

مشاع (مُشَاعْ) ساجھے کی بغیر بٹی چیز، مشترک چیز

مشاعرہ (مُشَا۔ عَرَہ) باہمی شعر خوانی۔

مشافہہ (مُشَا۔ فَہَہ) روبرو بات چیت، آمنا سامنا۔

مشاق (مَشْ۔ شَاقْ) بہت مشق کرنیوالا (مَشَاقّ) مشقت کی جمع۔

مشاقی (مَشْ۔ شَا۔ قِیْ) مشق۔

مشاکل (مُشَا۔ کِلْ) ہمشکل ہونیوالا، عروض کی ایک بحر کا نام۔

مشاکلت (مُشَا۔ کَلَتْ) ہم شکلی

مشاکہہ (مُشَا۔ کَہَہ) نزدیک کرنا، مشابہ ہونا۔

مشام (مَشَامْ) مشم کی جمع، سونگھنے کی جگہ۔

مشاور (مُشَا۔ وِرْ) مشورہ کرنے والا۔

مشاورت (مُشَا۔ وَرَتْ) باہمی مشورہ۔

مشاہد (مُشَا۔ ہِدْ) دیکھنے والا۔

مشاہدہ (مُشَا۔ ہَدَہ) دیکھنا، ساتھ حاضر ہونا۔

مشاہرہ (مُشَا۔ ہَرَہ) ماہیانہ، درماہہ۔

مشاہیر (مَشَا۔ ہِیْر) مشہور کی جمع، نامور لوگ۔

مشائخ (مشا۔ ءِخ) شیخ کی جمع۔
مشائی (مُش ۱ شا۔ ءِی) اُس عقیدے کا پیرو حکیم جس طرح حقائق اشیاء دلیل سے معلوم کی جاتی تھیں جمع مشائین
مشاجرہ (مُشا۔ جَرَہ) پرہیز کرنا، کام میں کوشش کرنا۔
مشایع (مُشا۔ یِع) یار، مصاحب، ہمراہی، آخر ہو پیوستہ۔
مشایعت (مُشا۔ یَعَت) رخصت کرنے کے لئے چند قدم ساتھ جانا، پیروی کرنا، مدد کرنا۔
مشبر (مَش۔ بَر) گرہ، گانٹھ جمع مشابِر۔
مشبع (مُش۔ بَع) سیر کیا ہوا، زیادہ زیر یا پیش لمبا کر کے پڑھا ہوا (مُشَبِّع) جانور سے یا مسافر کے پیچھے پیچھے چلنے والا
مشبک (مُشَبَّ ۱ بَک) جالیدار چیز، جالی، جلیبی۔
مشبہ (مُشَبَّ ۱ بَہ) مشابہ کیا ہوا (مُشَبِّہ) مانند کرنے والا، مشابہت دینے والا۔
مشبہ بہ (مُشَبَّ ۱ بَہ بِہ) جس سے مشابہ کیا جاوے۔
مشت (مُش ۱ ت) مُٹھی، گھونسہ، مُشتی (مُش ۱ ت) انبوہ، بہت، لبریز، بھرا ہوا۔
مشتاع (مُش۔ تاع) آشکارا کیا ہوا۔
مشتاق (مُش۔ تاق) خواہشمند۔
مشتبہ (مُش۔ تَبَہ) پوشیدہ کی ہوئی چیز، شبہ کی چیز، چھپی ہوئی بات (مُش۔ تَبِہ) پوشیدہ ہونے والا۔
مشتت (مُشَت ۱ تَت) پریشان، پراگندہ، متردد۔
مشترک (مُشتَ۔ رَک) ساجھی، اخبار کا خریدار۔ (مُش۔ تَرَک) شرکت کیا ہوا، ایک سے زیادہ معنوں کا لفظ، وہ لفظ جس کے کئی معنے ہوں۔
مشترکہ (مُش۔ تَرَکہ) شرکت کیا ہوا، ساجھا کیا ہوا۔
مشتری (مُش۔ تَرِی) گاہک، خریدار، راہگیر، ایک تارہ کا نام، برجیس۔
مشت زن (مُش ۱ ت۔ زَن) پہلوان، گھونسہ باز۔
مشتعل (مُش۔ تَعِل) شعلہ زن، بھڑکنے والا (مُش۔ تَعَل) بھڑکا ہوا۔
مشتغل (مُش۔ تَغِل) مشغول ہونے والا۔

مشتق (مُش۔ تَق) ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنایا ہوا۔
مشتمل (مُش۔ تَمِل) شامل ہونے والا، اوپر چھا جانے والا۔
مشتفن (مُش۔ تَفِن) گوندھنا، مسلنا، متھنا۔
مشتنگ (مُش۔ تَنگ) راہ زن، ڈاکو، لٹیرا۔
مشتفو (مُش۔ تَو) ایک مُسرخ مٹی ہے
مشتوت (مُش۔ تَوت) پراگندہ، تانا بانا۔
مشتہر (مُش۔ تَہِر) اشتہار دینے والا، شہرت دینے والا جمع مشتہرین (مُش۔ تَہَر) اشتہار دیا ہوا۔
مشتہی (مُش۔ تَہی) رغبت کرنے والا، آرزومند (مُش۔ تَہا) مرغوب، آرزو، رغبت کیا ہوا۔
مشتے (مُش۔ تے) کچھ، مٹھی بھر، ذرا سی چیز
مشتے زیادہ (مُش۔ تے۔ زِیادَ) کچھ مخالف لوگ۔
مشج (مَش ۱ ج) ملانا۔
مشجر (مُشَج ۱ جَر) درختوں کی شکل نقش کیا ہوئی۔
مشحذ (مِش۔ حَذ) دھار نکالنے کا آلہ، چھری۔
مشحون (مَش۔ حون) بھرا ہوا۔
مشخص (مُشَخ ۱ خَص) تشخیص کیا ہوا، جانچا ہوا (مُشَخ ۱ خِص) تشخیص کرنے والا، ایکٹر۔
مشدد (مُشَد ۱ دَد) سختی کیا ہوا، مضبوط کیا ہوا، وہ حرف جو تشدید (ّ) کے ساتھ پڑھا جاوے۔
مشراط (مِش۔ راط) چیرا لگانے کا نشتر جمع مشارط۔
مشراق (مِش۔ راق) سورج کی جگہ، پورب۔
مشرب (مَش۔ رَب) پینے کی جگہ، مزاج، طریقہ، مذہب جمع مشارب (مِش۔ رَب) پینے کا آلہ۔
مشربہ (مِش۔ رَبَہ) پینے کا آلہ، کوزہ، پیالہ۔
مشرح (مُشَر ۱ رِح) کھول کھول کر بیان کرنے والا (مُشَر ۱ رَح) کھول کھول کے بیان کیا ہوا۔
مشرط (مِش۔ رَط) دیکھو مشراط۔
مشرع (مَش۔ رَع) راستہ، راہ جمع مشارع
مشرف (مُشَر ۱ رَف) بزرگی دیا ہوا (مُش۔ رَف) بلند جگہ جمع مشارف (مُش۔ رِف) بلند، اوپر، نگران کار۔

مشرفہ (مُشَرْ رَفَہ) بزرگی دی ہوئی چیز (مُشَرْ رِفَہ) بڑے سے چھوٹے کو تحریر بزرگی دینے والی۔
مشرق (مَشْ۔ رِقْ) سورج نکلنے کی جگہ، پورب۔ جمع مَشَارِق (مُشْ۔ رِقْ) چمکنے والا، تارہ جمع مُشْرِقَات۔
مشرقین (مَشْ۔ رِقَیْن) مشرق اور مغرب دونوں۔
مشرک (مُشْ۔ رِکْ) خدا کے ساتھ کسی اور کو بھی شریک کرنے والا جمع مُشْرِکِین (مُشَرْ رِکْ) کسی شریک کرنیوالا (مُشَرْ رَکْ) شریک کیا ہوا۔
مشروب (مَشْ۔ رُوْبْ) پیا ہوا۔
مشروبات (مَشْ۔ رُوْ۔ بَاتْ) پینے کی چیزیں۔
مشروح (مَشْ۔ رُوْحْ) شرح کیا ہوا۔
مشروط (مَشْ۔ رُوْطْ) شرط کیا ہوا۔
مشروع (مَشْ۔ رُوْعْ) حکم شریعت کے مطابق قسم کپڑا۔
مشط (مُشْ۔ طْ، مَشْ۔ طْ) کنگھی، شانہ جمع اَمْشَاط۔
مشع (مَشْ۔ عْ) تومنا۔
مشعب (مَشْ۔ عَبْ) راہ، روش، مذہب جمع مَشَاعِبْ۔
مشعبد (مُشَعْ۔ بِدْ) بازیگر، شعبدہ باز۔
مشعر (مُشْ۔ عِرْ) خبر دینے والا (مَشْ۔ عَرْ) مکہ معظمہ میں حاجیوں کے قربانی کرنے، بال کتروانے اور عبادت کرنے کی جگہ جمع مَشَاعِرْ۔
مشعرہ (مَشْ۔ عَرَہ) شعر خوانی کی جگہ جمع مَشَاعِرْ۔
مشعشع، مشعشعہ (مُشَعْ۔ شَعْ، مُشَعْ۔ شَعَہ) روشن، پانی ملی ہوئی شراب۔
مشعل (مَشْ۔ عَلْ) چراغدان، شمع جمع مَشَاعِلْ۔
مشعلچی (مَشْ۔ عَلْ۔ چِیْ) شمع والا۔
مشعلہ (مَشْ۔ عَلَہ) شمع، چراغدان جمع مَشَاعِلْ۔
مشعوذ (مُشَعْ۔ وِذْ) دیکھو مشعبد۔
مشعوف (مَشْ۔ عُوْفْ) شیفتہ، عاشق، محبت کرنے والا، مسرور۔
مشغلہ (مَشْ۔ غَلَہ) کاروبار، شور وغل جمع مَشَاغِلْ۔

مشغول (مَشْ۔ غُوْلْ) کام میں لگا ہوا۔
مشغوف (مَشْ۔ غُوْفْ) جسکے گوش میں بات بیٹھ گئی ہو۔
مشفق (مُشْ۔ فِقْ) مہربانی کرنے والا۔
مشفقانہ (مُشْ۔ فِقَا۔ نَہ) مشفق کی مانند۔
مشفقی (مُشْ۔ فِقِیْ) میرے مشفق۔
مشق (مَشْ۔ قْ) کسی کام کو لگاتار کرنا۔
مشقا (مَشْ۔ قَا) کی مانگ (مِشْ۔ قَا) کنگھی۔
مشقاب (مُشْ۔ قَابْ) ایک اُتھلا برتن۔
مشقت (مَشَقْ۔ قَتْ) سختی، محنت جمع مَشَاقّ۔
مشقر (مُشْ۔ قُرْ) گلدستہ۔
مشقص (مُشَقْ۔ قَصْ) قصاب، قسائی۔
مشقی (مَشْ۔ قِیْ) تختی، وصلی۔
مشک (مُشْ۔ کْ) کستوری (مَشْ۔ کْ) پانی بھرنے کا چمڑے کا تھیلا۔
مشکبار (مُشْ۔ کْ۔ بَارْ) جو مشک برسا دے۔
مشکبو (مُشْ۔ کْ۔ بُوْ) جس میں مشک کی خوشبو ہو۔
مشکبید (مُشْ۔ کْ۔ بِیْدْ) ایک خوشبودار پھول کی بید کا پیڑ۔
مشک تر (مُشْ۔ کِ۔ تَرْ) خالص کالی مشک۔
مشکفام (مُشْ۔ کْ۔ فَامْ) جس کا رنگ مثل مشک ہو، کالی چیز۔
مشکل (مُشْ۔ کِلْ) کٹھن، دشواری جمع مُشْکِلَاتْ (مُشَکْ۔ کِلْ) شکل بنانیوالا (مُشَکْ۔ کَلْ) شکل بنایا ہوا، صورت دیا ہوا، با اعراب لفظ۔
مشکل پسند (مُشْ۔ کِلْ۔ پَسَنْ۔ دْ) جس کو مشکل چیز میں لطف آوے۔
مشکل پسندی (مُشْ۔ کِلْ۔ پَسَنْ۔ دِیْ) مشکل چیز اچھی لگنا۔
مشکناب (مُشْ۔ کْ۔ نَابْ) سیاہی، خالص مشک۔
مشکو (مُشْ۔ کُوْ) بت خانہ، حویلی، گڑھی، بالاخانہ۔
مشکوٰۃ (مِشْ۔ کَاتْ) چراغدان، فانوس۔
مشکور (مَشْ۔ کُوْرْ) پسندیدہ، شکر کیا ہوا۔

مشکوک (مَش۔کُوک) شک کیا ہوا۔
مشکوی (مَش۔کُوِی) بتخانہ، محل، اٹاری، حویلی، بالاخانہ۔
مشکی (مُش۔کِی) منسوب بہ مشک، سیاہ، کالی چیز۔
مشکیزہ (مَش۔کِی۔زَہ) پانی کی چھوٹی مشک۔
مشلول (مَش۔لُول) شل کیا ہوا، اپاہج۔
مشم (مَشَم) قوت شامہ کی جگہ جمع مَشَامّ۔
مشمر (مُشَمِّر) کمر باندھ کر کام میں چستی کرنیوالا (مُشَمَّر) کام میں چستی کیا ہوا، تیز گھوڑا دوڑنے پر مستعد۔
مشمش (مِش۔مِش) زرد آلو، خوبانی۔
مشمع (مُشَمَّع) موم جامہ، پارسل جمع مُشَمَّعات۔
مشمول (مَش۔مُول) شامل کیا ہوا۔
مشموم (مَش۔مُوم) خوشبودار، سونگھا ہوا۔
مشنا (مَش۔نَا) دشمن رکھنا۔
مشنع (مُشَنَّع) ملامت کیا ہوا، خراب، بُرا۔
مشنگ (مُشَنگ) موتھا گھاس، چور، راہزن۔
مشو (مُشو) مسور سے مشابہ ایک غلہ (مَشو) مہمل املا۔
مشواذ (مِش۔وَاذ) لنگی، پگڑی جمع مَشَاوِذیہ۔
مشوب (مَشُوب) مخلوط، ملا ہوا۔
مشوذ (مِش۔وَذ) لنگی، پگڑی جمع مَشَاوِذ۔
مشورت (مَش۔وَرَت) صلاح پرسی، صلاح پوچھنا۔
مشورت خانہ (مَش۔وَرَت۔خَا۔نَہ) کونسل
مشورہ (مَش۔وَرَہ، مَشُو۔رَہ) صلاح پرسی۔
مشوش (مُشَوِّش) پریشان کرنیوالا (مُشَوَّش) گھبرایا ہوا، پریشان۔
مشوق (مُشَوِّق) شوق دلانیوالا (مُشَوَّق) شوق دلایا ہوا (مَشُوق) شائق، شوقین۔
مشول (مِش۔وَل) چھوٹی درانتی، داسکالہ۔
مشوم (مَشُوم، مَش۔ؤُم) منحوس۔
مشوی (مَش۔وِی) بھنا ہوا، بریاں۔
مشہد (مَش۔ہَد) حاضر ہونیکی جگہ، شہادت کی جگہ، شہیدوں کا قبرستان جمع مَشَاہِد، نام شہر ایران

مشہر (مُشَہِّر) آشکارا کرنیوالا، شہرت دینے والا، (مُشَہَّر) شہرت دیا ہوا، آشکارا کیا ہوا۔
مشہود (مَش۔ہُود) حاضر کیا ہوا، موجود جس پر گواہ ہوں، عرفہ کا دن۔
مشہور (مَش۔ہُور) شہرت دیا ہوا جمع مَشَاہِیر۔
مشہی (مُشَہِّی) بھوک لگانیوالی چیز۔
مشی (مَش۔ی) چہل قدمی، چلنا (مَشِیّ) مسہل، جلاب۔
مشیا (مَش۔یَا) بکری کے دودھ کا گھی۔
مشیب (مَشِیب) بڈھا ہونا، بال چٹے ہونا۔
مشیت (مَشِی۔یَت) اللہ میاں کی مرضی، خواہش۔
مشیج (مَشِیج) خونناب، خون پانی ملا ہوا، ملاوٹ جمع اَمشَاج۔
مشیخت (مَشِی۔خَت) شیخی، ڈینگ، شیخ کی جمع۔
مشید (مُشَیَّد) گچ کیا ہوا، مضبوط کیا ہوا (مُشَیَّد) گچ اور چونہ سے پکا کیا ہوا (مُشَیِّد) چونہ سے پکا کرنے والا۔
مشیدہ (مُشَیَّ۔دَہ) باہر لایا ہوا، بلند کیا ہوا، گچ اور چونہ سے پکا کیا ہوا۔
مشیر (مُشِیر) صاحب مشورہ، مشورہ دینے والا، اشارہ کرنے والا۔
مشیق (مَشِیق) چھریرا، اکہرا بدن، چوبینہ۔
مشیمہ (مَشِی۔مَہ) وقت پیدائش بچہ پر لپٹی ہوئی جھلی، آنکھ کا چھٹا پردہ جمع مَشِیم، مَشَائِم۔
مشین (مُشِین) شاندار (مَشِین) بیکار، نامعقول۔
مشیہ (مِش۔یَہ) رفتار، چال۔
مص (مَصّ) چوسنا۔
مصاب (مُصَاب) مصیبت زدہ، دکھیارا۔
مصابرت (مُصَا۔بَرَت) صبر کرنا۔
مصاحب (مُصَا۔حِب) ہم جلیس جمع مُصَاحِبین۔
مصاحبت (مُصَا۔حَبَت) ہم جلیسی، سنگت۔
مصاحبہ (مُصَا۔حِبَہ) ہم جلیس عورت۔

مصاحف (مَصَا۔ حِفْ) مصحف کی جمع۔
مصاد (مَصَادْ) شکارگاہ۔
مصادرت، مصادرہ (مُصَا۔ دَرَتْ مُصَا۔ دَرَہْ) تاوان، ڈنڈ، واپسی، واپس لوٹنا۔
مصادقت (مُصَا۔ دَقَتْ) باہمی دلی دوستی۔
مصادمت (مُصَا۔ دَمَتْ) صدمہ پہنچانا، ٹکرانا۔
مصارع (مُصَا۔ رِعْ) کشتی گیر، ہاتھا پائی کرنیوالا۔
مصارعت (مُصَا۔ رَعَتْ) دنگل، کشتی، ہاتھا پائی۔
مصارمت (مُصَا۔ رَمَتْ) معاملہ قطع کرنا، علمی معارضہ کرنا۔
مصاف (مَصَافّ) مصف کی جمع (مُصَافّ) آپس میں صف باندھنا۔
مصافات (مُصَا۔ فَاتْ) دوستی، اخلاص۔
مصافحہ (مُصَا۔ فَحَہْ) وقت ملاقات ہاتھ ملانا۔
مصالح (مُصَا۔ لِحْ) صلح کرنیوالا (مَصَا۔ لِحْ) مصلحت کی جمع
مصالحہ (مَصَا۔ لِحَہْ) درستی کی چیز، اصلاح کا سامان۔
مصالحت (مُصَا۔ لَحَتْ) ملاپ، باہمی صلح۔
مصانات (مُصَا۔ نَاتْ) رنج اٹھانا۔
مصاولہ (مُصَا۔ وَلَہْ) لڑائی کے لئے حملہ کرنا۔
مصاہرت (مُصَا۔ ہَرَتْ) سمدھیانا، خسر بنانا، داماد بنانا۔
مصائب (مَصَا۔ ئِبْ) مصیبت کی جمع۔
مصائد (مَصَا۔ ئِدْ) صید کی جمع۔
مصب (مَصَبْ) دہانہ۔
مصباح (مِصْ۔ بَاحْ) چراغ جمع مَصَابِیح۔
مصبر (مُصَبِّرْ) ایلوا۔
مصبغ (مُصَبَّغْ) رنگ کیا ہوا (مُصَبِّغْ) رنگا کرنے والا۔
مصبوغ (مَصْ۔ بُوغْ) رنگین، رنگ کیا ہوا۔
مصبیہ (مُصْ۔ بِیَہْ) بچوں والی۔
مصحح (مُصَحِّحْ) پروف ریڈر، غلطی صحیح کرنے والا (مُصَحَّحْ) غلطی درست کیا ہوا۔
مصحف (مُصْ۔ حَفْ) کتاب، قرآن مجید جمع مَصَاحِفْ
(مُصَحَّفْ) وہ لفظ جو نقطے لگنے سے بالکل دوسرا لفظ بن جاوے (مُصَحِّفْ) تصحیف کرنے والا۔
مصحوب (مَصْ۔ حُوبْ) صحبت یافتہ، ساتھ کیا ہوا۔
مصداق (مِصْ۔ دَاقْ) وہ چیز جس کا مفہوم کسی دوسری چیز پر صادق آوے، آلۂ صدق جمع مَصَادِیق
مصدر (مَصْ۔ دَرْ) نکلنے کی جگہ، وہ کلمہ جو جملہ افعال کی اصل باعتبار اشتقاق ہو جمع مَصَادِرْ
(مُصَدَّرْ) مقدم رکھا ہوا، صادر کیا ہوا (مُصَدِّرْ) مقدم رکھنے والا، صادر کرنے والا۔
مصدرہ (مُصَدَّرَہْ) صادر کیا ہوا، شروع سے لایا ہوا، مقدم کیا ہوا (مَصْ۔ دَرَہْ) واپس لوٹایا ہوا۔
مصدع (مُصَدِّعْ) دردسر پیدا کرنیوالا، تکلیف دینے والا (مُصَدَّعْ) دردسر پیدا کیا ہوا، تکلیف دیا ہوا۔
مصدق (مُصَدِّقْ) تصدیق کرنے والا (مُصَدَّقْ) تصدیق کیا ہوا (مُصْ۔ دَقْ) عورت کا مہر مقرر کیا ہوا۔
مصدقہ (مُصَدَّقَہْ) تصدیق کیا ہوا۔
مصدور (مَصْ۔ دُورْ) صادر کیا ہوا۔
مصدوق (مَصْ۔ دُوقْ) صادق کیا ہوا۔
مصر (مِصْر) شہر جمع اَمْصَارْ، نام ملک افریقہ، حد فاصل (مُصِرْ) کام پر کھڑا ہونیوالا (مُصِرّ) اصرار کرنے والا۔
مصراع (مِصْ۔ رَاعْ) کواڑ، پٹ، دروازہ بند کرنیکا تختہ
مصران (مِصْ۔ رَانْ) دو شہر۔
مصرح (مُصَرَّحْ) صاف صاف کہا ہوا (مُصَرِّحْ) صاف گو، تصریح کرنے والا۔
مصر سفلی (مِصْر۔ سُفْ۔ لَا) جنوبی مصر۔
مصرع (مِصْ۔ رَعْ) آدھا شعر، ایک طرف کا کواڑ
(مُصَرَّعْ) ڈالا ہوا، پہلے مصرع میں قافیہ لایا ہوا (مُصَرِّعْ) مصرع لانیوالا (مَصْ۔ رَعْ) ڈالنے کی جگہ، پچھاڑنے کی جگہ جمع مَصَارِعْ۔
مصر علیا (مِصْر۔ عُلْ۔ یَا) شمالی مصر۔

مصرعہ (مِص - رَعَہ) آدھا شعر۔
مصرف (مَص - رِف) خرچ کرنیکی جگہ جمع مَصَارِف
(مُص - رِف) فضول خرچ (مُصَر - رَف) گردان کیا ہوا۔
مصرم (مِص - رَم) درانتی، ہنسیا جمع مَصَارِم۔
مصروع (مَص - رُوع) مرگی کا بیمار، پچھاڑا ہوا۔
مصروف (مَص - رُوف) خرچ کیا ہوا، مشغول۔
مصری (مِص - رِی) ایک قسم کی شکر، مصر کی چیز، مصر
کا باشندہ، مصر کے ساتھ منسوب ہے۔
مصطبغ (مُص - طَبِغ) رنگا ہوا (مُص - طَبِغ) رنگنے والا۔
مصطبہ (مَص - طَبَہ) شراب خانہ جمع مَصَاطِب۔
مصطفٰے (مُص - طَفَا) برگزیدہ، قبول کیا ہوا۔
مصطفوی (مُص - طَفَوِی) منسوب بہ سردار دوجہاں
محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم۔
مصطکی، مصطگی (مُص - طَکَا، مَص - طَگِی) جنوبی
یورپ وغیرہ کے ایک درخت کا زرد گوند جو دوا ہے۔
مصطلح (مُص - طَلَح) اصلی کے علاوہ دوسرے معنی مقرر
کیا ہوا جمع مُصطَلحات (مُص - طَلِح) اصطلاح
مقرر کرنیوالا، دوسرے معنے مقرر کرنیوالا جمع مُصطَلِحِین
مصعب (مَص - عَب) دشواری یا سختی کی جگہ جمع مَصَاعِب۔
مصعد (مَص - عَد) بلندی، اوپر نکلنے کی جگہ جمع مَصَاعِد
(مُص - عِد) اوپر نکلنے والا (مُص - عَد) اوپر نکلا ہوا۔
مصغر (مُص - غَر) چھوٹا کیا ہوا، تصغیر کیا ہوا (مُص - غِر)
چھوٹا کرنے والا، تصغیر کرنے والا۔
مصف (مَصَف) صف باندھنے کی جگہ جمع مَصَاف۔
مصفات (مِص - فَات) صاف کرنیکا آلہ، چھننا۔
مصفی (مُص - فِی) صاف کرنیوالا (مُص - فَا)
صاف کیا ہوا۔
مصقع (مِص - قَع) فصیح، بلیغ جمع مَصَاقِع۔
مصقل، مصقلہ (مِص - قَل، مِص - قَلَہ) چمکانے
کا آلہ جمع مَصَاقِل۔
مصقول (مَص - قُول) جلا کیا ہوا، چمکایا ہوا۔

مصلّٰے (مُصَل - لَا) جائے نماز، عیدگاہ۔
مصلاو (مَص - لَاو) گائے بھینس جو دودھ سے اتر گئی ہو
مصلب (مُصَل - لَب) سولی دیا ہوا، صلیب بنایا ہوا
(مُصَل - لِب) صلیب بنانیوالا، سولی دینے والا۔
مصلح (مُص - لِح) ریفارمر، اصلاح کرنیوالا جمع مُصلِحِین
مصلحت (مَص - لَحَت) نیک تجویز، اچھی صلاح جمع
مَصَالِح۔
مصلوب (مَص - لُوب) سولی دیا ہوا۔
مصلی (مُصَل - لِی) نمازی، درود پڑھنے والا (مُصَل - لَا)
درود پڑھا ہوا، درود پڑھنے کی جگہ، مصلّٰے۔
مصمت (مُص - مَت) ایک رنگ، منہ بند پھوڑا،
ٹھوس، وہ زخم جس کا منہ بھرا ہوا ہو (مُصَم - مَت) چپ
کیا ہوا (مُصَم - مِت) چپ کرنے والا۔
مصمصہ (مَص - مَصَہ) کھنگالنا، کلی منہ میں پھرانا۔
مصمم (مُصَم - مَم) پختہ کیا ہوا (مُصَم - مِم) پختہ کرنے والا۔
مصن (مُصِن) گندہ بغل۔
مصندل (مُصَن - دَل) صندلی۔
مصنع (مَص - نَع) تالاب، ندی، حوض جمع مَصَانِع۔
مصنف (مُصَن - نِف) تصنیف کرنیوالا جمع مُصَنِّفِین
(مُصَن - نَف) تصنیف کیا ہوا، کتاب۔
مصنفہ (مُصَن - نَفَہ) تصنیف کیا ہوا جمع مُصَنَّفَات۔
مصنوع (مَص - نُوع) بنایا ہوا جمع مَصنُوعَات۔
مصنوعی (مَص - نُوعِی) بناوٹی، نقلی۔
مصوا (مَص - وَا) عورت جس کی ران پتلی ہو۔
مصور (مُصَو - وِر) تصویر بنانے والا، تصویر کھینچنے
والا (مُصَو - وَر) تصویر بنایا ہوا، تصویر والی چیز۔
مصورہ (مُصَو - وِرَہ) وہ قوت جو ماں کے رحم میں بچہ کی
شکل ڈھالتی ہے۔
مصوری (مُصَو - وِرِی) تصویر بنانا۔
مصوص (مَص - وُص) وہ کھانا ہوا پرند جس میں سرکے
بھر کر سرکہ میں چھوڑتے ہیں۔

مصون (مَصُوْن) محفوظ، نگاہ رکھا ہوا۔
مصیب (مُصِیْب) ٹھکانے پہنچنے والا، ٹھیک کہنے والا۔
مصیبت (مُصِی۔ بَتْ) دُکھ، تکلیف جمع مَصَائب۔
مصیدہ (مَصِی۔ دَہْ) جال۔
مصیر (مَصِیْر) جائے بازگشت، ٹھکانا۔
مصیقل (مُصَی۔ قَلْ) جلا کی ہوئی چیز (مُصَی۔ قِلْ) جلا کرنے والا، صیقل کرنے والا، صیقل گر۔
مضاجع (مُضَا۔ جِعْ) باہم ایک جگہ سونے والا۔
مضاجعت (مُضَا۔ جَعَتْ) باہم ایک جگہ سونا۔
مضاحک (مُضَا۔ حِکْ) ہنسوڑ، دل لگی باز۔
مضاحکہ (مُضَا۔ حَکَہْ) آپس میں دل لگی کرنا۔
مضادت، مضادہ (مُضَا۔ دَتْ، مُضَا۔ دَہْ) آپس میں ضد ہونا۔
مضار (مَضَارّ) نقصان، نقصان کی جگہ۔
مضاربت (مُضَا۔ رَبَتْ) نفع کا شریک کرکے کسی کو تجارت کے لئے مال دینا۔
مضارع (مُضَا۔ رِعْ) مانند ہونے والا، وہ فعل جس میں مستقبل اور حال دونوں زمانے ہوں۔
مضارعت (مُضَا۔ رَعَتْ) مشابہ ہونا، شریک ہونا۔
مضاعف (مُضَا۔ عَفْ) دوچند، دونا، وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف ہوں۔
مضاف (مُضَافْ) منسوب، متعلق۔
مضافات (مُضَا۔ فَاتْ) متعلقات، منسوبات۔
مضاف الیہ (مُضَافْ۔ اِلَیْہِ) جس کی طرف نسبت دی جاوے۔
مضافرہ (مُضَا۔ فَرَہْ) مدد کرنا۔
مضامین (مَضَا۔ مِیْن) مضمون کی جمع۔
مضانعت (مُضَا۔ نَعَتْ) رشوت دینا، کام آسان کرنا۔
مضاہات (مُضَا۔ ہَاتْ) کسی چیز کی مانند ہونا۔
مضاہی (مُضَا۔ ہِیْ) مانند، مشابہ۔
مضائ (مَضَاءْ) روانی، رواں ہونا، گذرنا۔
مضایقہ، مضایقت (مُضَا۔ یَقَہْ، مُضَا۔ یَقَتْ) تنگی، باہمی تنگی جمع مَضَایِق۔
مضبطہ (مُضْ۔ بَطَہْ) عرضداشت، میموریل۔
مضبوط (مَضْ۔ بُوْط) پائدار، ضبط کیا ہوا، ٹھیک۔
مضبوطی (مَضْ۔ بُوْ۔ طِیْ) پائداری۔
مضجح (مُضْجِحْ) رونے چلانے والا۔
مضجع (مَضْ۔ جَعْ) خوابگاہ جمع مَضَاجِعْ۔
مضحاک (مِضْ۔ حَاکْ) بڑی ہنسنے والی۔
مضحک (مُضْ۔ حِکْ) ہنسانے والا (مُضْ۔ حَکْ) ہنسایا ہوا (مَضْ۔ حَکْ) وہ آدمی یا چیز جس پر لوگ ہنسیں (مُضْحِ۔ حِکْ) ہنسانے والا، ہنسنے والا (مُضْحِ۔ حَکْ) ہنسایا ہوا، ہنسا ہوا۔
مضحکہ (مَضْ۔ حَکَہْ) ٹھٹھول، چہل۔
مضخہ (مِضَخَّہْ) پچکاری، ڈنگیر۔
مضر (مُضِرّ) نقصان رساں (مَضَرّ) نقصان کی جگہ جمع مَضَارّ۔
مضراب (مِضْ۔ رَابْ) ستار بجانے کا آلہ جمع مَضَارِیب۔
مضرب (مَضْ۔ رَبْ) مارا ہوا (مَضْ۔ رِبْ) مارنے کی جگہ جمع مَضَارِبْ (مِضْ۔ رَبْ) مارنے کا آلہ، خیمہ جمع مَضَارِبْ۔
مضرت (مَضَرْ۔ رَتْ) نقصان، گزند جمع مَضَارّ۔
مضرج (مِضْ۔ رَجْ) پرانا کپڑا جمع مَضَارِجْ (مُضَرْ۔ رَجْ) خون آلود کیا ہوا (مُضَرْ۔ رِجْ) خون آلود کرنے والا۔
مضروب (مَضْ۔ رُوْب) مارا ہوا، ضرب پہونچایا ہوا۔
مضرور (مَضْ۔ رُوْر) ضرر پہونچا ہوا۔
مضطبہ (مَضْ۔ طَبَہْ) دیکھو مصطبہ۔
مضطر (مُضْ۔ طَرّ) بے اختیار، بے چارہ، نقصان پہنچا ہوا۔
مضطرب (مُضْ۔ طَرِبْ) پریشان۔
مضطرب الحال (مُضْ۔ طَرِبُلْ۔ حَالْ) پریشان حال۔
مضغ (مَضْغ) چبانا۔
مضغہ (مُضْ۔ غَہْ) ایک نوالہ کے برابر چیز جمع مُضَغْ۔

مضلت (مضلہ (مَضَل۔لَہْ) مَضَل (لِہْ) گمراہی اور ضلالت کی جگہ۔
مضمار (مِض۔مَارْ) گھوڑے پھیرنے کا میدان جمع مَضَامِیر
مضمحل (مُضْمَحِلّ) سُست، نا چیز، محو ہونیوالا، نابود ہونیوالا
مضمر (مُضْ۔مَرْ) پوشیدہ، ضمیر لایا ہوا (مُضْ۔مِرْ) چھپانیوالا، کلام میں ضمیر لانیوالا (مُضَمَّرْ) طیار کیا ہوا گھوڑا (مُضَمِّر) کھلا پلا کر گھوڑا طیار کرنیوالا۔
مضمضہ (مَضْ۔مَضَہ) دیکھو مضمضہ۔
مضمن (مُضَمَّنْ) تضمین کیا ہوا، قطعہ (مُضَمِّن) تضمین کرنے والا۔
مضموم (مَضْ۔مُوم) پیش (ُ) لگایا ہوا، ملایا ہوا۔
مضمون (مَضْ۔مُون) ضمن میں لیا ہوا، موضوع بیان، کسی موضوع پر تحریری یا تقریری اظہار خیال جمع مَضَامِین
مضنون (مَضْ۔نُون) بخل کیا ہوا، کنجوسی کیا ہوا۔
مضو (مُضُوّ) پیش قدمی کرنا، بڑھنا۔
مضور (مَضُور) دودھ کھٹا ہونا۔
مضوغ (مَضُوغ) چبایا ہوا، جس کو چباویں۔
مضی (مُضِی) جانا، گذرنا (مُضَا) گذرا ہوا۔
مضیع (مُضِیع) ضائع کرنے والا۔
مضیف (مُضِیف) مہمانی کرنیوالا، نسبت کرنیوالا۔
مضیق (مَضِیق) تنگ جگہ جمع مَضَایِق۔
مضیم (مَضِیم) مظلوم۔
مط (مَطّ) ناک بھوں چڑھانا۔
مطا (مَطَا) پیٹھ، مدد، حفاظت جمع اَمْطَا۔
مطابخ (مَطَا۔بِخْ) مطبخ کی جمع۔
مطابع (مَطَا۔بِعْ) مطبع کی جمع۔
مطابق (مُطَا۔بِقْ) موافق، برابر۔
مطابقت (مُطَا۔بَقَتْ) برابری، موافقت۔
مطار (مَطَارْ) اڑنے کی جگہ، ہوائی مستقر۔
مطارح (مَطَا۔رِحْ) مطرح کی جمع۔
مطارحہ (مُطَا۔رَحَہ) بات چیت، خوشامد، مشورہ جمع مُطَارَحَاتْ۔
مطاردہ (مُطَا۔رَدَہ) آپس میں حملہ کرنا۔
مطاع (مُطَاعْ) اطاعت کیا ہوا (مَطَاعْ) جس سے نفع حاصل ہو یا پونجی۔
مطاعم (مَطَا۔عِمْ) مطعم کی جمع (مَطَا عِمْ) میری یا پونجی۔
مطاعن (مَطَا۔عِنْ) طعن کی جمع۔
مطاف (مَطَافْ) طواف کرنے کی جگہ۔
مطالب (مَطَا۔لِبْ) مطلب کی جمع (مُطَا۔لِبْ) طلب کرنے والا۔
مطالبہ (مُطَا۔لَبَہ) طلب کرنا۔
مطالعہ (مُطَا۔لَعَہ) کسی چیز سے واقف ہونیکے لئے اس کو دیکھنا۔
مطامع (مَطَا۔مِعْ) طمع کی جمع۔
مطاوع (مُطَا۔وِعْ) فرمان برداری کرنے والا۔
مطاوعت (مُطَا۔وَعَتْ) فرماں برداری۔
مطاولہ (مُطَا۔وَلَہ) لمبائی میں برابری کرنا۔
مطاوی (مَطَا۔وِی) مطوی کی جمع۔
مطایبہ (مُطَا۔یَبَہ) مہذب تفریح جمع مُطَایَبَاتْ۔
مطایرہ (مُطَا۔یَرَہ) اڑانا، باہم ملکر اڑانا۔
مطب (مَطَبّ) بیماروں کا علاج کرنے کی جگہ۔
مطبخ (مَطْ۔بَخْ) کھانا پکانیکی جگہ، باورچی خانہ جمع مَطَابِخْ (مُطَّ۔بِخْ) کھانا پکانیوالا، باورچی۔
مطبخی (مَطْ۔بَخِی) باورچی۔
مطبع (مَطْ۔بَعْ) چھاپہ خانہ جمع مَطَابِعْ۔
مطبق (مُطْ۔بَقْ) ڈھکنے دار برتن، تہ بتہ کیا ہوا۔
مطبوخ (مَطْ۔بُوخْ) آگ پہ پکائی ہوئی چیز۔
مطبوع (مَطْ۔بُوعْ) پسند کی ہوئی چیز، چھاپی ہوئی جیسے چھاپا ہوا، طبع کیا ہوا
مطحلب (مُطْحَلِبْ) کائی جما ہوا پانی۔
مطحن (مِطْ۔حَنْ) پیسنے کا آلہ، چکی جمع مَطَاحِنْ۔
مطحول (مَطْ۔حُولْ) جس کے پیٹ میں تلی ہو۔

مطر (مَطَر) مینھ، بارش جمع اَمطار (مَطَر) تازگی۔
مطرا (مُطَرّا) سمقا، تازگی، تازہ۔
مطران (مِطْ۔ رَانْ) عیسائیوں یا یہودیوں کا سردار قوم۔
مطرب (مُطْ۔ رِبْ) ڈوم، گویا جمع مُطرِبِین، مُطرِبان
مطربہ (مُطْ۔ رِبَہ) ڈومنی جمع مُطرِبات، مُطرِبات۔
مطرح (مَطْ۔ رَحْ) چیز ڈالنے کی جگہ جمع مَطارِح۔
مطرد (مُطْ۔ طَرِدْ) مستقیم، ایک ڈھنگ پر ہونیوالا، آگے پیچھے ہونیوالا (مِطْ۔ رَدْ) چھوٹا برچھا، سونٹا، پیچھے پہننے کا کپڑا جمع مَطارِید۔
مطرز (مُطَرَّزْ) زینت دیا ہوا۔
مطرف (مُطَرَّفْ) مزین، سیج کی ایک قسم (مُطْ۔ رِفْ) کسی بات کی اطلاع پانیوالا (مِطْ۔ رَفْ) جھنڈی کا کپڑا
مطرفہ (مِطْ۔ رَفَہ) ہتھوڑا، چھڑی۔
مطروح (مَطْ۔ رُوْح) حقیر، بے وقر، ناپسندیدہ جمع مَطرُوحات۔
مطرود (مَطْ۔ رُوْدْ) نکالا ہوا۔
مطری (مُطْ۔ رِیْ) بھاٹ، تعریف کرنیوالا۔
مطعام (مِطْ۔ عَامْ) بہت کھانا کھلانیوالا جمع مَطاعِیم۔
مطعان (مِطْ۔ عَانْ) بہت طعنہ دینیوالا جمع مَطاعِین۔
مطعم (مَطْ۔ عَمْ) کھانے کی چیز جمع مَطاعِم (مِطْ۔ عَمْ) بڑا کھانیوالا (مُطْ۔ عِمْ) کھلانیوالا (مُطْ۔ عَمْ) کھلایا ہوا۔
مطعوم (مَطْ۔ عُوْم) کھانیکی چیز جمع مَطعُومات
مطعون (مَطْ۔ عُوْن) طعنہ دیا ہوا، عیب کیا ہوا۔
مطفحہ (مِطْ۔ فَحَہ) کفگیر جمع مَطافِح۔
مطفل، مطفلہ (مُطْ۔ فِلْ، مُطْ۔ فِلَہ) بچوں والی۔
مطفی (مُطْ۔ فِیْ) آگ بجھانیوالا، چراغ بجھانے والا۔
مطلا (مُطَلّیٰ) سونے کا کام کیا ہوا۔
مطلاب (مِطْ۔ لَابْ) ڈھونڈنیکا آلہ جمع مَطالِیب
مطلب (مَطْ۔ لَبْ) ارادہ، معنی، ڈھونڈھنے کی جگہ جمع مَطالِب (مِطْ۔ لَبْ) ڈھونڈھنے کا آلہ جمع مَطالِب (مُطْ۔ طَلِبْ) ڈھونڈھنے والا۔

مطلع (مُطْ۔ طَلَعْ) خبردار کیا ہوا (مُطْ۔ طَلِعْ) خبردار کرنیوالا (مَطْ۔ لَعْ) طلوع ہونیکی جگہ، نظم کا شروع شعر جمع مَطالِع۔
مطلق (مُطْ۔ لَقْ) آزاد، بے قید، رواں کیا گیا، کھولا ہوا، کلمۂ حصر (مُطْ۔ لِقْ) کھولنے والا، کہنے والا، دست لانیوالا (مُطَلِّقْ) عورت کو آزادی دینیوالا، طلاق دینیوالا۔
مطلقاً (مُطْ۔ لَقَنْ) بطور مطلق، قطعی طور پر۔
مطلق العنان (مُطْ۔ لَقُلْ۔ عِنَانْ) بے لگام۔
مطلقہ (مُطَلَّقَہ) آزاد کی ہوئی، طلاق دی ہوئی۔
مطلوب (مَطْ۔ لُوْب) طلب کیا ہوا، ڈھونڈھا ہوا۔
مطلوقہ (مَطْ۔ لُوْ۔ قَہ) طلاق دی ہوئی۔
مطمح (مَطْ۔ مَحْ) نظر پڑنے کی جگہ جمع مَطامِح۔
مطمر (مِطْ۔ مَرْ) راج کا سوت۔
مطمع (مَطْ۔ مَعْ) للچانیکی جگہ جمع مَطامِع (مُطْ۔ مِعْ) طمع میں ڈالنے والا، اٹکل، یا دام (مُطْ۔ مَعْ) طمع میں ڈالا ہوا۔
مطملہ (مِطْ۔ مَلَہ) بیلن۔
مطمورہ (مَطْ۔ مُوْ۔ رَہْ) تہ خانہ۔
مطموع (مَطْ۔ مُوْع) لالچ کیا ہوا۔
مطمئن (مُطْ۔ مَ۔ اِنْ) آسودہ، سکون پانیوالا۔
مطنب (مُطْ۔ نِبْ) لمبی بات کرنیوالا۔
مطواء (مِطْ۔ وَاءْ) انگڑائی، باسک۔
مطوع (مُطَّوَّع) وہ مسلمان جو جہاد سے مستثنیٰ ہو مگر خود اپنی خوشی سے جہاد کرے۔
مطوق (مُطَوَّقْ) طوق پہنانیوالا (مُطَوَّقْ) طوق پہنایا ہوا۔
مطول (مُطَوِّلْ) لمبا کرنیوالا (مُطَوَّلْ) لمبا کیا ہوا۔
مطوہ (مِطْ۔ وَہْ) چاقو۔
مطوی (مَطْ۔ وِیْ) گتھی، الجھن جمع مَطاوِی۔
مطہر (مُطَہْ۔ ہِرْ) پاک ہونیوالا (مُطَہْ۔ ہَرْ) پاک

کیا ہوا (مُطَہ ہِر) پاک کرنے والا، بھنگی۔
مطہرہ (مِطْ ہَرَہ) پاک ہونیکا آلہ، چھاگل، آفتابہ، غسل خانہ۔
مطیب (مُطَیِّب) اچھی خوشبو دینے والا، پاک ہونیوالا (مُطَیَّب) پاک اور خوشبودار کیا ہوا۔
مطیر (مُطَیَّر) پرندکی تصویر کھینچا ہوا، شرمندہ (مَطِیْر) برسنے والا۔
مطیع (مُطِیْع) فرماں بردار، اطاعت کرنے والا۔
مطین (مُطَیَّن) مٹی سے لیپا ہوا۔
مطیہ (مَطِیَّہ) سواری، مرکب جمع مَطَایا۔
مظ (مَظّ) گلنار۔
مظالم (مَظَالِم) مظلمہ کی جمع۔
مظان (مَظَانّ) مظنہ کی جمع، گمان کرنیکی جگہ۔
مظاہر (مُظَاہِر) مظاہرہ کرنیوالا جمع مُظَاہِرِیْن (مَظَاہِر) مظہر کی جمع۔
مظاہرہ (مُظَاہَرَہ) باہم ظاہر ہونا، باہم پشت ہونا۔
مظروف (مَظْرُوْف) برتن میں رکھی ہوئی چیز۔
مظفر (مُظَفَّر) فتحمند کیا ہوا۔
مظل (مِظَلّ) چھاؤں کرنیکا آلہ، سائبان (مُظِلّ) چھاؤں کرنیوالا (مُظَلّ) چھاؤں کیا ہوا۔
مظلل (مُظَلَّل) سایہ ڈالا ہوا۔
مظلم (مُظْلِم) تاریک (مَظْلَم) اندھیری جگہ۔
مظلمہ (مَظْلِمَہ) جور، جفا، ستم، سزا دہی کی جگہ جمع مَظَالِم (مُظْلِمَہ) تاریک۔
مظلوم (مَظْلُوْم) ستم رسیدہ جمع مَظْلُوْمِیْن۔
مظلومی (مَظْلُوْمِی) مظلوم ہونا۔
مظلومیت (مَظْلُوْمِیَّت) مظلوم پن۔
مظلہ (مِظَلَّہ) سائبان (مَظَلَّہ) چھتر۔
مظنون (مَظْنُوْن) گمان کیا ہوا۔
مظنہ (مَظِنَّہ) گمان کرنیکی جگہ، شبہ جمع مَظَانّ۔
مظہر (مَظْہَر) ظاہر ہونیکی جگہ جمع مَظَاہِر (مُظْہِر) ظاہر کرنیوالا (مُظْہَر) ظاہر کیا ہوا۔
مع (مَعَ) ساتھ، با۔
معا (مِعَا) اوپر سے نیچے بہنے والی ندی، آنت، انتڑی روودہ جمع اَمْعَا۔
معاً (مَعًا) فوراً، اسی وقت۔
معابد (مَعَابِد) معبد کی جمع۔
معاتب (مُعَاتِب) عتاب کرنیوالا (مُعَاتَب) عتاب کیا ہوا۔
معاتبت (مُعَاتَبَت) آپسمیں عتاب کرنا۔
معاجین (مَعَاجِیْن) معجون کی جمع۔
معاد (مَعَاد) لوٹ کر جانیکی جگہ، آخرت۔
معاوات (مُعَادَات) باہمی دشمنی۔
معادل (مُعَادِل) مساوی، برابر۔
معادلت (مُعَادَلَت) انصاف پروری، برابری۔
معادن (مَعَادِن) معدن کی جمع۔
معاذ (مَعَاذ) جائے پناہ۔
معاذ اللہ (مَعَاذَ اللّٰہ) خدا کی پناہ۔
معاذیر (مَعَاذِیْر) معذرت کی جمع۔
معارزہ (مُعَارَزَہ) باہم دشمنی کرنا، دور ہونا۔
معارض (مُعَارِض) برابری کرنے والا۔
معارضہ (مُعَارَضَہ) برابری کرنا۔
معارف (مَعَارِف) معرفت کی جمع، اہل علم و فضل، نامور لوگ، محکمہ تعلیم، شناسائی (مُعَارِف) آشنا، پہچاننے والا۔
معرکیت، معارکہ (مُعَارَکَت، مُعَارَکَہ) باہمی جنگ۔
معاش (مَعَاش) وہ چیز جس سے زندگی بسر کی جاوے، پیشہ، زندگی کی جگہ، دنیا۔
معاشر (مُعَاشِر) ہمنشین جمع مُعَاشِرِیْن (مَعَاشِر) معشر کی جمع۔
معاشرت (مُعَاشَرَت) مل جل کر زندگی بسر کرنا۔

معاشی (مُعَا۔شِیْ) منسوب بہ معاش، معاش والی چیز۔
معاشیات (مُعَا۔شِیْ۔یَاتْ) معاشی کی جمع معاش سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔
معاصر (مُعَا۔صِرْ) ہمعصر، ہم زمانہ جمع مُعَاصِرِیْن۔
معاصرت (مُعَا۔صَرَتْ) ہم زمانہ ہونا۔
معاصی (مَعَا۔صِیْ) معصیت کی جمع۔
معاضد (مُعَا۔ضِدْ) مددگار۔
معاضدت (مُعَا۔ضَدَتْ) مددگاری۔
معاطات (مُعَا۔طَاتْ) کچھ دینا، خدمت کرنا۔
معاطفت (مُعَا۔طَفَتْ) مہربانی کرنا۔
معاف (مُعَافْ) بخشا ہوا۔
معافی (مُعَا۔فِیْ) ا۔ منسوب بہ معاف، بخشش ۲۔ معاف کرنیوالا (مُعَا۔فَا) بخشا ہوا۔
معاقب (مُعَا۔قِبْ) عقوبت دینے والا (مُعَا۔قَبْ) عقوبت دیا ہوا۔
معاقبت (مُعَا۔قَبَتْ) مار پیٹ، مار باندھ، عذاب دہی۔
معاقد (مُعَا۔قِدْ) عقد کر دینے والا، عہد باندھنے والا۔
معاقدت (مُعَا۔قَدَتْ) عہد باہمی، نکاح، گرہ بندی۔
معاقرت (مُعَا۔قَرَتْ) ہر وقت کوئی کام کرنا۔
معاقلہ (مُعَا۔قَلَہْ) عقل میں برابری کرنا۔
معالج (مُعَا۔لِجْ) علاج کرنیوالا جمع مُعَالِجِیْن۔
معالجت، معالجہ (مُعَا۔لَجَتْ، مُعَا۔لَجَہْ) علاج کرنا۔
معالمہ (مُعَا۔لَمَہْ) علم میں برابری کرنا۔
معالنہ (مُعَا۔لَنَہْ) کوئی چیز آشکارا کرنا۔
معامل (مُعَا۔مِلْ) معاملہ کرنے والا۔
معاملت، معاملہ (مُعَا۔مَلَتْ، مُعَا۔مَلَہْ) اشتراک عمل، کوئی بات جمع مُعَامَلَاتْ۔
معان (مَعَانْ) جگہ، مدد کرنا۔
معانات (مُعَا۔نَاتْ) دُکھ جھیلنا، رنج اٹھانا۔
معاند (مُعَا۔نِدْ) دشمن، عناد رکھنے والا۔
معاندت (مُعَا۔نَدَتْ) باہمی دشمنی۔

معانق (مُعَا۔نِقْ) گلے ملنے والا، بغل گیر ہونے والا۔
معانقہ (مُعَا۔نَقَہْ) بغل گیری، گلے ملنا۔
معانی (مَعَا۔نِیْ) معنی کی جمع۔
معاودت (مُعَا۔وَدَتْ) واپسی۔
معاورہ (مُعَا۔وَرَہْ) کوئی چیز دینا۔
معاوضت، معاوضہ (مُعَا۔وَضَتْ، مُعَا۔وَضَہْ) بدلا اُتارنا۔
معاون (مُعَا۔وِنْ) مددگار جمع مُعَاوِنِیْن۔
معاونت (مُعَا۔وَنَتْ) مددگاری۔
معاہد (مُعَا۔ہِدْ) عہد کرنے والا۔
معاہدہ (مُعَا۔ہَدَہْ) عہد باہمی۔
معاہرہ (مُعَا۔ہَرَہْ) زنا کرنا۔
معائب (مَعَا۔ئِبْ) عیب کی جمع۔
معائش (مَعَا۔ئِشْ) معیشت کی جمع (مُعَا۔ئِشْ) چین سے بسر کرنے والا۔
معایشت (مُعَا۔یَشَتْ) کسی کے ساتھ چین سے بسر کرنا۔
معاینہ (مُعَا۔یَنَہْ) کوئی چیز رو برو دیکھنا۔
معبد (مَعْ۔بَدْ) عبادت کی جگہ جمع مَعَابِدْ (مُعَبْ۔بِدْ) عبادت کرنیوالا (مُعَبْ۔بَدْ) عبادت کیا ہوا۔
معبر (مَعْ۔بَرْ) دریا عبور کرنیکی جگہ، گھاٹ جمع مَعَابِرْ (مِعْ۔بَرْ) عبور کرنیکا ذریعہ جمع مَعَابِرْ (مُعَبْ۔بِرْ) تعبیر کرنیوالا، تعبیر بتانیوالا (مُعَبْ۔بَرْ) تعبیر کیا ہوا۔
معبلہ (مِعْ۔بَلَہْ) پیکان۔
معبود (مَعْ۔بُوْدْ) جسکو پوجیں، پوجا ہوا۔
معتاد (مُعْ۔تَادْ) عادت پڑا ہوا، عادت ڈالنے والا۔
معتبر (مُعْ۔تَبَرْ) اعتبار کیا ہوا۔
معتد (مُعْ۔تَدْ) شمار میں لایا ہوا۔
معتدبہ (مُعْ۔تَدْ۔بِہْ، مُعْ۔تَدْ۔بِہِیْ) اسکو شمار میں لایا ہوا۔
معتدل (مُعْ۔تَدِلْ) درمیانی۔
معتدی (مُعْ۔تَدِیْ) حد سے تجاوز کرنے والا۔

معتذر (ع۔ تَذِر) عذر کرنے والا۔
معترض (ع۔ تَرِض) اعتراض کرنے والا۔
معترف (ع۔ تَرِف) اعتراف کرنے والا۔
معتزل (ع۔ تَزِل) یکسو ہونے والا۔
معتزلہ (ع۔ تَزِلَہ) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔
معتزلی (ع۔ تَزِلی) فرقہ معتزلہ کا پیرو جمع معتزلین
معتصر (ع۔ تَصِر) جس کو پاخانہ جانے کی حاجت ہو۔
معتصم (ع۔ تَصِم) سہارا پکڑنے والا، پناہ لینے والا۔
معتضد (ع۔ تَضِد) مدد لینے والا۔
معتقد (ع۔ تَقِد) اعتقاد رکھنے والا۔
معتکف (ع۔ تَکِف) اعتکاف کرنے والا۔
معتل (ع۔ تَل) بیمار ہونے والا، حرف علت والا لفظ۔
معتمم (ع۔ تَمِم) رنگ کرنے والا (ع۔ تَمَم) رنگ کیا ہوا۔
معتمد (ع۔ تَمَد) اعتماد کیا ہوا۔
معتمد سیاسی (ع۔ تَمَدِ سیاسی) رزیڈنٹ۔
معتمد علیہ (ع۔ تَمَد عَلَیہِ) جس پر اعتماد ہو۔
معتنی (ع۔ تَنِی) تیمارداری کرنے والا، اہتمام کرنے والا۔
معتوب (ع۔ تُوب) عتاب کیا ہوا۔
معتوہ (ع۔ تُوہ) بہکا ہوا جو کبھی باؤلوں کی باتیں کرے کبھی ہوشیاروں کی۔
معجب (ع۔ جِب) حیرانی میں ڈالنے والا (ع۔ جَب) حیرانی میں ڈالا ہوا (ع۔ جِب) غرور کرنے والا (ع۔ جَب) غرور کیا ہوا۔
معجر (ع۔ جَر) اوڑھنی۔
معجز (ع۔ جِز) خرق عادت، عاجز کرنے والا (ع۔ جَز) عاجز کیا ہوا۔
معجزہ (ع۔ جِزَہ) عاجز کرنے والا، وہ فوق العادت بات جو نبی سے ظاہر ہو جمع معجزات۔
معجل (ع۔ جَل) جلدی کیا ہوا (ع۔ جِل) جلدی کرنے والا (ع۔ جِل) دوڑانے والا (ع۔ جَل) دوڑایا ہوا۔
معجم (ع۔ جَم) نقطہ والا حرف (ع۔ جَم) وہ عربی لفظ جس کو عجمی اپنے روزمرہ میں بولتے ہیں۔
معجمہ (ع۔ جَمَہ) دیکھو معجم (ع۔ جِمَہ) دیکھو معجم۔
معجن (ع۔ جَن) لگن، طشت۔
معجون (ع۔ جُون) گوندھا ہوا، خمیر کیا ہوا، قوام میں طیار کی ہوئی دوا جمع معاجین۔
معد (ع۔ عِد) آمادہ اور طیار کرنے والا (ع۔ عَد) آمادہ اور طیار کیا ہوا۔
معد، معدہ (ع۔ عَد، عَدَہ) شمار کیا ہوا، سازوسامان کیا ہوا۔
معدل (ع۔ عَدِل) برابر کرنے والا، ٹھیک کرنے والا۔
معدلت (ع۔ دِلَت) عدل و انصاف۔
معدم (ع۔ دِم) نیست کرنے والا۔
معدن (ع۔ دِن) زمین کی کان جمع معادن۔
معدنی (ع۔ دِنی) وہ چیز جو کان سے نکالی جائے۔
معدود (ع۔ دُود) تھوڑی چیز، گنا ہوا، شمار کیا ہوا۔
معدوم (ع۔ دُوم) مٹایا ہوا، گم۔
معدہ (ع۔ دَہ، مِعدَہ) غذا ہضم کرنے والا عضو۔
معذار (ع۔ ذار) پردہ، پوشش جمع معاذیر۔
معذب (ع۔ عَذِّب) عذاب کیا ہوا (ع۔ عَذِّب) عذاب کرنے والا۔
معذبہ (ع۔ عَذِّبَہ) مصیبت میں ڈالنے والی چیز۔
معذر (ع۔ عَذِّر) عذر کرنے والا (ع۔ عَذَّر) عذر کیا ہوا۔
معذرت (ع۔ ذِرَت) عذرداری جمع معاذیر۔
معذور (ع۔ ذُور) عذر کیا ہوا۔
معذول (ع۔ ذُول) ملامت کیا ہوا۔
معرا (ع۔ عَرّا) برہنہ، ننگا، خالی۔
معراج (ع۔ راج) اوپر چڑھنے کا آلہ، سیڑھی جمع معارج، معاریج، سردار دو جہاں کا آسمانوں پر تشریف لے جانے کا معجزہ۔
معرب (ع۔ عَرَّب) غیر عربی لفظ عربی بنایا ہوا (ع۔ رِب) اعراب لگایا ہوا (ع۔ رِب) اعراب لگانے والا، بیان کرنے والا۔

معربد (مُعَر۔ بَد) بدخو، لڑاکا۔
معرج (مع۔ رَج) اوپر چڑھنے کا آلہ، سیڑھی جمع مَعَارِج
(مع۔ رَج) اوپر چڑھنے کی جگہ۔
معرس (مع۔ رَس) رات میں اترنے کی جگہ جمع مَعَارِس۔
معرض (مع۔ رَض) نمائشگاہ، کوئی چیز ظاہر کرنے کی
جگہ جمع مَعَارِض (مُع۔ رِض) اعتراض کرنیوالا،
منہ پھیرنیوالا (مع۔ رَض) اعتراض کیا ہوا، منھ پھیرا ہوا۔
معرف (مُعَر۔ رِف) تعریف کرنیوالا (مُعَر۔ رَف) تعریف
کیا ہوا (مع۔ رَف) پہچاننے کی جگہ جمع مَعَارِف۔
معرفت (مع۔ رِفت) جان پہچان، شناخت، ذریعہ۔
معرق (مُعَر۔ رِق) پسینہ لانیوالی چیز۔
معرکہ (مع۔ رِکہ) میدان جنگ جمع مَعَارِک۔
معروری (مُع۔ رَو۔ رِی) گھوڑے کی ننگی پیٹھ کا سوار
معروض (مع۔ رُوض) پیش کیا ہوا، عرض کیا ہوا۔
معروضہ (مع۔ رُو۔ ضَہ) عرض کیا ہوا، عرضی۔
معروف (مع۔ رُوف) پہچانا ہوا، مشہور، نیکی، وہ
فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔
معز (مُعِز) عزت کیا ہوا (مُعِز) عزت دینے والا، نام
اللہ تعالیٰ (مع۔ز) بکرا، بکری۔
معزز (مُعَز۔ زَز) عزت کیا ہوا، عزتدار۔
معزق (مع۔ زَق) کھودنے کا آلہ، کدال۔
معزل (مُعَز۔ زَل) برطرف کیا ہوا (مع۔ زِل)
تکلا، دوک۔
معزم (مُعَز۔ زِم) افسوں گر، عزیمت خواں (مُعَز۔ زَم)
منتر پھونکا ہوا۔
معزول (مع۔ زُول) بیکار کیا ہوا، برطرف۔
معزولی (مع۔ زُو۔ لی) برطرفی۔
معزہل (مُعَز۔ ہَل) خوش خوراک۔
معزی (مُعَز۔ زِی) تعزیت کرنیوالا (مُعَز۔ زِی)
منسوب طرف مُعِز، خدائی (مع۔ زِی) منسوب۔
معزی الیہ (مع۔ زِی۔ اِلَیہ) منسوب الیہ۔

معسر (مع۔ سِر) کنگال، فقیر (مُعَس۔ سَر) دشوار۔
معسکر (مُعَس۔ کَر) فوج کا پڑاؤ، چھاؤنی۔
معشار (مع۔ شار) دسواں حصہ، محصول لینا۔
معشر (مع۔ شَر) عزیزوں اور دوستوں کی جماعت
جمع مَعَاشِر (مُعَش۔ شَر) دس گوشوں والی چیز۔
معشوش (مع۔ شُوش) اکٹھا کیا ہوا، بہت سے پیوند کا کپڑا۔
معشوق (مع۔ شُوق) وہ مرد جس پر کوئی عاشق ہو۔
معشوقہ (مع۔ شُو۔ قَہ) وہ عورت جس پر کوئی عاشق ہو۔
معشوقی (مع۔ شُو۔ قی) محبوبی۔
معشوقیت (مع۔ شُو۔ قی۔ یَت) محبوبیت، محبوب پنا
معصار (مع۔ صار) دیکھو معصر۔
معصال (مع۔ صال) چوگان، منجن۔
معصر، معصرہ (مع۔ صَر، مع۔ صَرَہ) نچوڑنے کا آلہ،
کولھو جمع مَعَاصِر۔
معصفر (مُعَص۔ فَر) کسنبھ میں رنگی ہوئی چیز (مُعَ۔
صفر) کسنبھ۔
معصم (مع۔ صَم) ہاتھ کی کلائی۔
معصوم (مع۔ صُوم) بے گناہ، گناہ سے باز رہا ہوا
جمع مَعصُومِین۔
معصومی (مع۔ صُو۔ می) بے گناہی۔
معصومیت (مع۔ صُو۔ می۔ یَت) بے گناہی پن۔
معصیت (مع۔ صِیَت) گناہ، نافرمانی جمع مَعَاصِی۔
معضل (مُع۔ ضِل) دشوار، مشکل کرنے والا۔
معضلات (مُع۔ ضِلات) معضل کی جمع، دشواریاں۔
معطر (مُعَط۔ طَر) خوشبو میں بسا ہوا (مع۔ طَر) عطردان۔
معطش (مُعَط۔ طِش) پیاس لگانیوالی چیز۔
معطل (مُعَط۔ طَل) بیکار، برطرف کیا ہوا۔
معطلی (مُعَط۔ طَلی) برطرفی، بیکاری۔
معطوف (مع۔ طُوف) پلٹا ہوا، لپیٹا ہوا۔
معطی (مُع۔ طِی) عطا کرنے والا۔
معظم (مُعَظ۔ ظَم) تعظیم کیا ہوا، بزرگ۔

معظمات (مُعَظْ ظَمَات) بزرگ چیزیں۔
معظمہ (مُعَظْ ظَمَہ) بزرگ عورت، تعظیم کی ہوئی۔
معظمی (مُعَظْ ظَمِی) میرے معظم، میرے بزرگ۔
معفو (مَعْ۔ فُو) معاف کیا ہوا۔
معقب (مُعَق۔ قِب) پیچھے سے آنے والا۔
معقد (مَعْ۔ قَد) عقد کی جگہ، پیوند لگانے کی جگہ
گرہ باندھنے کی جگہ جمع معاقد۔ (مُعَق۔ قَد)
بندھا ہوا، گرہ لگا ہوا، مشکل اور دقیق کلام۔
معقل (مَعْ۔ قِل) جائے پناہ، قلعہ، سر۔ جمع معاقل
معقود (مَعْ۔ قُود) گرہ لگایا ہوا، عقد کیا ہوا۔
معقول (مَعْ۔ قُول) جو عقل کو پسند ہو، عقل میں
لایا ہوا، باندھا ہوا۔
معقولی (مَعْ۔ قُو۔ لِی) منطقی۔
معقولیت (مَعْ۔ قُو۔ لِی۔ یَت) معقول پن۔
معک (مَعَ۔ کَ) تیرے ساتھ۔
معک اللہ (مَعَکَلْ۔ لَاہ) اللہ تیرے ساتھ ہو۔
معکوس (مَعْ۔ کُوس) اُلٹا، اوندھا۔
معلاق (مِعْ۔ لَاق) لٹکانے کا آلہ جمع معالیق۔
معلف (مِعْ۔ لَف) گھاس کاٹنے کا آلہ (مَعْ۔ لَف)
گھوڑوں کے گھاس کھانے کی جگہ۔
معلق (مُعَلْ۔ لَق) لٹکا ہوا، ادھر۔
معلل (مُعَلْ۔ لِل) سبب کہنے والا، بیماری دور کرنے والا
(مُعَلْ۔ لَل) سیراب کیا ہوا، سبب کیا ہوا۔
معلم (مُعْ۔ لِم) آگاہ کرنیوالا (مُعْ۔ لَم) نقشین چیز، نقش کا کام
کیا ہوا، آگاہ کیا ہوا (مَعْ۔ لَم) علامت، نشانی جمع معالم (مُعَلْ۔
لَم) تعلیم دیا ہوا، سکھلایا ہوا (مُعَلْ۔ لِم) تعلیم دینے والا،
سکھلانیوالا، جہاز کا ملاح جمع معلمین۔
معلم الملکوت (مُعَلْ۔ لِمُلْ۔ مَلَکُوت) فرشتوں کا معلم،
لقب شیطان۔
معلن (مُعْ۔ لِن) اعلان کرنیوالا (مُعْ۔ لَن) اعلان کیا ہوا۔
معلول (مَعْ۔ لُول) علت کیا ہوا، وہ چیز جسکا کوئی سبب ہو۔

معلوم (مَعْ۔ لُوم) جانا ہوا، وہ بات جس کا علم ہو،
مال و زر، روپیہ۔
معلومہ (مَعْ۔ لُو۔ مَہ) جانی ہوئی چیز جمع معلومات۔
معلومی (مَعْ۔ لُو۔ مِی) جانا ہوا۔
معلی (مُعَلْ۔ لَا) بلند کیا ہوا، برتر (مَعْ۔ لَا) بلند رتبہ
جمع معالی۔
معما (مُعَم۔ مَا) چھپی ہوئی چیز، اندھا کیا ہوا، چیستاں، پہیلی
معمار (مِعْ۔ مَار) آباد کرنیوالا، عمارت بنانیوالا،
راج، مستری۔
معماری (مِعْ۔ مَا۔ رِی) راج گیری۔
معمر (مُعَم۔ مَر) لمبی عمر پایا ہوا، بوڑھا، تعمیر کیا ہوا، آباد کیا ہوا۔
معمعان (مَعْ۔ مَعَان) چلچلاتی گرمی، شدت گرمی۔
معمل (مَعْ۔ مَل) عمل کرنے کی جگہ، کام کرنے کی جگہ، لیبوریٹری
جمع معامل (مُعَم۔ مِل) عمل دینے والا (مُعَم۔ مَل)
عمل دیا ہوا، عمل دینے کی جگہ (مُعْ۔ مِل) کام میں لانیوالا
(مُعْ۔ مَل) کام میں لایا ہوا، راستہ چلا ہوا، سلوک۔
معمم (مُعَم۔ مَم) عمامہ یا پگڑی باندھا ہوا، عام کیا ہوا
شامل کیا ہوا، سردار بنایا ہوا۔
معمور (مَعْ۔ مُور) آباد، بھرا ہوا۔
معمورہ (مَعْ۔ مُو۔ رَہ) بستی، آبادی، شہر جمع معمورات۔
معموری (مَعْ۔ مُو۔ رِی) آبادی، بھری۔
معموریت (مَعْ۔ مُو۔ رِی۔ یَت) بھرا ہوا پن، لبالب۔
معمول (مَعْ۔ مُول) عمل کیا ہوا، جس پر کوئی عمل کیا
جاوے، جمع معمولین، روزمرہ کا کام کاج جمع معمولات۔
معمولی (مَعْ۔ مُو۔ لِی) سرسری، رسمی، مروجہ۔
معمی (مُعَم۔ مَا) دیکھو معما۔
معناً (مَعْ۔ نَن) بطور معنی، اشارتاً۔
معنبر (مُعَم۔ بَر) وہ چیز جس میں عنبر ملایا گیا ہو،
خوشبودار، سیاہ رنگ۔
معنقہ (مِعْ۔ نَقَہ) گردن کے آبخوں کی چیز، گلا بند
معنن (مُعَن۔ نِن) نامرد بنانیوالا، کتاب کا عنوان

لکھنے والا (مُعَنْ ۔نَنْ) نامزد بنایا ہوا، عنوان لکھا ہوا۔
معنون (مَعْ۔نُوْن) عنوان کیا ہوا۔
معنوی (مَعْ۔نَوِی) باطنی۔
معنویت (مَعْ۔نَوِیْ یَتْ) باطن پن۔
معنی (مَعْ۔نَا، مَعْ۔نِیْ) قصد کیا ہوا، مراد، مطلب، ترجمہ، قصد کی جگہ جمع مَعَانِیْ (مُعَنْ نِیْ) عنایت کرنیوالا، رنج پہونچانیوالا (مُعَنْ۔نَا) وہ نرجس کو تمام رنج کیا ہوا، ہمیشہ رنج ہو۔
معوج (مُعَوْ۔وَجْ) ٹیڑھا، کج (مَعْوُوْج) گھوڑا، گدھا، ہوا کا جھکڑ۔
معوضت (مَعْ۔وِضَتْ) بدلے کی چیز۔
معوق (مُعَوْ۔وَقْ) باز رکھا ہوا، مشکل، دشوار۔
معول (مُعَوْ۔وَلْ، مُعَوْ۔وِلْ) اعتماد کیا ہوا (مِعْ۔وَلْ) بھروسہ کی جگہ، مدد مانگنے کی جگہ (مِعْ۔وَلْ) پتھر تراشنے کا آلہ (مُعَوْ۔وِلْ) اعتماد کرنیوالا۔
معونت (مَعُوْ۔نَتْ) مددگاری جمع مَعُوْن۔
معہذا (مَعَ۔ہَا۔ذَا) باوجود اس کے۔
معہود (مَعْ۔ہُوْد) عہد کیا ہوا، پیمان کیا ہوا، پرانا، قدیم، کہنہ۔
معیار (مِعْ۔یَار) محک، کسوٹی، چاندی سونا تولنے کا کانٹا۔
معیان (مِعْ۔یَانْ) شور چشم۔
معیب (مَعِیْب) عیب جمع مَعَائِب (مُعَیْ۔یَبْ) عیبدار، عیبی۔
معیت (مَعِیْ۔یَتْ) ساتھ، ساتھ۔
معید (مُعِیْد) اعادہ کرنیوالا، کام کا بار بار کرنیوالا۔
معیر (مُعِیْر) عاریتہً دینے والا، منگنی دینے والا۔
معیش (مَعِیْش) دیکھو معاش۔
معیشت (مَعِیْ۔شَتْ) زندگی، سبب زندگی جمع مَعَایِش۔
معیل (مُعِیْل) بہت سے بال بچوں والا۔

معین (مُعَیْ۔یَنْ) مقرر کیا ہوا، تعین کیا ہوا (مُعِیْن) مددگار (مَعِیْن) جاری، رواں۔
معینہ (مُعَیْ۔یَنَہ) مقرر کیا ہوا۔
معیوب (مَعْ۔یُوْب) خراب، عیبدار۔
مغ (مَغْ) گہرا، عمیق (مُغْ) آتش پرست جمع مُغَان۔
مغا (مَغَا) ساودی، خبر مرگ۔
مغاث (مُغَاثْ) نام دوا جو ایک جنگلی پیڑ کی چھال ہے۔
مغادرت (مُغَا۔دَرَتْ) باہمی بیوفائی۔
مغار (مَغَار) وہ غار جو پہاڑ میں ہو، کھوہ (مُغَار) سوراخ۔
مغارب (مَغَا۔رِبْ) مغرب کی جمع۔
مغارہ (مَغَا۔رَہْ) پہاڑ کی کھوہ۔
مغازلت (مُغَا۔زَلَتْ) باہمی غزل سرائی۔
مغازہ (مَغَا۔زَہْ) مخزن، میگزین۔
مغازی (مَغَا۔زِیْ) مغزی کی جمع۔
مغاسل (مَغَا۔سِلْ) مغسل کی جمع۔
مغاضبت (مُغَا۔ضَبَتْ) باہمی غضبناکی۔
مغافر (مَغَا۔فِرْ) مغفر کی جمع۔
مغاک (مَغَاکْ) گڑھا۔
مغالات (مُغَا۔لَاتْ) گراں خریدنا۔
مغالبت (مُغَا۔لَبَتْ) باہمی غلبہ ڈھونڈھنا۔
مغالطت، مغالطہ (مُغَا۔لَطَتْ، مُغَا۔لَطَہْ) غلطی میں ڈالنا۔
مغامرہ (مُغَا۔مَرَہْ) جنگ کے گھمسان میں ڈالنا۔
مغانہ (مُغَا۔نَہْ) آتش پرستوں کی طرح۔
مغایبت (مُغَا۔یَبَتْ) ایک دوسرے سے غائب ہونا۔
مغایر (مُغَا۔یِرْ) مخالف، ناموافق، غیر۔
مغایرت (مُغَا۔یَرَتْ) غیریت باہمی۔
مغایظہ (مُغَا۔یَظَہْ) باہم غصہ کرنا۔
مغبچہ (مُغْ۔بَچَہْ، مُغْ۔بَچْ چَہْ) آتش پرست کا بیٹا۔
مغبر (مُغْ۔بَرْ) غبار آلود۔
مغبن (مَغْ۔بَنْ) چڈھا۔

مغبوط، مغبوطہ (مَغ۔ بُوط، مَغ۔ بُو۔طَہ) وہ آدمی جس کی مانند ہونے کی کوشش کی جاوے۔
مغبون (مَغ۔ بُون) نقصان پہونچا یا ہوا۔
مغتذی (مُغ۔ تَذِی) غذا پانے والا۔
مغتسل (مُغ۔ تَسَل) غسل خانہ۔
مغتنم (مُغ۔ تَنَم) غنیمت سمجھا ہوا (مُغ۔ تَنِم) غنیمت لینے والا، غنیمت سمجھنے والا۔
مغرا (مُغَر۔ رَا) اچنبھے میں ڈالا ہوا، حیرتی، سریش سے چپکایا ہوا۔
مغرب (مَغ۔ رِب) غروب ہونیکی جگہ جمع مَغَارِب۔ سورج ڈوبنے کی جگہ، پچھم (مُغ۔ رِب) دور جانے والا، انوکھی چیز لانے والا۔
مغربی (مَغ۔ رِبِی) منسوب بہ مغرب، یورپی۔
مغربیت (مَغ۔ رِبِی۔ یَت) یورپ پنا، پچھم پن۔
مغرس (مَغ۔ رَس) پیڑ لگانے کی جگہ جمع مَغَارِس
مغرض (مُغ۔ رِض) خود غرض۔
مغرف (مُغ۔ رِف) چلو میں پانی لینے والا۔
مغرفہ (مِغ۔ رَفَہ) ڈوئی، کفگیر، کفچہ۔
مغرق (مُغَر۔ رَق) غرق کیا ہوا، چمکیلا، گنگا جمنی (مُغ۔ رَق) مبالغہ کیا ہوا، غرق کیا ہوا۔
مغرم (مَغ۔ رَم) ڈنڈ بھرنا۔
مغرور (مَغ۔ رُور) گھمنڈی، متکبر۔
مغروری (مَغ۔ رُو۔ رِی) گھمنڈ، تکبر۔
مغروق (مَغ۔ رُوق) ڈوبا ہوا، غرق کیا ہوا۔
مغرہ (مَغ۔ رَہ) گیرو، گل ارمنی۔
مغری (مُغ۔ رِی) چپکنے والا، لڑائی پر ابھارنے والا۔
مغز (مَغ۔ ز) گودا، مینگ، گری، دماغ، بھیجا۔
مغزل (مِغ۔ زَل) چرخے کا تکلا۔
مغزی (مَغ۔ زَا) میدان، جہاد جمع مَغَازِی (مَغ۔ زِی) کنارہ، گوٹ۔
مغسل (مُغ۔ سِل) نہلانے والا (مُغ۔ سَل) نہلایا ہوا۔ (مَغ۔ سَل) نہلانے کی جگہ جمع مَغَاسِل۔
مغسول (مَغ۔ سُول) دھویا ہوا، نہلایا ہوا۔ پھسپھسا کلام جس میں کوئی خوبی نہ ہو۔
مغشوش (مَغ۔ شُوش) ملونی کیا ہوا، غیر خالص۔
مغشی (مُغ۔ شِی) غش آنیوالا، بیہوش (مَغ۔ شَا) پہننے کی جگہ جمع مَغَاشِی (مُغَش۔ شِی) پہنانے والا، ڈھانپنے والا (مُغَش۔ شَا) پہنایا ہوا۔
مغص (مَغ۔ ص) مروڑ، پیچش، پیٹ کی اینٹھن۔
مغضب (مُغ۔ ضِب) غصہ والا، غصہ دلانے والا۔
مغضوب (مَغ۔ ضُوب) جس پر غصہ کیا گیا ہو۔
مغفر (مِغ۔ فَر) لوہے کا خود جمع مَغَافِر۔
مغفرت (مَغ۔ فِرَت) بخشش۔
مغفل (مُغ۔ فَل) مورکھ، کابیوہ۔
مغفور (مَغ۔ فُور) بخشا ہوا (مُغ۔ فُور) درختوں سے بہتا ہوا میٹھا گوند جمع مَغَافِیر۔
مغکدہ (مُغ۔ کَدَہ) میخانہ، شراب خانہ۔
مغل (مُ۔ غُل) نام قوم جمع مُغلان (مُغَل) نیند، آرام۔
مغلاج، مغلاچ (مِغ۔ لَاج، مِغ۔ لَاچ) چوگان کی گیند۔
مغلاط (مِغ۔ لَاط) غلط کار۔
مغلاغ (مِغ۔ لَاغ) دیکھو مغلاج۔
مغلاق (مِغ۔ لَاق) بند کرنیکا آلہ، قفل، زنجیر۔
مغلانی (مُغ۔ لَا۔ نِی) مغل عورت۔
مغلطہ (مَغ۔ لَطَہ) غلطی میں پڑنے کی جگہ جمع مَغَالِط
مغلظ، مغلظہ (مُغَل۔ لَظ، مُغَل۔ لَظَہ) درشت، سخت، مضبوط کیا ہوا۔
مغلق، مغلقہ (مُغ۔ لَق، مُغ۔ لَقَہ) بند دروازہ، وہ کلام جس کے معنی مشکل سے سمجھ میں آویں۔
مغلم (مُغ۔ لِم) اغلام کرنیوالا۔
مغلوب (مَغ۔ لُوب) غلبہ کیا ہوا، بے بس۔
مغلوط (مَغ۔ لُوط) غلط کیا ہوا۔
مغلوق (مَغ۔ لُوق) دروازہ بند کیا ہوا۔

مغلول (مَغْ۔ لُول) جسکی گردن میں سزا کا طوق ہو۔
مغمد (مُغْمَدْ) چھپایا ہوا، تلوار میان میں ڈالی ہوئی۔
مغمز (مُغْمِزْ) آنکھ اور بھوں سے اشارہ کرنیوالا، چغلخور۔
مغمور (مَغْ۔ مُوْر) ڈوبا ہوا۔
مغموز (مَغْ۔ مُوْز) معیوب، عیب ظاہر کیا ہوا، آنکھ کا اشارہ کیا ہوا، چغلی کھایا ہوا۔
مغموم (مَغْ۔ مُوْم) غمگین، رنجیدہ۔
مغناطیس (مَغْ۔ نَا۔ طِیْس) دیکھو مقناطیس۔
مغنم (مَغْ۔ نَمْ) غنیمت جمع مَغَانِم۔
مغنی (مُغَنْ۔ نِی) گانیوالا، گویا، ڈوم (مُغْ۔ نِی) بے نیاز کرنیوالا (مَغْ۔ نا) منزل، بیٹھنے کا جگہ جمع مَغَانِی۔
مغندگی (مُغَنْ۔ دَگِی) گومڑا پڑنا۔
مغندہ (مُغَنْ۔ دَہ) گومڑا۔
مغنیہ (مُغَنْ۔ نِیَہ) گانے والی، ڈومنی۔
مغول (مُغُلْ) دیکھو مغل (مُغْ۔ وَل) کپتی۔
مغوی (مُغْ۔ وِی) گمراہ کرنے والا۔
مغیب (مُغَیْ۔ یَبْ) غائب کیا ہوا (مُغِیْب) غائب ہونا۔
مغیث (مُغِیْث) فریادرس، دہائی کو پہنچنے والا۔
مغیر (مُغِیْر) غارتگر، ڈاکو، جلدباز (مُغَیْ۔ یَرْ) حالت بدلا ہوا (مُغَیْ۔ یِرْ) حالت بدلنے والا۔
مغیل، مغیلاں (مُغِیْل، مُغِیْ۔ لَاں) ببول، کیکر۔
مفاتحت (مُفَا۔ تَحَتْ) شروع کرنا، باہم مل کر حاکم کے آگے جانا۔
مفاجا، مفاجات (مُفَا۔ جَا، مُفَا۔ جَاتْ) ناگاہ، دفعتہً، یکایک۔
مفاخر (مُفَا۔ خِرْ) فخر کرنیوالا (مَفَا۔ خِرْ) مفخرت کی جمع۔
مفاخرت (مُفَا۔ خَرَتْ) فخر باہمی، آپس کا گھمنڈ۔
مفاخرہ (مُفَا۔ خِرَہْ) فخر کرنے والی۔
مفاد (مَفَادْ) فائدہ کی جگہ۔
مفارق (مُفَا۔ رِقْ) جدا ہونے والا۔
مفارقت (مُفَا۔ رَقَتْ) جدائی۔

مفارہ (مَفَا۔ رَہْ) چوہے کے رہنے کا بل۔
مفاز (مَفَازْ) منزل مقصود، پہنچنے کی جگہ جمع مَفَاوِزْ۔
مفازہ (مَفَا۔ زَہْ) جنگل، بیابان، رہائی پانے کی جگہ، کامرانی کی جگہ۔
مفاسد (مَفَا۔ سِدْ) مفسدہ کی جمع۔
مفاصل (مَفَا۔ صِلْ) مفصل کی جمع۔
مفاصلت، مفاصلہ (مُفَا۔ صَلَتْ، مُفَا۔ صَلَہْ) فصل باہمی، آپس کی دوری۔
مفاضلہ (مُفَا۔ ضَلَہْ) فضل و ہنر میں برابری کرنا۔
مفاغمہ (مُفَا۔ غَمَہْ) بوسہ دینا۔
مفاکہہ (مُفَا۔ کَہَہْ) ہنسی دل لگی کرنا۔
مفالیج (مَفَا۔ لِیْج) مفلوج کی جمع۔
مفالیس (مَفَا۔ لِیْس) مفلس کی جمع۔
مفاوضت، مفاوضہ (مُفَا۔ وَضَتْ، مُفَا۔ وَضَہْ) باہمی راز گوئی۔
مفاوہہ (مُفَا۔ وَہَہْ) خطا بڑے کا چھوٹے کو، مشورہ کرنا، بات کہنا۔
مفایشہ (مُفَا۔ یَشَہْ) شیخی، ڈینگ، لن ترانی۔
مفت (مُفْ۔ ت) وہ چیز جو بے محنت ملے۔
مفتاح (مِفْ۔ تَاحْ) کھولنے کا آلہ، کنجی، تالی جمع مَفَاتِیْح۔
مفتتن (مُفْ۔ تَتَنْ) فتنہ میں ڈالا ہوا، فتنہ اٹھایا ہوا۔
مفتح (مَفْ۔ تَحْ) فتح کا مقام، کھولنے کی جگہ، خزانہ جمع مَفَاتِحْ، (مِفْ۔ تَحْ) کھولنے کا آلہ، فتح کا آلہ، کنجی جمع مَفَاتِحْ۔
مفتخر (مُفْ۔ تَخِرْ) گھمنڈ کرنیوالا (مُفْ۔ تَخَرْ) گھمنڈ کیا ہوا۔
مفتر (مُفْ۔ تَرْ) کمزور، درماندہ۔
مفترض (مُفْ۔ تَرَضْ) فرض کیا ہوا۔
مفترع (مُفْ۔ تَرَعْ) اختراع کیا ہوا (مُفْ۔ تَرِعْ) اختراع کرنیوالا۔

مفترق (مُف۔ تَرِق) فرق ڈالنے والا (مُف۔ تَرَق) فرق ڈالا ہوا۔
مفتری (مُف۔ تَرِی) بہتان اٹھانیوالا، افترا کرنیوالا
مفتش (مُفَت۔ تِش) تلاش کرنیوالا (مُفَت، تَش) تلاش کیا ہوا۔
مفتقد (مُف۔ تَقَد) گم کیا ہوا، بازپرس کیا ہوا۔
مفتقر (مُف۔ تَقِر) فقیر، کنگال۔
مفتل (مُف۔ تَل) بٹا ہوا، بل لگایا ہوا۔
مفتن (مُفَت، تِن) فتنہ انگیز۔
مفتوح (مَف۔ تُوح) فتح کیا ہوا، کھولا ہوا۔
مفتول (مَف۔ تُول) بٹا ہوا، بھنیوال۔
مفتون (مَف۔ تُون) شیفتہ، عاشق، فتنہ میں ڈالا ہوا۔
مفتی (مُف۔ تِی) فتوا دینے والا۔
مفتح (مُفَتَّح، تَح) کچا رکھنے والا، ہاضم کی ضد۔
مفتخر (مُف۔ تَخِر) فخر کیا ہوا، بہت بزرگ (مُف۔ تَخَر) فخر کرنیوالا (مَف۔ تَخِر) گھمنڈ کرتا۔
مفخرت (مَف۔ خَرَت) مایۂ ناز جمع مَفَاخِر۔
مفخم (مُفَخَّم، خَم) بڑائی کیا ہوا، عزت و حرمت کیا ہوا، وہ حرف جو مالہ نکیا گیا ہوا (مُفَخِّم، خِم) بڑا کرنیوالا۔
مفد (مَفَد) فائدہ کی جگہ جمع مَفَاد۔
مفر (مَفَر) بچاؤ جمع مَفَار (مَفِر) بھاگنے کی جگہ (مُفِر) بھاگنے والا (مِفَر) بھاگنے کا آلہ۔
مفراح (مِف۔ رَاح) بیحد خوشی کرنیوالا آدمی۔
مفراض (مِف۔ رَاض) چاندی کاٹنے کی کترنی۔
مفرج (مُف۔ رِج) ننھے بچوں والی مرغی (مُفَر، رَج) کنگھی، کنگھا (مُفَرِّ، رِج) غم دور کرنے والا۔
مفرح (مُفَرِّ، رِح) فرحت دینے والا (مُفَرَّ، رَح) فرحت دیا ہوا (مَف۔ رَح) خوشی کی جگہ جمع مَفَارِح
مفرد، مفردہ (مُف۔ رَد، مُف۔ رَ۔ دَہ) تنہا، اکیلا کیا ہوا۔
مفرز (مُف۔ رِز) جدا کرنیوالا (مُف۔ رَز) جدا کیا ہوا۔

مفرش (مَف۔ رَش) اوڑھنا بچھونا وغیرہ، بچھنے کی چیز جمع مَفَارِش (مُفَر، رَش) فرش بچھایا ہوا (مُفَرِّ، رِش) فرش بچھانے والا۔
مفرط (مُف۔ رِط) زیادہ، حد سے گزرنیوالا (مُف۔ رَط) حد سے گزرا ہوا (مُفَرِّ، رِط) گھٹانے والا (مُفَرَّ، رَط) گھٹایا ہوا۔
مفرع، مفرعہ (مَف۔ رَع، مَف۔ رَعَہ) پناہ گاہ، پانی گرنے کی جگہ جمع مَفَارِع۔
مفرق (مُفَرِّ، رِق) پراگندہ کرنیوالا، تفریق کرنیوالا (مُفَرَّ، رَق) پراگندہ کیا ہوا (مَف۔ رِق) سر کی مانگ جمع مَفَارِق۔
مفروح (مَف۔ رُوح) شادمانی کیا ہوا۔
مفروز (مَف۔ رُوز) جدا کیا ہوا۔
مفروش (مَف۔ رُوش) بچھونا، بچھایا ہوا۔
مفروض، مفروضہ (مَف۔ رُوض، مَف۔ رُو۔ ضَہ) مانا ہوا، فرض کیا ہوا۔
مفروع (مَف۔ رُوع) گرایا ہوا۔
مفروق (مَف۔ رُوق) فرق کیا ہوا۔
مفزع (مَف۔ زَع) پناہ گاہ (مُفَزِّ، زِع) دلیر، بزدل۔
مفسد (مُف۔ سِد) فساد کرنیوالا جمع مُفسِدِین۔
مفسدہ (مَف۔ سَدَہ) خرابی کی جگہ جمع مَفَاسِد۔
مفسر (مُفَسِّ، سِر) تفسیر کرنیوالا، بیان کرنے والا جمع مُفَسِّرِین (مُفَسَّ، سَر) تفسیر کیا ہوا۔
مفسوخ (مَف۔ سُوخ) فسخ کیا ہوا، پہلی صورت بگاڑی ہوئی، عہد توڑا ہوا۔
مغشوش (مَغ۔ شُوش) کھوٹا، بیہودہ، جھوٹا۔
مفصد (مَف۔ صَد) فصد کھولنے کی جگہ جمع مَفَاصِد۔
مفصل (مَف۔ صِل) بدن کا جوڑ، جدا ہونے کی جگہ جمع مَفَاصِل (مُفَص، صَل) تفصیل کیا ہوا (مِف۔ صَل) زبان جمع مَفَاصِل۔
مفضال (مِف۔ ضَال) بڑا احسان کرنے والا۔

مفضح (مُفَض۔ ضِح) رسوا کرنیوالا (مُفَض۔ ضَح) رسوا کیا ہوا۔
مفضض (مُفَض۔ ضَض) چاندی کا کام، لقرہ کوب
مفضل (مُفَض۔ ضَل) فوقیت دیا ہوا، بڑھایا ہوا (مُفَض۔ ضِل) فوقیت دینے والا، بڑھانے والا (مُف۔ ضِل) نیکی کرنے والا، بڑھانیوالا (مُف۔ ضَل) نیکی کیا ہوا، بڑھایا ہوا (مَف۔ ضَل) نقص کی جگہ جمع مَفَاضِل۔
مفضول (مَف۔ ضُول) فضیلت دیا ہوا، بڑھایا ہوا
مفضی (مُف۔ ضِی) پہونچانے والا۔
مفطر (مُف۔ طِر) روزہ کھولنے والا (مُفَط۔ طِر) کسی کا روزہ کھلوانے والا۔
مفطور (مَف۔ طُور) پیدا کیا ہوا، پھاڑا ہوا۔
مفعول (مَف۔ عُول) فعل کیا ہوا، کام کیا ہوا۔
مفقر (مُف۔ قِر) فقیر ایسے کھانا دانہ ہونے والا۔
مفقود (مَف۔ قُود) گم کیا ہوا، کھویا ہوا۔
مفکر (مُفَک۔ کِر) سوچنے والا، فکر کرنیوالا جمع مُفَکِّرِین۔
مفکوک (مَف۔ کُوک) چھڑایا ہوا، الگ کیا ہوا۔
مفلس (مُف۔ لِس) کنگال، محتاج جمع مَفَالِیس
مفلسی (مُف۔ لِسی) محتاجی، کنگالی۔
مفلطح (مُفَل۔ طَح) گول چپٹی چیز۔
مفلوج (مَف۔ لُوج) فالج مارا ہوا جمع مَفَالِیج۔
مفلوک (مَف۔ لُوک) کنگال، مفلس، تباہ۔
مفلوک الحال (مَف۔ لُو۔ کُل۔ حَال) تباہ حال۔
مفوض (مُفَو۔ وِض) سپرد کرنیوالا (مُفَو۔ وَض) سپرد کیا ہوا۔
مفہوم (مَف۔ ہُوم) جانا ہوا، سمجھا ہوا۔
مفید (مُفِید) فائدہ دینے والا۔
مفیض (مُفِیض) فیض پہونچانے والا۔
مفیق (مُفِیق) ہوشیار، ہوش میں لانے والا۔
مقابح (مَقَا۔ بِح) قبح کی جمع۔

مقابر (مَقَا۔ بِر) مقبرہ کی جمع۔
مقابل (مُقَا۔ بِل) سامنے آنے والا۔
مقابلہ (مُقَا۔ بَلَہ) آمنا سامنا۔
مقابہ (مُقَا۔ بَہ) پاندان، آرائش کا صندوق۔
مقاتل (مُقَا۔ تِل) مقابلہ پر قتل کرنیوالا (مُقَا۔ تَل) قتل کیا ہوا، لڑا ہوا۔
مقاتلہ (مُقَا۔ تَلَہ) باہم قتل و خونریزی کرنا۔
مقادیر (مَقَا۔ دِیر) مقدار کی جمع۔
مقاربت (مُقَا۔ رَبَت) نزدیکی۔
مقارضہ (مُقَا۔ رَضَہ) آپس میں قرض دینا۔
مقارعت (مُقَا۔ رَعَت) باہمی قرعہ اندازی۔
مقارنت (مُقَا۔ رَنَت) اکٹھا ہونا۔
مقاریض (مَقَا۔ رِیض) مقراض کی جمع۔
مقاسات (مُقَا۔ سَات) دکھ جھیلنا، رنج اٹھانا۔
مقاسمت (مُقَا۔ سَمَت) آپس میں تقسیم کرنا، باہم قسم کھانا۔
مقاصد (مَقَا۔ صِد) مقصد کی جمع۔
مقاطر (مُقَا۔ طِر) پانی ٹپکانے والا۔
مقاطع (مُقَا۔ طِع) قطع کرنیوالا، ٹھیکہ لینے والا (مَقَا۔ طِع) مقطع کی جمع۔
مقاطعت، مقاطعہ (مُقَا۔ طَعَت، مُقَا۔ طَعَہ) کاٹنا، قطع کرنا۔
مقاعد (مَقَا۔ عِد) ساتھ بیٹھنے والا (مَقَا۔ عِد) مقعد کی جمع۔
مقاعدہ (مُقَا۔ عَدَہ) کسی کے ساتھ بیٹھنا۔
مقال (مَقَال) گفتگو، بات چیت جمع مَقَاوِل۔
مقالت، مقالہ (مَقَا۔ لَت، مَقَا۔ لَہ) گفتگو، بات چیت جمع مَقَالَات۔
مقالید (مَقَا۔ لِید) مقلاد کی جمع۔
مقام (مُقَام، مَقَام) قیام، ٹھہرنے کی جگہ، قیام گاہ جمع مَقَامَات۔
مقامر (مُقَا۔ مِر) جواری، جوا کھیلنے والا۔

مقاہرت، مقاہرہ (مُقا۔ ہَرَت، مُقا۔ ہَرَہ) قمار بازی باہمی۔
مقامی (مَقا۔ مِی) منسوب بہ مقام، لوکل۔
مقاولہ (مُقا۔ وَلَہ) ٹھیکہ، معاہدہ، قول و قرار باہمی۔
مقاوم (مُقا۔ وِم) برابری کرنے والا۔
مقاومت (مُقا۔ وَمَت) کسی سے برابری کرنا۔
مقاہیر (مَقا۔ ہِیر) مقہور کی جمع۔
مقایست، مقایسہ (مُقا۔ یَسَت، مُقا۔ یَسَہ) قیاس باہمی۔
مقبب (مُقَب۔ بَب) قبہ بنا ہوا، گنبد بنا ہوا۔
مقبرہ (مَق۔ بَرَہ) قبر کی جگہ جمع مَقابِر۔
مقبص (مِق۔ بَص) لاونی، دودھ نکالتے وقت جانور کے پانوں باندھنے کی رسی۔
مقبض (مَق۔ بِض) دستہ، قبضہ، ہتھیلی۔
مقبل (مُق۔ بِل) صاحب اقبال، ضمانت قبول کرنیوالا، کسی چیز کی طرف منہ کرنیوالا، سامنے آنے والا (مُق۔ بَل) منہ چڑھا ہوا، قبول کیا ہوا، سامنے آیا ہوا (مُقَب۔ بَل) چوما ہوا (مُقَب۔ بِل) چومنے والا۔
مقبوح (مَق۔ بُوح) خراب، برا، نیکی سے دور رکھا ہوا۔
مقبوض، مقبوضہ (مَق۔ بُوض، مَق۔ بُو۔ ضَہ) قبضہ کیا ہوا۔
مقبول (مَق۔ بُول) قبول کیا ہوا، مانا ہوا۔
مقبولیت (مَق۔ بُو۔ لِی۔ یَت) قبول کیا ہوا پن، پسندیدگی۔
مقت (مَق۔ ت) دشمنی۔
مقتال (مِق۔ تال) قتل کرنیکا آلہ جمع مَقاتِیل۔
مقتبس (مُق۔ تَبِس) اقتباس کرنیوالا، فائدہ حاصل کرنیوالا (مُق۔ تَبَس) روشنی لیا ہوا، اقتباس کیا ہوا۔
مقتحم (مُق۔ تَحِم) غالب، ظالم، اختیار کرنیوالا۔
مقتدا (مُق۔ تَدا) جس کی پیروی کی جاوے۔

مقتدر (مُق۔ تَدِر) اقتدار رکھنے والا، زور آور (مُق۔ تَدَر) جس پر اقتدار ہو، زور آور کیا ہوا۔
مقتدی (مُق۔ تَدِی) پیرو، پیروی کرنیوالا (مُق۔ تَدا) دیکھو مقتدا۔
مقتر (مُق۔ تِر) فقیر، کنگال، درویش۔
مقتصد (مُق۔ تَصِد) بیچ کی چال چلنے والا، راہ راست پر چلنے والا (مُق۔ تَصَد) بیچ کی چال چلا ہوا۔
مقتصر (مُق۔ تَصِر) کوتاہ کرنیوالا (مُق۔ تَصَر) کوتاہ کیا ہوا، خلاصہ۔
مقتضا (مُق۔ تَضا) مراد، مطلب، چاہا ہوا۔
مقتضب (مُق۔ تَضَب) کاٹا ہوا، عروض کی ایک بحر، مصدر جسکے تمام صیغے مستعمل ہوں۔
مقتضی (مُق۔ تَضِی) خواہش کرنیوالا (مُق۔ تَضا) دیکھو مقتضا۔
مقتفی (مُق۔ تَفِی) پیچھے سے آنے والا۔
مقتل (مَق۔ تَل) قتل کرنیکی جگہ جمع مَقاتِل۔ (مِق۔ تَل) قتل کرنیکا آلہ جمع مَقاتِیل۔
مقتنص (مُق۔ تَنِص) کسب کرنے والا، اسیر کرنے والا، شکار کرنے والا۔
مقتنی (مُق۔ تَنِی) سرمایہ دار، سرمایہ دینے والا۔
مقتول (مَق۔ تُول) قتل کیا ہوا جمع مَقتُولِین۔
مقدار (مِق۔ دار) اندازہ جمع مَقادِیر۔
مقدام (مِق۔ دام) نہایت بہادر۔
مقدر (مُقَد۔ دَر) تقدیر، اندازہ کیا ہوا (مُقَد۔ دِر) اندازہ کرنے والا۔
مقدرت (مَق۔ دِرَت) قدرت، توانائی۔
مقدس (مُقَد۔ دَس) پاک، پاکی سے منسوب کیا ہوا (مَق۔ دِس) پاک جگہ جمع مَقادِس۔
مقدسہ (مُقَد۔ دَسَہ) پاک۔
مقدم (مُقَد۔ دَم) در پیش کیا ہوا (مُقَد۔ دِم) در پیش کرنیوالا (مَق۔ دَم) قدم رکھنے کا وقت، قدم رکھنے کی جگہ (مُق۔ دِم) اقدام

کرنیوالا، بڑھکر آگے جانیوالا، بہادر، آنکھ کا کویا۔
مقدمہ (مُقَدِّمَہ) آگے جانیوالا، فوج کا ہراول، کتاب کا دیباچہ (مُقَدَّمَہ) آگے کیا ہوا، واردات، عدالتی کارروائی جمع مُقَدَّمات۔
مقدمۃ الجیش (مُقَدِّمَۃُ الْجَیْش) فوج کا اگلا حصہ۔
مقدور (مَق - دُور) قوت، طاقت، زور، بل۔
مقدونیہ (مَق - دُو - نِیَہ) نام صوبہ (یونان)۔
مقذاف (مِق - ذاف) ڈانڈ۔
مقذور (مَق - ذُور) پلید، جس سے لوگ بچیں۔
مقر (مُقِر) اقرار کرنیوالا (مَقَر) قرار کی جگہ، ٹھکانہ (مُقِر) کڑوی چیز، ایلوا (مُقِر) تلخ ہونا، ترش ہونا۔
مقراض، مقراض (مِق - راض، مِق - راض) کاٹنے کا اوزار، قینچی، کترنی، سروتا جمع مَقارِیض، مَقارِض
مقرب (مُقَرَّب) نزدیک کیا ہوا، خاص دوست یا رشتہ دار یا عزیز (مُقَرِّب) قریب کرنیوالا۔
مقرب الحضرت (مُقَرَّبُ الْحَضْرَت) شاہی خاندان والا۔
مقرب الخدمت (مُقَرَّبُ الْخِدْمَت) رازدار ملازم۔
مقربہ (مَق - رَبَہ) خویشی، عزیزداری، عزیز عورت۔
مقرر (مُقَرِّر) تقریر کرنیوالا، قرار دینے والا جمع مُقَرِّرِین (مُقَرَّر) ٹھہرایا ہوا، قرار دیا ہوا۔
مقررہ (مُقَرَّرَہ) ایک مرتبہ مقرر کیا ہوا (مُقَرِّرَہ) تقریر کرنے والی عورت جمع مُقَرِّرات۔
مقرری (مُقَرِّرِی) قوت تقریر، تقریر۔
مقرض، مقرض (مِق - رَض، مِق - رَض) دیکھو مقراض، مقراض جمع مَقارِض، مَقارِض (مُقَرَّض) کاٹا ہوا، کترا ہوا۔
مقرط (مُقَرَّط) گوشوارے سے زینت دیا ہوا (مِق - رَط) کوڑا، چابک۔
مقرع، مقرعہ (مِق - رَع، مِق - رَعَہ) کوٹنے کا آلہ جمع مَقارِع۔

مقرم (مُقَرَّم) شیرزدہ، دودھ ٹوٹی ہوئی۔
مقرنس (مُقَرْنَس) پہاڑ کی چوٹی کی شکل کی عمارت، اونچی حویلی، بلند عمارت۔
مقروض (مَق - رُوض) جس پر کسی کا قرض آتا ہو۔
مقرون (مَق - رُون) نزدیک کیا ہوا، ملایا ہوا۔
مقری (مُق - رِی) قرآن خواں، مکتبی ملا۔
مقسم (مَق - سَم) تقسیم کی جگہ جمع مَقاسِم (مَق - سَم) بانٹ، حصہ (مُق - سِم) قسم کھانیوالا (مُق - سَم) قسم، قسم کھانے کی جگہ (مُقَسِّم) تقسیم کرنے والا، بانٹنے والا (مُقَسَّم) تقسیم کیا ہوا، خوبصورت۔
مقسوم (مَق - سُوم) تقسیم کیا ہوا، قسمت، نصیب۔
مقشر، مقشور (مُقَشَّر، مَق - شُور) چھیلی ہوئی چیز۔
مقص (مِقَص) قینچی، کترنی، کاٹنے کا آلہ۔
مقصد (مَق - صَد) مطلب، مراد، قصد کی جگہ جمع مَقاصِد۔
مقصر (مُقَصِّر) تقصیر کرنیوالا، کم کرنیوالا (مُقَصَّر) تقصیر کیا ہوا، کم کیا ہوا (مَق - صِر) تقصیروار۔
مقصود (مَق - صُود) قصد کیا ہوا، ارادہ کیا ہوا۔
مقصور، مقصورہ (مَق - صُور، مَق - صُو - رَہ) چھوٹا کیا ہوا، گھٹایا ہوا۔
مقصوص (مَق - صُوص) پرکٹا ہوا، خبر دبا ہوا۔
مقضی، مقضیہ (مَق - ضِی، مَق - ضِیَہ) ادا کیا ہوا، تمام کیا ہوا۔
مقط (مِقَط) قلم پر قط رکھنے کی چیز، قطزن، قط گیر۔
مقطاع (مِق - طاع) کترنیکا آلہ، قینچی جمع مَقاطِیع۔
مقطر (مُقَطَّر) بوند بوند کرکے ٹپکائی ہوئی چیز (مُقَطِّر) قطرہ قطرہ ٹپکانیوالا (مِق - طَر) مجرم کے پاؤں ڈالنے کی کاٹھ جمع مَقاطِر۔
مقطع (مَق - طَع) غزل یا قصیدے کی آخری بیت، تراشنے یا کاٹنے کی جگہ، انتہا اور اتمام کا محل جمع مَقاطِع۔

(مُقَطَّاعَ قَطْع) کاٹی چھانٹی ہوئی چیز، نظم کا ٹکڑا، کپڑے کا ٹکڑا، شرعی داڑھی رکھا ہوا (بِمَق - طَع) دیکھو مقطاع جمع مَقَارِطْع (مُقَ - طِع) لوگوں کے دعوے اور معاملات کاٹنے چھانٹنے والا۔
مقطعات (مُقَطَّعَات) مقطع کی جمع۔
مقطوع (مَق - طُوع) قطع کیا ہوا، کاٹا چھانٹا ہوا۔
مقعاد (مِق - عَاد) کھٹلا، گردن بند۔
مقعد (مَق - عَد) پاخانہ کا مقام، بیٹھنے کی جگہ جمع مَقَاعِد
مقعر (مُقَعَّر) گہری جگہ، گہرا گڑھا۔
مقفا (مُقَفَّا) قافیہ کیا ہوا۔
مقفل (مُقَفَّل) قفل لگا ہوا۔
مقفص (مُقَفَّص) کٹہرا کہ مرغی وغیرہ۔
مقفی (مُقَفّٰی) دیکھو مُقَفَّا۔
مقل (مَق - ل) کھودنا، نکتہ چینی کرنا، پیٹھ پیچھے کسی کو ادل فول بکنا (مُق - ل) گوگل جو ایک گوند ہے، بیر کی مانند ایک پھل کا نام (مُقِل) درویش، کنگال، تھوڑا اکرنیوالا (مُقِل) مثال کی جمع، گریز۔
مقلاد (مِق - لَاد) کنجی، تالی جمع مَقَالِید۔
مقلب (مُقَلِّب) پھیرنیوالا، الٹنے والا۔
مقلب القلوب (مُقَلِّبُ الْقُلُوب) دلوں کا پھیرنے والا۔
مقلد (مُقَلِّد) پیروی کرنیوالا (مُقَلَّد) وہ کہ جس کی پیروی کی جاوے۔
مقلس (مُقَلِّس) تیار رہا۔
مقلقل (مُقَلْقَل) بے قرار، شراب۔
مقلقلہ (مُقَلْ - قَلَہ) آنا ریلیے میں برتن بولنے کی آواز۔
مقلمہ (مِق - لَمَہ) قلمدان۔
مقلوب (مَق - لُوب) الٹا، اوندھا، پلٹا ہوا۔
مقلہ (مُق - لَہ) پوری آنکھ مع حلقہ۔
مقلی (مِق - لٰی) کڑھائی، گلی ڈنڈا۔
مقلیاتا (مَق - لِیَا - تَا) تخم ترہ تیزک، ہالون۔

مقلید (مِق - لِید) دیکھو مقلاد جمع مَقَالِید
مقصعہ (مِق - مَعَہ) آنکس، کجک۔
مقمل (مُق - مِل) نودولت۔
مقناطیس (مِق - نَا - طِیس) چمک پتھر
مقنب (مُقَنَّب) کھنگ لی ہوئی کھانے کی چیز (مِق - نَب) شکاری کا تھیلا، شکاری کا پنجرا، گھوڑوں کا گلہ۔
مقند (مُقَنَّد) میٹھی چیز، قند ملائی ہوئی چیز
مقنع، مقنعہ (مِق - نَع، مِق - نَعَہ) سر سے پیر تک اوڑھنے کی باریک چادر۔
مقنن (مُقَنِّن) قانون پیشہ، قانون بنانیوالا۔
مقننہ (مُقَنِّنَہ) لیجسلیٹو کونسل۔
مقنود (مَق - نُود) قند ملی ہوئی چیز، میٹھی چیز۔
مقنی (مُق - نِی) نہر کھودنے والا۔
مقوا (مِق - وَا) دفتی۔
مقوال (مِق - وَال) بولنے کا آلہ، باتون۔
مقود (مِق - وَد) باگ ڈور، جنیور، پالہنگ۔
مقور (مُقَوَّر) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
مقوس (مُقَوَّس) کمان کی طرح ٹیڑھی چیز (مِق - وَس) گھوڑ سے کی رسی۔
مقوقس (مُقَوْقِس) ایک کنگھی دار پرندہ۔
مقول (مِق - وَل) بولنے کا آلہ، جیبھ جمع مَقَاوِل (مَقُول) کہا ہوا۔
مقولہ (مَقُو - لَہ) کہا ہوا، باربار دہرایا ہوا، کہاوت، مثل جمع مَقُولَات۔
مقوم (مُقَوِّم) قیمت کرنیوالا، سیدھا رکھنے والا (مِق - وَم) مٹھیا جمع مَقَاوِم۔
مقوی (مِق - وٰی) پٹھا، دفتی، قوی کرنے کی چیز (مُقَوِّی) قوت دینے والی چیز جمع مُقَوِّیَات
مقہور (مَق - ہُور) جس پر قہر ٹوٹا ہوا جس پر غصہ کیا گیا ہو جمع مَقَاہِیر۔

مقی (مُقی) قے لانے والی چیز۔
مقیاس (مِق۔یاس) اندازہ کرنے کا آلہ۔
مقیت (مُقِیت) توانا، روزی دینے والا، گواہ، حاضر۔
مقید (مُقَی۔یَد) قید کیا ہوا، قیدی۔
مقیش (مُق۔قَیش، مُقَی۔یَش) چاندی سونے کے تاروں کی جھالر۔
مقیشی (مُق۔قَی۔شی) مقیش کا، مقیش کی۔
مقیل (مَقِیل) دوپہر کو سونا، صبح کو شراب پینا۔
مقیم (مُقِیم) رہنے والا۔
مک (مُک) چسکی، گھونٹ، کش۔
مکابر (مُکا۔بِر) بڑائی جتلانے والا۔
مکابرت، مکابرہ (مُکا۔بَرت، مُکا۔بَرَہ) بڑائی جتلانا، برابری کرنا۔
مکابلہ (مُکا۔بَلَہ) تاخیر کرنا، منع کرنا۔
مکاتب (مُکا۔تَب) وہ غلام جو مالک کی رضامندی سے اپنی قیمت ادا کرکے آزاد ہو جاوے (مَکا۔تِب) مکتب کی جمع (مُکا۔تِب) نامہ نگار۔
مکاتبت (مُکا۔تَبَت) باہمی خط و کتابت۔
مکاتمت (مُکا۔تَمَت) چھپانا، پوشیدہ کرنا۔
مکاتیب (مَکا۔تِیب) مکتوب کی جمع۔
مکاثرہ (مُکا۔ثَرَہ) بڑھوتری میں برابری کرنا۔
مکار (مَک۔کار) فریبی، چالباز۔
مکارات (مُکا۔رات) کرایہ پر اٹھانا۔
مکارم (مَکا۔رِم) مکرمت کی جمع (مُکا۔رِم) بخشش میں برابری کرنے والا۔
مکارمہ (مُکا۔رَمَہ) بخشش میں برابری کرنا۔
مکارہ (مَک۔کا۔رَہ) فریبی عورت (مَکا۔رِہ) مکرہ کی جمع۔
مکاری (مَک۔کا۔ری) فریب، چالبازی (مُکا۔ری) کرایہ پر چلانے والا۔
مکاس (مُکا۔س) مال بیچنے میں توقف کرنا۔

مکاسب (مَکا۔سِب) کسب کی جمع۔
مکاشحت (مُکا۔شَحَت) دشمنی کرنا۔
مکاشفہ (مُکا۔شَفَہ) غیبی باتیں کھلنا، دشمنی کرنا۔
مکافات (مُکا۔فات) بدلہ، پاداش، برائی کی سزا۔
مکافحت (مُکا۔فَحَت) کسی کے سامنے لڑنا۔
مکافہ (مُکا۔فَہ) باز رکھنا۔
مکافی (مُکا۔فی) مساوی، برابر۔
مکافیہ (مُکا۔فَیَہ) برابر ہونا، برے کام کی سزا دینا۔
مکالمہ (مُکا۔لَمَہ) آپس میں باتیں کرنا۔
مکامعت (مُکا۔مَعَت) مرد کا مرد کے ساتھ ایک جگہ سونا۔
مکان (مَکان) گھر، جمع مکانات، جگہ رہنے کی جگہ، جمع اَمکِنَہ، جمع جمع اَماکِن۔
مکانت (مَکا۔نَت) مرتبہ، عزت۔
مکالفہ (مُکا۔لَفَہ) دوستی کرنا، یاری کرنا۔
مکایدت (مُکا۔یِ۔دَت) چھوانا۔
مکاوحت (مُکا۔وَحَت) کوشش کرنا، گالی بکنا، دشمنی کرنا۔
مکاہنت (مُکا۔ہَنَت) غیب گوئی۔
مکائلہ (مُکا۔اَلَہ) ناپ تول باہمی۔
مکائد (مَکا۔اِد) مکیدہ کی جمع (مُکا۔اِد) کسی بات کا رنج کرنے والا۔
مکائدہ (مُکا۔اَدَہ) بات کا رنج کرنا۔
مکالیت (مُکا۔لَیَت) جیترائی سے جھگڑنا۔
مکب (مُکِب) اوندھا گرنے والا یا گرانے والا (مُکَب) اوندھا گرا ہوا یا گرایا ہوا۔
مکبب (مُکَب۔بَب) کبابی (مُکَب۔بَب) کباب کیا ہوا، تلا ہوا۔
مکبر (مُکَب۔بِر) تکبیر کہنے کی جگہ (مُکَب۔بَر) تکبیر کہنے والا۔
مکبول (مَک۔بول) قیدی، قید کیا ہوا۔

مکتب (مَکْ۔ تَبْ) لکھنے کی جگہ، مدرسہ، اسکول جمع مَکاتِبْ۔
مکتب خانہ (مَکْ۔ تَبْ۔ خا۔ نَہْ) مدرسہ، اسکول
مکتبہ (مَکْ۔ تَبَہ) دفتر، کتب خانہ جمع مَکاتِبْ۔
مکتتم (مُکْ۔ تَتَمْ) پوشیدہ۔
مکتسب (مُکْ۔ تَسِبْ) خود اپنی سعی سے حاصل کرنیوالا (مُکْ۔ تَسَبْ) اپنی سعی سے حاصل کی ہوئی چیز۔
مکتسبی (مُکْ۔ تَسَبی) سعی سے حاصل کی ہوئی چیز
مکتسی (مُکْ۔ تَسِی) چھپنے والا۔
مکتفی (مُکْ۔ تَفِی) کافی، بس کرنے والا۔
مکتنف (مُکْ۔ تَنِفْ) پناہ ڈھونڈھنے والا، یکسو ہونے والا۔
مکتوب (مَکْ۔ تُوبْ) لکھا ہوا، خط، تحریر جمع مَکاتِیبْ، مَکْتُوبَاتْ۔
مکتوبی (مَکْ۔ تُو۔ بِی) تین حرفوں کا لفظ جس کا پہلا حرف اور آخری حرف یکساں ہو۔
مکتوم (مَکْ۔ تُومْ) بھید، راز، پوشیدہ، چھپایا ہوا۔
مکث (مُکْثْ) دیر، ڈھیل (مَکْ۔ ثْ) دیر لگانا، انتظار کرنا۔
مکثار (مِکْ۔ ثارْ) پُرگو، باتون۔
مکحل (مُکْحَلْ) جس نے سرمہ لگایا ہو (مُکْ۔ حُلْ) سرمہ دانی (مِکْ۔ حَلْ) سرمہ لگانے کا آلہ، سلائی۔
مکدر (مُکَدْ۔ دَرْ) کدورت آمیز، گدلا (مُکَدْ۔ دِرْ) گدلا کرنے والا، کدورت میں ڈالنے والا۔
مکذب (مُکَذْ۔ ذِبْ) جھوٹا بنانیوالا (مُکَذْ۔ ذَبْ) جھوٹا بنایا ہوا۔
مکر (مَکْ۔ رْ) فریب، دغا جمع مُکُور۔
مکرر (مُکَرْ۔ رَرْ) دوبارہ، ناپسند، بار بار کیا ہوا۔
مکرم (مُکَرْ۔ رَمْ) تکریم کیا ہوا، بزرگ کیا ہوا (مُکَرْ۔ رِمْ) بزرگ کرنیوالا، گرامی کرنیوالا (مُکْ۔ رَمْ) بخشش کیا ہوا، بزرگ کیا ہوا (مُکْ۔ رِمْ) گرامی کرنیوالا، بخشش کرنیوالا۔
مکرمت (مَکْ۔ رُمَتْ) بزرگی، نوازش جمع مَکارِمْ۔
مکرمی (مُکَرْ۔ رَمِی) میرے مکرم۔
مکروب (مَکْ۔ رُوبْ) غمگین، اندوہناک۔
مکروہ (مَکْ۔ رُوہْ) گھناونا، ناپسندیدہ۔
مکروہات (مَکْ۔ رُو۔ ہاتْ) ناپسندیدہ چیزیں۔
مکرہ (مَکْ۔ رَہْ) رنج، سختی، مکروہ جمع مَکارِہْ۔
مکسر (مُکَسْ۔ سَرْ) بہت زیادہ توڑا ہوا، جس میں لمبائی چوڑائی اور گہرائی شامل ہو (مُکَسْ۔ سِرْ) بہت زیادہ توڑنے والا۔
مکسنغ (مِکْ۔ سَنْغْ) جالی۔
مکسوب (مَکْ۔ سُوبْ) کمایا ہوا، حاصل کیا ہوا۔
مکسور (مَکْ۔ سُورْ) ٹوٹا ہوا، جس کے نیچے حرکت زیر (ـِ) ہو۔
مکشط (مِکْ۔ شَطْ) چاقو۔
مکشوف (مَکْ۔ شُوفْ) کھولا ہوا، ظاہر کیا ہوا۔
مکظوم (مَکْ۔ ظُومْ) جس نے غم و غصہ کھایا ہو۔
مکعب (مُکَعْ۔ عَبْ) چہار گوشہ کیا ہوا۔
مکفر (مُکَفْ۔ فِرْ) کافر کہنے والا، چھپانیوالا، کفارہ دینے والا (مُکَفْ۔ فَرْ) کافر بنایا ہوا۔
مکفو (مَکْ۔ فُو) اوندھا، بازگونہ، مقلوب۔
مکفوف (مَکْ۔ فُوفْ) پیراہن لپیٹا ہوا، سات حرفی رکن میں آخری ساکن حرف گرایا ہوا۔
مکفول (مَکْ۔ فُولْ) رجسٹری شدہ، کفالت کیا ہوا۔
مکفہر (مُکْ۔ فَہِرْ) گھٹا، ابر۔
مکفی (مُکْ۔ فِی) کفایت دینے والا۔
مکلا (مُکَلْ۔ لَاءْ) دریا کا کنارہ، جھوٹا دریا۔
مکلب (مُکَلْ۔ لِبْ) کتے رکھنے والا۔
مکلف (مُکَلْ۔ لِفْ) تکلیف دینے والا (مُکَلْ۔ لَفْ)

جس کو تکلیف دی گئی ہو، طاقت کے اندازے
کے مطابق کام بتلایا ہوا۔
مکلل (مُکَلَّل۔ لَل) چمکتا ہوا، ملمع کیا ہوا، تاج
سر پر رکھا ہوا۔
متکلم (مُتَکَلِّم۔ لِم) کلام کرنیوالا (مُتَکَلَّم۔ لَم) کلام کیا ہوا۔
مکمل (مُکَمَّل۔ مَل) پورا کیا ہوا، تکمیل کو پہنچایا ہوا
(مُکَمِّل۔ مِل) پورا کرنیوالا (مُکْمِل۔ مِل) پورا کرنیوالا
(مُکْمَل۔ مَل) پورا کیا ہوا۔
مکمن (مَکْ۔ مَن) گھات جمع **مَکَامِن**۔
مکمون (مَکْ۔ مُون) چھپا ہوا۔
مکمہل (مُکَمْ۔ ہَل) کپاس۔
مکنا (مُکْنَا ء) مکین کی جمع۔
مکناس (مِکْ۔ نَاس) جھاڑنے کا آلہ، جھاڑو جمع
مَکَانِیس۔
مکنت (مُکْ۔ نَت) قدرت، طاقت۔
مکندہ (مَکَنْ۔ دَہ) چوسنے والا۔
مکنس (مِکْ۔ نَس) دیکھو مکناس جمع **مَکَانِس**۔
مکنوز (مَکْ۔ نُوز) چھپا کر رکھا ہوا، خزانہ کیا ہوا۔
مکنون (مَکْ۔ نُون) چھپایا ہوا، پوشیدہ رکھا ہوا۔
مکو (مُکُّو) جلاہے کی نال۔
مکوات (مِکْ۔ وَات) استری، دلغنے کا آلہ۔
مکور (مُکَوَّر) مکر کی جمع۔
مکوک (مَکُّوک) جلاہے کی نال۔
مکوکب (مُکَوْ۔ کَب) وہ چیز جس پر سنہری چاند تارے
بنے ہوئے ہوں، ستارہ دار کیا ہوا۔
مکون (مُکَوَّ۔ وَن) ہست کیا ہوا، پیدا کیا ہوا
(مُکَوِّ۔ وِن) ہست کرنے والا۔
مکونات (مُکَوَّ۔ نَات) مکون کی جمع، مخلوقات، موجودات۔
مکوی (مِکْ۔ وِی) کپڑے کی استری۔
مکہ (مَکْ۔ کَہ) عرب کا مشہور شہر جس میں بیت اللہ ہے۔
مکی (مَکْ۔ کِی) منسوب بہ شہر مکہ۔

مکیال (مِکْ۔ یَال) ناپنے کا آلہ، پیمانہ جمع **مَکَایِیل**
مکیدت (مَکِی۔ دَت) بد اندیشی، بدخواہی جمع مَکَائِد
مکیدن (مَکِی۔ دَن) چوسنا مضارع مَکَد۔
مکیدنی (مَکِی۔ دَنِی) چوسنے کے لائق۔
مکیدہ (مَکِی۔ دَہ) ۱۔ چوسا ہوا، ۲۔ دیکھو مکیدت۔
مکیس (مُکَیْس) دیکھو مکاس۔
مکیل (مَکِیْل) کسی پیمانہ سے ناپا ہوا (مِکْ۔ یَل)
ناپنے کا آلہ۔
مکین (مَکِیْن) مکان رکھنے والا، صاحب مکان
جمع **مُکَنَاء**۔
مگ (مَگ) ایک ساحلی قوم۔
مگر (مَگَر) پر، سوائے اس کے۔
مگس (مَگَس) مکھی۔
مگس راں (مَگَس۔ رَاں) مورچھل، چونری،
مکھی اڑانے والا۔
مگس رانی (مَگَس۔ رَانِی) مکھی اڑانا۔
مگس گیر (مَگَس۔ گِیر) مکھی پکڑنے کی چیز یا مکڑی۔
مگسی (مَگَسِی) جس پر افشاں ہو۔
مگل (مَگَل) مینڈک (مَگِل) جونک۔
مل (مُل) شراب۔
ملا (مُلْ۔ لَا) بڑا عالم وفاضل، بھرا ہوا (مَلَا) زمین
جنگل، انجمن (مَلَاء) اشراف کی جماعت جمع اَمْلَا،
خلق، عادت، لبریز۔
ملابس (مَلَا۔ بِس) ملبس کی جمع (مُلَا۔ بِس)
مشابہ ہونے والا۔
ملابست (مُلَا۔ بَسَت) مشابہت باہمی۔
ملاح (مَل۔ لَاح) کشتی بان، جہازراں، نمکسار۔
ملاحت (مَلَا۔ حَت) حسن کی نمکینی، سانولا سلونا پن
ملاحد، ملاحدہ (مَلَا۔ حِد، مَلَا۔ حِدَہ) ملحد کی جمع
ملاحظہ (مُلَا۔ حَظَہ) دیکھ بھال، کنکھیوں سے دیکھنا۔
ملاحفہ (مُلَا۔ حَفَہ) دوستی کرنا، یاری کرنا۔

ملاحی (مَل لا۔ حی) ملاح کا کام۔
ملاخ (مَل لا۔ خ) کھگوڑا۔
ملاذ (مَلا ذ) پناہ کی جگہ (مَل لا ذ) بڑا چھوٹا۔
ملازم (مُلا۔ زِم) ہمیشہ پاس رہنے والا، نوکر۔
ملازمت (مُلا۔ زِمَت) نوکری، پیوستگی، موجودگی۔
ملازمی (مُلا۔ زِمی) نوکری، چاکری۔
ملازہ (مُلا۔ زَہ) حلق کا کوا، حلق کا کاگ۔
ملاسہ (مَل لا۔ سَہ) سراولن، مہرا۔
ملاصق (مُلا۔ صِق) چپکا ہوا۔
ملاط (مِلا ط) عمارتی مصالحہ۔
ملاطف (مُلا۔ طِف) مہربانی کرنے والا۔
ملاطفت (مُلا۔ طَفَت) مہربانی۔
ملاطفہ (مُلا۔ طَفَہ) مہربانی، خط، نامہ، مراسلہ۔
ملاطمہ (مُلا۔ طَمَہ) باہم تھپیڑے مارنا، تھپڑ مارنا۔
ملاعب (مُلا۔ عِب) کھیلنے کودنے والا (مَلا۔ عِب) لعب کی جمع۔
ملاعبت، ملاعبہ (مُلا۔ عَبَت، مُلا۔ عَبَہ) کھیل کود۔
ملاعنت (مُلا۔ عَنَت) ایک دوسرے کو لعنت کرنا۔
ملاعنہ، ملاعین (مَلا۔ عِنَہ، مَلا۔ عِین) ملعون کی جمع۔
ملاقات (مُلا۔ قات) آپس میں ملنا جلنا۔
ملاقی (مُلا۔ قی) ملنے والا۔
ملاک (مِلاک) اصل چیز، جس پر کوئی چیز قائم ہو۔
ملاکمہ (مُلا۔ کَمَہ) باہم گھونسہ بازی BOXING
ملال (مَلال) رنجیدگی، اداسی (مُلال) بخار کی گرمی۔
ملالت (مَلا۔ لَت) اداسی، رنجیدگی۔
ملاحم، ملاحمت (مَلا۔ حِم، مَلا۔ حِمَت) جھگڑے کی جمع مَلاحِم۔
ملامتی (مَلا۔ مَتی) جس کو ملامت کی گئی ہو۔
ملامست (مُلا۔ مَسَت) آپس میں رگڑنا، ہمبستری۔
ملان (مَل۔ لان) بھرنے والا، بھرا ہوا۔
ملاوطت (مُلا۔ وَطَت) لواطت کرنا۔
ملاہی (مَلا۔ ہی) لہو کی جمع۔
ملاء الاعلیٰ (مَلا۔ اُل۔ اَع۔ لا) فرشتوں کی جماعت۔

ملائک، ملائکہ (مَلا۔ اِک، مَلا۔ اِکَہ) ملک کی جمع۔
ملائم (مُلا۔ اِم) نرم، مناسب۔
ملائمت (مُلا۔ اَمَت) نرمی، دو چیزوں کو اکٹھا کرنا۔
ملبب (مُلَب۔ بَب) لبریز۔
ملبس (مِل۔ بَس) لباس، پوشش جمع مَلابِس
(مُلَب۔ بَس) مکر و عیب چھپایا ہوا (مُلَب۔ بِس)
مکر و عیب چھپانے والا۔
ملبن (مِل۔ بَن) اینٹ بنانیکا آلہ، سانچہ، قالب (مِل۔
بَن) دودھاری، جسکے دودھ بہت ہو (مُلَب۔ بِن)
اینٹ کا بھیرا۔
ملبوس، ملبوسہ (مَل۔ بُوس، مَل۔ بُو۔ سَہ) پوشش،
لباس جمع مَلبُوسات۔
ملت (مِل۔ لَت) مذہب، دھرم، جماعت جمع مِلَل۔
ملتاع (مُل۔ تاع) لالچی، لوبھی، آرزومند، جلنے والا۔
ملتانی (مُل۔ تا۔ نی) ایک مٹی کا نام، منسوب بہ شہر ملتان
ملتبس (مُل۔ تَبِس) چھپایا ہوا، ملا ہوا، اشتباہ کیا ہوا۔
ملتثم (مُل۔ تَثَم) چوما ہوا (مُل۔ تَثِم) چومنے والا۔
ملتجا (مُل۔ تَجا) پناہ کی جگہ۔
ملتجی (مُل۔ تَجی) التجا کرنے والا۔
ملتحد (مُل۔ تَحَد) پناہ کی جگہ۔
ملتحم (مُل۔ تَحِم) وہ زخم جو اچھا ہوگیا ہو۔
ملتحمہ (مُل۔ تَحِمَہ) آنکھ کا باہر کا پردہ۔
ملتحی (مُل۔ تَحا) جسکے ڈاڑھی نکل آئی ہو۔
ملتزم (مُل۔ تَزِم) لازم پکڑنیوالا (مُل۔ تَزَم) لازم
پکڑا ہوا۔
ملتصق (مُل۔ تَصِق) چپکا ہوا، لگا ہوا۔
ملتفت (مُل۔ تَفِت) توجہ کرنیوالا، التفات کرنیوالا۔
ملتقط (مُل۔ تَقَط) چنا ہوا، بینا ہوا (مُل۔ تَقِط)
چننے والا، بیننے والا۔
ملتقم (مُل۔ تَقِم) نوالہ کھانے والا۔
ملتقی (مُل۔ تَقی) ملنے والا، باہم سیکھنے والا (مُل۔ تَقا)

سنگم، دو چیزوں کے آکر ملنے کی جگہ۔
ملتمس (مُ ل ۔ تَ مِ س) درخواست کرنیوالا، عرض کرنیوالا۔
ملتوی (مُ ل ۔ تَ وِی) لپیٹنے والا، ٹلنے والا۔
ملتہب (مُ ل ۔ تَ ہِ ب) بھڑکنیوالا (مُ ل تَ ہَ ب) بھڑکا ہوا۔
ملتئم (مُ ل ۔ تَ ءَ م) پیوستہ کیا ہوا، زخم جو بھر گیا ہو (مُ ل ۔ تَ ءِ م) پیوستہ کرنے والا۔
ملثم ملثوم (مُ ل ثَ ث) (مَ ل ۔ ثُ و م) چوما ہوا۔
ملجا (مَ ل ۔ جَا) پناہ کی جگہ۔
ملچگا (مَ ل ۔ چَ گا) قصد، ارادہ۔
ملح (مِ ل ح) نمک، شورہ (مَ ل ح) پرند کا دونوں بازو پھڑپھڑانا (مُ ل ح) گھوڑے کے پچھلے پاؤں کی سوجن (مُ لِ ح) گڑگڑانے والا۔
ملحاح (مِ ل ۔ حَا ح) بڑا گڑگڑانیوالا، بڑا مبالغہ کرنیوالا۔
ملحب (مِ ل ۔ حَ ب) بدزبان، گالی بکنے والا۔
ملحد (مُ ل ۔ حِ د) دین حق سے پھرنیوالا جمع مَلَاحِدَہ، مَلَاحِد (مُ ل ۔ حَ د) بھر سال کا اناج۔
ملحق (مُ ل ۔ حِ ق) وابستہ ہونیوالا، چمٹنیوالا، پیچھے سے ملنے والا (مُ ل ۔ حَ ق) پیوستہ، ملا ہوا، جڑا ہوا۔
ملحم (مُ ل ۔ حِ م) بدکیا جسکی روزی شکار کے گوشت پر ہو۔
ملحمہ (مَ ل ۔ حَ مَہ) جنگ عظیم، فتنۂ عظیم جمع مَلَاحِم۔
ملحوظ (مَ ل ۔ حُو ظ) لحاظ کیا ہوا، کنکھیوں سے دیکھا ہوا۔
ملحیہ (مِ ل ۔ حِی یَہ) رایتہ، نمکینہ۔
ملخ (مَ ل خ) ٹڈی، جراد۔
ملخ پیادہ (مَ ل خ ۔ پیا ۔ دَہ) ٹڈی جسکے پر نہ نکلے ہوں۔
ملخص (مُ ل خ ۔ خَ ص) خلاصہ کیا ہوا۔
ملدا (مُ ل ۔ دَا) نازک اندام عورت۔
ملدم (مِ ل ۔ دَ م) گھامڑ، موٹا۔
ملذذ (مُ ل ذَ ذ) لذت دار۔
ملزاب (مِ ل ۔ زَا ب) سخت کنجوس، مجوس۔
ملزم (مُ ل ۔ زَ م) الزام لگایا ہوا (مُ ل ۔ زِ م) الزام دینے والا، کام میں گردن پھانسنے والا۔

ملزمہ (مَ ل ۔ زِ مَہ) کتاب کا جزو۔
ملزوم (مَ ل ۔ زُو م) لازم کیا ہوا۔
ملصق (مُ ل ۔ صَ ق) چپکایا ہوا، چپکا ہوا، حرام زادہ (مُ ل ۔ صِ ق) چپکنے والا، چپکانے والا۔
ملطس (مِ ل ۔ طَ س) ٹانکی۔
ملعب (مَ ل ۔ عَ ب) کھیل کی جگہ جمع مَلَاعِب۔
ملعقہ (مِ ل ۔ عَ قَہ) چمچہ، نام وزن جمع مَلَاعِق۔
ملعون (مَ ل ۔ عُو ن) لعنت کیا ہوا جمع مَلَاعِنَہ، مَلَاعِین۔
ملغ (مَ ل غ) احمق، بدزبان۔
ملفوظ (مَ ل ۔ فُو ظ) منھ سے نکلی ہوئی بات، بولا ہوا جمع مَلْفُوظَات۔
ملفوظی (مَ ل ۔ فُو ۔ ظِی) تین حرفوں والا لفظ جس کا پہلا اور آخری حرف یکساں نہ ہو۔
ملفوف (مَ ل ۔ فُو ف) لپیٹا ہوا، لفافہ کیا ہوا، اکٹھا کیا ہوا۔
ملفہ (مِ ل ۔ فَہ) پلندہ۔
ملق (مَ لَ ق) ظاہردار آدمی (مَ ل ق) دھونا۔
ملقاط (مِ ل ۔ قَا ط) دیکھو ملقط۔
ملقب (مُ ل ۔ قَ ب) لقب دیا ہوا۔
ملقط (مِ ل ۔ قَ ط) دست پناہ، چمٹا۔
ملقن (مُ ل ۔ قَ ن) تلقین کیا ہوا (مُ ل ۔ قِ ن) تلقین کرنے والا۔
ملک (مَ لَ ک) فرشتہ جمع مَلَائِک، مَلَائِکَہ (مَ لِ ک) بادشاہ جمع مُلُوک (مِ ل ک) قبضہ، قبضہ کا مال جمع اَمْلَاک، فوف، کوڑی (مُ ل ک) دیس، بادشاہی، ماسوای اللہ جمع اَمْلَاک۔
ملکات (مَ لَ کَا ت) ملکہ کی جمع
ملک الموت (مَ لَ کُ ل ۔ مَو ت) موت کا فرشتہ۔
ملکیت (مِ ل ۔ کِی ت) قبضہ کا مال (مُ ل ۔ کِی ت) بادشاہت۔
ملک داری (مُ ل ک ۔ دَا ۔ رِی) ملک پر قبضہ۔
ملک رانی (مُ ل ک ۔ رَا ۔ نِی) حکومت۔

ملک زادہ (مَلِک۔زا۔دَہ) شہزادہ۔
ملک ستانی (مُل۔ک۔سِتا۔نی) ملک فتح کرنا۔
ملک گیری (مُل۔ک۔گی۔ری) ملک پر تسلط قائم رکھنا۔
ملکمہ (مَلکَمَہ) چپاتی، ہاتھ کی روٹی۔
ملکوت (مَلکُوت) پروردگاری، بادشاہی، فرشتوں کے رہنے کی جگہ
ملکوتی (مَلکُو۔تی) ملکوت والا، فرشتہ۔
ملکہ (مَلِکَہ) بادشاہ بیگم (مَلکَہ) مہارت، قوائے ذہنی کی رسائی جمع مَلَکات۔
ملکی (مَلَکی) فرشتوں والا (مُل۔کی) دیسی (مِل۔کی) کسان (مِلکی) منسوب بہ ملک۔
ملکیت (مِل۔کی۔یَت) قبضہ، تصرف (مُل۔کی۔یَت) دیکھو ملوکیت۔
ملک یمین (مِل۔کِ۔یَمین) لونڈی، غلام۔
ملل (مِلَل) ملت کی جمع (مَلَل) رنج، تنگی۔
ملم (مُلِم) لڑکا بلوغت کے قریب، صغیرہ گناہ کرنیوالا۔
ملمع (مُلَمَّع) چمکایا ہوا، جھول چڑھایا ہوا۔
ملموح (مَل۔مُوح) دیکھا ہوا۔
ملمہ (مُلِمَّہ) حادثہ دنیا، سخت محنت
ملنگ (مَلَنگ) ننگے سر اور ننگے پیر فقیروں کی ایک جماعت۔
ملواح (مِل۔واح) جال میں باندھنے کا پالتو پرند۔
ملوث (مُلَوَّث) لتھڑا ہوا، آلودہ۔
ملوکانہ (مُلُو۔کا۔نَہ) بادشاہانہ۔
ملوکیت (مُلُو۔کی۔یَت) بادشاہت۔
ملول (مَلُول) رنجیدہ، اُداس۔
ملولا (مَلُو۔لا) دُکھ، رنج، اُداسی۔
ملوم (مَلُوم) ملامت کیا ہوا۔
ملوان (مَلَوان) رات دن۔
ملون (مُلَوَّن) رنگ برنگ کیا ہوا، رنگ چڑھایا ہوا۔
ملہ (مُلَہ) پھوپھل، خنزیر۔
ملہم (مُل۔ہَم) غیب سے دل میں ڈالی ہوئی بات، الہام کیا ہوا (مُل۔ہِم) دل میں غیب سے بات ڈالنے والا، اللہ تعالیٰ (مُل۔ہَم) دیکھو مرہم۔
ملہوف (مَل۔ہُوف) غمگین، مظلوم۔
ملہی (مُل۔ہی) غافل کرنیوالا، کھیل کود میں لگانیوالا۔
ملی (مَلِی) بہت زمانہ، عرصہ دراز (مَلِی) بھرا ہوا، توانگر۔
ملیح (مَلِیح) نمکین، سانولی سلونی رنگت جمع مِلاح، اَملاح۔
ملیخ (مَلِیخ) بے مزہ گوشت۔
ملیع (مَلِیع) چٹیل میدان، تیز چال۔
ملیک (مَلِیک) مالک، صاحب جمع مُلَکا، نام اللہ تعالیٰ
ملیم (مُلِیم) جو ملامت کا سزاوار ہو۔
ملین (مُلَیِّن) نرم کرنیوالا، وہ دوا جس سے قبض جاتا رہے۔
ملیون (مِل۔یُون) دس لاکھ، ملین million
ممّا (مِمّا) اس چیز سے۔
ممات (مَمات) موت۔
مماثل (مُما۔ثِل) مانند ہونیوالا، ہم شکل۔
مماثلت (مُماثَلَت) مانند ہونا۔
مماحلت (مُما۔حَلَت) مکر و حیلہ کرنا۔
ممارات (مُما۔رات) ساتھ دبانا، بیر باندھنا۔
ممارست (مُما۔رَسَت) مشق، کام پر ہمیشگی۔
ممازجت (مُما۔زَجَت) ملونی، ملاوٹ، میل۔
مماس (مُماس) گھسنے والا، گھسا ہوا، گھسنے کی جگہ۔
مماست (مُما۔سَت) چھوت، رگڑ، گھساؤ۔
مماسحت (مُما۔سَحَت) نرمی کرنا۔
ممامسخ (مُما۔سِخ) مسخ کر دینے والا۔
مماشات (مُما۔شات) کسی کے ساتھ ساتھ جانا۔
مماطلت (مُما۔طَلَت) ڈھیل ڈھال، دفع الوقتی، کام چوری۔
مماکرہ (مُما۔کَرَہ) مکر و حیلہ کرنا۔
ممالک (مَما۔لِک) مملکت کی جمع۔

ممالیک (مُما۔ لِیک) مملوک کی جمع۔
ممالست (مُما۔ لَست) علاج کرنا، چارہ کرنا۔
ممانعت (مُما۔ نَعَت) روک، منع۔
مماثلت (مُما۔ ثَلَت) مانند ہونا، میل کرنا۔
ممایزت (مُما۔ یَزَت) چھانٹ، تمیز، الگ کرنا۔
ممتاز (مُم۔ تاز) امتیاز دیا ہوا، چھانٹا ہوا، الگ کیا ہوا۔
ممتثل (مُم۔ تَثِل) فرمانبردار (مُم۔ تَثَل) جس کی فرمانبرداری کی جاوے۔
ممتحن (مُم۔ تَحِن) امتحان لینے والا، آزمانیوالا جمع مُمتَحِنِین
(مُم۔ تَحَن) آزمایا ہوا، امتحان لیا ہوا۔
ممتد (مُم۔ تَد) لمبا، کھینچا ہوا۔
ممتزج (مُم۔ تَزِج) ملنے والا، جو مل سکے۔
ممتلی (مُم۔ تَلی) بھرا ہوا۔
ممتنع (مُم۔ تَنِع) باز ہونے والا۔
ممتہن (مُم۔ تَہَن) پھٹکارا ہوا۔
ممثل (مُمَث۔ ثِل) ایکٹر، اداکار۔
ممجد (مُمَج۔ جَد) بزرگی دیا ہوا، بزرگ۔
ممد (مُمِد) مدد کرنے والا۔
ممدد (مُمَد۔ دِد) بدن کی اینٹھن کا درد۔
ممدوح (مُم۔ دُوح) جس کی تعریف کی گئی ہو۔
ممدود (مَم۔ دُود) پھیلایا ہوا، لمبا کیا ہوا۔
ممر (مَمَر) سبب، گذرگاہ (مُمِر) گذرنیوالا۔
ممراض (مِم۔ راض) ہر وقت کا روگی۔
ممراضیت (مِم۔ را۔ ضی۔ یت) غلطی، بہت بیمار ہونا۔
ممرد (مُمَر۔ رَد) سادہ، ہموار اور روشن عمارت۔
ممزوج (مَم۔ زُوج) ملایا ہوا۔
ممسحہ (مِم۔ سَحہ) ملنے کا آلہ، کرنی راج کی۔
ممسک (مُم۔ سِک) کنجوس، روکنے والا۔
ممسوح (مَم۔ سُوح) ہاتھ پھیرا ہوا، مسح کیا ہوا۔
ممسوس (مَم۔ سُوس) چھوا ہوا، جھلا۔
ممشوط (مَم۔ شُوط) کنگھی کیا ہوا۔

ممضوغ (مَم۔ ضُوغ) چبایا ہوا۔
ممضی (مَم۔ ضی) گذرا ہوا، چلتا کیا ہوا (مُم۔ ضا) پاس شدہ، دستخط شدہ۔
ممعز (مُمَع۔ عَز) گیروا۔
ممطر (مُم۔ طِر) برسنے والا مینہ (مُم۔ طَر) بارانی، برساتی۔
ممقوت (مَم۔ قُوت) دشمنی ڈالا ہوا، غضب توڑا ہوا۔
ممکن (مُم۔ کِن) جو بات ہو سکے جمع مُمکِنات
(مُمَک۔ کِن) قائم کرنیوالا (مُمَک۔ کَن) قائم کیا ہوا۔
ممکن الوجود (مُم۔ کِنُل۔ وُجُود) مخلوقات، جس کا وجود ممکن ہو۔
ممکن الدخول (مُم۔ کِنُد۔ دُخُول) جس کا داخل ہونا ممکن ہو۔
ممکنہ (مُم۔ کِنَہ) جو بات ہو سکے۔
ممکور (مَم۔ کُور) گیروا۔
مملحہ (مِم۔ لَحَہ) نمکدان۔
مملکت (مَم۔ لَکَت، مَم۔ لِکَت) سلطنت، راج جمع مَمالِک۔
مملو (مَم۔ لُو) بھرا ہوا۔
مملوک (مَم۔ لُوک) غلام جمع مَمالِیک۔
ممنوع (مَم۔ نُوع) منع کیا ہوا جمع مَمنُوعات۔
ممنون (مَم۔ نُون) احسانمند، منت پذیر۔
ممنونی (مَم۔ نُو۔ نی) احسانمندی۔
ممنونیت (مَم۔ نُو۔ نی۔ یَت) احسانمندی۔
مموہ (مُمَو۔ وَہ) ملمع کاری کیا ہوا، وہ جھوٹ جو سچ سا لگنے لگے۔
ممہد (مُمَہ۔ ہَد) تمہید کیا ہوا، بچھایا ہوا، (مُمَہ۔ ہِد) تمہید کرنیوالا، بچھانیوالا۔
ممیز (مُمَی۔ یَز) تمیز کیا ہوا (مُمَی۔ یِز) تمیز کرنیوالا۔
ممیزہ (مُمَی۔ یِزَہ) تمیز کرنے کی قوت۔
ممن (مِمَن) دل، بایں، کلمہ نسبت۔ سے۔ وہ شخص کون ہے، کوئی شخص (مَن) چالیس سیر کا وزن، ما

شیرخشت، میٹھا گوند۔ ایک آسمانی میٹھا کھانا جو بنی اسرائیل پر اُترا تھا (مَنّ) سے، اَنّ۔

منا (مَنا) مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ (مَنا) منازل، مقدار، اندازہ، برابر یا مَن جو وزن ہے (مُنّا) مُنیہ کی جمع۔

مناب (مَناب) قائم مقامی، کھڑے ہونکی جگہ۔

منابر (مَنا۔بِر) منبر کی جمع۔

منابع (مَنا۔بِع) منبع کی جمع۔

منابلت (مُنا۔بَلَت) برابری کرنا۔

منات (مَنات) عرب جاہلیت کا ایک بت۔

مناثرہ (مُنا۔ثَرَہ) باہم نثر پڑھنا جمع مُناثَرات۔

مناجات (مُنا۔جات) التجا، دعا، کانا پھوسی، سرگوشی۔

مناجاتی (مُنا۔جا۔تی) دعا کرنیوالا، مناجات پڑھنے والا۔

مناحہ (مَنا۔حہ) نوح یا ماتم کی جگہ، ماتم۔

مناخ (مَناخ) آب وہوا، آرام کرنے یا سونے کی جگہ، تنگ، کشادہ۔

مناوات (مُنا۔وات) باہم پکارنا، ڈھنڈورہ پیٹنا۔

مناورت (مُنا۔وَرَت) آگے آگے جانا۔

منادل (مَنا۔دِل) مندیل کی جمع۔

منادمت (مُنا۔دَمَت) ہمنشینی۔

منادی (مُنا۔دا) پکارا ہوا، جس کو پکارا جاوے، منادی (مُنا۔دِی) پکارنیوالا، ڈھنڈورچی۔

منار، منارہ (مَنار، مَنا۔رَہ) لاٹھ، ستون، روشنی کی جگہ جمع مَنائر۔

منازع (مُنا۔زِع) جھگڑالو جمع مُنازِعین۔

منازعت (مُنا۔زَعَت) باہمی جھگڑا ٹنٹا۔

منازل (مَنا۔زِل) منزل کی جمع۔

مناسب (مُنا۔سِب) لگاؤ رکھنے والا۔

مناسبت (مُنا۔سَبَت) باہمی لگاؤ۔

مناسک (مَنا۔سِک) منسک کی جمع۔

مناشیر (مَنا۔شِیر) منشور کی جمع۔

مناص (مَناص) بھاگنے کی جگہ، بھاگن۔

مناصب (مُنا۔صِب) جنگ اور دشمنی ظاہر کرنیوالا (مَنا۔صِب) منصب کی جمع۔

مناصبت (مُنا۔صَبَت) جنگ اور دشمنی ظاہر کرنا۔

مناصحہ (مُنا۔صَحَہ) نصیحت کرنا۔

ناصر (مُنا۔صِر) مدد کرنیوالا (مَنا۔صِر) منصر کی جمع۔

مناصرت (مُنا۔صَرَت) امداد باہمی۔

مناصفہ (مُنا۔صَفَہ) آدھوں آدھ، دو ٹوک کرنا۔

مناصلہ (مُنا۔صَلَہ) سافت۔

مناضلہ (مُنا۔ضَلَہ) برابری کرنا۔

مناط (مَناط) مقصد، مطلب، پیچیدگی، لٹکاؤ، لٹکن۔

مناطحہ (مُنا۔طَحَہ) ٹکر مارنا، ٹکرانا۔

مناطق (مَنا۔طِق) منطقہ کی جمع (مُنا۔طِق) بات کہنے والا۔

مناطقہ (مُنا۔طَقَہ) بات کہنا۔

مناظر (مُنا۔ظِر) مناظرہ کرنیوالا جمع مُناظِرین (مَنا۔ظِر) منظر کی جمع۔

مناظرہ (مُنا۔ظَرَہ) بحث کرنیکا علم، باہمی بحث جمع مُناظَرات۔

مناظمہ (مُنا۔ظَمَہ) آپس میں نظم پڑھنا جمع مُناظَمات۔

مناع (مَنّاع، نَاع) سخت منع کرنے والا۔

مناعم (مَنا۔عِم) نعمت کی جمع۔

مناعمت (مُنا۔عَمَت) محظوظ کرنا، ناز و نعمت میں پالنا۔

مناغات (مُنا۔غات) لوری، انیگرہ، ناو۔

منافی (مُنا۔فی) نفی کرنے والا، ضد۔

منافات (مُنا۔فات) ایک دوسرے کی نفی کرنا۔

منافر (مُنا۔فِر) نفرت کرنے والا۔

منافرت (مُنا۔فَرَت) نفرت باہمی۔

منافسہ (مُنا۔فَسَہ) حسد، چشمک، معارضہ، برابری۔

منافع (مُنا۔فِع) فائدہ دینے والا (مَنا۔فِع) منفعت کی جمع۔

منافعہ (مُنَا۔ فَعَہ) نفع یابی۔
منافق (مُنَا۔ فِق) دودلا، نفاق رکھنے والا۔
منافقت (مُنَا۔ فَقَت) دودلی، دورخی۔
منافی (مُنَا۔ فِی) نفی کرنے والا، ضد۔
مناقب (مَنَا۔ قِب) منقبت کی جمع (مُنَا۔ قِب) ناگاہ دیکھنے والا۔
مناقبت (مُنَا۔ قَبَت) ناگاہ دیکھنا۔
مناقشہ (مُنَا۔ قَشَہ) باہمی لڑائی جھگڑا۔
مناقض (مُنَا۔ قِض) توڑنیوالا، مخالف۔
مناقضہ (مُنَا۔ قَضَہ) باہمی توڑ پھوڑ، جھگڑا۔
مناقلہ (مُنَا۔ قَلَہ) گھوڑا تیز دوڑانا۔
مناکح (مُنَا۔ کِح) نکاح کرنے والا۔
مناکحت (مُنَا۔ کَحَت) نکاح کرنا۔
مناکرت (مُنَا۔ کَرَت) باہمی جنگ و پیکار۔
مناکیر (مَنَا۔ کِیر) منکر کی جمع۔
منال (مَنَال) یافت کی جگہ، جائداد۔
منام (مَنَام) سونے کی جگہ، نیند جمع منامات۔
منان (مَن۔ نَان) بڑی نعمت دینے والا، نام اللہ تعالےٰ
مناوشہ (مُنَا۔ وَشَہ) باہم لڑائی کیلئے دو لشکروں کا بڑھنا
منابذت (مُنَا۔ بَذَت) جنگ کرنا، دشمنی اٹھانا۔
مناہی (مَنَا۔ ہِی) منہی کی جمع۔
منائر (مَنَا۔ ئِر) منارہ کی جمع۔
من این (مِن۔ اَیْ۔ نَ) کہاں سے۔
منبلغ (مُم۔ بَاغ) نکٹائی۔
منبت (مَم۔ بِت) ابھرنے کی جگہ، اگنے کی جگہ جمع مَنَا۔ بِت (مُمَن۔ بَت) ابھارا ہوا۔
منبت کار (مُمَن۔ بَت۔ کَار) ابھرے نقش کا کام کرنے والا۔
منبت کاری (مُمَن۔ بَت۔ کَا۔ رِی) ابھرے نقش کا کام۔
منبر (مِم۔ بَر) بلند ہونے کا آلہ، خطیب کے لئے ایک اونچی جگہ جمع مَنَابِر۔
منبسط (مُم۔ بَسِط) خوش ہونیوالا، پھیلنے والا۔
منبع (مَم۔ بَع) سوت، چشمہ، نکاس کی جگہ جمع مَنَابِع۔
منبعث (مُم۔ بَعِث) برانگیختہ ہونیوالا، اٹھنے والا۔
من بعد (مِم۔ بَع۔ د) پھر، اس کے بعد۔
منبل (مَم۔ بَل) کاہل، سست، بداعتقاد، زخم کی جگہ۔
منبلی (مَم۔ بَلی) بداعتقادی، سستی، کاہلی۔
منبہ (مُنَب۔ بِہ) تنبیہ کرنیوالا (مُنَب۔ بَہ) تنبیہ کیا ہوا۔
منبی (مُم۔ بِی) خبر دینے والا۔
منت (مِن۔ نَت) احسان، نیکی جمع مِنَن، نذر، بھینٹ
منت پذیر (مِن۔ نَت۔ پَذِیر) احسان ماننے والا۔
منت کش (مِن۔ نَت۔ کَش) احسان مند۔
منت کشی (مِن۔ نَت۔ کَشِی) احسان مندی۔
منتبہ (مُن۔ تَبِہ) آگاہ، خبردار۔
منتج (مُن۔ تِج) نتیجہ دینے والا (مُن۔ تَج) نتیجہ دیا ہوا۔
منتجب (مُن۔ تَجِب) چھانٹا ہوا (مُن۔ تَجِب) چھانٹنیوالا۔
منتجع (مُن۔ تَجَع) نیکوکار، گھاس پانی کی جگہ۔
منتجم (مُن۔ تَجِم) تابان، روشن۔
منتخب (مُن۔ تَخَب) چھانٹا ہوا، انتخاب کیا ہوا (مُن۔ تَخِب) چھانٹنے والا۔
منتزع (مُن۔ تَزِع) باہر کھینچ لینے والا، اکھڑنے والا، اکھاڑنے والا۔
منتسب (مُن۔ تَسِب) نسبت رکھنے والا (مُن۔ تَسَب) نسبت رکھا ہوا۔
منتسج (مُن۔ تَسِج) بنا ہوا۔
منتسخ (مُن۔ تَسَخ) نسخ کیا ہوا، ردّی کیا ہوا (مُن۔ تَسِخ) نسخ لینے والا، ردّی کرنے والا۔
منتسم (مُن۔ تَسِم) نسیم کھانیوالا، خوشبو لینے والا۔
منتشر (مُن۔ تَشِر) بکھرنیوالا، پراگندہ (مُن۔ تَشَر) بکھرا ہوا، تتر بتر۔
منتصب (مُن۔ تَصِب) دشمن رکھنیوالا، یا دُنیر کھڑا ہونیوالا۔

منتظِر (مُن - تَظِر) انتظار کرنیوالا (مُن - تَظَر) انتظار کیا ہوا۔
منتظِم (مُن - تَظِم) انتظام کرنیوالا، راست اور درست ہونیوالا (مُن - تَظَم) انتظام کیا ہوا۔
منتفِع (مُن - تَفِع) فائدہ حاصل کرنیوالا (مُن - تَفَع) فائدہ حاصل کیا ہوا۔
منتفی (مُن - تَفِی) نابود ہونے والا۔
منتقِد (مُن - تَقِد) پرکھنے والا، انتقاد کرنیوالا (مُن - تَقَد) انتقاد کیا ہوا، پرکھا ہوا۔
منتقِع (مُن - تَقَع) منہ پھرایا ہو۔
منتقِل (مُن - تَقِل) دوسری جگہ جانیوالا، جگہ بدلنے والا (مُن - تَقَل) ایک جگہ سے دوسری کو گیا ہوا۔
منتقِم (مُن - تَقِم) بدلا لینے والا جمع مُنْتَقِمِین۔
منتقی (مُن - تَقِی) برگزیدہ۔
منتِن (مُن - تِن) گندہ، بدبو۔
منتہِج (مُن - تَہِج) راہ اختیار کرنے والا۔
منتہِز (مُن - تَہِز) فرصت پانے والا، غنیمت جاننے والا، جنبش رکھنے والا۔
منتہی (مُن - تَہَا) انتہا کو پہونچا ہوا، آخر (مُن - تَہِی) انتہا کو پہونچنے والا۔
منثنی (مُن - ثَنِی) سرنگوں، کبڑا۔
منثور (مَن - ثُور) نثر، پراگندہ، بغیر بندھا ہوا موتی۔
منجِد (مُن - جِد) مددگار۔
منجذِب (مُن - جَذِب) جذب ہونیوالا۔
منجر (مُن - جَر) کھنچا ہوا (مُن - جِر) کشیدہ ہونیوالا۔
منجِس (مُنَجِّس) ناپاک کرنے والا (مُنَجَّس) ناپاک کیا ہوا۔
منجل (مِن - جَل) درانتی، کھیتی کاٹنے کا آلہ (مَن - جَل) کوئی چیز ڈالنے کی جگہ۔
منجلاب (مَن - جَلَاب) گندے پانی کی کنڈی۔
منجلی (مُن - جَلِی) روشن، آشکار، وطن چھوڑ کر جانیوالا۔
منجِّم (مُنَجِّم) نجومی، جوتشی (مِن - جَم) ڈنڈی، نشانِ۔

منجمد (مُن - جَمِد) جمی ہوئی چیز۔
من جملہ (مِن - جُم - لَہ) سب میں سے۔
منجنیق (مَن - جَنِیق) سنگباری کی قدیم دستی مشین۔
منجوش، منجوق (مَن - جُوش، مَن - جُوق) جھنڈے میں لگانیکا چاندی یا سونیکا مصنوعی چاند۔
منجوف (مَن - جُوف) کاٹا ہوا، فراخ کیا ہوا۔
منح (مَن ح) بخشنا، دے ڈالنا۔
منحات، منحت (مِن - حَات، مِن - حَت) تراشنے کا آلہ جمع مَنَاحِیت، مَنَاحِت۔
منحدر (مُن - حَدِر) اوپر سے نیچے اترنے والا۔
منحرف (مُن - حَرِف) انحراف کرنے والا۔
منحصر (مُن - حَصِر) گھیر لینے والا۔
منحل (مِن - حَل) درانتی۔
منحنی (مُن - حَنِی) جھکا ہوا، کبڑا، دبلا پتلا، کمزور۔
منحوت (مَن - حُوت) تراشا ہوا، چھیلا ہوا۔
منحوس (مَن - حُوس) نامبارک، بدبخت۔
منحوف (مَن - حُوف) نحیف، لاغر، دبلا۔
منحول (مَن - حُول) جس پر بہتان اٹھایا گیا ہو۔
منخدع (مُن - خَدِع) فریفتہ ہونیوالا۔
منخر (مَن - خَر) ناک کا نتھنا جمع مَنَاخِر۔
منخرین (مَن - خَرَین) دونوں نتھنے۔
منخرط (مُن - خَرِط) جھلی جھلائی چیز، آراستہ۔
منخرق (مُن - خَرِق) پھٹنے والا، تڑقنے والا۔
منخرم (مُن - خَرِم) نکٹا، کنپھٹا۔
منخرہ (مَن - خَرَہ) نتھنا۔
منخزع (مُن - خَزِع) کٹا ہوا ہونیوالا۔
منخفض (مُن - خَفِض) پست ہونیوالا۔
منخفف (مُن - خَفِف) ہلکا ہونیوالا۔
منخل (مِن - خَل) چھلنی، چھاننے کا آلہ۔
منخور (مَن - خُور) ناک کا نتھنا۔
منڈ (مَند) صاحب، والا، کلمۂ نسبت۔

مندبور (مُن - دَبُور) جو چلتے چلتے چکنا چور ہو جاوے۔
مندد (مُن - دَدْ) بھانڈا پھوڑ۔
مندرج، مندرجہ (مُن - دَرِج، مُن - دَرِجَہ) درج ہونے والا۔
مندرس (مُن - دَرِس) پھٹا پرانا۔
مندفع (مُن - دَفِع) دفع ہونے والا۔
مندفہ (مُن - دَفَہ) روئی کا گالہ، دھنکی ہوئی روئی۔ (مِن - دَفَہ) دھنکنے کا آلہ۔
مندک (مُن - دَک) ٹکڑے ٹکڑے، او کھا مال، وہ چیز جو چالو نہ ہو۔
مندل (مَن - دَل) اگر، حصار، کنڈل، کنڈلی۔
مندمج (مُن - دَمِج) داخل ہونیوالا۔
مندمل (مُن - دَمِل) گھاؤ بھرنیوالا، زخم اچھا ہونیوالا۔
مندوب (مَن - دُوب) ڈیلیگیٹ، ممبر، جو کام کو بلایا گیا ہو جمع مندوبین وہ لفظ جو ماتم میں روتے ہیں زبان سے نکلے۔
مندوف (مَن - دُوف) دھنکی روئی، گالا۔
مندیل (مِن - دِیل) سینرپوش، رومال، دستار جمع مَنَادِیل۔
منذر (مُن - ذِر) ڈرانے والا۔
منزجر (مُن - زَجِر) باز رہنے والا۔
منزحف (مُن - زَحِف) معقولیت سے دور ہونے والا، توازن ٹھیک نہ رکھنے والا۔
منزل (مَن - زِل) اترنے کی جگہ، مسافر جہاں اترے، پڑاؤ، ایک دن کا سفر، مکان، گھر، عمارت کا اوپر تلے درجہ جمع مَنَازِل (مُن - زِل) تلے اترنے والا (مُن - زَل) تلے اترا ہوا (مُنَز - زِل) نیچے اتارنیوالا (مُنَز - زَل) نیچے اتارا ہوا۔
منزلت (مَن - زِلَت) رتبہ، درجہ۔
منزوع (مَن - زُوع) کھینچا گیا، نکالا گیا۔
منزوی (مُن - زَوِی) گوشہ نشین۔

منزہ (مُنَز - زَہ) پاک، صاف۔
منسات (مِن - سَات) لاٹھی، عصا۔
منسج (مُن - سِج) بننے والا، جولاہا (مَن - سَج) کپڑا بننے کی جگہ جمع مَنَاسِج (مِن - سَج) کپڑا بننے کا آلہ، نلی، نال۔
منسحب (مُن - سَحِب) کھنچنے والا۔
منسجم (مُن - سَجِم) پانی یا آنسو ڈھلکنے والا۔
منسد (مُن - سَد) بند ہوا ہوا، انسداد کیا ہوا۔
منسرہ (مِن - سَرَہ) چونچ، ٹھونگ، منقار۔
منسفہ (مِن - سَفَہ) ڈھیکلی، چھاج، سانکھی۔
منسک (مَن - سَک) عبادت گاہ، قربانی کی جگہ جمع مَنَاسِک۔
منسکب (مُن - سَکِب) پانی گرانیوالا، آنسو بہانیوالا۔
منسلک (مُن - سَلِک) لڑی میں پرویا جانیوالا۔
منسوب (مَن - سُوب) نسبت کیا ہوا۔
منسوج (مَن - سُوج) بنا ہوا۔
منسوخ (مَن - سُوخ) ہٹایا ہوا، نابود کیا ہوا۔
منسوک (مَن - سُوک) پاک کیا ہوا۔
منسی (مَن - سِی) بھلایا ہوا۔
منش (مَنِش) عادت، خلقت، مزاج۔
منشا (مَن - شَا) مراد، مطلب، سبب، جگہ پیدا ہونے کی، ہونے کی جگہ۔
منشآت (مُن - شَ - آت) مسودات، عبارات، تصنیفات۔
منشار (مِن - شَار) آرہ، پنکھا، خبر پھیلانے کا آلہ، بجھانے کا آلہ جمع مَنَاشِیر۔
منشد (مُن - شِد) شعر پڑھنے والا۔
منشرح (مُن - شَرِح) کھلنے والا۔
منشط (مُنَش - شِط) خوشی میں لانے والا۔
منشعب (مُن - شَعِب) شاخ در شاخ ہونیوالا۔
منشف (مِن - شَف) تولیہ۔

منشق (مُن۔ شَق) ٹکڑے اڑنے والا، پھٹنے والا۔
منشل (مِن۔ شَل) سیخ۔
منشور (مَن۔ شُور) شاہی فرمان جمع مَنَاشِیر۔
منشی (مُن۔ شِی) صاحب انشا، منیب، محرر، اڈیٹر،
اخبار نویس (مُن۔ شا) انشا کیا ہوا جمع منشآت
(مُنش۔ شی) انشا جیسے جمع منشیات (مُنشی) منسوب بہ منش
منصار (مِن۔ صار) امداد کا آلہ جمع مَنَاصِیر۔
منصب (مَن۔ صَب) قائم ہونیکی جگہ، رتبہ، مرتبہ،
عہدہ جمع مَنَاصِب (مُنصَب) بکھرا ہوا
(مُنصِب) بکھیرنے والا (مِن۔ صَب) چوٹھا جمع
مَنَاصِیب۔
منصبدار (مَن۔ صَب۔ دار) صاحب مرتبہ۔
منصبغ (مُن۔ صَبِغ) رنگین ہونے والا۔
منصت (مُن۔ صِت) خاموش، چپکا۔
منصر (مَن۔ صَر) امداد کی جگہ جمع مَنَاصِر (مِن۔ صَر)
امداد کا آلہ جمع مَنَاصِیر۔
منصرف (مُن۔ صَرِف) واپس پھر جانے والا، وہ اسم
جو کسرہ اور تنوین قبول کرے۔
منصف (مُن۔ صِف) انصاف کرنے والا۔
منصفی (مُن۔ صِفی) انصاف۔
منصوب (مَن۔ صُوب) قائم کیا ہوا، نصب کیا ہوا،
وہ حرف کہ جس کے اوپر زبر (ـَ) ہو۔
منصوبہ (مَن۔ صُو۔ بہ) کسی بات کی تدبیر، کھڑی کی
ہوئی چیز، شطرنج کی بازی۔
منصور (مَن۔ صُور) مدد کیا ہوا، نصرت دیا ہوا۔
منصوص (مَن۔ صُوص) نہایت تحقیق کیا ہوا،
وہ امر جو قرآن یا حدیث سے صاف ثابت ہو۔
منصہ (مَنَصّہ، مَنَصَّہ) ظاہر ہونیکی جگہ (مِنَصّہ، مَنَصَّہ)
ظاہر کرنے کا آلہ۔
منصۂ شہود (مَنَصّ، ص۔ اِ۔ شُہُود) ظاہر ہونیکی جگہ۔
منضج (مُن۔ ضِج) وہ چیز جو پھل زخم خلط یا مادے
کو پکا دے۔
منضد (مُنَضّ، ضَد) اوپر تلے چنا ہوا۔
منضم (مُنضَم، ضَم) ملایا ہوا۔
منضود (مَن۔ ضُود) تہ بہ تہ چنا ہوا۔
منطبع (مُن۔ طَبِع) چھپنے والا، منقوش ہونے والا۔
منطبق (مُن۔ طَبِق) برابر، موافق، اوپر تلے ٹھیک آنیوالا۔
منطفی (مُن۔ طَفِی) بجھنے والا۔
منطق (مَن۔ طِق) سخن، بات، نام علم دلائل، بات
کہنا (مُن۔ طِق) بولنے والا، کلام کرنیوالا (مِن۔ طَق)
دیکھو منطقہ۔
منطقہ (مِن۔ طَقَہ) کمربند، پیٹی، پٹی، پٹکا، دائرہ،
زمین کا کوئی کرہ باعتبار تقسیم خطوط فرضی جمع مَنَاطِق
منطقۂ باردہ، منطقۂ سرودہ (مِن۔ طَق ۱ اِ۔
بَا۔ رِدَہ، مِن۔ طَق ۱ اِ۔ مَب۔ رُو۔ دَہ) قطب
شمالی یا قطب جنوبی کا ٹھنڈا کرہ۔
منطقۂ حارہ، منطقۂ محرورہ (مِن۔ طَق ۱ اِ حَا۔
رَہ، مِن۔ طَق ۱ اِ۔ مَح۔ رُو۔ رَہ) خط استوا کے
ہر دو جانب کا گرم کرہ۔
منطقۂ معتدلہ (مِن۔ طَق ۱ اِ۔ مُع۔ تَدِ۔ لَہ) منطقۂ
حارہ اور منطقۂ باردہ کے درمیان کا کرہ۔
منطقۃ البروج (مِن۔ طَقَتُل۔ بُرُوج) وہ بڑا
آسمانی دائرہ جس پر بارہ برجوں بترتیب واقع ہیں۔
منطقی (مَن۔ طِقِی) علم منطق جاننے والا۔
منطمس (مُن۔ طَمِس) نابود ہونے والا۔
منطوق، منطوقہ (مَن۔ طُوق، مَن۔ طُو۔ قَہ)
سخن، کلام، مضمون، معانی، بولا ہوا۔
منطوی (مُن۔ طَوِی) لپٹا ہوا۔
منطیق (مِن۔ طِیق) فصیح الکلام، خوش بیان۔
منظار (مِن۔ ظَار) دوربین، نظر ڈالنے کا آلہ۔
منظر (مَن۔ ظَر) سماں، نظر کی جگہ، جہاں نظر ڈالی جاوے
جمع مَنَاظِر (مِن۔ ظَر) دیکھو منظار۔

منظم (مُنَظَّم) ترتیب دیا ہوا (مُنَظِّم) ترتیب دینے والا (مِنْ نَظْم) ترتیب و نظم کی جگہ جمع مَنَاظِم۔
منظور (مِنْ ۔ نَظَر) دیکھا ہوا، پسند کیا ہوا۔
منظورِ نظر (مِنْ نَظَر) یہ ۔ نَظَر) محبوب، جو نظر کو پسند ہو۔
منظوم، منظومہ (مِنْ ۔ نَظْم) (مِنْ ۔ نَظْم) نظم کیا ہوا جمع مَنْظُومَات۔
منع (مِنْ ۔ مَنْع) باز رکھنا، روکنا۔
منعام (مِنْ ۔ نِعَام) بہت بخشش کرنے والا۔
منعدم (مِنْ ۔ عَدَم) نابود ہونے والا۔
منعطف (مِنْ ۔ عَطْف) لوٹنے والا، پھرنے والا، خم کھانے والا
منعقد (مِنْ ۔ عَقْد) جمنے والا۔
منعکس (مِنْ ۔ عَکْس) عکس قبول کرنے والا۔
منغص (مُنَغَّص) غَصّ) مکدر، رنجیدہ۔
منغمس (مِنْ ۔ غَمْس) ڈوبنے والا۔
منفاخ (مِنْ ۔ نَفْخ) پھونکنی، دھونکنی۔
منعل (مُنَعَّل) نَعْل) نعل کی شکل کی چیز (مُنْ ۔ نَعْل) نعل باندھنے والا۔
منعم (مِنْ ۔ نَعَم) مالدار، نعمت دینے والا۔
منعوت (مِنْ ۔ نَعْت) تعریف کیا ہوا، نعت کیا ہوا۔
منفجر (مِنْ ۔ فَجْر) وہ پانی جو پھوٹ کر نکل رہا ہو۔
منفخ (مِنْ ۔ نَفْخ) پھونکنے کا آلہ، دھونکنی جمع مَنَافِخ (مُنَفِّخ) نَفْخ) نفخ پیدا کرنیوالی، پیٹ میں ریح پیدا کرنے والی۔
منفذ (مِنْ ۔ نَفَذ) روشندان، جاری ہونیکی جگہ، گھس جانیکی جگہ، راہ جمع مَنَافِذ۔
منفرج (مُنْ ۔ فَرْج) کشادہ، آسودہ۔
منفرجہ (مُنْ ۔ فَرْجَہ) وہ زاویہ جو قائمہ سے بڑا ہو۔ منفرجہ
منفرح (مُنْ ۔ فَرَح) خوش، شاد۔
منفرد (مُنْ ۔ فَرْد) تنہا، اکیلا۔
منفسخ (مُنْ ۔ فَسْخ) فاسد، تباہ، خراب۔
منفسد (مُنْ ۔ فَسَد) بگڑنے والا۔

منفصد (مُنْ ۔ فَصْد) بہنے والا۔
منفصل، منفصلہ (مُنْ ۔ فَصْل، مُنْ فَصْلَہ) جدا، علیحدہ، فیصل ہونے والا۔
منفصم (مُنْ ۔ فَصْم) ایسی ٹوٹی ہوئی چیز جو پھر نہ جڑ سکے۔
منفطر (مُنْ ۔ فَطْر) وہ جو پھٹا ہوا ہو۔
منفعت (مِنْ ۔ نَفْع) فائدہ، سود مندی جمع مَنَافِع۔
منفعل (مُنْ ۔ فِعْل) شرمندہ، اثر قبول کرنیوالا، اکڑ بڑ۔
منفق (مُنْ ۔ نَفَق) نفقہ دینے والا، روئی کپڑا دینے والا۔
منفک (مُنْ ۔ فَکّ) الگ، جدا کیا ہوا۔
منفوش (مِنْ ۔ نَفْش) دھنکی ہوئی چیز۔
منفی (مِنْ ۔ نَفِی) نابود کیا ہوا، نفی کیا ہوا۔
منقاد (مُنْ ۔ قَاد) مطیع، تابعدار، عاجزی کرنیوالا۔
منقار (مِنْ ۔ نَقَار) چونچ جمع مَنَاقِیر۔
منقاش (مِنْ ۔ نَقَش) نقش کرنیکا آلہ، بال اکھیڑنے کا آلہ، کانٹا نکالنے کا آلہ۔
منقاف (مِنْ ۔ نَقَف) سنکھ، خرمہرہ۔
منقب (مِنْ ۔ نَقْب) سوراخ کرنیکا آلہ، پہاڑی راستہ۔
منقبت (مَنْ ۔ قَبَت) ہنر، تعریف، بڑائی، فخر جمع مَنَاقِب۔
منقبض (مُنْ ۔ قَبْض) دل گرفتہ، سمٹنے والا، سکڑنے والا، کھنچ کر بندھا ہوا۔
منقتل (مُنْ ۔ قَتْل) قتل ہونے والا۔
منقح (مُنَقَّح) نَقْح) تنقیح کیا ہوا، پاک کیا ہوا۔
منقر (مِنْ ۔ نَقْر) چھینی، ٹانکی، ٹھوکنے کا آلہ۔
منقرض (مُنْ ۔ قَرْض) کٹا ہوا، گذرا ہوا۔
منقسم (مُنْ ۔ قَسْم) تقسیم ہونے والا۔
منقش (مُنَقَّش) نَقْش) نقش کیا ہوا (مِنْ ۔ نَقْش) دیکھو منقاش۔
منقصت (مَنْ ۔ نَقْص) نقصان، عیب۔
منقضت (مَنْ ۔ نَقْض) نقیض، شکستگی۔
منقضی (مُنْ ۔ قَضَی) جسکی مدت ختم ہوگئی ہو، گذرا ہوا۔
منقطع (مُنْ ۔ قَطْع) کٹنے والا۔

منقل (مَن-قَل) منزل، انگیٹھی جمع مَنَاقِل۔
منقلب (مُن-قَلِب) اُلٹا ہونے والا (مُن-قَلَب)، اوندھا ہونے کی جگہ، الٹا ہونا، اوندھا ہونا۔
منقلع (مُن-قَلِع) اکھڑا ہونے والا۔
منقلہ (مُن-قَلَہ) انگیٹھی، آتشدان۔
منقمع (مُن-قَمِع) ذلیل ہونے والا۔
منقنع (مُن-قَنِع) قناعت کرنے والا۔
منقوب (مَن-قُوب) سوراخ کیا ہوا، چھیدا ہوا۔
منقوش (مَن-قُوش) نقش کیا ہوا۔
منقوص (مَن-قُوص) کم، تھوڑا، وہ چیز جسمیں نقص ہو۔
منقول (مَن-قُول) نقل کیا ہوا، بیان کیا ہوا۔
منقی (مُنَق-قَا) پاک کیا ہوا، صاف کیا ہوا (مُنَق-قِی) پاک کرنیوالا، صاف کرنے والا۔
منکب (مَن-کِب) مونڈھا، دوش جمع مَنَاکِب۔
منکبین (مَن-کِبَین) دونوں مونڈھے۔
منکدر (مُن-کَدِر) گدلا، دھندلا۔
منکر (مُن-کِر) انکار کرنیوالا جمع مُنکرِین (مُن-کَر) انکار کیا ہوا، خراب، ناشائستہ، بری بات، خلاف شریعت، جو پہچان میں نہ آوے جمع مَنَاکِر، نام ایک فرشتہ کا۔
منکر نکیر (مُن-کَر-نَکِیر) دو فرشتے جو مردے سے سوال و جواب کرتے ہیں۔
منکسر، منکسرہ (مُن-کَسِر، مُن-کَسِرَہ) ٹوٹا ہونے والا، اپنے کو کمتر جاننے والا۔
منکشف (مُن-کَشِف) کھلنے والا، ظاہر ہونیوالا۔
منکوب (مَن-کُوب) خراب، بدحال، کنگال جمع مَنَاکِیب۔
منکوحہ (مَن-کُو-حَہ) نکاح کی ہوئی، شریعت کے مطابق باقاعدہ بیوی۔
منکوس (مَن-کُوس) سرنگوں، اوندھا۔
منکیدن (مَن-کِی-دَن) غصہ سے بڑبڑانا۔
منگ (مَنگ) جوا، قمار۔
منم (مِنَم) لنگا لترا، سخن چیں۔

منن (مِنَن) منت کی جمع۔
منوال (مِن-وَال) جولاہے کی ترہ، طور، دستور، طریقہ۔
منوب (مَنُوب) نیابت کیا ہوا۔
منوب عنہ (مَنُوب-عَن-ہُ) جسکی طرف سے کوئی نائب ہو۔
من وجہ (مِن-وَج-ہِن) وجہ سے۔
منور (مُنَوَّر) روشن، روشن کیا ہوا، وہ درخت جس پر پھول آرہے ہوں۔
منوط (مَنُوط) جو کسی چیز سے وابستہ ہو، لٹکا ہوا، لٹکایا ہوا۔
منوع (مَنُوع) دیکھو مَنَّاع۔
من وعن (مِن-وَ-عَن، مِنُو-عَن) بتمامہ، لفظ بلفظ۔
منول (مِن-وَل) لپیٹن جمع مَنَاوِل۔
منون (مَنُون) زمانہ، موت (مُنَوَّن) تنوین (ً ٍ ٌ) دیا ہوا۔
منوی (مَن-وِی) نیت کیا ہوا، ارادہ کیا ہوا۔
منہ (مِن-ہُ) اس مذکر چیز سے۔
منہا (مِن-ہَا) شراب، اس چیز سے۔
منہاج (مِن-ہَاج) راہ، راستہ جمع مَنَاہِج۔
منہتک (مُن-ہَتِک) ذلیل اور رسوا ہونیوالا۔
منہج (مَن-ہَج) راہ، راستہ جمع مَنَاہِج۔
منہدم (مُن-ہَدِم) ویران ہونیوالا، ڈھینے والا۔
منہزم (مُن-ہَزِم) جنگ سے بھاگ جانیوالا۔
منہضم (مُن-ہَضِم) پچنے والا، ہضم ہونیوالا۔
منہل (مَن-ہَل) وہ جگہ جہاں پانی پینے کو ملے جمع مَنَاہِل۔
منہمک (مُن-ہَمِک) کام میں بیحد کوشش کرنیوالا۔
منہوب (مَن-ہُوب) لوٹا ہوا، غارت کیا ہوا۔
منہوم (مَن-ہُوم) لوبھی، لالچی، بھوکا۔
منہی (مُن-ہِی) خبر دینے والا (مَن-ہِی) منع کیا ہوا، خراب، برا جمع مَنَاہِی، مَنہِیات۔

منی (مَنِیّ) خودی، ہٹھی، اکڑ، دھات، آب پشت۔ (مُنیٰ) دیکھو مینا۔

منیب (مُنِیب) قائم مقام، کارندہ، نائب ہونے والا، توبہ کرنے والا، کار مختار۔

منیت (مُنْ یَت) آرزو، مطلب، مقصد، جمع مُنیٰ، اَمانی۔ (مَنِیْ یَت) موت، مرگ، جمع مَنایا۔ انانیت، غرور۔

منیر (مُنِیر) روشنی دینے والا، روشن۔

منیع (مَنِیع) باز رکھنے والا، مضبوط، پائیدار۔

منیف (مُنِیف) بلند، پاک، بزرگ۔

منیلا (مَنِی۔لا) دارالحکومت جزائر فلپائن (مشرقی ایشیا)

منیہ (مَنِی یَہ) دیکھو منیت۔

مو (مُو) بال (مَو) بلی کی میاؤں، مستور۔

موات (مَوات) بیجان، سوکھی زمین، بے مالک کی چیز (مُوات) موت، ممات، مرگ۔

مواثبت (مُوا۔ثَبَت) ڈپٹنا، ڈانٹنا۔

مواثقہ (مُوا۔ثَقَہ) مضبوطی کرنا، عہد باندھنا۔

مواثیق (مَوا۔ثِیق) میثاق کی جمع۔

مواج (مَوّاج) بڑا موج مارنے والا۔

مواجب (مَوا۔جِب) موجب کی جمع، تنخواہ، مشاہرہ۔

مواجرہ (مُ آ۔جَرَہ) کام کی اجرت دینا۔

مواجہہ (مُوا۔جَہَہ) روبرو، موجودگی۔

مواجید (مَوا۔جِید) وجد کی جمع۔

مواحنت (مُ آ۔حَنَت) نفرت باہمی، دشمنی۔

مواخات (مُ آ۔خات) بھیّا چارہ، بھائی بندی۔

مواخذ (مُ آ۔خِذ) جواب لینے والا۔

مواخذہ (مُ آ۔خَذَہ) ٹوکنا، جواب لینا۔

مواد (مَوادّ) مادّہ کی جمع، مصالحہ۔

موادعت (مُوا۔دَعَت) آپس میں رخصت کرنا۔

مواریث (مَوا۔رِیث) میراث کی جمع

موارز (مُوا۔دِز) کید، قردش۔

موازات (مُ آ۔زات) مقابلہ، برابری۔

موازرت (مُوا۔زَرَت) وزارت کرنا، مدد دینا۔

موازنہ (مُ آ۔زَنَہ) باہمی ہموزنی، برابری، سرابری۔

موازی (مُ آ۔زِی) برابر برابر، مقابل۔

موازین (مَوا۔زِین) میزان کی جمع۔

مواسا، مواسات (مُ آ۔سا، مُ آ۔سات) غمخواری کرنا، درگذر کرنا۔

مواسی (مَوا۔سِی) موسیٰ کی جمع۔

مواشی (مَوا۔شِی) ماشیہ کی جمع، چوپائے۔

مواصبت (مُوا۔صَبَت) کام میں لگا رہنا۔

مواصلت (مُوا۔صَلَت) ملاقات، ملاپ، میل جول۔

مواضع (مُوا۔ضِع) ساجھی (مَوا۔ضِع) موضع کی جمع۔

مواضعت (مُوا۔ضَعَت) باہمی شرکت، ساجھا۔

مواطات (مُوا۔طات) موافقت کرنا۔

مواطب (مُوا۔طِب) کام پر کھڑا ہونیوالا۔

مواطبت (مُوا۔طَبَت) کام پر کھڑا ہونا۔

مواطن (مَوا۔طِن) موطن کی جمع۔

مواظبت (مُوا۔ظَبَت) کام میں لگا رہنا۔

مواعد (مُوا۔عِد) آپس میں عہد کرنیوالا (مَوا۔عِد) موعد کی جمع۔

مواعدت (مُوا۔عَدَت) آپس میں عہد کرنا یا وعدہ کرنا۔

مواعظ (مَواعظ) موعظت کی جمع۔

مواعید (مَوا۔عِید) میعاد کی جمع، ریلوے ٹائم ٹیبل۔

موافدہ (مُوا۔فَدَہ) چلنے میں برابری کرنا۔

موافات (مُوا۔فات) وفا کرنا۔

موافق (مُوا۔فِق) موافقت کرنے والا۔

موافقت (مُوا۔فَقَت) ساتھ، دوستی، برابری، میل جول

مواقع (مُوا۔قِع) واقع کرنیوالا (مَوا۔قِع) موقع کی جمع۔

مواقعت (مُوا۔قَعَت) کارزار کرنا، باہم گر پڑنا۔

مواقیت (مَوا۔قِیت) میقات کی جمع۔

مواکب (مَوا۔کِب) موکب کی جمع۔

موالات (مُوا-لَاتْ) میل جول، ربط ضبط رکھنا، لگاتار کرنا۔
موالفت (مُ۔ اَ۔ لَفَتْ) الفت باہمی، عادی ہونا۔
موالی (مَوا-لِیْ) مددگار، میل جول رکھنے والا، لگاتار کام کرنیوالا (مَوا-لِیْ) مولیٰ کی جمع۔
موالید (مَوا-لِیْد) مولد اور مولود کی جمع۔
موالید ثلاثہ (مَوا-لِیْ-دِ-ثَلَا-ثَہ) حیوانات، نباتات، جمادات تینوں چیزیں یکجائی۔
مؤامرت (مُ۔ آ۔ مَرَتْ) باہمی صلاح مشورہ۔
موانست (مُ۔ اُ۔ نَسَتْ) باہمی دوستی، باہمی محبت۔
موانع (مَوا-نِعْ) مانع کی جمع۔
مواہب (مَوا-ہِبْ) موہب کی جمع۔
مواہبت (مُوا-ہَبَتْ) بخشش، عطا۔
مواہنت (مُوا-ہَنَتْ) سستی، کاہلی۔
موائد (مَوا-اِدْ) مائدہ کی جمع۔
موباف (مُوْ-بَافْ) بالوں میں لپٹنے کا کپڑا۔
موبد (مُوْ-بَدْ) حکیم، دانشمند، فلسفی، پیری فروش، آتش پرستوں کا پیشوا (مُ۔ اَبْ۔ بَدْ) ہمیشہ، ہمیشگی کیا ہوا۔
موبمو (مُوْ-بَمُوْ) تمام و کمال۔
موت (مَوْت) مری، مرگ جمع اَمْوَات۔
موتان (مُوْ-تَانْ) مری، مرگا مرگ، طاعون۔
موتراش (مُوْ-تَرَاشْ) استرہ، بال تراشنے والا۔
موتفک (مُ۔ تَ۔ فِکْ) الٹ دینے والا۔
موتفکات (مُ۔ تَ۔ فِکَاتْ) جوبائی ہوائیں، قوم لوط کے طوفانِ ہوا سے برباد کئے ہوئے شہر۔
موتلف (مُ۔ تَ۔ لِفْ) عادی ہونیوالا، ساتھ آراستہ کرنے والا۔
موتمر (مُ۔ تَ۔ مِرْ) فرمانبردار، مشورہ کرنیوالا (مُ۔ تَ۔ مَرْ) مجلس مشورہ، کانفرنس۔
موتمن (مُ۔ تَ۔ مَنْ) امانت دار۔

موتی (مُوْ-تٰی) میت کی جمع۔
موثر (مُ۔ ءَ۔ ثِرْ) تاثیر کرنیوالا (مُوْ-ثِرْ) ایثار کرنیوالا (مُ۔ ءَ۔ ثَرْ) کسی چیز پر نشان چھوڑا ہوا۔
موثق (مُوْ-ثَقْ) مضبوط۔
موثم (مُ۔ ءَ۔ ثِمْ) گنہگار، مجرم۔
موج (مَوْج) لہر جمع اَمْوَاج۔
موج خیز (مَوْج-خِیْز) دریا۔
موج زن (مَوْج-زَنْ) لہر مارنے والا۔
موجب (مُوْ-جِبْ) واجب کرنیوالا (مُوْ-جَبْ) واجب کیا ہوا جمع مَوَاجِبْ۔
موجبہ (مُوْ-جِبَہ) ضروری چیز، اہم چیز جمع مُوْجِبَاتْ۔
موجد (مُوْ-جِدْ) ایجاد کرنیوالا، کوئی چیز نئی نکالنے والا۔
موجر (مُ۔ ءُ۔ جِرْ) اجرت پر دینے والا۔
موجز (مُوْ-جَزْ) کوتاہ کیا ہوا سخن، خلاصہ۔
موجع (مُوْ-جِعْ) درد میں لانے والا۔
موجل (مُ۔ ءَ۔ جَلْ) مہلت دیا ہوا، فرصت دیا ہوا۔ (مَوْ-جَلْ) ڈرنا (مَوْ-جِلْ) ڈرنے کی جگہ۔
موجود (مَوْ-جُوْد) حاضر، ہست جمع مَوْجُوْدَاتْ۔
موجودہ (مَوْ-جُوْ-دَہ) حاضر۔
موجودات (مَوْ-جُوْ-دَاتْ) مخلوقات، جاندار، گیانی۔
موجہ (مَوْ-جَہ) موج (مُوَ-جَّہ) پسندیدہ، جس کی طرف منھ کیا جاوے۔
موچینہ (مُوْ-چِیْ-نَہ) موچنا۔
موحد (مُوَ-حِّدْ) خدا کو ایک جاننے والا (مَوْ-حَدْ) اکیلا، تنہا۔
موحش (مُوَ-حِشْ) بھگدڑ، بھاگڑ، بھگانیوالا (مُوْ-حِشْ) غمگین کرنے والا۔
موخذ، موخذہ (مُ۔ ءَ۔ خَذْ، مُ۔ ءَ۔ خَذَہ) اخذ کیا ہوا، لیا ہوا۔
موخر (مُ۔ ءَ۔ خَّرْ) آخر کیا ہوا (مُوْ-خِرْ) کان کی طرف والا آنکھ کا کویا۔

مودر (مُوْدْ) عقاب۔
مودب (م ُ اَ دْ دَ بْ) قاعدہ ادب سکھلایا ہوا، ادب دیا ہوا (مُ اَ دْ دِ بْ) ادب دینے والا۔
مود بانہ (م ُ اَ دْ دَ با نہ) ادب دیئے ہوئے کی مانند۔
مودت (مَ وَدْ دَتْ) دوستی، محبت۔
مودع (مُوْ دِ عْ) رخصت کرنیوالا (مُوْ دَ عْ) رخصت کیا ہوا۔
مودعہ (مُوْ دَ عَہْ) سونپی ہوئی چیز۔
مودود (مَوْ دُوْدْ) دوست رکھا ہوا۔
مودی (م ُ اَ دْ دِ یْ) ادا کرنیوالا، پہنچا نیوالا، پاک کرنیوالا (م ُ اَ دْ دَا) ادا کیا ہوا، پہنچا یا ہوا، پاک کیا ہوا۔
موذن (م ُ اَ ذْ ذِ نْ) اذان دینے والا (مُوْ ذِنْ) آگاہی دینے والا۔
موذی (مُوْ ذِ یْ) دکھ دینے والا۔
مور (مُوْرْ) چیونٹی (مَوْرْ) غبار جو ہوا پر چڑھ جاتا ہے (مَوْرْ) راہ، پانی کی لہر۔
مورث (مُوْ رِ ثْ) میراث پہونچانیوالا (مُوَرْ رِثْ) بھڑکانیوالا، روشن کرنیوالا۔
مورچال، مورچل (مُوْرْ چَالْ، مُوْرْ چَلْ) فوجی خندق۔
مورچہ (مُوْرْ چَہْ) فوجی خندق، چھوٹی چیونٹی، زنگ۔
مورخ (م ُ اَ رْ رِ خْ) علم تواریخ جانیوالا یا لکھنے والا۔
مورد (مَوْ رِدْ) اترنے کی جگہ، پہنچنے کی جگہ جمع موارد (مُوَرْ رَدْ) گلگوں، گلابی کیا ہوا۔
موروث (مَوْ رُوْثْ) وراثت دیا ہوا، ترکہ دیا ہوا۔
موروثی (مَوْ رُوْ ثِیْ) پشتینی، ورثہ میں پائی چیز۔
مورود (مَوْ رُوْدْ) وارد کیا ہوا، روزانہ کیا ہوا۔
موری (مُوْ رِیْ) صحن کے پانی نکلنے کا سوراخ۔
موریانہ (مُوْرْ یَا نَہْ) زنگ۔
موز (مَوْزْ) کیلا۔

موژان (مُوْ ژَانْ) خوبصورت آنکھ، خواب آلود آنکھ۔
موزج (مُوْ زَجْ) موزہ۔
موزع (مُوَزْ زِ عْ) پراگندہ کرنیوالا، تقسیم کرنیوالا۔
موزوں (مَوْ زُوْں) وزن کیا ہوا، خوش۔
موزہ (مُوْ زَہْ) جراب۔
موس (مُوْسْ) استرہ۔
موسائی (مُوْ سَا ئِیْ) یہودی۔
موسج (مُوْ سَجْ) زنار، جنیو۔
موسر (مُوْ سِرْ) تونگر، مالدار۔
موسس (م ُ اَ سْ سِسْ) بنیاد رکھنیوالا جمع مؤسسین
موسم (مَوْ سِمْ) کسی چیز کا وقت، مدت جمع مواسم (م ُ اَ سْ سَمْ) نام رکھا ہوا۔
موسوم (مَوْ سُوْمْ) نام رکھا ہوا، نشان کیا ہوا۔
موسوی (مُوْ سَوِیْ) منسوب بہ حضرت موسیٰ۔
موسی (مُوْ سَا) بال مونڈنے کا استرہ جمع مواسی۔
موسیچہ (مُوْ سِیْ چَہْ) ایک پرند کا نام۔
موسیقار (مُوْ سِیْ قَارْ) ایک خیالی پرند جس کی آواز سے فن موسیقی نکلنے کی روایت ہے۔
موسیقی (مُوْ سِیْ قِیْ) گانے کا علم، راگ۔
موش (مُوْشْ) چوہا۔
موشح (مُوَشْ شَحْ) آراستہ، زیور دیا ہوا۔
موش خرما (مُوْشْ خُرْ مَا) گلہری۔
موش خور (مُوْشْ خُوْرْ) چیل، گدھ۔
موشک (مُوْ شَکْ) چھچھوندر، چھوٹا سا چوہا۔
موشک دوانی (مُوْ شَکْ دَوَا نِیْ) فتنہ انگیزی، ایک آتش بازی کا نام، شرارت۔
موش کور (مُوْشْ کُوْرْ) چھچھوندر۔
موشگاف (مُوْ شِگَافْ) بال کی کھال کھینچنے والا۔
موشگافی (مُوْ شِگَا فِیْ) بال کی کھال کھینچنا۔
موصف (مُوَصْ صَفْ، صِفْ) توصیف کیا ہوا۔
موصل (مُوْ صِلْ) ملنے کی جگہ، نام شہر (عراق) (مُوَصْ صِلْ)

پہنچانیوالا (مُوَصِّل، صِّل) وصل کیا ہوا، پیوند کیا ہوا۔

موصوف (مَو۔صُوف) وصف کیا ہوا۔

موصول (مَو۔صُول) وصل کیا ہوا، ملا ہوا۔

موصی (مُو۔صِی) وصیت کرنیوالا (مُو۔صَا) جسکو وصیت کی گئی ہو

موصی الیہ (مُو۔صَا۔اِلَی۔ہ) جس سے وصیت کی جاوے

موصی لہ (مُو۔صَا۔لَہُو) جسکے حق میں وصیت کی جاوے

موصیہ (مُو۔صِیَہ) وصیت کرنے والی۔

موضح (مُو۔ضِح) روشن اور آشکارا کرنیوالا (مُوَضِّح، ضِّح) روشن کرنیوالا، روشن ہونیوالا (مُوَضَّح، ضَّح) روشن کیا ہوا۔

موضع (مَو۔ضِع) جگہ، مکان، گاؤں، رکھنے کی جگہ جمع مَوَاضِع۔

موضوع (مَو۔ضُوع) وضع کیا ہوا، عنوان، وہ مقصد جس پر گفتگو ہو۔

موضوع لہ (مَو۔ضُوع۔لَ۔ہُو) اُس کیلئے وضع کیا گیا

موطن (مَو۔طِن) میدان جنگ، دیس، وطن جمع مَوَاطِن۔

موظف (مُوَظِّف، ظِّف) وظیفہ کرنیوالا، وظیفہ دینے والا (مُوَظَّف، ظَّف) وظیفہ کیا ہوا، وظیفہ دیا ہوا۔

موعد (مَو۔عِد) وعدہ کا وقت، وعدہ کی جگہ جمع مَوَاعِد۔

موعدت (مَو۔عِدَت) وعدہ، عہد، پیمان۔

موعظت (مَو۔عِظَت) پند، نصیحت جمع مَوَاعِظ۔

موعود (مَو۔عُود) وعدہ کیا ہوا۔

موثا (مُوَث۔ثَا) دیکھو موثق۔

موفر (مُوَف۔فِر) زیادہ کرنیوالا (مُوَف۔فَر) زیادہ کیا ہوا۔

موفق (مُوَف۔فِق) توفیق دینے والا (مُوَف۔فَق) توفیق دیا ہوا۔

موفور (مَو۔فُور) تمام، زیادتی کیا ہوا۔

موفی (مُوَف۔فَا) کامل، تمام، وفا کیا گیا، تمام کیا گیا۔

موق (مُوق) دیکھو ماق۔

موقت (مُوَق۔قَت) کسی خاص وقت کیلئے معین کیا ہوا

موقر (مُوَق۔قَر) توقیر کیا ہوا، عزت کیا ہوا۔

موقع (مَو۔قِع) واقع ہونیکی جگہ جمع مَوَاقِع (مُوَق۔قَع) بلند کیا ہوا۔

موقف (مَو۔قِف) کھڑے ہونیکی جگہ جمع مَوَاقِف عرفات کا میدان جہاں حاجی کھڑے ہوتے ہیں (مُوَق۔قِف) بات سے واقف کرنیوالا۔

موقن (مُو۔قِن) یقین کرنے والا۔

موقنہ (مُو۔قِنَہ) یقین کرنے والی عورت۔

موقوف (مَو۔قُوف) ٹھہرایا ہوا، وقف کیا ہوا، برخاست کیا ہوا، وہ لفظ جس کے حرف آخر کی حرکت گر جاوے۔

موقی (مُوَق۔قَا) بہادر آدمی (مَو۔قَا) مائق کی جمع۔

موکب (مَو۔کِب) لشکر، سپاہ جمع مَوَاکِب۔

موکد (مُو۔ءَک۔کَد) تاکید کیا ہوا، مضبوط (مُو۔ءَک۔کِد) تاکید کرنے والا۔

موکل (مُوَک۔کَل) کام سونپا ہوا، وکیل کیا ہوا (مُوَک۔کِل) کام سونپنے والا، وکیل کرنیوالا۔

مول (مُول) دلکش عورت، ناز، غمزہ، دیر، تاخیر، توبہ، حرامزادہ۔

مولا (مَو۔لَا) غلام، مددگار، مالک، سردار، ہمسایہ جمع مَوَالِی۔

مولانا (مَو۔لَا۔نَا) ہمارے سردار، مسلمانوں کے مذہبی عالم کا خطاب۔

مولائی (مَو۔لَا۔ئِی) میرے مولا۔

مولد (مَو۔لِد) پیدا ہونیکی جگہ، وقت پیدائش جمع مَوَالِید (مُوَل۔لَد) دوغلا، دونسلا، غیر ملکی لفظ (مُوَل۔لِد) جنانے والا، پیدا کرنیوالا جمع مُوَلِّدِین

مولع (مُو۔لَع) لالچ کیا ہوا (مُو۔لِع) لالچی ہونیوالا۔

مولف (مُو۔ءَل۔لِف) اکٹھا کرنیوالا، تالیف کرنیوالا۔

مولفین (مُو۔ءَل۔لَف) اکٹھا ہوا، تالیف کیا ہوا جمع مُوَلَّفَات۔

مولفات (مُ۔ اَل۔ لِفَات) مولف کی جمع، تالیفات۔
مولم (مُو۔ لِم) الم دینے والا۔
مولوہ (مُو۔ لُوَہ) سینگی جس کو جوگی وغیرہ بجاتی ہیں، سنکھ
مولود (مَو۔ لُود) نیا پیدا ہوا بچہ، وہ نظم جو جناب کے آگے پڑھی جاوے جمع مَوالید۔
مولوی (مَو۔ لَوی) منسوب بہ مولا، عالم دین، مولا والا
مولہ (مُو۔ لَہ) محبت یا رنج سے بے قرار۔
مولی (مَو۔ لا) دیکھو مولا۔
مولیدن (مُو۔ لِی۔ دَن) دیر لگانا، تاخیر کرنا۔
موم (مُوم) موم (شہد کے چھتے کا روغن۔
موامر (مُ۔ اَم۔ مِر) حکم دینے والا۔
مومسہ (مُو۔ مِسَہ) بدکار۔
مومل (مُ۔ اَم۔ مِل) امیدوار۔
مومن (مُ۔ ءْ۔ مِن، مُو۔ مِن) ایمان لانیوالا، مسلمان
جمع مومنین (مُ۔ ءْ۔ مِنِین)
مومی (مُو۔ مِی) منسوب بہ موم، موم والی چیز (مُو۔ مِی) اشارہ کرنیوالا (مُو۔ مَا) اشارہ کیا ہوا۔
مومی الیہ (مُو۔ مَا۔ اِلَیہ) جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔
مومیا (مُو۔ مِیا) مومیائی، مصر کی قدیم محفوظ لاش
مومیائی (مُو۔ مِیا۔ ئِی) چوٹ کیلئے ایک کالی دوا۔
مونت (مُ۔ اَو۔ نَت) بوجھ گرانی، رنج، نفقہ، توشۂ سفر۔
مونث (مُ۔ اَن۔ نَث) عورت، مادہ۔
مونس (مُو۔ نِس) آرام دینے والا، ہمدم۔
موہب (مَو۔ ہِب) بخشش جمع مَواہب۔
موہبت (مَو۔ ہِبَت) بخشش۔
موہم (مُو۔ ہِم) وہم اور غلطی میں ڈالنے والا۔
موہن (مُو۔ ہِن) سست کرنیوالا (مَو۔ ہِن) آدھی رات۔
موہوب (مَو۔ ہُوب) عطا کیا ہوا، ہبہ کیا ہوا۔
موہوب لہ (مَو۔ ہُوب۔ لَہُو) جسکو ہبہ کیا جائے۔
موہوم (مَو۔ ہُوم) وہم کیا ہوا، وہمی۔

موہون (مَو۔ ہُون) سست کیا ہوا۔
موئیدن (مُو۔ اِی۔ دَن) رونا، نوحہ کرنا مضارع مُوید۔
موئینہ (مُو۔ اِی۔ نَہ) پوستین، بالوں والی کھال کا لباس۔
مئوف (مُ۔ اَو۔ وَف) دیکھو ماؤف۔
موی (مُوی) دیکھو مو۔
مویان (مُو۔ یَاں) روتا ہوا، نوحہ کرنے والا، مو کی جمع خلاف قیاس۔
موید (مُ۔ اَی۔ یَد) تائید کیا ہوا (مُ۔ اَی۔ یِد) تائید کرنے والا۔
مویز (مَوِیز) خشک کیا ہوا انگور۔
مویک (مُو۔ یَک) چھوٹا بال۔
مویہ (مُو۔ یَہ) نوحہ، بین، مردے پر ٹپس۔
مہ (مِہ) بڑا، سردار (مَہ) ماہ۔
مہا (مَہا) بلور، ایک پتھر مانند بلور (مہا) بڑا، بزرگ۔
مہاب (مَہَاب) خوف کی جگہ۔
مہابا (مُہا۔ بَا) دیکھو محابا۔
مہابت (مَہا۔ بَت) شان، شوکت، ڈر، غصہ، بزرگی۔
مہالطہ (مُہا۔ لَطَہ) آواز کرنا۔
مہاجات (مُہا۔ جَات) باہمی ہجو گوئی۔
مہاجر (مُہا۔ جِر) ہجرت کرنیوالا جمع مُہاجرین۔
مہاجرت (مُہا۔ جَرَت) ترک وطن، نقل سکونت
مہاد (مِہاد) فرش، بچھونا، تخت، بستر، کرسی۔
مہادنہ (مُہا۔ دَنَہ) صلح کرنا، آشتی کرنا۔
مہاذہ (مُہا۔ ذَہ) منھ پر برا بھلا کہنا۔
مہار (مِہار) نکیل۔
مہارت (مَہا۔ رَت) استادی، استعداد۔
مہازقہ (مُہا۔ زَقَہ) آہستہ ہنسنا۔
مہال (مَہال) خوفناک
مہالک (مَہا۔ لِک) مہلکہ کی جمع۔
مہالہ (مُہا۔ لَہ) کسی سے راز کہنا۔
مہام (مَہام) مہم کی جمع

مہان (مُہان) اہانت کیا ہوا، ذلیل (مِہان) مہہ کی فارسی جمع —
مہاندت (مُہا۔ نَدَتْ) دوڑنا، جلدی کرنا —
مہانقہ (مُہا۔ نَقَہ) آہستہ آہستہ ہنسنا —
مہانل (مَہا۔ نِلْ) افیون —
مہانہ (مُہا۔ نَہ) خوار ہونا —
مہاودہ (مُہا۔ وَدَہ) وعدہ کرنا —
مہب (مَہَبّ) ہوا کے چلنے کی جگہ (مُہِبّ) جل گئے والا —
مہبط (مَہ۔ بِطْ) اترنے کی جگہ جمع مَہابِط —
مہبغ (مَہ۔ بَغْ) خوابگاہ جمع مَہابِغ —
مہبل (مَہ۔ بِلْ) عورت کا رحم جمع مَہابِل (مِہ۔ بَلْ) خفیف —
مہتاب (مَہ۔ تابْ) دیکھو ماہ تاب —
مہتابی (مَہ۔ تا۔ بِی) دیکھو ماہ تابی —
مہتدی (مُہْ۔ تَدِی) ہدایت کرنیوالا (مُہْ۔ تَدا) ہدایت کیا ہوا —
مہتر (مِہ۔ تَرْ) سردار، بھنگی —
مہتری (مِہ۔ تَرِی) سرداری —
مہتم (مُہْ۔ تَمْ) اہتمام کیا ہوا —
مہتم بالشان (مُہْ۔ تَمْ۔ بِشْ۔ شانْ) شان سے اہتمام کیا ہوا، شاندار —
مہتمم (مُہْ۔ تَمِمْ) اہتمام کرنیوالا جمع مُہتَمِمِین —
مہتول (مُہْ۔ تَوِلْ) ڈرنیوالا، کانپنے والا —
مہجع (مُہْ۔ جِعْ) سونیوالا (مَہْ۔ جَعْ) خوابگاہ —
مہجو (مَہْ۔ جُوْ) ہجو کیا ہوا —
مہجور (مَہْ۔ جُوْر) جدا، چھوڑا ہوا —
مہجوری (مَہْ۔ جُوْ۔ رِی) جدائی —
مہجہ (مُہْ۔ جَہ) جان، روح، دل کے اندر کا خون، ہر چیز کا خلاصہ جمع مُہَج —
مہچہ (مَہْ۔ چَہ) دیکھو ماہچہ —
مہد (مَہْد) جھولا، پالنا، گہوارہ جمع مُہُود —

مہدا (مَہْ۔ دا) دیکھو مہدی —
مہداج (مِہْ۔ داجْ) پرشور آندھی —
مہدوم (مَہْ۔ دُوْم) ڈھایا ہوا —
مہدی (مَہْ۔ دِی) ہدایت کیا ہوا (مُہْ۔ دِی) ہدایت کرنیوالا، ہدیہ بھیجنے والا (مُہْ۔ دا) ہدیہ بھیجا ہوا (مِہ۔ دا) ہدیہ رکھ کر لے جانے کی چیز —
مہذار (مِہْ۔ ذارْ) بیہودہ گو، بکواسی —
مہذب (مُہَذْ۔ ذَبْ) اصلاح کیا ہوا، پاک کیا ہوا (مُہَذْ۔ ذِبْ) اصلاح کرنے والا —
مہر (مَہْر) کابین، معاوضہ نکاح جمع مُہُور (مِہْر) محبت، رحم، شفقت، رحمت کا فرشتہ، سورج، فارسی کا ساتواں شمسی مہینہ، ایک سرخ پتھر (مُہْر) ٹھپہ، سونے کا ایک سکہ، سجدہ گاہ (مُہْر) بچھیرا —
مہرا (مُہْ۔ را) بہت پختہ —
مہراس (مِہْ۔ راسْ) اوکھلی، ہاون —
مہرب (مَہْ۔ رَبْ) بھاگنے کی جگہ، گریزگاہ جمع مَہارِب —
مہربان (مِہْ۔ ر۔ بانْ) دوست، محبت کرنے والا —
مہربانانہ (مِہْ۔ ر۔ با۔ نا۔ نَہ) مہربان کی مثل —
مہربانی (مِہْ۔ ر۔ با۔ نِی) دوستی، محبت کرنا —
مہرجان (مِہْ۔ ر۔ جانْ) مہرگاں —
مہرشفا (مُہْ۔ رِ۔ شِفا) گنڈا —
مہرکن (مُہْ۔ ر۔ کَنْ) مہر کھودنے والا —
مہرکنی (مُہْ۔ ر۔ کَنِی) مہر کھودنا —
مہرگان (مِہْ۔ ر۔ گانْ) مہر جو خزاں کا مہینہ ہے —
مہرگیا (مِہْ۔ رِ۔ گیا) ایک گھاس بشکل انسانی، لکھمنی —
مہرو (مَہْ۔ رُوْ) دیکھو ماہرو —
مہروب (مَہْ۔ رُوْب) بھاگا ہوا —
مہروش (مِہْ۔ ر۔ وَشْ) سورج کی مانند —
مہروع (مَہْ۔ رُوْع) دیوانہ —
مہرہ (مُہْ۔ رَہ) گھوڑی کا بچہ جمع مُہَر، مُہَرات —

کوڑی، گھونگا، منکا، کرڑی، دانہ (مُہَرۃ) مہر کی جمع۔
مہرۂ جاندار (مُہْ۔رَۂ۔جَان۔دَار) مار مہرہ۔
مہرہ چین (مُہْ۔رَۂ۔چِیْن) بازیگر، حیلہ باز۔
مہرۂ سفید (مُہْ۔رَۂ۔سِفَیْد) سنکھ، ناقوس۔
مہرۂ نماز (مُہْ۔رَۂ۔نَمَاز) مٹی کی ٹکیہ جس پر شیعہ لوگ سجدہ کرتے ہیں۔
مہزول (مُہْ۔زُول) لاغر، دبلا۔
مہزوم (مُہْ۔زُوْم) شکست کھایا ہوا۔
مہضوم (مُہْ۔ضُوْم) ہضم کیا ہوا۔
مہطع (مُہْ۔طِعْ) جلدی کرنیوالا۔
مہل (مَہَلْ) آہستگی، دیر، ڈھیل، زمانہ (مُہْ۔ل) پگھلا ہوا تانبا۔
مہلا (مَہَلَنْ) آہستہ باش۔
مہلت (مُہْ۔لَتْ) ڈھیل، آہستگی، فرصت۔
مہلک (مُہْ۔لِکْ) ہلاک کرنے والا۔
مہلکہ (مَہْ۔لَکَہْ) ہلاکت کی جگہ جمع مَہَالِکْ۔
مہلل (مُہَلْ۔لِلْ) تہلیل کرنے والا، کلمہ طیبہ پڑھنے والا۔
مہلہل (مُہَلْ۔ہَلْ) زہر دیا ہوا، باریک جھونا سا کپڑا۔
مہم (مُہِمّ) رنج میں ڈالنے والا، کار نمایاں جمع مَہَامّ، مُہِمَّات۔
مہمار (مِہْ۔مَار) سخت بے ہودہ گو۔
مہماز (مِہْ۔مَاز) دیکھو مہمیز۔
مہمان (مِہْ۔مَان) جو آدمی کچھ دن کیلئے کسی کے یہاں ٹھہرے
مہمانسرا (مِہْ۔مَان۔سَرَا) سنگرا، سرا، سرائے، مہمان کے ٹھہرنے کا مکان، مہمان خانہ۔
مہمان نواز (مِہْ۔مَان۔نَوَاز) مہمان کی خاطر داری کرنے والا۔
مہمان نوازانہ (مِہْ۔مَان۔نَوَا۔زَا۔نَہ) مہمان نواز کی مانند۔
مہمان نوازی (مِہْ۔مَان۔نَوَا۔زِی) ضیافت، مہمان کی خاطر داری۔
مہمانی (مِہْ۔مَا۔نِی) کھانا کھلوانا، مہمان ٹھہرانا۔
مہمر (مِہْ۔مَر) دیکھو مہمار۔
مہمل (مُہْ۔مَلْ) متروک، بیکار، بے معنی، بیہودہ، چھوڑا ہوا جمع مُہْمَلَات (مُہْ۔مَلْ) بے پروا، مجہول۔
مہملہ (مُہْ۔مَلَہ) دیکھو مہمل۔
مہموز (مَہْ۔مُوْز) معیوب، لفظ جس کے اصلی حرفوں میں ہمزہ (ء) ہو۔
مہموسہ (مَہْ۔مُوْ۔سَہ) وہ حروف تہجی جو نرمی اور آہستگی سے بولے جانے چاہئیں اور وہ یہ ہیں ت۔ث۔ح۔خ۔س۔ش۔ص۔ف۔ک۔ہ۔
مہموم (مَہْ۔مُوْم) غمگین۔
مہمہ (مُہِمَّہ، مَہْمَہ) ضروری یا مشکل کام، رنج میں ڈالنے والا (مَہْ۔مَہ) بیابان۔
مہمیز (مِہْ۔مِیْز) سوار کے جوتے کا خار آہنی۔
مہنا (مُہَنْ۔نَا) ہاضم، خوش مزہ۔
مہند (مُہَنْ۔نَدْ) ہندی، ہندوستانی کیا ہوا۔
مہندس (مُہَنْ۔دِسْ) انجینئر، علم ہندسہ کا عالم۔
مہور (مُہُوْر) مہر کی جمع۔
مہوس (مُہَوْ۔وِسْ) کیمیاگر، بہت ہوس کرنے والا (مُہَوْ۔وَسْ) ہوس کیا ہوا۔
مہوسی (مُہَوْ۔وِسِی) کیمیاگری۔
مہوش (مَہْ۔وَشْ) چاند کی مانند۔
مہوشی (مَہْ۔وَشِی) چاند کی مانند ہونا۔
مہی (مِہِی) بزرگی، سرداری (مُہَیْ) آمادہ و مستعد کرنیوالا۔
مہیا (مُہَیْ۔یَا) تیار، موجود۔
مہیب (مَہِیْب) خوفناک، جس سے ہیبت معلوم ہو۔
مہیج (مُہَیْ۔یِجْ، مُہِیْج) اٹھانے والا، گرد و غبار اٹھانے والا۔
مہیل (مَہِیْل) خوف کی جگہ۔
مہیمن (مُہَیْ۔مِنْ) نام اللہ تعالیٰ، گواہ صادق، نگہبان، مہربان۔

مہین (مہین) بڑا، بزرگ (مِہین) شکست، ضعیف، خوار، پتلا، باریک (مُہین) اہانت کرنے والا۔
مہینہ (مہی-نہ) بزرگ (مہی-نہ) سال کا بارھواں حصہ۔
می (مَی) شراب۔
می آشام (مَی-آ-شام) شرابی۔
میادین (مَیا-دِین) میدان کی جمع۔
میازیب (مَیا-زِیب) میزاب کی جمع۔
میاس (مَی-یاس) بہت چلنے والا۔
میامن (مَیا-مِن) میمنت کی جمع (مَیا-مِن) سیدھی جانب لانے والا۔
میامنت (مَیا-مَنَت) سیدھی جانب لانا۔
میامین (مَیا-مِین) میمون کی جمع۔
میان (مِیان) نیام، کمر، بیچ۔
میان جی (مِیاں-جی) قاصد، ایلچی۔
میاندار (مِیاں-دار) دلال، ترسیاق۔
میان داری (مِیاں-دا-ری) دلالی، ترسیاقی۔
میانہ (مِیا-نہ) درمیانی، منجھولا، بچھلا۔
میانہ روی (مِیا-نہ-رَ-وی) بیچ کی چال۔
میاومہ (مُیا-وَمہ) یومیہ، روزینہ۔
میاہ (مِیاہ) ما کی جمع۔
می پرست (مَی-پَر-سْت) شرابی۔
میت (مَیِّت، مَیْت) بوٹھا، مردہ لاش جمع مَوتیٰ، اَموات۔
میتد (مِی-تَد) میخ کوب۔
میتر (مِی-تَر) میٹر، ۳۹۲۷۰ ۳ انچ کا پیمانہ۔
میتون (مِی-تُون) پاؤں جو الٹا پیدا ہوا ہو۔
میتہ (مَی-تَہ) مردار۔
میتین (مے-تِین) چھینی، ٹانکی۔
میثاق (مِی-ثاق) وعدہ، پیمان، مضبوطی جو مشروع ہو۔
میخ (مِیخ) ملکوٹنا، کیل۔
میخانہ (مَی-خا-نہ) شراب خانہ۔
میختن (میخ-تن) دیکھو میز یدن۔
میخوار (مَی-خوار) شرابی۔
میخواری (مَی-خوا-ری) شراب پینا۔
میخوش (مَی-خُش) کھٹ میٹھا۔
میخک (مے-خَک) چھوٹی کیل، کھونٹی، لونگ، نفل، تمر۔
میدر (مَیدَر) ہلنا۔
میدان (مَی-دان) ہموار، پھیلی ہوئی زمین جمع مَیادِین۔
میدانی (مَی-دا-نی) منسوب بہ میدان۔
میدن (مِی-دَن) نئی چیز ہونا۔
میدہ (مَی-دَہ) بہت باریک آٹا، دسترخوان۔
میذنہ (می-ذَنہ) اذان دینے کی جگہ جمع مَیاذِن۔
میر (مِیر) ۱- سردار، سید کا قومی لقب۔ ۲- مرنے والا۔
میراب (مِیر-آب) پانی کا نگراں۔
میراث (مِی-راث) جو چیز مالک کے مرنے کے بعد وارثوں کو ملے جمع مَوارِیث۔
میراثی (مِی-را-ثی) میراث پانے والا، خاندانی پیشہ ور گویا۔
میرآتش (مِیر-آ-تَش) داروغہ توپ خانہ۔
میرآخور (مِیر-آ-خُر) داروغہ اصطبل۔
میربحر (مِیر-بَح-ر) بحری محصول کا داروغہ۔
میربخشی (مِیر-بَخ-شی) تقسیم تنخواہ کا افسر۔
میرحاج (مِیر-حاج) حاجیوں کا سرگروہ۔
میرزا (مِیر-زا) ہندوستان میں مغل کا قومی لقب، ایران میں سید کا قومی لقب۔
میرزائی (مِیر-زا-ئی) سرداری، شرافت۔
میرسامان (مِیر-سا-مان) داروغہ سامان، خانساماں۔
میرسامانی (مِیر-سا-ما-نی) داروغہ سامان کا منصب۔
میرشکار (مِیر-شکار) شکار کے انتظام کا داروغہ۔

میرمجلس (میر۔ مَج۔ لِس) صدر جلسہ۔
میرمنزل (میر۔ مَن۔ زِل) مہتمم مکانات۔
میرندہ (مِی۔ رِن۔ دَہ) مرنے والا جمع میرندگاں۔
میرہ (مِی رَہ) رسد، ٹرانسپورٹ۔
میری (مِی۔ رِی) سرداری، سید ہونا۔
میز (میز) سامان رہائش کی ایک چوکی، اسباب ضیافت۔
میزاب (مِی۔ زَاب) پرنالہ جمع مَیَازِیب۔
میزان (مِی۔ زَان) ترازو جمع مَوَازِین۔
میزانیہ (مِی۔ زا۔ نِی۔ یَہ) بجٹ، سرکاری تخمینہ آمد و خرچ
میزبان (میز۔ بَان) صاحب خانہ جو ضیافت
کرے، مہمان نواز۔
میزبانی (میز۔ با۔ نِی) مہمان نوازی۔
میزر (مِی۔ زَر) چادر، تہ بند، پگڑی (مِی۔ زَر)
پاجامہ، شلوار، زیر جامہ۔
میزہ (مے۔ زَہ) کاٹھی کا درمیانی حصہ۔
میزیدن (مے۔ زِی۔ دَن) موتنا مضارع میزد۔
میزیدہ (مے۔ زِی۔ دَہ) موتا ہوا۔
میسر (مُیَسّر) آسان کیا ہوا، موجود، نوالہ
(مَی۔ سِر) قمار خانہ۔
میسرہ (مَی۔ سَرَہ) بالاری، بائیں طرف، فوج کا بایاں حصہ
میسور (مَی۔ سُور) میسر، آسان جمع مَیسُورات
نام ریاست (دکن)
میش (مِیش) بھیڑ۔
میطدہ (مِی۔ طَدَہ) موگری۔
میعاد (مِی۔ عَاد) وقت مقررہ، قرار باہمی، وعدے
کا وقت یا جگہ جمع مَوَاعِید۔
میغ (مِیغ) کالا بادل، کہرہ، سیاہ۔
میفروش (مَی۔ فَرو۔ ش) کلال، شراب بیچنے والا۔
میفروشی (مَی۔ فَرو۔ شی) شراب بیچنا۔
میق (مِیق) روتا ہوا، گریاں۔
میقات (مِی۔ قَات) وقت، وعدے کی جگہ،
حاجیوں کے احرام باندھنے کی جگہ جمع مَوَاقِیت۔
میکال، میکائیل (مِی۔ کَال۔ مِی۔ کَا۔ ئِیل)
روزی پہونچانے والا فرشتہ۔
میکدہ (مَی۔ کَدَہ) شراب خانہ۔
میکش (مَی۔ کَش) شرابی۔
میکشی (مَی۔ کَشِی) شراب پینا۔
میکلہ (مِی۔ کَلَہ) ہنڈیا۔
میگسار (مَی۔ گُسَار) شرابی۔
میگساری (مَی۔ گُسا۔ رِی) شراب پینا۔
میگون (مَی۔ گُون) پیازی رنگ۔
میل (مِیل) سلائی، فرسنگ کا نشان، ۱۷۶۰ گز
کی لمبائی، حد نظر جمع اَمْیَال (مَیل) توجہ، خواہش،
ٹیڑھاپن جمع اَمْیَال، مُیُول۔
میلاد (مِی۔ لَاد) وقت پیدائش، ذکر پیدائش رسول۔
میلان (مَی۔ لَان، مَیَلَان) جھکاؤ، رجوع،
خواہش، طبیعت۔
میلی (مِی۔ لِی) بلّی۔
میم (مِیم) خالص شراب، حرف (م)
میمن (مَی۔ مَن) برکت کی جگہ جمع مَیَامِن۔
میمنت (مَی۔ مَنَت) برکت، سعادت جمع
مَیَامِن۔
میمند (مے۔ مَن۔ د) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
میمنہ (مَی۔ مَنَہ) دائیں طرف، فوج کا دایاں حصہ
جمع مَیَامِن۔
میمون (مَی۔ مُون) مبارک، خجستہ جمع مَیَامِین
بندر، بوزنہ۔
میمی (مِی۔ مِی) منسوب بہ حرف م، میم والا۔
مین (مَین) دروغگوئی۔
مینا (مِی۔ نَا) شراب کا شیشہ، ایک زرین کام کا
شیشہ، پند رگاہ۔
میناب (مَی۔ نَاب) خالص شراب۔

میناکار (پ) ۔نا۔کارْ) میناکاکام کرنے والا۔

میناکاری (پ) ۔نا۔کا۔رِیْ) میناکاکام کرنا۔

مینائی (پ) ۔نا۔اِیْ) مینا والا، منسوب بہ حضرت شاہ میناؒ لکھنؤ کی۔

مینو (پ) ۔نُوْ) بہشت، زمرد، زبرجد، ایک رنگین شیشہ

مینوش (پ) ۔نُوْشْ) شرابی۔

مینوشی (پ) ۔نُوْ۔شِیْ) شراب پینا۔

میوہ (پ) ۔وَہْ، مے ۔وَہْ) پھل، ولایتی پھل۔

میوہ دار (پ) ۔وَہْ۔دارْ) پھلدار۔

میوہ فروش (پ) ۔وَہْ۔فَرُوشْ) پھل بیچنے والا۔

میوہ فروشی (پ) ۔وَہْ۔فَرُوْ۔شِیْ) پھل بیچنا۔

ن

ن (نُوْن) حرف شمسی، قائم مقام عدد ۵۰، حرف نفی فارسی میں، چند حرفوں سے بدل ہے۔ ا۔ و کے ساتھ مثلاً گزینہ، گزیدہ۔ ۲۔ ل کے ساتھ مثلاً نیلوفر، لیلوفر۔ ۳۔ م کے ساتھ مثلاً بام، بان۔ ۴۔ ہ کے ساتھ مثلاً مرزن، مرزہ۔

نا (نَا) علامت نفی جو اسمائے مشتقات اور صفات میں آتی ہے، نہیں۔

ناآشنا (نا۔آ۔شِنَا) اجنبی، انجان۔

ناآخت (نا۔آخْ۔تْ) نامطابق، نامناسب۔

نا امید (نا۔اُمِیْدْ) بے آس۔

ناامیدی (نا۔اُمے۔دِیْ) بے آسی۔

ناانصاف (نا۔اِنْ۔صَافْ) بے انصاف۔

ناانصافی (نا۔اِنْ۔صَا۔فِیْ) بے انصافی۔

نااہل (نا۔اِہْ۔لْ) نالائق۔

نااہلی (نا۔اِہْ۔لِیْ) نالائقی۔

ناب (نَابْ) کچلی، دانت جمع اَنْیَابْ، اَنْیُبْ، نُیُوْبْ، آنَائِبْ، آنَایِبْ، خالص، صاف۔

نابالغ (نا۔بَا۔لِغْ) جو جوانی کو نہ پہونچا ہو۔

نابالغی (نا۔بَا۔لِغِیْ) جوانی کو نہ پہونچنا۔

ناباِیستہ (نا۔با۔یِسْ۔تَہْ) نالایق، نازیبا۔

نابت (نا۔بِتْ) اُگنے والا، اگانیوالا، جوان نوخاستہ جمع نَوَابِتْ۔

نابرادر (نا۔بَرَا۔دَرْ) سوتیلا بھائی۔

نابک (نا۔بِکْ) اونچی جگہ جمع نَوَابِکْ۔

نابکار (نا۔بکارْ) بے کار۔

نابلد (نا۔بَلَدْ) پردیسی، انجان۔

نابنوا (نا۔بِنَوَا) بیکا چیز۔

نابود (نا۔بُوْدْ) جو ناپید ہو جاوے۔

نابولی (نا۔بُوْ۔لِیْ) شہر نیپلز (اطالیہ)

نابہ (نا۔بَہْ) خالص شراب۔

نابہرہ (نا۔بَہْ۔رَہْ) اوچھا، بے نصیب۔

نابینا (نا۔بِیْ۔نَا) اندھا، جو سوجھتا نہ ہو۔

ناپاک (نا۔پَاکْ) گندہ۔

ناپاکی (نا۔پَا۔کِیْ) گندگی۔

ناپائیدار (نا۔پَا۔اِیْ۔دَارْ) بودا، جو دیر تک نہ رہے

ناپدر (نا۔پِدَرْ) سوتیلا باپ۔

ناپدید (نا۔پَدِیْدْ) جو دکھلائی نہ دے۔

ناپروا (نا۔پَرْ۔وَا) سراسیمہ، بے طاقت، بے آرام۔

ناپسر (نا۔پِسَرْ) سوتیلا بیٹا۔

ناپسند، ناپسندیدہ (نا۔پَسَنْدْ، نا۔پَسَنْ۔دِیْ۔دَہْ) جو اچھا نہ لگے، جو پسند نہ ہو۔

ناپسی (نا۔پَسِیْ) عدم۔

ناپکار (نا۔پِکَارْ) دیکھو نابکار۔

ناپید، ناپیدا (نا۔پِیْدْ، نا۔پَیْ۔دَا) جو پیدا نہ ہوا ہو، جو ظاہر نہ ہو۔

ناتاپ (نا۔تاپْ) کمزور، بودا۔
ناتجربہ کار (نا۔تَجْ۔رِ۔بَہ۔کَارْ) جس کو تجربہ نہ ہو۔
ناتراش، ناتراشیدہ (نا۔تَرَاشْ، نا۔تَرَاشِی۔دَہْ) ناہموار، کمینہ، بے ادب۔
ناتربیت (نا۔تَرْ۔بِیَتْ) جسکی تربیت نہوئی ہو۔
ناترس (نا۔تَرْسْ) جس کو ڈر نہ ہو، بے رحم۔
ناترسی (نا۔تَرْ۔سِیْ) بے رحمی، بے خوفی۔
ناتمام (نا۔تَمَامْ) ادھورا، جو پورا نہ ہو۔
ناتمامی (نا۔تَمَا۔مِیْ) ادھورا پن۔
ناتوان (نا۔تُوَانْ) کمزور، بے طاقت۔
ناتوان بین (نا۔تُوَانْ۔بِیْں) حاسد۔
ناتوانی (نا۔تُوَا۔نِیْ) کمزوری۔
ناجذ (نا۔جِذْ) سب سے پچھلا دانت جمع نَوَاجِذْ۔
ناجنس (نا۔جِنْسْ) غیر جنس۔
ناجنسی (نا۔جِنْ۔سِیْ) غیر ہونا۔
ناجی (نا۔جِیْ) نجات پانیوالا، تکلیف سے چھٹکارا پانیوالا۔
ناجیہ (نا۔جِیَہْ) نجات پانے والی۔
ناچار (نا۔چَارْ) لاعلاج، عاجز، مجبور۔
ناچاق (نا۔چَاقْ) دبلا، بیمار۔
ناچاقی (نا۔چَا۔قِیْ) جھگڑا ٹنٹہ، دبلا پن۔
ناچیز (نا۔چِیزْ) بے حقیقت۔
ناحفاظ (نا۔حِفَاظْ) بے شرم، فاسق، بے امتیاز۔
ناحق (نا۔حَقْ) بے سبب، بے حق، بے ٹھیک۔
ناحق کوش (نا۔حَقْ۔کُوشْ) ناحق کوشش کرنیوالا۔
ناحی (نا۔حِیْ) قصد کرنیوالا، کترانیوالا، کونہ، کنارہ۔
ناحیہ (نا۔حِیَہْ) شہر کا حصہ، ملک کا کنارہ جمع نَوَاحِیْ۔
ناخ (ناخْ) لونڈی، ناخن، ایک قسم کی ناسپاتی۔
ناخدا (نا۔خُدَا) ملاح۔
ناخس (نا۔خِسْ) سوئی کی مانند چبھنے والا۔
ناخص (نا۔خِصْ) وہ عورت جو بڑھاپے سے دبلی ہو گئی ہو۔

ناخلف (نا۔خَلَفْ) کپوت، نالائق بیٹا۔
ناخن (نا۔خُنْ) انگلیوں کے کنارے کا سخت خول۔
ناخن تراش (نا۔خُنْ۔تَرَاشْ) ناخن کاٹنے کا اوزار۔
ناخنہ (نا۔خُنَہْ) مضراب، آنکھ کی بیماری۔
ناخواست (نا۔خَوَاشْ۔تْ) بے اختیار، بے تلاش، بے طلب۔
ناخواستہ (نا۔خَواسْ۔تَہْ) ناچاہا ہوا۔
ناخواندہ (نا۔خَوَانْ۔دَہْ) ان پڑھ، بے بلایا ہوا۔
ناخواہ (نا۔خَوَاہْ) نارضامند۔
ناخواہی (نا۔خَوَا۔ہِیْ) نارضامندی۔
ناخوب (نا۔خُوبْ) خراب، برا۔
ناخودہ (نا۔خُوْ۔دَہْ) ناخدا۔
ناخوش (نا۔خُشْ) خفا، جو راضی نہ ہو۔
ناخوشی (نا۔خُشِیْ) نارضامندی، خفگی۔
نادار (نا۔دَارْ) مفلس، کنگال، محتاج۔
ناداری (نا۔دَا۔رِیْ) مفلسی، محتاجی۔
ناداشت (نا۔دَاشْ۔تْ) ناواقف، کنگال، مفلس۔
ناداشتی (نا۔دَاشْ۔تِیْ) مفلسی، بے شرمی۔
نادان (نا۔دَانْ) مورکھ، بیوقوف۔
نادانستہ (نا۔دَا۔نِسْ۔تَہْ) انجان۔
نادانی (نا۔دَا۔نِیْ) بے وقوفی۔
نادر (نا۔دِرْ) کمیاب، عجائب، غرائب۔
نادرست (نا۔دُرُسْ۔تْ) جو ٹھیک نہ ہو۔
نادرہ (نا۔دِرَہْ) کمیاب، عجائب جمع نَوَادِرْ۔
نادم (نا۔دِمْ) شرمندہ، پشیمان جمع نُدَّامْ و نُدَمَاءْ۔
نادہن (نا۔دِہَنْ) وہ جو کسی کا آتا نہ دیوے۔
نادی (نا۔دِیْ) پکارنے والا، ندا کرنے والا۔
نادیدنی (نا۔دِیْ۔دَنِیْ) جو دیکھنے کے لائق نہ ہو۔
نادیدہ (نا۔دِیْ۔دَہْ) ان دیکھا، بے دیکھا۔
نار (نارْ) آگ، دماغ جمع نِیْرَانْ۔ ۲۔ انار۔

ناراست (نا۔ را۔ سْ۔ ت) ٹیڑھا، جھوٹا۔
ناراستی (نا۔ راس۔ تی) جھوٹ، ٹیڑھائی۔
ناراض (نا۔ راض) خفا، غیر مطمئن۔
ناراضی (نا۔ را۔ ضی) خفگی۔
ناربن (نار۔ بن) انار کا پیڑ۔
ناربستان (نار۔ پس۔ تان) نوجوان لڑکی جس کی چھاتیاں نہ لٹکی ہوں۔
نارجیل (نار۔ جیل) کھوپرا، ناریل۔
نارو (نا۔ رو) چیچڑی، کلیلی، کنجوس
ناردان (نار۔ دان) انار کا دانہ۔
ناردانگ (نار۔ دانگ) انار کے دانوں کا عرق۔
نارس (نا۔ رس) کچا پھل۔
نارسا (نا۔ رسا) نہ پہونچنے والا۔
نارسائی (نا۔ رسا۔ ئی) پہونچ کا نہ ہونا۔
نارسیدہ (نا۔ رسی۔ دہ) جو پورا نہ ہوا ہو، کچا پھل، نابالغ۔
نارفارسی (نار۔ فار۔ سی) ایک زہر، آتشک کی بیماری۔
نارنج، نارنگ (نا۔ رنج، نا۔ رنگ) سنترہ، چکوترا۔
نارنجی (نا۔ رن۔ جی) نارنگی کا سا رنگ۔
نارنگی (نا۔ رنگ۔ گی) چھوٹا سنترہ، نارنجی رنگ۔
ناروا (نا۔ روا) ناجائز، جو روا نہ ہو۔
نارون (نار۔ ون) گلنار، پھلواری کا انار۔
ناری (نا۔ ری) آگ کا، آتشی، جن، پری، دوزخی، پہنے کے کپڑے۔
ناز (ناز) بید مائی، بے پروائی، نخرا، نیا پودھا، صنوبر کا درخت۔
نازا (نا۔ زا) وہ جو حاملہ نہ رہ سکتی ہو، بانجھ۔
نازاں (نا۔ زاں) اترانے والا، اتراتا ہوا۔
نازائیدہ (نا۔ زا۔ ئی۔ دہ) جسکے بچہ نہ پیدا ہوا ہو۔
نازبالش (ناز۔ با۔ لش) نرم تکیہ۔
نازبردار (ناز۔ بر۔ دار) ناز اٹھانے والا۔
نازبرداری (ناز۔ بر۔ دا۔ ری) چاپلوسی، ناز اٹھانا۔
نازبو (ناز۔ بو) نام پھلواری۔

نازپرور، نازپروردہ (ناز۔ پر۔ ور، ناز۔ پر۔ ور۔ دہ) نازوں کا پالا ہوا، نازوں کی پالی ہوئی۔
ناز پیشہ (ناز۔ پے۔ شہ) جسکو ناز کرنیکی عادت ہو۔
ناز دانہ (ناز۔ دا۔ نہ) ناز پروردہ۔
نازک (نا۔ زک) نفیس اور باریک۔
نازک بدن (نا۔ زک۔ بدن) جس کا پتلا اور نفیس بدن ہو۔
نازک بدنی (نا۔ زک۔ بد۔ نی) جسم کا دلکش دبلاپن۔
نازک خیال (نا۔ زک۔ خیال) جس کے خیالات نفیس اور باریک ہوں۔
نازک خیالی (نا۔ زک۔ خیا۔ لی) خیالات کی نفاست اور باریکی۔
نازک مزاج (نا۔ زک۔ مزاج) جس کا مزاج باریک اور نفیس ہو۔
نازک مزاجی (نا۔ زک۔ مزا۔ جی) مزاج کی نفاست اور باریکی۔
نازل (نا۔ زل) اترنے والا۔
نازلہ (نا۔ زلہ) حادثہ مصیبت ج نوازل۔
نازندہ (نا۔ زن۔ دہ) ناز کرنے والا۔
نازنین (ناز۔ نین) نازک اندام، لاڈلا۔
نازور (نا۔ زور) کمزور، نربل۔
نازونیاز (ناز۔ و۔ نیاز) بے پروائی اور اظہار محبت۔
نازیب، نازیبا (نا۔ زیب، نا۔ زیبا) بے ہنگم، بدقطع۔
نازیدن (نا۔ زی۔ دن) ناز کرنا، فخر کرنا مصدر ناز۔
نازیدنی (نا۔ زی۔ دنی) ناز کرنیکے لائق۔
نازیدہ (نا۔ زی۔ دہ) ناز کیا ہوا۔
ناس (ناس) ایک آدمی، بہت سے آدمی۔
ناساز، ناسازگار (نا۔ ساز، نا۔ ساز۔ گار) ناموافق۔
ناسازی (نا۔ سا۔ زی) ناموافقت، روگ۔
ناسپاس (نا۔ سپاس) ناشکر۔
ناسپاسی (نا۔ سپا۔ سی) ناشکری۔

ناسپال (نا-س-پال) انار کا چھلکا۔
ناستودہ (نا-ستو-دہ) جس کی تعریف نہ ہوئی ہو۔
ناسج (نا-سج) کپڑا بننے والا، فصیح البیان۔
ناسخ (نا-سخ) مٹانے والا، لکھنے والا۔
ناسرہ (نا-سرہ) کھوٹا۔
ناسزا (نا-سزا) نالائق، نازیبا۔
ناسفتہ (نا-سف-تہ) بغیر بندھا ہوا، بغیر پرویا ہوا۔
ناسفتہ بہ (نا-سف-تہ-بہ) چالاک آدمی۔
ناسفتگاں (نا-سف-تگاں) کنواری عورتیں۔
ناسق (نا-سق) ترتیب و تنظیم کرنے والا۔
ناسک (نا-سک) عبادت گزار، راہ خدا میں قربانی
کرنے والا۔
ناسوت (نا-سوت) عالم اجسام، دنیا، یہ جہان،
شریعت، عبادت ظاہری۔
ناسور (نا-سور) رستا ہوا زخم جو اچھا نہ ہو سکے۔
ناسوری (نا-سو-ری) گلا، حلقوم۔
ناسی (نا-سی) بھولنے والا۔
ناشاد (نا-شاد) جو خوش نہ ہو۔
ناشاعر (نا-شا-عر) جو شاعر نہ ہو۔
ناشائستہ (نا-شا-اس-تہ) نالائق، نامناسب۔
ناشپاتی (نا-ش-پا-تی) ایک مشہور پھل۔
ناشتا، ناشتاب (نا-شتا، نا-شتاب) نہار منہ،
نہاری، بھوکا ہونا۔
ناشدنی (نا-شد-نی) نہ ہونے کے لائق، ان ہونی۔
ناشر (نا-شر) پبلشر، خبر پھیلانے والا، لوگوں
میں مطبوعات پھیلانے والا، کسی چیز کا کھولنے
والا جمع ناشرین۔
ناشرات (نا-شرات) سخت جھکڑ اور آندھیاں۔
ناشز (نا-شز) بلند بیٹھنے والا۔
ناشط (نا-شط) جنگلی گائے۔
ناشک (نا-شک) قرضدار۔

ناشکر (نا-شکر) جو احسان نہ مانے۔
ناشکری (نا-شک-ری) احسان نہ ماننا۔
ناشکیب، ناشکیبا (نا-شکیب، نا-شکے-با)
بے صبر۔
ناشکیبائی (نا-شکے-با-ای) بے صبری۔
ناشناخت (نا-شناخت) نہ پہچانا ہوا۔
ناشناس، ناشناسا (نا-شناس، نا-شنا-
سا) جو پہچانتا نہ ہو، نہ پہچاننے والا۔
ناشنو، ناشنوا (نا-شنو، نا-شنوا) نہ سننے والا۔
ناشوب (نا-شوب) بغیر دھوپ، بغیر دھلا۔
ناشور (نا-شور) بغیر دھلا۔
ناشی (نا-شی) نوجوان، اٹھنے والا، نیا پیدا ہونے والا۔
ناصاف (نا-صاف) جو صاف نہ ہو، میلا کچیلا۔
ناصب (نا-صب) نصب کرنے والا، حرکت زبر (ـَ)
دینے والا۔
ناصبر، ناصبور (نا-صبر، نا-صبور) جس میں صبر نہ ہو
ناصبہ (نا-صبہ) نصب کرنے والی۔
ناصبی (نا-صبی) حضرت علی کا مخالف مسلمان جمع
نواصب۔
ناصح (نا-صح) نصیحت کرنے والا جمع نُصَحَاء،
نُصّاح، نُصَّح۔
ناصر (نا-صر) مددگار جمع اَنصار، نُصَّر،
نُصّار، نُصُر۔
ناصع (نا-صع) خالص۔
ناصف (نا-صف) آدھوں آدھ کرنے والا۔
ناصواب (نا-صواب) جو درست نہ ہو، غلط۔
ناصور (نا-صور) دیکھو ناسور جمع نواصیر۔
ناصیہ (نا-صیہ) پیشانی، ماتھے کے بال جمع نواصی۔
ناضج (نا-ضج) پختہ۔
ناضح (نا-ضح) پانی چھڑکنے والا۔
ناضر (نا-ضر) تر و تازہ جمع نواضر۔

ناطاقت (نا۔ طا۔ قَتْ) کمزور۔
ناطح (نا۔ طِح) مرکھنا، سینگ مارنیوالا چوپایہ۔
ناطر (نا۔ طِر) انگور کے باغ کا رکھوالا جمع نَوَاطِرْ۔
ناطس (نا۔ طِسْ) جاسوس، بھیدی۔
ناطق (نا۔ طِقْ) بات کرنیوالا، سمجھدار، مالدار۔
ناطقہ (نا۔ طِقَہ) بات کرنے کی قوت۔
ناطور (نا۔ طُورْ) دیکھو ناطر۔
ناطوری (نا۔ طُو۔ رِی) کھیت کا رکھوالا۔
ناظر (نا۔ ظِرْ) دیکھنے والا، نظر ڈالنے والا جمع نُظَّارْ،
نَاظِرِیْن نگراں صدر محرر، خواجہ سرا یا وزیر۔
ناظرہ (نا۔ ظِرَہ) قوت بینائی جمع نَوَاظِرْ دیکھنیوالی جمع نَاظِرَاتْ۔
ناظرہ خواں (نا۔ ظِرَہ۔ خْوَاں) دیکھکر پڑھنے والا۔
ناظم (نا۔ ظِمْ) انتظام کرنیوالا، نظم کہنے والا، پرونیوالا۔
جمع نُظَّامْ، نُظَّامْ۔
ناظور (نا۔ ظُورْ) نگہبان، مالی، گلچیں، محبوب۔
ناظورہ (نا۔ ظُو۔ رَہ) مالن، محبوبہ، گلچیں۔
ناعس (نا۔ عِسْ) اونگھنے والا، سونے والا۔
ناعورہ (نا۔ عُو۔ رَہ) رہٹ کا ڈول جمع نَوَاعِرْ۔
ناعش (نا۔ عِشْ) زندگانی بخشنے والا۔
ناعم (نا۔ عِمْ) نازپروردہ، نرم، نازک۔
ناعمہ (نا۔ عِمَہ) نازک بدن عورت۔
ناعی (نا۔ عِیْ) موت کی خبر دینے والا۔
ناغہ (نا۔ غَہ) خالی، ناغہ۔
ناف (نافْ) پیٹ کی ٹنڈی، بیچ۔
ناف پیچ (نافْ۔ پیچْ) مروڑا، پیچش کا درد۔
نافجہ (نا۔ فِجَہ) ناف، بیچ۔
نافحہ (نا۔ فِحَہ) خوشبودار چیز۔
نافخ (نا۔ فِخْ) پھونکنے والا۔
ناف خاک (نافِ۔ خاکْ) مکہ معظمہ۔
نافذ (نا۔ فِذْ) جاری ہونے والا۔
نافر (نا۔ فِرْ) نفرت کرنیوالا جمع نَفَرَہْ، نُفَّرْ۔

نافرجام (نا۔ فَرْ۔ جامْ) بدانجام، بداصل۔
نافرمان (نا۔ فَرْ۔ مانْ) جو حکم نہ مانے۔
نافرمانی (نا۔ فَرْ۔ ما۔ نِیْ) حکم عدولی۔
نافص (نا۔ فِصْ) بخار جاڑے میں تھرتھرانے والا۔
نافصہ (نا۔ فِصَہ) بہت بچے جننے والی عورت۔
نافع (نا۔ فِعْ) نفع دینے والا جمع نُفَّاعْ۔
نافلہ (نا۔ فِلَہ) غیرواجب عبادت یا عطیہ جمع نَوَافِلْ
پوتا، بنیرہ۔
نافہ (نا۔ فَہ) مشک والے ہرن کی ناف کی پوٹلی جس
میں مشک رہتی ہے۔
نافہم (نا۔ فَہم) ناسمجھ۔
نافہمی (نا۔ فَہ۔ مِی) ناسمجھی۔
نافی (نا۔ فِی) نفی کرنے والا۔
ناقابل (نا۔ قا۔ بِلْ) جو قابل نہ ہو۔
ناقبول (نا۔ قَبُولْ) جو ماننے کے قابل نہ ہو۔
ناقد (نا۔ قِدْ) پرکھنے والا۔
ناقر (نا۔ قِرْ) دانہ چگنے والا پرند، قرنا بجانے والا۔
ناقس (نا۔ قِسْ) کھٹی شراب۔
ناقص (نا۔ قِصْ) کم کرنے یا ہونے والا، ادھورا، وہ
لفظ جس کے اصلی حرفوں میں آخری حرف علت ہو۔
ناقع (نا۔ قِعْ) تازہ خون، زہر کھینچنے والا۔
ناقل (نا۔ قِلْ) نقل کرنیوالا، بات دوہرانیوالا جمع
نَقَلَہ، نَوَاقِلْ۔
ناقوت (نا۔ قُو۔ وَتْ) کمزور۔
ناقور (نا۔ قُورْ) قرنا، سنکھ۔
ناقوس (نا۔ قُوسْ) سنکھ، غیر عبادت کا گھنٹہ۔
ناقہ (نا۔ قَہ) اونٹنی، سانڈنی جمع نُوق، نِیاق،
اَنْوَاقْ، نَاقِہ (نا۔ قِہ) جو ابھی بیماری سے اٹھا ہو۔
ناک (ناکْ) بھرا ہوا، آلودہ، مالک، صاحب، خداوند۔
ناکارہ (نا۔ کا۔ رَہ) جو کام کا نہ ہو، ردی۔
ناکاشتہ (نا۔ کاشْ۔ تَہ) بغیر بویا ہوا۔

ناکام (نا۔کام) نامراد، ناچار، بالضرور۔
ناکامی (نا۔کا۔مِی) نامرادی، ناچاری۔
ناکتخدا، ناکدخدا (نا۔کَت۔خُدا، نا۔کَد۔خُدا) بغیر بیاہا ہوا۔
ناکح (نا۔کِح) وہ جو نکاح کرے، نکاح کرنے والا۔
ناکردنی (نا۔کَر۔دَنی) جو کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناکردہ (نا۔کَر۔دَہ) بغیر کیا ہوا۔
ناکردہ کار (نا۔کَر۔دَہ۔کار) ناتجربہ کار۔
ناکس (نا۔کَس) کمینہ، نالائق (نا۔کِس) اوندھا، سرنگوں جمع نواکس۔
ناکسی (نا۔کَسی) کمینہ پن، نالائقی۔
ناگاہ، ناگاہ (نا۔گاہ، نا۔گاہ) یکایک، اچانک۔
ناگرفت (نا۔گِرِفت) اچانک، ناگاہ۔
ناگزار، ناگزیر (نا۔گُزار، نا۔گُزیر) ضرورت، ناچار، ضرور، لابد، لاعلاج۔
ناگفتنی (نا۔گُف۔تنی) جو کہنے کے لائق نہ ہو۔
ناگفتہ (نا۔گُف۔تہ) نہ کہا ہوا۔
ناگفتہ بہ (نا۔گُف۔تہ۔بہ) خراب، جسکا نہ کہنا اچھا ہو۔
ناگفتہ داں (نا۔گُف۔تہ۔داں) علم غیب جاننے والا۔
ناگوار (نا۔گوار) جو گوارا نہ ہو، بدمزہ۔
ناگہ، ناگہاں (نا۔گہ، نا۔گہاں) یکایک، اچانک۔
نال (نال) بخشش جمع انوال، نوال (نال) نیچہ، گنا، نلی، نلکی، نے۔
نالاں (نا۔لاں) روتا ہوا، رونے والا۔
نالائق (نا۔لا۔اِق) جو لائق نہ ہو۔
نالش (نا۔لِش) دوہائی، شکایت۔
نالندہ (نا۔لِن۔دَہ) رونے والا، شور کرنے والا۔
نالہ (نا۔لہ) رونے کی آواز، آواز، چھوٹی سی ندی۔
نالی (نا۔لی) اگنا، پنشکر۔
نالیدن (نا۔لی۔دَن) شور کرنا، رونا، مصدر نالہ۔
نالیدنی (نا۔لی۔دَنی) رونے کے لائق۔
نالیدہ (نا۔لی۔دَہ) شور کیا ہوا، رویا ہوا۔
نام (نام) اسم، شہرت، دفتر، چلن۔
نام آور (نام۔آ۔وَر) جس کا نام مشہور ہو۔
نام آوری (نام۔آ۔وَری) شہرت۔
نامبارک (نا۔مُبا۔رَک) منحوس۔
نام بردار (نام۔بَر۔دار) نامی۔
نام بردہ (نام۔بُر۔دَہ) نام لیا ہوا۔
نامتناہی (نا۔مُتَنا۔ہی) جس کی انتہا نہ ہو۔
نامجو (نام۔جو) ناموری چاہنے والا۔
نامحدود (نا۔مَح۔دُود) جس کی حد نہ ہو۔
نامحرم (نا۔مَح۔رَم) ناواقف۔
نام خدا (نام۔خُدا) خدا کی قسم۔
نامدار (نام۔دار) عزت والا، نامور۔
نامراد (نا۔مُراد) بے مراد۔
نامرد (نا۔مَرد) ڈرپوک، ہیجڑا۔
نامردم (نا۔مَر۔دُم) نالائق۔
نامردی (نا۔مَر۔دی) بزدلاپن، بزدلی۔
نامزد (نام۔زَد) جسکا نام معین کیا گیا ہو، مشہور۔
نامساعد (نا۔مُسا۔عِد) ناموافق۔
نامساعدت (نا۔مُسا۔عَدَت) ناموافقت۔
نامسموع (نا۔مَس۔مُوع) بلا سنا ہوا۔
نامسیہ (نا۔مسی۔یہ) مچھر دانی، پشہ خانہ۔
نامشخص (نا۔مُشَخ۔خَص) ناپہچانا ہوا، بے تحقیق، نامعین، جو ایک حالت پر قائم نہ رہے۔
نامشروع (نا۔مَش۔رُوع) خلاف شرع۔
نامطبوع (نا۔مَط۔بُوع) جو پسند نہ ہو، جو چھپا نہ ہو۔
نامعقول (نا۔مَع۔قُول) جو معقول نہ ہو۔
نامک (نا۔مَک) چھوٹا نامہ، ننھا سا خط۔
ناملائم (نا۔مُلا۔اِم) خراب، نامناسب، سخت۔
نامناسب (نا۔مُنا۔سِب) جو ٹھیک نہ ہو۔
نامناسبت (نا۔مُنا۔سَبَت) ٹھیک نہ ہونا۔

نامندہ (نا۔ مَن۔ دَہ) نام رکھنے والا۔
ناموافق (نا۔ مُوَا۔ فِق) جو موافق نہ ہو۔
ناموافقانہ (نا۔ مُوَا۔ فِقَا۔ نَہ) ناموافق کی طرح۔
ناموافقت (نا۔ مُوَا۔ فَقَت) موافقت نہ ہونا۔
نامور (نام۔ وَر) مشہور، نامی۔
نامورانہ (نام۔ وَرَا۔ نَہ) نامور کی مانند۔
ناموری (نام۔ وَرِی) نام ہونا، شہرت۔
ناموس (نا۔ مُوس) عصمت، عفت، نامجوئی، نیکنامی، تدبیر، سیاست، قاعدہ، دستور، بھید، دانش، مکر، پوشیدہ حیلہ، فرشتے، احکام الٰہی جمع نوامیس۔
ناموسیہ (نا۔ مُو۔ سِی۔ یَہ) مچھر دانی۔
نامہ (نا۔ مَہ) لکھا ہوا خط، چٹھی جمع نامجات۔
نامہربان (نا۔ مِہ۔ رَ۔ بَان) جو مہربانی نہ کرے۔
نامی (نا۔ مِی) ا۔ نامور، مغرور، مشہور۔ ۲۔ بڑھنے والا، پھینکنے والا۔
نامیدن (نا۔ مِی۔ دَن) نام رکھنا مضغ نامیدہ۔
نامیدہ (نا۔ مِی۔ دَہ) نام رکھا ہوا۔
نامیہ (نا۔ مِیَہ) قوت بالیدگی، بڑھوار کی قوت۔
نان (نان) روٹی، تنوری روٹی۔
نان آبی (نان۔ آ۔ بِی) ایک قسم کی روٹی۔
نانبا، نانبائی (نان۔ بَا، نان۔ بَا۔ اِی) بھٹیارہ، روٹی پکانے والا۔
نان پز (نان۔ پَز) روٹی پکانے والا۔
نان پزی (نان۔ پَزِی) روٹی پکانا۔
نان خطائی (نان۔ خَطَا۔ اِی) نام مٹھائی۔
نانخواہ (نان۔ خَوَاہ) اجوائن۔
نانخورش (نان۔ خُرِش) سالن۔
نانکار (نان۔ کَار) وہ زمین جو ملازم کو اُس کی خدمت کے صلہ میں گذارے کے لئے دی جاوے۔
نانکور (نان۔ کُور) کمینہ، لالچی، نمک حرام۔

نالور (نا۔ لُور) لوری یعنی بچہ کو سلانے کا گیت۔
ناو (ناو) کشتی، پرنالہ۔
ناوارث (نا۔ وَا۔ رِث) جس کا کوئی وارث نہ ہو۔
ناواقف (نا۔ وَا۔ قِف) بے خبر۔
ناواقفیت (نا۔ وَا۔ قِفِی۔ یَت) ناتجربہ کاری، بے خبری۔
ناوائیدن (نا۔ وَا۔ اِی۔ دَن) خم کرنا۔
ناودان (ناو۔ دَان) موری، پرنالہ۔
ناورد (نا۔ وَرْد) جنگ و جدل۔
ناوس (نا۔ اُوس) آتشکدہ، غیر مسلموں کا عبادتخانہ۔
ناوک (نا۔ وَک) ایک قسم کا چھوٹا تیر۔
ناوک انداز (نا۔ وَک۔ اَن۔ دَاز) تیرانداز۔
ناوک اندازی (نا۔ وَک۔ اَن۔ دَا۔ زِی) تیراندازی۔
ناوک فگن (نا۔ وَک۔ فِگَن) تیرانداز۔
ناولون (ناو۔ لُون) جہاز کا کرایہ۔
ناونوش (نا۔ اُو۔ نُوش) عیش و عشرت۔
ناوہ (نا۔ وَہ) پرنالہ، بدرو، کھیل کا دانہ۔
ناویدن (نا۔ وِی۔ دَن) خم ہونا، جھومنا، مضغ ناوندہ۔
ناہار (نا۔ ہَار) جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔
ناہب (نا۔ ہِب) ڈاکو، لٹیرا۔
ناہج (نا۔ ہِج) راہ چلنے والا، کشادہ راہ پیدا کرنے والا۔
ناہد (نا۔ ہِد) نوجوان لڑکی جس کی چھاتی میں ابھار آ گیا ہو۔
ناہق (نا۔ ہِق) گدھا، خرخر۔
ناہل (نا۔ ہِل) پیاسا، سیراب جمع نہل۔
ناہمتا (نا۔ ہَم۔ تَا) بے مثل، جس کی مانند کوئی نہ ہو۔
ناہموار (نا۔ ہَم۔ وَار) جو برابر نہ ہو۔
ناہنجار (نا۔ ہَن۔ جَار) بدذات، بے طریقہ۔
ناہی (نا۔ ہِی) منع کرنے والا، کام سے روکنے والا۔
ناہید (نا۔ ہِید) ستارہ زہرہ۔
نائب (نا۔ اِب) قائم مقام جمع نوّاب، نُوَب۔
نائبہ (نا۔ اِبَہ) حادثہ، واقعہ، تیز بخار جمع نوائب، قائم مقام عورت۔
نائچہ (نا۔ اِچَہ) حقہ کی نے۔

نائحہ (نا۔ اِحہ) گریہ، نالہ، مصیبت جمع نوائح —

نائرہ (نا۔ اِ۔ رَہ) آگ، شعلہ، دشمنی کرانے والا، بھاگنے والا جمع نوائر —

نائزہ (نا۔ اِ۔ زَہ) ٹونٹی، نلکی، مرد کا عضو تناسل —

نائل (نا۔ اِل) پہونچنے والا، پانیوالا —

نائم (نا۔ اِم) سونے والا جمع نیّام —

نائیدن (نا۔ اِی۔ دَن) فخر کرنا، ڈینگ مارنا —

نائی (نا ئی) بانسری، نلکی، گلا، کوچہ —

نایاب (نا۔ یاب) جو پایا جاوے —

نایابی (نا۔ یا۔ بی) پایا نہ جانا —

نبا (نبا) خبر جمع انباء (اَم۔ باء)

نبات (نَبات) گھاس، ہر قسم کا سبزہ و درخت، قند یا مٹھائی، مصری جمع نوابت —

نباتی (نبا۔ تی) منسوب بہ نبات، سبزی والی چیز —

نباح (نُباح) کتے کے رونے کی آواز —

نباش (نَب۔ باش) کفن چور، کفن کھسوٹ —

نباض (نَب۔ باض) نبض دیکھنے والا، طبیب —

نبالت (نبا۔ لت) بزرگی —

نباہت (نبا۔ ہت) بزرگواری، آگاہی، شان، شہرت، چمک، عزت —

نبت (نَب۔ ت) گھاس، روئیدگی، اگاوٹ —

نبخر (نب۔ خر) دیا سلائی، کبریت —

نبذ (نَب۔ ذ) تھوڑا، بچا کچا، ٹکڑا جمع انباذ —

نبذہ (نُب۔ ذَہ) کسی چیز کا کنارہ، زمین کا گوشہ —

نبر (نَب۔ ر) ڈھیر جمع انبار (نَب۔ ر) بلند کرنا، باجے کے سُر کو اونچا اٹھانا، حرف کو ہمزہ کرنا —

نبراس (نِب۔ راس) چراغ —

نبرد (نَبرد) لڑائی، جنگ —

نبردگاہ (نَبرد۔ گاہ) میدان جنگ —

نبردہ (نبر۔ دَہ) دلاور، بہادر —

نبش (نَب۔ ش) کفن چرانا —

نبشت (نِبش۔ ت) دیکھو نوشت —

نبشتن (نِبش۔ تَن) دیکھو نوشتن —

نبشتہ (نِبش۔ تہ) دیکھو نوشتہ —

نبض (نَب۔ ض) کلائی کی رگ کی حرکت، نس کا پھڑکنا —

نبع (نَب۔ ع) چشمہ سے پانی پھوٹنا —

نبق (نبق، نَب۔ ق) کُنار، بیر جو ایک پھل ہے —

نبل (نَب۔ ل) تیر، آگاہی جمع اَنبال (نُبل) بزرگ، بڑا، خرد، چھوٹا —

نبلہ (نُب۔ لہ) استنجے کا ڈھیلا —

نبوت (نبو۔ وت) پیغمبری، خبر رسانی —

نبوع (نُبوع)، دیکھو نبع —

نبوی (نَبوی) منسوب بہ نبی، نبی والی چیز —

نبہ (نُبہ) شہرت یافتہ (نبہ) نواسا، سبط —

نبی (نبی) خبر دینے والا، پیغمبر خدا جمع انبیاء (نبی) کلام الہی، مصحف، قرآن شریف —

نبید (نبید) دیکھو نبیذ، نبید (نبید) دیکھو نوید —

نبیذ (نبیذ) بوزہ، جو یا کھجور کی شراب —

نبیرہ (نبی۔ رہ) پوتا، پوتی، نواسا، نواسی جمع نبائر —

نبیسہ (نبی۔ سہ) نواسا، نواسی، پوتا، پوتی —

نبیل، نبیلہ (نبیل، نبی۔ لہ) خوبصورت، بزرگ، عقلمند، موٹا جمع نبائل —

نبیہ (نبی۔ ہ) آگاہ، خبردار، آگاہی دینے والا —

نتاج (نِتاج) زادہ، پیدا، جنا ہوا —

نتاس (نِتاس) خوش و خرم، خوش حال —

نتاسیدن (نتا۔ سی۔ دن) از اقبالی سے پھرنا —

نتائج (نتا۔ اِج) نتیجہ کی جمع —

نتش (نَت۔ ش) کانٹا نکالنا —

نتف (نَت۔ ف) نوچنا، اکھیڑنا، کھسوٹنا —

نتن (نَت۔ ن) بدبو، سڑاند —

نتو (نُتو) بلندی، ہر چیز کا ابھار —

نتیجہ (نتی۔ جہ) حاصل مطلب، غرض، باہر لایا ہوا، تراشا

ہوا جمع نتائج۔
نتین (نَتِین) بدبودار چیز۔
نث (نَثّ) فاش کرنا، پھیلانا۔
نثا (نَثَا) خبر۔
نثار (نِثَار) نچھاور، بکھیر (نُثَار) وہ چیز جو نچھاور کی جاوے۔
نثر (نَثْر) وہ کلام جو نظم میں نہو، بکھری ہوئی چیز، بکھیرنا، چھٹکانا۔
نثرہ (نَثْ۔رَہ) برج اسد کے دو تارے، چوپائے کی چھینک۔
نجابت (نَجَا۔بَت) شرافت، اصالت، بزرگواری۔
نجات (نَجَات) چھٹکارہ، رستگاری، رہائی۔
نجاح (نَجَاح) حاجت روائی، چھٹکارہ، فتحمندی۔
نجاد (نِجَاد) تلوار کا پرتلہ۔
نجار (نَجْ۔جَار) بڑھئی (نِجَار) اصل، حسب، رنگ۔
نجارت (نِجَا۔رَت) بڑھئی کا پیشہ، رودگری۔
نجارہ (نُجَا۔رَہ) لکڑی کی چھیلن۔
نجاری (نَجْ۔جَا۔رِی) بڑھئی کا پیشہ۔
نجاست (نَجَا۔سَت) پلیدی۔
نجاشی (نَجَا۔شِی) بادشاہ حبشہ کا لقب تھا۔
نجاف (نِجَاف) چوکھٹ۔
نجح (نُجْح) دیکھو نجاح۔
نجد (نَجْد) اونچی زمین، نام ملک (مشرقی عرب)
نجدت (نَجْ۔دَت) بہادری، دلیری۔
نجران (نَجْ۔رَان) چول۔
نجس (نَجِس) ناپاک جمع اَنْجَاس (نَجَس) ناپاک ہونا۔
نجش (نَجْش) دلال۔
نجفت (نَجَفَت) وہ اونچی جگہ جہاں تک پانی نہیں پہونچتا، نام شہر (عراق)
نجک (نَجَک) زین میں باندھنے کا ایک ہتھیار۔
نجل (نَجْل) نسل، بیٹا۔

نجم (نَجْم) ستارہ، بیلدار پیڑ جمع اَنْجُم، نُجُوم، اَنْجَام، تھوڑا تھوڑا ادا کرنا۔
نجوم (نُجُوم) نجم کی جمع، جوتش، تاروں سے فرضی پیشنگوئی کرنے کا علم۔
نجومی (نُجُو۔مِی) نجوم جاننے والا، جوتشی۔
نجوی (نَجْ۔وَا) راز، کانا پھوسی۔
نجی (نَجِی) ہمراز، بھیدی۔
نجیب (نَجِیب) شریف، اصیل جمع نُجَبَاء، اَنْجَاب۔
نجید (نَجِید) بہادر، دکھیارا۔
نجیہ (نَجِی۔یَہ) ہمراز عورت۔
نچاق، نچاک (نَچَاق، نَچَاک) دیکھو نجک۔
نحاس (نُحَاس) تانبا، پیتل، دھواں (نِحَاس) سرشت، اصل، طبیعت (نَحْ۔خَاس) کسیرا، ٹھٹھیرا۔
نحاس احمر (نُحَاس۔اَحْ۔مَر) تانبا۔
نحاس اصفر (نُحَاس اَص۔فَر) پیتل۔
نحافت (نَحَا۔فَت) دبلاپن، کمزوری۔
نحالہ (نُحَا۔لَہ) بھوسی۔
نحام (نُحَام) سرخاب، چکوا۔
نحامہ (نُحَا۔مَہ) سرخاب کی مادہ، چکوی۔
نحت (نَحْت) چھیلنا، گھڑنا۔
نحر (نَحْر) سینہ پر زخم مارنا، اونٹ کی قربانی کرنا۔
نحریر (نِحْ۔رِیر) عقلمند، عالم ماہر جمع نَحَارِیر۔
نحز (نَحْز) دھکا دینا، ڈھکیلنا۔
نحس (نَحْس) نامبارک جمع نُحُوس۔
نحل (نَحْل) شہد کی مکھی (نُحْل) عطیہ، بخشش (نِحْل) عورت کا مہر، مہر باندھنا، نِحَل، نحلت کی جمع۔
نحلت (نِحْ۔لَت) مذہب باطل، قرض حسنہ، بخشش بے عوض، عورت۔ مہر کی ادائیگی جمع نِحَل۔
نحلہ (نُحْ۔لَہ) بخشش، عطا، صدقہ (نَحْ۔لَہ) شہد کی ایک مکھی (نِحْ۔لَہ) مہر کی ادائیگی۔

نخمہ (نَخ۔مَہ) کنکھار، منٹھار۔
نحن (نَح۔نُ) ہم لوگ۔
نحو (نَحْو) طرف، راہ، مانند، ارادہ، اسلوب، نام علم
قواعد زبان جمع اَنحاؔء۔
نحوست (نُحو۔سَت) نامبارکی، بدبختی۔
نحول (نُحُول) دبلاپن، گھلنا۔
نحوی (نَح۔وِی) نحو جاننے والا جمع نحاتؔ۔
نحی (نَح۔ی) بکرے کی کھال کی مشک۔
نحیب (نَحِیب) رونے کی آواز، چلاکر رونا۔
نحیف (نَحِیف) دبلا، کمزور، نڈھال جمع نِحافؔ۔
نخ (نَخ) فوج کی قطار، ٹاٹ، کملی، دھاگا، ڈورا۔
نخاس (نَخ۔خَاس) غلاموں یا چوپایوں کی خرید
و فروخت کا بازار۔
نخاع (نِخَاع، نُخَاع) حرام مغز۔
نخاعہ (نُخَا۔عَہ) بلغم جو گلے سے نکلے۔
نخالہ (نُخَا۔لَہ) بھوسی، چوکر۔
نخبہ (نُخ۔بَہ) منتخب، چیدہ، کاٹا ہوا جمع نُخَبؔ۔
نخچیر (نَخ۔چِیر) شکارگاہ، شکار۔
نخس (نَخْس) کوچنا، چبھونا، کھبونا۔
نخست، نخستین (نُخُس۔ت، نُخُس۔تِین)
پہلا، اوّل۔
نخشب (نَخ۔شَب) ترکستان کی ایک قدیم بستی۔
نخع (نَخ۔ع) رینٹ، ناک کی ریزش۔
نخل (نَخْل) پیڑ، پودھا جمع اَنْخَال، نخیل۔
نخلہ (نَخ۔لَہ) کھجور کا ایک پیڑ، ایک پیڑ۔
نخوت (نَخ۔وَت) بزرگی، غرور، گھمنڈ۔
نخود (نُخُود) چنا۔
نخیر (نَخِیر) ناک کی آواز (نُخَیر) کمینہ، نفرا، بیج لے
کر پودھا تیار کرنے کی کیاری۔
نخیل (نَخِیل) ایک پیڑ، بہت سے پیڑ۔
ند (نِدّ) مانند، ہمتا، نظیر۔

ندا (نِدَا) آواز، پکار (نَدَا) دیکھو ندی۔
نداف (نَدّاف) دھنا۔
ندامت (نَدَا۔مَت) شرمندگی، پشیمانی۔
نداوت (نَدَا۔وَت) تری، نمی۔
ندب (نَدْب) بین، نوحہ، شیون (نَدَب) زخم کا
نشان، جوا، شرط۔
ندبہ (نُد۔بَہ) بین، نوحہ، شیون، کام کیلئے بلانا۔
ندح (نَدَح) چوڑائی، پہنائی، متعہ۔
ندرت (نُد۔رَت) انوکھاپن، تنہائی، کمی۔
ندف (نَدْف) دھنکنا، دھننا۔
ندم (نَدَم) پشیمانی۔
ندمان (نَد۔مَان) پشیمان جمع نَدَامیٰ، نُدَمَاء۔
ندوہ (نَد۔وَہ) مجلس، جمع ہونے کی جگہ، سیل، نمی۔
ندی (نَدِیّ) تری، سیل، اوس۔
ندید (نَدِید) ہمتا، نظیر، مانند۔
ندیر (نَدِیر) نادر، انوکھا۔
ندیف (نَدِیف) دھنکی ہوئی روئی۔
ندیم (نَدِیم) یار، ہمنشین، مصاحب لوگ جمع
نُدَمَاءؔ، نِدَامؔ، نُدَامیٰ۔
نذارت (نَذَا۔رَت) خوف، ڈر۔
نذر (نَذْر) عہد، پیمان، منت جمع نُذُور (نَذِر)
حیران، خوف زدہ (نُذُر) خوف، ڈر۔
نذرانہ (نَذ۔رَا۔نَہ) نذر کے لائق، بھینٹ۔
نذیر (نَذِیر) دھمکی، ڈرانے والا جمع نُذُرؔ۔
نر (نَر) مذکر، مادہ کی ضد۔
نرا (نَرَا) اوٹا، پردے کی دیوار۔
نرجس (نَر۔جِس) دیکھو نرگس۔
نرخ (نِرْخ) بھاؤ، سعر۔
نرد (نَرْد) چوسر بازی کھیلنے کی گوٹ، پیڑ کا تنہ۔
نردبان (نَرْد۔بَان) سیڑھی، زینہ۔
نردک (نَر۔دَک) نرد کا اسم تصغیر۔

نرغہ (نَرْ۔غَہْ) گھراؤ، گھیرے میں لینا۔
نرگس (نَرْ۔گِسْ) ایک پیلا پھول مثل آنکھ۔
نرگستان (نَرْ۔گِسْ۔تانْ) نرگس کی کیاری۔
نرگس شہلا (نَرْ۔گِسْ۔شَہْ۔لا) سیاہی مائل پھول والی نرگس۔
نرگسی (نَرْ۔گِسی) منسوب بہ نرگس، ایک کھانا۔
نرم (نَرْم) ملائم، گُدگُدا۔
نرم آہنی (نَرْم۔آ۔ہَنی) عاجزی۔
نرم گردن (نَرْم۔گَرْ۔دَنْ) تابعدار۔
نرمۂ گوش (نَرْ۔مَ۔اِ۔گوش) کان کی لو۔
نرمی (نَرْ۔مِی) ملائمت، گدگدا پن۔
نروج (نَرْوِج) ناروے (شمالی یورپ)
نرہ (نَرْ۔رَہْ، نَرَہْ) ٹہنی، عضو تناسل، خراب۔
نرہ دیو (نَرْ۔رَہْ۔دِیُو) دیو نر، بدصورت۔
نری (نَرِی) بکری بھیڑ وغیرہ کا چمڑا۔
نریان (نَرْ۔یانْ) نرکھوڑا۔
نرینہ (نَرِی۔نَہ) نر، مذکر، نر سے منسوب۔
نز (نَزْ) چیز آدمی، زمین کہ جہاں سے پانی رستا رہے مگر جاری نہ ہووے، بیلے ٹھکانہ شتر مرغ۔
نزا (نَزا) نر کا مادہ پر چڑھنا۔
نزاد، نژادہ (نَژادْ، نَژا۔دَہْ) دیکھو نژاد۔
نزار (نَزارْ) دبلا پتلا، کنگال، مفلس۔
نزاری (نَزا۔رِی) دبلا پن۔
نزاع (نِزاعْ) جھگڑا، کھینچ تان۔
نزاکت (نَزا۔کَتْ) نازکی۔
نزاہت (نَزا۔ہَتْ) پاکی۔
نزد، نزدیک (نَزْدْ، نَزْ۔دِیکْ) پاس، قریب۔
نزدیکی (نَزْ۔دِی۔کِی) قربت۔
نزر (نَزْر) تھوڑا۔
نزع (نَزْعْ) جان کنی، اکھیڑنا۔
نزفت (نَزْفْ۔ت) کنوئیں کا تمام پانی کھینچ ڈالنا۔

نزل (نُزُل) ہوٹل، دعوت و مہمانی جمع انزال۔
نزلہ (نَزْ۔لَہْ) نام مرض۔
نزم (نَزْم) دیکھو نژم۔
نزول (نُزُولْ) اُتار، پڑاؤ۔
نزہ (نَزِہْ) عیب سے پاک، تازہ، خوب۔
نزہت (نُزْ۔ہَتْ) تماشا، پاکیزگی، بے عیبی، خوبی۔
نزیدن (نَزی۔دَنْ) باہر کھینچنا، باہر نکالنا۔
نزیف (نَزِیفْ) مست، بخار کا مارا ہوا، پیاس کے مارے جس کی زبان پر کانٹے پڑ گئے ہوں، جس کے خون بہت نکلا ہو۔
نزیل (نَزِیلْ) مہمان، مسافر، پردیسی جو ہوٹل وغیرہ میں اُترے۔
نژاد (نَژادْ) اصل، نسب۔
نژادہ (نَژا۔دَہْ) اصیل، شریف۔
نشخار (نَشْ۔خارْ) بانگ، فریاد، نعرہ۔
نژم (نَژَمْ) کہرا یعنی جاڑے کے موسم میں زمین کی بخارات
نژند (نَژَنْدْ) دم غمگین، اُداس، سر پھرا، خفا۔
نژیدن (نَژِی۔دَنْ) کھینچنا۔
نس (نَسْ) رگ، پٹھا (نُسْ) منھ کا دہانہ، ہونٹوں کے اطراف، ناک اور اوپر کے ہونٹھ کا بیچ۔
نسا (نِسا) دیکھو نسواں، عورتیں (نَسا) نام رگ جو چوتڑ سے ایڑی تک ہے۔
نساج (نَسْ۔ساجْ) جولاہا۔
نسافہ (نُسا۔فَہْ) پھٹکن۔
نسب (نَسَبْ) نسل، خاندان جمع انساب۔
نسبت (نِسْ۔بَتْ) لگاؤ، مناسبت، علاقہ جمع نِسَب۔
نستر، نسترون، نسترن (نَسْ۔تَرْ، نَسْ۔تَرْ۔وَنْ، نَسْ۔تَرَنْ) سیوتی۔
نستعلیق (نَسْ۔تَعْ۔لِیقْ) زبان اُردو کا مروج خط جو نسخ اور تعلیق دونوں خطوں کو ملا کر بنایا گیا ہے۔

نستعلیق گو (نَسْتَعلِیق۔ گُو) شستگی سے بات چیت کرنیوالا۔
نستوه (نَسْ۔ تُوہ) لڑاک، اجڈ، بدفعل، درشت۔
نسج (نَسْ۔ ج) بنائی کا کام۔
نسخ (نَسْ۔ خ) نام رسم الخط، مٹانا، رد کرنا، نقل کرنا، لکھنا۔
نسخہ (نُسْ۔ خَہ) نوشتہ، لکھی ہوئی چیز، علاج کی دوائیں لکھا ہوا پرچہ جمع نُسَخ۔
نسر (نَسْ۔ ر) گدھ، نام بت۔
نسر طائر (نَسْ۔ رِ۔ طا۔ اِرْ) نام ستارہ۔
نسر واقع (نَسْ۔ رِ۔ وا۔ قِعْ) نام ستارہ۔
نسرین (نَسْ۔ رِیْن) سیوتی، نسترن (نَسْ۔ رَیْن) نسر طائر اور نسر واقع دونوں تارے۔
نسطو، **نسطور** (نَسْ۔ طُوْ، نَسْ۔ طُوْر) آتش پرستوں کا پیشوا
نسطوری (نَسْ۔ طُو۔ رِی) آتش پرستی، منسوب بہ نسطور۔
نسق (نَسَق، نَسْ۔ ق) روش، قاعدہ، قانون، ترتیب۔
نسق بند، **نسقچی** (نَسَق۔ بَنْ۔ د، نَسَق۔ چِی) انتظام کرنے والا، جلاد۔
نسک (نُسْ۔ ک) مسور، عدس، دھونا، پاک کرنا (نُسُک) قربانی، عبادت
نسل (نَسْ۔ ل) اولاد، کنبہ، پر جھاڑنا یا گرنا۔
نسلاً بعد نسل (نَسْ۔ لَنْ۔ بَعْ۔ د۔ نَسْ۔ ل) پیڑھی کے بعد پیڑھی، پشت در پشت۔
نسم، **نسمہ** (نَسَم، نَسَمَہ) آدمی، نفس۔
نسناس (نَسْ۔ نَاس) وحشی، بن مانس۔
نسو (نَسُو) نرم، ہموار۔
نسوان (نِسْ۔ وَان) امرات کی جمع، عورتیں۔
نسوانی (نِسْ۔ وا۔ نِی) منسوب بہ نسوان، زنانی
نسوت (نِسْ۔ وَت) امرات کی جمع، عورتیں۔
نسئت، **نسئہ** (نِسْ۔ ءَ۔ ت، نِسْ۔ ءَہ) دیکھو نسیہ۔
نسی (نَسْ۔ ی) بھولی ہوئی چیز (نَسِی) بھلکڑ، فراموش کار، عرق النسا کا بیمار (نَسا) دیکھو نسا۔

نسیان (نِسْ۔ یان) بھول (نَسْ۔ یان) بھولا، فراموش کار۔
نسیاً منسیا (نَسْ۔ یَمْ۔ مَنْ۔ سِی۔ یا) بھولا بسرا۔
نسیب (نَسِیْب) عالی نسب آدمی۔
نسیج، **نسیجہ** (نَسِیج، نَسِی۔ جَہ) بنا ہوا کپڑا جمع نَسائج۔
نسیدن (نَسِی۔ دَن) رکھنا، چھوڑنا۔
نسیق (نَسِیْق) آراستہ کیا ہوا، ترتیب دیا ہوا۔
نسیکہ (نَسِی۔ کَہ) قربانی جمع نَسائک، نُسُک۔
نسیم (نَسِیْم) ہلکی خوشگوار ہوا، خوشبودار چیز جمع نَسائم۔
نسیہ (نَسْ۔ یَہ) ادھار، بھول (نَسْ۔ یَہ) مہلت۔
نش (نَش) ۱۔ سایہ، چھاؤں، سایہ کی جگہ ۲۔ نام وزن جو بیس درم کی برابر ہے۔
نشا (نَشا)، **نشاۃ** (نَشْ۔ ءَ) دنیا، جہان، نیا پیدا ہونا۔
نشاب (نُشّ۔ شَاب) تیر۔
نشاۃ الثانیہ (نَشْ۔ اَتُث۔ ثا۔ نِیَہ) دوبارہ زندگی، دوبارہ پیدا ہونا۔
نشاتین (نَشْ۔ اَتَیْن) دنیا و آخرت۔
نشاختن، **نشاخیدن** (نشاخ۔ تَن، نِشا۔ خی۔ دَن) یقین کرنا، بٹھلانا۔
نشاد (نِشادْ) قسم دلانا، حلف دینا۔
نشارہ (نُشا۔ رَہ) لکڑی وغیرہ کا برادہ۔
نشاستج (نِشاس۔ تَج، نِشا۔ سَتَج) نشاستہ۔
نشاستن (نِشاس۔ تَن) بٹھلانا، رکھنا۔
نشاستہ (نِشاس۔ تَہ) بٹھلایا ہوا، رکھا ہوا۔
نشاط (نَشاط) خوشی، شادمانی، امنگ (نِشاط) نشیط کی جمع۔
نشاف (نَشْ۔ شَاف) جاذب، جذب کرنیوالا، اپنے اندر کھینچ لینے والا، بلاٹنگ پیپر۔
نشان (نِشان) علم، جھنڈا، تمغہ، فرمان شاہی۔
نشانچی (نِشان۔ چِی) جو نشانہ لگاوے۔

نشاندن، نشانستن (نِشَان۔ دَن، نِشَا۔ نِس۔ تَن) بٹھلانا، رکھنا۔
نشانہ (نِشَا۔ نَہ) جگہ گولی مارنے کی۔
نشانی (نِشَا۔ نِی) پہچان، یادگاری کی علامت۔
نشایدن (نِشَا۔ یِ۔ دَن) بٹھلانا۔
نشب (نَشَ، ب) مال و دولت، زمین۔
نشتر (نِش۔ تَر) جراح کا اوزار۔
نشترکدہ (نِش۔ تَر۔ کَدَہ) نشتر کا گھر۔
نشتن (نِش۔ تَن) نشستن کا مخفف۔
نشخار، نشخوار (نِش۔ خَار، نِش۔ خوَار) جگالی۔
نشدت (نِش۔ دَت) کھوئی ہوئی چیز ڈھونڈھنا۔
نشر (نَش، ر) خوشبو، زندگی، خبر پھیلانا (نَشَر) پریشان، پراگندہ۔
نشر الشعر (نَش۔ رُش، شَع، ر) بال بکھیرنا۔
نشر الصوت (نَش۔ رُص، صَو، ت) آواز پھیلانا۔
نشرہ (نَش۔ رَہ) ختم قرآن کی شادی (نُش۔ رَہ) تعویذ، جادو، منتر۔
نشز (نَش، ز، نَشَز) اونچی جگہ، بلندی ڈھونڈھنا۔
نشست (نِشَس، ت) بیٹھک۔
نشستن (نِشَس۔ تَن) بیٹھنا مضارع نشیند۔
نشستنی (نِشَس۔ تَنِی) بیٹھنے کے لائق۔
نشستہ (نِشَس۔ تَہ) بیٹھا ہوا۔
نشف (نَشَف، نَش، ف) ہر تلی چیز جذب کرنا (نِش، ف) کھوپڑی، لکڑی کا پیالہ۔
نشفہ (نَش۔ فَہ) جھانواں، سنگ پا۔
نشق (نَشَق) بو، باس (نَشَق) جس سے چھٹکارہ ممکن نہ ہو (نَش، ق) دوڑنا، ہرن کا جال میں پھنسنا۔
نشکنج (نِش۔ کُن۔ ج) چیونٹا، چٹکی۔
نشکنجیدن (نِش۔ کُن۔ جِی۔ دَن) چیونٹا لینا، چٹکی لینا۔
نشکنجیدہ (نِش۔ کُن۔ جِی۔ دَہ) چیونٹا لیا ہوا۔
نشکردہ (نِش۔ کَر۔ دَہ) رانپی۔

نشلیدن (نِش۔ لِی۔ دَن) چٹکی لینا، چیونٹا لینا۔
نشمردہ (نِشُم۔ رَدَہ) بلا گنا ہوا۔
نشو (نَش، و) بڑھوار، اُگاوٹ۔
نشوار (نِش۔ وَار) جگالی۔
نشوان (نَش۔ وَان) مست، مستی۔
نشوت (نَش۔ وَت) خبر معلوم کرنا، بو پانا (نَش۔ وَت) ظاہر ہونا، مست ہونا۔
نشور (نُشُور) روز قیامت، زندہ ہونا۔
نشوز (نُشُوز) بیوی کا اپنے شوہر سے بگاڑ کرنا۔
نشوق (نَشُوق) اُہلاس، ناک میں استعمال کی دوا۔
نشو ونما (نَش۔ وُو۔ نَمَا) بڑھوار، بالیدگی۔
نشہ (نَش، شَہ، نَشَہ) نشیلی چیز پینے یا کھانے کے بعد کی مستی اور کیفیت جس سے بیہوشی از خود رفتگی طاری ہو۔
نشیان (نَش۔ یَان) خبر لینے والا۔
نشیب (نِشِیب) ڈھلان، پست زمین۔
نشیج (نَشِیج) ہچکی لگنا۔
نشید (نَشِید) شعر پڑھنا، آواز بلند کرنا (نَشِید) گانے بجانے کی آواز۔
نشیدن (نِشِی۔ دَن) نشاندن کا مخفف۔
نشیط (نَشِیط) خوش و خرم جمع نشاط۔
نشیم، نشیمن (نِشِے، م، نِشِے۔ مَن) گھونسلا، آرام گاہ۔
نشین، نشینندہ (نَشِین، نِشِی۔ نَن۔ دَہ) بیٹھنے والا۔
نص (نَص) صاف اور ظاہر بات، قرآن شریف کی صاف معنی کی آیت جمع نصوص۔
نصاب (نِصَاب) سرمایہ، مال، پونجی، دستہ، مال کی اتنی مقدار کہ جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔
نصاب تعلیم (نِصَا، ب۔ تَع۔ لِیم) پڑھائی کا وہ کتابیں جو کسی مقصد کیلئے نامزد کی گئی ہوں۔
نصاحت (نَصَا۔ حَت) نصیحت کرنا۔
نصاری (نَصَا۔ رَا) نصران کی جمع۔

نصاف، نصافہ (نِصَاف، نِصَا-فَہ) خدمت کرنا۔
نصائح (نَصَا-ئِح) نصیحت کی جمع۔
نصب (نَصْب، نَص، ب، نُصُب) وہ چیز جو قائم کی جاوے، بت، مورتی جمع **اَنصَاب**
(نَص، ب، حرکت زبر دینا) برپا کرنا، زبر لگانا۔
نصب العین (نَص-بُل-عَین) منظور خاطر، مد نظر، آنکھ کے مقابل۔
نصر (نَص، ر) مددگار جمع **اَنصَار** مدد، مدد کرنا، (نُص، صُر) ناصر کی جمع۔
نصران (نَص-رَان) ملک شام میں عیسائیوں کی ایک قدیم بستی، نصرانی کی جمع۔
نصرانی (نَص-رَا-نِی) نصران کا رہنے والا، عیسائی جمع **نَصرَان** جمع جمع **نَصَارَیٰ**۔
نصرانیت (نَص-رَا-نِی-یَت) عیسائی پن، عیسائی مذہب
نصرت (نُص-رَت) فتحمندی، امداد۔
نصف (نِص، ف) آدھا، ادھیائی جمع **اَنصَاف**۔
نصفا نصف (نِص-فَا-نِص، ف) آدھوں آدھ۔
نصف النہار (نِص-فُن-نَہَار) دوپہر۔
نصفت (نَصَفَت) داد، انصاف، نیاؤ۔
نصل (نَص، ل) تیر کا پیکان، نیزے کا پھل جمع **نِصَال، نُصُول، اَنصُل**۔
نصوح (نَصُوح) صاف، خالص، وہ سچی توبہ کہ جس کو پھر کبھی نہ توڑا جاوے۔
نصیب (نَصِیب) بہرہ، حصّہ، دانا پانی جمع **اَنصِبَہ، اَنصِبَا**۔
نصیبہ (نَصِی-بَہ) قسمت، حصّہ جمع **نَصَائِب**۔
نصیح (نَصِیح) نصیحت کرنے والا جمع **نُصَحَاء**۔
نصیحت (نَصِی-حَت) پند، بھلی بات جمع **نَصَائِح**
نصیر (نَصِیر) مددگار۔
نصیری (نُصَی-رِی) حضرت علی کرم کو خدا ماننے والا۔
نصیف (نَصِیف) آدھی چیز، چادر، خادم۔

نضار (نُضَار) سونا، زر، ہر خالص چیز۔
نضارت (نَضَا-رَت) تازگی، آبادی۔
نضج (نَض، ج) پھل یا زخم یا مادّہ یا خلط کا پکنا۔
نضح (نَضح) حوض جمع **اَنضَاح** (نَض، ح) پانی کھینچنا۔
نضر (نَضِر) خالص چیز (نَض، ر) زر، تر و تازگی۔
نضرت (نَض-رَت) تازگی۔
نضو (نَض، و) کپڑے اتارنا۔
نضیج (نَضِیج) میوہ یا مادّہ پکا ہوا۔
نضیج الرای (نَضِی-جُر-رَا-ئی) جس کی رائے پختہ ہو۔
نضیر (نَضِیر) تازہ، آبدار، زر۔
نطاسی (نِطَا-سِی) طبیب، پچشک۔
نطاق (نِطَاق) پٹی، کمر بند، پٹکا جمع **نُطُق**۔
نطع (نَطع، نِطَ، ع) بساط، چمڑے کا بچھونا، ادھوڑی جمع **نُطُوع**۔
نطعی (نِطْ-عِی) چمڑے کی جانگیا۔
نطفہ (نُط-فَہ) صاف پانی، مرد کا وہ مادّہ جس سے عورت حاملہ ہوتی ہے جمع **نُطَف، نُطُف، نِطَاف** (نِطَا-فَہ) گوشوارہ، جُھمکا، مرکی۔
نطق (نُط، ق) بات، گویائی، ایڈریس، سپاسنامہ۔
نطق ہمایونی (نُط-قِ-ہُمَا-یُو-نِی) برکت والی بات، بڑے آدمیوں کی بات۔
نطو (نَط، و) دوری، دور ہونا۔
نطوح (نَطُوح) مرکھنا، مرکھنا جانور۔
نطول (نُطُول) دھارنے کا پانی جس میں دوائیں جوش دی گئی ہوں۔
نظارت (نِظَا-رَت) سررشتہ، محکمہ، نگرانی، نگہداری، نگہبانی۔
نظارگی (نَظَا-رَگی) نظربازی، تماشائی۔
نظارہ (نَظَا-رَہ، نَظ، ظَا-رَہ) دیکھ بھال، عینک، دوربین، تماشا۔
نظافت (نَظَا-فَت) پاکیزگی۔

نظام (نِظام) فوج، لشکر، سلسلہ، ترتیب، لڑی، پرولیش، رسم، عادت، بندوبست، لڑی جمع اَنظِمہ، اَنا ظیم، نُظُم (نُظّام) ناظم کی جمع۔

نظام الملک (نِظا۔ مُل۔ مُل ک) لقب اعلیحضرت نواب حیدرآباد دکن۔

نظامیہ (نِظا۔ مِی یَہ) بغداد کی ایک قدیم تاریخی یونیورسٹی، جنگی فوج۔

نظر (نَظَر) نگاہ، چتون، سوچ، تامل جمع اَنظار۔

نظران (نَظَران) درشن، دید، دیکھنا۔

نظر انداز (نَظَر۔ اَن۔ داز) نگاہ سے ڈالا ہوا۔

نظرباز (نَظَر۔ باز) نگہبان، تماشائی۔

نظربند (نَظَر۔ بَن د) جس کی طرف نگرانی کی جاتی ہو۔

نظربندی (نَظَر۔ بَن۔ دِی) نگرانی۔

نظرتنگ (نَظَر۔ تنگ) کنجوس۔

نظر ثانی (نَظَر۔ ثا۔ نِی) دوسری بار دیکھ بھال۔

نظر غلط انداز (نَظَر۔ غَلَط۔ اَن۔ داز) چرائی ہوئی نگاہ۔

نظری (نَظَرِی) وہ چیز جس کا تعلق نظر سے ہو۔

نظم (نَظْم) موزوں کلام، لڑی، ترتیب، آرائش۔

نظم و نسق (نَظْ۔ مُو۔ نَس ق) آراستگی اور ترتیب۔

نظیر (نَظِیر) مانند، مثل جمع نَظائر۔

نظیرت (نَظِی۔ رَت) سردار قوم جمع نُظَراء۔

نظیف (نَظِیف) حلال، پاک۔

نعاب (نَع۔ عاب) کوے کا بچہ۔

نعاس (نُعَاس) نیند، کچی نیند۔

نعال (نِع۔ عال) نعلین (نِعَال) نعل کی جمع۔

نعامہ (نَعا۔ مَہ) شتر مرغ، جو کچھ پاؤں تلے ہو، بیابان جمع نَعائِم۔

نعبان (نَعَبان) کوے یا مرغ کا بولنا۔

نعت (نَع ت) تعریف، صفت، سردار دو عالم کی منقبت جمع نُعُوت۔

نعثل (نَع۔ ثَل) لکڑ بھگا، بھنڈار۔

نعج (نَع ج) خالص سفیدی۔

نعجہ (نَع۔ جَہ) بھیڑ، بھیڑی جمع نِعاج۔

نعرہ (نَع۔ رَہ) زور کی آواز، للکار۔

نعس (نَع س) غنودگی، اونگھ۔

نعش (نَع ش) لوتھ، مردہ لاش، تخت۔

نعل (نَع ل) جوتی، جوتا جمع نِعال۔

نعلبند (نَع ل۔ بَن د) نعل باندھنے والا۔

نعل بہا (نَع ل۔ بَہا) خراج جو کمزور حکومت طاقتور کو ادا کرے۔

نعل در آتش (نَع ل۔ دَر۔ آ۔ تِش) بے قرار، اضطراب، بے قراری۔

نعلین (نَع۔ لَین) جوتے کا جوڑا، دو جوتیاں۔

نعلین چوبین (نَع۔ لَی نِ چو۔ بِین) کھڑاؤں۔

نعم (نَعَم) چوپایہ جمع اَنعام، نِعمان کلمہ ایجاب ٹھیک، جی ہاں (نِع م) تازگی، نرمی، خوبی (نِعَم) نعمت کی جمع (نِع م) نیک، اچھا۔

نعما (نَع۔ ما) نعمتیں، نعمت۔

نعم البدل (نِع۔ مُل۔ بَدَل) اچھا بدلا، نیک عوض۔

نعمت (نِع۔ مَت) ناز، آسائش، روزی، مال، نیکی، بخشش، پہونچ جمع مَنا عِم، نِعَم، اَنعُم، نِعمات۔

نعناع، نعنع (نَع۔ ناع، نَع۔ نَع) پودینہ۔

نعومت (نُعو۔ مَت) نازکی، نرمی۔

نعی (نَعِی) منادی، خبر مرگ (نَعِی) دیکھو ناعی۔

نعیب، نعیق (نَعِیب، نَعِیق) کوے کی آواز، کائیں کائیں۔

نعیم (نَعِیم) بہشت، نعمت، نیکی، دسترس، مال، ناز، نازکی، انعام کیا ہوا۔

نغروج (نَغ۔ رُو ج) بلبل۔

نغز (نَغ ز) انوکھا، نادر، اچھا، پہیلی، چیستاں۔

نغزک (نَغ۔ زَک) اچھی چیز، اچھا، معمولی کام۔

نغض (نَغْ۔ض) سرہلنا، سرہلانا۔
نغل (نَغِلْ) ۱۔ رات کو جنگل میں چوپایوں کے رہنے کی جگہ ۲۔ حرامی، بدنسل، کینہ ور بچہ۔
نغمہ (نَغْ۔مَہْ) سریلی آواز، راگ جمع نغم، نغمات۔
نغنویدن (نَغْ۔نُوِیْ۔دَنْ) چوکنا رہنا، ہشیار رہنا۔
نغنغہ (نَغْ۔نَغَہ) نغمہ۔
نغوشاکیدن (نَغُوْ۔شَا۔کِیْ۔دَنْ) مذہب تبدیل کرنا۔
نغول (نَغُوْل، نَغُوْل) وہ جگہ جو جنگل میں چوپایوں کے بسیرا لینے کو بنائی جاوے (نغوْل) گہرا، دور، تمام، کامل (نُغُوْل) سیڑھی، زینہ۔
نغولہ (نَغُوْ۔لَہْ) بالوں کا جوڑا، سر کے بالوں کا جھونٹا، زلف۔
نفاخ (نَفْ۔فَاخْ) پھلانے والی۔
نفاخات (نُفْ۔فَا۔خَاتْ) بلبلا۔
نفاد (نَفَادْ) گئی گذری چیز، نبڑ جانا۔
نفاذ (نَفَاذْ) اجرا، جاری ہونا۔
نفاس (نِفَاسْ) مناقشہ، خون ولادت، زچہ کا چلہ۔
نفاست (نَفَا۔سَتْ) اچھائی، خوبی، لطافت۔
نفاض (نُفَاضْ) جھڑن، جھڑی ہوئی چیز۔
نفاط (نَفَاطْ) مٹی کا تیل۔
نفاع (نَفْ۔فَاعْ) بڑا نفع پہونچانیوالا (نُفَاعْ) نافع کی جمع۔
نفاغ (نِفَاغْ) بڑا پیالہ۔
نفاق (نِفَاقْ) دورُوئی، ظاہر کچھ اور دل میں کچھ، بیر، دشمنی (نَفَاقْ) رواج، کسی چیز کا چالو ہونا۔
نفائح (نَفَا۔ئِحْ) نفحہ کی جمع۔
نفت (نَفْ۔تْ) دیکھو نفط۔
نفث (نَفْ۔ثْ) پھوکس، فضلہ، پھونکنا۔
نفح (نَفْ۔حْ) ہوا لپکنا، مہکنا۔
نفحت، نفحہ (نَفْ۔حَتْ، نَفْ۔حَہْ) خوشبو، لپٹ جمع نفحات، نفائح۔
نفخ (نَفْ۔خْ) پھونکنا، ہوا بھر جانا۔
نفخہ (نَفْ۔خَہ) ایک مرتبہ کی پھونک جمع نفخات۔
نفد (نَفْ۔دْ) نبڑ جانا، گیا گذرا ہونا۔
نفذ (نَفَذْ) چھڑوانا۔
نفر (نَفَرْ) ایک آدمی، نوکر جمع انفار۔
نفرت (نَفْ۔رَتْ) نا امیدگی، بیزاری، گھن (نَفْ۔رَتْ) ایک مرتبہ بھاگن، بھاگ۔
نفرہ (نَفَرَہْ) نافر کی جمع (نَفْ۔رَہْ) ایک مرتبہ بیزاری۔
نفری (نَفَرِیْ) ایک آدمی کا کام۔
نفریدن (نَفْ۔رِیْ۔دَنْ) نفریں کرنا۔
نفریں (نَفْ۔رِیْں) پھٹکار، ملامت۔
نفس (نَفَسْ) سانس، دم جمع انفاس (نَفْ۔سْ) جان، روح، خون، تن، ہستی، حقیقت جمع نفوس، انفس۔
نفسا (نُفْ۔سَاءْ) زچہ۔
نفس الامر (نَفْ۔سُلْ۔اَمْ۔رْ) کار واقعی، اصل مدعا۔
نفس امارہ (نَفْ۔سِ۔اَمْ۔مَا۔رَہْ) وہ نفس جو بری باتوں کے لئے پھسلاتا ہے۔
وہمی (وَہْ ۔ مِی) جس کو وہم ہو۔
وہن (وَہْن) سستی ، ڈھیلا پن ، آدھی رات۔
وہوم (وَہُوْم) بہت زیادہ غلط گمان کرنے والا۔
وہو ہذا (وَہُوَ ۔ ہا ۔ ذا) اور وہ یہ ہے۔
وہی (وَہْی) نرم چیز کا ڈھیلا پڑ جانا۔
وے (وے) وہ ، اُس جیسا کہ ، اُسکو۔
ویب (وَیْب) افسوس ، حسرت ، سختی۔
ویح (وَیْح) کلمۂ ترحم ، تعریف ، افسوس۔
وید (وِیْد) کم ، کسیلی چیز (وَیْد) چارہ ، علاج۔
ویدن (وَیْ ۔ دَن) علاج کرنا۔
ویدیدن (وَیْ ۔ دِی ۔ دَن) گم ہونا ، ناپدید ہونا۔

ویرا (وے۔را) اُس کو، اس کے لئے۔
ویران (وِ ی۔ رانْ) اوجڑ، غیر آباد، اُجاڑ۔
ویرانگر (وِ یْ۔رانْ۔گرْ) لٹیرا۔
ویرانہ (وِ یْ۔را۔نہْ) دیکھو ویران۔
ویرانی (وِ یْ۔را۔نیْ) اُجاڑ، غیر آبادی۔
ویرہ (وِ یْ۔رَہْ) خربوزے کا پیڑ۔
ویژہ (وِ ے۔ژہْ) خالص، خالصہ۔
ویس (وَ یْس) کلمۂ حقارت، کلمۂ تشبیہ۔
ویشہ (وِ ے۔شہْ) دیکھو بیشہ
ویل (وَ یْل) کلمۂ افسوس، مصیبت، انتقام، عداوت، دوزخ کا ایک طبقہ۔
ویل کش (وَیْل۔کشْ) بدلہ لینے والا۔
ویلا (وَ یْ۔لا) کلمۂ افسوس۔
ویلان (وِ ے۔لانْ) ناغہ۔
وین (وِ یْن) رنگ، کالا انگور (وَیْن) شہروا ہنا۔
ویہ (وَ ی۔ہ) بھڑکانے کا کلمہ، آہا، اَیْ، ہَیْ۔

ہ

ہ (ہا، ہے) حرف قمری، قایم مقام عدد ۵، کئی حرفوں سے بدل ہے۔
۱۔ ا کے ساتھ مثلاً ہیچ، ایچ۔ ۲۔ ب کے ساتھ مثلاً کوہہ، کوبہ۔ ۳۔ پ کے ساتھ مثلاً کوہ، کوپ۔ ۴۔ ج کے ساتھ مثلاً ناگاہ، ناگاج۔ ۵۔ ح کے ساتھ مثلاً جہیز، ہیز۔ ۶۔ خ کے ساتھ مثلاً خجیر، ہجیر۔ ۷۔ د کے ساتھ مثلاً شنبد، شنبہ۔ ۸۔ ز کے ساتھ مثلاً درواز، درواہ۔ ۹۔ س کے ساتھ مثلاً آماس، آماہ۔ ۱۰۔ ش کے ساتھ مثلاً پاشنگ، پاہنگ۔ ۱۱۔ غ کے ساتھ مثلاً ملغم، ملہم۔ ۱۲۔ ف کے ساتھ مثلاً تُف، تُہ۔ ۱۳۔ ک کے ساتھ مثلاً پروانک، پروانہ۔ ۱۴۔ ل کے ساتھ مثلاً چال، چاہ۔ ۱۵۔ ن کے ساتھ مثلاً مرزن، مرزہ۔ ۱۶۔ م کے ساتھ مثلاً باسرم، باسرہ۔ ۱۷۔ ی کے ساتھ مثلاً راہگاں، رایگاں۔
ہا (ہا) فارسی میں بے جان چیزوں کی علامت جمع، کلمۂ تنبیہ۔
ہابط (ہا۔ بِطْ) نیچے اُترنے والا۔
ہابی (ہا۔ بیْ) خاک گور، قبر کی مٹی۔
ہاتف (ہا۔ تِفْ) آواز دینے والا، ٹیلیفون۔
ہاتف غیبی (ہا۔تِفِ۔ غَیْ۔بیْ) فرشتہ جو آواز دیتا ہے۔
ہاجر (ہا۔ جِرْ) ہجرت کرنے والا، گھربار چھوڑنے والا۔
ہاجرہ (ہا۔ جِرَہْ) بہت گرم دوپہر۔
ہاجس (ہا۔ جِسْ) دل میں گذرنے والا۔
ہاجسہ (ہا۔ جِسَہْ) وسواس، شیطانی خطرہ جمع ہَوَاجِسْ۔
ہاجن (ہا۔ جِنْ) کنواری لڑکی۔
ہاج واج (ہاج۔ وَاجْ) پریشان۔
ہاجی (ہا۔ جیْ) ہجو کرنے والا، حرفوں کی ہجے کرنے والا۔
ہادم (ہا۔ دِمْ) ڈھانے والا، اُجاڑنیوالا۔
ہادی (ہا۔ دِیْ) ہدایت کرنے والا جمع ہُدَات، ہُدَاۃ، ہَوَادِیْ۔
ہار (ہا رْ) ۱۔ گرا ہوا، ڈھیا ہوا۔ ۲۔ بدھی، مالا۔
ہارب (ہا۔ رِبْ) بھاگنے والا۔

ہارش (ہا۔ رِشْ) نازش، خودنمائی۔
ہاروت (ہا۔ رُوْت) ایک فرشتے کا نام۔
ہاروتی (ہا۔ رُوْ۔ تِیْ) جادوگری، ساحری۔
ہارون (ہا۔ رُوْن) قاصد، نقیب، پاسبان۔
ہاروندن (ہا۔ رُوْں۔ دَنْ) حیران ہونا۔
ہارونی (ہا۔ رُوْ۔ نِیْ) پیغامبری، پاسبانی۔
ہاژوئیدن (ہا۔ ژُوْ۔ اِیْ۔ دَنْ) حیران ہونا، عاجز آنا۔
ہاژیدن (ہا۔ ژِیْ۔ دَنْ) رونا، نگہ کرنا مضع ہاژد۔
ہاشمی (ہا۔ شِمِیْ) منسوب طرف ہاشم جو سردار دو عالم کے خاندان کے مورث تھے۔
ہاضم (ہا۔ ضِمْ) ہضم کرنے والا، ہضم ہونے والا۔
ہاضمہ (ہا۔ ضِمَہْ) ہضم کرنے کی قوت۔
ہاضوم (ہا۔ ضُوْم) دوا جو کھانا ہضم کرے۔
ہاطل (ہا۔ طِلْ) بڑی بر سنے والی گھٹا جم ہُطّل۔
ہاع (ہاعْ) بد دل۔
ہاک (ہاکْ) دیکھو خاک۔
ہاکلہ (ہاکْ۔ لَہْ) ہکلا۔
ہاگ (ہاگْ) دیکھو خاگ۔
ہال (ہالْ) سفید الائچی، قرار، آرام، ناچ، چوگان کی گیند۔
ہالع (ہا۔ لِعْ) تیز رفتار شتر مرغ، لالچی آدمی۔
ہالک (ہا۔ لِکْ) ہلاک کرنے والا، ہلاک ہونے والا جم ہُوّالِک، ہُلّاک، ہَلکَہ، ہُلّک، ہَلکیٰ۔
ہالکہ (ہا۔ لِکَہْ) لالچی نفس۔
ہالگاہ (ہالْ۔ گاہْ) چوگان کھیلنے کا میدان۔
ہالہ (ہا۔ لَہْ) پارس، چاند پر دائرہ۔
ہامر (ہا۔ مِرْ) بہت بر سنے والی گھٹا۔
ہامز (ہا۔ مِزْ) آنکھ سے اشارہ کرنے والا، عیب کرنے والا۔
ہامن (ہا۔ مَنْ) دیکھو ہاموّن۔
ہاموم (ہا۔ مُوْم) پگھلی ہوئی چربی، اونٹ کا کوہان۔
ہامون (ہا۔ مُوْن) میدان، جنگل، ریگستان۔
ہامہ (ہا۔ مَہْ) کھوپڑی، پیشانی، سردار قوم، الو جم ہام (ہا۔ مْ) مَہْ) بھٹ میں پڑنے والا جانور جم ہَوّام۔
ہامی (ہا۔ مِیْ) سرگشتہ، حیران۔
ہان (ہان) کلمۂ تنبیہ، خبردار، ہشیار۔
ہانم (ہا۔ نِمْ) دیکھو خانم۔
ہاون (ہا۔ وَنْ) اوکھلی، چیز کوٹنے کا ظرف۔
ہاون دستہ (ہا۔ وَنْ۔ دَسْ۔ تَہْ) دھات کی موسلی اور اوکھلی۔
ہاوون (ہا۔ وُوْن) اوکھلی، ہاون جم ہَواوِین۔
ہاویہ (ہا۔ وِیَہْ) دوزخ کا ساتواں طبقہ۔
ہاہا (ہا۔ ہا) قہقہہ کی آواز۔
ہائب (ہا۔ اِبْ) ڈرنے والا۔
ہائد (ہا۔ اِدْ) توبہ کرنے والا جم ہُوّد۔
ہائع (ہا۔ اِعْ) بد دل مرد۔
ہائل، ہائلہ (ہا۔ اِلْ، ہا۔ اِلَہْ) ہولناک، جس سے ڈر لگے۔
ہائم (ہا۔ اِمْ) شیفتہ، محبت میں متوالا، بیمار، پیاسا، بھولا بھٹکا۔
ہای (ہا۔ یْ) دکھ کی آواز۔
ہاے مشتق (ہا۔ اِے۔ مُشْ۔ تَقْ) ہاے مخلوط، ہاے دو چشمی (ھ)
ہبا (ہَبا) غبار، ذرہ، ناچیز جم اَہبِیَہ۔
ہبار (ہَبّار) بالوں والا ایک بندر۔

ہبت (ہبت) بخشش۔
ہبص (ہب، ص) خوشی، ہنسی خوشی۔
ہبط (ہبَ، ط) نیچے اُترنا، نقصان کرنا۔
ہبک (ہبَک) ہتھیلی، راحہ، کفِ دست۔
ہبل (ہبَل) کاہل، بوڑھا، آلکسی۔
ہبوب (ہَبُوب) اندھیاؤ، خاک آلود جھکڑ (ہُبُوب) ہوا چلنا۔
ہبوط (ہُبُوط) پستی، نشیبی زمین، نیچے اُترنا۔
ہبول (ہَبُول) وہ عورت جس کا بچہ نہ جیتا ہو۔
ہبہ (ہِبَہ) بخشش۔
ہبہ نامہ (ہِبَہ۔نا۔مَہ) تحریر جس کے ذریعہ اظہار بخشش کیا جاوے۔
ہتات (ہَت، تات) بکّی، چست و چالاک۔
ہتاف (ہُتاف) آواز۔
ہتاک (ہَت، تاک) بھید فاش کرنے والا، پردہ چاک کرنے والا، ہتک کرنے والا۔
ہتر (ہِت، ر) بے فائدہ بات، غیبت، سختی، تعجب۔
ہتف (ہَت، ف) آواز۔
ہتک (ہَت، ک) پردہ دری، رسوائی، بےعزتی۔
ہجا (ہِجا) ہجو، برائی، ملامت، حرفوں کا اعراب کے ساتھ اظہار، حروف تہجی۔
ہجدہ (ہَج۔دَہ) دیکھو ہژدہ۔
ہجدہم (ہَج۔دَہُم) دیکھو ہژدہم۔
ہجر (ہَج، ر) جدائی (ہَج، ر) دوپہر، بکواس، ہذیان، جدائی کرنا (ہُج، ر) فحش، گندی بات۔
ہجران (ہِج۔ران) جدائی، علیحدگی۔
ہجرت (ہِج۔رَت) جدائی، ترک وطن، حضور سرور دو عالم کی مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت۔
ہجرس (ہِج۔رِس) لومڑی، روباہ۔
ہجری (ہِج۔رِی) منسوب طرف ہجرت رسول اللہ، نام سال اسلامی جو ۱۵ر جولائی ۶۲۲ء سے شروع ہوا۔
ہجس (ہَج، س) کھٹک، خلش۔
ہجع (ہَجِع) مدہوش، متوالا، بیوقوف۔
ہجعت (ہَج۔عَت) خواب، نیند۔
ہجف (ہِجَف) گرانڈیل، کرڈیل۔
ہجل (ہَج، ل، ہَجَل) پہاڑوں کے درمیان نشیبی زمین۔
ہجم (ہَج، م) بیخ کنی، ویران کاری، اچانک حملہ۔
ہجمہ (ہَج۔مَہ) کڑکڑاتا جاڑا۔
ہجو (ہَج، و) ملامت، برائی، مذمت۔
ہجود (ہُجُود) دیکھو تہجد۔
ہجوع (ہُجُوع) نیند، خواب، آرام۔
ہجول (ہَجُول) بیسوا، زن فاحشہ۔
ہجوم (ہُجُوم) انبوہ، بھیڑ، بلوہ، غلبہ (ہَجُوم) ویران کرنے والی آندھی۔
ہجے (ہِجے) حرفوں کے اعراب، ہجا کا امالہ۔
ہجیر (ہِج، جِیر) عادت (ہَجِیر) دوپہر کی گرمی۔ دیکھو ہجیر۔
ہجین (ہَجِین) دوغلا، کمینہ، باندی بچہ۔
ہجینہ (ہَجی۔نَہ) دوغلی۔
ہد (ہَد) فیاض آدمی، ڈھانا، مسمار کرنا۔
ہدا (ہُدا) راستی، راہِ راست (ہِدا) ہدیہ، تحفہ۔
ہدات (ہُدات) ہادی کی جمع۔
ہدایا (ہَدا۔یا) ہدیہ کی جمع۔
ہدایت (ہِدا۔یَت) رہنمائی، نجات۔
ہدب (ہُد، ب، ہُدُب) پلک، ریشہ۔
ہدر (ہَد، ر، ہَدَر) کسی کا خون بہا ناجائز ہو جانا۔

ہدف (ہَدَف) نشانہ، اونچی چیز، پشتہ۔
ہدم (ہَدْم) ویرانی، بربادی جمع اَہْدَام،
ہِدْم (ہِدْم) پرانا کپڑا جمع اَہْدَام (ہَدَم) باطل، جھوٹ۔
ہدنہ (ہُدْنَہ) صلح، آشتی، ملاپ۔
ہدور (ہُدُوْر) گرنا، باطل ہونا۔
ہدوم (ہُدُوْم) پہننے کے کپڑے۔
ہدہ (ہُدَّہ) دیکھو ہُودہ۔
ہدہد (ہُدْہُد) کھٹ بڑھئی، شاہانہ سر جمع ہَدَاہِد۔
ہدی (ہَدْی) دلھن (ہَدِیّ) قربانی کا جانور جو کعبہ کو بھیجا جاوے (ہُدیٰ) دیکھو ہُدیٰ (ہُدَا) دیکھو ہدا۔
ہدیر (ہَدِیْر) کبوتر کی غٹرغوں، اونٹ کی بلبلاہٹ۔
ہدیل (ہَدِیْل) نر کبوتر، کبوتر، قمری، فاختہ وغیرہ کی بولی۔
ہدیہ (ہَدْیَہ، ہَدِیَّہ) نذرانہ، تحفہ، قرآن مجید کی قیمت جمع ہَدَایَا (ہِدْیَہ) کام، سیرت۔
ہذ (ہَذّ) جلدی جلدی کھانا۔
ہذا (ہٰا۔ذَا) یہ مرد، یہ پاس۔
ہذار (ہَذَّار) سخت بے ہودہ گو۔
ہذر (ہَذْر) بے ہودہ گوئی (ہَذَر) بیہودہ (ہَذِر) بے ہودہ گو، بکواسی۔
ہذو (ہَذْو) بیہودہ گوئی، جلدی کاٹنا۔
ہذیان (ہَذَیَان، ہَذْیَان) بیمار کی بیہوشی کی بڑ۔
ہر (ہِرّ) بلی، ہگر یہ (ہَر) سب کوئی۔
ہرا (ہَر۔رَام) بھیڑیا، بھیڑ، گھوڑے وغیرہ کا ریوڑ (ہُرَا) شور غل، فریاد، ڈراؤنی آواز، ڈر (ہِرَا) شہر ہرات (ہَرَآد) واہی تباہی۔
ہرات (ہِرَات) نام شہر افغانستان۔

ہراج (ہَرَاج) نیلام، سرپٹ دوڑ۔
ہرار (ہَرَار) گنج۔
ہرارش (ہَرَا۔رِش) اتی، استفراغ، کلی، شگوفہ۔
ہراس (ہَرَاس) ڈر، خوف۔
ہراسان (ہِرَا۔سَان) ڈرپوک، ڈرتا ہوا۔
ہراسانیدن (ہَرَا۔سَا۔نِی۔دَن) ڈرانا۔
ہراسندہ (ہَرَا۔سَن۔دَہ) ڈرنے والا۔
ہراسیدن (ہَرَا۔سِی۔دَن) ڈرنا مضارع ہَرَاسَد۔
ہراسیدہ (ہَرَا۔سِی۔دَہ) ڈرا ہوا۔
ہراش (ہَرَاش) کتوں کی لڑائی (ہَرَاش) نکیل (ہُرَاش) دیکھو ہَرَاشا۔
ہراسیل (ہَرَا۔سِیل) جھڑا ہوا بال۔
ہرآن (ہَر۔آن) ہر گھڑی۔
ہرآنچہ (ہَر۔آں۔چِہ) جو کچھ۔
ہرآنکہ (ہَر۔آں۔کِہ) جو شخص۔
ہراول (ہَرَا۔وَل) فوج کا وہ ٹکڑا جو آگے چلے۔
ہراوہ (ہِرَا۔وَہ) موٹا ڈنڈا، سونٹا جمع ہَرَاوِیٰ
ہرآئینہ (ہَر۔آ۔ئِی۔نَہ) ناچار، البتہ، ضرور، بے شک۔
ہرب (ہَرَب) غم کی شدت، فرار، گریز۔
ہرباب (ہَر۔بَاب) ہر معاملہ، ہر مضمون۔
ہربابی (ہَر۔بَا۔بِی) ذوفنون، ہمہ داں۔
ہربار (ہَر۔بَار) ہر مرتبہ، ہر دفعہ۔
ہربد (ہِر۔بَد) خادم مجوسی۔
ہرتنگا (ہَر۔تَن۔گَا) ہٹا کٹا۔
ہرج (ہَرْج) آشوب، فتنہ، گڑبڑ۔
ہرجا (ہَر۔جَا) ہر جگہ۔
ہرجائی (ہَر۔جَا۔ئِی) آوارہ پھرنے والا، ہرزہ گرد۔
ہرج مرج (ہَرْج۔مَرْج) فتنہ، گڑبڑ۔
ہرچند (ہَر۔چَنْد) جتنا کچھ، جس قدر۔

ہرچہ (ہَر۔ چِہ) جو کچھ۔
ہرچہ باداباد (ہَر۔ چِہ۔ با۔ دا۔ باد) جو ہو سو ہو۔
ہرد (ہَرد) طعنہ، عیب گوئی، ہلدی، پیلا رنگ۔
ہردم (ہَر۔ دَم) ہر گھڑی، ہر سانس۔
ہردم خیال (ہَر۔ دَم۔ خَیال) متلون مزاج۔
ہردی (ہَر۔ دی) ہلدی، زرد چوبہ۔
ہردل عزیز (ہَر۔ دِل۔ عَزِیز) جس سے سب محبت کریں۔
ہردل عزیزی (ہَر۔ دِل۔ عَزِی۔ زِی) سب کا عزیز ہونا۔
ہردیہ (ہَر۔ دی۔ یَہ) اڑنگا، گدارہ۔
ہرزمان (ہَر۔ زَمان) ہر دم، ہر گھڑی۔
ہرزہ (ہَر۔ زَہ) بے ہودہ، یاوہ۔
ہرزہ درائی (ہَر۔ زَہ۔ دَرا۔ ئی) بیہودہ بکواس۔
ہرزہ درای (ہَر۔ زَہ۔ دَرا۔ ئی) بکواسی، بیہودہ گو۔
ہرزہ گرد (ہَر۔ زَہ۔ گَرد) فضول پھرنے والا۔
ہرزہ گردی (ہَر۔ زَہ۔ گَر۔ دی) فضول مارے مارے پھرنا۔
ہرزہ گو (ہَر۔ زَہ۔ گو) بیہودہ گو، بکّی۔
ہرزہ گوئی (ہَر۔ زَہ۔ گو۔ ئی) بے ہودہ بکنا، بکواس۔
ہرزہ گوش (ہَر۔ زَہ۔ گوش) جو بیہودہ باتیں سنے۔
ہرسو (ہَر۔ سُو) سب طرف۔
ہرشم (ہَر۔ شَم) ملائم پتھر۔
ہرطال (ہَر۔ طال) لمبا۔
ہرقل (ہَر۔ قِل، ہِر۔ قَل) قدیم شاہان روم کا لقب۔
ہرکارہ (ہَر۔ کا۔ رَہ) ہر کام کر دینے والا، خبر رساں۔
ہرکاری (ہَر۔ کا۔ رِی) ہر قسم کے کام کی انجام دہی۔
ہرگزی (ہَر۔ گِز۔ یِ) ہمیشہ، لایزال۔

ہرگاہ، ہرگہ (ہَر۔ گاہ، ہَر۔ گَہ) حرف شرط واسطے امر یقینی، جس وقت، جب کبھی، ہمیشہ، ہر کہیں، جہاں کہیں، جس طرف۔
ہرگز (ہَر۔ گِز) نہیں، کبھی نہیں۔
ہرم (ہَرَم) پرانی عمارت، گنبد، بڑھاپا۔ جمع اَہرام (اَہرام) بوڑھا جمع ہَرمی۔
ہرماس (ہِر۔ ماس) شیر درندہ (ہُر۔ ماس) اہرمن، شیطان، آتش پرستوں کا برائی کا خدا۔
ہرمان (ہِر۔ مان) عقل و ہوش۔
ہرمز (ہُر۔ مُز) خلیج فارس، ایک جزیرہ، ہرمزد۔
ہرمزد (ہُر۔ مُزد) مشتری تارہ، برسپت تارہ۔
ہرمزی (ہِر۔ مِزی) ایک سرخ مٹی۔
ہرنفس (ہَر۔ نَفَس) ہر دم۔
ہرنوعی (ہَر۔ نَو۔ عی) ہر قسم والا۔
ہرور (ہَرْوَر) سوٹے سے مارنا۔
ہرولہ (ہَر۔ وَلَہ) پویہ چال۔
ہروی (ہَرَوی) قدیم فارسی زبان کی ایک شاخ، منسوب بہ شہر ہرات۔
ہرہ (ہِرَّہ) بلّی جمع ہِرَر۔ ہُرَّہ (ہُرْرَہ) پاخانہ کا مقام، مقعد۔
ہریہ (ہَرِیہ) کتے کے رونے کی آواز۔
ہریرہ (ہُرَی۔ رَہ) چھوٹی سی بلّی۔
ہریسہ (ہَری۔ سَہ) کُٹا ہوا، ایک قسم کا کھانا۔
ہریک (ہَر۔ یَک) ہر ایک۔
ہزار (ہَزار) دس سَو کا عدد، بلبل۔
ہزارا (ہَزا۔ رَہ) دیکھو ہزارہ۔
ہزاراں (ہَزا۔ راں) ہزار کا خلاف قیاس جمع۔
ہزار آواز (ہَزار۔ آ۔ واز) بلبل۔
ہزارپا، ہزارپایہ (ہَزار۔ پا، ہَزار۔ پا۔ یَہ) کا متر، کنکھجورا۔
ہزار چشمہ (ہَزار۔ چَش۔ مَہ) سرطان، ڈھیٹھ، بنولا۔

ہزارخانہ (ہزار۔ خا۔ نہ) اوجھڑی۔
ہزارداستاں (ہزار۔ دَاس۔ تاں) بلبل۔
ہزارمیخ (ہزار۔ میخ) گدڑی۔
ہزارہ (ہزا۔ رہ) ایک قسم کا پھول، سوراخدار پھوارا، چھت کی کنگنی۔
ہزاری (ہزا۔ ری) ایک ہزار سپاہ کا سردار۔
ہزاع (ہزاع) مرد ضعیف، بد دل۔
ہزال (ہز۔ زال) ہزل کہنے والا، مسخرہ (ہزال) دبلاپن۔
ہزاہز (ہزا۔ ہز) بھگدڑ جو غنیم کے خوف سے پڑ جاوے۔
ہزبر (ہز۔ بر، ہز۔ بر) شیر جمع ہزابر۔
ہزت (ہز۔ زت) عیش و طرب۔
ہزج (ہزج) سریلی دلکش آواز، نام بحر شاعری۔
ہزد (ہزد) پانی کے اندر کا ایک جانور۔
ہزدہ (ہز۔ دہ) دیکھو ہژدہ۔
ہزدہم (ہز۔ دہم) دیکھو ہژدہم۔
ہزق (ہزق) کڑک، گھور گرج۔
ہزل (ہزل) بیہودہ کلام، ٹھٹھول۔
ہزلاج (ہز۔ لاج) پھرتیلا، بھیڑیا۔
ہزل گو (ہزل۔ گو) پھکڑبا، بیہودہ گو۔
ہزم (ہزم) لشکر تتر بتر ہونا، ٹوٹا ہوا (ہزم) برسنے والی گھٹا۔
ہزمان (ہز۔ مان) ہرزماں۔
ہزو (ہزو) بہادر آدمی۔
ہزہ (ہز۔ زہ) گرجنا، خوشی کا غل غپاڑہ۔
ہزیہ (ہز۔ یہ) دانا، عقلمند۔
ہزیم (ہز۔ یم) کڑک، گھور گرج۔
ہزیمت (ہز۔ یمت) شکست، پسپائی، ہار جمع ہزائم۔
ہزیتہ (ہز۔ یتہ) خرچ، ہمیشہ، بیوی بچوں کا خرچ۔

ہژدہ (ہژ۔ دہ) اٹھارہ (۱۸)
ہژدہم (ہژ۔ دہم) اٹھارھواں۔
ہسپانیہ (ہس۔ پا۔ نیہ) اندلس، اسپین۔
ہسپانوی (ہس۔ پا۔ نوی) ہسپانیہ سے منسوب۔
ہست (ہست) وجود، موجودگی، ہے۔
ہستو (ہس۔ تو) میوہ کا دانہ، معترف، حق، راستی۔
ہستی (ہس۔ تی) وجود، زندگی، مخلوقات، دنیا۔
ہسر (ہسر) برف، یخ، جمد۔
ہسک (ہسک) چھاج، غلہ افشاں۔
ہسم (ہسم) ٹوٹنا، توڑنا۔
ہش (ہش) خوش، ہنسمکھ (ہش) ہوش۔
ہشاش (ہش۔ شاش) خنداں رو، ہنسمکھ۔
ہشاشت (ہشا۔ شت) خوش طبعی، کشادہ روئی۔
ہشت (ہشت) آٹھ (۸) (ہشت) کلمۂ حقارت، پرے ہٹ (ہشت) فرو گذاشت۔
ہشتاد (ہش۔ تاد) اسّی۔
ہشتادم (ہش۔ تا۔ دم) اسّی واں۔
ہشت بہشت (ہشت۔ بہشت) جنت کے آٹھ درجے۔ ۱۔ خلد۔ ۲۔ دارالسلام ۳۔ دارالقرار۔ ۴۔ جنت عدن۔ ۵۔ جنت الماویٰ ۶۔ جنت النعیم۔ ۷۔ علیین۔ ۸۔ فردوس۔
ہشت پہلو (ہشت۔ پہ۔ لو) آٹھ کونوں والا۔
ہشتم (ہش۔ تم) آٹھواں۔
ہشت مشت (ہشت۔ مشت) لڑائی جھگڑا، لپا ڈگی۔
ہشتمی، ہشتمیں (ہش۔ تمی، ہش۔ تمیں) آٹھواں والا۔
ہشتن (ہش۔ تن) دیکھو ہلیدن۔
ہشتہ (ہش۔ تہ) چھوڑا ہوا، ہلیدہ۔
ہشدہ (ہش۔ دہ) دیکھو ہژدہ۔
ہشدہم (ہش۔ دہم) دیکھو ہژدہم۔

ہشتم (ہَشْ ـ تُم) دیکھو ہستم۔
ہشوار (ہُش ـ وَار) ہشیار۔
ہشوش (ہَشُوش) دودھاری بکری۔
ہشیار (ہُش ـ یَار) ہوشیار۔
ہشیش (ہَشِیش) خوش، ہنسمکھ، دودھاری بکری۔
ہشیوار (ہُشِی ـ وَار) ہشیار۔
ہصار، ہصور (ہَصْ ـ صَار، ہَصُور) شیر۔
ہصم (ہَصْ ـ م) توڑنا، ٹوٹنا۔
ہض (ہَضّ) کوٹنا، توڑنا۔
ہضاض (ہَضْ ـ ضَاض) توڑنے والا۔
ہضم (ہَضْ ـ م) ہچاؤ، معدہ میں غذا ہچنا جیم
اہتضام، ہضوم (ہَضْ ـ م) نشیبی زمین۔
ہضمیت (ہَضْ ـ مِی ـ یَت، ہَضْ ـ مِی ـ یَت) ہضم ہونا، ہچنا۔
ہضوض، ہضیض (ہَضُوض، ہَضِیض) ٹوٹا ہوا، شکستہ۔
ہضیم (ہَضِیم) کلی، پتلی کمر اور سڈول جسم کی عورت۔
ہضیمت (ہَضِی ـ مَت) ظلم، غصّہ۔
ہضیمہ (ہَضِی ـ مَہ) سوت کا کھانا۔
ہطل (ہَطْل) بہت برسنے والی گھٹا۔
ہطلان (ہَطْ ـ لَان) مینھ کا جھڑ۔
ہفات (ہَفْ ـ فَات) چمکیلا، ہلکا، باریک۔
ہفت (ہَفْ ـ ت) سات (۷)، (ہُفْ ـ ت) گھونٹ۔
ہفتاد (ہَفْ ـ تَاد) ستّر (۷۰)
ہفتادم (ہَفْ ـ تَا ـ دُم) ستّرواں۔
ہفت اقلیم (ہَفْ ـ ت ـ اِقْ ـ لِیم) سات ولایتیں، پرانے زمانے میں دنیا سات حصّوں میں تقسیم شمار کی گئی تھی۔
ہفت اندام (ہَفْ ـ ت ـ اَن ـ دَام) نام رگ۔
ہفت اورنگ (ہَفْ ـ ت ـ اَو ـ رَنگ) بنات النعش کے ساتوں تارے۔

ہفت جوش (ہَفْ ـ ت ـ جُوش) ساتوں دھاتوں کا مرکب۔
ہفت دوزخ (ہَفْ ـ ت ـ دُو ـ زَخ) دوزخ کے سات طبقے۔ ۱۔ سقر۔ ۲۔ سعیر۔ ۳۔ نطی۔ ۴۔ حطمہ۔ ۵۔ جحیم۔ ۶۔ جہنم۔ ۷۔ ہاویہ۔
ہفدہ (ہَفْ ـ دَہ) سترہ (۱۷)
ہفدہم (ہَفْ ـ دَہُم) سترھواں۔
ہفت رنگی (ہَفْ ـ ت ـ رَن ـ گِی) گھاگ۔
ہفت سبع (ہَفْ ـ ت ـ سُبْ ـ ع) قرآن شریف کی ساتوں منزلیں۔
ہفت قلم (ہَفْ ـ ت ـ قَلَم) عربی فارسی کے ساتوں رسم الخط، ساتوں خطوں کا لکھنے والا۔ ۱۔ ثلث۔ ۲۔ محقق۔ ۳۔ توقیع۔ ۴۔ ریحان۔ ۵۔ رقاع۔ ۶۔ نسخ۔ ۷۔ تعلیق۔
ہفتم، ہفتمیں (ہَفْ ـ تُم، ہَفْ ـ تُمِیں) ساتواں۔
ہفتہ (ہَفْ ـ تَہ) ساتوں دن، سنیچر، ہفتہ کا نام۔
ہفتہ دوست (ہَفْ ـ تَہ ـ دُوس ـ ت) دور کی جان پہچان والا۔
ہفت ہزاری (ہَفْ ـ ت ـ ہَزَا ـ رِی) سات ہزار کا سردار۔
ہفت ہشت (ہَفْ ـ ت ـ ہَشْ ـ ت) اگالی گفتار، الام کلام۔
ہفت ہیکل (ہَفْ ـ ت ـ ہَی ـ کَل) سلامتی کے لئے سات دعائیں۔
ہفدہ (ہَفْ ـ دَہ) ہفتدہ کا مخفف۔
ہفدہم (ہَفْ ـ دَہُم) ہفتدہم کا مخفف۔
ہفوت (ہَفْ ـ وَت) بیہودہ گوئی جمع ہفوات۔
ہفوان (ہَفْوَان) خطاکاری۔
ہکاع (ہُکَاع) کھانسنا۔
ہکچہ (ہُک ـ چَہ) ہچکی۔
ہکذا (ہٰ ـ کَذَا) اسی طرح۔
ہکری (ہُک ـ رِی) بارانی کھیت۔

ہکوی (ہَکَ ۔ وِی) سرگشتہ، حیران، پریشان
(ہُکُوِی) شراب انگوری، تردد۔
ہکہ، ہکہک (ہَکْ کَہ ، ہَک ۔ ہَکْ) ہچکی۔
ہل (ہَلْ) سفید الایچی (ہَلْ) گود، آغوش، ضرب، ہولہ، دھکا (ہَلْ) کلمہ استفہام، آیا ایسا ہوا۔
ہلا (ہَلْ ۔ لَا) حرف تخصیص، کیوں نہیں (ہَلَا) دیکھو الا۔
ہلابہ (ہَلْ ۔ لَا ۔ بَہْ) مینھ کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
ہلاث (ہَلَاثْ) کسی عضو کا ڈھیلا پڑ جانا۔
ہلاس (ہُلَاسْ) سِل کی بیماری۔
ہلاک (ہَلَاکْ) نابود، غارت، بربادی، تباہی۔
ہلاکت (ہَلَا ۔ کَتْ) نابودی، تباہی، بربادی۔
ہلال (ہِلَالْ) تیسری تک کا نیا چاند جمع أہلہ، أہالیل۔
ہلال ہلال (ہِلَالْ ۔ ہِلَالْ) ٹکڑے ٹکڑے۔
ہلانوش (ہَلَا ۔ نُوشْ) دیکھو خلانوش۔
ہلاہل (ہَلَا ۔ ہِلْ) زہر قاتل۔
ہلب (ہَلْبْ) سور کا بال۔
ہلبوث (ہَلْ ۔ بُوثْ) احمق آدمی۔
ہلک (ہُلْکْ) ہلاکی، تباہی (ہَلَکْ) ہچکی۔
ہلکان (ہَلْ ۔ کَانْ) چور چور، حواس باختہ۔
ہلکہ، ہلکی (ہَلْکَہ، ہَلْ ۔ کَا) ہالک کی جمع۔
ہلم (ہَلُمْ ۔ مَ) آجا، بیا، آؤ۔
ہلندہ (ہِلَنْ ۔ دَہْ) چھوڑنے والا۔
ہلو (ہُلُوْ) جھولا، جھوجھو۔
ہلواع (ہِلْ ۔ وَاعْ) سانڈنی، جمازہ۔
ہلوع (ہَلُوعْ) بڑی لالچی، بے صبرا۔
ہلیوف (ہِلْ ۔ یَوْفْ) اپا ٹیا بڈھا، لمبی ڈاڑھی والا تنو مند آدمی۔
ہلوک (ہُلُوکْ) دیکھو ہلاک۔
ہلہل (ہَلْ ۔ ہَلْ) جھر جھرا کپڑا، جھونا کپڑا۔

ہلہلا (ہَلْ ۔ ہَلَا) زہر۔
ہلہلہ (ہَلْ ۔ ہَلَہْ) نعرہ کی آواز۔
ہلیاسہ (ہَلْ ۔ یَا ۔ سَہْ) شاہترہ۔
ہلیدن (ہِلِی ۔ دَنْ) چھوڑنا مصدر ہلد۔
ہلیدہ (ہِلِی ۔ دَہْ) چھوڑا ہوا۔
ہلیلج، ہلیلہ (ہَلِی ۔ لَجْ، ہَلِیْ ۔ لَہْ) ہڑ، ہیڑہ۔
ہلیون (ہَلْ ۔ یُونْ) مار چوبہ۔
ہلیسمہ (ہَلِی ۔ سَمَہْ) چیتو، ڈانڈ، پتوار۔
ہم (ہَمّ) آنیوالی مصیبت کا رنج، قصد جمع ہموم (ہُمُوم) بہت زیادہ بوڑھا (ہَم) نیز، بھی، مثل، مانند، مطابق، برابر، اسی طرح، باہم، ساتھ، ویسا ہی، وہی (ہِمّ) وہ بہت سے مرد۔
ہما (ہُمَا) ایک خیالی پرند جس کی غذا ہڈی ہے، شاعروں کے نزدیک جب کسی پر اُس کا سایہ پڑ جاتا ہے بادشاہ ہو جاتا ہے ۲۔ وہ دو۔
ہمار (ہَمَارْ) دیکھو ہمارہ (ہَم ۔ مَارْ) بسیار گو، بکی۔
ہمارہ (ہَمَا ۔ رَہْ) ہموارہ کا مخفف، ہمیشہ۔
ہماس (ہَمْ ۔ مَاسْ، ہَمَاسْ) شیر (ہُمَاسْ) شریک، برابر، رفیق۔
ہم آغوش (ہَم ۔ آ ۔ غُوشْ) بغلگیر۔
ہم آغوشی (ہَم ۔ آ ۔ غُو ۔ شِی) بغلگیری۔
ہمال (ہَمَالْ، ہُمَالْ) مانند، مثل، برابر، ہمجولی، ساتھی (ہُم ۔ مَالْ) میدان جنگ۔
ہمام (ہُمَامْ) سردار قوم، مرد بزرگ۔
ہمان (ہَمَانْ) وہ چیز۔
ہمانا (ہَمَا ۔ نَا) گویا، شاید، بے شک، بالیقین۔
ہمانند (ہَمَا ۔ نَنْدْ) مانند، شبیہ، نظیر۔
ہم آواز (ہَم ۔ آ ۔ وَازْ) یکساں آواز والا۔
ہمادرد (ہَم ۔ آ ۔ وَرْدْ، ہَمَا ۔ وَرْدْ) حریف جنگ، ہم پیشہ۔

ہم آہنگ (ہَم ۔ آ ۔ ہَنگ) یکساں آواز والا، یکساں ارادے والا۔
ہم آہنگی (ہَم ۔ آ ۔ ہَنگ ۔ گی) ایک آواز ہونا۔
ہمایوں (ہُما ۔ یُوں) بابرکت، مبارک، خوش قسمت۔
ہمایونی (ہُما ۔ یُو ۔ نی) منسوب بہ ہمایوں، مبارکی والا۔
ہمباز (ہَم ۔ باز) شریک۔
ہمبازی (ہَم ۔ با ۔ زی) شرکت۔
ہمبر (ہَم ۔ بَر) ہم کنار۔
ہمبستر (ہَم ۔ بِس ۔ تَر) جو بستر پر ساتھ سوئے۔
ہمپا (ہَم ۔ پا) ہمراہ، ساتھی۔
ہم پشت (ہَم ۔ پُش ۔ ت) مددگار۔
ہمپلہ (ہَم ۔ پَل ۔ لہ) برابر، ہمرتبہ۔
ہمپیالہ (ہَم ۔ پیا ۔ لہ) ایک پیالہ میں ساتھ کھانے والا۔
ہمپیشہ (ہَم ۔ پے ۔ شہ) آپس ایک پیشے والا۔
ہمت (ہِم ۔ مَت) بلند ارادہ، حوصلہ، جرأت، بہادری، قصد، دعا جمع ہمم۔
ہمتا (ہَم ۔ تا) برابر، مثل، مانند۔
ہمتراز و (ہَم ۔ تَرا ۔ زُو) مقابل، ہم قوت، برابر۔
ہمتک (ہَم ۔ تَک) قدم بقدم۔
ہمتنگ (ہَم ۔ تَنگ) موافق، برابر۔
ہمجا (ہَم ۔ جا) ملامت، ایذا۔
ہمجماعت (ہَم ۔ جَما ۔ عَت) جماعت میں ساتھ پڑھنے والا۔
ہمجنس (ہَم ۔ جِن ۔ س) آپس ایک جنس والا۔
ہم جنب (ہَم ۔ جَن ۔ ب) دوست، ساتھ بیٹھنے والا۔
ہم جوار (ہَم ۔ جِوار) ہم سایہ، پڑوسی۔
ہم جواری (ہَم ۔ جِوا ۔ ری) پڑوس۔
ہمجولی (ہَم ۔ جو ۔ لی) برابر، ہمعصر، ہم زمانہ۔
ہمچناں، ہمچنیں، ہمچو (ہَم ۔ چُناں، ہَم ۔ چُنیں، ہَم ۔ چو) حرف تشبیہ، مانند، اسی طرح۔
ہمخانہ (ہَم ۔ خا ۔ نہ) بیوی، ایک گھر میں ساتھ رہنے والا۔
ہمخوابہ (ہَم ۔ خوا ۔ بہ) جو ساتھ سوئے۔

ہم چشم (ہَم ۔ چَش ۔ م) برابر۔
ہم چشمی (ہَم ۔ چَش ۔ می) برابری۔
ہمخو (ہَم ۔ خُو) جس کی عادت کسی سے ملتی جلتی ہو۔
ہمداستاں (ہَم ۔ داس ۔ تاں) ہمکلام، ہم صحبت۔
ہمداماں (ہَم ۔ دا ۔ ماں) ساڑھو، ہمزلف۔
ہم دبستاں (ہَم ۔ دَبِس ۔ تاں) مدرسے میں ساتھ پڑھنے والا۔
ہمدرد (ہَم ۔ دَرد) دکھ درد میں ساتھی، دردمند۔
ہمدردی (ہَم ۔ دَر ۔ دی) دردمندی۔
ہمدرس (ہَم ۔ دَر ۔ س) ہم سبق۔
ہمدرسی (ہَم ۔ دَر ۔ سی) ہم سبق ہونا۔
ہمدست (ہَم ۔ دَس ۔ ت) شریک، ہمرتبہ، ہمنشین۔
ہمدگر (ہَم ۔ دِگَر) آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ۔
ہمدل (ہَم ۔ دِل) سچا رفیق۔
ہمدلی (ہَم ۔ دِلی) سچی رفاقت۔
ہمدم (ہَم ۔ دَم) ہر وقت کا ساتھی، دوست۔
ہمدمی (ہَم ۔ دَمی) دوستی۔
ہمدوش (ہَم ۔ دوش) برابر برابر، شانہ بشانہ۔
ہمدہ (ہَم ۔ دَہ) سکتہ کی بیماری۔
ہم دیوار (ہَم ۔ دی ۔ وار) پڑوسی۔
ہمذات (ہَم ۔ ذات) جو اپنی ذات میں ہو۔
ہمراز (ہَم ۔ راز) آپس میں ایک دوسرے کے بھید سے آگاہ۔
ہمراہ (ہَم ۔ راہ) سفر میں ساتھ۔
ہمراہی (ہَم ۔ را ۔ ہی) ہمسفر، ساتھی۔
ہمرس (ہَم ۔ رَس) درم و دینار۔
ہمرشتہ (ہَم ۔ رِش ۔ تہ) ایک لڑ والا، رشتہ دار۔
ہمرنگ (ہَم ۔ رَنگ) رنگ میں یکساں، جس کی طبیعت باہم ایک سی ہو۔
ہمرنگی (ہَم ۔ رَن ۔ گی) یکسانی طبیعت۔
ہمرو (ہَم ۔ رَو) ساتھ چلنے والا۔
ہمرہ (ہَم ۔ رَہ) دیکھو ہمراہ۔

ہمز (ہَم) زم، چھوڑنا، آنکھ مارنا۔
ہمزاد (ہَم۔ زادْ) جو ساتھ پیدا ہوا ہو، ہمسن۔
ہمزبان (ہَم۔ زُبانْ) ہمو یہ، دوست، آپس میں یکساں بولی جاننے والا۔
ہمزلف (ہَم۔ زُلْ فْ) بیوی کی بہن کا شوہر۔
ہمزولی (ہَم۔ زُوْ۔ لِیْ) ہمجولی۔
ہمزہ (ہَم۔ زَہْ) حرف (ی)، الف متحرک (ہُمَزَہْ) جو پیٹھ پیچھے برا بھلا کہوے۔
ہمس (ہَم ْس) نرم آواز۔
ہمساز (ہَم۔ سازْ) موافق، دوست۔
ہمسایگی (ہَم۔ سا۔ یِگِیْ) پڑوس۔
ہمسایہ (ہَم۔ سا۔ یَہْ) پڑوسی۔
ہم سبق (ہَم۔ سَبَقْ) ساتھ سبق پڑھنے والا۔
ہمسخن (ہَم۔ سُخَنْ) ساتھی شاعر، ساتھ کلام کرنے والا۔
ہمسر (ہَم۔ سَرْ) برابر، زوجہ۔
ہمسری (ہَم۔ سَرِیْ) برابری۔
ہمسفر (ہَم۔ سَفَرْ) جو سفر میں ساتھ ہو۔
ہمسفری (ہَم۔ سَفَرِیْ) سفر کا ساتھ۔
ہمسفرہ (ہَم۔ سُفْ۔ رَہْ) جو کھانے میں ساتھ شریک ہو۔
ہمسلک (ہَم۔ سِلْ کْ) سمدھی۔
ہمسن (ہَم۔ سِنْ) ہمعمر۔
ہمسنگ (ہَم۔ سَنْگْ) برابر، ہموزن۔
ہمشکل (ہَم۔ شَکْ لْ) شکل میں ایک دوسرے کے مشابہ۔
ہمشوی (ہَم۔ شُوْ یْ) سوکن، سوت۔
ہم شہری (ہَم۔ شَہْ۔ رِیْ) آپس میں ایک شہر والا۔
ہمشیر، ہمشیرہ (ہَم۔ شِیْرْ، ہَم۔ شِیْ۔ رَہْ) سگی بہن۔

ہمصفیر (ہَم۔ صَفِیْرْ) ساتھ بولنے والا۔
ہم طالع (ہَم۔ طا۔ لِعْ) قسمت کا ساتھی۔
ہم طبق (ہَم۔ طَبَقْ) ساتھ کھانے والا۔
ہمعصر (ہَم۔ عَصْ رْ) ہم زمانہ، ہم عہد۔
ہم عمر (ہَم۔ عُمْ رْ) عمر میں برابر۔
ہمعنان (ہَم۔ عِنانْ) ہمراہ، برابر۔
ہم عہد (ہَم۔ عَہْ دْ) ہم زمانہ، ایک زمانہ والا۔
ہمعیار (ہَم۔ عِیارْ) ہموزن۔
ہمغمی (ہَم۔ غَمِیْ) ہمدردی۔
ہمق (ہَمَقْ) تازہ ملائم گھاس۔
ہمقدر (ہَم۔ قَدْرْ) قدرت میں برابر۔
ہمقدم (ہَم۔ قَدَمْ) ہمسفر، ساتھی۔
ہمقران (ہَم۔ قِرانْ) ہم نشین۔
ہمقوم (ہَم۔ قَوْمْ) اسی ایک ذات والا۔
ہم کفو (ہَم۔ کُفُوْ، ہَم۔ کُفْ وْ) اسی خاندان والا۔
ہم کلام (ہَم۔ کَلامْ) آپس میں بات کرنے والا۔
ہم کاسہ (ہَم۔ کا۔ سَہْ) ہمپیالہ۔
ہمگان (ہَم۔ گانْ) سب، ہمہ، مجموع۔
ہمگنان (ہَم۔ گِنانْ) گروہ، جماعت، سب لوگ، ہم پیشہ لوگ، برابر والے۔
ہم گوشہ (ہَم۔ گوشَہْ) ہمسایہ، ہمجنس۔
ہمگی، ہمگیں (ہَمَگِیْ، ہَمَگِیں) تمام، سب، تمامی۔
ہم نامشد (ہَم۔ نا۔ مْشَدْ) ہم شبیہ۔
ہمنام (ہَم۔ نامْ) اسی نام والا۔
ہمنامی (ہَم۔ نامِیْ) اسی ایک نام کا ہونا۔
ہم نسل (ہَم۔ نَسْ لْ) اسی نسل والا۔
ہم نسلی (ہَم۔ نَسْ۔ لِیْ) اسی ایک نسل کا ہونا۔
ہم نشین (ہَم۔ نِشِیْنْ) ساتھ بیٹھنے والا۔
ہم نشینی (ہَم۔ نِشِیْ۔ نِیْ) ساتھ بیٹھنا۔
ہمنفس (ہَم۔ نَفَسْ) ساتھی، ہمدم، ہمکلام۔

ہمنوا (ہَم-نَوا) بولنے میں ساتھی۔
ہم نوالہ (ہَم-نَوا-لَہ) بے حد دوست، ساتھ کھانے والا۔
ہموار (ہَم-وَار) برابر۔
ہموارہ (ہَم-وَا-رَہ) ہمیشہ، اندازہ، حساب۔
ہم وزن (ہَم-وَزْن) بوجھ میں برابر۔
ہم وطن (ہَم-وَطَن) اپنے دیس والا۔
ہم وطنی (ہَم-وَطَنی) ایک دیس والا ہونا۔
ہمہ (ہَمَہ) سارا، سب، تمام، کُل۔
ہمہ داں (ہَمَہ-دَاں) سب کچھ جاننے والا۔
ہمہ دانی (ہَمَہ-دَا-نی) سب کچھ جاننا۔
ہمہ شمہ (ہَمَہ-شَمَہ) خاص و عام، کہ و مہ۔
ہمہ گیر (ہَمَہ-گِیر) جو سب پر چھایا ہوا ہو۔
ہمہ گیری (ہَمَہ-گِی-ری) سب پر چھایا ہوا ہونا۔
ہمہمہ (ہَم-ہَمَہ) شیر کی دہاڑ۔
ہمیان (ہَم-یَان، ہِمیَان) نقدی کی تھیلی۔
ہمیانی (ہَم-یَا-نی) ہمیان، نقدی کی تھیلی۔
ہمیدوں (ہَمے-دُوں) اسی طرح، اب۔
ہمیشر (ہَمیشَر) گرمی کا موسم۔
ہمیشگی (ہَمے-شَگی) ہمیشہ پن، ہمیشہ ہونا۔
ہمیشہ (ہَمے-شَہ) سدا۔
ہمیشہ بہار (ہَمے-شَہ-بَہار) دوامی، بارہ ماسی۔
ہمیغ، ہامیغ (ہَمیغ، ہَامیغ) موت، مرگ۔
ہمیم (ہَمِیم) نرم رفتاری۔
ہمیں (ہَمِیں) یہی، یہ (ہَمِیں) دیکھو ہمیشر۔
ہن (ہُن، ہَن) وہ بہت سی عورتیں۔
ہنا (ہُنا) یہاں۔
ہناک (ہُناک) وہاں۔
ہنانہ (ہَنَا-نَہ) چربی کا لوتھڑا۔
ہنت (ہَنْت) عورت جمع ہَنات، ہَنَوات۔
ہنجار (ہَن-جَار) سیدھا راستہ، طرز، روش، قاعدہ۔

ہنجیدن (ہَن-جِی-دَن) کھینچنا، باہر لانا۔
ہند (ہِنْد) ہندوستان (ہَنْد) دم کاٹنا۔
ہنداز (ہَن-دَاز) انداز۔
ہنداب، ہندبا (ہِن-دَب، ہِن-دِبا) کاسنی۔
ہندسہ (ہِن-دَسَہ، ہَن-دَسَہ) اقلیدس کا علم، علم الحساب، مکر، فریب، اندازہ۔
ہندسہ داں (ہِن-دَسَہ-دَاں) علم ہندسہ جاننے والا۔
ہندسی (ہِن-دَسی) مساحت جاننے والا، اقلیدس جاننے والا، حساب داں، محاسب۔
ہندو (ہِن-دُو) ہندوستان کے ایک مذہب کا پیرو جمع ہُنُود، ہِنادِکہ تل، مستہ، زلف، چہرے کا خط۔
ہندوانہ (ہِن-دُوا-نَہ) تربوز، عجب۔
ہندوئے چرخ (ہِن-دُو-اے-چَرْخ) ستارۂ زحل۔
ہندی (ہِن-دی) ہندوستانی، تلوار۔
ہنر (ہُنَر) کاریگری، فن۔
ہنرمند، ہنرور (ہُنَر-مَنْد، ہُنَر-وَر) کاریگر۔
ہنگ (ہَنْگ) قصد، وفا، ہوشیاری، سمجھ، زور، قوت، غار، تنگ دست، قوم، فوج، سپاہ، جوٹ، صدمہ۔
ہنگار (ہَن-گَار) تندی، تیزی۔
ہنگام (ہَن-گَام) وقت، موسم، فصل، ہنگامہ۔
ہنگامہ (ہَن-گَا-مَہ) تماشا، بھیڑ، بلوہ، وقت۔
ہنگامہ آرائی (ہَن-گَا-مَہ-آ-رَا-ئی) ہنگامہ برپا کرنا۔
ہنگامہ پردازی (ہَن-گَا-مَہ-پَر-دَا-زی) نموداری۔
ہنگامہ گیر (ہَن-گَا-مَہ-گِیر) بھیڑ اکٹھی کرنے والا۔
ہنگامی (ہَن-گَا-می) وقتی۔
ہنگفت (ہَن-گُفْت) موٹا، دلدار۔
ہنوز (ہَنُوز) ابھی تک، تا حال۔

ہنوہ (ہَنُو۔ وَہ) تک، یکدم۔
ہنی (ہَنِی) ہضم، خوشگوار، سہل کام۔
ہو (ہُو) ا۔ خدائے تعالٰی، خوف۔ ۲۔ کلمۂ آگاہی، سانس، آہ، غل (ہَو) پیپ، مواد، گوہا ؤ (ہُو) دہ ایک مرد۔
ہوا (ہَوا) ا۔ ہوس، آرزو جمع اَہوا، اَہویہ ۲۔ عزت، باد، آندھی، فضا، غائب۔
ہوا باز (ہَوا۔ باز) طیارہ اڑانے والا۔
ہوا بازی (ہَوا۔ با۔ زِی) طیران کا فن۔
ہوا بندی (ہَوا۔ بَن۔ دِی) ڈھونگ باندھنا۔
ہوا پرست (ہَوا۔ پَرَس۔ ت) تماشبین، نالائق، بےہودہ، اچھے وقت کا ساتھی۔
ہوا جس (ہَوا۔ جِس) ہاجسہ کی جمع۔
ہوا خواہ (ہَوا۔ خَواہ) خیر خواہ، دوست۔
ہوا دار (ہَوا۔ دار) دوست، بہی خواہ، ایک سواری، ہوا والی جیسد۔
ہوا داری (ہَوا۔ دا۔ رِی) دوستی، بہی خواہی۔
ہوا زدگی (ہَوا۔ زَد۔ گی) زکام۔
ہواس (ہَو۔ واس) شیر۔
ہوا گیر (ہَوا۔ گِیر) ہوائی بنانے والا۔
ہوالک (ہَوا۔ لِک) ہالک کی جمع۔
ہوالہ (ہَو۔ وا۔ لَہ) ہولناک، ڈرانی چیز۔
ہوان (ہَوان) ا۔ خواری، بےعزتی۔ ۲۔ دیکھو ہادن۔
ہوائے ہوس (ہَوا۔ اُے۔ ہَوَس) خواہشات دنیا۔
ہوائی (ہَوا۔ اِی) منسوب بہ ہوا، ہوا والہ، آتش بازی کا نان، ہوائی، ہوائی۔
ہوبیر (ہُو۔ بَیر) دیکھو ہوبیہ (ہُو۔ بَیر) حمایت، بہشتی، ہبار۔
ہوبیہ (ہُو۔ بَیہ) مونڈھا، کندھا، گود۔
ہوبہو (ہُو۔ بَہُو) بالکل ٹھیک۔

ہوج (ہَوج، ہَوَج) ناسمجھی، جلد بازی۔
ہوجار (ہَو۔ جار) اندھڑ، جھکڑ جمع ہُوج۔
ہود (ہَود) یہودی ہونا، حق سے پھر جانا، توبہ کرنا۔
ہودج (ہَو۔ دَج) کجاوہ، محمل جمع ہَوادِج۔
ہوختن، ہوخیدن (ہُو۔ خ۔ تَن، ہُو۔ خی۔ دَن) باہر کھینچنا۔
ہودع (ہَو۔ دَع) شتر مرغ۔
ہودہ (ہُو۔ دَہ) حق، درست (ہَو۔ دَہ) محمل، ہودج، کوہان جمع ہَوَد۔
ہور (ہُور) سورج، نصیب، نام تارہ۔
ہورمزد (ہُور۔ مَز۔ د) مشتری تارہ۔
ہورخش (ہُو۔ رَخ۔ ش) سورج۔
ہوز (ہُوز) حیران، ترساں۔
ہوزان (ہُو۔ زان) نرگس، شگفتہ۔
ہوس (ہَوَس) آرزو، شوق، خام عشق، دیوانگی۔
ہوش (ہُوش) عقل، سمجھ، حواس، دماغ، روح، جان، موت، ہلاکت (ہَوش) کروفر، خود نمائی۔
ہوشاز یدن (ہُو۔ شا۔ زِی۔ دَن) جانور کا پیاسا مرنا۔
ہوشمند (ہُوش۔ مَن۔ د) سمجھدار۔
ہوشمندی (ہُوش۔ مَن۔ دِی) عقلمندی۔
ہوشم (ہُو۔ شَم) شستہ، کم ہمت۔
ہوشیار (ہُوش۔ یار) چوکنا، متوجہ، سمجھدار۔
ہوشیاری (ہُوش۔ یا۔ رِی) سمجھداری، خبرداری۔
ہوشیدن (ہُو۔ شِی۔ دَن) سمجھنا۔
ہوت (ہُوت) گرم ہوا۔
ہول (ہَول) خوف، ڈر، وحشت جمع اَہوال، ہُوُول۔
ہولانا (ہُو۔ لان۔ د) ہالینڈ، دلندیز (مغربی یورپ)
ہولاکر (ہُو۔ لا۔ کر) یہ لوگ۔
ہول دل (ہَو۔ل۔ دِل) دل کی وحشت۔

ہولگی (ہَو۔ لَگی) خوف زدہ، مضطرب، ہراساں۔
ہولناک (ہَوْل۔ ناک) خوفناک۔
ہولناکی (ہَوْل۔ نا۔ کی) خوفناکی۔
ہولہ (ہَو۔ لَہ) ایک دفعہ کا ڈر۔
ہون (ہَوْن) ۱۔ آرام، آہستگی، وقار، نرمی، سبکی۔ ۲۔ ڈھیلوں سے بھرا ہوا کھیت۔
(ہُوْن) ۱۔ خواری، بے عزتی۔ ۲۔ کلمۂ تاکید، کلمۂ استکراہ۔
ہو بہو (ہُو۔ بَہُو) ہو بہو، بالکل اسی طرح۔
ہوہ (ہُوَّہ) گڑھا۔
ہو ہذا (ہُوَ۔ ہا۔ ذا) وہ یہ ہے۔
ہویت (ہُوِی۔ یَت) لاہوت، مرتبۂ وحدت۔
ہُہنا (ہا۔ ہُنا) اس جگہ، یہاں۔
ہویدا (ہُوَی۔ دا) صاف، ظاہر، کھلا ہوا۔
ہی (ہَی) کلمۂ تنبیہ، کلمہ افسوس، کلمہ سرزنش، کلمۂ تحسین (ہِی) وہ ایک عورت۔
ہیا (ہَیا) کلمۂ ندا، اے فلاں۔
ہیاب (ہَی۔ یاب) ڈرپوک، بزدل۔
ہیات (ہَی۔ اَت) صورت، شکل، اجرام فلکی کا علم جمع ہیآت (ہَی۔ آت)
ہیبت (ہَی۔ بَت) دھاک، خوف، ڈر۔
ہیبت زدہ (ہَی۔ بَت۔ زَدَہ) ڈرا ہوا۔
ہیبت ناک (ہَی۔ بَت۔ ناک) خوفناک۔
ہیتان (ہَی۔ تان) جھوٹ۔
ہیج (ہَیج) غبار (ہَی۔ یَج) اٹھانے والا۔
ہیجا (ہَی۔ جا) لڑائی، جنگ و جدل۔
ہیجان (ہَیجان، ہَی۔ جان) برانگیختگی، جوش و خروش، بھڑک۔
ہیجانی (ہَی۔ جا۔ نی) منسوب بہ ہیجان۔
ہیجدہ (ہَیج۔ دَہ) دیکھو ہیشردہ۔
ہیچ (ہیچ) کوئی، کچھ، بے حقیقت، بیکار۔
ہیچکارہ (ہیچ۔ کا۔ رَہ) نالائق، بیکار۔
ہیچکس (ہیچ۔ کَس) نالائق، کوئی شخص۔
ہیچگونہ (ہیچ۔ گو۔ نَہ) کسی طرح۔
ہیچمداں (ہیچ۔ مَداں) نادان، بے علم۔
ہیچ مرد (ہیچ۔ مَرد) ضعیف مرد۔
ہیچمیرز (ہیچ۔ میرز) بے قیمت، جسکی کچھ قیمت نہو۔
ہیدام (ہَی۔ دام) بہادر آدمی۔
ہیربد (ہیر۔ بَد) آتشکدہ کا خادم۔
ہیریہ (ہی۔ رِ۔ یَہ) لفا، سبوسہ۔
ہیژ (ہیژ) دیکھو ہیزم۔
ہیژدہ (ہیژ۔ دَہ) دیکھو ہیشردہ۔
ہیزم (ہَی۔ زَم) ایندھن، سوکھی لکڑی۔
ہیزم فروش (ہَی۔ زَم۔ فَر۔ وش) جو ایندھن بیچتا ہو۔
ہیزم کش (ہَی۔ زَم۔ کَش) لکڑ ہارا۔
ہیشردہ (ہیش۔ دَہ) اٹھارہ (۱۸)
ہیشردہم (ہیش۔ دَہُم) اٹھارواں۔
ہیص (ہَیص) سختی، درشتی، پرندوں کا گوہ۔
ہیصم (ہَی۔ صَم) شیر، مضبوط گدھا۔
ہیضہ (ہَی۔ ضَہ) بدہضمی، قے دست کی وبائی بیماری
ہیف (ہَیف) گرم ہوا (ہَیَف) کمر کا پتلا پن۔
ہیفا (ہَی۔ فا) پتلی کمر کی عورت۔
ہیقم (ہَی۔ قَم) دریا کی موج کی آواز۔
ہیکل (ہَی۔ کَل) بڑی عمارت، طوق، ہار، صورت، قد، وضع قطع، جسم، شکوہ، عظمت، مندر، بتخانہ، تعویذ جمع ہیاکل۔
ہیکر (ہَی۔ کَر) کمیت گھوڑا۔
ہیل (ہیل) سفید الائچی۔
ہیلاج (ہَی۔ لاج) جسم پیرا، زائچہ، نجومی کا حساب۔
ہیلیدن (ہَی۔ لِی۔ دَن) چھوڑنا، ترک کرنا، نیچے ڈالنا۔
ہیم (ہَیم) ۱۔ تشنگی۔ ۲۔ مستم، موجود ہوں (ہِیم) ایندھن۔

ہیمار (ہَی۔ مار) بے پانی کا جنگل۔
ہیمان (ہَی۔ مان) سرگشتگی، حیرانی۔
ہیمہ (ہے۔ مہ) ایندھن، جلانے کی سوکھی لکڑی۔
ہیمیا (ہی۔ میا) طلسم باندھنے کا علم۔
ہین (ہَین) سیلاب، ابھی، چھوڑ دے، دوڑ، آگاہ ہو، کلمۂ سرزنش (ہَین، ہَین) آسان۔
ہیوب (ہَیُوب) بد دل، ڈرپوک۔
ہیولا، ہیولی (ہَیُو۔ لا، ہَی۔ یُو۔ لا) ڈھنگ ڈول، مادّہ، صورت، طینت، سرشت، ہر چیز کی ماہیت، تصویر کا خاکہ، ناتمام چیز۔
ہیولانی (ہَیُو۔ لا۔ نی، ہَی۔ یُو۔ لا۔ نی) منسوب طرف ہیولا، ہیولا کا، ہیولا کی۔
ہیون (ہَیُون) اونٹ، گھوڑا۔
ہیئت (ہَی۔ اَت) دیکھو ہیأت۔
ہی ہی (ہی۔ ہی) کلمۂ اظہار افسوس۔
ہیہات (ہَی۔ ہات) کلمۂ افسوس، کلمۂ حسرت و تعجب۔

ی

ی (یا، یائے) قائم مقام عدد ۱۰، حرف قمری، حرف علت، چند حروف سے بدل ہے۔
۱۔ ا کے ساتھ مثلاً ایلاق، ییلاق۔ ۲۔ د کے ساتھ مثلاً ماندر، مایندر۔ ۳۔ ز کے ساتھ مثلاً آواز، آوای۔ ۴۔ ل کے ساتھ مثلاً نال، نای۔ ۵۔ ہ کے ساتھ مثلاً شاہگاں، شایگاں۔
یا (یا) حرف ندا، حرف عطف، حرف تردید یا منافات، اے، او، خواہ۔
یاسفی (یا۔ اَسَفا) ہائے افسوس۔
یاب (یاب) پانے والا۔
یابان (یا۔ بان) جاپان، نزاپون (مشرقی ایشیا)
یابس (یا۔ بِس) خشک، روکھا، سوکھا۔
یابندہ (یا۔ بن۔ دہ) پانے والا۔
یابو (یا۔ بُو) ٹٹو، الٹو، چھوٹا گھوڑا۔
یاجوج ماجوج (یَاْ۔ جُوج۔ مَاْ۔ جُوج) ایک مفسد قوم جس کا ذکر قرآن اور انجیل میں ہے۔
یاخنن (یا۔ خِ۔ تَن) ہاتھ بڑھانا، ظاہر کرنا، مضم یارَد۔
یاد (یاد) دل، خاطر، حافظہ، ذہن۔
یادآوری (یاد۔ آ۔ وَری) یاد کرنا۔
یادبود (یاد۔ بُود) یادگار، نشانی۔
یادداشت (یاد۔ داش۔ ت) یاد رکھنے کی نشانی۔
یاددہ (یاد۔ دِہ) حافظہ میں رکھنے والا۔
یادفراموش (یاد۔ فَرا۔ مُوش) نام کھیل۔
یادگار، یادگاری (یاد۔ گار، یاد۔ گا۔ ری) نشان، نشانی، بیٹا۔
یادہ (یا۔ دَہ) قوت حافظہ۔
یار (یار) دوست، مددگار، پیارا، محبت کرنے والا جمع یارگان یاراں۔
یارا (یا۔ را) قوت، توانائی، تاب، زور۔
یارانہ (یا۔ را۔ نَہ) دوستانہ، بطریق دوستی۔
یارائی (یا۔ را۔ ئی) چارہ، علاج، مدد۔
یارب (یا۔ رَب) اے اللہ!
یارباش (یار۔ باش) ملنسار، تماشبین۔
یارس (یا۔ رس) مددگار۔
یارستن (یا۔ رس۔ تَن) طاقت رکھنا، سکنا مضم یارَد۔
یارستہ (یا۔ رس۔ تہ) طاقت رکھا ہوا۔
یارغار (یا۔ رِ۔ غار) سچا دوست، دوست صادق۔
یارفروش (یار۔ فَرُو۔ ش) دوست کی تعریف کرنے والا۔
یارفروشی (یار۔ فَرُو۔ شی) دوست کی تعریف توصیف۔

یارق (یا۔رُق) روشن، سفید۔
یارقند (یا۔رْ۔قَنْ د) نام شہر (چینی ترکستان)
یارک (یا۔رَک) بچہ دانی، رحم۔
یارگی (یا۔رَ۔گِی) قدرت، توانائی۔
یارمند (یا۔رْ۔مَنْ د) دوست۔
یارنامہ (یا۔رْ۔نا۔مَہ) نیک کام، نیکنامی۔
یارہ (یا۔رَہ) کنگن، کلائی، گھاؤ، طاقت، چھلّا مزاج، دوستی، ضرورت، ٹیکس، محصول، لگان۔
یاری (یا۔رِی) مدد، دوستی، سوکن۔
یاریگر (یا۔رِی۔گَر) مددگار۔
یاز (یاز) قصد، ارادہ، ارادہ کرنے والا۔
یازان (یا۔زان) دست درازی کرنے والا۔
یازدن (یا۔زِ۔دَن) بڑھنا، حرکت کرنا، ارادہ کرنا۔
یازدہ (یا۔زْ۔دَہ) گیارہ (۱۱) (یا۔زِ۔دَہ) بڑھا ہوا، ارادہ کیا ہوا۔
یازدہم (یا۔زْ۔دَ۔ہُم) گیارھواں۔
یازش (یا۔زِش) قصد، ارادہ، بڑھنا، دست درازی۔
یازندہ (یا۔زِن۔دَہ) کسی کام پر ہاتھ ڈالنے والا۔
یازہ (یا۔زَہ) تھرتھری، کپکپی، لرزہ۔
یازیدن (یا۔زِی۔دَن) دیکھو یازدن۔
یاس (یاس) ناامیدی، یاسمن، چنبیلی۔
یاسا (یا۔سا) ماتم، قتل، لوٹ، رسم، قاعدہ، قانون
یاساق (یا۔ساق) مغلوں کی قدیم شریعت۔
یاسال (یا۔سال) لائق، سزاوار۔
یاسج (یا۔سَج) تیر، نیزہ، مظلوم کی آہ۔
یاسر (یا۔سَر) بائیں طرف، جواری۔
یاسم، یاسمن، یاسمون، یاسمین (یا۔سَم، یا۔سَ۔مَن، یا۔سَ۔مُون، یا۔سَ۔مِین) چنبیلی۔
یاسہ (یا۔سَہ) دیکھو یاسا۔
یاسین (یا۔سِین) قرآن شریف کی ایک سورت جو وقت نزع مرنے والے کو سنائی جاتی ہے۔
یاغ (یاغ) روغن۔
یاغی (یا۔غِی) دشمن، نافرمانی۔
یافت (یا۔فْت) بچت، کمائی، آمدنی۔
یافتن (یا۔فْ۔تَن) پانا مصدر پائیدن۔
یافتنی (یا۔فْ۔تَ۔نِی) پانے کے لائق۔
یافتہ (یا۔فْ۔تَہ) پایا ہوا۔
یافر (یا۔فَر) بازیگر، نقاش۔
یافع (یا۔فِع) جوان بلند بالا۔
یافوخ (یا۔فُوخ) بچہ کے سر کے اوپر کا تالو جو شیر خوارگی میں ہلا کرتا ہے جمع یَآفِیخ۔
یافہ (یا۔فَہ) دیکھو یاوہ
یاقوت (یا۔قُوت) جواہرات کی ایک قسم جمع یَواقِیت۔
یاقوت احمر (یا۔قُوتِ۔اَح۔مَر) سرخ یاقوت۔
یاقوت رمانی (یا۔قُو۔تِ۔رُم۔ما۔نِی) انار کے دانہ کی مثل یاقوت۔
یاقوت رواں (یا۔قُو۔تِ۔رَ۔واں) سرخ شراب، خون کا آنسو۔
یاقوتی (یا۔قُو۔تِی) یاقوت سے منسوب، ایک دوائی کا نام
یاقہ (یا۔قَہ) گریبان، کالر۔
یال (یال) ایال، عیال، جانوروں کی مستی۔
یال کوپال (یال۔کو۔پال) شان وشوکت، تن وتوش۔
یالہ (یا۔لَہ) گائے بیل کا سینگ۔
یالیت (یا۔لَیْت) اے کاش کے۔
یام، یامہ (یام، یا۔مَہ) ڈاک کی چوکی، اسکدار۔
یامن (یا۔مَن) داہنی طرف۔
یامی (یا۔مِی) بیمار، نامحرم۔
یان (یان) ہذیان۔
یانصیب (یا۔نَ۔صِیب) لاٹری، اے نصیب
یانع (یا۔نِع) ڈال کا پکا پھل۔
یاور (یا۔وَر) مددگار، ایڈیکانگ۔
یاوری (یا۔وَ۔رِی) مددگاری۔
یاوگی (یا۔وَ۔گِی) بیہودہ گوئی۔

یاوند (یا۔ وَنْ) (د) بادشاہ، صاحب مراد۔
یاوہ (یا۔ وَہْ) گم، ناپدید، بیہودہ۔
یاوہ گو (یا۔ وَہْ۔ گو) بیہودہ گو۔
یاوہ گوئی (یا۔ وَہ۔ گو۔ ای) بکواس، بیہودہ گوئی۔
یاس (یا۔ اِس) ناامید۔
یائے مجہول، یائے فارسی، یائے معکوس
(یا۔ اِے۔ مَجْ۔ ہُوْل، یا۔ اِے۔ فا۔ رِ۔ سی، یا۔ اِے۔ مَعْ۔ کُوْس) بڑی یے (ے)
یایا (یا۔ یا) شکاری پرند واپس بلانے کی آواز۔
ییب (یَیْب) بوڑھا۔
یباب (یَبابْ) خراب۔
یبروج (یَبْ۔ رُوْج) مردم گیا، لکھمنی۔
یبس (یُبْس) خشکی (یَبْس) یَبَس، سوکھنا۔
یبوست (یُبُو۔ سَتْ) خشکی۔
یتاق (یَتاقْ) پاسبانی، چوکی پہرا۔
یتاقی (یَتا۔ قِیْ) پاسبان۔
یتامی (یَتا۔ مٰی) یتیم کی جمع۔
یتن (یَتْ۔ نْ) وہ بچہ جو الٹا پیدا ہو۔
یتوع (یَتْ۔ تُوْع) وہ پیڑ جس سے زہریلا دودھ نکلے۔
یتیم (یَتِیْم) بے باپ کا بچہ، نفیس اور بے نظیر (موتی) جمع ایتام، یتامیٰ، یتیمہ۔
یثرب (یَثْ۔ رِبْ) نام مدینہ منورہ (حجاز)
یحمور (یَحْ۔ مُوْر) جنگلی گدھا۔
یحموم (یَحْ۔ مُوْم) کالا دھواں، اندھیری رات۔
یخ (یَخْ) سخت جما ہوا برف۔
یخت (یَخْ۔ ت) نجی تفریحی کشتی، بجرا، نواڑا۔
یخچہ (یَخْ۔ چَہْ) اولا، تڑالہ۔
یخدان (یَخْ۔ دانْ) مٹھائیوں اور حلووں وغیرہ کی الماری۔
یخشی (یَخْ۔ شِیْ) بہتر، اچھا۔
یخنی (یَخْ۔ نِیْ) اُبلے گوشت کا پانی، پختہ، ذخیرہ۔

ید (یَدْ) ہاتھ، بانھ جمع اَیْدِی جمع جمع اَیادِی۔
ید بیضا (یَد۔ بَیْ۔ ضا) سفید چمکتا ہوا ہاتھ۔
ید طولی (یَدْ۔ طُوْ۔ لا) بڑا لمبا ہاتھ، مہارت، کمال۔
یدک (یَدَکْ) کوتل، جنیبہ۔
ید من (یَدْ۔ مَنْ) ہاتھ۔
یدین (یَدَیْن) دونوں ہاتھ۔
یرا (یَرا) چھتری، سرونٹ۔
یراش (یُرَاش) رخصت، توجہ۔
یراع، یراعہ (یَرَاعْ، یَرا۔ عَہْ) قلم کی کلک، بانسری، جگنو، بد دل آدمی۔
یراغ (یَرَاغْ) ڈاک کا گھوڑا۔
یراق (یَرَاقْ) ہتھیار، سامان۔
یربوع (یَرْ۔ بُوْع) چوہا، جنگلی چوہا۔
یرت (یُرْت) منزل۔
یرد (یَرْ۔ د) گز YARD
یرغا (یَرْ۔ غا) گھوڑا، رہوال چال، یلغار۔
یرغمال (یَرْ۔ غَمالْ) وہ آدمی جو شرائط کی پابندی کی ضمانت میں غنیم کے سپرد کیا جاوے۔
یرغو (یَرْ۔ غُوْ) سیاست۔
یرقان (یَرْ۔ قانْ، یَرَقانْ) کنول، پیلائی کی بیماری۔
یرلغ، یرلق (یَرْ۔ لِغْ، یَرْ۔ لِقْ) شاہی فرمان۔
یرمغان (یَرْ۔ مُغانْ) دیکھو ارمغان۔
یرملون (یَرْ۔ مَلُوْن) ر۔ل۔م۔ن۔و۔ی۔ چھوٹی حروف کے مجموعہ کا نام۔
یرنش (یَرْ۔ نَشْ) ہم شہری۔
یرہ (یَرَہْ) زین۔
یز (یَزْ) ایک جھاڑی جس کی باڑھ لگائی جاتی ہے۔
یزدان (یَزْ۔ دانْ) اللہ تعالیٰ، آتش پرستوں کے عقیدے میں نیکی کا خدا، رحمان۔
یزدانی (یَزْ۔ دا۔ نِیْ) منسوب طرف یزداں، رحمانی۔
یزک (یَزَکْ) ہراول، مقدمۃ الجیش، طلایہ فوج۔

یرکدار (یَرْکَ۔دَارْ) طلایہ فوج کا سردار۔
یرنہ (یَرْنَہْ) بہنوئی، بہن کا شوہر۔
یسار (یَسَارْ) ۱۔ بائیں طرف، بایاں، کثرت، دولتمندی ۲۔ بدقسمت آدمی۔
یسارت (یَسَا۔رَتْ) دولتمندی، تونگری۔
یساق (یَسَاقْ) دیوان، دربار، مہم، جنگ کی طیاری۔
یسال (یَسَالْ) فوج کا پرا، پھولوں کا تاج۔
یساول (یَسَا۔وَلْ) نقیب، چوبدار۔
یسر (یُسْ۔رْ) آسانی (یَسِیْرْ) آسان۔
یسرہ (یَسْ۔رَہْ) بائیں جانب۔
یسل (یَسْ۔لْ) قطار، صف، پرہ۔
یسیر (یَسِیْرْ) تھوڑا، آسان۔
یسیل (یَسِیْلْ) فوج کا پرا۔
یشب (یَشْ۔بْ) دیکھو یشم۔
یشک (یَشْ۔کْ) نکیلا دانت، کیلا، کچلی۔
یشم (یَشْ۔مْ) سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔
یشماق (یَشْ۔مَاقْ) عورتوں کے سر کا رومال۔
یشمہ (یَشْ۔مَہْ) کچا چمڑا، ادیم۔
یعبوب (یَعْ۔بُوبْ) تیز رفتار گھوڑا۔
یعسوب (یَعْ۔سُوبْ) شہد کی مکھیوں کا سردار جمع یعاسیب۔
یعفور (یَعْ۔فُورْ) گریرا ہرن، رات کا ایک حصّہ، گائے، گورخر، ہرن کا بچہ جمع یعافیر۔
یعلول (یَعْ۔لُولْ) پانی کا بلبلہ، مرد کا عضو تناسل جمع یعالیل۔
یعمرہ (یَعْ۔مَرَہْ) بکرا جو شیر کی شکارگاہ میں باندھا جاوے۔
یعملہ (یَعْ۔مَلَہْ) مضبوط لدواونٹنی۔
یعمور (یَعْ۔مُورْ) بھیڑ بکری کا بچہ۔
یعنی (یَعْ۔نِیْ) منشا، مطلب، گویا کہ، کلمۂ برائے وضاحت کلام، قصد کرتا ہے، چاہتا ہے۔
یغام (یَغَامْ) غول بیابانی۔

یغلا (یُغْ۔لَا) فراہی پان۔
یغما، یغمان (یَغْ۔مَا، یَغْ۔مَانْ) لوٹ، غارت، غنیمت
یفاع (یَفَاعْ) اونچی زمین۔
یفتہ (یَفْ۔تَہْ) سائن بورڈ۔
یفن (یَفَنْ) بوڑھا مرد۔
یقطین (یَقْ۔طِیْنْ) کدو، ہر بیلدار درخت۔
یقظ، یقظان (یَقِظْ، یَقْ۔ظَانْ) بیدار، چوکنا۔
یقظہ (یَقَظَہْ) بیداری۔
یقق (یَقَقْ) سپید، بہت چٹا۔
یقن، یقین (یَقَنْ، یَقِیْنْ) بے شبہ، صحیح، سچ، یکساں، موت
یک (یَکْ) ایک۔
یکا (یَکْ۔کَا) اکیلا، تنہا، بے مثل۔
یک اسپہ (یَکْ۔اَسْ۔پَہْ) تنہا سوار۔
یکائی (یَکَا۔ئِیْ) اکائی، ایک، واحد۔
یکایک (یَکَا۔یَکْ) اچانک، ہر ایک، معاً۔
یکبار، یکبارگی، یکبارہ (یَکْ۔بَارْ، یَکْ۔بَا۔رَگِیْ، یَکْ۔بَا۔رَہْ) اچانک، ایکاایکی۔
یک بیک (یَکْ۔بَیَکْ) یکایک۔
یکتا (یَکْ۔تَا) اکیلا، لاثانی۔
یکتارہ (یَکْ۔تَارَہْ) تھوڑا، قلیل۔
یکتائی (یَکْ۔تَا۔ئِیْ) اکیلاپن۔
یک تن (یَکْ۔تَنْ) ایک شخص۔
یک تنہ (یَکْ۔تَنَہْ) اکیلا، تنہا۔
یکجا (یَکْ۔جَا) ایک جگہ پر، اکٹھا۔
یکجان (یَکْ۔جَانْ) متفق، دلی دوست۔
یکجائی (یَکْ۔جَا۔ئِیْ) مجتمع، ایک جگہ ہونا۔
یک جلو (یَکْ۔جِلَوْ) تیز رفتار۔
یکجہت (یَکْ۔جِہَتْ) موافق، متفق۔
یکجہتی (یَکْ۔جِہَتِیْ) اتفاق۔
یکچشم (یَکْ۔چَشْمْ) کانا، ایک آنکھ والا۔

یکچشمی (یک۔چش۔می) کانا پن، ایک آنکھ دیکھنا۔
یکچندہ (یک۔چن۔دہ) بعض وقت، تھوڑا زمانہ، تھوڑا کچھ۔
یکچوبہ (یک۔چو۔بہ) جس میں ایک چوب ہو۔
یکدست (یک۔دس۔ت) یکساں، بالکل پورا۔
یکدش (یک۔دش) دوغلا، دونسلا۔
یکدک (یک۔دک) نیم گرم۔
یکدل (یک۔دل) متفق۔
یکدلہ (یک۔دلہ) متفق، بہادر۔
یکدندانہ (یک۔دن۔دا۔نہ) یکساں۔
یکران (یک۔ران) اصیل عمدہ گھوڑا۔
یکراہ (یک۔راہ) ایکسا طریقہ، ایک مرتبہ، بے سیا۔
یکراہی (یک۔را۔ہی) بے ریائی، یکبارگی۔
یکرخہ (یک۔رخہ) جو ایک طرف کا ہو رہے۔
یکرشتہ (یک۔رش۔تہ) موافق۔
یکرقیب (یک۔رقیب) اللہ تعالیٰ۔
یکرکابی (یک۔رکا۔بی) مستعد، کوتل گھوڑا۔
یکرنگ (یک۔رنگ) مخلص، جس کی ایک وضع ہو۔
یکرنگی (یک۔رن۔گی) بے نفاقی، اخلاص۔
یکرو (یک۔رو) سچا دوست، یک دل۔
یکروکردن (یک۔رو۔کر۔دن) دوستی چھوڑنا۔
یکروئی (یک۔رو۔ئی) سچی دوستی۔
یکرہ (یک۔رہ) تمام وکمال، ایک مرتبہ۔
یکزبانی (یک۔زبا۔نی) یگانگی۔
یکزدن (یک۔زدن) پلک مارنا۔
یکساں (یک۔ساں) لگاتار، برابر، ہم شکل۔
یکسانی (یک۔سا۔نی) مشابہت، برابری۔
یکسانیت (یک۔سا۔نی۔یت) برابرپن۔
یکسر (یک۔سر) تنہا، ناگہاں، ایک سرے سے دوسرے تک۔
یکسرہ (یک۔سرہ) سب، تمام وکمال۔
یکسو (یک۔سو) ایک طرف، الگ۔
یکسوارہ (یک۔سوا۔رہ) تنہا، اکیلا۔

یکسون (یک۔سون) دیکھو یکسان۔
یکسوئی (یک۔سو۔ئی) علیحدگی۔
یکشست (یک۔شس۔ت) ہمنشین۔
یکشنبہ (یک۔شن۔بہ) اتوار۔
یکفنی (یک۔فن۔نی) ہیشتال، کامل، کسی فن
میں استاد۔
یکقلم (یک۔قلم) بالکل، تمام، قطعی۔
یکلا (یک۔لا) اکہرا۔
یکلائی (یک۔لا۔ئی) بے جوڑ عرض۔
یکلخت (یک۔لخ۔ت) یکایک، اچانک۔
یکم (یکم) پہلا، پہلی۔
یکمشت (یک۔مش۔ت) ایک مٹھی۔
یکنشست (یک۔نش۔ست) ہمنشین،
رفیق، مصاحب۔
یکنعل (یک۔نع۔ل) بہت مقدار۔
یکنفس (یک۔نفس) ساتھی، ہمدم، دم بھر۔
یکہ (یک۔کہ) دیکھو یکا۔
یکے (یکے) کوئی ایک۔
یکیتا (یکی۔تا) معلم، استاد۔
یگاں (یگاں) خصوص، اکیلا، انوکھا۔
یگانگت (یگا۔نگت) اکیلاپن، تخصیص،
اپنایت، اتفاق۔
یگانگی (یگا۔نگی) اکیلاپن، مطابقت، میل، اتفاق۔
یگانہ (یگا۔نہ) رشتہ دار، اکیلا، تنہا، لاثانی، لاجواب۔
یگانگاں (یگا۔نگاں) یگانہ کی فارسی جمع ذی روح۔
یگانہ گو (یگا۔نہ۔گو) سچا۔
یگانیت (یگا۔نی۔یت) اکیلاپن، رشتہ داری۔
یل (یل) بہادر، پہلوان، مضبوط۔
یلاق (یلاق) کریل، مٹی کا ٹوٹا ہوا برتن۔
یلمہ (یلمہ) چمڑے کی زرہ۔
یلدا (یل۔دا) سال کی سب سے لمبی رات، اندھیری رات۔

یلع (یَلْ۔عْ) جھوٹا، سراب، بیابان۔
یلغار (یَلْ۔غَار) دھاوا، دشمن پر چھاپہ۔
یلغز (یَلْ۔غُز) تنہا۔
یلقہ (یَلْقَہ) چھوٹی بکری۔
یللے (یَلْ۔لے) ایک کلمہ جسکو حالت نشاط میں بولتے ہیں۔
یلمان (یَلْ۔مَان) دو دھاری تلوار۔
یلمق (یَلْ۔مَق) قبا جمع یلامق۔
یلمہ (یَلْ۔مَہ) دیکھو یلمق (یَلْ۔مَہ) وہ چیز جو جانور کو تغاری میں کھلائی جاوے۔
یلوج (یَلُوج) پیغمبر۔
یلہ (یَلَہ) آزاد، رہا، بیہودہ، ٹیڑھا، تنہا، رنڈیا، بدچلن عورت۔
یم (یَم، یَمّ) دریا جمع یموم۔
یمام (یمامہ، یمام، یما۔مَہ) جنگلی کبوتر۔
یمانی (یَمَا۔نی) منسوب بہ ملک یمن۔
یمادہ (یَمَا۔دَہ) نازک اندام جوان عورت۔
یمسو (یَم۔سُو) باروت۔
یمن (یُم۔ن) برکت، مبارکی (یَمَن) عرب کا ایک خطہ۔
یمنہ (یَم۔نَہ) دائیں جانب۔
یمنی (یَمَنی) یمن کا آدمی، یمن کی چیز۔
یمہ (یَمَّہ) خوراک، روزینہ۔
یمین (یَمِین) داہنی طرف، سوگند، قوت، مرتبہ جمع ایمان۔
یمینہ (یَمِی۔نَہ) معدہ
ینبوع (یَن۔بُوع) ندی، چشمہ، سوت جمع ینابیع
ینگ (یَنگ) شکل، مانند، آئین، روش (یِنگ) آستین۔
ینگی دنیا (ینگ گی دُن۔یا) نئی دنیا، امریکہ۔
یو (یُو) ایک، اکیلا۔
یواقیت (یَوا۔قِیت) یاقوت کی جمع۔
یوبہ (یُو۔بَہ) آرزو، تمنا۔

یوت (یُوت) چوپایوں کی مرگ عام۔
یوجہ (یُو۔جَہ) بوند، چکہ، قطرہ۔
یوح (یُوح) سورج۔
یورش (یُورِش، یُو۔رُش) حملہ، چڑھائی، دھاوا
یوز (یُوز) چیتا، ڈھونڈھنے والا۔ مد۔ سُنو۔
یوز باشی (یُوز۔باشی) سو سپاہیوں کا سردار۔
یوزک (یُو۔زَک) چھوٹا چیتا، ایک شکاری کتا جو شکار کی بو سونگھ کر پیچھا کرتا ہے۔
یوزہ (یُو۔زَہ) درخت کا تنہ۔
یوزیدن (یُو۔زِی۔دَن) ڈھونڈنا، مانگنا۔
یوزیدہ (یُو۔زِی۔دَہ) ڈھونڈھا ہوا۔
یوغ (یُوغ) بیل جوتنے کا جوا۔
یوفی (یُو۔فی) بیہودہ گو۔
یوق (یُوق) نزدیک، پاس۔
یوک (یُوک) وہ پوٹلی جس پر نان رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں، نارفیدہ۔
یوکان (یُو۔کان) بچھر وانی۔
یول (یُول) راہ، راستہ۔
یولچی (یُول۔چی) راہدار، راستے کا نگہبان۔
یوم (یُوم) دن جمع ایام۔
یوم الاحد (یَو۔مُل۔اَحَد) اتوار، یکشنبہ۔
یوم الاثنین (یَو۔مُل۔اِث۔نَین) پیر، دوشنبہ۔
یوم الاربعا (یَو۔مُل۔اَر۔بَعا) بدھ، چہارشنبہ۔
یوم الباحور (یَو۔مُل۔با۔حُور) بحران کا دن۔
یوم التناد (یَو۔مُت۔تَنَاد) قیامت کا دن جبکہ مردے ایک دوسرے پکاریں گے۔
یوم الثلثا (یَو۔مُث۔ثَل۔ثَا) منگل، سہ شنبہ۔
یوم الحساب (یَو۔مُل۔حِساب) قیامت کا دن جبکہ اعمال کا حساب ہوگا۔
یوم الحشر (یَو۔مُل۔حَش۔ر) قیامت کا دن جبکہ مردے اٹھیں گے۔

یوم الخمیس ریَوْ ۔مُل۔ خَمِیس) جمعرات، پنجشنبہ۔
یوم السبت ریَوْ مُس ۔ سَب ت) سنیچر، شنبہ۔
یوم النشور ریَوْ ۔مُن ۔نُشُوْر) قیامت کا دن جبکہ مُردے زندہ ہوں گے۔
یومیہ ریَوْ۔ مِیْ ۔ یَہْ) روزینہ، ہر دن کا معمول۔
یونان ریُوْ۔ نَان) جنوبی یورپ کا ایک ملک ۔
یونانی ریُوْ۔ نَا۔ نِی) یونان کا باشندہ جمع یُونَانِیاں یونان کی کوئی چیز۔

یویہ ریُو۔ یَہْ) قصد، ارادہ۔
یہقوت ریَہْ ۔ قُوْت) بددل، ہشیار، تیز مزاج۔
یہودانہ ریَہُوْ ۔ دَا ۔ نَہْ) یہودیوں کا نشان خصوصی۔
یہودی ریَہُوْ ۔ دِی) حضرت موسیٰ کی امت جمع یَہُوْد۔
یئوس ریَ ۔ ءُوْس) ناامید۔
ییلاق ریَیْ ۔ لَاق) گرمیوں میں جاکر رہنے کا ٹھنڈا مقام۔
ییلان ریَیْ ۔ لَان) سانپ ۔
ییل ریَیْل) سال۔

یکم فروری ۱۹۳۷ء

مرقعِ رباعیات

مرتبہ

محمد عبداللہ خاں خویشگی

رباعی اصناف نظم میں اظہار تخیل کا موثر اور دلپذیر وسیلہ ہے۔

مرقع اردو زبان کے چالیس مشاہیر شعرائے متقدمین اور متوسطین کی رباعیوں کا نچوڑ ہے۔ اتنا وسیع اور جامع انتخاب ملک میں ابھی تک اور کوئی شائع نہیں ہوا تھا۔ کتاب کو باعتبار تنوع مضامین مختلف فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر فصل کے اندر مختلف اساتذہ کی متحد المضامین رباعیاں اپنے مستقل عنوانات کے ماتحت یکجائی جمع کی گئی ہیں۔

اس ترتیب و تبویب سے چند فائدے متصور ہیں:۔

قارئین کو صحیح اندازہ ہو کہ ایک ہی بات کتنے مختلف مگر دلکش پیرایوں میں بیان ہو سکتی ہے۔ نیز کمال نے ایک ہی مضمون میں اپنی مقبول اور مخصوص حسن ادا سے کیا کیا معنی آفرینیاں کی ہیں۔

نگارونکا مطالعہ زبان پر قدرت تخیل میں وسعت اور قوائے ذہنی کی ارتقا کا موجب ہوگا۔

رباعیاں جو موضوع پسند خاطر نہ ہو اس کو آسانی سے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

رباعیوں کے ردیف وار مرتب کرنیکا قدیم طریقہ ترک کر دیا گیا ہے۔ اور اپنے عنوان کے تحت میں ہر رباعی کی ترتیب کتب لغات کے اصول کے مطابق شروع حرف تہجی پر رکھی گئی ہے۔ یہ جدت رباعی مطلوبہ کی تلاش میں زیادہ معین ثابت ہوگی۔

مآل کارِ علم

ذوق

اس جہل کا ہے ذوق ٹھکانا نہ کچھ بھی — دانش نے کیا دل کو نہ دانا کچھ بھی
ہم جانتے تھے علم سے کچھ جانیں گے — جانا تو یہ جانا کہ نہ جانا کچھ بھی

حالی

ہیں جہل میں سب عالم و جاہل ہمسر — آتا نہیں فرق اس کے سوا اُن میں نظر
عالم کو ہے علم اپنی دانائی کا — جاہل کو نہیں جہل کی کچھ اپنے خبر

دوستی

حالی

تا زیست وہ محوِ نقشِ موہوم رہے — جو طالبِ دوستانِ معصوم رہے
احباب سے بات بات پر جو بگڑے — صحبت کی وہ برکتوں سے محروم رہے

مونس

تو گُل ہے اگر، تو سب کی غمخواری کر — دشمن کی بھی مونس نہ دل آزاری کر
ہر دم رہے احباب کی اُلفت کا خیال — دل ہیں یہ حباب، ان کی ہواداری کر

بزمِ سخن

دبیر

شیرانِ صفا ہیں، کو کہاں بند کروں — گونجیں گے ڈکاریں گے جہاں بند کروں
خلاقِ مضموں کا ہے دعوا سب کو — کھلجائے حقیقت جو زباں بند کروں

انیس

گلہائے صفا ہیں کو کہاں بند کروں — خوشبو نہیں چُھپنے کی جہاں بند کروں
میں باعثِ نغمہ سنجیِ بلبل ہوں — کھولے نہ کبھی منہ جو زباں بند کروں

کاغذ چکنا سفید۔ حجم ۱۸۰ صفحات قیمت ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

محمد عبداللہ خاں خویشگی فیروز منزل متصل جامع مسجد خورجہ (یو۔پی)